الجمعیۃ

Al-Jamiat

01 Jan 1933
To
28 Dec 1933

عرضِ مرتّب

راقم مشہود مفتی کا تعلق مفتی محمد نعیم لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ کے خانوادے سے ہے جو راقم کے دادا تھے اور شیخ الہند مولانا محمود حسن رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد اور جمعیت علمائے ہند کے سابق نائب صدر رہے تھے۔ راقم کو اپنے دادا مرحوم سے متعلق تاریخی ریکارڈ درکار تھا، اسی سلسلہ میں "الجمعیۃ" کے پرانے شمارے تلاش کیے لیکن ہندوستان میں وہ شمارے نہ مل سکے۔ اسی اثنا میں کیمبرج یونیورسٹی برطانیہ کی لائبریری کے شعبہ Centre of South Asian Studies کے Archivist جناب پروفیسر ڈاکٹر Kevin Greenbank سے رابطہ ہوا جو Wolfson یونیورسٹی کے وائس پریذیڈنٹ بھی ہیں۔ ان سے معلوم ہوا کہ "الجمعیۃ" کے کچھ سالوں کا ریکارڈ یہاں دستیاب ہے جو نہرو یونیورسٹی انڈیا سے یہاں لایا گیا تھا۔ یہ ریکارڈ پرانی Reels میں موجود تھا جس سے لائبریری میں موجود خصوصی ڈیوائس کے ذریعے ہی استفادہ کیا جاسکتا تھا۔ چونکہ میں اپنی علالت کے باعث لائبریری جانے سے قاصر تھا اس لیے میں نے ان سے ان فائلوں کا عکس فراہم کرنے کی درخواست کی جو انہوں نے خندہ پیشانی سے قبول کرلی اور اپنی بیٹی کی ذمہ داری لگائی کہ وہ ان Reels کی فائلوں کو یکجا کرکے مرتب کریں۔ چنانچہ ان کے تعاون سے مئی ۱۹۲۶ء سے اپریل ۱۹۵۰ء تک کا ڈیٹا حاصل ہوسکا جن میں چند درمیانی سالوں/مہینوں کا ریکارڈ موجود نہیں ہے۔ اگرچہ یہ مکمل ریکارڈ نہیں ہے لیکن نہایت مفید اور مستند تاریخی ریکارڈ ہے۔

مجھے اس میں سے جو تاریخی معلومات درکار تھیں وہ تو میں اپنی کتاب "مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانوی اور اکابرین جمعیت علمائے ہند" میں جمع کرچکا ہوں لیکن چونکہ یہ ایک تاریخی دستاویز ہے جس سے بہت سی چیزوں کے متعلق درست ریکارڈ حاصل کیا جاسکتا ہے اس لیے مناسب معلوم ہوا کہ سال کی ترتیب سے ان Reels کو مرتب کرکے شائع کردیا جائے تاکہ ہر شخص ان سے استفادہ کرسکے۔ اس کی ترتیب میں محترم جناب مولوی عبید الرحمٰن صاحب فاضل جامعہ دارالعلوم کراچی نے تعاون کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

قارئین کرام سے درخواست ہے کہ راقم کے لیے اور راقم کے تمام عزیز و اقارب بالخصوص راقم کے والد سید احمد نعیم، والدہ مرحومہ اور دادا مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانوی کے لیے دعائے مغفرت فرمادیں۔ جزاکم اللہ خیرا

مشہود مفتی

بن سید احمد نعیم بن مولانا محمد نعیم لدھیانویؒ

مطلوبہ صفحہ پر پہنچنے کے لیے کلک کریں

جنوری 1933	فروری 1933
مارچ 1933	اپریل 1933
مئی 1933	جون 1933
جولائی 1933	اگست 1933
ستمبر 1933	اکتوبر 1933
نومبر 1933	دسمبر 1933

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ —
ششماہی —
سہ ماہی —

ممالک غیر کے لئے

سالانہ —
ششماہی —

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) —
نصف صفحہ ( ) —
ایک کالم ( ) —
½ کالم ( ) —
¼ کالم ( ) —

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول بلال احمد زبیری بی اے

معاون محمد عثمان فارقلیط

۱۹۳۳

جلد ۱۷ | دہلی۔ یوم یکشنبہ ۴ رمضان المبارک ۱۳۵۱ھ مطابق یکم جنوری ۱۹۳۳ء | نمبر ۱

نزول رحمت باری کی مبارک ساعتیں

روزہ کے فضائل احادیث نبوی کی روشنی میں

رمضان المبارک میں مسلمانوں کے فرائض

رمضان المبارک کا مہینہ آگیا۔ ربانی رحمتوں کے دروازے کھول دئے گئے اور روزہ داروں کے لئے رضاء الٰہی اور جنت کا مژدہ سنا دیا گیا! لیکن مسلمانوں نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ ...

فرمایا:—

"لوگو! ایک بہت بابرکت مہینہ تم پر سایہ فگن ہونے والا ہے۔ اس مہینے میں ایک ایسی رات ہے جس کی عبادت ہزار مہینوں کی عبادت سے بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس مہینے کے روزے فرض کئے ہیں۔ ..."

بیت المقدس

کی تاریخ کا ضروری حصہ رمضان المبارک کے ضروری مسائل و فضائل کی اشاعت کے باعث روک دیا گیا ہے اس لئے قارئین الجمعیۃ ایک دو اشاعتوں کے سلسلہ کا انتظار کو منظور فرمائیں۔ انشاء اللہ اس اہم وقتی ضرورت کو پورا کرنے کے بعد بیت المقدس کے ان معرکوں کا سلسلہ ہے قارئین کرام ہوگا جس میں گروہ صلیبین کو کامل فتح اور صلیبیوں کو ... بیت المقدس کی تاریخ کا یہ حصہ بہت اہم، شاندار اور عبرت آموز اور قارئین کرام کی توجہ کا خاص محتاج ہے۔

معاصرین کے افکار و آراء

بے معنی اضطراب (زمیندار)

ہمیں بتایا جائے کہ مسلم کانفرنس اور مسلم لیگ کس چیز کا نام ہے۔ کیا چند سروں ... کا نام مسلم کانفرنس ہے؟ ...

چوتھے اجلاس کا انتظار کرنا چاہئے گا!

گاندھی جی مرجائینگے؟ (الحدیث)

"ہم سلامت رہو ہزار برس"

ہمارے خیال میں ہندوستان کے لئے گاندھی جی کا زندہ رہنا مفید ہے، مگر حالات کچھ ایسے پیدا ہوگئے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ گاندھی جی کی زندگی خطرہ میں ہے۔ ...

یاں کے آنے کا مقرر تھا وعدہ دن کہے

جو تو مانگے گا وہی دونگا خدا وہ دن کرے

مسلم کانفرنس (ہند جدید)

وقت آگیا ہے کہ کم از کم کلکتہ کے مسلمان اصلی حقیقت سے واقف ہوجائیں۔ یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ مسلم کانفرنس نے مسلمانوں سے بہت ہی شرمناک بدعہدی اور غداری کی ہے، کیونکہ یہ واقعہ روز روشن کی طرح ظاہر ہے اور کوئی ایماندار آدمی اس سے انکار نہیں کرسکتا۔ مسلم کانفرنس کی بدعہدی اور غداری کا ایک موٹا ثبوت یہی ہے کہ اس کے بہت سے دیانتدار ارکان محض اس کی بدعہدی اور غداری کی وجہ سے اس سے بیزار ہوگئے ہیں، چنانچہ مولانا شوکت علی صاحب، شیخ عبدالمجید سندھی، نواب اسماعیل خاں، مولانا حسرت موہانی، شاہ مسعود عالم، سید ظفر علی ...

گول میز کانفرنس کا ناکام اجلاس (ملت)

... گول میز کانفرنس کے انعقاد کا حکومت نے اعلان کیا ... کانفرنس کی شرکت کے لئے انگلستان ... کانفرنس کے بس اسی اجلاس میں ہندوستان کا آئینی مسئلہ طے ہوجائے گا اور ہندوستان کی سیاسی بے چینی کا خاتمہ ہوجائے گا۔ لیکن سب کو معلوم ہے کہ کانفرنس کا پہلا اجلاس منعقد ہوا اور ... نتیجہ ملتوی ہوگیا۔ اس کے بعد ستمبر ۱۹۳۱ء میں کانفرنس کا دوسرا اجلاس ہوا اور اس اجلاس میں لارڈ ...

(سلسلہ مضمون صفحہ ۸ کالم ۲)

الہ آباد کی اتحاد کانفرنس کے فیصلے

مسلم مطالبات کی مزید تصریح

حامیان افتراق کی حیلہ تراشیوں کا خاتمہ

(گزشتہ سے پیوستہ)

۹۔ مرکزی مجلس مقننہ

(ج) مندرجہ بالا تحفظ یوپی، بہار، اور بمبئی میں بھی نافذ العمل ہوگا۔

(د) مجلس مقننہ میں مخصوص حلقہ ہائے انتخاب کو شامل کر کے نشستوں کا تناسب حسب ذیل رکھا جائے گا۔

مسلمان	۵۱ فیصدی
ہندو	۲۷ فیصدی
سکھ	۲۰ فیصدی

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

موجودہ اسپین کے باشندے عربوں کی اولاد ہیں

تمام ہسپانیہ خالص عربی سانچہ میں ڈھلا ہوا ہے

نائب الحکومت اسپین کا ایک اہم اعلان

موجودہ اسپین کے نائب (الحکومۃ) ... میڈرڈ میں ایک مضمون شائع کرایا ہے جس میں موصوف نے ان عربوں کی تاریخ کا مختصر الفاظ میں ذکر کیا ہے جو خلفاء بنو امیہ کے دور حکومت میں اسپین کے اندر حریت و استقلال کی زندگی بسر کرتے تھے اور دنیا کے لئے حریت فکری و عملی کا نمونہ بنے ہوئے تھے۔ آپ قرطبہ کے خلفاء کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ حقیقت یہ ہے کہ موجودہ اسپین کی روایات رومن کیتھولک مذہب پر نہیں بلکہ عربی اور اسلامی روایات پر مبنی ہیں اور اسپین کی زندگی لاطینی سانچہ کے بجائے عربی سانچہ میں زیادہ ڈھلی ہوئی نظر آتی ہے۔ موجودہ اسپین میں نہ صرف عربی اندلس کی نسل آبادی ہے بلکہ ان کا اکثر حصہ دمشق وغیرہ میں بھی موجود ہے کیونکہ ہمارے آباؤ اجداد خلیفہ دمشق کی خدمت کیلئے یہاں سے چلے گئے تھے جو پھر واپس نہیں آئے بلکہ دمشق میں ہی اپنی نسل میں اضافہ کرتے رہے۔ جس سے ظاہر ہے کہ نہ صرف اسپین میں بلکہ دمشق اور اس کے اطراف میں بھی عربی (اندلس) کے باشندے موجود ہیں۔ اس کے علاوہ خلفاء کے زمانہ میں عیسائیوں اور مسلمانوں کے درمیان شادی بیاہ ہوتے تھے جس نے ان دونوں قوموں کے درمیان روابط اتحاد کو اور زیادہ مستحکم کر دیا تھا مثال کے طور پر موسیٰ ابن نصیر (فاتح افریقہ) کو لیجئے کہ انہوں نے ایک عیسائی خاتون سے شادی کی تھی۔

ان حالات کے پیش نظر موجودہ اسپین کے لئے ضروری ہے کہ وہ اسلام کے ساتھ تعلقات پیدا کرے تاکہ اس کو اپنی حقیقی قدر و منزلت کا پتہ چلے۔"

اس کے بعد نائب الحکومت نے اسپین کے ادباء اور خطباء سے اپیل کی ہے کہ وہ ہر سال ان عرب مسلمانوں کی یادگار میں کانفرنسوں کا انعقاد کریں جنہوں نے اس سرزمین پر اپنے آثار و اطلال چھوڑے ہیں اور جو آج ہمارے ملک کی زیب و زینت بنے ہوئے ہیں۔

فرانس میں تبلیغ حق کیلئے وسیع میدان ہے

الجزائر کے ایک عالم دین کا مکتوب

الجزائر کے ایک عالم نے البلاغ کو جزائری مسلمانوں کے حالات سے مطلع کیا ہے جن سے الجزائر میں فرانسیسی حکومت کے طرز سیاست کا پتہ چلتا ہے۔ علامہ موصوف لکھتے ہیں۔ الجزائر کے عام مسلمانوں میں جو ہفتہ وار ترقی کے آثار پائے جاتے ہیں وہ صرف انگیز ہیں حالانکہ ان میں کوئی سیاسی جماعت بھی نہیں ہے جو ان کے اندر احساس عمل پیدا کرتی رہے۔

یہاں مسلمانوں میں تحصیل علم کا خاص شوق ہے اور وہ اپنی نما نقاہوں اور مکانوں میں عربی زبان کی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ باقی عام سرکاری مدارس میں داخل ہو کر حاصل کرتے ہیں جہاں فرانسیسی زبان کو ذریعہ تعلیم بنایا جاتا ہے۔ ان اطراف میں فرانسیسی زبان کو بہت فروغ ہے۔ اور تمام سرکاری دفاتر کی زبان یہی ہے۔ البتہ مسلمانوں کے نام وغیرہ کا تعلق عربی زبان سے ہے۔

الجزائر کی آبادی ... لاکھ افراد پر مشتمل ہے جس میں اکثریت مسلمانوں کی ہے صرف ایک لاکھ غیر مسلم یعنی یہودی اور عیسائی ہیں۔ یہاں مجلس نیابی بھی قائم ہے جس میں حکومت کے عیسائی ملازم کام کرتے ہیں۔

یورپ میں عام طور پر اور فرانس اور بلجیک میں خاص اسلام کی نشر و اشاعت کے لئے بڑا میدان ہے۔ میں نے ان مقامات کا دورہ کر کے اس امر کو اچھی طرح دیکھ لیا ہے کہ یہاں کے لوگ دعوت حق و ارشاد کو قبول کرنے کی پوری صلاحیت رکھتے ہیں۔ اگر اس مقصد عالیہ کیلئے مصر سے ایسے مبلغین یورپ، فرانس وغیرہ مقامات میں پہونچکر دعوت حق کا اعلان کریں تو مسلمانوں کو بڑی کامیابی ہو سکتی ہے۔

ترکی میں دنوں کے نام کی تبدیلی کا فتنہ

انوار کا نام جمعہ رکھا جائے گا؟

آج کل ترکی صحافت میں جمعہ کے بجائے انوار کو تعطیل منانے کا فتنہ کھڑا ہو گیا ہے اور موافق اور مخالف مضامین بڑے زور شور سے نکل رہے ہیں مجلس وطنی کے بعض اعضا اور ارکان نے مجلس میں تصدیق کیلئے تجویز پیش بھی کر دی ہے۔

ترکی میں آذان اور السلام علیکم

کمالی حکومت آئندہ کیا ارادہ رکھتی ہے؟

قسطنطنیہ کی مسجد ایا صوفیا میں سب سے پہلی بار ترکی زبان میں اذان دی گئی اور مؤذن نے پکار کر کہا "اللہ بیوک در"۔ ایک عربی اخبار لکھتا ہے کہ کمالی حکومت نے نماز تک کو ترکی زبان میں پڑھنے کا حکم صادر کر دیا ہے۔

اس کے بعد یہی اخبار لکھتا ہے کہ اسم جلالی "اللہ" کے ساتھ "اکبر" بڑے گہرے معنوں پر مشتمل ہے جس کے فہم و ادراک کے لئے الٰہیات کے مسائل پر عبور حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ اللہ اکبر کے معنے "اللہ کبیر" نہیں ہیں جیسا کہ ترکی ترجمہ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

اس کے علاوہ کمالی حکومت نے ایک جلسہ کر کے "السلام علیکم و رحمۃ اللہ" کے بجائے "سرہ سلام و اللہک رحیتی" ایجاد کیا ہے۔

ولایت موصل پر ترکی کا دعویٰ

لیگ کونسل نے دعویٰ خارج کر دیا

ترکی حکومت نے ولایت موصل پر حق ملکیت کا دعویٰ کیا تھا دوسری جانب موصل اور اس کے ماتحت علاقہ پر برطانیہ کا دعویٰ تھا۔ موصل پر تو برطانیہ پورے طور پر قابض ہے مگر عکیری پر بھی اس نے مقابلتاً دعویٰ کر دیا تھا۔ لیگ کونسل نے اس تنازعہ کا فیصلہ اس طرح کیا کہ موصل پر برطانیہ کا حق ملکیت تسلیم کر لیا اور عکیری پر ترکی دعویٰ کو حق بجانب قرار دیا۔

آسٹریا میں آفتاب اسلام کی ضوفشانیاں

جمعیۃ اسلامیہ کا قیام

صدر جمعیۃ نے جرمنی زبان میں کئی لیکچر بھی دئے ہیں جس میں خصوصیات اسلام کو عمدہ پیرایہ میں بیان کیا ہے۔ آپ کے لیکچروں نے مغربی باشندوں پر خاص اثر ڈالا ہے۔

تین ہزار سال قبل کی ایک عمارت کا انکشاف

تاج، اسلحہ اور کپڑوں کی برآمد

امریکہ کی علمی طلبہ نے ایران کے ایک مقام پر ایک عالیشان اور زبردست عمارت کا انکشاف کیا ہے کئی ماہ کی تنقیب کے بعد زمین دوز محل کا انکشاف ایران میں ایک جدید واقعہ ہے۔ اس محل کی قدامت کا اندازہ تین ہزار سال لگایا جاتا ہے۔ ماہرین آثار قدیمہ کا خیال ہے کہ یہ محل کسی ناگہانی حادثہ سے زمین دوز ہو گیا تھا اور اسی وجہ سے دیگر عمارات کی طرح یہ محل زیادہ خراب نہیں ہوا ہے۔ محل کے اندرونی حصہ میں ایک خزانہ بھی برآمد ہوا ہے اس میں گردن بند، متعدد طلائی تاج کپڑے، تانبے کے اسلحہ جن پر نہایت خوبصورت نقش و نگار کھدے ہوئے ہیں، نیز ظروف اور نقرئی و طلائی آلات بھی بکثرت برآمد ہوئے ہیں۔

ترکی میں مُردوں کو جلانے والی انجمن

وصیت کرنے والوں کو مرنے کے بعد جلا دیا جائیگا

اخبار "السلام العربی" رقمطراز ہے کہ انگورہ کی تازہ اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ مُردوں کو جلانے کے لئے ترکی میں ایک جمعیۃ قائم ہوگئی ہے۔ اس جمعیۃ کا کام یہ ہوگا کہ جو لوگ مرنے سے پیشتر یہ وصیت کر جائیں کہ ہمارے جسم کو جلا دیا جائے تو یہ جمعیۃ ان کو جلا دیگی۔ اس جمعیۃ کے ممبروں کی تعداد ۰۵۰۰ سے بھی متجاوز ہو گئی ہے ان سب نے وصیت کی ہے کہ مرنے کے بعد ان کی لاشوں کو نذر آتش کر دیا جائے۔ بغیر وصیت کے کسی مردہ کو جلانا جائز نہ ہوگا۔ وصیت کرنے والے مردہ کو ۲۴ گھنٹہ کے بعد جلا دیا جائے گا۔

قندھار میں ایک عالیشان ہوٹل کا افتتاح

شام اور عراق کی حدود کا تصفیہ

کلکتہ میں افتراقیوں اور انشقاقیوں کی ناکامی و نامرادی

مسلمانوں کے خون سے ہاتھ رنگنے والوں کا حشر

مسلم کانفرنس اور کانپوری جمعیۃ کے خلاف اظہار بیزاری و ناراضگی

(از نامہ نگار خصوصی مقیم کلکتہ)

کلکتہ ۲۶ دسمبر کئی ہفتہ سے یہ شور مچایا جا رہا تھا کہ کلکتہ میں مسلم کانفرنس کا سالانہ اجلاس منعقد ہوگا اور مسلمانوں کی سیاسی رہنمائی کے لئے تجاویز منظور کی جائیں گی۔ یہ بھی کہا جاتا تھا کہ مسلمانان کلکتہ نے مسلم کانفرنس کے اجلاس کو منعقد کرنے کی دعوت دی ہے اور وہ اس اجلاس کے ... انتظامات کر رہے ہیں۔ لیکن جب اس اجلاس کے انعقاد کا وقت آیا ...

کرنے والے ایسے جیالے نہیں ہیں کہ مسلمانوں کی عام بیزاری کا کوئی اثر قبول کریں۔ سب سے پہلے نام نہاد جمعیۃ العلماء کانپور کی "کانفرنس" کے لئے دس بجے کا وقت مقرر کیا گیا۔ کلکتہ کے مسلمانوں نے اس کی طرف قطعاً کوئی توجہ نہ کی اور اس کا مکمل بائیکاٹ کر دیا۔ اس پر بھی پولیس کے دستے بلائے گئے اور تمام پنڈال پر پہرہ قائم کر دیا گیا ...

جیثیت نمائندگی

کانفرنس میں صوبہ سرحد، صوبہ بلوچستان، صوبہ آسام، صوبہ مدراس، صوبہ بمبئی، صوبہ سندھ، کی کوئی نمائندگی نہیں تھی۔ بورڈ کے ۲۵۰ اراکین میں سے صرف پچیس اراکین بھی موجود نہ تھے اور کانفرنس کے عام ۶۰۰ اراکین میں سے صرف ۵۲ اراکین کے نام لکھ کر پریس کو دئے گئے تھے جن میں غیر معروف اور گمنام حضرات کے نام لکھ دئے گئے تھے۔ سوائے منسٹروں اور بعض اراکین مجالس مقننہ کے کوئی پبلک آدمی کانفرنس میں شریک نہ تھا۔ پنجاب سے فیروز خان نون وزیر حکومت پنجاب سے نواب یوسف وزیر حکومت اور بنگال سے ناظم الدین وزیر حکومت مسلمانوں کے نمائندے تھے۔

یوروپین ایسوسی ایشن کا رویہ

چونکہ یوروپین ایسوسی ایشن بنگال میں ہندو مسلم اتحاد نہیں چاہتا اور یوروپینوں کا فائدہ اسی میں ہے کہ ہندو مسلمان آپس میں لڑتے رہیں اس لئے یوروپین ایسوسی ایشن کا رویہ ...

سبجکٹ کمیٹی کا جلسہ

آج دوپہر کو سبجکٹ کمیٹی کا اجلاس ہوا جو بالکل خلاف قاعدہ اور سراسر خلاف اصول تھا ...

مسلمانان کلکتہ کا اعلان

غلط بیانیوں کی اشاعت

مسلمانوں کا خون

جامع مسجد کا واقعہ

تاریخ کی روانگی

دو گھنٹے تک انتشار

آل انڈیا جماعتوں کو شرکت نہیں کیا گیا

تخفیہ جلسہ

"جمعیۃ العلماء" کا ڈھونگ

برطانیہ، حکومت ایران اور کمپنی کے معاملہ میں مداخلت نہ کرے

جدید معاہدہ کے متعلق از سر نو گفت و شنید کی جائے

مسٹر تقی زادہ وزیر خارجہ ایران کی تصریحات

طہران ۲۹ دسمبر۔ مسٹر تقی زادہ وزیر خارجہ ایران نے اینگلو پرشین آئل کمپنی کے تنازعہ کے بارے میں سب سے پہلا بیان ایک اخباری نمائندہ کو دیا ہے جس میں فرمایا کہ ایران ڈارسی مراعات کی منسوخیت کو واپس لینے کے لئے کسی طرح بھی تیار نہیں ہے بلکہ اس کی خواہش ہے کہ اینگلو پرشین آئل کمپنی جدید معاہدہ کے متعلق از سر نو گفت و شنید کرے۔ آپ نے مزید کہا کہ حکومت ایران کمپنی کے سرمایہ پر قبضہ نہیں کرنا چاہتی آپ نے ان خارجی الزامات سے انکار کیا جو اس تنازعہ کے سلسلہ میں حکومت پر لگائے گئے ہیں۔ برطانوی رویہ کا حوالہ دیتے ہوئے مسٹر تقی زادہ نے کہا کہ برطانیہ کو اس معاملہ میں ہرگز مداخلت نہ کرنی چاہئے کیونکہ اس کا تعلق صرف حکومت ایران اور کمپنی کے معاملہ سے ہے۔

شاہ فواد کو بم سے اڑانے کی سازش

قاہرہ کے ایک کالج میں بم رکھدیا گیا

قاہرہ ۲۸ دسمبر۔ شاہ فواد کی زندگی کو ختم کرنے کے لئے بم پارٹی نے ایک نیا اقدام کیا جس کا بہت جلد انکشاف ہو گیا۔ ایک بم قاہرہ کے گورنمنٹ انجینیرنگ کالج میں چھپا دیا گیا کیونکہ شاہ فواد کالج میں جا کر اس کا معائنہ کرنے والے تھے۔ شاہ فواد کے پہونچنے سے تھوڑی دیر پیشتر بم کو دیکھ لیا گیا اور اس طرح ان کی جان بچ گئی۔

مصر میں سرکاری افسروں پر بم پھینکنے کے واقعات بہت زیادہ رونما ہونے لگے ہیں۔ ۱۱ دسمبر کو برطانوی ہیڈ کواٹرز پر بم پھینکا گیا جس سے کوئی نقصان جان نہیں ہوا۔ اسی طرح وزیر اعظم صدقی پاشا اور ان کی کابینہ پر بھی بم پھینکے گئے۔

معلوم ہوا ہے کہ بم بازی پارٹی کا مقصد کسی کی جان لینا نہیں ہے بلکہ ان کو یہ دکھانا مقصود ہے کہ مصر کی پولیس سخت نالائق اور ناکارہ ہے جو ان کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتی۔

ہندوستان کا دستور قرطاس ابیض

بل اکتوبر سے پہلے تیار نہیں ہوگا

لندن ۲۹ دسمبر۔ اسٹیٹسمین کا نامہ نگار لندن سے مطلع کرتا ہے کہ ہندوستان کے دستور اساسی کی تجاویز کے متعلق جو قرطاس ابیض شائع ہونے والا ہے وہ فروری میں منظر عام پر آئے گا۔ مشترکہ منتخب کمیٹی کی کارروائیوں کی ترتیب میں تین ماہ کا عرصہ لگیگا اور بل اکتوبر سے پہلے تیار نہیں ہو سکے گا۔

مفصل تبصرہ کا انتظار کیجئے

بعض ضروری کارروائیوں کے باعث اس نمبر پر مقالات مدیریہ کے لئے گنجائش نہ نکل سکی۔ آئندہ اشاعت میں اجتماعات الہ آباد اور کلکتہ پر مفصل اور مبسوط تبصرہ کیا جائے گا۔ انشاء اللہ۔

ملا شیرکوٹی کے شبہات کا جواب

مولانا عنایت اللہ صاحب فرنگی محلی کا بیان

لکھنؤ۔ اتحاد کانفرنس کے موقعہ پر جمعیۃ العلماء کانپور کی مجلس عاملہ منعقد کرنے کی ان ممبران نے جو موجود تھے اور مولانا عبد الماجد صاحب قادری سے باقاعدہ خواہش ظاہر کی۔ اس مقصد کے لئے جلسہ منعقد کیا گیا چنانچہ میں نے اور مولانا قطب الدین عبد الوالی نائب صدر اور مولانا عبد الماجد صاحب قادری کی طرف سے حضرت مولانا شاہ سلیمان صاحب پھلواروی صدر جمعیۃ العلماء کے نام مجلس عاملہ میں شرکت کی اطلاع بذریعہ تار کی گئی۔ پہلے تار کا جواب ملنے میں تاخیر ہوئی تو دوسرا تار روانہ کیا گیا ...

صدر عنایت اللہ فرنگی محلی

گاندھی جی یکم جنوری کو رہا کر دئے جائیں گے

تمام سیاسی اسیروں کیلئے عام معافی کا اعلان

وزیر ہند کانگریس کیساتھ مصالحت کرنے کیلئے مضطر ہیں

لندن ۹ دسمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ سال نو کے آغاز میں گاندھی جی کی غیر مشروط رہائی کا قوی امکان ہے۔ انجار ڈیلی ہیرلڈ لکھتا ہے کہ وزیر ہند یقین کرتے ہیں کہ برطانوی حکومت کے لئے گاندھی جی اور دیگر سیاسی اسیروں کی رہائی نہایت ضروری ہے۔ وزیر ہند مسٹر ... پارلیمنٹری کمیٹی میں کانگریس کی نمائندگی کو ضروری سمجھتے ہیں اور وہ اس میں دوستانہ کانگریس کو دینے کے لئے مضطرب ہیں۔ نئی دہلی کی دفتری حکومت کی مخالفت کے باوجود یہ فیصلہ کر لیا گیا ہے کہ گاندھی جی یکم جنوری کو رہا کر دئے جائیں۔ دفتری حکومت کا اصرار ہے کہ گاندھی جی کو اس وقت رہا کیا جائے جب وہ سیاسی تحریکات میں حصہ نہ لینے کا وعدہ کر لیں۔

خیال کیا جاتا ہے کہ اگر گاندھی جی رہا کر دئے گئے تو وہ جیل سے باہر آتے ہی تمام سیاسی قیدیوں کی عام معافی کا مطالبہ کریں گے جیسا کہ گاندھی ارون معاہدہ کے موقعہ پر ہو چکا ہے۔

وائسرائے گاندھی جی کی رہائی کے مخالف نہیں ہیں

اخبار "مارننگ پوسٹ" کی خاص اطلاع

افواہ کی تردید کے ساتھ مزید تائید و تصدیق

لندن ۳۰ دسمبر۔ ایک ذمہ دارانہ اطلاع مظہر ہے کہ اخبارات میں جو خبر شائع ہوئی ہے کہ سال نو کے آغاز میں گاندھی جی اور بعض دیگر سیاسی قیدیوں کو رہا کر دیا جائیگا، اس کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔ نیز یہ خبر بھی بے بنیاد ہے کہ سکرٹری آف اسٹیٹ اور وائسرائے کے درمیان اس بارہ میں کوئی اختلاف پیدا ہو گیا ہے۔ اس کے علاوہ وائسرائے ہند کے استعفے کی اطلاع بھی غلط اور بے اصل ہے۔

لندن ۳۰ دسمبر۔ اخبار مارننگ پوسٹ کا نامہ نگار خصوصی اس بارہ میں جو کچھ لکھتا ہے اس سے مندرجہ بالا "تردید" کی تردید ہوتی ہے۔ نامہ نگار لکھتا ہے کہ حکومت برطانیہ گاندھی جی کی رہائی کے امکانات پر غور کر رہی ہے کیونکہ سر سپرو اور مسٹر جیکر نے حکومت کو یقین دلایا ہے کہ گاندھی جی کی رہائی سے دستوری اصلاحات کو کامیاب بنانے کے لئے سہولتیں پیدا ہو جائیں گی۔

نئی دہلی ۳۰ دسمبر۔ ہندوستان ٹائمز کا نامہ نگار خصوصی لکھتا ہے کہ گو ایسوسی ایٹڈ پریس نے گاندھی جی کی رہائی کی خبر کی تردید کر دی ہے مگر میری پیشنگوئی یہ ہے کہ گاندھی جی ضرور رہا کئے جائیں گے۔ اور لارڈ ولنگڈن وائسرائے ہند گاندھی جی کی رہائی کے خلاف نہیں ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ گاندھی جی نے بھی حکومت کو اطلاع دیدی ہے کہ وہ اپنی زندگی کا بقیہ حصہ اچھوتوں کی اصلاح میں لگا دینگے۔ اس صورت میں گاندھی جی کی رہائی غیر ممکن نہیں ہے بلکہ اس کے وقوع کا قریبی امکان ہے۔

دار الحکومت

مخالفین اتحاد کو چیلنج

میدان میں نکلو اور رائے عامہ کا موازنہ کرو

جامع مسجد میں جلسہ جلوس اور گرفتاریاں

دہلی کی تجارت پر ڈاٹا وہل کا اثر!!

برطانوی مال کے نرخوں میں کمی!

دہلی ۲۸ دسمبر۔ اسمبلی و کونسل آف اسٹیٹ نے حال ہی میں جو ...

اسیران جمعیۃ ملتان کا دہلی جیل سے تبادلہ

ڈکٹیٹر نہم جمعیۃ علماء ہند کا مراد آباد جیل میں تبادلہ

کلکتہ کا جمعیۃ العلماء ہند سہارنپور جیل میں

حج کے یقینا ت ختم ہو گئے

محرکین کو اطلاع دیدی گئی

جمعیۃ شبان المسلمین کی مجلس عاملہ کا اجلاس

مسلم کانفرنس کی مذمت ... کا عام اطمینان

خان عبد الغفار خاں کو وظیفہ

چاٹگام کے اسلحہ خانہ پر حملہ

ایک اور مقدمہ سازش کی تیاری

سندھ کی علیحدگی پر حکومت کا شکریہ

جندو خان بھادوں کا سجادہ عبودیت

یوم سندھ منانے کی تجویز

حکومت اور کانگریس میں مصالحت

مسیحی مساوات کی بے نقابی

تین عیسائیوں کی طرف سے پادری کو نوٹس

گاندھی جی کی رہائی کا کوئی امکان نہیں

سر سپرو کی مایوسی

ایک ضروری تصحیح

سہارنپور میں جلسہ اور جلوس

شراب پر پکٹنگ اور گرفتاریاں

ہنٹر ایجی کی اپیل خارج

دیگر الزامات کے مقدمات کی سماعت

بنگال میں نظر بند ہندوؤں کی بھوک ہڑتال

برت ملتوی کرنے سے گاندھی جی کا انکار

پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کے ہندوستانی نمائندے

گاندھی جی کی رہائی کی خبر غلط ہے؟

چاٹگام میں ایک انقلاب پسند کی گرفتاری

برما کونسل کے فیصلہ پر سپارکباد

اتحاد کانفرنس کا جہاز بنگال کی چٹان سے پاش پاش ہو جائیگا

بنگال ہندو کانفرنس نے مزید گفت و شنید سے انکار کر دیا

مولانا ابو الکلام آزاد کے مکان پر مسلم ارکان کا اجتماع

کلکتہ ۳۰ دسمبر۔ آج شب کو بنگال ہندو کانفرنس کی سب کمیٹی کا اجلاس شروع ہوا جس میں بنگال کے مسئلہ پر غور کیا گیا۔ آج کا اجلاس جس نتیجہ پر پہونچا وہ سخت مایوس کن ہے۔ اس جلسہ کے شرکا میں سے ایک ہندو نے اخباری نمائندہ سے ملاقات کے دوران میں کہا کہ اگر پنڈت مالویہ نے اپنے قیمتی اشارہ اور سوجھ بوجھ کو کام میں لا کر پوری جدوجہد نہ کی تو الہ آباد کی اتحاد کانفرنس کا جہاز بنگال کی چٹان سے پاش پاش ہو جائے گا۔ اس اجتماع میں بنگال کے تمام ہندوؤں نے دوگھنٹہ تک گرما گرم بحث کی جس میں فیصلہ کیا گیا کہ صاحب صدر کو اختیار دیدیا جائے کہ وہ پنڈت مدن موہن مالویہ کو اس امر کی اطلاع کر دیں کہ موجودہ وقت میں بنگال کے مسئلہ پر مزید گفت و شنید بے سود اور لا حاصل ہے۔ جلسہ میں بعض لوگوں کی طرف سے اپیل کی گئی کہ ملتوی شدہ تجاویز کو زیر بحث لایا جائے لیکن اکثریت نے فیصلہ کر دیا کہ جن تجاویز پر کافی غور ہو چکا ہے ان پر دوبارہ گفتگو کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

آج شام کو اتحاد کمیٹی کے مسلم ارکان کا ایک اجتماع مولانا ابو الکلام آزاد کے دولت کدہ پر ہوا۔ توقع ہے کہ کل بعد دوپہر اتحاد کمیٹی کے ارکان اور بنگال ہندو کانفرنس کے ممبروں کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوگا۔

اتحاد کانفرنس میں بنگال کے مسئلہ پر بحث

بنگالی ہندوؤں کی ضد ہر لحظہ کانفرنس کے ٹوٹ جانے کا خطرہ

اتحاد کانفرنس کی سب کمیٹی کا اجلاس ملتوی

کلکتہ ۳۰ دسمبر۔ اتحاد کانفرنس الہ آباد کی سب کمیٹی کے ارکان نے بنگال ہندو کانفرنس کے نمائندوں سے آج شب کو برلا پارک میں ملاقات کی اور وہ دو تجاویز جو کل بنگال ہندو کانفرنس میں منظور ہوئی تھیں پڑھ کر سنائی گئیں۔ اتحاد کمیٹی کے ارکان کا خیال ہے کہ ان تجاویز کی منظوری کے بعد مزید گفت و شنید بیکار ہے لیکن ایک دوسری تجویز کو پیش نظر رکھتے ہوئے جس میں ایک کمیٹی کا تقرر کیا گیا ہے جو تمام مسائل کا حل تجویز کرے، سب کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا کہ بنگال ہندو کانفرنس کی کمیٹی آپس ہی میں صلاح و مشورہ کرے اور بنگال کے مسئلہ کو حل کرنے کی کوئی ترکیب نکالے۔ اس مسئلہ پر بحث کرنے کیلئے بنگال کانفرنس کی کمیٹی کا اجلاس کل منعقد ہوگا۔ مد اتحاد کانفرنس کی سب کمیٹی ۱۳ دسمبر کے لئے ملتوی ہو گئی۔

مسٹر عبد الحلیم اور مسٹر فضل الرحمن ممبر کونسل اور عیسائیوں کے نمائندے اس بحث میں شریک تھے۔ آسام کے دو نمائندے آسام کے متعلق امور پر بحث کرنے کے لئے آگئے ہیں۔ مقامی سکھوں کے کچھ نمائندے سکھوں کے لئے ایک نشست کی تخصیص کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

بنگال ہندو کانفرنس کا فرقہ پرستانہ فیصلہ

مسلمانوں کو پوری نیابت نہیں ملیں گی؟

اتحاد کانفرنس کے خلاف احتجاج

کلکتہ مسلم کانفرنس کا اجلاس غیر آئینی ہے

صدر آل انڈیا خلافت کمیٹی کی تقریر

وزیر ہند کے نام سر سپرو کا آخری مکتوب

صوبجاتی خود مختاری اور وفاقی حکومت

وائسرائے کے خصوصی اختیارات کی مخالفت

مسلمانوں کو مرکز میں ۳۳ فی صدی نشستیں

وزیر ہند کا فیصلہ

مسولینی نے اپنے جمیر آور کو رہا کر دیا

شاہ ایران کے جواہرات کی فروخت

مسلم کانفرنس اور کانپوری جمعیت کی پر زور مذمت

ضلع الہ آباد کے علما کا اجتماع

سر اقبال کی سریلی آواز!

"اتحاد کانفرنس کی مخالفت کرو"

گول میز کانفرنس صابون کا بلبلہ ہے

مارننگ پوسٹ اور دیگر اخبارات کا تبصرہ

اتحاد کانفرنس اور کونسل کے مسلم ارکان

ایک گمراہ کن خبر کی تردید

گاندھی جی نے اپنا برت ملتوی کر دیا

برت کے التواء کے اسباب

اسلام کی توہین کرنے والے کو موت کی سزا

مسلم کانفرنس سے اظہار بیزاری

لکھنؤ کانفرنس پر آسامی مسلمانوں کا اتحاد

نواب صاحب چھتاری کی میعاد میں توسیع

انگلستان کی زبردست شکست

راجگوپال آچاریہ کا اظہار خیال

فوجی کپتان پر گولی چلا دی گئی

دو مفرور سازشی گرفتار

مرکزی ٹیلیگراف آفس میں چوری

خواجہ کمال الدین صاحب کا انتقال

لندن ۲۸ دسمبر۔ خواجہ کمال الدین، امام شاہجہان مسجد ووکنگ کا ۶۳ سال کی عمر میں انتقال ہو گیا۔

سی پی میں زبان اردو کی حمایت

علمائے سرحد کی بیداری

جامعہ رحمانی مونگیر (بہار)

کے لئے ایک ایسے حافظ اور عالم کی ضرورت ہے جو فن تجوید سے اچھی طرح واقفیت رکھتا ہو۔ اور تقریر بھی کرسکتا ہو۔ تنخواہ مناسب دی جائے گی۔ خط وکتابت اس پتہ پر کی جائے۔

ناظم جامعہ رحمانی مونگیر

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

حب نعمت (رجسٹرڈ)

منیجر دواخانہ لقائی (رجسٹرڈ) بازار جتلی قبر دہلی

مقویات سرتاج عالم

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

تفسیر حقانی اردو مکمل آٹھ جلدیں

عقائد الاسلام اردو

البیان فی علوم القرآن

اردو۔ انگریزی

مرقع رسول

ملنے کا پتہ: دارالاشاعت تفسیر حقانی۔ بلیماران۔ دہلی

اس گانٹھ سے غریبوں کی عید ہو گی

۲۵ رمضان المبارک تک یہ گانٹھیں بغیر کسی منافع کے روانہ کریں گے

بیس پونڈ کاٹن کٹ پیس کی گانٹھ مبلغ پچیس ۲۵ روپیہ میں

نوٹ ضروری: چونکہ یہ گانٹھیں بغیر کسی منافع کے روانہ کریں گے اس لئے ہر شخص اس نادر موقع سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

منیجر دی فٹ کوٹ کمپنی کٹ پیس مرچنٹ رنچھوڑ لائن کراچی

رمضان المبارک کا رعایتی اعلان



ملنے کا پتہ: صدیقی تصیر واچ کمپنی صدر بازار میرٹھ (یوپی)

دنیا میں سب سے بہتر ماء اللحم صرف ہمدرد دواخانہ دہلی کا

عرق ماء اللحم (رجسٹرڈ) نسخہ خاص دوآتشہ

ہے جس کے عجیب وغریب خواص کا تجربہ اسکے قدردان بیسیوں سال سے برابر کررہے ہیں لیکن فی سال مسلسل سائنٹفک نقطۂ نظر سے غور اور تجربہ کے بعد اب اس ماء اللحم کو اس قابل بنا دیا گیا ہے کہ ہم اسکو بلا مبالغہ دنیا کی بہترین مقوی دوا کہہ سکتے ہیں۔ یہ ماء اللحم دل و دماغ کو تقویت بخشتا ہے۔ قوت باہ کیلئے نہایت بھروسہ کی چیز ہے۔ بوڑھوں کو جوان اور جوانوں کو نوجوان بنانا اس کا معمولی کرشمہ ہے۔ غذا ہضم کرنے کیلئے بھی عجیب وغریب چیز ہے چہرہ کا نکھار اور جوانی کی گئی ہوئی قوتیں واپس لانا اس ہی کا کام ہے جن اصحاب نے ہمارے سریع الاثر اور نفیس ماء اللحم کا اب تک تجربہ نہیں کیا ہے وہ ضرور ایک مرتبہ ہمارا ماء اللحم استعمال کریں۔ ان کو تجربہ سے خود معلوم ہو جائے گا کہ ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی کا ماء اللحم کیا درجہ رکھتا ہے۔ ہر وہ چیز قابل ستائش ہے جو آپ کے تجربہ میں صحیح ثابت ہو۔

مفصل خواص و ہدایات و ترکیب استعمال کا رسالہ مفت دواخانہ ہمدرد دہلی سے حاصل کیجئے۔

یاد رکھئے اصلی ماء اللحم آپ کو ہمدرد دواخانہ دہلی سے ہی مل سکتا ہے کیونکہ اس کو موجودہ سائنٹفک اصول کے ماتحت بنانے اور بہترین رکھ رکھاؤ کے انتظامات جو ہمدرد دواخانہ دہلی میں ہے وہ اور کہیں نہیں ہیں۔

قیمت فی بوتل پانچ روپے علاوہ محصول۔ قیمت نمونہ کی شیشی ۱۲ ؍ علاوہ محصول

(تار کا پتہ: ہمدرد دہلی) منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی ٹیلیفون

شیر مادر سی بے ضرر مگر

جراثیم اور امراض کیلئے سم قاتل

دنیا کی ایک تعجب خیز ایجاد

"امرت دھارا"

ہے۔ نہایت اطمینان اور بھروسہ کے ساتھ تقریباً ہر مرض کے لئے استعمال کیجئے گا یقیناً مرض کی بیخ کنی کرے گی۔ یہ جراثیم کو ہلاک کر کے رگ ریشہ کو تندرست بناتی ہے تبھی تو اس کا استعمال ہر وقت اور تقریباً ہر مرض کے لئے

سب کو مفید ثابت ہوا ہے

آپ اس کو ہمیشہ اپنے گھروں میں رکھئے۔ اور اس کو ہر نوعیت کی درد، چوٹ، زخم، ڈنگ، خون بہنے اور جلنے کی صورت میں نیز نزلہ، زکام، بدہضمی، متلی، قے، اپھارہ، اسہال، پیچش وغیرہ متعدد امراض کے لئے یقینی صحت بخش علاج تصور کریں۔

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنہ۔ نصف شیشی ایک روپیہ چار آنہ۔ نمونہ کی شیشی ۸ ؍

اسے آگائیے خواہ کہاں سے

یہ آپ کے وقت پریشانی اور روپیہ کو نوے فیصدی بچائے گی!

خط وکتابت و تار کا پتہ: امرت دھارا لاہور

المشتہر: منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا بھون، امرت دھارا روڈ، امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

گول میز کانفرنس اور مسلم مندوبین

رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیے



ملنے کا پتہ: ایس۔ ایم۔ عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس۔ بازار چاندنی چوک۔ شہر دہلی۔ تار کا رجسٹرڈ پتہ "واچ" دہلی۔ قائم شدہ ۱۹۰۵ء

بعض اخبارات کی مذموم روش

ممبران ورکنگ کمیٹی جمعیۃ العلماء کا اہم بیان

مدرسہ اسلامیہ عربیہ امروہہ کی مالی حمایت

دردمندان ملت کی خدمت میں اپیل

دوا وہ درد بول اٹھے کہ تاثیر اس کو کہتے ہیں
بدن کندن بنا دیتی ہے اکسیر اس کو کہتے ہیں

اکسیر حیات

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

قیمت نمونہ والی شیشی خوردنی فی عدد ۸ ؍ فی درجن

شرط: فائدہ نہ ہونے کی صورت میں حلفیہ بیان آنے پر قیمت واپس کردی جائے گی۔

ملنے کا پتہ: مولانا حکیم محمد عبدالہادی صاحب پھلواری شریف ضلع پٹنہ

آسمانی خبریں

مولانا اظہر حسین منجم و عامل محلہ مقبرہ پورہ مرادآباد

طبی دنیا میں ہلچل

سفید بال جڑ سے کالا

بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سری دربھنگہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

ٹپلی بھیت کیوں مشہور ہے

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات

نپٹ بہراپن

قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (۱۴ ؍)

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)

کتب خانہ اعزازیہ دیوبند

کی ترقی اور حیرت انگیز کامیابی کا راز

شرح نقایہ جلد اول

السہم المصیب

قصائد الحبیب

پتہ: (مولوی) سید احمد ناظم کتب خانہ اعزازیہ دیوبند ضلع سہارنپور

از دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

مسائل ہذا کو پڑھنے کے بعد مسجد میں چسپاں کرکے تبلیغی ثواب حاصل کیجئے

مسائل رمضان المبارک

رمضان المبارک کا مہینہ اسلامی برکات میں سے ایک عظیم الشان برکت کا مہینہ ہے۔ اس مبارک مہینہ میں حق جل مجدہ کی خاص رحمتوں کا بندوں پر نزول ہوتا ہے۔ بہت خوش قسمت ہیں وہ مسلمان جو اس مہینہ سے فائدہ اٹھانے میں کامیاب ہوئے اور جنہوں نے اس مقدس مہمان کی میزبانی کا حق ادا کر دیا۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ رمضان کی چاندرات کو دوزخ کے دروازے بند کر دئے جاتے ہیں اور جنت کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں۔

خدا کی طرف سے اعلان کیا جاتا ہے یَا بَاغِيَ الْخَيْرِ أَقْبِلْ وَيَا بَاغِيَ الشَّرِّ أَقْصِرْ اے بھلائی کے طالب تیرے لئے بہترین موقعہ ہے۔ اگر کچھ حاصل کر سکتا ہے تو کرلے اور اے برائی کے طالب اس مہینے کا احترام کر اور کم از کم اس مہینے بھر تو اپنی برائیوں سے باز آ۔

ایک حدیث قدسی میں ارشاد ہوتا ہے کہ ہر نیکی کا ثواب دس سے لیکر سات سو گنے تک ہوجاتا ہے۔ بندے کے اخلاص کی قدر اس کے ثواب میں زیادہ ہوتی رہتی ہے۔ لیکن روزے کو میرے ساتھ ایک خاص تعلق ہے اور اس کا ثواب میں خود ہی بندے کو عنایت کروں گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ روزہ عذاب دوزخ سے بچانے کی ایک ڈھال ہے اور فرمایا کہ روزہ دار کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک سے زیادہ محبوب و مقبول ہے اور فرمایا کہ روزہ دار سے جو شخص رمضان کے دنوں میں روزہ رکھے اور عبادت (تراویح وغیرہ) کرے اس کے پہلے گناہ معاف کردئے جاتے ہیں۔ اور فرمایا کہ روزہ دار سے اگر کوئی جاہل لڑنے جھگڑنے لگے تو کہدے کہ بھائی میں تو روزہ سے ہوں یعنی مجھے لڑائی جھگڑے سے معاف رکھو اور فرمایا کہ جس شخص نے بغیر عذر شرعی رمضان کا ایک روزہ بھی چھوڑ دیا تو پھر ساری عمر کے روزے بھی اس کے قائم مقام نہ بن سکیں گے یعنی ثواب و فضیلت میں ایک روزہ کے برابر نہ ہوں گے۔ روزہ دار کے لئے دو موقع خاص طور پر مسرت اور شادمانی کے ہیں۔ ایک جس وقت روزہ افطار کرتا ہے تو اسکو اپنی عبادت کے پورا ہوجانے پر خوشی ہوتی ہے اور ایک جس دن یہ روزہ دار اپنے پروردگار سے ملاقات کرے گا۔ تو اس دن اس کی خوشی اور مسرت کا کوئی ٹھکانا نہ ہوگا۔

بلا اختیار حلق میں مکھی مچھر چلے جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ کان میں پانی چلا جائے۔ یا خود بخود نکسیر پھوٹ جائے۔ یا خواب میں احتلام ہوجائے یا قے خود بخود آکر حلق میں لوٹ جائے۔ یا آنکھ میں دوا ڈالی جائے۔ ان باتوں سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ روزہ میں مسواک کرنا خوشبو سونگھنا سر میں تیل ڈالنا جائز ہے۔

روزہ نہ رکھنے کے عذر

اگر مرض پیدا ہونے یا مرض بڑھ جانے کا اندیشہ ہو۔ دودھ پلانے والی کو اپنی یا اپنے بچے کی جان کا خوف ہو۔ یا عورت حاملہ ہو اور روزہ سے نقصان کا خوف ہو یا مسافر ہو یا عورت کو حیض و نفاس آتا ہو یا اس قدر کمزوری ہو کہ روزہ رکھنے کی برداشت نہ ہو۔ یا جہاد میں ہو۔ یا شدت بھوک پیاس سے جان کا خوف ہو ان تمام حالتوں میں جائز ہے کہ روزہ نہ رکھے اور عذر زائل ہونے کی حالت میں قضا کرے۔ سوائے حیض و نفاس کے باقی عذروں کے ہوتے ہوئے روزہ رکھ لے تو ہو جائے گا۔ اور اتنا بوڑھا کہ نہ اسے روزے کی طاقت ہے اور نہ آئندہ امید کہ طاقت ہو اسے جائز ہے کہ روزہ نہ رکھے اور ہر روزے کے بدلے ایک صدقہ فطر کی مقدار مسکین کو دے۔

نماز تراویح

نماز تراویح رمضان شریف میں مرد اور عورت کے لئے سنت موکدہ ہے۔ (درمختار) نماز تراویح روزہ کے تابع نہیں ہے۔ جو لوگ کسی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکیں ان کو بھی تراویح پڑھنا سنت ہے۔ اگر نہ پڑھیں گے تو ترک سنت کا گناہ ان پر ہوگا۔ مسافر اور مریض جو روزہ نہ رکھتا ہو اور اسی طرح حیض و نفاس والی عورت اگر تراویح کے وقت طاہر ہو جاوے اور اسی طرح وہ کافر جو اسلام لائے ان سب پر تراویح پڑھنا سنت ہے۔ اگرچہ ان لوگوں نے روزہ نہیں رکھا۔ (مراقی الفلاح)

تراویح کا وقت بعد نماز عشاء کے شروع ہوتا ہے۔ اور صبح کی نماز تک رہتا ہے۔ نماز عشاء سے پہلے اگر تراویح پڑھی جائے تو اس کا شمار تراویح میں نہ ہوگا۔ وتر کا بعد تراویح پڑھنا بہتر ہے۔ اگر پہلے پڑھ لے تب بھی درست ہے۔

اعتکاف

رمضان شریف کے اخیر عشرہ میں مسجد میں اعتکاف سنت موکدہ ہے۔

عورتوں کو اپنے اپنے گھروں میں اعتکاف کرنا چاہئے بلاضرورت باہر نہ جائیں۔

اعتکاف میں نفلیں۔ تسبیحیں۔ تلاوت قرآن شریف کرنی چاہئے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عبادت کا اہتمام خصوصاً اخیر عشرہ میں زیادہ فرماتے تھے۔ اور اعتکاف بھی اخیر عشرہ میں فرماتے تھے۔

تخصیص کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ لیلۃ القدر غالباً اسی عشرہ میں ہوتی ہے جس کی نسبت قرآن شریف میں وارد ہے کہ وہ ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔

صدقۂ فطر

جو مسلمان اتنا مالدار ہو کہ اس پر زکوٰۃ واجب ہو، یا مال زکوٰۃ تو نہ ہو مگر ضروری اسباب سے زائد اتنی قیمت کا مال اس کے پاس ہو جتنی قیمت پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے تو اس پر صدقۂ فطر دینا واجب ہے۔

صدقہ اپنی طرف سے اور باپ پر اپنی نابالغ اولاد کی طرف سے دینا واجب ہے۔ اگر نابالغ اولاد مالدار ہو تو باپ پر واجب نہیں بلکہ انہیں کے مال سے دے۔ مرد پر بیوی کی طرف سے اور بیوی پر شوہر کی طرف سے دینا واجب نہیں۔ لیکن دے تو استحساناً جائز ہے۔

صدقۂ فطر میں گیہوں یا اس کا آٹا دے تو انگریزی تول احتیاطاً پونے دو سیر دینا چاہئے اور جو یا جو کا آٹا دے تو اس کا دگنا۔ اگر کوئی دوسرا اناج دینا چاہے تو اتنا دے کہ اس کی قیمت پونے دو سیر گیہوں کی برابر ہو۔ جو کی اور گیہوں کی قیمت دیدی جائے تو جائز ہے۔ ایک آدمی کا صدقہ ایک ہی فقیر کو دے یا کئی فقیروں کو دے اختیار ہے

صدقۂ فطر کے مستحق وہ ہیں جو زکوٰۃ کے ہیں۔

رمضان المبارک کے برکات

رحمت کی ندائے عام

یَا بَاغِيَ الْخَيْرِ أَقْبِلْ وَيَا بَاغِيَ الشَّرِّ أَقْصِرْ اے بھلائی طلب کرنے والے آگے بڑھ اور اے برائی کی راہ چلنے والے پیچھے ہٹ۔

اس رحمت کی غیبی بشارت کو ایمان اور اخلاص ویقین کے کانوں نے سننے والے اگر اسپر عمل کرکے دامن تمنا کو جواہر مقصود سے بھرلیں تو یہ سعادت۔ اور جو اسے نہ سنیں یا سنکر عمل نہ کریں تو وائے حرمان و شقاوت۔

یہ مبارک مہینہ ہی وہ مہینہ ہے جس میں ہر نیکی کا اجر و ثواب سات سو گنے تک بلکہ اس سے بھی زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ جن مومنین مخلصین کے قلوب اس مہینے کے چھ کیف ذوق سے آشنا ہیں وہ ہر قسم کے اعمال صالحہ اور خیرات و مبرات کیلئے بڑی بے چینی سے اس مہینے کا انتظار کرتے ہیں۔

حضور انور صلعم کے فیض و کرم پاشیاں اس ماہ مبارک میں نسیم جاں افروز سے بھی زیادہ عام ہو جاتی تھیں۔

جمعیۃ علمائے ہند جو مسلمانوں کی دینی، اقتصادی، سیاسی اور تبلیغی خدمات انجام دے رہی ہے سب سے زیادہ مسلمانوں کی توجہ اور بذل کرم کی مستحق ہے۔ عام صدقات کے علاوہ زکوٰۃ اور صدقۃ الفطر کی رقوم بھی نومسلموں اور غریب بچوں کی ضروریات اور ان کی تعلیمی مصارف میں صرف ہو سکتی ہیں۔ مبلغین، معلمین اور جمعیۃ کے دفتری ملازمین اس دینی و اسلامی ادارہ کو قائم رکھنے کے لئے امدادی قوم کی بھی بیحد ضرورت ہے۔

امید ہے کہ تمام اہل دل حضرات جمعیۃ علماء کی مالی اعانت کیلئے دست کرم بڑھائیں گے اور معاونین قدیم اپنی اعانات کی مقدار کو اس مرتبہ خصوصیت سے زیادہ فرمادیں گے۔ ولاجر الکبیر عند اللہ۔

(مولانا) حسین احمد۔ (مولانا) ابو المحاسن محمد سجاد۔ (مولانا) لطف اللہ رحمانی۔ (مولانا) عبد اللہ

روزہ کے ضروری مسائل

مسلمان عاقل، بالغ، مقیم، تندرست پر روزہ فرض ہے۔ بشرطیکہ کوئی شرعی عذر نہ ہو شرعی عذروں کا ذکر آگے آتا ہے۔ روزہ کے لئے نیت کا کرنا ضروری ہے۔

نیت یعنی دل سے روزہ کا قصد کرنا اور زبان سے بصوم غد نویت کہنا مستحب ہے۔ اگر نیت روزہ کی نہ کرے اور تمام دن نہ کھائے نہ پئے تو روزہ صحیح نہ ہوگا۔ روزہ کی نیت سحری کھانے کے بعد کرلی لیکن ابھی صبح صادق نہیں ہوئی تو نیت کے بعد بھی صبح صادق سے پہلے کھانا پینا درست ہے۔ رمضان کے ہر روزہ کی نیت ہر روز کرنی چاہئے۔ سحری کھانا نیت کے قائم مقام ہے۔

سحری اور افطار کے مسائل

سحری کھانے کی حدیث شریف میں بہت فضیلت آئی ہے۔ اور اس کو انبیاء علیہم السلام کی سنت فرمایا گیا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سحری کھایا کرو اس میں بہت برکت ہے۔ یہ ضرور نہیں کہ پیٹ بھر کر ہی کھائے۔ بلکہ جس قدر رغبت ہو کھالے۔ ایک دو لقمے کھا لینے یا پانی کے ایک دو گھونٹ پی لینے سے بھی سنت ادا ہو جائے گی۔ سحری آخری وقت میں کھانا مستحب ہے بشرطیکہ طلوع صبح صادق سے پہلے یقیناً ختم کردی جائے۔ اگر صبح صادق ہو جانے کا شبہ ہو جائے تو پھر نہ کھائے۔ سحری کھانے کی اجازت صبح صادق سے پہلے پہلے تک ہے۔ کسی ناواقف مؤذن کی اذان سے سحری کھانا ممنوع نہیں ہو جاتا۔

آفتاب غروب ہوتے ہی افطار کرنا مستحب ہے دیر نہ کرنی چاہئے۔ ہاں ابر کے روز احتیاطاً تھوڑی تاخیر بہتر ہے۔ کھجور سے افطار مستحب ہے۔ کھجور نہ ہو تو پانی افضل ہے۔ اگر کسی اور چیز سے افطار کیا جب بھی مضائقہ نہیں۔ افطار کے وقت یہ دعا پڑھنا بہتر ہے:

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ فَطَرْتُ ذَهَبَ الظَّمَاءُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

روزہ کے مستحبات و مکروہات

روزہ میں لغو اور فضول باتوں سے پرہیز کرنا۔ کثرت سے عبادت کرنا۔ شب بیداری کرنا۔ عشرہ اخیرہ کا اعتکاف کرنا۔

روزہ میں یہ چیزیں مکروہ ہیں۔ ان میں سے کسی بات کے کرنے سے روزہ کا ثواب کم ہو جاتا ہے۔ غیبت کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ چغلی کھانا۔ کسی کو برا کہنا۔ گالی دینا۔ بلاضرورت کسی چیز کو چبا کر تھوک دینا۔ روزہ کی حالت میں بلاضرورت منجن پاک رہنا۔ منہ میں تھوک جمع کرکے نگل جانا۔

روزہ کے فاسد ہونے نہ ہونیکا بیان

قصداً کھا پی لینا۔ قصداً منہ بھر قے کرنا۔ کان یا ناک میں دوا ڈالنا۔ قصداً جماع کرنا۔ حلق کے راستہ یا حقنہ کے ذریعہ پیٹ میں دوا پہنچانا۔ روزہ یاد ہونے کی حالت میں کلی کرتے ہوئے بلا قصد حلق میں پانی چلا جانا۔ صبح صادق کے بعد رات سمجھ کر سحری کھا لینا۔ دن میں یہ سمجھ کر کہ شام ہوگئی افطار کرلینا۔ ان سب چیزوں سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ اور قضا واجب ہوتی ہے اور صرف اس صورت میں کہ کوئی غذا یا دوا قصداً کھا پی لے۔ یا قصداً جماع کرے کفارہ بھی واجب ہوتا ہے۔

جن چیزوں سے روزہ نہیں ٹوٹتا اور مکروہ بھی نہیں ہوتا ہے: بھولے سے کھا پی لینے یا جماع کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

سنن عید الفطر

غسل کرنا۔ حتی المقدور عمدہ کپڑے پہننا۔ خوشبو لگانا۔ کوئی میٹھی چیز کھا کر جانا۔ ایک راستہ سے جانا دوسرے سے واپس آنا۔ پیدل جانا۔ آہستہ تکبیر کہنا۔ تکبیر کے الفاظ یہ ہیں۔ اللہ اکبر۔ اللہ اکبر۔ لا الہ الا اللہ۔ واللہ اکبر۔ اللہ اکبر وللہ الحمد۔

نماز عید الفطر

نماز کی نیت یہ ہے۔ نیت کی میں نے دو رکعت نماز عید الفطر واجب کی ساتھ چھ زائد تکبیروں کے پیچھے امام کے اللہ اکبر کہکر ہاتھ باندھ کر ثنا پڑھے۔ پھر تین مرتبہ اللہ اکبر کہتا ہوا کانوں تک ہاتھ اٹھائے۔ [illegible] میں قرأت کے بعد رکوع سے پہلے تین تکبیریں کہے [illegible] دو خطبے پڑھے اور سب لوگ خاموشی سے سنیں [illegible] میں اذان اور تکبیر نہیں ہوتی۔

(مولانا) عبد اللہ ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند دہلی

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین بزرگان دین کے اسوۂ حسنہ پر عمل کی دعوت دینا ہے اور عطر ناک ادبیات کے ماحول کو مٹا کر صحیح علم و ادب اور مذہب و روحانیت سے آشنا کرنا اور ترقی یافتہ کائنات کی سنجیدگی سے روکنا ہے قیمت سالانہ [illegible] نمونہ کا پرچہ مہر کے ٹکٹ آنے پر روانہ کیا جاتا ہے۔ پتہ

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوافروش

بازار بلی ماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں۔ مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر حکیموں نے اس کے حق میں سرٹیفکیٹ دیئے ہیں۔ بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت صاف ستھرے طریقہ پر تیار ہوتی ہیں۔ مرد، عورت، بچے، بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mafg Co., (India)
P. Box 88. Bunder Road, Karachi.

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت پیش تھی جسکی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دوا سازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کیساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دواؤں کو خراب کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے۔ ہندوستان کے بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

وسیلۂ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے۔ مکمل کتاب ۸۸ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف [illegible] دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اس میں ۱۲۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں وہ اپنی زندگی میں شائع شدہ تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں ابتک تیار نہیں ہوا بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

المشتہر

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمہ والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب رح حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب رح حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب رح حضرت شیخ سعدی رح اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن مجید غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے صرف عللہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی عسللہ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے (عا) پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرّا اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کر سکتے ہیں ٹائٹیل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ (عہ) مجلد چرمی نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اور اس کا ٹائٹیل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ صرف ٹائٹیل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے جسے دیکھ کر دل مسرور ہوجاتا ہے ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ باجلد سے قسم دوم حنا شدہ باجلد عا علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کا ۸ اور چرمی کی جلد کا عہ ہدیہ کے علاوہ۔

ملنے کا پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکۃ الآراء تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آجکل اپنی فلاح و بہبود کیلئے شدید ضرورت ہے افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۱۳۶ صفحات قیمت صرف ۱۲ر علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جاچکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ	تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر	تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر
ار	ار	۲ر	۴ر

تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ۵ر علاوہ محصولڈاک۔

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۶ر

ابدی نجات۔ آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۲ر

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ ...

ششماہی ...

سہ ماہی ...

ممالک غیر کے لئے

سالانہ ...

ششماہی ...

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

معاون

محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر

ہلال احمد زبیری بی اے

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم ۵ ۹ ۱۳

۱۷ ۲۱ ۲۵ ۲۹

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) ...

نصف صفحہ ( ) ...

ایک کالم ( ) ...

½ کالم ( ) ...

¼ کالم ( ) ...

جلد ۱۷ | دہلی - یوم پنجشنبہ ۱۰ رمضان المبارک ۱۳۵۱ھ مطابق ۵ جنوری ۱۹۳۳ء | نمبر ۲

معاصرین کے افکار و آراء

کلکتہ (زمیندار)

اگر تھوڑی دیر کے لئے یہ بات فرض کر لی جائے کہ مسلمانان ہند کے صحیح اور اصلی نمائندے وہی بزرگ ہیں جنہیں موجودہ مسلم کانفرنس، موجودہ مسلم لیگ اور موجودہ جمعیۃ علماء کانپور کے ارباب بست و کشاد ہونے کا شرف خصوصی حاصل ہے، تو پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان مقدسین نے کلکتہ میں جمع ہو کر اپنی قائدانہ ذمہ داریوں کی خطا آشنا جس انوکھی شان سے کیا وہ مجد عربی (یا یا کسنا ہوا ہو جاتا) کے حلقہ بگوشوں کو زیب دینے والی تھی یا مسٹر ونسٹن چرچل کے نیاز مندان ازلی کو۔

کلکتہ سے بدنصیب ملت کے ان برخود غلط رہنماؤں کی سرگرمیوں کی جو تفصیل مختلف ذرائع سے موصول ہوئی ہے، وہ اس درجہ صبر آزما ہے کہ لغت اردو میں کوئی غضب آلود جملہ کوئی باطل ربا فقرہ اس کا موزوں ترین تبصرہ کرنے کیلئے ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتا۔

اسلام کی حرمت کے نام پر وطن کی حرمت کے نام پر دین قیم کی سیر ... روایات کے شرف و مجد کے نام پر ان بزرگوں سے پے در پے ... کی گئیں کہ ملت کو تشتت و افتراق کی مصیبت کبریٰ سے بچانے کی خاطر لکھنؤ پہنچیں اور اسلامیان ہند کے لئے کسی ایک متحدہ نصب العین، کسی ایک مشترکہ لائحہ عمل کے تجویز کرنے میں اپنے دوسرے اسلامی بھائیوں کا ہاتھ بٹائیں، تاکہ دنیا اسلام کو یہ طعنہ دینے کے قابل نہ رہے کہ ... کا آوازۂ استحالی اب مسلمانوں کے لئے ایک قصہ پارینہ کی گونج ہو کر رہ گیا ہے لیکن ان پر کسی اپیل کا اثر نہ ہوا، اور انہوں نے اپنے کنج افتراق میں منزوی ہو کر ملت کے دوسرے خادموں سے بچ پر وردگار فرنگ کے جا ناہی وقت کی سب سے بڑی مصلحت سمجھا اور ... بیتی و بینکم کہتے ہوئے کعبہ کی راہ لینے کے بجائے بید سے ترکستان روانہ ہو گئے یعنی کلکتہ پہنچ کر یوروپین ایسوسی ایشن کے صلیبی پرچم کے سایہ میں اپنا ایک جلسہ منعقد کر ڈالا جس کو نام یہ دیا گیا کہ یہ مسلمانان ہند کے دینی و دنیوی آرا و افکار کا آئینہ خانہ ہے۔

مسلمان رئیسوں کے دو خبط (البشیر)

آج کل کثرت کے ساتھ مسلمان زمینداروں اور رئیسوں میں یہ خبط پیدا ہو گیا ہے کہ وہ چھوٹے اور بڑے انگریزی افسروں کو ایٹ ہوم پارٹی ایٹ ہوم لنچ اور ڈنر کی دعوت دیتے ہیں جس میں شہر اور ضلع کے بہت سے یورپین اور ہندو اور ...

مسلم کانفرنس کے خطبے (ہمدم جدید)

مسلم کانفرنس کے دونوں خطبے چونکہ ایک ہی مفید قائم شدہ العقوبتی نے مرتب کئے ہیں، اس لئے یکساں ہیں اور ایک ہی ذہنیت ظاہر کر رہے ہیں، دونوں کا مشترک خلاصہ حسب ذیل ہے:

۱۔ مسلم کانفرنس ہی مسلمانان ہند کی واحد نمائندہ جماعت ہے، لہٰذا اس کا فیصلہ تمام مسلمانوں کا فیصلہ ہے!

۲۔ الہ آباد میں جو تے ہیں مسلمانوں کے مطالبات اگر منظور بھی کئے گئے ہیں تو صرف اس غرض سے کہ مسلمانوں کو بھی حکومت سے لڑنے پر آمادہ کیا جائے!

۳۔ بنگال میں مسلمانوں کو اکاون فی صدی نشستیں دینا الہ آباد کانفرنس نے اس لئے منظور کیا ہے کہ انگریز تاجروں کو نقصان پہنچایا جائے!

۴۔ الہ آباد کانفرنس میں جو اتحاد ہوا ہے اس کی غرض یہ ہے کہ گاندھی جی کو رہا کرایا جائے!

۵۔ اور برطانیہ کو مجبور کیا جائے کہ ہندوستان کے سامنے ذلت کے ساتھ گھٹنے ٹیک دے!

۶۔ مسلمان، انگریزی حکومت کے ہمیشہ دعا گو رہے ہیں اور آئندہ بھی دعا گو رہیں گے!

۷۔ جداگانہ انتخاب ہی جاری ہے تاکہ ہم ہمیشہ اپنی پسند کے آدمی ہی کونسلوں میں بھیج سکیں!

۸۔ الہ آباد کے مجوزہ مخلوط انتخاب کی جو صورت تجویز کی ہے وہ بھی درحقیقت جداگانہ انتخاب ہی کی صورت ہے مگر اس میں یہ خرابی رہ گئی ہے کہ اس کی موجودگی میں تو دھا ہمارا کونسلوں میں جانا مشکل ہے!

...

بنگال کی پارلیمنٹ ...

...

جمعیۃ العلماء کانپور ...

...

سال کے ایک ماہ میں ذکر الٰہی کی کثرت

تراویح، سحری، اعتکاف اور نفلی روزے

روزہ داروں کے لئے احادیث نبوی کا تحفہ

ذیل میں احادیث نبوی کی رو سے نماز تراویح، سحری، اعتکاف وغیرہ مسائل کے فضائل کا بیان مندرج کیا جاتا ہے جو ہر مومن کے لئے روحانی کھیتی کو سیراب کرنے والا ایک متلاطم دریا ہے۔ خدا ہم سب کو نیک عمل کی توفیق دے۔

نماز تراویح

نماز تراویح رمضان شریف میں مرد و عورت کیلئے سنت مؤکدہ ہے۔ (درمختار)

نماز تراویح روزہ کے تابع نہیں ہے۔ جو لوگ کسی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکیں ان کو تراویح پڑھنا سنت ہے۔ اگر نہ پڑھیں گے تو ترک سنت کا گناہ ان پر ہوگا۔ مسافر اور مریض جو روزہ نہ رکھتا ہو اور اسی طرح حیض و نفاس والی عورت اگر تراویح کے وقت طاہر ہو جائے اور اسی طرح وہ کافر جو اسلام لائے ان سب کو تراویح پڑھنا سنت ہے۔ اگرچہ ان لوگوں نے روزہ نہ رکھا ہو۔ (مراقی الفلاح)

تراویح کا وقت بعد نماز عشاء کے شروع ہوتا ہے۔ اور صبح تک رہتا ہے۔ نماز عشاء سے پہلے اگر تراویح پڑھی جائے تو اس کا شمار تراویح میں نہ ہوگا۔

وتر کا بعد تراویح پڑھنا بہتر ہے۔ اگر پہلے پڑھ لے تب بھی درست ہے۔

سحری

سحری کیا کرو سحری میں برکت ہوتی ہے۔ (بخاری و مسلم)

عرباض بن ساریہ کو سحری کے کھانے پر یہ فرما کر بلایا۔ عرباض! مبارک غذا ...

...

ایک سال آئندہ کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا۔ (ابن ماجہ)

دسویں تاریخ کو اپنے اہل و عیال پر توسیع رزق کرنے سے تمام سال برکت ہوتی ہے۔ (بیہقی) یعنی محرم کی دسویں۔

شعبان کے مہینے میں حضور کثرت سے روزے رکھا کرتے تھے اور فرماتے تھے لوگ اس مہینے سے غافل ہیں۔ اس مہینے کی بندرہویں شب کو بندوں کے اعمال پیش ہوتے ہیں، میری تمنا یہ ہے کہ جب میرے اعمال پیش ہوں تو میرا شمار روزہ داروں میں کیا جائے۔ (بیہقی)

ہر مہینے کے تین روزے اور رمضان کے روزے پورے زمانے کے روزے ہوتے ہیں۔ (مسلم)

ابو ہریرہ کہتے ہیں میرے خلیل نے مجھ کو تین باتوں کی وصیت کی ہے۔ ایک ہر مہینے میں تین روزے۔ دوسرے چاشت کی دو رکعتیں۔ تیسرے سونے سے پیشتر وتروں کا پڑھ لینا۔ (بخاری و مسلم)

ابن عمر سے فرمایا تم دن بھر روزہ رکھتے ہو رات بھر قیام کرتے ہو ایسا نہ کیا کرو آخر تم پر تمہارے بدن کا بھی حق ہے، تمہاری آنکھ کا بھی حق ہے، تم پر تمہاری بیوی کا بھی حق ہے۔ اگر روزوں کا بہت شوق ہے تو ہر مہینے میں تین روزے رکھ لیا کرو۔ یہ پورے سال کے روزے ہو جائیں گے۔ (بخاری و مسلم)

تیرھویں، چودھویں، پندرھویں کے روزے ایام بیض کے روزے ہیں۔

...

نفلی روزے

...

اعتکاف

...

ضروری گزارش

...

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۸ رمضان المبارک ۱۳۵۱ ہجری

ہمارے سفر کی آٹھویں منزل

راستہ کی دشواریاں اور مقصد کی کشش

جب کوئی مسافر کسی دشوار گزار راہ میں قدم رکھتا ہے اور ان بے شمار خطرات و مصائب کا علم رکھنے کے باوجود جو اسے آئندہ پیش آنے والے ہیں کسی مقصد کی تجو میں سرگرم سعی ہوتا ہے تو اس کا دل امیدوں اور آرزوؤں کے ہجوم سے بھرا ہوا نظر آتا ہے اور شاہد مقصد کی نظر فریبی و دلکشی اس قدر خود رفتہ و مدہوش کر دیتی ہے کہ وہ تمام خطرات و اندیشہ ہائے بسیار سے قطع نظر کر کے صرف اسی کو اپنے سامنے رکھتا ہے اور دوسرے تمام تصورات کو یک قلم محو کر دیتا ہے۔ مگر جیسے جیسے سفر کی دشواریاں اور منازل برداشت صعوبتیں پیش آتی جاتی ہیں اور اس مسافر کو خیالات و افکار کی دنیا سے نکل کر سعی و عمل کی دنیا میں حقائق سے دوچار ہونا پڑتا ہے اس کے عزم صمیم پر نہایت کاری ضربیں لگتی ہیں ...

حوصلہ فرسا مضامین لکھے گئے، اکابر کی توہین کی گئی، اور یہ سب کچھ اس لئے کیا گیا کہ الجمعیۃ اپنے اس مسلک کو قوم کے سامنے پیش نہ کرے جو حریت و آزادی کا مسلک ہے اور جسے تعلیمات اسلامی کی روشنی میں روز اول ہی سے الجمعیۃ نے اپنے لئے منتخب کر لیا ہے ...

کلکتہ میں مسلم کانفرنس کی ناکامی کے بعد

ہندوستان کی اسلامی جمعیتوں کا متحدہ جلسہ

مسلمانان کلکتہ کے جوش و خروش کا مظاہرہ

جلسہ کی کارروائی

صدارتی خطبہ

قرارداد اول

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

کلکتہ کی سرکاری کانفرنس

گلابی اردو

ہندو و مسلمانوں کا دو طرفی اتفاق

غازی محی الدین صاحب اجمیری

مولانا عنایت اللہ صاحب

فیصلہ

شیخ حسام الدین صاحب

سید حسین صاحب بیرسٹر کی تقریر

دارالحکومت

سال نو کے خطابات کی گل پاشی

بہت سے لوگوں کی امیدیں بر آئیں

نئی دہلی یکم جنوری۔ سال نو کے خطابات کی فہرست شائع ہوگئی اور ان لوگوں کی تمنیں برآئیں جو ایک سال سے ٹکٹکی لگائے ہوئے قیصر ہند کی طرف دیکھ رہے تھے۔ سال نو کے نزدیک آنے کے ساتھ بہت سے لوگ مایوسی اور شرم و ندامت کے دریا میں غرق ہوگئے اور ان کی چینیں بہت ہوگئیں کیونکہ خدمات جلیلہ کے باوجود وہ خطابات سے محروم ہوگئے اور فہرست میں اس کا اسم گرامی شائع نہ ہوسکا۔ دہلی میں جن جن حضرات اور عقیدت مندان خاص کو ملک معظم نے خطابات سے سرفراز کیا ان کی فہرست ذیل میں درج ہے:۔

مولوی عبدالرحمٰن صاحب جو دہلی یونیورسٹی میں عربی اور فارسی کے پروفیسر ہیں ان کو شمس العلماء کا خطاب ملا ہے۔

رائے بہادر راج نرائن ۔۔۔ دہلی کو قیصر ہند میڈل درجہ دوم ملا ہے۔

سوہن لال سکریٹری میونسپلٹی کو ایم۔ بی۔ ای کا پروانہ عطا ہوا ہے۔

خان صاحب کا خطاب مندرجہ ذیل اصحاب کو عطا ہوا ہے:۔

حاجی رشید احمد ۔۔۔ سکریٹری امن سبھا دہلی۔ فاضل فضل دہلوی

شیخ نورالدین ۔۔۔ مولوی احمد حسین قریشی۔

دہلی میں چیچک کی وبا

میونسپلٹی کی طرف سے ٹیکہ کا ناکافی انتظام

دہلی میں چیچک کا زور ہو رہا ہے ۲۷ دسمبر سے ۲۹ دسمبر تک شہر دہلی میں چیچک سے ۸ اموات ہوئیں۔ میونسپلٹی نے عوام کو تنبیہ کی ہے کہ اس خطرناک بیماری سے بچنے کے لئے ٹیکہ لگوائیں مگر اس کے باوجود میونسپلٹی کی طرف سے اس کا انتظام سخت ناکافی ہے اور لوگوں کو جائز شکایات پیدا ہو رہی ہیں۔ ٹیکہ کے اسٹیشن ہفتہ میں ایک دن صرف چند گھنٹوں کیلئے کھلتے ہیں۔ ۔۔۔ میونسپلٹی کو چاہئے کہ وہ لوگوں کی اس شکایت پر خاص توجہ دے۔

تانگہ اور بھینس کے ٹیکس کی منسوخی

گھاس اور بھوسہ پر ٹیکس لگادیا جائے

دہلی ۳۱ دسمبر۔ سکریٹری صاحب دہلی میونسپل کمیٹی نے بھوسہ پر ترمینل ٹیکس لگانے ۔۔۔ کمیٹی کے آئندہ اجلاس میں پیش ہوں گی۔

سکریٹری صاحب کی تجویز کا خلاصہ حسب ذیل ہے:۔

۔۔۔ تانگہ لائسنس فیس کو بالکل منسوخ کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

دہلی میں بم پھٹ گیا

حملہ آور صراف کی تھیلی چھین کر بھاگ گئے

دہلی ۳۱ دسمبر۔ کل شب کو دس بجے گلی چیل دہلی میں ایک عجیب واقعہ ہوا۔ ۔۔۔ بم پھینکا گیا ۔۔۔ تھیلی چھین کر بھاگ گئے۔

دفتر جمعیۃ علماء ہند میں نماز تراویح

نہایت مسرت کا مقام ہے کہ جناب قاری حافظ ۔۔۔ صاحب ۔۔۔ دفتر جمعیۃ علماء ہند میں نماز تراویح ۔۔۔ قرآن شریف سنائیں گے۔ ۔۔۔

ریاست الور میں میو قوم کے خلاف افواج کی نقل و حرکت

حکومت ہند نے ریاست کی حمایت میں آرڈیننس نافذ کردیا

میواتیوں نے بغاوت کردی؟ مہاراجہ کی دہلی میں آمد

الور ۲ جنوری۔ کل بجائے نوروزی خوشی کے بجائے الور میں سخت ہیجان برپا ہوگیا کیونکہ مخالفوں کا بیان ہے کہ موضع ہرسول میں میو قوم نے بغاوت کردی، میو قوم کے بدخواہ کہتے ہیں ۔۔۔ ان کی بیوفائی سے فائدہ اٹھا کر میوؤں نے حملہ کردیا۔ تحقیقات کی غرض کے متعلق اب تک کچھ معلوم نہیں ہوسکا۔

معلوم ہوا ہے کہ ایک عدالتی ۔۔۔ ایجنٹ گورنر جنرل دہلی روانہ ہوگئے ہیں۔ ۔۔۔ الور نے گزشتہ شب اپنے دربار میں اعلان کیا کہ مجھے سخت افسوس ہے کہ بالآخر مجھے اپنی افواج کو فساد زدہ علاقہ کو روانہ کرنا پڑا ۔۔۔ کہ میں نے شورش پسندوں کے خلاف اب تک سخت کارروائی کرنے سے گریز کیا ہے۔ میں خود دہلی جا رہا ہوں تاکہ برطانوی حکومت پرائیویٹ ریاست کے خلاف بیرونی شورش بند کرنے کیلئے کچھ اثر ڈال سکوں۔

الور ۲ جنوری۔ مہاراجہ الور اپنے وزیر جنگ کی معیت میں آج دہلی روانہ ہوگئے۔ آپ حکومت کے ارباب بست و کشاد سے ملاقات کریں گے۔ افواہ ہے کہ ریاست کے خلاف بیرونی شورش کو بند کرنے کے لئے حکومت ہند ۔۔۔ ایک آرڈیننس نافذ کرے گی۔

الور کے ہندوؤں پر حملہ

مسلمانوں کو دو مسجدیں اور دیدی گئیں

نامہ نگار اسٹیٹسمین کا بیان

نئی دہلی ۲ جنوری۔ اخبار اسٹیٹسمین کا نامہ نگار حال ہی میں گوڑگاؤں اور فیروزپور جھرکہ کا دورہ کرکے واپس آیا ہے۔ اس خبر کی تصدیق کرتا ہے کہ میوؤں نے ہرسول کے ہندوؤں پر حملہ کیا اور ایک اطلاع مظہر ہے کہ افواج کو کشن گڑھ اور تجارہ روانہ کردیا گیا ہے۔

گوڑگاؤں اور فیروزپور جھرکہ سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ مہاراجہ نے جو تحقیقاتی کمیشن مقرر کیا تھا اس میں کوئی میو گواہی دینے کے لئے نہیں آیا۔ صرف الور نظامت کے دو میوؤں نے آکر گواہی دی کہا جاتا ہے کہ رام گڑھ کے میوؤں نے حکام کے خلاف سخت اشتعال انگیز رویہ اختیار کیا اور جو افسر اس راستہ سے گزرے ان کی موٹروں پر سنگ باری کی ۔۔۔ پاش پاش کردیا گیا۔

کہا جاتا ہے کہ نظامت کشن گڑھ، رام گڑھ اور تجارہ کے میواتیوں نے پہرہ لگا دیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ یکم جنوری کو مبارک پور کی مسجد مسلمانوں کے حوالہ کردی گئی۔ ۔۔۔ کی مسجد مہاراجہ الور نے گزشتہ دربار کے موقعہ پر مسلمانوں کو دیدی۔

ہندوستان کے تمام صوبوں میں سیاسی قیدیوں کی تعداد

گزشتہ نومبر تک کے اعداد و شمار

قیدیوں کی تعداد میں روز افزوں کمی

حال میں سیاسی قیدیوں کے جو اعداد و شمار شائع ہوئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ قیدیوں کی تعداد روز بروز کم ہوتی جارہی ہے۔ معمولی قوانین اور آرڈیننس کے تحت جن لوگوں کو سزائیں ہوئی ہیں ان کے سو بدوار اعداد و شمار حسب ذیل ہیں۔ گزشتہ سال کے اختتام تک مندرجہ ذیل صوبوں کے سیاسی قیدیوں کی تفصیل یہ ہے:۔

صوبہ	مرد	عورتیں
مدراس	۱۳۵۵ مرد	۱۳۷ عورتیں
بمبئی	۴۴۳۷	۲۲۷
بنگال	۲۳۰۳	۱۳۹
صوبجات متحدہ	۲۴۹۹	۱۴۴
بہار و اڑیسہ	۲۲۳۴	۵۲
پنجاب	۵۱۸	۲۳
صوبجات متوسط	۵۲۲	۲
آسام	۴۴۶	۱۱
صوبہ سرحد	۱۹۶۶	۱
دہلی	۱۴۹	۱۴
کورگ	۹۶	۰
اجمیر مارواڑ	۶۱	۲
	۱۷۵۳۶	۶۱۷

میزان کل ۱۸۲۵۳

نومبر ۳۲ء کے اختتام تک سیاسی قیدیوں کی تعداد مندرجہ ذیل رہی:۔

صوبہ	مرد	عورتیں
مدراس	۱۲۹۴ مرد	۱۱۷ عورتیں
بمبئی	۴۱۵۶	۲۲۰
بنگال	۲۱۶۹	۱۳۴
صوبجات متحدہ	۳۲۴۶	۱۲۷
بہار و اڑیسہ	۲۱۶۴	۴۲
پنجاب	۴۴۱	۱۹
صوبجات متوسط	۴۰۷	۱
آسام	۳۷۷	۷
صوبہ سرحد	۱۹۴۹	۱
دہلی	۱۴۱	۱۳
کورگ	۵۹	۰
اجمیر مارواڑ	۵۷	۳
	۱۶۴۶۱	۶۸۴

میزان کل ۱۷۱۴۵

گاندھی جی کی رہائی کی دوبارہ خبر

اخبار ڈیلی ہیرالڈ کا یقین

گاندھی جی کی طرف سے تردید

گاندھی جی کی رہائی کی خبر ۔۔۔ کا ایک برقی پیام مظہر ہے کہ اخبار ڈیلی ہیرالڈ نے پھر گاندھی جی کی رہائی کی خبر شائع کی ہے اور لارڈ ولنگڈن کے متعلق ہونے کی خبر کو صحیح قرار دیا ہے۔

کانگریس کے لئے اشتراک عمل

اخبار مذکور لکھتا ہے کہ دہلی کے معتبر حلقہ سے اس خبر کی تردید کی گئی ہے کہ گاندھی جی عنقریب رہا کردئے جائیں گے اور لارڈ ولنگڈن مستعفی ہوجائیں گے، لیکن پھر بھی سر سیموئیل ہور اور لارڈ ولنگڈن یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ کسی نہ کسی طرح کانگریس کے اشتراک عمل کو حاصل کرلیں گے اور اصلاحات کی آخری منزل ان کی تائید سے طے ہوگی۔

وزیر ہند کا دعویٰ

چنانچہ اخبار مذکور کے نامہ نگار کا بیان ہے کہ انہوں نے سر تیج بہادر سپرو اور مسٹر جیکر سے یہ خواہش ظاہر کی ہے کہ وہ ہندوستان پہنچتے ہی گاندھی جی سے ملاقات کریں لیکن انہوں نے گاندھی جی یا دوسرے جو جیل میں ہیں گفتگو کرنے سے قطعاً انکار کیا جس پر سر سیموئیل ہور اور لارڈ ولنگڈن نے سر تیج بہادر سپرو اور مسٹر جیکر کو یقین دلایا کہ گاندھی جی جلد سے جلد رہا کردئے جائیں گے۔ اخبار مذکور کا نامہ نگار یہ بھی لکھتا ہے کہ حکومت ہند نے سر سیموئیل ہور کی اس تجویز کو اس وقت تک قبول کرنے سے انکار کیا جب تک کہ اسے اچھی طرح معلوم نہ ہوجائے کہ کن امور پر گفتگو ہوگی جس نے بہت ہی نازک صورت پیدا کردی ہے۔

نامہ نگار مذکور یہ بھی لکھتا ہے کہ لارڈ ولنگڈن آئندہ موسم گرما کے آخر میں یا موسم سرما کے شروع میں اپنے عہدے سے مستعفی ہوجائیں گے لندن سے روانہ ہونے سے قبل ۔۔۔ کا معتبر نامہ نگار لکھتا ہے کہ حکومت برطانیہ کی یہ ہرگز خواہش نہیں ہے کہ وہ گاندھی جی کو ایک منٹ کے لئے بھی ضرورت سے زیادہ جیل میں رکھیں لیکن انہیں رہا کرنے کے لئے حکومت کے لئے بیشتر یہ کہ وہ ۔۔۔ اظہار کرے جو کہ رہائی کے بعد گاندھی جی کے مشاغل کے متعلق ہوں گا۔

اور یہ خبر اب تک پوری نہیں ہوئی ہیں۔

گاندھی جی کی طرف سے تردید

پونا ۱۳ دسمبر۔ آج جس وقت گاندھی جی کے بعض احباب ان سے جیل میں ملاقات کی تو انہوں نے گاندھی جی سے ان کی رہائی کا ذکر کیا اور پوچھا کیا لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ حکومت سے کچھ نامہ و پیام کر رہے ہیں۔ لیکن گاندھی جی نے اس خبر سے بالکل لاعلمی کا اظہار کیا اور اسے غلط قرار دیا اور اس پر افسوس کیا کہ یہ کیوں اخبارات میں شائع کی جاتی ہیں جہاں تک ان کی اطلاعات کا تعلق ہے۔ رہائی کا یہ سارا قصہ من گھڑت ہے۔

کانگریسیوں سے جرمانہ کی وصولی

قرق امین کی تگ و دو

دہلی یکم جنوری۔ کل قرق امین صدر دہلی نے ڈاکٹر سکھدیو سابق ڈکٹیٹر جنگ دہلی کانگریس کمیٹی سے ملاقات کی تھی اور ان سے ۔۔۔ روپے جرمانہ وصول کرنا چاہا مگر انہوں نے صاف انکار کردیا کہ ان کے پاس اتنی جائداد نہیں ہے کہ وہ جرمانہ ادا کرسکیں اس لئے قرق امین کو واپس جانا پڑا۔ ڈاکٹر صاحب کو ترک سول نافرمانی میں ۳ ماہ قید اور دو سو روپے جرمانہ کی سزا ہوئی تھی یا بعدم ادائیگی جرمانہ ۶ ماہ مزید قید کا حکم تھا۔ چنانچہ ڈاکٹر سکھدیو ۳ ماہ قید پوری کرنے کے بعد رہا کردئے گئے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ مسٹر پھول چند جین ۔۔۔ جو دہلی کانگریس کے تیرھویں ڈکٹیٹر تھے ایک ہزار روپیہ جرمانہ کیا گیا تھا اور اب قرق امین ان کی تنخواہ میں سے یہ روپیہ وصول کرنا چاہتا ہے حالانکہ مسٹر پھول چند بعدم ادائیگی جرمانہ مزید قید بھگت چکے ہیں۔

اسی طریقہ سے شانتی دیوی ۔۔۔ دیوی کو بھی نوٹس دیا گیا ہے جس میں ان سے جرمانہ ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

ڈکٹیٹر دوم جمعیۃ علمائے ہند کا مقدمہ

دہلی یکم جنوری۔ ۔۔۔ آج حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب ڈکٹیٹر دوم جمعیۃ علمائے ہند اور مولانا عبیداللہ صاحب و مولانا فضل الرحمن صاحب کارکنان جمعیۃ علمائے ہند کا مقدمہ ڈسٹرکٹ جیل دہلی میں مجسٹریٹ کے روبرو پیش ہوا۔ بغیر کسی کارروائی کے مقدمہ ۱۶ جنوری کے لئے ملتوی کردیا گیا۔

مدیر الجمعیۃ کی مراجعت

دہلی ۳ جنوری۔ کل جناب مولانا احمد صاحب زبیری ایڈیٹر الجمعیۃ الہ آباد اور کلکتہ کے اجتماعات سے فارغ ہوکر بخیریت تمام دہلی واپس تشریف لے آئے ہیں۔

گورنر پنجاب کا آئندہ قائمقام

کپتان سکندر حیات خاں کے تقرر کی افواہ

نئی دہلی ۳ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ ہز ایکسلنسی سر جیفری ڈی مانٹ مورنسی گورنر پنجاب اپنے عہدہ سے اسال اپریل کے ابتدائی ہفتہ میں سبکدوش ہوجائیں گے آپ شملہ کی بجائے لاہور سے سیدھے انگلستان تشریف لے جائیں گے آپ کے جانشین کے متعلق آئندہ ہفتہ کے آغاز میں اعلان کردیا جائے گا۔

غیر سرکاری حلقوں میں بیان کیا جاتا ہے کہ کپتان سردار سکندر حیات خان ایم۔ بی۔ ای سینئر ممبر ایگزیکٹو کونسل گورنر پنجاب آپ کے جانشین مقرر ہوں گے۔ اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ آپ چار ماہ تک قائم مقام گورنر کی حیثیت سے فرائض انجام دے چکے ہیں۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ وائسرائے کی ۔۔۔

اعلیٰ ذاتوں کی خدمت کرکے نجات حاصل کرو

اچھوتوں کیخلاف شنکر آچاریہ کا جذبہ

مدراس یکم جنوری۔ جگت گرو ۔۔۔ پوری کے شنکر آچاریہ نے اچھوت ادھار کے خلاف ایک طویل بیان شائع کیا ہے، جس میں وہ اچھوت پن کو جائز قرار دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہر ایک مذہب میں خصوصاً سناتن دھرم میں انسانوں کے درجہ کے مطابق نجات کے طریقے ہوتے ہیں۔ اچھوتوں کو اگر نجات حاصل کرنی ہے تو انہیں چاہئے کہ اونچی ذاتوں کی خدمت کرکے اسے حاصل کرنا چاہئے۔ ۔۔۔ برہمنوں اور اعلیٰ ذات والوں کا کام ہے ۔۔۔ اچھوتوں کو ان میں داخل ہونے کا کوئی حق نہیں اور اگر اچھوت مندروں میں داخلہ کی کوشش کرتے ہیں تو وہ شاستروں کے خلاف چلتے ہیں۔

سال نو کس کے حق میں بہتر ہوگا؟

ہندوستان میں برطانوی مال کی بیش از بیش کھپت

سال نو کا سبق کون کون فراموش کرسکتے ہیں، دوردراز کے لوگ سال نو پر گہری نگاہ ڈالتے ہیں ۳۳ء کے متعلق سوائے ایک انگریزی اخبار کے اور کسی نے خبر کا کوئی کلمہ نہیں کہا۔ اس سال کو برطانیہ کے لئے قابل فخر کہا جاتا ہے۔ لندن کا ایک لاسلکی پیغام مظہر ہے کہ ہندوستان کی بہتر حالت برطانوی مال کی درآمد کی ترقی کے لئے معاون ہوگی۔ انگلستان کے اخبار فنانشل ٹائمز اور ڈیلی ٹیلیگراف ۳۳ء کو برطانیہ کے حق میں بہتر بتاتے ہیں۔

نصف شب کو آزادی کا ریزولیوشن

کانگریسی جشن۔ دس افراد گرفتار

بمبئی یکم جنوری۔ پولیس اور اخبار کے نمائندے آج تمام رات سخت سردی میں واقعات کا انتظار کرتے رہے۔ جب کہ خوشنوا الحان بلبلیں ۔۔۔ کا پیغام سنانے کی تیاریاں کر رہی تھیں ٹھیک بارہ بجنے پر چند کانگریسی شب کی تاریکی میں نکلے اور ہندوستان کی آزادی کے متعلق کانگریس کا ریزولیوشن دہرایا۔ دیگر کانگریسی نعرے لگاتے رہے ابتک دس گرفتاریاں عمل میں آئی ہیں۔ کانگریس کی جانب سے آج کے لئے ایک طویل پروگرام کا اعلان کیا گیا ہے۔

حامیان اردو کے لئے تازیانہ

ہندی کی ترویج کیلئے زبردست پروگرام

گوالیار یکم جنوری۔ کل ہندی ساہتیہ سمیلن کا ۲۲ واں اجلاس ختم ہوگیا۔ اجلاس میں متعدد ۔۔۔ تجاویز منظور کی گئیں جن میں ایک یہ تھی کہ ہندی کی ترویج کیلئے ۔۔۔ زبردست پروپیگنڈا کیا جائے ۔۔۔ کو بارہ سو روپے کا انعام دیا گیا۔ ایک خاتون سوبھدرا کماری ۔۔۔ ایک بہتر ناول لکھنے کے صلہ میں اس سال بھی سکسیریا انعام حاصل کیا۔

لکھنؤ میں خواتین کانفرنس کی تجاویز

برتھ کنٹرول کی تعلیم۔ طلاق کا مطالبہ

لکھنؤ یکم جنوری۔ کل آل انڈیا خواتین کانفرنس کا اجلاس پھر منعقد ہوا جس میں چند تجاویز منظور ہوئیں۔ ایک تجویز یہ بھی منظور ہوئی کہ مردوں اور عورتوں کو برتھ کنٹرول (ضبط حمل) کے طریقہ کی تعلیم دی جائے۔ اس تجویز کی اجلاس میں سخت مخالفت کی گئی مگر کثرت آراء سے اس کو منظور کرلیا گیا۔ جلسہ میں اشتہارات بھی تقسیم کئے گئے جن میں مردوں کے ساتھ عورتوں کے مساوی حقوق اور طلاق کا مطالبہ کیا گیا تھا۔

نائٹو لکشمی رتی سال رواں کے لئے کانفرنس کی صدر منتخب کی گئیں۔ رانی لکشمی بائی سکریٹری مقرر ہوئیں اور راجکماری امرت کور، بیگم محمد شفیع، مسز ہنسا مہتا، مسز برج لال نہرو، لیڈی سر ۔۔۔ اسمٰعیل اور مسز رستم جی زیدون جی نائب صدر منتخب کی گئیں۔

عراق اور افغانستان میں معاہدہ

دو ملتیں میں خوشگوار تعلقات

پشاور ۳ جنوری۔ طہران میں افغانستان اور عراق کے درمیان معاہدہ دوستی و مودت پر جانبین کی طرف سے دستخط ہوگئے ہیں۔ اس معاہدہ سے تمام افغانستان اور عراق میں مسرت کی لہر دوڑ گئی ہے۔ امید ہے کہ یہ معاہدہ دونوں ملتوں کیلئے باعث افتخار ہوگا۔

اتحاد کانفرنس کی سب کمیٹی کا اجلاس ۴ فروری تک کیلئے ملتوی ہوگیا

بنگال ہندو کانفرنس کی کمیٹی اب تک کوئی فیصلہ نہیں کرسکی

روانگی کے وقت شیخ عبدالمجید صاحب سندھی کا بیان

کلکتہ یکم جنوری۔ کل برلا پارک میں اتحاد کانفرنس کی سب کمیٹی کا اجلاس شروع ہوا جس میں شیخ عبدالمجید صاحب سندھی کے علاوہ اتحاد کانفرنس کے تمام ممبر بنگال ہندو کانفرنس کے ارکان اور خان بہادر عبدالمومن، مسٹر فضل الحق، مولوی عبدالکریم اور مسٹر شمس الدین وغیرہ سب حضرات نے شرکت کی۔ اتحاد کانفرنس الہ آباد کی سب کمیٹی کے اجلاس کے لئے اعلان کیا گیا کہ رمضان المبارک کے باعث اس کا اجلاس ۴ فروری کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔ سب کمیٹی نے حسب ذیل بیان شائع کیا ہے۔

اتحاد کانفرنس کی سب کمیٹی کا اجلاس آج ۳ بجے سہ پہر منعقد ہوا۔ ۔۔۔ بنگال ہندو کانفرنس کی کمیٹی اب تک کوئی فیصلہ نہیں کرسکی ہے ۔۔۔ مسئلہ کے تمام پہلوؤں پر غور کررہی ہے اور اس کا کام ختم نہیں ہوا ہے۔ اس کے علاوہ پنڈت مالویہ نے تجویز پیش کی کہ سب کمیٹی کا اجلاس ملتوی کردیا جائے چنانچہ ماہ رمضان المبارک کو مدنظر رکھتے ہوئے قرار پایا کہ اجلاس آئندہ ۴ فروری تک کیلئے ملتوی کردیا جائے۔ صدر سب کمیٹی کو اختیار دیا گیا کہ وہ سب کمیٹی کے آئندہ اجتماع کے متعلق تاریخ اور مقام کا آئندہ اعلان کردیں۔ جلسہ میں آسام کے نمائندے بھی موجود تھے جن کا اصرار تھا کہ آسام کے مسئلہ پر آج ہی غور کیا جائے مگر سب کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ آئندہ اس مسئلہ پر غور کیا جائے گا۔

شیخ عبدالمجید سندھی یکایک بمبئی روانہ ہوگئے۔ روانگی سے پیشتر آپ نے مندرجہ ذیل بیان پنڈت مالویہ کے حوالہ کیا ہے۔ ۔۔۔ یہ امر بالکل صاف ہے کہ بنگال کے ہندوؤں نے بنگال میں مسلمانوں کی آئینی اکثریت کو تسلیم کرنے سے انکار کردیا ہے اس لئے اتحاد کا یہ مظاہرہ اور گفت و شنید کی طوالت بے سود ہے۔

کلکتہ سے پنڈت مالویہ کی روانگی میں یکایک التوا

اتحاد کانفرنس کی تجاویز پر مزید گفت و شنید کا امکان

بنگال کا مسئلہ طے ہوجائے گا؟

کلکتہ ۳ جنوری۔ پنڈت مدن موہن مالویہ نے اپنی روانگی کے لئے ریلوے سیٹ ریزرو کرائی تھی اور اپنا سامان بھی چھٹی جاری بھیجدیا تھا کہ یکایک انہوں نے روانگی کا ارادہ ملتوی کردیا اور پروگرام کی تبدیلی کے متعلق اعلان کردیا کہ وہ ایک دن کے لئے اپنی روانگی ملتوی کرتے ہیں۔

اگرچہ پنڈت جی کو اپنی روانگی کے التوا کی وجہ تو معلوم نہیں ہے مگر انہوں نے ایسوسی ایٹڈ پریس کے نمائندہ سے دوران ملاقات میں فرمایا کہ میرے بعض دوستوں نے مجھے مشورہ دیا ہے کہ میں اپنی روانگی ملتوی کردوں تاکہ اتحاد کانفرنس کی تجاویز پر مزید گفت و شنید کی جائے۔ ایک سوال کے جواب میں پنڈت جی نے کہا کہ اگر ضرورت ہوئی تو میں تین روز تک یہاں مزید قیام کروں گا۔ واقف کار حلقوں میں پنڈت جی کے قیام سے پھر توقعات پیدا ہوگئی ہیں اور یہ امید کی جاتی ہے کہ شاید بنگال کا مسئلہ طے ہوجائے اور اس کی وجہ سے جو جمود طاری ہوگیا ہے وہ دور ہوجائے۔

کولمبس سے پہلے عربوں کے امریکہ سے تعلقات تھے

انگلستان تک عرب مسلمانوں کے جہاز چلتے تھے

ڈاکٹر خالد شیلڈریک کا بصیرت افروز لیکچر

سکندرآباد ۱۳ دسمبر۔ مشہور انگریز نومسلم ڈاکٹر خالد شیلڈریک نے جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ کہا جاتا ہے کہ کولمبس نے امریکہ کو دریافت کیا تھا مگر واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ اس کی پیدائش سے بہت پہلے عرب تاجروں کی امریکہ میں آمد و رفت تھی۔ اس کے علاوہ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ نپولین خالص مسلمان تھا۔ آپ نے مزید کہا کہ یہ فرض کرلیا گیا ہے کہ سب سے پہلا شخص کولمبس تھا جس نے امریکہ دریافت کیا تھا لیکن اب یورپ کے اہل علم کا خیال ہے کہ مسیح کی پیدائش سے قبل ٹکسس نے امریکہ کو دریافت کرکے آئس لینڈ میں بود و باش اختیار کرلی تھی اس کے بعد گرین لینڈ سے بحری سفر کرکے وہ فلوریڈا کے جنوبی حصہ میں آکر رہنے لگا تھا۔

انگلستان اور عرب

ہم تسلیم کرتا ہے کہ عرب افریقہ کے ریگستان کو عبور کرکے اسپین میں آتے تھے اور مسلمانوں کے جہاز لزبن اور وہاں سے اکرو زیرک سفر کرتے تھے یہ مقام بحر اٹلانٹک کے وسط میں واقع ہے۔ نیز ان کے جہاز آئرلینڈ اور انگلستان کی مغربی بندرگاہوں تک چلتے تھے انگلستان کے اس حصہ میں آج تک ایک مقام "بیر عباس" کے نام سے مشہور ہے جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ کسی زمانہ میں یہ مقام عربوں کی آبادی تھی۔

اسی طرح انگلستان میں ایک قسم کا ناچ "موریس ڈانس" کے نام سے مشہور ہے جس کے متعلق تسلیم کرلیا گیا ہے کہ یہ موریش ڈانس (مسلمانان اسپین کا ڈانس) ہے مسلمان شمالی مقامات کا بھی سفر کرتے تھے اور میڈرڈ اور لسبن وغیرہ مقامات میں لنگرانداز ہوتے تھے۔ کسی زمانہ میں لسبن پرتگالیوں اور اسپینی باشندوں کی منزل تھا۔ کولمبس کی پیدائش سے ۷۰ سال پیشتر اسپین کے مسلمانوں کے ساتھ ہندوستان اور امریکہ کے تجارتی تعلقات تھے۔ جس وقت کولمبس نے سفر اختیار کیا تھا تو اس کے پاس اسپینی مسلمانوں کا اجازت نامہ ساتھ تھا۔

یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ کولمبس کے ساتھ اسپین کے دو آدمی بھی ساتھ تھے جنہوں نے اس سے بیشتر اس راستہ کو کئی بار طے کیا تھا اس سے اس کی کامیابی یقینی تھی۔

امریکہ کی وجہ تسمیہ

"امریکہ" کی وجہ تسمیہ کے متعلق مختلف خیالات ہیں ایک یہ ہے کہ شاہ اسپین کا وائسرائے "امریگو ڈل وسپوکی" امریکہ کی سرزمین پر اترا تھا جس کے نام پر اس جزیرہ کا نام رکھدیا گیا۔ وجہ تسمیہ کے متعلق ایک دوسرا خیال ہے اور وہ یہ کہ اسپین کے مسلمان تاجر امریکہ کے گرد و نواح میں بہت مشہور تھے جس وقت کولمبس کا جہاز وہاں پہونچا تو باشندوں نے خیال کیا کہ مسلمانوں کا جہاز آگیا۔ اس وقت مسلمان اور امیر ایک ہی قوم کے دو مختلف نام تھے اسپین کی گہریلو کہانیوں میں ہم پڑھتے ہیں کہ جب کولمبس کا جہاز پہونچا تو امریکن باشندوں نے اسکو امیر یا مسلمانوں کا جہاز سمجھ کر چلانا شروع کیا "امیر ایکا۔ امیر ایکا" کولمبس نے سمجھا کہ اس ملک کا نام ہی "امیرایکا" ہے اس لئے اس کا نام امریکہ پڑگیا۔ امریکہ کی وجہ تسمیہ خواہ کچھ ہو مگر یہ امر یقینی ہے کہ کولمبس کی پیدائش سے بہت پہلے مسلمان امریکہ میں تجارت کرتے تھے۔

ایک زمیندار کے گھر پر ڈاکہ!

ڈاکو ۵ ہزار روپیہ لے گئے!

پٹنہ ۳۰ دسمبر۔ ضلع دربھنگہ کے ایک گاؤں میں ایک بہت بڑے زمیندار کے یہاں شب میں ڈاکہ پڑا جس میں اندازہ کیا جاتا ہے کہ ڈاکو پچاس ہزار کا مال لے گئے۔

ڈاکہ کی تفصیلات ابھی تک موصول نہیں ہوئی ہیں لیکن پھر بھی معلوم ہوا ہے کہ ڈاکو نہایت خوشنما لباس میں تھے اور تین موٹروں میں بیٹھ کر آئے تھے یہ لوگ آتے ہی زمیندار کے سونے کے کمرے میں گھس آئے اور زمیندار سے اس کی آہنی الماری کی کنجی مانگی زمیندار نے جونہی کسی کو پکارنے کا ارادہ کیا تو حملہ آوروں نے اسے اس طرح مارا کہ وہ بے ہوش ہوگیا۔ اس کے بعد ڈاکوؤں نے الماری کھولی اور اس میں قیمتی نقدی اور قیمتی زیورات نکال لئے تخمینہ کیا جاتا ہے کہ ان کی قیمت ۵۰ ہزار ہوگی۔ زیورات ان کے علاوہ ہیں۔

دربار الور کا التوا

الور یکم جنوری۔ ۲ جنوری کا الور کا جو دربار منعقد ہونے والا تھا وہ ملتوی کردیا گیا۔ اس دربار میں مہاراجہ الور اپنی رعایا کی شکایات کے متعلق ایک فیصلہ کن اعلان سنانے والے تھے۔

داشتہ عورتیں رکھنے والوں پر ٹیکس

ریاست ریوا کا نیا قانون

جبل پور ۱۳ دسمبر۔ ریاست ریوا میں نئی مجلس اصلاحات کی بنا ہی ہے جو مہاراجہ کی روشن دماغی کا ثبوت ہیں۔ حال ہی میں مہاراجہ نے چالیس ہزار غلام آزاد کئے ہیں۔ اور ایک نیا قانون جاری کیا ہے کہ ہر وہ شخص جو داشتہ عورت رکھتا ہے کم از کم پانچ روپیہ اور زیادہ سے زیادہ ایک ہزار روپیہ ماہوار ٹیکس ادا کرے گا۔ اس ٹیکس سے گورنمنٹ کا مقصد یہ ہے کہ لوگوں میں باقاعدہ اخلاقی زندگی گزارنے کا خیال پیدا ہو ۔۔۔ دیہاتی لوگ اس ٹیکس سے ناراض ہیں اور ۔۔۔ درخواستیں کر رہے ہیں۔

کیا سگریٹ پینے والوں پر ٹیکس لگایا جائیگا؟

صوبجاتی حکومتوں سے مشورہ

دہلی ۳۰ دسمبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند ایک عرصہ سے اس سوال پر غور کر رہی ہے کہ تمباکو اور سگریٹ کو آمدنی کا ذریعہ بنایا جائے چنانچہ اس نے صوبجاتی حکومتوں سے دریافت کیا ہے کہ ان کے صوبوں میں کن ذرائع سے یہ ٹیکس وصول کیا جاسکتا ہے۔ دو طریقے زیر تجویز ہیں ایک یہ کہ سگریٹ کی پیٹیوں پر ٹیکس عائد کیا جائے اور دوسرا یہ کہ جو لوگ سگریٹ یا تمباکو پیتے ہیں ان کی فہرستیں تیار کی جائیں اور ان سے ٹیکس وصول کیا جائے۔ ۔۔۔ صوبوں سے جواب موصول ہونے کے بعد ممکن ہے صوبجاتی حکومتیں اپنی اپنی کونسلوں میں اگلے سال بل پیش کریں۔

مندروں میں اچھوتوں کا داخلہ

سناتنیوں نے جلسہ میں گڑبڑ مچادی

احمدآباد یکم جنوری۔ کل مقامی اچھوت ادھار کی طرف سے ایک جلسہ منعقد کیا گیا جس میں سناتن دھرمیوں نے بڑی گڑبڑ مچائی۔ آخر کار پولیس نے آکر معاملہ رفع دفع کیا۔ جلسہ میں ڈاکٹر ۔۔۔ سے درخواست کی گئی کہ مدراس کونسل میں ڈاکٹر سبرایان کی جانب سے مندروں میں اچھوتوں کے داخلہ کی حمایت میں جو بل پیش کیا گیا ہے اس پر وہ اپنے دستخط ثبت کردیں۔

جلسہ سے پہلے ہی سناتن دھرمیوں نے ہال پر قبضہ جما لیا تھا جہاں انہوں نے اچھوتوں کے خلاف اشتہارات تقسیم کئے۔ آخر اعیان جلسہ نے ۔۔۔ اپنے ۔۔۔ ایک تجویز منظور کرالی۔ سناتنیوں نے مندر بار تقریروں میں مداخلت کی اور جلسہ میں اعلان کیا کہ وہ اپنا ایک علیحدہ جلسہ کرکے اس جلسہ کی تجویز کی مخالفت کریں گے۔ آخر پولیس نے آکر ہال پر قبضہ کیا اور لوگوں کو باہر نکالا۔

یورپ میں وزیر مالیات مصر کا دورہ

مصری روئی کی کھپت کے لئے نئی منڈیوں کی تلاش

قاہرہ ۳ دسمبر۔ عزت مآب احمد عبدالوہاب پاشا وزیر مالیات حکومت مصر یورپ کے مختلف ممالک کا کامیاب دورہ کر رہے ہیں آپ کے دورہ کا مقصد مصری روئی کی کھپت کیلئے منڈیوں کی تلاش ہے عبدالوہاب پاشا کو یورپ میں ماہرین نے مشورہ دیا ہے کہ وہ نرخ کی کمی کے ساتھ اقساط کی ادائیگی اور معیادوں میں بھی رعایتی پہلو کو مدنظر رکھیں۔ آپ نے جنوبی جرمنی اور آسٹریا سے روئی کے عیوض شورہ لینے پر معاملہ کرلیا ہے۔ آپ نے اٹلی کے سوداگروں کو ترغیب دی ہے کہ وہ مصری روئی کو زیادہ سے زیادہ مقدار میں فروخت کرنے کی کوشش کریں۔ اس وقت مصر کی قیمتی روئی کی مانگ کم ہو رہی ہے اس لئے مصر نے اپنی توجہ مختلف اقسام کی روئی پیدا کرنے کی طرف منعطف کی ہے مصری وزارت اس کوشش میں ہے کہ آئندہ نئی قسم کی روئی تیار کی جائے اور پرانی قسم کی روئی کی پیداوار بند کردی جائے۔

پنجاب میں آرڈیننس ایکٹ کا نفاذ

لاہور ۳ جنوری۔ حکومت پنجاب کا ایک اعلان مظہر ہے کہ قانون ترمیم ضابطہ فوجداری ۳۲ء (آرڈیننس ایکٹ) کی دفعہ ۔۔۔ کا نفاذ لاہور اور ۔۔۔ کے ضلع میں کردیا گیا ہے۔

نصف شب میں کانگریس بلیٹنوں کی تقسیم

احمدآباد ۲ جنوری۔ چار کانگریسی رضاکار گزشتہ شب ۱۲ بجے کے قریب کانگریسی بلیٹن تقسیم کرتے ہوئے گرفتار کئے گئے۔ ایک رضاکار کے ہاتھ میں روشن شمع تھی اور دوسرا بلیٹن پکار رہا تھا۔

ہسپانوی حکومت کا تختہ الٹنے کی کوشش

اسلحہ خانہ کا انکشاف

بارسلونا ۱۳ دسمبر۔ ایک اتفاق تھا کہ بارسلونا میں دہشت انگیزوں کی ایک زبردست سازش سے پتہ لگ گیا اس کے ساتھ ریلوے کی عام ہڑتال بھی شامل تھی۔ اگر یہ سازش کامیاب ہوجاتی تو تمام ملک میں ابتری کا دور دورہ ہوتا۔

بارسلونا میں ایک مکان میں زور دار دھماکا ہوا۔ آواز کو سنتے ہی سول گارڈ وہاں پہنچے ان کو دروازہ پر دو آدمی ملے جو نہایت عمدہ لباس زیب تن کئے ہوئے تھے دریافت کرنے پر انہوں نے بتایا کہ وہ جاپانی کھلونا اور آتشبازی تیار کر رہے تھے۔ اتفاقاً آتشبازی پھوٹ گئی لیکن گارڈوں کو یقین نہ آیا اور انہوں نے مکان کی تلاشی لی معلوم ہوا کہ مکان ایک چھوٹا سا اسلحہ خانہ ہے اس دوران میں مکان کے اندر جو اشخاص تھے انہوں نے بذریعہ موٹر فرار ہونے کی کوشش کی لیکن تعاقب کرکے گارڈوں نے پانچ اشخاص کو گرفتار کرلیا۔

مکان میں بہت سے ہتھیاروں کے علاوہ بارود بھی کافی مقدار میں ملی۔ جو کاغذات وہاں ملے ان میں فوجی افسروں کی فہرست بھی تھی۔

جرمنی میں سال نو کی تباہ کاریاں

قتل۔ آتشزدگی اور خودکشی کے واقعات

برلن یکم جنوری۔ گزشتہ شب شہر کے مختلف مقامات میں جشن سال نو منایا گیا اور اس سلسلہ میں دو آدمی ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے۔ ایک اشتراکی برلن کی ایک گلی میں گولی سے مارا گیا جس کے بعد پولیس نے مقامی نازیوں کے ہیڈکوارٹر کی تلاشی لی اور ۵ آدمیوں کو گرفتار کرلیا۔ شمالی برلن میں ایک ۶۰ سال کی عورت کو گولی مار کر ہلاک کردیا گیا۔ یہ تمام قتل و خونریزی سیاسی تصادم کے باعث ہوئی ہے۔ پولیس اور فائر بریگیڈ کو رات بھر بلایا گیا اور متعدد اشخاص گرفتار کئے گئے۔ متعدد اشخاص نے عزم کرلیا کہ آئندہ سال کیا ہوتا ہے دیکھیں گے اس لئے بعضوں نے خودکشی کرلی اور بعضوں نے اس کا اقدام کیا۔

سوویٹ روس کی پنجسالہ اسکیم کی کامیابی

پارچہ بافی اور شکر سازی کیلئے دوسری اسکیم

ماسکو یکم جنوری۔ سوویٹ گورنمنٹ کی پانچ سالہ اسکیم گزشتہ رات تکمیل کو پہونچ گئی۔ اصلاح اسکیم کے مطابق روس نے کہاں تک کامیابی حاصل کی ہے؟ اس کا اندازہ روسی ترجمہ کے جدید تعمیرات سے لگایا جاسکتا ہے اس اسکیم کے تحت میں صنعت و حرفت کو زبردست ترقی ہوگئی ہے اور مشینری میں تا بلقدر اضافہ ہوا ہے۔ اس کے بعد سوویٹ روس ترقی کا ایک اور قدم اٹھانا چاہتا ہے آج سے پانچ سال کی دوسری اسکیم کے تحت میں صنعت پارچہ بافی اور شکرسازی کو فروغ دیا جائیگا اور اشتمالی تیار کیا جانے کا جس کا کھپت معقول ہوسکے۔

اپنے بچے اور دو خاوندوں کو قتل کرنیوالی عورت

عدالت سے پھانسی کی سزا

پیڈور یکم جنوری۔ مسز ڈیسی کو اپنے ۱۰ سالہ لڑکے کو قتل کرنے کے جرم میں پھانسی دیدی گئی۔ عورت پر اپنے دو سابق خاوندوں اور اپنے لڑکے کے قتل کا الزام تھا۔ خاوندوں کے قتل کا جرم اس پر ثابت نہ ہوسکا لیکن لڑکے کے قتل کا جرم اس پر ثابت ہوگیا اس لئے اس کو پھانسی دیدی گئی۔

یوگوسلاویا سے اطالوی باشندوں کا اخراج

روم ۳۰ دسمبر۔ اطالیہ میں یوگوسلاویا کے خلاف عام جذبات روز بروز انگیختہ ہو رہے ہیں کیونکہ وہاں کے اکثر اطالوی باشندوں کو ملکی سرحد سے خارج کرچکا ہے آج ایک اطالوی نوجوان کو یوگوسلاویا سے محض مذہبی وجہ خارج کردیا گیا کہ وہ ایک ٹرین میں سفر کر رہا تھا اور جب اس سے منزل مقصود کے متعلق پوچھا گیا تو اس نے کہا کہ اس کی منزل مقصود یوگوسلاویا کی بجائے زغرب ہے۔ چنانچہ اس کو گرفتار کرکے سرحد پار چھوڑ دیا گیا۔

امریکہ میں بغاوت

۲۵ اشخاص ہلاک

نیویارک ۱۳ دسمبر۔ نیویارک ٹائمز کا بیان ہے کہ ہنڈوراس میں فوج اور باغیوں کا تصادم ہوگیا جس میں ۲۲ باغی مارے گئے۔ تین سپاہی بھی ہلاک ہوئے۔

کہا جاتا ہے کہ باغی دو جہازوں کے ناخداؤں کو پھانسی کے تختہ پر لٹکانے والے تھے لیکن بروقت امداد پہنچنے پر ان کو بچالیا گیا۔

جزائر فلپائن کو آزادی دیدی جائیگی

واشنگٹن ۳۰ دسمبر۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ کے دارالامراء نے ایک مسودہ قانون منظور کیا ہے جس کی رو سے جزائر فلپائن کو آئندہ دس سال کے اندر کامل آزادی دیدی جائے گی۔ یہ مسودہ قانون صدر جمہوریہ کے پاس بھیجا جائے گا، کیونکہ دونوں ایوانوں نے مسودہ کی تصدیق ثبت کردی ہے۔

ایک سال میں آئرلینڈ کو ۲۰ کروڑ پونڈ کا خسارہ

لندن یکم جنوری۔ کل ڈبلن میں آئرش فری اسٹیٹ کی تجارت کے اعداد و شمار شائع ہوگئے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ نومبر تک ایک سال کے اندر تجارت میں بیس کروڑ پونڈ کی کمی ہوگئی ہے۔ دسمبر میں کل تجارت ۵۹۱۲۰۰۰ پونڈ کی اور نومبر میں ۴۴۰۰ ۔۔۔ پونڈ کی ہوئی۔

جرمنی کے جدید جنگی جہازات

برلن ۱۳ دسمبر۔ گزشتہ سال جرمن کے بحری جہازات کی تعمیر جو شروع ہوئی تھی۔ اس وقت دس ہزار ٹن کا ایک کروزر سطح سمندر پر تیار ہونے والا ہے اور غالباً موسم گرما میں اسی وزن کا ایک دوسرا جنگی جہاز بھی تیار ہوجائے گا تیسرا جنگی جہاز ۳۴ء سے پہلے تیار نہیں ہوسکے گا کیونکہ اس کا کام بہت سستی سے ہو رہا ہے۔ چوتھا جنگی جہاز بھی بہت جلد تیار ہوجائے گا۔ یہ چاروں جہاز پرانے جہازوں کے قائم مقام معاہدہ ورسیلز کی بنا پر تیار کئے گئے ہیں۔

افریقہ میں زبردست زلزلہ

کیپ ٹاؤن یکم جنوری۔ افریقہ کے اس حصہ میں کل اس قدر زبردست زلزلہ آیا کہ شاید اس سے پہلے ایسا کبھی نہ آیا ہوگا۔ اب تک کسی مقام سے مقتولین اور مجروحین کی صحیح تعداد کی خبر نہیں آئی ہے ۔۔۔ میں مکانات منہدم ہوگئے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ آج ۔۔۔ میں اب تک زلزلہ کے جھٹکے محسوس ہو رہے ہیں۔

ہندوستان میں قہوہ کے کارخانے

بمبئی ۳۰ دسمبر۔ برازیل قہوہ کمپنی نے اپنے دو نمائندے ہندوستان بھیجے ہیں جو یہاں قہوہ کے کارخانہ قائم کرنے کے متعلق معلومات بہم پہنچائیں گے۔ اس کمپنی نے ایران اور عراق میں بھی اپنے کارخانہ اور تقسیم کنندہ ادارے قائم کئے ہیں۔

ہندو جاتی پریس آرڈیننس کا شکار

کراچی ۱۳ دسمبر۔ مقامی حکومت نے "ہندو جاتی" اخبار کے متعلقہ پریس کو نیلام کردیا ہے، پریس گزشتہ جنوری میں آرڈیننس کے ماتحت ضبط کیا گیا تھا۔

سناتن دھرمی لیڈروں کا فیصلہ

جھنگ ۲ جنوری۔ کل ہیج سناتن دھرم کے لیڈر اور مٹھوں کے نمائندے جمع ہوئے اور انہوں نے موجودہ حالات پر غور کیا۔ آچاریوں نے اعلان کیا کہ سرتی، پران اور شاستروں کی مذہبی معاملات کے لئے قول فیصل ہیں۔ انہوں نے ۔۔۔ ۔۔۔ پریس اسکول اور یونیورسٹی قائم کریں۔

مدراس جیل میں سیاسی اسیروں کا مقاطعہ جوع

مدراس ۳ جنوری۔ ایک پیغام مظہر ہے کہ مدراس جیل میں ایک سیاسی قیدی نے جو سی کلاس میں تھا، خوراک کے خلاف بطور احتجاج بھوک ہڑتال کردی اس کے ساتھ ہمدردی ظاہر کرنے کے لئے پچاس سے زائد دیگر اسیران سیاسی نے بھی بھوک ہڑتال کردی۔ انا سب کو زبردستی خوراک دی جا رہی ہے۔

اسلام اور گاندھی جی
قوانین اسلام کی عالمگیر مقبولیت

الحمد لله عالم سے آج تک اسلام اپنے نہ مٹنے والے نعمانین کے ساتھ ساتھ روئے زمین کے کسی نہ کسی حصہ پر موجود رہا ہے۔ آج سے چودہ سو برس قبل تاجدار عرب خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا میں تشریف لاکر اس دین الٰہی کو بالکل ہی ابد تک کیلئے مکمل فرما دیا۔ نیز اعلان عام فرما دیا کہ دنیا میں صرف مذہب اسلام ہی ضروریات انسانی کا صحیح متکفل ہو سکتا ہے۔ اسلام ہی کے سامنے سرجھکا کر انسان اپنے جملہ مقاصد میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ اسلامی قوانین ہی عالمگیر قوانین ہیں۔

غالی و ماہر نکتہ سنج گاندھی جی نے اس اصول کو سمجھا جنہوں نے اگر زبان حال سے کہہ دیا اور پھر عمل سے بتا دیا کہ جب تک اسلامی قوانین نہ اختیار کئے جائیں گے کسی ضعیف سے ضعیف مقصد میں بھی کامیابی مشکل ہے۔ چنانچہ آپ کو یاد ہوگا کہ اس مدبر انسان نے تحریک آزادی ہند کی ابتدا قانون نمک سے کی تھی جس کا مقصد صرف یہ تھا کہ نمک سازی پر کوئی قید نہ ہونا چاہئے اس پر محصول نہ ہونا چاہئے۔ بعینہٖ یہی حکم اسلام کا ہے کہ نمک پر محصول نہ لو گیا دوسرے الفاظ میں اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ گاندھی جی نے اسلامی قانون کو جگانے کے لئے جیلخانوں تک کو معمور کر دیا۔

آج ... کردہ تاریخ آ گئی جب کہ گاندھی جی نے زبان حال سے نہیں بلکہ اعلان عام کے ذریعہ حکومت اور ملک دونوں کو بتا دیا کہ اگر مساوات ... اسلامی ...

... دو دنیا کی ... اور ... قربان ... ہوتا ہوا پاؤ گے ... طرح کہ تمہارے اسلاف کے اسلام و ایمان پر دو جہان کی نعمتیں قربان تھیں۔

محمد ... حسین قاسمی قصبہ نگرام ضلع لکھنؤ

مولانا محمد علی مرحوم کیلئے ایصال ثواب

کل مورخہ ... دسمبر ... کو بمکان ... الجمعیۃ کے دفتر خلافت کمیٹی صوبہ دہلی کی مجلس عاملہ کا ایک غیر معمولی جلسہ منعقد ہوا۔ کافی بحث و مباحثہ کے بعد مندرجہ ذیل تجویز متفقہ طور سے پاس ہوئی۔

(۱) چونکہ امسال اتفاق سے مولانا محمد علی رحمۃ اللہ علیہ کے ایام وصال کی تاریخ رمضان المبارک ... واقع ہوئی ہے ... گذشتہ سال ... مسلمانوں کو جمع کرنا اور جلسہ و جلوس کی ترتیب دینا نا ممکن ہے ... مجلس کی رائے میں یہی مناسب ہے کہ امسال مولانا مرحوم کے ایام وصال ... خلافت کمیٹی صوبہ دہلی مسلمانان دہلی و دیگر مسلم انجمنوں سے اپیل کرے کہ وہ اپنے محلوں کی مساجد میں تلاوت قرآن مجید، روزہ ... کے بعد رئیس الاحرار مولانا محمد علی رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو ایصال ثواب پہنچائیں ...

سید ... سکرٹری خلافت کمیٹی صوبہ دہلی

مدرسہ عربیہ گلاوٹھی کا سالانہ امتحان

... مدرسہ عربیہ منبع العلوم قصبہ گلاوٹھی کا سالانہ امتحان ہوا ... اور قرآن شریف کا نہایت غور و توجہ سے امتحان لیا ... حضرت ... نہایت ... امتحان سالانہ کے ... رمضان شریف ... جلد اصلاح کی کوشش کر رہا ہے۔

سید حمید الدین غفرلہٗ مہتمم مدرسہ

ملت اسلامی سے خطاب
جامعہ ملیہ اسلامیہ کیا ہے؟

جو لوگ زمانہ کی رفتار پر نظر رکھتے ہیں انہیں معلوم ہے کہ ہندوستان ایک عظیم انقلاب کے دور سے گذر رہا ہے۔ ایک طرف مغربی تمدن کی ٹکر سے مشرقی تمدن کی بنیادیں ہل رہی ہیں، دوسری طرف سیاسی، اقتصادی اور مذہبی آزادی کے جوش سے عمومی زندگی میں ایک طوفان برپا ہے۔

ایسے موقعوں پر وہ قومیں جو پہلے سے تیار ہوتی ہیں زمانہ کے سیلاب کی زبردست قوت کو قابو میں لے آتی ہیں اور اس سے وہ کام لیتی ہیں کہ برسوں میں طے ہونے والی منزلیں مہینوں میں طے ہو جاتی ہیں، مگر وہ قومیں جنہیں یہ سیلاب غفلت میں آلیتا ہے اس کے دھارے میں اس طرح بہہ جاتی ہیں کہ ان کا نشان تک باقی نہیں رہتا۔

متمدن قوموں میں انقلاب کی تیاری علم اور تعلیم کے ذریعہ سے ہوتی ہے، علم کا کام یہاں یہ ہے کہ زندگی کے الجھے ہوئے مسائل کو سلجھائے اور معاشرت کے پیچ در پیچ رستوں میں سیدھی راہ بتائے اور تعلیم کا کام یہ ہے کہ نئی نسلوں کو ذہنی اور اخلاقی تربیت سے اس راہ پر چلنے کے قابل بناوے۔

ہندوستان کے مسلمانوں کو وہ اہم مسائل درپیش ہیں اور پیش آنے والے ہیں جن کے حل کرنے کے لئے بڑی وسیع معلومات بڑے گہرے غور و خوض اور بڑے مضبوط اصول عمل کی ضرورت ہے زندگی کے ہر شعبہ میں ...

... ہمیں ایک دیسی یونیورسٹی کی ضرورت ہے جو ملت اسلامی کے لئے ذہنی اور عملی حرکت کا کام دے ... ۱۹۲۰ء میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی بنیاد علی گڑھ میں ڈالی ...

جو آپ کے خیال میں اس کی زحمت گوارا کریں گے۔

دس اگر آپ کے یہاں یہ حلقہ قائم نہ ہو سکتا ہو تو شہر دہلی کے حلقہ ہمدردان جامعہ میں شریک ہو جائیے۔

ڈاکٹر ذاکر حسین، شیخ الجامعہ

کانپور کی شہید شدہ مساجد

کارروائی جلسہ ورکنگ کمیٹی ینگ مسلم ایسوسی ایشن کانپور منعقدہ ۲۰ دسمبر بمقام بنگلہ خان بہادر جناب حافظ ہدایت حسین صاحب۔ ایم۔ ایل۔ سی۔ مندوب گول میز کانفرنس بوجہ علالت موجودگی ممبر صدارت جناب ... حسین صاحب نائب صدر نے فرمائی۔ حسب ذیل ریزولیوشن بالاتفاق آرا سے پاس ہوئے۔

۱۔ یہ جلسہ طے کرتا ہے کہ بلدہ کانپور کی موجودہ شہید مساجد میں سے جو مساجد اس وقت مسلمانان کانپور کی غفلت اور لاپرواہی سے شکستہ اور ویران پڑی ہیں ان کی جلد سے جلد مرمت کرانے کا انتظام ینگ مسلم ایسوسی ایشن اپنے ہاتھ میں لے۔ ...

انجمن مسلم خواتین کراچی کا تیسرا سالانہ اجلاس

انجمن مسلم خواتین کراچی کا تیسرا سالانہ اجلاس نہایت شاندار طریق پر بتاریخ ۲۴ دسمبر بروز جمعہ بوقت تین بجے دن کے خالق دینا ہال میں زیر صدارت محترمہ ... صاحبہ خان بہادر شیخ محمد ابراہیم صاحب سابق وزیر ریاست خیرپور منعقد ہوا ...

افتتاح جلسہ تلاوت کلام مجید سے ہوا ...

شاہ صاحب سے اسلام اور مسلمانوں کی خدمت لے اور آپ کی ذات سے اسلام کو ترقی حاصل ہو۔ جس طرح شاہ صاحب کے فیوض و برکات سے مدراس اور دیلور کے احباب نے استفادہ کیا ہے امید ہے کہ علاقہ جات کے مسلمان بھی آپ کے باطنی کمالات سے مستفید ہوں گے۔ (نامہ نگار)

صوبہ مدراس میں علم و عرفاں کی بارش
مولانا شاہ عبدالرحمن صاحب چشتی کی خدمات جلیلہ

صوبہ مدراس کے مسلمانوں کی خوش قسمتی ہے کہ حضرت مولانا حاجی شاہ ... صاحب چشتی نے مدراس کے مختلف مقامات کا دورہ کر کے احیاء اسلام اور مسلمانوں میں اسلامی زندگی پیدا کی اور لوگوں کو اسلام کی حقیقی روح سے روشناس کیا ...

بھوپال میں ایک اہم تقریب شادی

... سید نور اللہ صاحب کی یہ تقریب شادی ہر طبقہ کے مسلمانوں کے لئے ایک قابل تقلید مثال ہے ... (نامہ نگار)

رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیے





ملنے کا پتہ۔ ایس۔ اے۔ عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس، بازار چاندنی چوک ... دہلی

درس اسلام

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

دار العلوم معینیہ عثمانیہ کی مخلصانہ التماس
ایک بہترین اور اہم مصرف خیر

مسلمانوں کی سب سے بڑی عید اور رمضان المبارک کا باخیر و برکت زمانہ آگیا رحمت الٰہی کے دروازے کھولدئے گئے یہی وہ وقت ہے جب کہ مخیر اور باحیثیت حضرات حسب فرمان شریعت اپنے اموال طیبہ کا چالیسواں حصہ خیرات و صدقات میں صرف فرما کر فریضۂ زکوٰۃ ادا فرمائیں گے ... حضرت خواجہ سلطان الہند خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے دار العلوم معینیہ عثمانیہ کے ان طلبہ کو کہ جو غریب الوطن اور نادار و مفلس ہونے کی وجہ سے زکوٰۃ و صدقات کے سب سے زیادہ مستحق ہیں فراموش نہ فرمائیں گے۔

دار العلوم معینیہ عثمانیہ درگاہ معلی اجمیر شریف آستانہ عالیہ کا سب سے بڑا اور مخصوص اسلامی اور تبلیغی دار العلوم ہے ... کہ آج اس میں ہندوستان، افغانستان، ترکستان، بلخ، بخارا اور دیگر بلاد اسلامیہ کے طلبہ علوم دین حاصل کرنے میں مصروف ہیں۔ ایسی حالت میں ظاہر ہے کہ دار العلوم ہی کے یہ علم دین حاصل کرنے والے مفلس طلبہ زکوٰۃ کے سب سے زیادہ صحیح اور بہتر مصرف ہیں۔

اس مبارک موقعہ پر میں خصوصیت کے ساتھ حسب معمول سال گذشتہ مسلمانان ہند کو اس مذہبی مرکز کی طرف توجہ دلاتے ہوئے توقع رکھتا ہوں کہ وہ ادائے زکوٰۃ و صدقات کے وقت اپنے دینی مرکز علوم اور اس کی اہم ضرورت کا خاص طور سے خیال فرمائیں گے ... جو آستانہ عالیہ کی خصوصیات کی بنا پر ہمیشہ اس دینی اور عربی دار العلوم کا طغرائے امتیاز سمجھا گیا ہے۔

سید نثار احمد ... معتمد مجلس دار العلوم معینیہ عثمانیہ اجمیر شریف

دہلی میونسپلٹی سے ایک عاجزانہ درخواست
عربی اور فارسی کے معلمین سے بے انصافی

میں ایک دردمندانہ اور مخلصانہ فریاد میونسپل کمیٹی دہلی کے ارباب حل و عقد کی خدمت میں پیش کر کے انصاف کا طالب ہونا چاہتا ہوں۔ امید ہے کہ وہ حضرات مظلوموں کی دادرسی کریں گے۔

میونسپل بورڈ کے ایڈ مڈل سکولوں میں عربی۔ فارسی پڑھانے کا کام ایسے حضرات کے سپرد ہے جو اس کے اہل نہیں اور نہ ان کے پاس اس تعلیم کے لئے کوئی باقاعدہ سند موجود ہے وہ صرف ایس۔ وی یا جے۔ وی ہیں ...

ایک نیسرا نقصان جسے اس روشن خیالی کے زمانہ میں ظاہر کرتے ہوئے شرم سی معلوم ہوتی ہے یہ ہے کہ جب سنسکرت کی تعلیم کے لئے باقاعدہ سند یافتہ اشخاص ہر جگہ کام کر رہے ہیں تو پھر عربی اور فارسی کے لئے اسی تنخواہ کے آدمیوں کا تقرر نہ کرنے سے خواہ مخواہ فرقہ وارانہ مخالفت کا دروازہ کھل گیا اور بجا طور پر حق تلفی کی شکایت کا موقع مل گیا۔

ان باتوں کے علاوہ ایک اور عجیب بات کا علم ہوکر اور بھی دل کو قلق ہوا کہ ایم۔ بی مڈل سکول سبزی منڈی میں ایک ... مولوی فاضل موجود ہے لیکن پھر بھی عربی کی تعلیم اس کی بجائے ایک ایسے ہی شخص کے سپرد ہے جس کے پاس کوئی عربی کی سند نہیں ... اور مولوی فاضل صاحب سے فارسی کی تعلیم دلوائی جاتی ہے حالانکہ یہ کام ایک سنی فاضل کے سپرد ہونا چاہئے۔

لہٰذا نہایت ادب سے گذارش ہے کہ کمیٹی اس طرف خاص توجہ جلد مبذول فرمائیں۔ اور ہر مڈل سکول میں کم سے کم ایک ایک منشی فاضل اور مولوی فاضل فارسی اور عربی کی تعلیم کے لئے ٹرینڈ ٹیچروں کے گریڈ کے مطابق بہت جلد مقرر کئے جائیں۔

(محمد عاشق دہلوی۔ بی۔ اے)

ہمدردان اسلام سے اپیل

ہر متمدن قوم بلکہ وہ لوگ بھی جن کو مذہبی امور سے دور کا بھی واسطہ نہ تھا اپنے یتیم و لاوارث بچوں کی تعلیم و تربیت کے لئے کافی انتظام رکھتے ہیں۔ اس دور پر فتن میں لاوارثوں و یتیموں کی حفاظت کی ذمہ داری مسلمانوں پر جس قدر ضروری ہے وہ آپ سے مخفی نہیں۔ اس دینی و قومی کام کو عرصہ سے یتیم خانہ انجمن اسلامیہ دربھنگہ انجام دیر رہا ہے۔ عام کساد بازاری کی وجہ سے ... یتیم خانہ خصوصاً مالی مشکلات میں مبتلا ہے۔ اب آپ کا فرض ہے کہ ان نونہالان اسلام سرسبز و شاداب ...

آئندہ زندگی ان کی امید افزا ہو۔

ہادی برحق کی بشارت انا و کافل الیتیم فی الجنۃ ھکذا (ترجمہ میں اور یتیم کی کفیل جنت میں مثل دو انگلیوں کے ساتھ رہوں گا) مدنظر رکھتے ہوئے زکوٰۃ و صدقۃ الفطر وغیرہ سے یتیم بچوں کی امداد فرما کر عند اللہ ماجور و خدام خانہ کو مشکور فرمائیں۔

محمد شفیع (دبیرسٹر) ام۔ ال۔ سی۔ سکریٹری انجمن اسلامیہ یتیم خانہ ڈاکخانہ لہریاسرائے دربھنگہ (بہار)

ایڈیٹر جہانگیر کا دورہ

محمد احمد خاں صاحب درانی ایڈیٹر رسالہ جہانگیر عنقریب شائع ہونے والے نظام نمبر کے سلسلہ میں ۱۰ دسمبر ۱۹۳۲ء سے ہندوستان کے مشہور مقامات کا دورہ کر رہے ہیں علم و ادب کی ترقی ان کا مطمح نظر ہے۔ ایڈیٹر صاحب موصوف نے پنجاب کا سفر ختم کر لیا ہے اور آجکل محبوب ہوٹل دہلی میں مقیم ہیں ... کو آگرہ تشریف لیجائیں گے۔ آپ اس سفر میں دہلی کے علاوہ بالخصوص آگرہ، مرادآباد، رامپور، لکھنؤ، کانپور، الہ آباد، کلکتہ، حیدرآباد دکن، تمام ریاستوں میں بمبئی، بھوپال وغیرہ وغیرہ مقامات پر ٹھہریں گے۔ امید ہے کہ جملہ احباب جہانگیر کی اعانت میں سرگرمی سے حصہ لیں گے۔ اور ایڈیٹر صاحب کا پرتپاک خیر مقدم کریں گے۔

یتیموں کی فریاد

بلا روزگار اور لاوارث یتامٰی کی دینی و دنیاوی تربیت کے لئے وجود ... یتیم خانہ معینیہ سعیدیہ و مدرسہ دار الحرفت حمیدیہ قائم ہے جس میں مذہبی تعلیم کے علاوہ ہر قسم کی مفید زندگی صنعت و حرفت مثلاً زردوزی۔ نجاری دری بافی۔ ٹین سازی اور خیاطی وغیرہ بھی سکھائی جاتی ہے سب سے زیادہ قابل تیاری شان اس یتیم خانہ کی یہ ہے کہ صنعت و حرفت کے ہر شعبہ میں یتامٰی ہی استادی کا کام ...

انجام دیتے ہیں اور اس صورت میں کسی قسم کا مالی یا تعلیم خاندان نہیں ... کے اکثر قومی رہنما علماء عظام اور دوستان کرام نے بچوں کی دیدہ زیب اور پاکیزہ دستکاریوں کو دیکھ کر متعدد سرٹیفکیٹ اور میڈل بھی عطا فرمائے ہیں۔ روزانہ آمد و خرچ کا حساب باضابطہ رکھا جاتا ہے۔ اور گورنمنٹ سے منظور شدہ ایڈیٹر ... ریمارک کے ساتھ ذمہ دارانہ حیثیت سے اپنے دستخط ثبت کرتا ہے۔

ان تمام خوبیوں کے باوجود جن کا اظہار سرپرستان و مسلم زعماء اور والیان ملک اپنے اپنے معائنوں میں فرما چکے ہیں عامۃ المسلمین کی عدم توجہی اور بے التفاتی کے سبب سے آمدنی کی قلت ہمیشہ کارکنان یتیم خانہ کو مجبور و متفکر رکھتی ہے۔ کوئی گھڑی کوئی لمحہ ایسا نہیں گذرتا جس میں سودی قرضہ کے بار گراں سے سبکدوش ہونا نصیب ہوتا ہو۔

آجکل موسم سرما میں بچوں کے پاس گرم کپڑے اور کمبل وغیرہ نہ ہونے سے جس قدر تکلیف محسوس کی جا رہی ہے اس کا صفحہ قرطاس پر لاتے ہوئے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں ... غریب بچوں کے لئے یہ ایام موت سے کم نہیں ... قدوس کی بارگاہ بے نیاز میں یتیمی کی فریاد پیش کرتے ہیں تو ہر وہ شخص جس کے پہلو میں خدا نے حساس اور دردمند دل ودیعت فرمایا ہے ... رمضان المبارک کے گرانقدر موقع پر صاحب استطاعت اہل خیر حضرات اگر صدقات و زکوٰۃ کی امدادوں سے اپنی پیاری اولادوں کا صدقہ ان لاوارث بچوں کی خبرگیری فرمائیں گے تو خدا کی رحمت کاملہ اُن پر نازل ہوگی ... ہر قسم کی امداد و ترسیل زر کا پتہ بنام حکیم محمد امیر الدین صاحب انصاری آنریری سکریٹری یتیم خانہ معینیہ سعیدیہ و مدرسہ دار الحرفت حمیدیہ درگاہ معلی دمونڈیسی محلہ اجمیر شریف۔ ہے۔

داعی صابری (مہتمم یتیم خانہ)

گھر بیٹھے وید و حکیم بنجاؤ

اگر آپ حکیم تلسی پرشاد اگروال موجد بال جیون گھٹی کی بنائی ہوئی نادر و نایاب کتاب مجربات تلسی کا بغور مطالعہ کر لیں گے تو آپ ... دونوں کی ترکیب ادویات کے اچھے خاصے ماہر ہو جائیں گے ...

بال جیون گھٹی

بچوں کی بخار، کھانسی، بدہضمی، قبض ... کی مشہور و معروف دوا ہے ...

قیمت فی شیشی ... علاوہ محصول۔ اشتہارات، پوسٹر، کیلنڈر و سائن بورڈ ہمراہ پارسل مفت۔

مفت لو۔ ... رسالہ آئینہ صحت مفت بھیجا جاوے گا

المشتہر۔ منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر۔ یو۔ پی

دونوں میٹھی باند ھکر زور سے دوڑیئے
لیکن کدھر؟
ڈاکخانہ کی طرف!
کیوں کس لئے

وہاں سے ایک کارڈ لکھ کر تحریر فرمادیں اور قیمت ... تندرستی کی ... راستہ کی تجویز۔ قواعد۔ قدرت کی ... نہایت عمدہ مضامین سے مزین ۹۲ صفحات کی کتاب کام شاستر مفت طلب فرما کر ملاحظہ فرمادیں۔ پتہ

وید شاستری، جام نگر کاٹھیاواڑ

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے
شربت اکسیر (رجسٹرڈ)

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہو گئے ہوں تو صرف ایک پیسہ اور بھی خرچ کر کے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

سنئے جناب یہ شربت اکسیر جس کا اشتہار آپکے پیش نظر ہے اس کا نسخہ مجھے ایک کہنہ مشق امریکن ڈاکٹر سے ملا ہے۔ اور شربت اکسیر کا اشتہار دینے کے قبل صدہا مریضوں پر جب مجھے کامل اطمینان ہو گیا تو یہ اشتہار آپکے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ اگر میری تحریر کو لغو نہ سمجھیں تو ایک شیشی شربت اکسیر منگا کر ضرور استعمال فرمادیں۔ میری تحریر کی صداقت آپ کو فوراً ہو جاوے گی۔

جریان۔ جو نامردی اور ضعف باہ کا پیش خیمہ ہے، کیسا ہی پرانا کیوں نہ ہو شربت اکسیر کے استعمال سے جڑ سے جاتا رہتا ہے۔ جسم میں کمزوری پیشاب کے قبل یا بعد سفید سفید دھات کا گرنا۔ منی کا پتلا ہو جانا۔ احتلام کا ہونا نطفہ کا نہ قرار پانا۔ اور درد سر کا برابر رہنا سستی۔ کاہلی جسم کا بالکل بے رونقی۔ خون کا بدن میں نہ پیدا ہونا۔ ان سب مہلک امراض کے لئے شربت اکسیر نہایت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔ مقوی دل و دماغ تو ایسا ہے کہ شاید ہی اسکے مقابلہ کی کوئی دوسری دوا ہو ... کہ آپ ایک ہفتہ کے بعد دونی غذا نوش کرنے لگیں گے۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ۔ تین شیشی کی قیمت دو روپیہ بارہ آنہ محصول ...

۱۹ برس کا پرانا جریان شربت اکسیر کے استعمال سے اچھا ہو گیا

جناب قاضی جلال الدین صاحب ماڈوار سے تحریر فرماتے ہیں۔ کہ شربت اکسیر دراصل نسخہ ... میرے عزیز کو ۱۹ سال کا مرض جریان تھا ... شیشی کے استعمال سے امید افزا فائدہ ہوا براہ کرم ایک شیشی شربت اکسیر اور بھیجدیجئے تاکہ شفا کلی ہو جاوے (فرمائش کے وقت الجمعیۃ کا حوالہ دیجئے)

ملنے کا پتہ۔ ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی۔ اینڈ کمپنی نمبر ... کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

گھر بیٹھے تین روز میں بآسانی صحیح پیشنگوئی کرنا سیکھ لیجئے

ہر کام کا نتیجہ جاننے سے دولت، عزت، شہرت آپ کے قدم چومیگی ہر پلیٹ، پیشہ، فن، حالت اور مقام میں یہ کامیابی کی کنجی اور مانع نقصان ثابت ہوگی۔ ہمارا طریقہ پیشین گوئی سہل ترین، محقق مستند اور بالکل صحیح ہے جسے ہر مسلم اردو خواں گھر بیٹھے تین روز میں سیکھ کر اس سے ہر سوال کا صحیح جواب منٹوں میں آسانی سے نکال لے ہے۔ ہمارا طریقہ نجوم۔ جعفر۔ رمل کی الجھنوں سے اور فال وغیرہ کے وہم و عیب سے بالکل پاک ہے۔ جوابات نکالنے کے لئے زائچہ وقت، پہل، پھول کے نام کی مطلق ضرورت نہیں ہے۔ طریقہ بے حد سادہ ہے۔ محنت کی کچھ حاجت نہیں۔ اعتبار نہ ہو تو ایک سوال بھیجکر مفت آزما لیجئے۔ براے جلد خط و کتابت و خرچ اشتہارات چار آنہ کے ٹکٹ بھیجکر تعلیمی فارم دفتر سے مفت منگا لیجئے۔ بغیر ٹکٹ آئے تعمیل نہ ہوگی۔ پتہ یہ ہے۔ پتہ

دفتر روشن ضمیر محلہ مقبرہ مرادآباد

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

جانشین حضرت شیخ الہند حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی
ایڈیٹر صاحب اخبار مدینہ بجنور کی تصدیق

ملنے کا پتہ۔ حافظ عبدالرزاق ... ASIA WATCH Co. ... U.P.

اسلام اور گاندھی جی
قوانین اسلام کی عالمگیر مقبولیت

ابتدائے عالم سے آج تک اسلام اپنے نہ مٹنے والے قوانین کے ساتھ سارے روئے زمین کے کسی نہ کسی حصہ پر موجود رہا ہے۔ آج سے چودہ سو برس قبل تاجدار عرب خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا میں تشریف لاکر اس دین الٰہی کو بالکل ہی ابد تک کیلئے مکمل فرمادیا۔ نیز اعلان عام فرمادیا کہ دنیا میں صرف مذہب اسلام ہی ضروریات انسانی کا صحیح متکفل ہو سکتا ہے۔ اسلام ہی کے سامنے سر جھکانے والا اپنے جائز مقاصد میں کامیابی حاصل کرسکتا ہے۔ اسلامی قوانین ہی عالمگیر قوانین ہیں۔

ملت اسلامی سے خطاب
جامعہ ملیہ اسلامیہ کیا ہے؟

جو لوگ زمانہ کی رفتار پر نظر رکھتے ہیں انہیں معلوم ہے کہ ہندوستان ایک عظیم انقلاب کے دور سے گذر رہا ہے۔ ایک طرف مغربی تمدن کی ٹکر سے مشرقی تمدن کی بنیادیں ہل رہی ہیں۔ دوسری طرف سیاسی، اقتصادی، اور مذہبی آزادی کے جوش سے عمومی زندگی میں ایک طوفان برپا ہے۔

ایسے موقعوں پر وہ قومیں جو پہلے سے تیار ہوتی ہیں زمانہ کے سیلاب کی زبردست قوت کو قابو میں لے آتی ہیں اور اس سے وہ کام لیتی ہیں کہ برسوں میں طے ہونے والی منزلیں مہینوں میں طے ہو جاتی ہیں، مگر وہ قومیں جنہیں یہ سیلاب غفلت میں آلیتا ہے اُسکے دھارے میں اس طرح بہ جاتی ہیں کہ اُن کا نشان تک باقی نہیں رہتا۔

متمدن قوموں میں انقلاب کی تیاری علم اور تعلیم کے ذریعہ سے ہوتی ہے، علم کا کام یہاں یہ ہے کہ زندگی کے الجھے ہوئے مسائل کو سلجھائے اور معاشرت کے پیچ در پیچ رستوں میں سیدھی راہ بتائے اور تعلیم کا کام یہ ہے کہ نئی نسلوں کو ذہنی اور اخلاقی تربیت سے اس راہ پر چلنے کے قابل بناوے۔

جو آپ کے خیال میں اس کی زحمت گوارا کریں گے۔

دس اگر آپ کے یہاں یہ حلقہ قائم نہ ہو سکتا ہو تو شہر والے حلقہ ہمدردان جامعہ میں شریک ہو جائے۔

ڈاکٹر ذاکر حسین - شیخ الجامعہ

کانپور کی شہید شدہ مساجد

کارروائی جلسہ ورکنگ کمیٹی ینگ مسلم ایسوسی ایشن کانپور منعقدہ ۔ ۲۸ر دسمبر ۱۹۳۲ء بمقام بنگلہ خان بہادر جناب حافظ ہدایت حسین صاحب۔ ایم ایل سی منعقد ہوا۔ گول میز کانفرنس بوجہ عدم موجودگی صدر، صدارت جناب واحد حسین صاحب نائب صدر نے فرمائی۔ حسب ذیل ریزولیوشن بالاتفاق آرا سے پاس ہوئے۔

۱۔ یہ جلسہ طے کرتا ہے کہ بلدہ کانپور کی ۲۷ شہید مساجد میں سے ۷ مساجد اس وقت مسلمانان کانپور کی غفلت اور لاپروائی سے شکستہ اور ویران پڑی ہیں ان کی جلد سے جلد مرمت کرانے کا انتظام ینگ مسلم ایسوسی ایشن اپنے ہاتھ میں لے۔

شاہ صاحب سے اسلام اور مسلمانوں کی خدمت لے اور آپ کی ذات سے اسلام کو ترقی حاصل ہو۔ جس طرح شاہ صاحب کے فیض و برکات سے مدراس اور دیلور کے احباب نے استفادہ کیا ہے، امید ہے کہ علاقہ جات کے مسلمان بھی آپ کے اعلیٰ کمالات سے مستفید ہوں گے۔ (نامہ نگار)

انجمن مسلم خواتین کراچی کا تیسرا سالانہ اجلاس

انجمن مسلم خواتین کراچی کا تیسرا سالانہ اجلاس نہایت شاندار طریق پر بتاریخ ۲۴ر دسمبر بروز جمعہ بوقت تین بجے دن کے خالق دینا ہال میں زیر صدارت محترمہ بیگم صاحبہ خان بہادر شیخ محمد ابراہیم صاحب سابق وزیر ریاست خیرپور منعقد ہوا جس میں ہر مسلم قوم کی خواتین نے شرکت کی۔

افتتاح جلسہ تلاوت کلام مجید سے ہوا۔

صوبہ مدراس میں علم و عرفان کی بارش
حضرت مولانا شاہ عبدالرحمن صاحب چشتی کی تبلیغ

بھوپال میں ایک اہم تقریب شادی

دار حکمت

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

دار العلوم معینیہ عثمانیہ کی مخلصانہ التماس
ایک بہترین اور اہم مصرف خیر

مسلمانوں کی سب سے بڑی عید اور رمضان المبارک کا باخیر و برکت زمانہ آگیا رحمت الٰہی کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں وہ وقت ہے جب کہ مخیر اور باحیثیت حضرات حسب فرمان شریعت اپنے اموال طیبہ کا چالیسواں حصہ خیرات و صدقات میں صرف فرما کر فریضہ مذکورہ ادا فرمائیں گے۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو ایسے خیر و برکت کے وقت آستانہ حضرت خواجہ سلطان الہند خواجہ معین الدین حسن چشتی ...

دہلی میونسپلٹی سے ایک عاجزانہ درخواست
عربی اور فارسی کے معلمین سے بے انصافی

ہمدردان اسلام سے اپیل

ایڈیٹر جہانگیر کا دورہ

یتیموں کی فریاد

گھر بیٹھے وید حکیم بنجاؤ

بال جیون گھٹی

المشتہر - مینیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر - یو۔ پی

شربت اکسیر

اکسیر زندگی ہے

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑئیے
ڈاکخانہ کی طرف!

وید شاستری، جام نگر کاٹھیاواڑ

گھر بیٹھے تین روز میں بآسانی
صحیح پیشینگوئی کرنا سیکھ لیجئے

دفتر روشن ضمیر محلہ مقبرہ مراد آباد

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

جانشین حضرت شیخ الہند حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی اور ایڈیٹر صاحب اخبار مدینہ بجنور کی تصدیق

SA... WATCH CO. NO. 7 MEERUT. U.P.

رعایت کا مبارک مہینہ



مولانا محمد علی مرحوم کیلئے ایصال ثواب

مدرسہ عربیہ گلاوٹھی کا سالانہ امتحان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۷ | دہلی ۔ یوم دوشنبہ ۱۲ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۹ جنوری سنہ ۱۹۳۳ء | نمبر ۳

غربا اور مساکین سے ہمدردی کرو

مخلوق کی خدمت خدا کو سب سے زیادہ پسند ہے

اسلام میں زکوٰۃ وصدقات کے فضائل

رمضان المبارک کا موقعہ ہے اس میں ایک مسلمان جس قدر بھی نیک اور خیر عمل کرے کم ہے ساحادیث میں زکوٰۃ اور صدقات کیلئے اس ماہ میں بڑی تاکید آئی ہے اور خود حضور پرنور اس ماہ مبارک میں بہت کثرت سے خیرات کرتے تھے ... [illegible]

زکوٰۃ وصدقات

[illegible]

معاصرین کے افکار وآراء

مساعی اتحاد کا نتیجہ (مدینہ)

الہ آباد کی یونٹی کانفرنس کا انجام خواہ کچھ ہو لیکن اس سے انکار کرنا عقل وبصیرت کا انکار کرنا ہے کہ ان مساعی اتحاد سے سب سے زیادہ مسلمانوں کو فائدہ پہنچا۔ سب سے پہلا فائدہ یہ ہے کہ مسلمانوں کی مختلف جماعتوں میں جو اختلاف کئی برس سے چلا آرہا تھا وہ دور ہو گیا ... [illegible]

حکومت کی تازہ عنایات (مدینہ بجنور)

حکومت برطانیہ نے اب مسلمانوں کے صرف دو مطالبوں کے منظور کرنے کا "وعدہ" کیا ہے، یعنی سلطانی ہند کی مرکزی مجلس قانون ساز میں مسلمانوں کو تہائی نشستیں دی جائیں اور سندھ کو الگ صوبہ بنا دیا جائے۔ لیکن غور طلب یہ ہے کہ برطانی حکومت نے یہ "عنایت" کب اور کیوں کی ہے؟

حکومت برطانیہ نے مسلمانوں پر یہ "عنایت" اُس وقت کی ہے جب ہندؤں اور سکھوں سے وطن پرور مسلمانوں نے تمام اسلامی مطالبات منظور کرالئے ہیں ... [illegible]

قضاۃ کا قیام

[illegible]

بڑے دن کی ڈالیاں

[illegible]

رجعت پسندی کا مظاہرہ

[illegible]

احمد اینڈ کو
مشہور انگریزی دوا فروش
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۷

گلیسرافین
بچوں کی صحت
[illegible]

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ
[illegible]
منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

کمیشنو نینم فیکٹری بک کمپنی دا تا ... کراچی

گلدستہ قاسمی
احکام رمضان المبارک ... [illegible]
(دار العلوم دیوبند)

سفید بال سیاہ ...
[illegible]
بال کالا اسٹورس پوسٹ بکس ... دہلی

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر وقصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

حسب قیمت ...
منیجر ... بازار بلی ماران دہلی

اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے
منیجر

رمضان المبارک کا سب سے بہتر اور مقدس تحفہ

علماء، صلحاء، محدثین، مفسرین، نوابوں اور بادشاہوں کا پسندیدہ

قرآن مجید

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں ... [illegible]

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

سب سے بڑی ضمانت

اس قرآن مجید کے قابلقدر اور بے نظیر تحفہ ہونے کی سب سے بڑی ضمانت یہ ہے کہ اعلیحضرت تاجدار دکن حضور نظام خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ نے اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے اور شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب ... مفتی محمد کفایت اللہ صاحب ... [illegible]

خصوصیت

صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی ... [illegible]

صرف رمضان المبارک کیلئے

پانچ قرآن مجید ایک ساتھ منگانے کی صورت میں ہدیہ کی کل رقم پر ۱۲ فیصدی کم کر دیے جائیں گے۔

رمضان شریف میں

گھروں کو نور اسلام کی شعاعوں سے منور کردینے والا

قرآن مجید

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت وپاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جن سے بہتر لکھنے والا ہندوستان میں کوئی دوسرا خوشنویس نہیں ... [illegible]

تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

ہر مومن کا فرض ہے

کہ وہ رمضان شریف کے مقدس مہینہ میں ہم سے نورانی قرآن مجید طلب کر کے اس میں تلاوت کرے اور جنہیں اللہ تعالیٰ نے استطاعت دی ہے وہ کافی تعداد میں منگا کر غریبوں، طالب علموں، مسجدوں، یتیم خانوں اور مدرسوں میں مفت تقسیم کریں اور اللہ کے ذکر کو گھر گھر پھیلا کر اس کی رحمتوں سے اپنے دامن بھرلیں۔

یہ قرآن مجید معرا اور بترجمہ دونوں قسم کا چھپوایا گیا ہے۔ ترجمہ حضرت حکیم الامت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جس کی مقبولیت کے متعلق کچھ کہنا آفتاب کو شمع دکھانا ہے۔ ہدیہ بغیر ترجمہ صرف ایک روپیہ علاوہ محصولڈاک ... [illegible]

شوال تک خاص رعایت

یہ تو آپ خود بھی سمجھ سکتے ہیں کہ ان دونوں نایاب قرآن مجیدوں کا ہدیہ کس سے کم رکھا گیا ہے لیکن ہماری دلی خواہش ہے کہ رمضان المبارک میں مسلمانوں کا کوئی گھر ان مقدس تحفوں سے خالی نہ رہے لہٰذا اخیر شوال تک کیلئے ذیل کی رعایتوں کا مزید اعلان کیا جاتا ہے۔

پانچ قرآن مجید سے زائد طلب کرنے کی صورت میں ہر روپیہ پر ... کمی کردی جائے گی۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

ٹوکیو کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ موجودہ جنگ کے دوسرے حصہ میں بھی جاپانیوں کو کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ اور کیلو کو جاپانیوں نے پوری طرح فتح کر لیا۔ آج کی ایک رپورٹ مظہر ہے کہ جاپانی افواج کیلو کے جنوبی مقام سوٹنگ میں داخل ہوگئی ہے۔ جاپان کے محکمہ جنگ نے اعلان کیا ہے کہ آج جیہول پر پیش قدمی شروع کر دی جائے گی۔

چے پنگ ۲۵ فروری- منچوکو کی ایک رپورٹ مظہر ہے کہ لنگ یان کے رقبہ میں چینی اور جاپانی افواج میں سخت معرکہ آرائی ہوئی ہے جس میں سخت کشت و خون ہوا ہے۔ اس مقام پر چینی افواج متعین تھیں جن پر بیس ہزار جاپانیوں نے حملہ کر دیا اور یہ معرکہ ظہور میں آیا۔

ٹوکیو ۲۵ فروری- جاپانی کابینہ کے غیر معمولی اجلاس میں اس مسئلہ پر غور کیا گیا کہ جاپان کا مجلس اقوام سے قطع تعلق کر لینے کے بعد تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں شرکت کی جائے یا نہیں۔

مصیبت زدگان میوات کی امداد

[illegible]

کیا انگریز مصر کو چھوڑنے کے لئے تیار ہیں

[illegible]

منچوریا پر ہمارا قبضہ رہے گا!

مجلس اقوام میں جاپانی نمائندہ کے دلائل

[illegible]

کلکتہ میں جاپانی پارچہ بافی کے کارخانے

[illegible]

اچھوت بلوں کو مشتہر کیا جائیگا

[illegible]

لندن میں اسلامی مرکز اور مسجد کی تعمیر

سینٹ جیمس سکوائر کے قطعہ کا انتخاب

[illegible]

ہندوستان کی آزادی میں مشکلات

ڈیلی میل کی رجعت پسندانہ تجویز

[illegible]

مجتہد العصر حضرت العلامہ سید محمد انور شاہ صاحب

[illegible]

آسٹریا اور جرمنی میں اتحاد

وسطی یورپ میں ایک نئی جنگ کا خطرہ

[illegible]

روسی مہاجرین پر گولیوں کی بارش

[illegible]

جاپان نے مجلس اقوام کا بائیکاٹ کر دیا

مشرق بعید میں جنگ کی زبردست بنیاد

جنیوا ۲۴ فروری- چین اور جاپان کے تنازعہ کے سلسلہ میں جو تازہ ترین اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ مشرق بعید میں زبردست جنگ کی بنیاد پڑ گئی ہے۔

بین الاقوامی لیگ نے چین اور جاپان کے تنازعہ کے متعلق مصالحت کرانے کے لئے ۱۹ ممبران کی جو کمیٹی مقرر کی تھی اس کی رپورٹ آج ایک ووٹ کے مقابلہ میں ۴۲ ووٹ سے منظور کر لی۔

بین الاقوامی لیگ کے جاپانی ڈیلیگیٹوں کے لیڈر ایم متسوکا نے لیگ کو مطلع کیا کہ اب جاپان مزید عرصہ تک بین الاقوامی لیگ سے اشتراک عمل نہیں کر سکتا۔ اس کے بعد تمام جاپانی ڈیلیگیٹ لیگ کے اجلاس سے واک آؤٹ کر گئے۔

حکومت خطرہ مول لینا نہیں چاہتی

سیاسی قیدیوں کی رہائی پر دارالعوام میں مباحثہ

لندن ۲۴ فروری- کل دارالعوام میں قدامت پسندوں کی تجویز پر مباحثہ ہوا۔ مسٹر ہنری پیج کرافٹ نے حکومت کی تجاویز کی پرزور مخالفت کی وزیر ہند نے یقین دلایا کہ امن و آئین کے تحفظ کے بغیر صوبجاتی آزادی غیر ممکن العمل ہے۔ حکومت دسمبر ۱۹۳۱ء کے اعلان سے پیچھے نہیں ہٹنا چاہتی۔

سر سیموئیل ہور نے یہ بھی کہا کہ حکومت سیاسی قیدیوں کو رہا کر کے خطرہ مول نہیں لینا چاہتی وہ یہ اطمینان چاہتی ہے کہ سیاسی قیدیوں کی رہائی کے بعد سول نافرمانی دوبارہ زندہ نہ ہو۔

وزیر دربار ایران کی جائداد کی ضبطی

طہران ۲۴ فروری- تیمور تاش وزیر دربار جنہیں دو روز ہوئے گرفتار کیا گیا تھا شاہی قید خانہ کے شفاخانہ میں داخل کر دئے گئے ہیں۔ آپ اختلاج قلب کے شدید دورہ میں مبتلا ہیں۔

حکومت نے آپ کی جائداد کی ضبطی کا حکم دے دیا ہے۔ آپ کے خلاف قیمتی بنکوں میں غیر ملکی کاروبار میں حصہ لینے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔

امریکہ ۲۵ لاکھ ڈالر کی چاندی خریدے گا

واشنگٹن ۲۴ فروری- ریاستہائے متحدہ امریکہ کی حکومت نے ... [illegible]

جدید دستور کی کامیابی موہوم ہے

[illegible]

۳۲ ہزار کارخانوں کا دیوالہ

[illegible]

آگرہ میں کانگریس کمیٹی کا اجلاس

۲۴ کارکنوں کی گرفتاری

[illegible]

حاجیوں کا جہاز ضرور روانہ ہوگیا

[illegible]

معاہدہ پونہ پر دوبارہ غور کرنے کا مطالبہ

[illegible]

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں افغانی نمائندہ

[illegible]

دکن کے مقروض کاشتکاروں کی نجات

ساہوکاروں کی ہوس زر اندوزی کا انسداد

اعلیٰ حضرت حضور نظام کا فرمان

(گذشتہ سے پیوستہ)

بیانات مدعی علیہ بحیثیت گواہ کے

حساب لینے کا طریقہ

کاشتکاروں کے خلاف نالش ان کے مقام سکونت پر ہوگی

مقروض کاشتکاروں کے معاملات کی تاریخ کی سماعت

اختیار عدالت نسبت تعین تاریخ بغرض ادائی زر رہن

کے بعد ادا نہ کی جائے تو عدالت سالم جائداد مرہونہ کے نیلام کا حکم دینے کے بجائے صرف اسی قدر حصہ جائداد کے نیلام کا حکم دیسکے گی جو اس رقم کے وصول کرنے کے لئے عدالت ضروری خیال کرے۔

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کنظرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں مرد عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا)

Castopher Mnfg Co. (India)
P. Box 88. Bunder Road. Karachi بندر روڈ کراچی

لارج انگلش ٹیچر

فلسفہ نماز

علی گڈھ سٹی

صداقت و ایمانداری حکم خدا اور اس پر عمل ہمارا فرض ہے

نوساری والے کا شراب طہور (رجسٹرڈ)

نوساری دواخانہ قریب جے جے ہاسپٹل بمبئی پوسٹ نمبر ۹

بلحاظ تعداد الفاظ محاورات اور ضرب الامثال دنیا میں سب سے بڑی لغت

جامع اللغات اردو

مصنفہ خواجہ عبدالمجید

السنۂ متعلقہ — حصہ اول

اردو ہندی فارسی عربی اور سنسکرت کے لاتعداد الفاظ کا مخزن لاکھوں محاورات کا حامل پچیس ہزار سے زائد ضرب الامثال و اقوال کا مجموعہ الفاظ علمیہ کی تشریحات مشاہیر عالم کی سوانح عمریاں اور خصوصاً ہندوؤں اور مسلمانوں کی تاریخ اور ان کے مشاہیر کے حالات اور تاریخی واقعات نہایت تفصیل سے درج ہیں محاورات عامہ عادات ... صفحات کے کم از کم تیس ماہوار حصوں میں ماہوار شائع کیا جائیگا ... قیمت فی حصہ ایک روپیہ چار آنہ علاوہ محصول ڈاک

پہلا حصہ تیار ہے فوراً طلب فرمائیے ورنہ دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ المشتہر

خواجہ امام محمود دہلوی منیجر جامع اللغات کمپنی لاہور گوبند رام اسٹریٹ چیمبرلین روڈ پوسٹ بکس ۲۳

گھر بیٹھے وید حکیم بنجاؤ

اگر آپ حکیم تیرتھ پرشاد اگروال کی مجربات تلسی کا بغور مطالعہ کر لیجئے ...

بال جیون گھٹی

مفت لو ...

المشتہر: منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڈھ شہر۔ یو۔ پی

حیات طیبہ

ہندوستان کے مجاہد اعظم قائد جیوش اسلامیہ مولانا اسمٰعیل شہید دہلوی کی سوانح عمری ...

منیجر الجمعیت اسٹیم پریس

حب نعمت (رجسٹرڈ)

جریان ، سرعت ، کثرت احتلام ضعف باہ وغیرہ کی بے نظیر دوا ہے ... قیمت ایک روپیہ علاوہ محصول ڈاک

کارخانہ کی بڑی فہرست ادویہ مفت طلب کیجئے۔

منیجر دواخانہ بقائی (رجسٹرڈ) بازار ٹلی ... دہلی

سفید بال جڑ سے کالا

بال کالا اسٹورس پوسٹ بکس کمی سری (دربھنگہ)

ٹریکٹ کیس مفت منگوائیے

بشرطیکہ دفعہ ہذا کا کوئی حکم اس دعوے کے رجوع کرنے کے حق کے اختیار کا باعث نہ ہو ...

مرافعہ

دفعہ ۱۶۔ ان تمام مقدمات میں جو دستور العمل ہذا کے تحت قابل سماعت ہوں عدالت کے فیصلہ کی ناراضی سے صرف ایک مرافعہ ہو سکیگا۔

اختیار نسبت ترتیب قواعد

حساب فہمی کا دعوےٰ کر سکتا ہے

اختیار عدالت بتعین اجراء ڈگری

میعاد

ہر جگہ چلنے والی فائدہ مند تجارت
ہمارا تین سالہ تجربہ اور پرانا کاروبار ہے

ہمارا امریکن جاپانی ۔ ولایتی ۔ اور انڈین ملوں کا کٹ پیس پارچہ ہر جگہ مقبول ہو رہا ہے ...

امریکن کمرشل کمپنی (رجسٹر شدہ) بمبئی پوسٹ نمبر (۱۱)

ہندوستانی ایجاد اور دنیا کو چیلنج

دی نول پرنس اینڈ کمپنی جنرل آرڈر سپلائرز کنٹریکٹرز۔ انونٹرز اینڈ مینوفیکچررز مادھو نگر اوجین

مفت را چہ گفت

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی کی شاندار با تصویر فہرست ادویہ معہ جنتری سنہ ۱۹۳۳ء مفت صرف ایک کارڈ لکھ کر منگا لیجئے ... اپنی ہر بیماری کا علاج با آسانی کر سکتے ہیں۔

منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑتے
لیکن کدھر؟
ڈاکخانہ کی طرف
کیوں کس لئے

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

مکمل فہرست مفت طلب کیجئے

قرص حیض
یہ وہ مسیح الملک ثانی حکیم محمد احمد خاں صاحب کے خاص الخاص مجربات سے ہے جریان جیسے خبیث مرض کو بالکل دور کر دیتی ہے واضح جریان دوائیں مغلظ ہونے کی وجہ سے بالعموم بھوک کو بند کر دیتی ہیں۔ لیکن یہ دوا اس نقص سے پاک ہی نہیں بلکہ خوب بھوک لگاتی ہے۔ جگر اور مثانہ کی حرارت کو دور کرتی ہے۔ سوزاک کے بعد جریان ہو جاتا ہے اس کے لئے بھی یہ بے نظیر چیز ہے۔

قیمت ۳۲ قرص دو روپے (عہ)

اکسیر نسواں
عورتوں کے امراض کے لئے اس سے بہتر دوا اب تک نہ ہندوستان میں ہے اور نہ یورپ میں، ضعف رحم، ورم رحم سیلان الرحم ایام حیض کی بے قاعدگی ان کا جلد جلد یا رک رک کر آنا درد کے ساتھ آنا اولاد کا نہ ہونا، اسقاط حمل اور اختناق الرحم وغیرہ امراض نسواں کے لئے اکسیر۔ مفید اور کامیاب دوا ہے۔ تندرست عورتیں اس کو استعمال کر کے امراض سے محفوظ رہتی ہیں۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ (عہ)

ملین
یہ دافع قبض دواؤں میں بے نظیر دوا ہے معدہ اور آنتوں کو بالکل صاف کر دیتی ہے۔ قبض سے پیدا ہونے والے امراض مثلاً درد سر دنیا ہونا، آشوب چشم وغیرہ اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ موسمی بخاروں میں اس کا استعمال بطور ایک دافع تعفن دوا کے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ الغرض یہ قبض کے لئے نہایت مفید اور مقبول عام دوا ہے۔

قیمت ۸۰ قرص ایک روپیہ چار آنہ

جوہری
مرض آتشک کے لئے حضرت مسیح الملک کے مجربات سے وہ خاص دوا ہے جس سے اب تک ہزارہا مریض اچھے ہو چکے ہیں آتشک نئی ہو یا پرانی اس کو نیست و نابود کر دیتی ہے آتشک کے سبب سے گٹھیا اور عرق النساء جیسے امراض پیدا ہو جاتے ہیں بعض مریضوں میں غلبہ سوداویت کے باعث گھبراہٹ پیدا ہو جاتی ہے اس کے ازالہ کے لئے بھی یہ دوا بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔

قیمت پندرہ یوم دو روپیہ (عہ)

ملنے کا پتہ: منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

سہ روزہ
یداللّٰہ علی الجماعۃ
الجمعیۃ دہلی

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر
ہلال احمد زبیری (بی-اے)

جلد ۱۷ | دہلی - یوم یکشنبہ ۸ ذیقعدہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۵ مارچ ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۷

معاصرین کے افکار و آراء

مسلمانوں پر بہتان (زمیندار)

مسلم کانفرنسیوں کی بے معنی دھمکی

جزیرۃ العرب میں مداخلت

مسلمان اور چھوت چھات

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معارف)

عیسائیوں کی طرف سے شہر عکہ کا محاصرہ

مسلمانوں اور فرنگیوں کی جنگ میں ایک خط اتنا اہم ...

صلیبیوں کی احسان فراموشی

شہر عکہ کا محاصرہ

عیسائیوں کا خوف و ہراس

آئینہ دہلی
THE AINA MONTHLY
مشاہیر و معاصرین کی آراء ملاحظہ فرمایئے
آپ بھی فوراً "آئینہ" کے خریدار بن جایئے
نمونہ کے لئے دو آنہ کا ٹکٹ آنا ضروری ہے
پتہ:- منیجر "آئینہ" دریا گنج دہلی

عربی کا معلم
ترجمان القرآن
عبدالوحید صدیقی منیجر الجمعیۃ دہلی سے طلب فرمائیں

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۷

الجامعہ
منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے - منیجر

گھروں کو نور اسلام کی شعاعوں سے منور کردینے والا
قرآن مجید

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جن سے بہتر لکھنے والا ہندوستان میں کوئی دوسرا خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے پوری دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان آسانی کے ساتھ تلاوت کرسکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھکر دل کو سرور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

ہر مومن کا فرض ہے

کہ وہ ہم سے نورانی قرآن مجید طلب کرکے اس میں تلاوت کرے اور جنہیں اللہ نے استطاعت دی ہے ...

شوال تک خاص رعایت

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

علماء صلحاء محدثین مفسرین نوابوں اور بادشاہوں کا پسندیدہ
قرآن مجید

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے. قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو دنیا میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

سب سے بڑی ضمانت

اس قرآن مجید کے قابل قدر اور عدیم النظیر تحفہ ہونے کی سب سے بڑی ضمانت یہ ہے کہ اسے تاجدار دکن حضور نظام خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ نے اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا ہے اور شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب مفتی اعظم صدر العلماء حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اسد الاسلام حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب مسیح الملک حافظ محمد اجمل خاں صاحب مرحوم حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی وغیرہم جیسے متبحر اور مقدس علماء نے اسے بیحد پسند فرمایا ہے اور نہایت پر زور الفاظ میں مسلمانوں سے اس کے متعلق سفارشیں کی ہیں ایک مسلمان کیلئے اس پانچ ترجمے والے قرآن مجید سے بڑھکر کوئی دوسرا تحفہ نہیں ہوسکتا خود طلب فرمایئے اپنے عزیزوں کیلئے منگایئے اور دوستوں کو ہدیہ کے طور پر دیجئے۔

خصوصیت

صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں ...

شوال تک کے لئے

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم یکشنبہ ۸ ذیقعدہ ۱۳۵۱ ہجری

سال رواں کا میزانیہ

ہندوستان کی مفلسی اور تباہ حالی بدستور باقی رہیگی

دنیا کی حکومتوں کے لئے کامیابی و ناکامی کا معیار یہ نہیں ہوتا کہ ان کے پاس کس قدر فوجیں موجود ہیں اور انہیں کس قدر سامان جنگ پر دسترس حاصل ہے یا ان کی پولیس کس قدر وسیع پیمانہ پر رکھی جاتی ہے / یا ان کے سرکاری عہدوں کو کیسے کیسے لائق و قابل اور گرانبار تنخواہیں وصول کرنے والے افسروں سے پر کیا جاتا ہے یا ان کا نظام کتنا مضبوط اور قابل فخر ہے یا ان کے خزانوں میں اس وقت نقد روپیہ کتنا موجود ہے یا ان کے سالانہ میزانیہ میں کتنی بچت دکھائی جا رہی ہے، بلکہ حکومتوں کی ...

زیادہ اس امر پر اظہار فخر کرتا ہے کہ باوجود کساد بازاری اور اقتصادی مشکلات کے بیالیس لاکھ روپیہ کی بچت دکھائی گئی ہے۔ جیسا کہ ہم اوپر لکھ چکے ہیں، ہم نہایت افسوس کے ساتھ یہ عرض کرنے پر مجبور ہیں کہ ہم اس قسم کے کسی بجٹ کو جو صفحۂ قرطاس پر نہایت دلخوش کن تصویر کھینچ دے اور مخصوص طریقوں پر دونوں جانب کا توازن قائم کر کے بیالیس لاکھ روپیہ کی بچت بھی دکھا دے محض اس بنا پر قابل قبول قرار نہیں دے سکتے کہ اس کی ظاہری شکل و صورت نہایت ...

اس قدر خوف کیوں ہے؟

حاجیوں پر لاٹھی چارج

مذہبی مداخلت اور مسلم ارکان اسمبلی

فتنۂ قادیان

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

حکومت کانگریس کے اجلاس میں کیوں مزاحمت کر رہی ہے؟

سیاسی قیدیوں کو کیوں رہا نہیں کیا جاتا؟

اسمبلی میں سوالات اور ہوم ممبر کی عجیب و غریب منطق

نئی دہلی یکم مارچ۔ آج اسمبلی کا اجلاس غیر سرکاری تجویزوں پر غور و خوض کرنے کے لئے شروع ہوا۔ مسٹر ستیہ مورتی نے مختصر نوٹس کے ذریعہ اجلاس کانگریس پر حکومت کی بندش کے متعلق سوال کیا اور پوچھا کہ جب کہ کانگریس غیر آئینی جماعت نہیں قرار دی گئی ہے اس کے علاوہ ایسوسی ایٹڈ پریس کی خبر سے پتہ چلتا ہے کہ آئندہ اجلاس کانگریس میں قرطاس ابیض پر غور و خوض ہوگا تو پھر حکومت اس میں کیوں مزاحمت پیدا کر رہی ہے۔

ہوم ممبر کا جواب

حکومت اور کانگریس

اشتراک عمل

واحد طریقہ

قرطاس ابیض پر غور

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

مختلف ممالک میں ناخواندوں کی تعداد

ہندوستان کی جہالت کا دردانگیز ماتم

دنیا کے مختلف ممالک میں خواندہ اشخاص کے مقابلہ میں ناخواندوں کی کثیر تعداد موجود ہے جس کا فی صدی تناسب حسب ذیل نقشہ سے معلوم ہوگا:۔

ہندوستان میں ناخواندوں کی تعداد	۹۱ فی صدی
پرتگال	۶۵
اسپین	۴۳
اٹلی	۲۷

بشپ برمنگھم اور گاندھی جی

جنوبی افریقہ کا ایک دلچسپ واقعہ

برطانی سلطنت کی تباہی کا خواب

۱۹۷۰ء کے متعلق ایک لارڈ کی پیشگوئی

ریاست کوچین میں سیاسی و معاشرتی اصلاح

کثیر الشوہری اور کثیر الازدواجی کا انسداد

جاپانی پارچہ کی ارزانی کا سبب

چین میں اطفال کشی کی خوفناک رسم

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

ترکی میں علماء دین کا اجلال و احترام

حکومت کی طرف سے ایک جدید قانون کا نفاذ

علماء کی توہین کرنے والے کو سزا دی جائیگی

ترکی حکومت کی لادینیت اور افرنجیت کے متعلق عربی اور انگریزی اخبارات میں افسوسناک خبریں آتی رہتی ہیں جن میں کچھ تو حقیقت ہوتی ہے اور کچھ مغربی پروپیگنڈہ ہوتا ہے۔ لیکن بحیثیت مجموعی یہ امر یقین کیا جا سکتا ہے کہ ترکی حکومت مغربی الحاد سے متاثر ہو چکی ہے اور اس کی ذہنیت کو یورپ کی ظاہر فریبیوں نے مغلوب کر لیا ہے۔ اسلام کے احکام و قوانین ...

لبنان کے مسلمانوں میں بیداری

سرکاری مناصب کے حصول کیلئے ایک جمعیۃ کا قیام

ٹیونس کے علماء اسلام کی فرض شناسی

جمعیۃ تضامن العلماء کی تاسیس

ترکی میں ایک جدید جامع مسجد کا افتتاح

ترکوں کو اسکاٹ یا لڈین کی ہدایت

سلطان حمید الدین والیٔ یمن کی علالت

عراق اور برطانی معاہدہ میں نظر ثانی کی ضرورت

وزیر اعظم عراق کا زبردست اعلان

(بسلسلہ انگریزی اخبارات کے تراجم)

۱۹۳۳ء میں ۲۷ جہازوں کی تعمیر

برطانی صنعت و حرفت کیلئے امید افزا حالات

دو سال کے اندر چاندی کی مقدار میں اضافہ

پیرس کی رصدگاہ میں ایک بولنے والا گھنٹہ

حکومت پنجاب کی قادیانیت نوازی کیخلاف شدید احتجاج

جامع مسجد دہلی میں فرزندان توحید کا زبردست مظاہرہ

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی پُرجوش تقریر

غلام احمد قادیانی اپنے اقوال کی رو سے کافر ہے

قادیانی اور لاہوری جماعتوں کو فوراً توبہ کرنی چاہئے

علمبرداروں کو فخر اسلام امیر شکیب ارسلان کا انتباہ

ٹائمز آف انڈیا کے ایڈیٹر آغوش اسلام میں

تثلیث سے غیر مطمئن ہو کر مسٹر توحید کا استقبال کیا

حکومت ہند کی آمدنی اور خرچ

میزانیہ میں ۲۴ لاکھ کی بچت کا تخمینہ

تار اور ڈاک کے محاصل میں اضافہ قائم رہے گا

دار الحکومت

سید محمد شفیع صاحب کو دوبارہ نوٹس

۲۴ گھنٹہ میں دہلی چھوڑنے کا حکم

حافظ صادق علی صاحب کی رہائی

کارکنان جمعیۃ علماء ہند کی رہائی

دہلی اور گوالیار میں انقلابی سازش

اسلحہ کی برآمدگی پانچ نوجوان گرفتار

الہ آباد ہائی کورٹ میں ایک مسلم خاتون بیرسٹر

علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی بحالی کا مطالبہ

اسمبلی میں شاہ مسعود احمد کی قرارداد

ایوان میں شور برپا ہو گیا

حاجیوں پر پولیس کا لاٹھی چارج

بمبئی پولیس کا ظالمانہ اور انسانیت سوز رویہ

ہندوستان میں یورپینوں کیلئے خطرہ

برطانیہ اپنی طاقت سے دستبردار ہو رہا ہے

مدراس میں سزایافتگان کی تعداد

ہوم ممبر کا بیان

پونڈری کے ہندو وکیل کے خلاف مقدمہ

عدالت عالیہ سے ۱۴ ہندوؤں کی اپیل خارج

خوست میں جنگ چھڑ گئی

افغانی فوج اور وزیری لشکر کا مقابلہ!!

کانگریس کا اجلاس منعقد کرنیکی اجازت نہیں دیجاسکتی

پہلے سول نافرمانی کو ترک کرنے کی ضرورت ہے

اسمبلی میں ہوم ممبر کا اعلان

اسمبلی میں ساردا ایکٹ سے مسلمانوں کو مستثنیٰ کرانیکی کوشش

اسلام سے ہوم ممبر کی ناواقفیت کا ثبوت

حکومت کو اصل غرض کی تکمیل

ساردا ایکٹ سے استثنا نہیں ہو سکتا

چین اور جاپان کی خونریز جنگ

گولہ باری اور زہریلی گیس کا استعمال

جاپان نے دو شہروں پر قبضہ کر لیا

دار العوام میں الور کے متعلق سوالات

فسادات مرزاپور کا فیصلہ

مختصرات

جنوبی امریکہ میں جنگ

جنگ کیلئے افواج کا اجتماع

کانگریس کی پالیسی کا اعلان کرنے کیلئے گاندھی جی کا ارادہ

حکومت اس اعلان کی اجازت نہیں دیگی

سولہ سو چینی اور جاپانی ہلاک

چین اور جاپان کی جنگ کا نتیجہ

مولانا ابوالکلام آزاد کا بیان

ایک غلط فہمی کا ازالہ

ضروری اطلاع

حرم نبوی اور اسکندریہ کی مسجد کی اصلاح

اردو لسانیات پر ایک فصیح و بلیغ خطبہ
بزم ادب " مشن کالج حرکت میں

یادش بخیر مولانا بلال احمد صاحب زبیری بی۔ اے (ڈپٹی ایڈیٹر الجمعیۃ) جس زمانہ میں مشن کالج میں زیر تعلیم تھے، اور بزم ادب کی نظامت کے فرائض انجام دیتے تھے۔ اس زمانہ میں بزم ادب کی سرگرمیاں ... لیکن آپ کے جانے کے بعد اس انجمن کا وجود محض نام کا رہ گیا تھا ... طلباء کی تعلیم اور مشاغل ... اس بات کا بین ثبوت ہے کہ کالج کے طلباء اردو سے دلچسپی لینے لگے ہیں۔

گذشتہ چہار شنبہ ۱۵ فروری کی شب کو ۷ بجے بزم کے زیر اہتمام جلسہ منعقد ہوا جس میں حاضرین کی تعداد کافی سے زیادہ تھی ... سر عبداللہ سہروردی ... پنڈت امرناتھ مدن ساحر دہلوی ... مولانا عبدالرحمن صاحب ... مولانا عطاء الرحمن صاحب ... سید عبدالحی صاحب (ناظم بزم ادب) ... حافظ انوار حسین صاحب بی۔ اے ... مولوی شفیع الدین صاحب نیر (دارد و آنرز)

سب سے پہلے سید عبدالحی صاحب نے ایک مختصر تقریر کے ساتھ جلسہ کی صدارت کے لئے سر عبداللہ سہروردی کا نام پیش کیا جس کی تائید پنڈت امرناتھ مدن صاحب ساحر دہلوی ڈپٹی تحصیلدار نے کی۔

... سر سہروردی کرسی صدارت پر رونق افروز ہوئے اور آپ نے پنڈت برجموہن صاحب دتاتریہ کیفی دہلوی سے درخواست کی کہ وہ اردو لسانیات پر اپنے گرانقدر خیالات کا اظہار فرمائیں۔ چنانچہ علامہ کیفی نے ۶۵ منٹ تک نہایت ہی دلچسپ انداز میں اردو کی "تدریجی ترقی اور لسانیاتی پہلوؤں" پر روشنی ڈالی ... اپنے خیالات کا اظہار کیا ... پروفیسر اشتیاق حسین صاحب قریشی ... ذکر ... شکریہ ادا کیا۔

۸ بجے یہ علمی اور ادبی مجلس بخیر و خوبی برخواست ہوئی۔

جمعیۃ طلباء مراد آباد کا جلسہ
اسیر فرنگ مولانا فضل الرحمن صاحب کی علالت

آج مورخہ ۲۷ فروری سنہ ۳۳ء کو جمعیۃ الطلباء مراد آباد کا ایک عام اجلاس زیر صدارت صدر جلسہ مذکور ہوا جس میں باتفاق آراء حسب ذیل تجویز پاس ہوئی۔

جمعیۃ الطلباء مراد آباد کا یہ عام اجلاس فدائے ملت و کارکن جمعیۃ علماء ہند سابق ناظم جمعیۃ طلباء مراد آباد۔ جناب مولانا فضل الرحمن صاحب کی علالت کی طرف گورنمنٹ کی توجہ دلاتا ہے ... ملتان جیل سے کسی بہاڑی جیل میں ...

> **فلسفہ نماز**
> جس کا ہر مسلمان مرد عورت۔ بچوں پرانے و نئے تعلیم یافتہ لوگوں کے لئے پڑھنا ضروری ہے۔ قیمت ۴۔ ملنے کا پتہ
> چودہری علی نواز خاں۔ دفتر آئینہ دنیا حضرت نظام الدین دہلی

امرتسر میں دار العلوم السنہ شرقیہ کا قیام

امرتسر جیسے اہم اور مشہور شہر میں مدت سے ایک ایسے دار العلوم کی ضرورت ... محسوس کی جا رہی تھی جس میں پنجاب یونیورسٹی کے شہری امتحانات کے نصاب کے مطابق السنہ شرقیہ کی تعلیم کا خاطر خواہ انتظام ہو ... خدا کا شکر ہے کہ ... بمقام امرتسر ... دار العلوم السنہ شرقیہ کا افتتاح ... علماء اسلام و لیڈر ...

> ## جامع اللغات اردو
> بہ لحاظ تعداد الفاظ، محاورات اور ضرب الامثال
> دنیا میں سب سے بڑا لغت شائع ہو گیا
> مصنفہ خواجہ عبدالمجید
> السنہ متعلقہ — حصہ اول
>
> اردو، ہندی، فارسی، عربی اور سنسکرت کے لاتعداد الفاظ کا مخزن، لاکھوں محاورات کا حامل، پچیس ہزار سے زائد ضرب الامثال و اقوال کا مجموعہ، الفاظ علمیہ کی تشریحات، مشاہیر عالم کی سوانح عمریاں اور خصوصاً ہندوؤں اور مسلمانوں کی تاریخ اور ان کے مشاہیر کے حالات، علم الاصنام کے قصے، ملکوں اور شہروں وغیرہ کے حالات اور تاریخی واقعات نہایت تفصیل سے درج ہیں۔ محاورات عامہ، عادات، فنون اصطلاحات علمیہ، اصطلاحات پیشہ وران لاکھوں کی تعداد میں ہیں۔ ہر لفظ کا تلفظ اور مادہ بھی دیا ہے ... تقریباً ... الفاظ ... محاورات ... ضرب الامثال ... مشاہیر عالم کی سوانح عمریاں اور بہت سے جغرافیائی مقامات کے حالات اور علم الاسلام کے قصے درج ہیں ... صفحات کے کم از کم تیس ماہوار حصوں میں ماہوار شائع کیا جائے گا ... بہترین کاتب نے اس کو لکھا ہے اور نہایت اعلیٰ کاغذ استعمال کیا گیا ہے ... قیمت فی حصہ ایک روپیہ چار آنہ علاوہ محصولڈاک
> پہلا حصہ تیار ہے فوراً طلب فرمائیے ورنہ دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ المشتہر
> **خواجہ ایم محمود طوری منیجر جامع اللغات کمپنی لاہور گوبند رام اسٹریٹ چیمبرلین روڈ پوسٹ بکس ۱۶۶**

> # ۱۲۔ مارچ کی بجائے سارا مارچ
>
> ناظرین کو معلوم ہے کہ ۱۲ مارچ کو امرت دھارا کا سالانہ جشن اس کی سلور جوبلی کے دن ۱۲ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء سے برابر منایا جاتا ہے بھائیوں کو
> اس میں شریک کرنے کے واسطے ۱۲۔ مارچ کو ادویات و کتب کی قیمت میں رعایت کی جاتی ہے۔ اس کے متعلق کئی مشکلات کے باعث شکایات
> ہوتی رہتی ہیں۔ بارہ مارچ کو ہزارہا آرڈر جو ڈالے جاتے ہیں۔ انکی تعمیل باری پر ہونے سے مہربان مہینہ بھر انتظار میں رہتے ہیں۔ کہ کب پارسل آوے گا
> ایجنٹ والوں کو بھی ایک دن میں سارا دفتر لگ کر بھی اشیاء بہم نہیں پہنچا سکتا اور ان کو کہنا پڑتا ہے۔ کہ ایک ماہ کے اندر جب مرضی ہوئے جانا۔ ان وجوہات سے
> اس دفعہ تجربہ کرنے کا خیال ہوا ہے کہ بجائے ۱۲ مارچ کے سارا مارچ ہی رعایت کے واسطے مخصوص کر دیا جائے۔ پس
>
> ## یکم مارچ سے ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۳۳ء تک جو آرڈر دنیا کے کسی بھی ڈاک خانہ میں ڈالے جاوینگے
> ### ان پر ۱۲ مارچ والی رعایت دی جاوے گی۔ یعنی
>
> ... امرت دھارا اسکے پانچ مرکبات ۳/۴ قیمت پر یعنی روپیہ میں ۴ رکی پر۔ اور دیگر ادویات و کتب نصف قیمت پر یعنی روپیہ میں ۸ رکی پر ملیں گی
> ... کے اندر اندر جمع کرا سکتے ہیں۔ ان کا روپیہ جبتک ختم نہ ہو تب تک ان کو وہی رعایت ملے گی چاہے وہ کتنی بار کر کے ادویات منگوا دیں
> ... جس میں امرت دھارا اور اسکے مرکبات نیز دیگر ادویات کا مختصراً بیان معہ چند سندات و کتب کے دیا ہے
>
> ## طلب کرنے پر مفت بھیجی جاتی ہے!
>
> جو صاحب باقاعدہ تشخیص کر کے علاج کرانا چاہیں۔ وہ قواعد علاج بھی ساتھ ہی طلب کریں۔ جتنی جلدی آرڈر کریں بہتر ہے۔ ایسا نہ ہو کہ آخیر میں وہی مشکلات پیش آویں
> ... امرت دھارا دینے کے واسطے لکھا گیا ہے امرت دھارا اور اسکے مرکبات تو ہر گھر میں ہمیشہ موجود رہنے چاہئیں۔ انکی قیمتیں اس طرح ہونگی۔
> امرت دھارا ... آٹھ آنہ کی بجائے ... ایک روپیہ چودہ آنے۔ نصف شیشی ایک روپیہ چار آنے (۱؎) کی بجائے ۱۵؍۔ نمونہ کی شیشی آٹھ آنے (۸؍) کی بجائے چھ آنے ۶؍
> امرت دھارا امرت ... روپیہ کی بجائے بارہ آنے ۱۲؍۔ امرت دھارا کی میٹھی ٹکیاں ۴؍ کی بجائے ۳؍۔ امرت دھارا الوشن ایک روپیہ کی بجائے ۱۲؍
> امرت دھارا بام ایک روپیہ کی بجائے ۱۲؍۔ امرت دھارا صابن چودہ آنے (۱۴؍) فی بکس کی بجائے ساڑھے دس آنہ (۱۰؍۶)
> کچھ اور گھریلو ادویات کا بڑی فہرست میں تذکرہ ہے!
>
> تار کا پتہ۔ امرت دھارا۔ لاہور   خط و کتابت کا پتہ۔ امرت دھارا۔ لاہور
> المشتہر
> منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بلڈنگس۔ امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا پوسٹ آفس۔ لاہور

> ## دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑئیے
> لیکن کدھر؟
> ### ڈاکخانہ کی طرف
> کیوں کس لئے
> وہاں سے ایک کارڈ پر تحریر فرمادیں اور صحت و تندرستی کی کانڈو راہ راست کی ٹیچر قواعد قدرت کی واعظ نہایت عمدہ مضامین سے مزین ... صفحات کی کتاب "کام شاستر" مفت طلب فرما کر ملاحظہ فرماویں۔
> پتہ
> وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

> ## مفت را چہ گفت
> فہرست طلب فرمائیے
> ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی کی شاندار رنگین والی فہرست ادویہ معہ جنتری سنہ ۱۹۳۳ء مفت صرف ایک کارڈ لکھ کر منگائیے اس میں سر سے پاؤں تک کی بیماریوں کی مجرب دوائیں درج ہیں جن کے ذریعہ سے آپ گھر بیٹھے ہر بیماری کا علاج بآسانی کر سکتے ہیں۔
> تار کا پتہ ہمدرد دہلی | منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی | ٹیلیفون نمبر ۱۰۸۸

> ## حب لغمت (رجسٹرڈ)
> جریان، سرعت، کثرت احتلام، ضعف باہ وغیرہ کی بے نظیر دوا ہے اعضائے رئیسہ کو تقویت پہنچاتی ہے اور قوت مردمی کو بحال کرتی ہے یہ گولیاں ہزارہا مریضوں پر تجربہ کی جا چکی ہیں اور لاکھوں انسان ان کی شہرت سے واقف ہیں ۳۲ گولیوں کی قیمت ایک روپیہ علاوہ محصولڈاک کارخانہ کی بڑی فہرست ادویہ مفت طلب کیجئے۔
> منیجر دواخانہ بقائی (رجسٹرڈ) بازار جتلی قبر دہلی

> ## سفید بال جڑ سے کالا
> ایک آنہ کا تین روپے نصف تک ... پچاس برس کے بعد بھی ... کالا بال پیدا ہو ... روپیہ واپس
> بال کالا اسٹورس پوسٹ بکس کمپنی سمری دوربھنگہ

> ## ہندوستانی ایجاد اور دنیا کو چیلنج
> ہم دنیا کے ہر ایک گیسٹ کو چیلنج دیتے ہیں کہ ہمارے ایجاد کردہ "ریکارڈ نیاکس" سے ... سوئیوں ... اس سے بہتر کوئی دوسرے ثابت کر دیں ... انعام ... ریکارڈ ... شل ... سوئی ... طلب کیجئے قیمت فی بکس جس میں چار سو سوئیاں ... ڈاک ... ہوگی ... پوسٹیج فری۔
> نوٹ۔ مقامی ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔ شرائط ایجنسی کے لئے خط و کتابت کریں۔
> ... ہندی اور انگریزی تینوں رسم الخط ...
> المشتہر
> دی لوئل پرنس اینڈ کمپنی جنرل آرڈر سپلائرز کمیشن ایجنٹس اینڈ مینوفیکچررز بادھو نگر اوجین!!

> ## کٹ پیس کا تازہ چالان آگیا ہے
> ہم لمبے چوڑے اشتہار دینا اور لفاظی کرنا پسند نہیں کرتے قلیل نفع لگا کر دیانتداری سے بیوپاریوں کو نمونے کی جھوٹی گانٹھیں ایک صد۔ دو صد اور پچاس روپے تھوک نرخ پر بھیجتے ہیں۔ جن میں نئی وضع کا ارزاں۔ عام پسند موسم کے مطابق ایک گز سے دس گز تک اور تھان کا کٹ پیس اور پارچہ ہوگا بطور نمونہ منگوا کر آزمائش کریں۔ چوتھائی رقم پیشگی آنی چاہئے۔ مفصل فہرست طلب کریں۔
> ایس رفیق بھائی جنرل۔ سپلائرز جیکب سرکل بمبئی

> صداقت و ایمانداری حکم خدا اور اس پر عمل ہمارا فرض ہے
> ## نوساری والے کا شراب طہور (رجسٹرڈ)
> یہ عرق اپنے کثیر فوائد کی بنا پر زبان زد خاص و عام ہے یہ دوا ہی نہیں بلکہ نہایت لذت بخش خوش ذائقہ مفرح عرق ہے جس کو بچہ جوان۔ بوڑھا۔ مرد۔ عورت۔ بلا تکلف استعمال کر سکتا ہے۔ بھوک کی کمی بدہضمی۔ زکام۔ نزلہ۔ کھانسی۔ دماغ کی کمزوری خون کی کمی پرانا بخار کھجلی۔ خون کی خرابی کے لئے اکسیر ہے۔ قوت مردمی کے لئے ان سے بڑھ کر زود اثر قیمت شاید ہی کوئی دوا ہو۔ ضعف مثانہ۔ سوزاک۔ آتشک میں عجب نفع دیتا ہے۔ تقویت باہ کے لئے از بس مفید ہے۔ زیادہ تعریف کی حاجت نہیں ایک بار استعمال کیجئے اور ہماری صداقت کی داد دیجئے۔ قیمت نصف بوتل عہ پوری بوتل عہ / اسپیشل بوتل ... عورتوں کے ضعف رحم ایام کی خرابی، ہسٹریا، اختناق الرحم، اختلاج وغیرہ کے لئے نعمت ہے شراب کی عادت چھڑانے اور اس کے نقصانات دور کرنے کے لئے مجرب۔
> پتہ
> نوساری دواخانہ قریب جے جے ہاسپٹل بمبئی پوسٹ ۹

جمعیۃ علماء سہارنپور کے کارکنوں کی رہائی

سہارنپور ۵ فروری۔ آج گیارہ بجے دن کے مولانا تفضل حسین صاحب فاضل دیوبند مولانا لطف الرحمن صاحب فاضل دیوبند کارکنان جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور ڈسٹرکٹ جیل سہارنپور سے اپنی مدت اسارت پوری کر کے رہا کر دئے گئے آپ حضرات کو پکٹنگ کے الزام میں، ماہ اکتوبر سنہ ۳۲ء کو تین تین ماہ قید با مشقت و بصورت عدم ادائیگی ایک ماہ مزید قید کا حکم سنایا گیا تھا۔

جمعیۃ علماء ہند کے ایک کارکن کو اخراج کا نوٹس

دہلی، ۲ فروری۔ مولوی محمد سراج الدین صاحب بہاری کارکن جمعیۃ علماء ہند کو چیف کمشنر دہلی کی جانب سے اس مضمون کا نوٹس موصول ہوا ہے کہ ۴۸ گھنٹہ کے اندر صوبہ دہلی کی حدود سے وہ باہر نکل جائیں اور تا اطلاع ثانی واپس نہ آئیں۔ ورنہ پنجاب آرڈیننس ایکٹ کے ماتحت ایک سال قید یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دیجائیں گی۔

مسلم یونیورسٹی کو نواب صاحب مانگرول کا عطیہ

ہز ہائی نس نواب صاحب مانگرول نے خواجہ حسن نظامی صاحب کی معرفت مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کے شعبہ سائنس کو دو ہزار روپیہ کا گرانقدر عطیہ مرحمت فرمایا ہے۔ (ڈوائرکٹر)

اور قومی کارکن و دیگر معززین شہر کافی تعداد میں موجود تھے ... کے بعد حاضرین میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ دار العلوم کے صدر مدرس ... مولانا غلام مصطفے صاحب کشمیری مولوی فاضل منشی فاضل ادیب فاضل دارانی فاضل دیوبند و فاضل جامعہ اسلامیہ ڈابھیل ضلع سورت مقرر ہوئے ہیں فی الحال مولوی فاضل منشی فاضل ادیب فاضل اور ان کے تعلیم کا انتظام کیا گیا ہے فیس داخلہ وفیس ماہواری و دیگر تفصیلات خاکسار سکرٹری سے بذریعہ خط و کتابت یا بالمشافہ دریافت کیجئے۔
سید محمد اکبر حسین صدر و بابو عبدالحق بی اے سکرٹری مجلس منتظمہ دار العلوم السنہ شرقیہ ہال بازار امرتسر

جمعیۃ تبلیغ الاسلام کا جلسہ

حسب ہدایت صدر صاحب جمعیۃ ہذا جماعت منتظمہ کا جلسہ مورخہ ۲۳ و ۲۴ مارچ سنہ ۳۳ء کو منعقد ہونے والا ہے ممبران جمعیۃ تبلیغ الاسلام صوبجات متحدہ سے استدعا ہے کہ جو تجاویز وہ اس جلسہ میں پیش کرنا چاہیں وہ براہ کرم دفتر جمعیۃ مذکور میں جلد سے جلد روانہ فرمادیں تاکہ ان کو ایجنڈے میں شامل کر دیا جائے۔ ایجنڈا انشاء اللہ ۱۰ مارچ سنہ ۱۹۳۳ء تک جاری ہو جاویگا۔ فقط
(محمد عبدالحی عفی عنہ ناظم تبلیغ جمعیۃ تبلیغ الاسلام صوبہ جات متحدہ شہر آگرہ)

> ## پیلی بھیت کیوں مشہور ہے
> اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہراپن کی روغن کرامات تمام دنیا میں پہونچتی ہے جو عام ڈاکٹر اور انگریز حضرات قدر کرتے ہیں۔
> ### بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات سے
> ## بہراپن
> کان بہنے اور طرح بطرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے
> قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ)
> جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لا کر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والوں مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے ہمارا پتہ یہ ہے:۔
> **کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔پی)**

> ## ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں
> مکمل فہرست مفت طلب کیجئے   مکمل فہرست مفت طلب کیجئے
>
> ### قرص ابیض
> یہ دوا مسیح الملک ثانی حکیم محمد احمد خاں صاحب کے خاص الخاص مجربات سے ہے جریان جیسے خبیث مرض کو بالکل دور کرتی ہے دافع حرارت ہے ... اس کے لئے بھی یہ بے نظیر چیز ہے۔
> قیمت ۳۲ قرص دو روپے (۲؍)
>
> ### اکسیر نسواں
> عورتوں کے امراض کے لئے اس سے بہتر دوا اب تک ہندوستان میں ہے اور نہ یورپ میں۔ ضعف رحم، ورم رحم، سیلان الرحم، ایام کی بے قاعدگی ... اسقاط حمل اور اختناق الرحم وغیرہ امراض نسواں کے لئے از بس مفید اور کامیاب دوا ہے تندرست عورتیں اس کو استعمال کر کے امراض سے محفوظ رہتی ہیں۔
> قیمت فی شیشی ایک روپیہ (عہ)
>
> ### ملین
> یہ دوا دافع قبض دواؤں میں بے نظیر دوا ہے معدہ اور آنتوں کو بالکل صاف کر دیتی ہے۔ قبض سے پیدا ہونے والے امراض مثلاً درد سر (نیا ہو یا پرانا) اور آشوب چشم وغیرہ اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ موسمی بخاروں میں اس کا استعمال بطور ایک دافع قبض دوا کے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ الغرض یہ قبض کے لئے نہایت مفید اور مقبول عام دوا ہے۔
> قیمت ۸۰ قرص ایک روپیہ چار آنہ
>
> ### جوہری
> مرض آتشک کے لئے حضرت مسیح الملک کے مجربات سے وہ خاص دوا ہے جس سے اب تک ہزارہا مریض اچھے ہو چکے ہیں آتشک نئی ہو یا پرانی اس کو نیست و نابود کر دیتی ہے آتشک کے سبب سے گٹھیا اور عرق النساء جیسے امراض پیدا ہو جاتے ہیں بعض مریضوں میں غلبہ سوداویت کے باعث گھبراہٹ پیدا ہو جاتی ہے اس کے ازالہ کے لئے بھی یہ دوا نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔
> قیمت پندرہ یوم دو روپیہ (۲؍)
>
> ملنے کا پتہ:۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

روزنامہ

بحمد اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ [illegible]
ششماہی [illegible]
ممالک غیر کے لئے
سالانہ [illegible]
ششماہی [illegible]
نمونہ مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخ اشاعت [illegible]

معاون محمد عثمان فارقلیط

مسئول هلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۷ | دہلی - یوم پنجشنبہ ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۹ مارچ ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۸

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

عکہ کے میدان میں شاہان یورپ کا اجتماع

عیسائی برجوں کو مسلمان انجینیروں نے کس طرح تباہ کیا؟

پوپ کا خط اور سلطان صلاح الدین کی تدابیر

عکہ کے عظیم الشان معرکہ کا حال آپ گزشتہ الجمعیۃ میں پڑھ چکے ہیں۔ آج ابن اثیر جزری کے بیان کا باقی حصہ درج کیا جاتا ہے۔

آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں کہ عیسائیوں نے زبردست یلغار کرکے سلطان صلاح الدین کے خیمہ تک حملہ کردیا تھا لیکن اسلامی فوج نے ان سب کو بھگا کر تہ تیغ کردیا۔ اس میں عیسائیوں کی تعداد جو اس موقعہ پر مارے گئے دس ہزار سے زائد تھی بہت سے لوگ گرفتار ہوئے جن میں تین عورتیں بھی تھیں جو سپاہیانہ لباس میں مسلمانوں سے لڑ رہی تھیں سلطان صلاح الدین رحمۃ اللہ علیہ نے ان لاشوں کو اس دریا میں ڈلوا دیا جس کا پانی عیسائی پیا کرتے تھے۔ لاشوں کے سڑنے سے ایسا تعفن پیدا ہوا کہ سلطان موصوف بیمار پڑ گئے۔ اطباء کی رائے سے آپ کا خیمہ زیادہ پیچھے ہٹا کر مقام خروبہ پر نصب کیا گیا اب فرنگیوں کیلئے زیادہ میدان کھل گیا اور عکہ بالکل محصور ہوگیا۔ سمندر کی طرف سے بھی عیسائیوں کے جہاز بھرے ہوئے تھے۔ گرد کی خندق عیسائیوں نے زیادہ گہری کی اور اسکے برابر مٹی کی منڈیر سے دمدمہ قائم کرلئے مگر عکہ والے برابر بہادری سے لڑتے جنتے تھے۔ ۱۵ شوال کو مصری بیڑہ اور فوج آ پہونچی جس سے ان کا حوصلہ اور بڑھ گیا۔ اس محاصرہ میں ۵۸۵ھ گزر گیا اور ۵۸۶ھ کے ماہ صفر میں ایک اور سخت لڑائی ہوئی جس میں طرفین کے بہت سے آدمی مارے گئے۔ سلطان موصوف کا خیمہ پھر تل کیسان پر نصب کردیا گیا اور وہ روز عیسائیوں کا مقابلہ کرتے رہے تاکہ عیسائیوں کو شہر پر زیادہ دباؤ ڈالنے کا موقعہ نہ رہے۔

برجوں کی تعمیر

فرنگیوں نے جب دیکھا کہ شہر کسی طرح فتح ہی نہیں ہوتا تو انہوں نے تین زبردست اور عالیشان برج بنوائے۔ یہ برج لکڑی کے تھے مگر ان پر ایسے مسالے لگائے گئے تھے کہ ان پر آگ بالکل اثر نہیں کرتی تھی۔ ہر ایک برج میں پانچ درجے تھے اور ہر درجہ میں بہت سے لوگ بڑے اطمینان سے سنگباری کرکے شہر والوں کی زد سے بچ سکتے تھے۔ جب یہ برج عکہ کی دیوار کے تین جانب کھڑے کئے گئے تو ان پر سے عیسائیوں نے لڑنا شروع کیا۔ مسلمانوں نے روغن نفط کی ہانڈیاں ان پر پھینکنی شروع کیں۔ تب بھی ان پر اثر نہ ہوا۔ اس ناکامی کو دیکھ کر عکہ والے بہت گھبرائے اور مسلمانوں کا سردار مایوس ہوگیا۔

مسلمانوں کا حیرت انگیز کمال

اس اثناء میں ایک دمشقی مسلمان نے آکر کہا کہ آپ منجنیق والوں کو حکم دیدیجئے کہ جو کچھ میں انہیں دوں اسے ان برجوں پر برسائیں اور جب تک میں خود نہ ٹھہر جاؤں وہ اپنا کام برابر جاری رکھیں۔ یہ شخص ایک اعلیٰ درجہ کا کیمیاگر اور انجینیر تھا مگر سردار اسقدر پریشان تھا کہ غصہ سے جواب دیا کہ اور سبھوں نے کیا بنا لیا جو تم بنا لو گے۔ حاضرین میں سے کسی نے کہا کہ اس میں مضائقہ کیا ہے امتحان ہی سہی۔ کامیابی حاصل ہوئی تو سبحان اللہ اور ناکامی تو نظر ہی آرہی ہے۔ قراقوش (سردار) نے راضی ہوکر منجنیق والوں کو اس شخص کی ہدایت پر عمل کرنے کا حکم دیا۔ اسکا امتحان ایک برج پر کیا گیا۔ اس شخص نے پہلے ایک روغن دیا کہ ہانڈیوں میں بھر بھر کر برسایا جائے اس سے بظاہر کوئی اثر نمایاں نہیں ہوا۔

فرنگی جو برجوں پر تھے یہ تماشہ دیکھ کر مسخرہ پن کرتے تھے اور جب کوئی ہانڈی گرتی تو تضحیک کی راہ سے منہ چڑانے اور ناچنے کودنے لگتے اور ایسی ایسی حرکتیں کرتے جن سے مسلمانوں کو سخت غصہ آتا۔ غرض وہ اس غفلت میں رہے اور سارا برج اس روغن سے بھگو دیا گیا۔

عیسائی برجوں میں آگ

اب اس کے بعد اس دمشقی کیمیاگر نے مشتعل روغن نفط کی ہانڈیاں برسانی شروع کیں جس کے بعد یکایک سارا برج مشتعل ہوگیا اور جس قدر عیسائی اس کے اندر تھے وہ سب کے سب معہ برج کے جلکر خاک ہوگئے۔ اس کے بعد یہی عمل دوسرے برجوں پر کیا گیا مگر اس میں کسی جان کا نقصان نہیں ہوا کیونکہ ہانڈیوں کا سلسلہ جاری ہوتے ہی سب عیسائی ان میں سے نکل کر بھاگ گئے۔

۲۰ جمادی الاول کو سلطان کے لشکر سے ایک زبردست جنگ ہوئی اس میں

فرنگیوں نے مصری فوج پر حملہ کیا تھا ابتدا مصری بھاگے مگر جب فرنگی ان کے خیموں کو لوٹنے میں مصروف ہوگئے تو مصری اور بہت لشکر ان پر آپڑے اور ان کو گھیر کر مار ڈالا۔ اس لڑائی میں بھی دس ہزار فرنگی مارے گئے۔

شاہان یورپ کی آمد

اس کے نتیجہ میں عیسائی گھرائے ہوئے تھے کہ اتنے میں شاہان یورپ آپہونچے ان کا حوصلہ بڑھ گیا اور ساتھ ہی لڑائی کا رنگ بھی بدلنے لگا۔ اب فرنگستان سے صلیبیوں کا سیلاب امنڈا چلا آتا تھا آخر ۲۰ جمادی الثانی کو سلطان صلاح الدین نے اپنا خیمہ ہٹا کر خروبہ میں پھر نصب کیا تاکہ میدان وسیع ہوجائے۔ یورپ والوں نے عکہ کے گرداگرد بڑی بڑی منجنیقیں قائم کرلی تھیں جنہیں محصورین اپنی ہوشیاری سے کسی طرح قائم نہیں ہونے دیتے تھے۔ مجبور ہوکر عیسائیوں نے ایک اور تدبیر نکالی وہ یہ کہ شہر پناہ سے فاصلہ پر مٹی کا ایک تودہ قائم کیا اور مٹی آگے ڈال کر جب اس تودہ کو دیوار کے قریب لے آئے تو اس کی آڑ میں منجنیقیں قائم کردیں۔ ادھر تو یہ سختی تھی اور دوسری طرف عکہ والوں کے پاس کھانے کے لئے کچھ نہیں رہا سلطان نے اسکندریہ اور بیروت کے والیوں کے نام پیغام بھیجا کہ دریا کے راستے سے رسد پہنچائیں۔ اسکندریہ والے تو کچھ نہ کرسکے مگر حاکم بیروت نے یہ حکمت کی کہ اپنی وضع عیسائیوں کی بنا کر صلیبیں جنگی جہازوں میں غلہ اور سامان بھر کر لے چلے اور مستولوں پر صلیبی جھنڈے اڑا کر بیروت کی طرف چلے۔ فرنگی جہازوں نے اپنے جہاز سمجھ کر کوئی مزاحمت نہ کی اور عکہ پہونچ کر ان جہازوں نے پوری رسد پہونچا دی۔

پوپ کا خط

اس اثناء میں عیسائیوں کے پاس پوپ کا خط آیا کہ میں نے تمام عیسائیوں کو جہاد کرنے کا حکم دیدیا ہے لگاتار فوجیں پہونچتی رہیں گی تم گھبرانہ جانا۔ ۱۱ اور ۲۳ شوال کو سخت لڑائیاں ہوئیں جن میں فرنگیوں کا سخت نقصان ہوا۔ موسم سرما شروع ہوتے ہی صلیبی جہاز دیگر مقامات میں بھیجدیئے گئے۔ عکہ میں سلطان کی مزید فوج پہونچنے نہیں پائی تھی کہ عیسائیوں کے جہاز پھر آگئے جس کے باعث راستہ بالکل بند ہوگیا۔ اب ۵۸۷ھ شروع ہوا اور اس کے شروع ہوتے ہی انگلستان سے اس قدر کمک آنے لگی کہ گویا یورپ فوجیں اگل رہا تھا۔ جہازوں پر جہاز سپاہیوں سے لدے ہوئے چلے آتے تھے۔

۱۰ ربیع الاول کو فلپ شاہ فرانس آپہونچا مگر سلطان کی وہی حالت تھی کہ صبح ہوتے ہی پھر لڑنے پر آمادہ ہوجاتے اور عیسائیوں کو عکہ پر حملہ کرنے کا موقعہ نہ دیتے تھے۔

شاہ انگلستان سے مقابلہ

بیروت کے حاکم نے جن کا نام اسامہ تھا صلاح الدین کے حکم کے مطابق کچھ جہاز سپاہیوں اور رسد سے بھر کر عکہ کی طرف روانہ کئے تھے ان سے اور انگلستان کے جہازوں سے جزیرہ قبرص میں مقابلہ ہوگیا۔ مسلمانوں کے جہاز غالب آئے اور فرنگی جہازوں پر جتنے عیسائی تھے سب گرفتار کرلئے گئے اور غلہ اور مال اسباب چھین لیا۔ تاہم عکہ کا بچانا روز بروز دشوار نظر آتا تھا عیسائیوں کی اس قدر زائد تعداد فوج جمع ہوگئی تھی کہ اس کی روک تھام بہت ہی دشوار تھی عیسائی عکہ پر بھی حملہ کرتے تھے اور صلاح الدین سے بھی لڑتے تھے۔ آخر عکہ کی دیواروں کے نیچے عیسائیوں نے سات منجنیقیں قائم کردیں اور دیواریں منہدم ہونے لگے۔ ۴ جمادی الاول کو سلطان اور آگے بڑھ گئے اور ان سے بالکل قریب ٹھہر گئے۔ ۱۳ جمادی الاول کو شاہ انگلستان بھی آپہونچا اس کے ساتھ ۲۵ بڑے بڑے جہاز تھے جو سپاہیوں سے بھرے ہوئے تھے۔ اس بادشاہ کے آتے ہی عیسائیوں کے حوصلے بڑھ گئے۔ اس لئے کہ رچرڈ شاہ انگلستان بڑا بہادر حیلہ جو افسر تھا اس وقت بھی بیروت سے کچھ جہاز رسد اور سپاہیوں سے لدے ہوئے عکہ کو چلے ان پر خود شاہ انگلستان آپڑا مقابلہ ہوا اور مسلمانوں کو اپنی شکست کا یقین ہوگیا۔ یعقوب حلبی جو اس بیڑے کا افسر تھا اس نے اپنے آپ ہی جہاز توڑ کر ڈبو دئے اور خود بھی دریا میں ڈوب گیا تاکہ رسد عیسائیوں کے ہاتھ میں نہ پڑ جائے اور یہ زندہ گرفتار نہ ہوجائیں۔

(باقی آئندہ)

معاصرین کے افکار و آراء

روٹی کا سوال (سچ)

مسٹر پروفلا چندر رے، کلکتہ کے نامور ماہر سائنس اور درویش منش مہاتما ہیں۔ فن کیمسٹری میں اُن کے کارناموں کی دھوم یورپ تک میں برپا ہے۔ ستر سالہ عمر میں اپنی "آپ بیتی" شائع کی ہے، ٹائمس (لندن) کے تعلیمی ضمیمہ میں اس پر ریویو نکلا ہے۔ اس کے توسط سے کتاب مذکور سے اعداد و اقتباسات ذیل نقل کئے جاتے ہیں:-

"کلکتہ یونیورسٹی میں ہر سال ۲۵ اور ۳۰ ہزار کے درمیان طلبہ ڈگری کے امتحانات میں شریک ہوتے ہیں۔

ڈھاکہ یونیورسٹی میں ہر سال تقریباً ۲ ہزار طلبہ ڈگری کے امتحانات میں شریک ہوتے ہیں۔

ان میں سے صرف ۲ یا ۳ فی صدی ایسے خوش قسمت نکلتے ہیں جو سرکاری ملازمت، یا انجینیری، ڈاکٹری، بیرسٹری وغیرہ میں داخل ہو پاتے ہیں!"

گویا اکبر کے اس لطیفہ کی دردناک شرح، دنیا کے گل میں ہو رہی ہے۔

کالج میں دھوم مچ رہی ہے پاس، پاس کی
عہدوں سے آرہی ہے صدا دُور دُور کی!

"علی پور بار میں [یعنی کلکتہ کی ابتدائی عدالت فوجداری کے سامنے] ۵۰۰ وکیل [مہر درجہ اور مرتبہ کے] وکالت کرتے ہیں! ان میں سے صرف ۱۰ فی صدی ایسے ہیں جن کی آمدنی اوسط درجہ کی بھی کہی جا سکتی ہے۔

بار ریسال میں وکلاء کا اوسط آمدنی ۱۵ روپیہ ماہوار سے زیادہ نہیں اور یہ معلوم کتنے وکالت کی ڈگریاں رکھنے والے ایسے ہیں جو ایک ایک دانہ رزق کو ترستے ہیں"

یہ سب کچھ دیکھتے سنتے، جانتے بوجھتے پھر بھی، سرکار عظمت مدار ہے کہ اسکول و کالج کیسے، نئی نئی یونیورسٹیاں بنے تحاشہ کھولتی چلی جاری ہے، اور خلقت ہے کہ اندھا دھند ان میں دھنستی اور پلتی جاتی ہے!

تنگی رزق نے تو جرسے دے دے ہیں کتنے
کیسی دلیل شرعی، کیسا خرد کا فتویٰ

(اکبر کا یہ شعر، گاندھی جی کی تحریک ترک موالات سے بہت قبل کا کہا ہوا ہے)

مسلمان اور جاپانی مال (البشیر)

ہم سودیشی کے عملاً حامی رہے ہیں۔ اور ہمارا عقیدہ ہے کہ جب تک ہندوستان کی ضرورت کی اشیاء خود ہندوستان میں تیار نہ ہوں گی اس وقت تک ہندوستان کو کبھی خوشحالی نصیب نہیں ہوسکتی۔ خواہ ہندوستان کو کتنے ہی زیادہ سیاسی حقوق دے دئے جاویں اس وجہ سے ہماری نہایت سختی سے رائے یہ ہے کہ اول تو ہر ایک ہندوستانی کا یہ فرض ہونا چاہیئے کہ وہ اپنی ضروریات کی اشیاء ہندوستان میں فراہم کرے اور تمام غیر ملکی اشیاء کو بائیکاٹ کرے اور جو لوگ بوجہ کسی مجبوری کے ایسا نہ کرسکیں ان کا فرض ہے کہ وہ سب سے پہلے جاپانی مال کا بائیکاٹ کریں۔ اس کے بعد جرمن اور یورپ اور امریکہ کے ممالک کے مال کا بائیکاٹ کیا جاوے۔ اور سب سے زیادہ آخر میں انگلستان کے مال کا۔ کیونکہ جاپان اپنے ناقص مال کی وجہ سے سب سے زیادہ ہندوستان کا خون چوس رہا ہے۔ اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ پوری قوت کے ساتھ جاپان کے مال کا بائیکاٹ کیا جاوے۔ مسلمانوں کے واسطے جاپان کے مال کا بائیکاٹ کرنا اس وجہ سے بھی ضروری ہے کہ جاپان نے اپنے ملک چین کو نچلا نہیں بیٹھنے دیا۔ اور اس کے ملک پر ناجائز قبضہ کرنے کی وجہ سے وہ چین سے ہمیشہ برسر جنگ رہتا ہے۔ چونکہ چین میں ۵ کروڑ مسلمان آباد ہیں۔ لہذا جاپان کے چین پر حملہ کرنے کی وجہ سے مسلمانان چین کی جان و مال کو بہت زیادہ نقصان پہونچتا ہے۔ جاپان سے مسلمانان چین کو جو نقصان پہونچتا ہے اس کی بہت کچھ ذمہ داری ہندوستان کے مسلمانوں پر ہے۔ کیونکہ بمقابلہ ہندوؤں کے مسلمان ہی زیادہ جاپان کا مال خریدتے ہیں اور اس طرح وہ اپنا بہت زیادہ روپیہ جاپان کو دیتے ہیں اور جاپان ہندوستان کے مسلمانوں کے روپیہ کو چینی مسلمانوں کے خون بہانے میں صرف کرتا ہے۔

چین اور جاپان (اہلحدیث)

یہ بات قطعاً صحیح ہے جو ایک روایت میں قرآن شریف کی بابت آیا ہے "لکل ظہر بطن"۔ ہر ظاہر کا ایک باطن بھی ہوتا ہے۔ سیاسیات یورپ ایسی پیچ در پیچ ہیں کہ تاج ہندوستان کے تخت پر اکبر بادشاہ بھی ہوتا تو وہ بھی ان کے سمجھنے میں پریشان ہوتا۔ ان کی ظاہری سطح بالکل صاف ہوتی ہے مگر باطنی پیچ در پیچ۔

آج اخباری دنیا میں اس بات پر حیرانی کا اظہار کیا جارہا ہے کہ چین اور جاپان کی جنگ کے متعلق لیگ اقوام کی مجلس کمیٹی (۱۹ ممبران) نے فیصلہ کیا ہے کہ جاپان کو کہا جائے کہ منچوریا چین کے حوالے کردے۔ اس فیصلہ کی تعمیل کے بجائے وہ ساری لیگ کو للکارتا ہے کہ میں منچوریا نہیں چھوڑوں گا، لیگ کی ممبری چھوڑ دونگا۔

حیرانی کی بات یہ ہے کہ جاپان اکیلے کو اتنی جرأت کیوں ہے کہ وہ ساری دنیا کی حکومتوں سے لڑنے کا، لڑ کر اُسے کامیابی کی امید بھی ہے؟ بظاہر تو دیوانہ پن ہے پھر کیا جاپان ایسا کم عقل ہے کہ تباہی کی خندق میں کود پڑے۔ ہمارے خیال میں یہ واقعہ ذرا بھی حیرت انگیز نہیں۔ کیونکہ یورپ کی سیاسیات کو جو کچھ ہم نے سمجھا ہے وہ بالکل اس شعر کی مصداق ہیں

حلف عدو سے قسم مجھ سے کھائی جاتی ہے
الگ ہر ایک سے چاہت بتائی جاتی ہے

اس اصول کے ماتحت لیگ کے بعض ممبر اندر ہی اندر جاپان کو اپنا معاون سمجھتے ہونگے۔ پہلے تو ہمارا گمان ہی تھا لیکن جب ہم نے یہ خبر پڑھی کہ سرجان سائمن (انگریز) سے پارلیمنٹ میں سوال ہوا کہ جاپان نے اگر لیگ کا فیصلہ نہ مانا تو انگلستان اسلحہ کی فروخت اس کے ہاتھ بند کردیگا؟ سرجان نے جواب دیا کہ جب اور ملک بند کریں گے تو اکیلے انگلستان کی بندش سے کیا ہوگا۔

جس کا مطلب صاف ہے کہ نہ اور ملک بند کریں گے نہ انگلستان ایسا کرے گا!

قومیت اور فرقہ واری (مشیر)

بنجاب کی ریلوے کے کرایہ پر بحث ہوتی ہے اور اس افسوسناک حقیقت کی طرف ذمہ دار حکام کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ اس محکمے میں مسلمانوں کی حق تلفی ہورہی ہے تو بجائے اس کے کہ اس کی تلافی پر توجہ دے کر راہ عدل کو ہموار کیا جائے اسے "قوم پرستی" کے منافی اور "فرقہ پرستی" کے ہم معنی بنا کر خوفناک شیئہ بنا دیا جاتا ہے۔ آخر قوم کی عمارت ڈھلی ڈھلائی، چھلی چھلائی کہیں آسمان سے تو نہیں اترے گی جتنے انسان ہندوستان میں آباد ہیں انہیں سے ہندوستانی قومیت مراد ہے نہ کہ ایک خاص جماعت کو "قوم" بنا کر باقی سب کو فرقہ پرستی کے آزار میں مبتلا قرار دیتے ہوئے ان کے اتفاد و اتحا کا نام قومیت ہے۔ اکثریت اور اقلیت کے جھگڑے بیکار رہیں۔ ہندوستان میں رہنے والا جو فرد یا جماعت کسی لحاظ سے بھی قابل توجہ ہے اس کی طرف صدق دل سے متوجہ ہونا یہی قومیت کا تقاضا ہے۔ اگر ڈپٹیوں اور بیرسٹروں یا ہماری ریلوے کی تنخواہ پانے والے ملازمین ہی کو قومی عمارت کہہ سکتے ہیں تو یاد رہے کہ اس کا خمیازہ بری طرح بھگتنا پڑے گا۔

دو لاکھ کی بچت (ملت)

اس موقع پر ہم جو کچھ لکھنا چاہتے ہیں وہ یہ ہے کہ سالانہ میزانیہ کے تخمینہ میں بچت حقیقتاً ملک کی فراغت اور خوشحالی کا ثبوت نہیں ہے۔ یہ ایک مسلّمہ حقیقت ہے کہ ساری دنیا کی ممالک کی حکومتیں خسارے برداشت کر رہی ہیں لیکن ہندوستان میں بچت ہوگئی ہے مگر دنیا کے سارے ممالک میں ہندوستان ہی غالباً وہ ایسا بدنصیب ملک ہوگا جس پر محاصل اور ٹیکسوں کا بوجھ سب سے زیادہ لدا ہوا ہے اور یہی وہ ملک ہے جس کے باشندوں کی اوسط آمدنی فی شخص مشکل سے ڈھائی آنہ ہوتی ہے! ملک کے اس افلاس اور اس کے باشندوں کی اس تنگ دستی کے بعد اگر سرکاری خزانہ میں بچت ہو تو وہ کوئی خوشی اور فخر کی بات نہیں ہے۔ حکومت کو سب سے زیادہ اس بات کی کوشش کرنی چاہیئے کہ ۲۲ لاکھ کی بچت کے ساتھ ساتھ ملک کی عام حالت بھی درست ہو، عوام کی غربت، ان کی مالی تباہی اور ان کی کاروباری بدحالی کی اصلاح بھی ہو کہ حقیقی مالی استحکام وہی ہے، مجوزہ میزانیہ میں بچت بالکل دکھلاوا نہیں ہے! +

علمائے جرمنی نے عربی زبان کی تسہیل میں بھی کمال کردیا ہے

[illegible]

عربی کا معلم

[illegible]

عربی کو اس سے مستفید ہونے کا موقع دیں۔ تقریباً جرمن کی کتاب اور اس کی کلید دس روپے سے کم میں نہیں ملتی۔ مگر اس کتاب کے دونوں حصوں اور ان کی کلید اجو تقریباً [illegible] صفحات پر مشتمل ہیں) کی قیمت [illegible] روپے رکھی گئی ہے۔

عبدالوحید صدیقی منیجر الجمعیۃ دہلی سے طلب فرمائیں

کیٹوفین

بچوں کی صحت

[illegible]

کیٹوفین مینو فیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

حیات طیبہ

[illegible]

منیجر اہلحدیث امرتسر

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

[illegible]

ہندوستان کا بہترین اخبار

نوید

سیاسیات عالم پر پرمغز مضامین - اسلامی ممالک کے حالات - [illegible]

کے رنگ میں تحریکات عالم پر تبصرے شائع ہوتے ہیں۔

اعلیٰ طبقے میں بہت مقبول ہے اس لیے اشتہار بہت کامیاب ہوتا ہے

نمونہ مفت - ایجنٹوں کو ایک مرتبہ [illegible]

منیجر نوید [illegible]

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین بزرگان دین کے اسوۂ حسنہ پر عمل کی دعوت۔ ملک اور خطرناک ادبیات سے انکو بچانا اور صحیح علم و ادب اور مذہب و روحانیت سے آشنا کرنا اور فرق باطلہ کی اشاعت سے روکنا ہے قیمت سالانہ عہ نمونہ کا پرچہ ۴ کے ٹکٹ آنے پر روانہ کیا جاتا ہے۔

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

احمد ایند کو

ٹھوک انگریزی دوا فروشی

بازار بلی ماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

علما صلحا محدثین مفسرین نوابوں اور بادشاہوں کا پسندیدہ

قرآن مجید

مسلمانوں کے لیے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کا حفظ کرنا قرآن شریف کو پڑھنا سب عبادت ہے۔

[illegible]

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہندوستان میں بھی کہیں شائع نہیں ہوا۔

سب سے بڑی ضمانت

اس قرآن مجید کے قابل قدر اور عدیم النظیر تحفہ ہونے کی سب سے بڑی ضمانت یہ ہے کہ اسے تاجدار دکن حضور نظام خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ نے اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے اور شیخ المشائخ حضرت مولانا محمود الحسن صاحب [illegible] حافظ احمد سعید صاحب مسیح الملک حافظ محمد اجمل خاں صاحب مرحوم حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی وغیرہم جیسے متبحر اور مقدس علماء نے اسے بے حد پسند فرمایا ہے اور نہایت پرزور الفاظ میں مسلمانوں سے اس کے متعلق سفارشیں کی ہیں۔ ایک مسلمان کے لئے اس پانچ ترجمے والے قرآن مجید سے بڑھکر کوئی دوسرا تحفہ نہیں ہوسکتا خود طلب فرمائیے اپنے عزیزوں کیلئے منگائیے اور دوستوں کو ہدیہ کے طور پر دیجئے۔

خصوصیت

صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور رکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کالی اور سنہری چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عنہ علاوہ محصولڈاک فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

ذیقعدہ تک کیلئے

پانچ قرآن مجید ایک ساتھ منگانے کی صورت میں ہدیہ کی رقم پر عہ کم کردیے جائینگے

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

گھروں کو نور اسلام کی شعاعوں سے منور کردینے والا

قرآن مجید

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے کرائی گئی ہے جن سے بہتر لکھنے والا ہندوستان میں کوئی دوسرا خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت الگ تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کرسکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹیل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

ہر مومن کا فرض ہے

کہ وہ ہم سے نورانی قرآن مجید طلب کرکے اس میں تلاوت کرے اور جنہیں اللہ نے استطاعت دی ہے وہ کافی تعداد میں منگا کر غریبوں طالب علموں مسجدوں یتیم خانوں اور مدرسوں میں مفت تقسیم کریں اور اللہ کے ذکر کو گھر گھر پھیلا کر اس کی رحمتوں سے اپنے دامن بھر لیں۔

یہ قرآن مجید معرا اور مترجم دونوں قسم کا چھپوایا گیا ہے ترجمہ حضرت حکیم الامۃ مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جس کی مقبولیت کے متعلق کچھ کہنا آفتاب کو شمع دکھانا ہے معریٰ بغیر ترجمہ صرف ایک روپیہ بلا جلد کا ہے جلد علاوہ محصولڈاک کپڑے کی ۸ اور چمڑے کی جلد کا ایک روپیہ ہدیہ کے علاوہ لیا جائیگا معریٰ مترجم جناشدہ کاغذ چکنا قسم اعلیٰ تین روپے علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد ۸ چمڑے کی جلد کا عہ ہدیہ کے علاوہ ہوگا۔

ذیقعدہ تک خاص رعایت

یہ تو آپ خود ہی سمجھ سکتے ہیں کہ ان دونوں نایاب قرآن مجیدوں کا ہدیہ کم سے کم رکھا گیا ہے لیکن ہماری دلی خواہش ہے کہ مسلمانوں کا کوئی گھر ان مقدس تحفوں سے خالی نہ رہے لہذا آخیر شوال تک کیلئے ذیل کی رعایتوں کا مزید اعلان کیا جاتا ہے۔

پانچ قرآن مجید سے زائد طلب کرنے کی صورت میں ہر روپیہ پر ۲ کی کمی کردی جائے گی۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ
دہلی
یوم پنجشنبہ ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۵۵ھ ہجری

مسلم لیگ کے ایک جلسہ میں نام نہاد لیڈروں کی دست بدست جنگ

سر یعقوب مولوی شفیع داؤدی اور انکی پارٹی کے شرمناک کارنامے

صدر اجلاس کی توہین، گالیوں کی بوچھاڑ اور گھونسوں کا استعمال

(نامہ نگار خصوصی کا چشم دید بیان)

کو لیڈرن ہوٹل (واقع دہلی) میں ۱۲ بجے مسلم لیگ کا ایک ہنگامہ خیز اجلاس منعقد ہوا جس کی تفصیلات نہایت شرمناک ہیں اور جن سے مسلمانوں کے نام نہاد قائدین کی حقیقی ذہنیتوں اور اندرونی ریشہ دوانیوں کا پوری طرح پتہ چل جاتا ہے اور صاف طور پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ذاتی اغراض کے لئے یہ لوگ کس طرح آپس میں ...

ہماری کامیابی ہو سکتی ہے ... اور صدر ... ہی فیصلہ ... کے لئے طے ہو جائے گا۔

واک آؤٹ (اخراج)

واک ان (دو اخلہ)

شرمناک منظر

نمائندگان اخبارات سے نحوت

لیگ پر قبضہ کرنے کی سازش

شرط اولین

اخبارات میں شائع ہو رہا ہے کہ قرطاس ابیض کا مسودہ ہندوستان میں آگیا اور ہندوستانی حکومت کی تجاویز کے ساتھ واپس بھی کر دیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ آئندہ دستور سازی کے متعلق حکومت کا یہ بیان عنقریب شائع ہونے والا ہے ...

بلکہ یہ غلط فہمی رفع ہو جائے تو انتہائی اچھا ہے۔

ہم اس حقیقت کے اظہار میں ذرہ برابر باک نہیں ہے کہ اس وقت انڈین نیشنل کانگریس اور جمعیۃ علمائے ہند ملک کی دو سب سے زیادہ مقتدر اور ذی اثر جماعتیں ہیں ...

لیڈری کی شان

رجعت پسندوں کا غلبہ

درپردہ مقاصد

ناکامی کا غصہ

کانگریس کے بغیر قرطاس ابیض پر غور کرنا ناممکن ہے

لبرلوں کے فرائض اور حکومت کا رویہ

مشروط رہائی کے متعلق مسٹر جمنا داس کا بیان

بمبئی ۸ مارچ۔ مسٹر جمنا داس ... گاندھی جی ... ملاقات کی غرض سے پونا روانہ ہو گئے۔

نمائندہ ایسوسی ایٹڈ پریس سے ... ملاقات کے دوران میں ...

قرطاس ابیض اور کانگریس

مشروط رہائی کے اسباب

مسٹر شفیع محمد داؤدی کا بیان

سیاسی اسیروں کی رہائی کا مطالبہ وفقار کے خلاف ہے

سول نافرمانی کے عارضی التوا کا مطالبہ

چودھری خلیق الزماں کا اعلان

لکھنؤ ۸ مارچ۔ چودھری خلیق الزماں صدر آل انڈیا نو مسلم پارٹی کل بنارس سے لکھنؤ واپس آ گئے۔ بنارس میں انہوں نے پنڈت مالویہ اور دوسرے دیگر بر سر کردہ کانگریسی کارکنان سے تبادلہ خیالات کیا۔

نمائندہ فری پریس سے ملاقات کے دوران میں چودھری صاحب نے فرمایا میں یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ میرے متعلق کسی قسم کی غلط فہمی نہیں پھیلنی چاہئے۔ میری یہ ہرگز تجویز نہیں ہے کہ میں حکومت ... کانگریس کے درمیان کسی قسم کا سمجھوتہ کراؤں۔ در حقیقت ... بیان کے بعد اس کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی۔ مزید اظہار خیال کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ میرا منشا یہ ہرگز نہیں ہے کہ میں سیاسی قیدیوں کی رہائی کے لئے کوشش کروں۔ کانگریس کے وقار کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس قسم کا مطالبہ کرنا ناممکن ہے۔ سیاسی قیدی کبھی رحم کی خواہش نہیں رکھتے۔ ان کے ظاہری دوست اسمبلی میں اس سوال کو بار بار پیش کر کے ان کو فائدہ پہنچانے کی بجائے نقصان پہنچا رہے ہیں اور کانگریس اور کانگریسی کارکنان کے متعلق غلط فہمی پھیلا رہے ہیں۔

مزید بیان کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ مجھے جدید اصلاحات سے مطلق دلچسپی نہیں ہے کیونکہ مجھے یقین ہے کہ وہ اعتدال پسندوں کی توقعات سے بھی کہیں زیادہ خراب ہوں گی۔ اپنے مشن کے متعلق آپ نے فرمایا کہ میری یہ خواہش ہے کہ کانگریس عارضی طور پر تحریک سول نافرمانی ترک کر دے تاکہ وہ آئندہ کونسل میں نشستیں حاصل کر سکے۔

قرطبہ کی جامع اعظم اور حکومت ہسپانیہ

قرطبہ کی جامع اعظم سات سو سال سے اب تک بحالہ قائم ہے لیکن اب اس کا کچھ حصہ منہدم ہونے لگا ہے۔ حکومت ہسپین نے تحقیقات کے بعد معلوم کیا کہ اس کے ستون زیادہ خراب ہو گئے ہیں اس لئے اس نے ان کی مرمت و تعمیر کا حکم دیدیا ہے تاکہ یہ عظیم الشان عمارت جو عربوں کے فن تعمیر کی زندہ یادگار ہے حوادث روزگار سے محفوظ رہے۔

علاوہ ازیں حکومت نے بعض مقامات کی نقیب کے بعد قدیم عربی عمارتوں کے آثار نمایاں کئے ہیں جو عہد منصور (دسویں صدی) سے متعلق ہیں۔

وارسا میں جامع اعظم کی تعمیر

پولونیا کے دارالحکومت وارسا میں مسلمانوں کا ایک اہتمام بالشان جلسہ منعقد ہوا جس میں کثرت سے مقیم مسلمانوں نے شرکت کی۔ اس جلسہ میں مسلمانوں نے ایک مجلس ملی اسلامی قائم کی جس کے صدر مسیو جو رڈ کر زینکی فسکی نائب عام حکومت پولونیا منتخب ہوئے۔ اسی جلسہ میں وارسا میں ایک جامع مسجد کی تعمیر کیلئے ایک کمیٹی کا تقرر عمل میں آیا۔ امید کی جاتی ہے کہ اسلامی آبادی کی طرح وارسا میں ایک جامع مسجد کی تعمیر کا کام جلد از جلد شروع کر دے گی۔

... کے مقابلہ میں قدیم اور جدید عیسائیوں کا اتحاد

مرزا قادیانی کے بلند بانگ دعاوی اور ان کا حشر

قادیانی تحریک اسلام اور مشرق کیلئے سخت خطرہ ہے

(ایک گریجویٹ کے قلم سے)

نصرانی طاقتوں کا آلہ کار

(۳) جس جگہ دیکھو اسی جماعت کے سیاہ بخت افراد اپنے بھائیوں کی گردنیں کاٹنے پر آمادہ نظر آتے ہیں ... ذرا مصر میں جا کر دیکھو کہ وہاں کے مسلمان بے ساختہ اس جماعت کے تراجم کی یہی تشخیص کی ہے کہ مرزائیت اور جاسوسی لازم و ملزوم ہیں۔

(۴) مسیح موعود کا کام تو یہ بتایا گیا ہے کہ اس کے وجود سے تمام حسد اور بغض دور ہو جائے گا اور تمام مسلمان شیر و شکر ہو کر اپنے اختلافات سے کنارہ کش ہو جائیں گے مگر یہ کیا؟ افسوس ہے کہ مرزا نے اگر مسلمانوں میں اور زیادہ تفرقہ پیدا کر دیا اور اس کے نہ ماننے والے ۴۰ کروڑ مسلمان کافر اور اسلام سے خارج ہو گئے۔ اگر مرزا سے وحدت کلمہ کی تعبیر نہیں ہو سکتی تھی تو تفرقہ انگیزی سے ہی پرہیز کرتا مگر نہیں مرزا کو تو اپنا نام کرنا تھا خواہ اس کی وجہ سے تمام مسلمان کافر کیوں نہ بنائے جائیں!

مرزا اپنی کتب میں بار بار لکھتا ہے کہ مجھے میرے کاموں سے شناخت کرو۔ اب ہم اور مرزا کا وہ کونسا کام ہے جس سے اس کی شناخت کی جا سکے؟ اگر یہی کام ہیں جن کا حال مذکور ہوا تو بے شک ہم نے اس کو شناخت کر لیا اور سمجھ گئے کہ نصرانی طاقتوں نے اس کو مسلمانوں کی سیاست اور مذہب کو تباہ کرنے کے لئے کھڑا کیا تھا جس میں وہ کسی حد تک کامیاب بھی ہو گیا۔

ہم آئندہ مرزا کے دعاوی کی رو سے اس پر ایک لطیف اور مفصل تبصرہ کریں گے انشاءاللہ۔

اسلام کے مقابلہ میں قدیم اور جدید عیسائیوں کا اتحاد

مرزا قادیانی کے بلند بانگ دعاوی اور ان کا حشر

قادیانی تحریک اسلام اور مشرق کیلئے سخت خطرہ ہے

(ایک گریجوایٹ کے قلم سے)

مرزائے قادیانی کے دعاوی

نصرانی طاقتوں کا آلۂ کار

کانگریس کے بغیر قرطاس ابیض پر غور کرنا ناممکن ہے

لبرلوں کے فرائض اور حکومت کا رویہ

مشروط رہائی کے متعلق مسٹر جمنا داس کا بیان

قرطاس ابیض اور کانگریس

مشروط رہائی کے اسباب

مسٹر شیخ احمد قدوائی کا بیان

سیاسی اسیروں کی رہائی کا مطالبہ

سول نافرمانی کے عارضی التوا کا مطالبہ

قرطبہ کی جامع اعظم اور حکومت ہسپانیہ

وارسا میں جامع اعظم کی تعمیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۵۱ھ ہجری

شذرات اولین

لیڈری کی شان

رجعت پسندوں کا غلبہ

درپردہ مقاصد

ناکامی کا غصہ

مسلم لیگ کے ایک جلسہ میں نام نہاد لیڈروں کی دست بدست جنگ

سر یعقوب مولوی شفیع داؤدی اور ان کی پارٹی کے شرمناک کارنامے

صدر اجلاس کی توہین، گالیوں کی بوچھاڑ اور گھونسوں کا استعمال

(نامہ نگار خصوصی کا چشم دید بیان)

واک آؤٹ (اخراج)

نمائندگان اخبارات سے سلوک

واک ان (داخلہ)

لیگ پر قبضہ کرنے کی سازش

شرمناک منظر

مشترکہ منتخب کمیٹی میں گاندھی جی کی شرکت کا سوال

گاندھی جی اپنے سیاسی زاویۂ نگاہ سے حکومت کو مطلع کرسکتے ہیں

کونسل آف اسٹیٹ میں ہوم سکرٹری کا بیان

دہلی ۵ مارچ ۔ کونسل آف اسٹیٹ میں رائے بہادر ... کے ایک سوال کے جواب میں مسٹر ... ہوم سکرٹری نے بیان کیا کہ ... اس وقت تک مشترکہ منتخب کمیٹی میں ان کی شمولیت کا سوال پیدا نہیں ہوتا ... کہ گاندھی جی اپنے زاویۂ نگاہ سے حکومت کو مطلع کرسکتے ہیں ...

کانپور میں آل انڈیا انڈیپنڈنٹ پارٹی کا سالانہ اجلاس

سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ

حق رائے دہی بالغان، فیڈریشن، اور بالائی ایوان کے متعلق دستوری تجاویز

سر عبدالرحیم کی صدارت میں اہم قراردادیں منظور

کانپور ۵ مارچ ۔ کل صبح ... آل انڈیا انڈیپنڈنٹ پارٹی کی سالانہ کانفرنس ... سر عبدالرحیم کی صدارت میں ...

فیڈریشن میں مساوات

اس کانفرنس کی رائے میں فیڈریشن دستور اس وقت تک قابل عمل نہ ہوگا ...

بالائی ایوان کی مخالفت

...

مقدمہ میرٹھ کی سزائیں

...

لائحہ عمل کی ترتیب

...

اسیران سیاسی کو رہا کیا جائے

...

حق رائے دہی بالغان

...

دار الحکومت

دہلی میں پیدائش اور اموات

چیچک کے حملوں میں تخفیف

...

اسمبلی اور کونسل آف اسٹیٹ کے ارکان کا جلسہ

جدید دستور اور اس کی تعمیل

...

قرطاس ابیض مارچ کے تیسرے ہفتہ میں شائع ہوگا

چند کاپیاں دہلی پہنچ گئی ہیں

...

محکمہ پولیس دہلی میں بعض اہم تبدیلیاں

ملک دیوی دیال کی جگہ مسٹر نور محمد خاں

...

ڈکٹیٹر ہشتم جمعیۃ علماء ہند کی رہائی

...

ارجن پریس کی تلاشی

...

ڈسٹرکٹ بورڈ نے اپنا ڈاکخانہ علیحدہ قائم کرلیا

۵ ہزار روپے سالانہ کی بچت

...

کشمیر میں اسمبلی کا قیام

...

حکومت کے میزانیہ پر شدید نکتہ چینی

فوجی اخراجات میں تخفیف کا مطالبہ

صنعت پارچہ بافی کی حفاظت کی جائے

...

قادیانیوں کو گمراہ ہوئے مسلمانوں کو بچانے کا جرم

مولانا ظفر علی خاں اور دیگر اکابر حوالات میں

...

تیسرے اجلاس کے بعد گاندھی جی کی رہائی

حکومت ہند کے نام کبری تار

...

صدر اسمبلی مستعفی ہوگئے

وائسرائے کے نام پیغام

...

لالہ کنہیا لال مصنف انگل شام کا قبول اسلام

اپنی بیوی اور فرزند بھی مسلمان ہوگئے

"میرا کسی خاص فرقہ سے تعلق نہیں ہے"

...

خان عبدالغفار خاں خوش و خرم ہیں

...

تشدد پسند خواتین کے متعلق سوال

...

پشاور کے ایک مسلم کارکن کی گرفتاری

...

بمبئی میں تین اشخاص کی گرفتاری

...

صدر افغانی جرگہ اور چالیس کارکنوں کو سزا قید

...

اسمبلی کی میعاد میں آئندہ دستور تک کی توسیع

گورنر جنرل کا اعلان

نئی دہلی ۵ مارچ ۔ مسٹر شان مکھم چیٹی ڈپٹی پریزیڈنٹ نے آج اسمبلی میں گورنر جنرل کا پیغام پڑھ کر سنایا جس میں یہ اعلان کیا گیا ہے کہ ملک معظم کی حکومت ... اسمبلی کی میعاد میں توسیع کردی جائے گی۔

حجاز مقدس میں بغاوت کا کلی استیصال

یمن کے حدود میں اشرار و مفسدین کی روپوشی

حکومت یمن مجرمین کو حکومت حجاز کے حوالہ کرے گی

...

کانگریس کی آئندہ پالیسی اور حکومت

کیا حکومت گاندھی جی کو موقع دے گی؟

اسمبلی میں شاہ مسعود احمد صاحب کے سوالات

...

الہ آباد میں گرفتاریاں

گاندھی ڈے کے سلسلہ میں پولیس کے انتظامات

الہ آباد ۵ مارچ ۔ کل الہ آباد میں گاندھی ڈے منایا گیا ...

پارلیمنٹری کمیٹی میں برمیوں کی شمولیت کا مطالبہ

وزیر ہند اور وائسرائے کو تار!!

...

جاپان میں ہلاکت خیز اور خوفناک زلزلہ

ڈیڑھ ہزار انسان ہلاک ایک ہزار لاپتہ

شہر غائب ہوگئے پانچ ہزار مکانات زمین دوز

ٹوکیو ۵ مارچ ۔ جاپان پر جمعرات اور جمعہ کی شب میں قہر الٰہی کا نزول ہوا اور ایک سخت اور ہولناک زلزلہ ...

کانگریس کے صدر کیلئے نظر بندی کے احکام

وارنٹ گرفتاری بھی جاری کردیا گیا

...

"پورن سوراج" لنکا شائر کو تباہ کردیگا

ایک انگریز کا واویلا

...

اسیران میرٹھ کو چھڑانے کیلئے نئی پارٹی

...

جیہول پر جاپانی افواج کا قبضہ ہوگیا

زبردست بم باری کے بعد چینی افواج کا فرار

ٹوکیو ۵ مارچ ۔ ... جیہول پر جاپانی افواج کا قبضہ ہوگیا ...

کانگریس کے اجلاس کو روکنے کیلئے حکومت کی تدابیر

کیمپ پر چھاپہ ۱۲ اشخاص کی گرفتاری

مجلس استقبالیہ کے صدر کا انتخاب

...

سابق سکرٹری جمعیۃ علماء سہارنپور کی رہائی

...

حکومت کے خلاف پندرہ کروڑ روپے کا دعویٰ

۱۸۵۷ء کے غدر کی یاد!

...

ریاست حیدر آباد کی رعایا پروری

ملکی صنعت و حرفت کی ہمت افزائی

...

ٹیکہ کے مستقل اسٹیشن قائم کئے جائیں

...

افغانستان میں انقلاب پیدا کرنیکی کوشش

فقیر اور اس کے بھتیجے کی سازش

...

ہندو مسلم فساد کے مقدمہ کی اپیل

...

افغانستان میں باغیوں کو معافی

...

وزیر اعظم برطانیہ جنیوا جائیں گے!

...

حرارتِ اسلام

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

پیغامِ نسواں

میونسپلٹیوں میں جانیوالی مسلم خواتین کو انتباہ

یو۔پی۔ میونسپل بورڈوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں میں عورتوں کی نمائندگی کے لئے منجانب حکومت ایک ایک خاتون کی نامزدگی طے کی جا چکی ہے اور اس پر عملدرآمد بھی شروع ہو گیا ہے۔ علیحدہ نمائندگی کی ضرورت اس امر کو ظاہر کرتی ہے کہ مردوں نے عورتوں کے حقوق سے بے پرواہی برتی ہے یا ان کے حقوق پر غاصبانہ قبضہ جما رکھا ہے۔ قرآن فطرت بیان نے الرجال قوامون علی النساء فرما کر مردوں پر عورتوں کے حقوق کی حفاظت و نگرانی ضروری قرار دی ہے۔ اگر مردوں نے خود غرضی کی بنا پر اس حکم سے بھی منہ نہ پھیرا ہوتا تو فرقہ نسواں کو شکایت کا موقع نہ ملتا اور مردوں کا اعتماد زائل نہ ہوتا۔

انتظامی معاملات میں عورتوں کی شرکت بغرض مشورہ بقدر ضرورت کچھ بیجا نہیں بالخصوص جب کہ وہ اپنی صنف کے حقوق کی نگرانی کے جذبات لے کر دارِ حکومت میں شامل ہوں۔ ہاں ہر ہندوستانی عورت کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے اس امتیازی نشان کو نہ چھوڑے جو قدرت نے ایشیائی عورت کے لئے خاص کر دیا ہے اور جو نسوانیت ...

... سے گذارش ہے کہ دخترانِ اسلام نکلو اسلام نے جو حقوق عطا کئے ہیں وہ اب تک کسی قوم اور مذہب نے عطا نہیں کئے تم کو وہ تمام حقوق اسلام نے بہت پہلے سے بخش دئے ہیں جن کو دیگر اقوام کی حقوق طلب عورتیں تکالیف شاقہ اٹھانے کے بعد بھی نہیں پا سکی ہیں اور آئے دن بذریعہ قانون حکومت ...

ہندوستانی ایجاد اور دنیا کو چیلنج!

ہم دنیا کے ہر ایک سائنسدان کو چیلنج دیتے ہیں کہ ہمارے ایجاد کردہ "ریکارڈ ٹائیکس" سے بہتر کوئی دوا ثابت کر دیں تو مبلغ پانچ سو روپیہ انعام حاصل کریں ... بغیر ریکارڈ کسی طرح درست نہیں ہو سکتا ... قیمت فی بکس ... پیکنگ و پوسٹیج فری۔

نوٹ۔ مقامی ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔ شرائط ایجنسی کے لئے خط و کتابت کریں۔

دی لوئل پریس ٹینڈ کمپنی جنرل آرڈر سپلائرز کنٹریکٹرز انویسٹرز اینڈ مینوفیکچررز بادھو نگرا دچین

ہر حکمہ چلنے والی فائدہ مند تجارت

... امریکن کمرشل کمپنی (رجسٹرڈ شدہ) بمبئی پوسٹ نمبر (۱۱)

دونوں میٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے — لیکن کہاں؟ — ڈاکخانہ کی طرف

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

مفت — چہ گفت

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

قرص حیض

یہ دوا مسیح الملک ثانی حکیم محمد احمد خاں صاحب کے خاص الخاص مجربات سے ہے۔ جریان جیسے خبیث مرض کو بالکل دور کر دیتی ہے واقع جریان دوائیں مغلظ ہونے کی وجہ سے بالعموم بھوک کو بند کر دیتی ہیں۔ لیکن یہ دوا اس نقص سے پاک ہی نہیں بلکہ خوب بھوک لگاتی ہے۔ جگر اور مثانہ کی حرارت کو دور کرتی ہے۔ سوزاک کے بعد جریان ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے بھی یہ بے نظیر چیز ہے۔

قیمت ۳۲ قرص دو روپے (۲؍)

اکسیر نسواں

عورتوں کے امراض کے لئے اس سے بہتر دوا اب تک نہ ہندوستان میں ہے اور نہ یورپ میں۔ ضعف رحم، ورم رحم، سیلان الرحم ایام حیض کی بے قاعدگی ان کا جلد جلد یا رک رک کر آنا درد کے ساتھ آنا۔ اولاد کا نہ ہونا، اسقاط حمل اور اختناق الرحم وغیرہ امراض نسواں کے ازبس مفید اور کامیاب دوا ہے۔ تندرست عورتیں اس کو استعمال کرکے امراض سے محفوظ رہتی ہیں۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ (عہ)

ملین

یہ دافع قبض دواؤں میں بے نظیر دوا ہے معدہ اور آنتوں کو بالکل صاف کر دیتی ہے۔ قبض سے پیدا ہونے والے امراض مثلاً درد سر (نیا ہو یا پرانا) اور آشوب چشم وغیرہ اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ موسمی بخاروں میں اس کا استعمال بطور ایک دافع قبض دوا کے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ الغرض یہ قبض کے لئے نہایت مفید اور مقبول عام دوا ہے۔

قیمت ۵۰ قرص ایک روپیہ چار آنہ

جوہری

مرض آتشک کے لئے حضرت مسیح الملک کے مجربات سے یہ خاص دوا ہے جس سے اب تک ہزاروں مریض اچھے ہو چکے ہیں آتشک نئی ہو یا پرانی اس کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔ آتشک کے سبب سے گٹھیا اور دیگر جو امراض پیدا ہو جاتے ہیں یا بعض مریضوں میں زہریلا مواد ہیت کے باعث ... پیدا ہو جاتی ہے اس کے ازالہ کے لئے بھی یہ دوا بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔

قیمت ...

ملنے کا پتہ: منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

جامع اللغات اردو

بلحاظ تعداد الفاظ، محاورات اور ضرب الامثال دنیا میں ...

مصنفہ خواجہ عبدالمجید — متعلقہ السنہ — حصہ اول

... خواجہ محمود طوری منیجر جامع اللغات کمپنی لاہور

صداقت و پابندی ہمارا فرض ہے — نوساری والے کا شراب طہور

نوساری دواخانہ قریب بے بے ہاسپٹل بمبئی پوسٹ ۷

ملائم کے باغیوں کا المناک نتیجہ

قادیانیوں کی حمایت پر حکومت کو انتباہ — مسلمانوں کا حق قادیانیوں کو دیا جاتا ہے

مولانا ظفر علی خاں صاحب اور ... لاہور ... نے نہایت نازک صورت حال پیدا کر دی ہے اور لوگ ایک دوسرے سے یہ پوچھتے ہیں کہ حکومت کا کیا اب یہ ارادہ ہے کہ قادیانیوں کی مخالفت سے اسلامی جذبہ کو برطانوی سنگینوں کی نوک سے دبایا جائے اور قادیانی مذہب کا اقتدار حکومت کی طاقت سے پھیلایا جائے۔

یہ معاملہ ان حضرات کی ذات کا نہیں ہے بلکہ یہ تو مسلمانوں کی مذہبی آزادی کے برخلاف ایک چیلنج ہے کہ یا تو وہ قادیانیوں کی جارحانہ تبلیغی ہنگامہ آرائی کو جاری رہنے دیں، ورنہ حکومت آگے بڑھ کر مسلمانوں کو حکم دے گی کہ ٹھہر جاؤ!

یہ ہماری حمیت اسلامی اور غیرت ملی کی آزمائش ہے اور مسلمانوں کے لئے دو راستوں کے سوا کوئی تیسری راہ باقی نہیں ہے، یہ کہ بارگاہ رسالت کے باغیوں کا گلشن اسلام کو تاراج کرنا یا تو ہم منظور کر لیں، یا بارگاہ رسالت پر قربان ہو جائیں۔

یہ واقعہ ہے کہ قادیانیوں نے حکومت میں حد سے زیادہ رسوخ حاصل کر لیا ہے ...

دشواری اور کوئی پیچیدگی نظر نہیں آتی ہے اور برطانوی سنگینوں کی نوک سے ہندوستان میں قادیانی مذہب کو پھیلانے کا فیصلہ کر چکی ہے تو اسے اختیار ہے کہ وہ مسلمانوں کے نازک مذہبی جذبات سے کھیل کر اپنے لئے آسانیاں یا دشواریاں جو کچھ پیدا کر سکتی ہے پیدا کرے ...

بہر حال ہمیں ان سب باتوں سے قطع نظر کرنی ہے اور قادیانی گروہ کے ساتھ اپنے معاملہ کو آخری حد تک طے کر لینا ہے۔ اگر گورنمنٹ پسند کرے تو بہتر ہے کہ وہ ہمارے راستہ سے ہٹ جائے ...

سہارنپور کے مسلمانوں میں اضطراب

حکومت کی قادیانیت نوازی کے خلاف احتجاج

سہارنپور ۔ مارچ ۔ آج بعد نماز جمعہ جمعیۃ العلماء سہارنپور کی جانب سے جامع مسجد میں ایک عام جلسہ زیر صدارت حضرت مولانا عبدالغفار صاحب آزاد منعقد ہوا جس میں تلاوت قرآن کے بعد مولوی سید محمد اصلح صاحب ... نے ایک موثر اور پرجوش تقریر کرتے ہوئے فتنہ قادیان پر مفصل روشنی ڈالی اور حسب ذیل ریزولیوشن پیش کیا۔ نیز مولوی عبدالعزیز صاحب نے مرزا آنجہانی کے دعاوی پر روشنی ڈالتے ہوئے پرزور تائید فرمائی۔

تجویز: مسلمانانِ سہارنپور کا یہ جلسہ عام حضرت مولانا ظفر علی خاں صاحب مدظلہ و مولانا عبدالحنان صاحب مدظلہ وغیرہ کی ملی و ملکی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ان مساعی جمیلہ پر جو آپ فتنہ قادیان کے خلاف استعمال فرما رہے ہیں صدق دل سے مبارکباد پیش کرتا ہے اور گورنمنٹ کے اس رویہ پر جو حضرات موصوفین کے ساتھ برتا جا رہا ہے نفرت و بیزاری کا اظہار کرتا ہے۔ اس کے بعد دعا پر جلسہ برخاست ہوا۔

لاہور میں قومی مجالس کا ہفتہ

آل انڈیا مسلم تعلیمی کانفرنس کا اجلاس

غالباً ناظرین کرام کو یاد ہوگا کہ اس دفعہ آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس موسم کرسمس کے زمانہ میں لاہور میں منعقد ہونے والا تھا جس کا عام اعلان ہو چکا تھا اور دعوتی خطوط تک جاری ہو چکے تھے لیکن لاہور میں منعقد ہونے والا تھا جس کا عام اعلان ہو چکا تھا اور دعوتی خطوط تک جاری ہو گئے تھے۔ لیکن لاہور میں چیچک کی وبا پھیل جانے کی وجہ سے یہ اجلاس ملتوی ہو گیا۔

اب یہ اجلاس انشاء اللہ ... اپریل کو تیرہویں کے دار الحکومت لاہور میں منعقد ہوگا ... یہ عجیب حسن اتفاق ہے کہ اسی ہفتہ میں ... اپریل کو ...

... کے متعلق کوئی ریزولیوشن پیش کرنا چاہتے ہوں وہ اس کو مرتب کرکے کانفرنس کے آنریری سکریٹری کے نام صدر دفتر کانفرنس سلطان جہاں منزل علی گڑھ کے پتہ سے بھیجدیں چونکہ آل انڈیا کانفرنس میں مختلف صوبوں کے مسلمان شریک ہونے میں اس لئے ہر صوبہ کے مسلمان اپنے صوبہ کی تعلیمی ضروریات و مشکلات کے مطابق ریزولیوشن مرتب کرکے بھیج سکتے ہیں۔

کانفرنس کے اجلاس میں شرکت کے دو طریقے ہیں ایک ممبر کی حیثیت سے دوسرا وزیٹر کے طور پر۔ ممبری کا چندہ صرف اور وزیٹری کا ... روپے۔ ممبروں کو اجلاس میں تقریر کرنے اور جلسہ تجاویز پر بحث کرنے اور رائے دینے کا حق بھی حاصل ہوگا۔ نیز اجلاس کے بعد اس اجلاس کی تفصیل سالانہ رپورٹ بھی طبع ہونے کے بعد ان کی خدمت میں بھیجی جائے گی۔ وزیٹر صرف اجلاس میں شرکت فرما سکیں گے۔

جو اصحاب اجلاس میں شرکت کا قصد رکھتے ہوں وہ اپنی ممبری یا وزیٹری دفتر کانفرنس میں بھیجکر ممنون فرمائیں قیام کا انتظام استقبالیہ کمیٹی کی طرف سے مفت ہوگا کھانے کی معمولی قیمت لی جائے گی جس کی مقدار اور دوسرے جزئیات سے انشاء اللہ بعد کو پریس کے ذریعہ سے اطلاع دی جائے گی۔

محمد حبیب الرحمن خاں شروانی آنریری سکریٹری
آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڑھ

مدرسہ اسلامیہ عربیہ دار العلوم میرٹھ کا نیا دستور اسلامی جلسہ

مشاہیر علماء کا شاندار اجتماع

بتاریخ ۱۵-۱۶-۱۷ مارچ ۱۹۳۳ء مطابق ۱۸-۱۹-۲۰ ذی قعدہ ۱۳۵۱ھ یعنی بدھ جمعرات جمعہ یہ مدرسہ نقشائل مآب حضرت مولانا محمد مبارک حسین صاحب محمودی تلمیذ حضرت شیخ الہند قدس سرہ العزیز کے زیر اہتمام جامع مسجد میرٹھ میں سولہ سال سے جاری ہے۔ درس نظامیہ بالخصوص درس حدیث کے علاوہ مولوی، عالم، منشی کامل سالانہ امتحانات ...

... پر تقریریں ہوں گی علم دوست حضرات کے لئے زریں موقع ہے کہ اس سے فائدہ اٹھائیں۔

حافظ محمد زکریا اشرفی منتظم مدرسہ دار العلوم میرٹھ

اپنے اوپر کوئی خطرناک وقت آنے سے ایک مہینہ پہلے

مرد بن جاؤ

یاد رکھو ہندوستان پر بہت جلد نازک وقت آنے والا ہے

ایک نہایت ضروری پیغام ہندوستانیوں کے نام

گذشتہ بیس سالہ تجربہ نے یہ خوفناک بات پایہ ثبوت کو پہنچا دی ہے کہ ہندوستان میں علاوہ ہزار ہا مصیبتوں کے سب سے بڑی اور خطرناک مصیبت یہ پیدا ہو گئی ہے کہ ہندوستانی لوگ ایک طرف تو گورنمنٹ ہند جیسی مضبوط سلطنت سے مقابلہ کرنے کی تیاری کرتے رہتے ہیں اور دوسری طرف اپنی طاقت اور قوت جسمانی کو کم کرنے کی کوشش کیا کرتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ ایسے لوگ جو خود اپنے ہاتھوں اپنی تندرستی تباہ کرنے کی فکر میں لگے ہیں، کسی معمولی طاقت کا بھی سامنا نہیں کر سکتے چہ جائیکہ کسی سلطنت کا مقابلہ۔ اگر سارے ملک میں دو چار سو آدمی اپنی طاقت اور تندرستی کی حفاظت کرنے والے بھی ہوں تو سمجھ لیجئے کہ اکیلا چنا بھاڑ کو نہیں پھوڑ سکتا۔

پس کسی سلطنت یا اور کسی طاقت کے مقابلہ کا خیال چھوڑئیے اور سب سے پہلے اپنی طاقت اور تندرستی کو واپس لانے کی فکر کیجئے جب آپ کے جسم میں جان آ جائے اور آپ کامل مرد کہلانے کے مستحق ہو جائیں تو ایک سلطنت نہیں دنیا بھر کی سلطنتوں اور حکومتوں کو اپنے گھر میں بھر لینے کے حق دار بننے کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔

اگر مندرجہ بالا حالات کی حقیقت معلوم کرنا چاہتے ہیں تو وہ بھی سن لیجئے کہ گذشتہ بیس سال کے اندر اندر ہندوستانیوں کی صحت و تندرستی بالکل تباہ و برباد ہو گئی اور اب تک سو میں نوے آدمی مردانہ طاقت کی کمزوری اور جریان اور دوسری شرمناک بیماریوں میں مبتلا ہو چکے ہیں اور پھر بھی اپنی عزیز جوانی کی کچھ پرواہ نہیں کرتے اور اگر ان سے لاپرواہی کی وجہ دریافت کی جائے تو کہہ دیتے ہیں کہ ڈاکٹر یا حکیم کو اپنا اصلی حال بتاتے ہوئے شرم آتی ہے۔

ان حالات کو دیکھتے ہوئے دہلی کے ایک مشہور اور قدیمی کارخانہ نے مدت کے تجربہ اور کافی روپیہ صرف کرکے ان خطرناک اور خوفناک بیماریوں کا ایک نہایت ہی صحیح اور مستقل علاج معلوم کر لیا ہے اور تجربہ سے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ یہ دوائیں کبھی خطا نہیں بلکہ ہر مریض کو پکا اور مضبوط جوان مرد بنا دیتی ہیں اور اس کے ہاں اولاد ہونے لگتی ہے۔

پس آپ کے خیال میں جتنے ایسے آدمی ہوں جن کو قوت باہ یعنی مردانہ طاقت کی کوئی بھی بیماری ہو ان سے کہدیجئے کہ

سعید برادرس اینڈ کمپنی کلاں محل دہلی

کو خط لکھ کر وہ دوائیں بہت جلد منگا کر استعمال کریں۔ یہ ایسا بہترین اور یکتا علاج ہے کہ پھر کبھی ایسی کوئی بیماری نہیں ہوتی کیونکہ یہ سب آٹھ دوائیں ہیں جو لکڑی کورس کے نام سے مشہور ہیں اور سلسلہ وار ...

سفید بال جڑ سے کالا

بال کالا ... (رجسٹرڈ) ...

جامع رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ — الجامعہ

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

حب نعمت (رجسٹرڈ)

... دواخانہ بقائی (رجسٹرڈ) ...

عید سے پہلے ... منگوا کر

... نیچری ...

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

معاون
محمد عثمان خان فارقلیط

مسئول
مدیر
ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

جلد ۱۷ | دہلی۔ یوم دوشنبہ ۱۶ ذیقعدہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۳ مارچ ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۹

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

انگلستان اور فرانس کے بادشاہوں کی ناکام واپسی

خون شہید کی ارزانی

رچرڈ اور ارض مقدس

شاہ فرانس اور صلاح الدین میں شرائط

عیسائیوں کے غدر و مکر کی افسوسناک مثال

رچرڈ کی ناکام واپسی

سلطان صلاح الدین کا انتقال

معاصرین کے افکار و آراء

احتساب بے ڈر (ملت)

ہم یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ لیگ کو آخر اس بات کا خوف کیوں ہے کہ اس کے جلسوں میں اخبارات کے نمائندے نہ آئیں؟ اپنے رازہائے سربستہ کے افشا ہو جانے پر عام مسلمانوں سے ان کا اس قدر ڈرنا ان کی نمائندہ حیثیت اچھی طرح بے نقاب کر دیتا ہے کہ لیگ اب تک پس پردہ جو کچھ کرتی رہی ہے عام مسلمانوں کو نہ صرف یہ کہ اس کی کوئی خبر نہیں ہوتی تھی بلکہ ارباب لیگ اسے عمداً چھپانے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ ہم لیگ کی اس روش کو یقیناً عام مسلمانوں کے جذبات کے بالکل خلاف سمجھتے ہیں اور اگر میاں عبدالعزیز صاحب نے اخبارات کے نمائندوں کو جلسہ میں شریک ہونے کی اجازت دی تھی تو انہوں نے ایک ایسی جماعت کی کارروائیوں سے جو اپنے آپ کو مسلمانوں کی نمائندہ کہتی ہو عامۃ المسلمین کو باخبر کرنے کا بہتر طریقہ پیدا کیا ...

مسلمان اور سیاسیات

ہندستان سے سونے کی برآمد

میزانیہ ہند اور غریب طبقہ

ایک مشورہ

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں۔ مرد، عورت، بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mfg. Co., (India)
P. Box. 88. Bunder Road. Karachi

ہندوستان کا بہترین اخبار

نوید

اڈیٹر سید حسن ریاض

ڈائرکٹر مولانا حسرت موہانی، آنریبل نواب سر ... حسین ... ، نواب محمد اسمٰعیل خاں صاحب بیرسٹر

سیاسیات عالم پر پر مغز مضامین، اسلامی ممالک کے حالات، افسانے، ظرافت کے رنگ میں تحریکات عالم پر تبصرے، شائع ہوتے ہیں۔

اعلیٰ طبقے میں بہت مقبول ہے اس لئے نوید کا اشتہار بہت کامیاب ہوتا ہے۔

نمونہ مفت۔ ایجنٹوں کو ایک مرتبہ پانچ پرچے تجربے کے لیے بلا قیمت دئیے جاتے ہیں۔

منیجر نوید ہفتہ وار

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمدللہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دواؤں کو خراب کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے، ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیاردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۵۲۰ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں انمیں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث درج ہیں جنمیں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کا وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب ۴۸۸ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے۔ کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف عہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اسمیں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جنمیں اعمال حسنہ کی بناء پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں ۱۲۵۰ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رہنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کرتے ہیں ... دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جاتی ہیں۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب، زیر، زبر، پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر مین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصول ڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حاشیہ دار قسم دوم حاشیہ دار عہ علاوہ محصول ڈاک جلد پارچہ ۸ چرم ۱۲

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں، قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے ترجمہ اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کمالین احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عہ علاوہ محصول ڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عہ

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۱۶ ذیقعدہ ۱۳۵۱ ہجری

فریضۂ حج کی ادائیگی میں کاوٹیں

جمعیۃ علمائے ہند کے نظریہ کی تائید

سودات حج کی اشاعت کے بعد جب ہندوستان کے متبحر علماء اور اہل الرائے حضرات نے ایک متفقہ اجلاس میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ ان مسودات قانون ...

انہیں بھی اب اپنی غلطی کا احساس ہو رہا ہے اور ابھی حال ہی میں ایک مخالف ... کا جو خط حکومت کے نام شائع ہوا ہے اس میں صاف طور پر اس امر کا اظہار کیا گیا ہے کہ حکومت فریضۂ حج میں مداخلت کر رہی ہے ...

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ہز ایکسلنسی حسین رؤف بے کی پہلی تقریر

ڈاکٹر مختار احمد انصاری کا خطبۂ افتتاحیہ

سابق وزیر اعظم ٹرکی کے تاریخی کارنامے

(از نامہ نگار خصوصی)

دہلی ۱۱ مارچ۔ گزشتہ شب جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ٹرکی کے سابق وزیر اعظم ہز ایکسلنسی حسین رؤف بے نے اپنی پہلی تقریر "جدید ٹرکی" کے متعلق کی ... جامعہ کا تمام ہال منتخب سامعین سے بھرا ہوا تھا ...

موجودگی کا وہم و گمان بھی نہ ہو سکتا تھا۔ یورپ نے جو ایک ترک کی بہادری کا اعتراف کرنے کے لئے ہرگز آمادہ نہ تھا بار بار یہ کہا کہ یا تو "حمیدیہ" اب دنیا میں نہیں ہے یا پھر اس کا بہادر سپہ سالار ...

پہلی ملاقات

جامعی خصوصیات

تقریروں کا سلسلہ

... کو آخر تک قائم رکھا۔ ہم انشاء اللہ تعالیٰ موصوف کی تقریروں کا ایک مسلسل خلاصہ الجمعیۃ کی آئندہ اشاعتوں میں پیش کریں گے۔ گزشتہ شب کی تقریر "ترجمان آل عثمان کی تاریخ اور انقلاب کا آغاز" تھا۔ ۱۰ مارچ کو ... بجے جو تقریر ہوگی اس کا عنوان "قوم پروری، اتحاد تورانی، اور اتحاد اسلامی کے درمیان کشمکش" ہوگا۔

حمیدیہ کی ایک عجیب داستان

... بلقان کے زمانہ میں انہوں نے مشہور و معروف جنگی جہاز حمیدیہ کے سپہ سالار کی حیثیت سے تمام مشرقی دنیا کو ہلا دیا تھا۔ ان کے شاندار کارنامے آج تک عسکری تاریخ کا ایک روشن باب ہیں۔ وہ کئی ماہ تک تنہا بحرایجین میں جنگ کرتے رہے ... ان کا تعاقب کیا جاتا تھا لیکن وہ اس طرح غائب ہو جاتے تھے گویا جادو کر رہے ہیں اور پھر کسی ایسی جگہ ظاہر ہوتے تھے جہاں ان کی ...

پہلی تقریر

مسلم پریس کی آواز

قرطاس ابیض

قرطاس ابیض ۱۸ مارچ کو شائع ہو رہا ہے۔ لیکن ابھی تک حکومت نے ... سیاسی رہنماؤں کو وہ نہیں بتایا ہے جو ہندوستان کی طرف سے کیا دستور کو ...

انگلستان اور آئرلینڈ کا تنازعہ پھر شروع ہو گیا

لندن ۷ مارچ۔ دارالعوام میں مسٹر تھامس نے اعلان کیا کہ آئرش فری سٹیٹ گورنمنٹ نے ان کو مطلع کیا ہے ...

چینیوں کا جہاز روک لیا گیا

ہندوستان میں تقرر قضاۃ کی تاریخی اہمیت

قاضیوں کو برطرف کرنے کا اسلامی زندگی پر اثر

ایک متعصب انگریز کا حکومت کو انتباہ

امارت شرعیہ صوبہ بہار و اڑیسہ اور جمعیۃ علماء ہند کی برکت سے ہندوستان میں آئینی طور پر تقرر قضاۃ کا سلسلہ ان دنوں زیر بحث ہے اور امید کی جاتی ہے کہ ... انشاء اللہ طے ہو جائے گا ...

قاضیوں کا اخراج

اجلاس مسلم لیگ کے متعلق ایک غیر جانبدارانہ بیان

صدر آل انڈیا بلوچ کانفرنس کے چشم دید حالات

یاجوج و ماجوج اولی الامر میں داخل ہیں؟

مرزا قادیانی کی زندگی کا "زرین" مقصد

"انگریز اور مرزا دونوں یاجوج ہیں"

مرزا غلام احمد قادیانی مدعی نبوت بھی ایک عجیب اور نرالا انسان گزرا ہے جس کی کوئی بھی کل سیدھی نہیں۔ دعویٰ تو مسلمانوں کی اصلاح اور خدمت اسلام کا مگر کام وہ کر گیا جو دجال یا یاجوج ماجوج کو کرنا چاہئے تھا ...

اس طرح آئی ہے۔

یا ایھا الذین آمنوا اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم۔ یعنی اے ایمان والو اللہ کی اطاعت کرو۔ اس کے رسول کی اطاعت کرو اور جو تم میں سے اولی الامر (صاحب حکومت) ہوں ان کی اطاعت کرو۔

اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ ہر مسلمان اس اولی الامر کی اطاعت کرے ...

"میری نصیحت اپنی جماعت کو یہی ہے کہ وہ انگریزوں کی بادشاہت کو اپنے اولی الامر میں داخل کریں اور دل کی سچائی سے ان کے مطیع رہیں۔"

(ضرورۃ الامام ص ۲۳)

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

خلیج فارس میں ایک عربی حکومت

کویت میں موتیوں کی تجارت اور کشتیوں کی تعمیر

خوشنما بازار اور شہر کی صفائی

(اسٹیٹسمین)

سینما سے تماشائیوں کو کیا حاصل ہوتا ہے؟

اکثریت کا جواب "کچھ نہیں"

سینما دیکھنے سے بچوں کے دماغ پر کیا اثر پڑتا ہے؟ اس سوال کو حل کرنے کیلئے ڈاکٹر ... نے ایک سکول کے ... بچوں کا امتحان لیا اور ان سے سینما کے بارے میں متعدد سوالات کئے۔ ان بچوں میں سے صرف ... نے کہا کہ وہ سینما بالکل نہیں دیکھتے ...

اس سوال کے جواب میں کہ بچوں نے اب تک فلموں سے کیا حاصل کیا؟ یہ جواب دیا گیا کہ "کچھ نہیں"۔

(اسٹیٹسمین)

عظیم الشان محل ایک روپے میں!

روم کے قدیم افسانوں کی کارفرمائی

وہ کون شخص ہے جو ایک عظیم الشان محل کو ایک روپیہ میں بھی خریدے؟ روم کے ... میں ایک قدیم محل ... ہے جس کو ... بیچنے پر کوئی نہیں ...

خریداران الجمعیۃ

تین انقلابیوں نے کمشنر پولیس پر فائر کردئے

کمشنر ہلاک۔ اور ایک کانسٹبل مجروح

پولیس کی تگ ودو اور انقلاب پسندوں کی گرفتاری

کلکتہ۔ ۱۰ مارچ۔ فرانسیسی پولیس کمشنر پر مسلح بنگالیوں کے تملہ کرنے کے متعلق اطلاعات مظہر ہیں کہ کمشنر موصوف نے گزشتہ شام ایک پولیس انسپکٹر اور ایک کانسٹبل کے ہمراہ جو مسلح تھے ایک مکان کا محاصرہ کرلیا جہاں تینوں مبینہ انقلاب پسند روپوش تھے ان میں سے دو کسی نہ کسی طرح مکان سے نکل بھاگے لیکن تیسرا گرفتار کرلیا گیا۔ اس نے اپنا نام کیشب چندر چٹرجی بتلایا ہے۔

کمشنر موصوف بھی مسلح نہیں تھے ایک راہگیر سے بائیسکل لے کر مفروریں کی تلاش میں روانہ ہوگئے بہت دور تک تعاقب کرنے کے بعد وہ ان میں سے ایک کو گرفتار کرنے میں کامیاب ہوگئے لیکن دوسرے نے ان پر فائر کردیا جس سے وہ اور گرفتار شدہ بنگالی نوجوان مجروح ہوگئے۔ ایک اور بنگالی نوجوان نے بھی جو کہ انہیں کے تعاقب میں تھے چھرا ہاتھ میں لے کر فائر کئے۔ بعد ازاں ان مفروریں نے کمشنر صاحب موصوف پر دو اور فائر کئے اور فرار ہوگئے۔ راستہ میں ایک کانسٹبل نے ان کو ٹھیرنے کا حکم دیا لیکن انہوں نے ٹھیرنے کے بجائے اس پر بھی فائر کئے۔ حملہ آوروں کا ابھی تک کچھ بھی پتہ نہیں چلا ہے دونوں مجروحین کو ہسپتال پہنچا دیا گیا ہے۔ کمشنر موصوف آج صبح وہاں جاں بحق ہوگئے۔ کانسٹبل کی حالت نازک بتلائی جاتی ہے۔ مقتول کا نام مسٹر کوٹن بتلایا جاتا ہے۔

کشمیر میں مسلمانوں کے آئینی حقوق کا اعلان کیا جائیگا

اسیروں کی رہائی۔ جلسوں اور تقریروں کی آزادی

مارچ کے اختتام تک مقدس مقامات کی واپسی کا امکان

سری نگر۔ ۱۰ مارچ۔ خبر ہے کہ مسلم نمائندوں نے وزیر اعظم سے کل پھر ملاقات کی اور اپنے مطالبات پیش کئے۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ فیصلہ کیا جاچکا ہے کہ مارچ کے اختتام سے پہلے مقدس مقامات واپس کردئے جائیں گے۔ حقوق ملکیت اور جلسوں اور تقریروں کی آزادی دیدی جائے گی۔ اس کے نتیجے کے طور پر مسلمانوں نے براہ راست کارروائی ترک کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔

یہ بھی خبر ہے کہ علاقہ میرپور سے آرڈیننس عنقریب ہی واپس لے لئے جائیں گے۔ امید کی جاتی ہے کہ مولانا مظہر علی مولانا عبد القادر اور دیگر سیاسی اسیر رہا کردئے جائیں گے۔ اور مہاراجہ کمار کے جنم دن کے موقع پر دیگر مراعات کا اعلان کیا جائے گا۔ اعلیٰ تعلیم کے لئے مزید سہولتیں دینے اور سکولوں کی فیسوں میں کمی کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔

کرنل کالون مہاراجہ ہری سنگھ سے ملاقات کرنے کی غرض سے دہلی کے لئے روانہ ہوگئے ہیں۔

افغانستان بغاوت کے سیلاب میں

وزیرستان کی فوج میں اضافہ

فوجی اخراجات میں تخفیف کی تجویز منظور

جاپانی سپاہ کی گولہ باری

پیکن میں مارشل لا کا نفاذ

ایک ہندوستانی کی کامیاب ایجاد

جمعیۃ علماء سہارنپور کے کارکن کی رہائی

خسرو جہاز جدہ پہونچ گیا

آخری جہاز ۱۸ اور ۲۰ مارچ کو روانہ ہونگے

نازیوں کا جنازہ پر حملہ

مولانا شوکت علی اور گاندھی جی

بمبئی سے گیارہ کانگریسیوں کا اخراج

کتاب انگارے کی ضبطی

امریکہ کے بحری بیڑہ میں اضافہ

مولانا ابو الکلام آزاد کی تائید

ڈاکٹر محمود الدہنگ کا بیان

ڈاکوؤں کے سرغنے گولی سے اڑادئے گئے

جنگی سامان پولیس کے قبضہ میں

کانگریس کمیٹی کے دفتر پر چھاپہ

اہم کاغذات کی برآمد

پنڈت مالویہ اور چودھری خلیق الزمان

کانگریس جدید آئین کو قبول نہیں کرسکتی

بمبئی میں ۵۸ ویں ہنگامی کونسل گرفتار

چوپاٹی پر جلسہ کرنے کی سعی

کانگریس کا اجلاس کلکتہ اور قرطاس ابیض

قائم مقام صدر کانگریس کا اعلان

مردان میں دو اشخاص کی گرفتاری

جامع مسجد دہلی میں عظیم الشان اجتماع

علماء پنجاب کی گرفتاریوں کے خلاف پرزور احتجاج

بمبئی میں حاجیوں پر لاٹھی چارج کے متعلق قرارداد

دہلی۔ ۱۰ مارچ۔ آج جمعیۃ علماء ہند کے زیر اہتمام مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ بعد نماز جمعہ حضرت مولانا عبد الماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ تلاوت کلام مجید کے بعد صدر محترم نے قرآن واحادیث کی روشنی میں مذہب قادیانی کا ابطال فرماتے ہوئے مرزا غلام احمد کے دعوئ نبوت کو ختم المرسلین آقائے دوجہاں حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی توہین کا باعث قرار دیا۔ آپ نے اس موقع پر حکومت کی قادیانیت نوازی پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا کہ اگر حکومت ان لوگوں کی حوصلہ افزائی نہ کرے تو میں یقین سے کہتا ہوں کہ مرزا غلام احمد کا ایک شخص بھی ہندوستان میں نام لینے والا نہیں رہے گا۔ صدر نے اس فرقہ باطلہ کی حقیقت اور حکومت پنجاب کی غیر منصفانہ پالیسی کا پوری طرح اظہار کیا۔ اس کے بعد جناب صدر نے ساحل بمبئی کے حادثہ جانکاہ کا تذکرہ کرتے ہوئے ان واقعات پر روشنی ڈالی جو ۲ مارچ کو ساحل بمبئی پر پیش آئے۔

جناب صدر کی تقریر کے بعد مولانا عبد الغفار غزنوی نے پہلے علماء پنجاب کی گرفتاری اور قادیانیت کی سرکاری حمایت کے متعلق ایک زبردست تقریر فرمائی اور حکومت کو متنبہ کیا کہ وہ مسلمانوں کے جذبات کے ساتھ نہ کھیلے۔ اسے یقین کرنا چاہیے کہ مسلمان اپنی دولت عزت اور دنیا کی تمام نعمتوں کو برباد ہوتے ہوئے دیکھ کر صبر کرسکتے ہیں مگر اپنے مذہب کے تحفظ کے لئے بڑی سے بڑی قربانی پیش کرسکتے ہیں۔

حکومت کی قادیانیت نوازی کے خلاف احتجاج

حاجیوں پر لاٹھی چارج

سر سپرو اور وائسرائے کی ملاقات

سیاسی اسیروں کی رہائی کا سوال

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کے ارکان

نئی دہلی ۱۰ مارچ۔ سر تیج بہادر سپرو نے کل وائسرائے سے شام کے وقت طویل ملاقات کی اور کل ہی شب کو الہ آباد روانہ ہوگئے۔

اس ملاقات کو سیاسی حلقوں میں بہت زیادہ اہمیت دی جارہی ہے کیونکہ اس ملاقات کے بعد جمعرات کو وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل میں قرطاس ابیض پر بحث کی جائے گی۔

فری پریس کے نمائندہ کے دریافت کرنے پر سر سپرو نے کہا کہ میری موجودہ ملاقات کا گاندھی جی اور دوسرے سیاسی قیدیوں کی رہائی سے جیسے بہت سے لبرل ممبر ضروری خیال کرتے ہیں کوئی تعلق نہیں ہے۔

اس سوال کے جواب میں کہ کیا یہ درست ہے کہ وزیر ہند اور وائسرائے میں اس بات پر اتفاق ہوگیا ہے کہ جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی میں برطانوی ہندوستان کے دس اور ریاستوں کے پانچ نمائندے لئے جائیں، سر تیج بہادر سپرو نے ...

قرطاس ابیض میں کیا ہوگا؟

وفاق کی تشکیل۔ برار کی علیحدگی

موپلہ قیدیوں کی تعداد کتنی ہے

الور کی بغاوت پر حکومت ہند کا خرچہ

صدر اسمبلی کی خدمات کا اعتراف

اسمبلی کی کارروائی

تار کے لکڑی کے کھمبے استعمال کئے جائیں

دہلی میونسپلٹی کے ضمنی انتخاب کا نتیجہ

یورپین عورتوں سے شادی کرنے کی ممانعت

شاہ نادر خاں کا فرمان

نواب صاحب رامپور کی دریادلی

ہندو یونیورسٹی کو ایک لاکھ کا عطیہ

دار الحکومت

مسلمانان دہلی کا عظیم الشان اجتماع

فتنۂ قادیان کے انسداد کے لئے عملی اقدام

سید فضل حسن بہادر کی باطل شکن تقریر

مولانا عبد الغفار صاحب غزنوی کی تقریر

حوادث وأحكام

الجواب

مسلمانوں کی اکثریت اور اقلیت کا سوال

اسمبلی میں ہوم ممبر کا جواب

مشترکہ کمیٹی کے اجلاس اپریل میں ہونگے
والیان ریاست کا وائسرائے سے مشورہ

لندن ۹ مارچ ۔ معلوم ہوا ہے کہ غالب امکان ہے کہ وائٹ پیپر اگلے ہفتہ شائع ہوجائیگا ۔ قیاس کیا جاتا ہے کہ یہ دستاویز ایک طویل بل کی شکل میں ہوگا ۔ وائٹ پیپر پر ابتدائی بحث ایسٹر سے قبل شروع ہوجائے گی یقین کیا جاتا ہے کہ پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کے اجلاس اپریل کے وسط میں شروع ہوں گے اور تقریباً ۳ ماہ تک جاری رہیں گے ۔ اس کے بعد گورنمنٹ انڈیا بل کا مسودہ تیار کرے ۔

نئی دہلی ۔ ۹ مارچ ۔ ۱۳ ماہ حال کو تقریباً چالیس والیان ملک وائسرائے صاحب سے پرائیویٹ کانفرنس کرنے کے لئے تشریف لائیں گے ۔ معلوم ہوا ہے کہ ہز ایکسیلنسی ۱۴ اور ۱۵ ماہ حال کو مجوزہ فیڈرل اسمبلی میں ریاستوں کے نمائندوں کی تخصیص کے معاملہ پر ان سے مشورہ کرینگے اور اس معاملہ کا انقطاعی فیصلہ کرنے کی کوشش کی جائے گی ۔ اس سلسلہ میں نرنیدر منڈل کی سٹینڈنگ کمیٹی کا بھی اجلاس ہوگا ۔

جرمنی میں جدید انتخابات
ہر ہٹلر کی کامیابی

برلن ۹ مارچ ۔ اس وقت ہر ہٹلر جرمنی کا مالک ہے ۔ اس کے طریقوں کو کامیابی حاصل ہوئی ہے اور عوام نے اس کو ایک فیصلہ کن اعتمادی ووٹ دیدیا ہے ۔ صرف اس کی پارٹی کو ۲۸۸ نشستیں حاصل ہوئی ہیں جس کا مقابلہ گذشتہ نومبر سے کیا جاسکتا ہے جب ۱۹۶ نشستیں حاصل ہوئی تھیں بلکہ نیشنلسٹ اور جرمن عوام دونوں پارٹیوں نے بھی اکثریت حاصل کرلی ہے ۔ ہر ہٹلر کو سرکاری اعداد کے مطابق ۳۴۰ کی کھلی ہوئی اکثریت حاصل ہوگئی ہے ہر ہٹلر کی پارٹی نے اس کامیابی سے ... توڑ دیا ہے ۔

پروشیا کے انتخابات کے سلسلے میں جو ہوچکے ہیں ہر ہٹلر کے مستقل غلط اعلان کردیا گیا ہے نازیوں نے ڈائٹ کی ۴۷۶ نشستوں میں سے ۲۰۰ حاصل کی ہیں نیشنلسٹ کو ۴۳ اور جرمن عوام کو ... حاصل ہوئی ہیں ۔ ہر ہٹلر کو یہاں ۳۸ کی کھلی ہوئی اکثریت حاصل ہوگئی ہے ۔

پروشیا میں سوشلسٹوں نے ... کمیونسٹوں نے ۶۳ اور ... نے ... نشستیں حاصل کی ہیں ۔

مزید جاپانی افواج کی روانگی

جیہول سٹی ۱۰ مارچ ۔ جاپان کی آٹھویں پلٹن لفٹنٹ جنرل ہاشی کاموٹو کی کمان میں دس بمباز ہوائی جہازوں کے ہمراہ جیہول شہر سے کوپیٹ کو روانہ ہوگئی یہ پلٹن ان جاپانی فوجی دستوں کی امداد کرے گی جو کہ چینیوں کے حملوں کا مقابلہ کرنے کی تیاریاں کررہے ہیں ۔

چینی کمانڈر کو پھانسی دیدی گئی

پیکن ۹ مارچ ۔ ... ایک اطلاع مظہر ہے کہ مارشل چانگ ... کے احکام سے جنرل تان یولن ... چینی کمانڈر ... پھانسی دیدی ... ابھی تک اس خبر کی تصدیق نہیں ہوسکی ہے ۔

روس بھی لیگ اقوام سے ناراض ہے
منچوریا کا فیصلہ نامنظور

ماسکو ۸ مارچ ۔ مسٹر لٹوینوف نے لیگ اقوام کو ایک مراسلہ ارسال کیا ہے جس کے دوران میں آپ فرماتے ہیں کہ سوویٹ روس منچوریہ کے تنازعہ کے متعلق لیگ کی رپورٹ کے ساتھ اتفاق رائے ظاہر کرنے اور مشرق بعید میں صورت حالات کا مطالعہ کرنے کے لئے مشاورتی کمیٹی کے ساتھ اشتراک عمل کرنے سے قاصر ہے لیکن سوویٹ روس مشرق بعید میں امن و امان کے قیام کے لئے کسی بین الاقوامی تدبیر کی تائید کرنے کے لئے تیار ہے ۔ سوویٹ روس کی پالیسی مصالحانہ اور امن پسندانہ ہے ۔ مراسلہ مذکور میں مسٹر لٹوینوف آگے چل کر فرماتے ہیں کہ لیگ اسمبلی کی کچھ سفارشات کے معاہدہ کے خلاف ہیں ۔

معلوم ہوا ہے کہ سوویٹ روس کے مندرجہ بالا انکار کی وجہ یہ ہے کہ مشاورتی کمیٹی کے کئی ممبران کی نمائندہ حیثیت کو سوویٹ نے ابھی تک تسلیم نہیں کیا ہے ۔

جرمنی میں یہودیوں کی دوکانوں پر پکٹنگ
نازی یہودیوں کی تجارت کو برداشت نہیں کرسکتے

آج پولیس نے ... ٹریڈ یونینوں کے دفاتر پر چھاپہ مارا اور تلاشی لی ۔

کمیونسٹوں اور سوشلسٹوں کے دفتروں کی تلاشی کے علاوہ نازیوں نے آج یہودیوں کی دوکانوں پر پکٹنگ کیا اور انہیں دوکانیں بند کردینے کے لئے مجبور کردیا ... جرمنوں سے ... نازیوں نے ... یہودیوں کی تجارت کو برداشت نہیں کرسکتی ... پولیس کو ہدایت کی ... دوکانداروں کو اس امر کا اطمینان دلادیں کہ ان کی دوکانیں ... جائینگی ۔

ندوۃ العلماء کے طلباء کا جلسہ
"انگارے" کے خلاف شدید احتجاج

بتاریخ ۸ فروری ... زیر صدارت عالی جناب مولانا حکیم سید عبدالعلی صاحب ندوی بی ایس سی، ایم بی بی ایس ناظم ندوۃ العلماء

دار العلوم ندوۃ العلماء میں اساتذہ اور طلبہ کا ایک اہم و عظیم الشان جلسہ کتاب "انگارے" کے خلاف اظہار نفرت و ملامت کی غرض سے منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجاویز باتفاق آراء منظور ہوئیں امید ہے کہ آپ مؤقر اخبار میں جلد از جلد شائع فرماکر ممنون فرمائیں گے

۱ ۔ یہ جلسہ سجاد ظہیر، احمد علی، رشید جہاں اور محمود الظفر کی ناپاک گندہ اور گھنونی کتاب "انگارے" کو نہایت نفرت، حقارت اور غصہ کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور اس کے ملحدانہ، اخلاق سوز، دل آزار اور مخرب مضامین پر جن میں اسلامی عقائد، مذہب و مذہبیات، خدا و رسول اور فرشتوں پر بازاری پھبتیاں کسی گئی ہیں اور ان کی شان میں ناپاک گستاخیاں اور اسلام آزار استہزاء کرکے مسلمانوں کے قلب و جگر پر تیر و نشتر برسائے گئے ہیں ۔ دلی بیزاری اور برہمی کا اظہار کرتا ہے ۔

۲ ۔ یہ جلسہ گورنمنٹ کو توجہ دلاتا ہے کہ وہ جلد از جلد اس ناپاک کتاب کو ضبط کرے ۔ اور اس کے طابع اور ناشر کو پوری سزا دے کر اس قسم کی دل آزار نفرت انگیز اور ملک میں برہمی پھیلانے والی کتابوں کی اشاعت کا سدباب کرے ۔

۳ ۔ یہ جلسہ تمام اسلامی اور غیر اسلامی مطابع کی توجہ اس امر کی طرف منعطف کراتا ہے کہ اس قسم کی ملت آزار مذہب کا استہزاء کرنے والی کتابوں کی طباعت اور اشاعت سے کلیۃً پرہیز کریں تاکہ ملک میں کسی قسم کی برہمی پھیلنے نہ پائے ۔

۴ ۔ یہ جلسہ خان بہادر حافظ ہدایت حسین صاحب بیرسٹر ایٹ لاء کو مستحق سپاس گذاری سمجھتا ہے کہ صاحب ممدوح نے کونسل کے اجلاس میں اس کتاب کے خلاف سوالات کا نوٹس دیکر مسلمانوں کی نمائندگی کی ۔ امید ہے کہ دیگر مسلم ارکان بھی اس قسم کی ناپاک تصنیف کے سدباب کی کوشش فرمائیں گے ۔ فقط

محمد عرفان ناظم انجمن الاصلاح

انجمن امداد الاسلام دیوبند کی خدمات
حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کی رائے مبارک

ہم جملہ اہل اسلام خواص و عوام کی عالی خدمت میں معروض ہے کہ "انجمن امداد الاسلام دیوبند" کے مقاصد و اغراض اسلامی مقاصد و مصالح ہیں اور جہاں تک معلوم ہوا ہے کہ اس انجمن کے کارکن اخلاص اور نیک نیتی سے کام کررہے ہیں جہاں عموماً مالی مشکلات ہیں یہاں بھی مالی اشکال درپیش ہے اصحاب خیر و ہمت اگر توجہ فرماویں تو کوئی مشکل نہیں کام انجمن کا دیکھ کر رغبت پیدا ہوتی ہے کہ امداد میں شرکت کریں ۔

دستخط شیخ الاسلام محمد انور شاہ کشمیری عفا اللہ عنہ
(شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ ڈابھیل)
پیرزادہ سید حسام رضوی سکریٹری
انجمن امداد الاسلام دیوبند

مولانا شاکر اللہ صاحب کی رہائی

مولانا شاکر اللہ صاحب نوشہری جو ۸ / فروری ۳۲ء کو اسسٹنٹ کمشنر مردان کی عدالت سے ایک سال سزایاب ہوئے تھے سنٹرل جیل پشاور سے چالان ہوکر مردان واپس لائے گئے جو ۸ / ماہ مذکور کو فقیر صاحب مجسٹریٹ درجہ اول کے مردان عدالت میں پیش ہونے کے بعد تقریباً نوبجے رہا ہوگئے مولانا صاحب موصوف کی گرفتاری اس لیکچر کی وجہ سے عمل میں آئی تھی جو آپ نے مردان کے ایک میلاد شریف میں فرمائی تھی ۔

(مولوی عبدالرزاق صاحب نوشہری قائم مقام سکرٹری)

کٹ پیس کا تازہ چالان آگیا ہے

ہم لمبے چوڑے اشتہار دینا اور لفاظی کرنا پسند نہیں کرتے قلیل نفع لگا کر دیانتداری سے بیوپاریوں کو نمونے کی چھوٹی گانٹھیں ... ایک گز سے دس گز تک ... کٹ پیس ... مفصل فہرست طلب کریں ۔

ایس رفیق بھائی جنرل سپلائرز حبیب سرکل بمبئی

چھبیسویں سالانہ جلسہ کی خوشی میں ماہ مارچ میں کل کتب بھی نصف قیمت پر ملیں گی فہرست منگوائیں

جناب کوی نو دوید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت جی شرما وید موجد امرت دھارا و شوگری کی تیار کردہ چند خاص ادویات جن کا کل ہندوستان ... فائدہ اٹھا چکے ہیں مارچ کے اندر ... نصف قیمت پر ملا کریں گی ۔ اس اشتہار میں جن کی قیمتیں پوری درج کی گئی ہیں !

امرت دھارا اور اس کے پانچ مرکبات بھی پانچ قیمت پر ملیں گے یہاں پوری قیمتیں درج کی گئی ہیں !

امرت دھارا ... امرت دھارا اوشدھالیہ لاہور ... امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

حب نعمت (رجسٹرڈ)

... منیجر دواخانہ لقمانی ... دہلی

جامعہ رحمانیہ مونگیر کا ماہوار رسالہ الجامعہ

... منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

مدرسہ عربیہ سلطانی ترین ہاں ہر چیز کی کمی کا افتتاح

یہ مدرسہ تقریباً چودہ سال سے جاری ہے اب تک اس میں قرآن شریف حفظ و ناظرہ و فارسی و ریاضی کی تعلیم ہوتی تھی جس کے اچھے نتیجے آج اس بستی میں بکثرت حفاظ نہایت عمدہ پڑھنے والے پائے جاتے ہیں اور بہت سے بچے حساب و کتاب میں ماہر، فارسی و اردو میں قابل نظر آتے ہیں ۔ علوم عربیہ کے درس کی کمی تھی جس کو یہاں کے اہل علم اور علم دوست حضرات بہت ضروری جانتے تھے حق تعالیٰ کے فضل سے امسال وہ کمی بھی پوری ہوگئی اور بحمد للہ درس نظامی شروع ہوگیا ۔ بیرونی طلباء بھی معتدبہ تعداد میں آگئے ہیں بستی کے مسلمانوں نے اپنے ذمہ ان کے خورد و نوش کا انتظام لے لیا ہے خدائے تعالیٰ سے التجا ہے کہ وہ مدرسہ کی اتنی ترقی کردے کہ مدرسہ کا دار الطلبہ و مطبخ بھی قائم ہوجائے مسلمانوں کو اس درسگاہ کا بھی خیال رکھنا چاہیے محض بستی کے غریب مسلمانوں کی محنت و مزدوری کے پیسوں سے اسکا قیام ہے سر دست کتابوں کی سخت ضرورت ہے اس کے لئے امدادی قدم بڑھائیں ۔ بستی کے مسلمان نہایت غریب ہیں کتابوں کے واسطے زیادہ رقم کی حاجت ہے کتابوں کی کمی کے باعث بعض طلباء کو واپس کرنا پڑرہا ہے ۔ فقط

حبیب احمد مہتمم مدرسہ عربیہ شمس العلوم سلطانی ترین ضلع مراد آباد (یوپی)

ایبٹ آباد سے شیر سرحد کا اجراء

ماہ مارچ ۳۳ء کے ابتدائی ہفتہ میں ایبٹ آباد ضلع ہزارہ سے ایک ہفتہ وار اخبار "شیر سرحد" بسرپرستی فدایان قوم و ملک خان محمد سرور خان صاحب و خان محمد آزاد خان صاحب ۔ رئیسان ۔ جدون نہایت ہی شان و شوکت سے شائع ہوگا ۔ اور قومی اور ملکی مفاد و سیاست کو حقیقی معنوں میں پبلک اور حکومت کے سامنے پیش کرے گا یہ اخبار بہ اعتبار صفات کا مجموعہ ہوگا ۔

منیجر شیر سرحد ایبٹ آباد

غریب اور نادار طلبہ کیلئے سنہری موقع

کالج کے افتتاح کی خوشی میں انتظامیہ کمیٹی نے غریب اور نادار طلبہ کی ایک محدود تعداد کو مفت تعلیم دینے کا فیصلہ کیا ہے ۔ چنانچہ ہندی رتن ۔ ادیب اور منشی ہر سہ جماعتوں میں پانچ پانچ طلبہ داخل کئے جائیں گے ۔ ان طلبہ سے تعلیم کی فیس نہیں لی جائے گی ۔ غریب طلبہ کو اپنی درخواستیں ۱۵ مارچ ۳۳ء سے قبل پرنسپل صاحب کی خدمت میں ارسال کردینا چاہیے جواب کے لئے پانچ پیسہ کا ٹکٹ آنا ضروری ہے ۔ (سکریٹری کالج ...)

مصیبت زدگان میوات کی امداد

حسب اطلاع سکریٹری صاحب آل انڈیا میو پنچایت نوح ضلع گوڑگانوہ اس وقت تک بیرون علاقہ میوات سے حسب ذیل رقوم مصیبت زدگان کی امداد کیلئے موصول ہوئیں ہیں مسلمانان ہند کی اس بلجماعت ہمدردی کی میو پنچایت نہایت ممنون ہے اور معزز فیاض حضرات کی اس امداد کو ... مصیبت زدگان کو ... ضرورت ہے ۔

۱ ۔ بذریعہ بابو عبدالرحمن خاں صاحب کانپور	۱۲۲
۲ ۔ بذریعہ سید غلام بھیک صاحب نیرنگ انبالہ	۲۹۸
۳ ۔ انجمن مرکزیہ تبلیغ الاسلام	۱۹۰
۴ ۔ مسلمانان کلکتہ بتوسط شیخ ...	۵۰۰
۵ ۔ دو بیگمات شہر دہلی	۱۰۰
۶ ۔ بتوسط چودہری کلو خاں صاحب قرولباغ دہلی	۷۹
۷ ۔ بابو محمد خاں صاحب شیدی پورہ	۱۰
۸ ۔ چودہری غیاث الدین صاحب قرولباغ دہلی	...
(سکریٹری میوات ...)	۱۲۷۵

مفت را چہ گفت

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی کی شاندار باتصویر والی فہرست اور یہ معہ جنتری ۱۹۳۳ء مفت صرف ایک کارڈ لکھ کر منگائیے اس میں سر سے پاؤں تک کی بیماریوں کی مجرب دوائیں درج ہیں جن کے ذریعہ سے آپ گھر بیٹھے ہر بیماری کا علاج آسانی سے کرسکتے ہیں ۔

منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے لیکن کدھر؟ ڈاکخانہ کی طرف
کیول ایک کارڈ لکھنے کیلئے

وہاں سے ایک کارڈ لے کر تجربہ مراد ہیں اور صحت ... کا کارڈ و راہ راست کی ہیر قواعد صحت کی واسطے نہایت عمدہ مضامین سے مزین ۲۰ صفحات کی کتاب جام شاستر مفت طلب فرماکر ملاحظہ فرماویں ۔

پتہ — وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

حضرت العلامہ مولانا شبیر احمد عثمانی (دیوبند) فرماتے ہیں
کتاب عربی کا معلم

میرے خیال میں بہت ہی مفید کتاب ہے ہمارے ملک میں آج تک اس موضوع پر شاید ہی اس سے بہتر کوئی کتاب لکھی گئی ہو حقیقتہً آپ نے طالبین عربی پر بڑا احسان کیا ہے ۔

صدر العلماء نواب صدر یار جنگ مولانا شروانی (حیدرآباد) فرماتے ہیں

کتاب مفید ہے اپنی پیشرو کتابوں سے جو اس طرز پر لکھی گئی ہیں بہتر معلوم ہوتی ہے آیات قرآنی کی مثالوں سے طلبہ کلام ربانی سے بھی انس پیدا کریں گے اور یہ بڑا فائدہ ہوگا ۔

حضرت الفاضل مولانا خواجہ عبدالحی (جامعہ ملیہ) فرماتے ہیں

میں نے آپ کی کتاب کے دونوں حصے بغور دیکھے اور تجربہ کے طور پر طلباء کو پہلا حصہ پڑھایا بھی ۔ میں نے اب تک اس موضوع پر جس قدر کتابیں دیکھی ہیں ان سب میں آپ کی کتاب کو آسان و سہل تر پایا ۔

اسی طرح ہندوستان کے بہت سے جید علماء اور مشاہیر نے اس کتاب کی بڑی تعریف لکھی ہیں ... ۵۰۰ صفحات پر مشتمل ہے باوجود اس کے قیمت صرف دو روپیہ علاوہ محصولڈاک ۔

ترجمان القرآن
از حضرت مولانا ابوالکلام آزاد

اردو زبان میں قرآن حکیم کے مطالب کی بہترین شرح قرآن مجید سے عشق رکھنے والے بلا تاخیر طلب کریں بہت تھوڑی جلدیں رہ گئی ہیں ختم ہوجانے پر یہ نایاب تحفہ کسی قیمت پر نہ مل سکے گا ۔ ترجمہ اور تشریح کی خوبیوں کے لئے حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کا نام نامی کافی ضمانت ہے ۔ مجلد سات روپیہ ۔ بلا جلد چھ روپیہ علاوہ محصولڈاک ۔

جیبی حمائل شریف بہترین کتابت و طباعت کارڈ سائز ... قیمت صرف ایک روپیہ ۔ مجلد چرمی ایک روپیہ چھ آنہ ۔ علاوہ محصولڈاک

عبدالوحید صدیقی منیجر الجمعیۃ دہلی سے طلب فرمائیں

ہندوستانی ایجاد اور دنیا کو چیلنج

ہم دنیا کے ہر ایک سائنسدان کو چیلنج دیتے ہیں کہ ہمارے ایجاد کردہ ریکارڈ ... سولیوشنز کو بیکار ثابت کردیں تو مبلغ پانچ سو روپیہ انعام حاصل کریں ... نوٹ : مقامی ایجنٹوں کی ضرورت ہے ۔ ...

دی ... ریسرچ اینڈ کمپنی ... سپلائرز ... مادھو نگر اوجین

جامع اللغات اردو
بلحاظ تعداد الفاظ، محاورات اور ضرب الامثال
مصنفہ خواجہ عبدالمجید
متعلقہ السنہ — حصہ اول
...
خواجہ ... جامع اللغات کمپنی لاہور ... پوسٹ بکس ...

ہندوستانی دواخانہ دہلی
قائم شدہ ۱۹۰۳ء
...
اس کارخانہ کی کوئی شاخ ہندوستان کے کسی کونے میں نہیں

دعوت شباب — اکسیر نسواں

قرص حیات — اعصابی

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ... دہلی

صداقت و ایمانداری حکم خدا اور اس پر عمل ہمارا فرض ہے
نوساری والے کا شراب طہور (رجسٹرڈ)
...
نوساری دواخانہ قریب ... اسٹیشن بی بی پوسٹ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ...
ششماہی ...
سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ...
ششماہی ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

جلد ۱۷ | دہلی - یوم یکشنبہ ۲۰ ذی الحجہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۶ اپریل ۱۹۳۳ء | نمبر ۲۷

معاصرین کے افکار و آراء

مفتی مکاف کا استدلال (زمیندار)

[illegible]

سفر حج کے قوانین

[illegible]

مرزائی اور حکومت

[illegible]

عربوں کی آرزوؤں کا مرکز

[illegible]

ہندوستانی صنعتوں کا تحفظ

[illegible]

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

وہ خوبی جو تمام خوبیوں کا سرچشمہ ہے

حامل قرآن مسلمانوں کو کیا سبق دیا تھا؟

سیرت نبوی کا ایک گم گوشہ

[illegible]

عمل کی برقی رو

[illegible]

پہلے عمل پیچھے قول

[illegible]

بابرکت ارشاد

[illegible]

رہنماؤں کی بے عملی

[illegible]

ہندوستان کے سب سے بڑے زندہ طبیب ... حکیم غلام کبریا خان صاحب ... [illegible]

ہندوستان کا بہترین اخبار

نوید

ڈائرکٹر: مولانا حسرت موہانی، آنریبل شیخ مشیر حسین قدوائی، نواب محمد اسمٰعیل خانصاحب بیرسٹر ایٹ لا

اڈیٹر: سید حسن ریاض

سیاسیات عالم پر پر مغز مضامین - اسلامی ممالک کے حالات، افسانے ظرافت کے رنگ میں تحریکات عالم پر تبصرے - شائع ہوتے ہیں -

اعلیٰ طبقے میں بہت مقبول ہے اس لئے نوید کا اشتہار بہت کامیاب ہوتا ہے -

نمونہ مفت - ایجنٹوں کو ایک مرتبہ پانچ پرچے تجربے کے لئے بلا قیمت دیئے جاتے ہیں -

منیجر نوید ہفتہ وار

سفید بال جڑ سے کالا

ایک آنہ کا تیل ... بال کالا ... ورنہ دام واپس

بال کالا اسٹورس پوسٹ بکس کنیی سری دربھنگہ

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

کا خیال اور بہت ضروری ہے کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دار و مدار ہے - اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دے کر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو -

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے قبض کشا زود اثر اور بالکل بے خطر ہے - ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے -

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

لارج انگلش ٹیچر

... انگریزی لکھنا پڑھنا بولنا خط ... ڈکشنری ... سب کچھ سیکھ لے گا - قیمت ... محصول علیحدہ -

پتہ: دفتر چمن بکڈپو ۱۵ علی گڈھ سٹی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرآبادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آج کل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرآبادین کی شدید ضرورت محسوس کی جارہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرآبادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دواؤں کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے - ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطبار نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں -

قرآبادین مفید عام کا ہر با اصول و ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک -

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اس میں احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب آلٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب آلٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب ۴۸۸ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے - کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف عمر دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جنہیں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اس میں ۱۲۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ ... اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن ... نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ... خرید کر مفت تقسیم کریں ... احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں اب تک تیار نہیں ہوا ہے تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا - دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی -

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے - اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں - نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے - جس پر رنگین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے - محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا -

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصول ڈاک -

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے -

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ... قسم دوم حنا شدہ ... علاوہ محصول ڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن مجید

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں - قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے -

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں -

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا -

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی میں تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کمال الدین التفاسیر چڑھائی گئی ہے - مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے صرف مبلغ عہ علاوہ محصول ڈاک وغیرہ ... فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں

(۱) ایک شخص بنام محمد حسین ولد محمد حیات نے اپنے والد محمد حیات کے انتقال کے بعد جائداد بابائی ... محمد حسین کے مرنے کے بعد اس کی اولاد عبدالعزیز ... لڑکی عائشہ بی اور زوجہ ... بی باقی رہی۔ لڑکی عائشہ بی کا انتقال والد محمد حسین کے مرنے کے بعد قریب و یا دس ماہ کے بعد ہوا ... ایسی حالت میں ... نانا کی جائداد کے ... شرعاً کیا حصہ ...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۰ ذی الحجہ ۱۳۵۱ھ ہجری

فریضۂ حج میں جبریہ مداخلت

حکومت کے ایک ذمہ دار رکن کا بیان

۱۰ اپریل کو جب سید مرتضیٰ بہادر نے اسمبلی میں یہ سوال کیا کہ "امسال مولانا اسمٰعیل غزنوی کو سفر حج سے کیوں روک دیا گیا؟" تو اس کے جواب میں حکومت کی جانب سے مسٹر شکافی نے حسب ذیل وجہ بیان فرمائی:-

... ہے کیوں اختیار کیا۔ اس امر کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہ مسٹر مولانا اسمٰعیل غزنوی کے تعلقات ایک طرف حضرت ابن سعود ... سے اور دوسری طرف حکومت کے ارباب ... سے نہایت گہرے تھے ہمارا اندازہ یہ ہے کہ ان کے اور حکومت کے درمیان کوئی وجہ کشیدگی ضرور پیدا ہوئی ہے اور حکومت حج کے سلسلہ میں ان پر مقدمہ چلا کر یہ نہیں چاہتی کہ اس وجہ کشیدگی کو منظر عام پر لائے اس لئے غلط راستوں سے یہ ناجائز و ناروا کارروائیاں کی جا رہی ہیں۔

مسلمانوں کا فرض

بہرحال خواہ وجہ کچھ ہو ہمیں اس سے کوئی بحث نہیں ہے۔ ہم تو یہ جانتے ہیں کہ اگر ایک مرتبہ بھی یہ خطرناک مثال قائم ہوگئی اور مسلمانوں نے خاموشی کے ساتھ ... برداشت کر لیا تو ہندوستان میں مذہب کی رہی سہی آزادی پر یہ ایک آخری کاری ضرب ہوگی جو اس کا بالکل خاتمہ کر دے گی اور اس کے بعد بغیر مذہب کا کوئی گوشہ ایسا باقی نہ رہے گا جو حکومت کی دستبرد سے آزاد ہو۔ مسلمانوں کو اگر ہمیشہ کے لئے اس خطرے سے نجات حاصل کرنی ہے تو اس وقت انہیں متحد ہو کر حکومت کی اس کارستانی کے خلاف پر زور احتجاج کرنا چاہئے ...

سنگروریں فسادات کا اندیشہ

مسلم اراکین کی بے حسی

مسٹر شکافی کا جواب

ایک خطرناک اصول

جہالت کا نتیجہ

حج کی مختلف صورتیں

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی

اسمبلی کا سرمائی اجلاس

مقدمہ کیوں نہیں چلایا

اسلام کے ساتھ یورپ زدہ محققین کا استہزا

چغتائی کے گمراہ کن رسائل پر محققانہ تنقید

پیغمبر اسلام اور صلحائے امت پر ناپاک حملے

(از مولانا شاہ معین الدین احمد ندوی رفیق دارالمصنفین اعظم گڑھ)

(گذشتہ سے پیوستہ)

انگریزی اخبارات سے

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

تاریخی نصاب میں برطانیہ کی معصومیت کا گیت

بچوں کی دماغی تربیت کا مسئلہ

(اسٹیٹسمین)

امریکہ میں روپیہ مفقود ہو رہا ہے

گندم و دیگر اجناس تبادلے میں دئے جا رہے ہیں

(اسٹیٹسمین)

زلزلوں سے ایک کروڑ تیس لاکھ انسانوں کی ہلاکت

وقوع سے پہلے خبردار کرنے کا طریقہ

مسٹر لائڈ جارج کے نظریہ میں تبدیلی

آئندہ عالمگیر جنگ کو ناممکن بنا دیا جائے

(اسٹیٹسمین)

افغانستان میں بدھ مذہب کے قدیم آثار

عربی اخبارات سے

اسلامی تہذیب کو چھوڑ کر کیسا املاء

یورپ کی تمام درسگاہوں میں عیسوی مذہب کی تعلیم

اسلامی حکومتوں کی غیرت و حمیت سے اپیل

لندن کی مذہبی درسگاہیں

جلالۃ الامام کی علم دوستی اور معارف پروری

مصری ریلوے میں علماء کے لئے سہولت

نصف قیمت میں سفر کا ... سفر

مغرب اقصیٰ میں فرانسیسی فوج سے جنگ

ریاست الور میں بغاوت اور شورش کا ازسر نو آغاز

مشین گنوں اور فوجی دستوں کی روانگی

ایک جاگیردار کا ریاست سے اخراج۔ طلباء کے مظاہرے

روس اور جاپان میں جنگ چھڑنے کا امکان

منچوریہ ریلوے کے نصف حصہ پر روس کا قبضہ

جاپانی لینگ کوکے درہ کو بھی عبور کر گئے

دار الحکومت

دفتر جمعیۃ علماء ہند میں عمائدین کا اجتماع

علامہ سید سلیمان صاحب ندوی کو عصرانہ

زندگی اور موت کا اسلامی فلسفہ

جامع مسجد میں حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تقریر

حکومت تحقیقات کریگی

کانگریسی نمایندوں کو زدوکوب کرنے کا مسئلہ

اشتہارات

ہاتھ دھونے کی میز

وزیر ہند کے خلاف ۵ اکروڑ روپے کا دعوی

جائداد کے نقشے پیش کرنے کا حکم

خان عبد الغفار خاں کی علالت

رہائی کیلئے اسمبلی کے ارکان کی کوشش

مولانا اسمٰعیل غزنوی کو حج سے کیوں روکا گیا

برطانیہ کے خلاف نفرت پھیلانے کا الزام

اسمبلی میں سکرٹری خارجہ کا بیان

حج سے روکنے پر احتجاج

جدہ سے مولانا حسرت موہانی کا پیغام

احمد آباد کے ایک مل پر پکیٹنگ

گاندھی جی کا خط جعلی ہے

اسمبلی میں بمبئی کرانیکل کے شائع کردہ خط کا ذکر

ہوم ممبر کی طرف سے تردید

میرٹھ کے ۹ ملزمین رہا کر دیئے گئے

الہ آباد ہائی کورٹ نے ضمانت منظور کرلی

دو کشتیوں میں تصادم

۱۶ آدمی غرق ہو گئے

کانگریس کے نمایندوں کو پولیس نے کیوں پیٹا؟

اسمبلی کے ارکان کا خط ہوم ممبر کے نام

تحقیقات کا زبردست مطالبہ

حجاج کے لئے کالا قانون

جمعیۃ علماء ہند کے احتجاج کی پرواہ نہیں کیگئی

حکومت کو مولانا اسمٰعیل غزنوی کا انتباہ

بندوقوں اور ریوالوروں کی برآمد

بنگال میں خانہ تلاشیاں

سرحد کے تین مواضعات پر جرمانہ

دفتر اخبار الامان کا پروپیگنڈہ

کیا حضرت مولانا عبد الرزاق صاحب کانپوری کا بیان ان کے ایماء پر شائع ہوا ہے؟

بمبئی میں پھر ہندو مسلم فساد ہو گیا

گورنر بمبئی کا باڈی گارڈ مجروح

مشرقی بنگال میں قیامت خیز طوفان

سلسلہ مراسلات منقطع ریل گاڑیاں بند

فرقہ وارانہ مسائل کا حل ضروری ہے

سستے مال کی درآمد کا بل پاس ہوگیا

پارلیمنٹری کمیٹی کا پہلا پرائیویٹ اجلاس

کمیٹی میں شہادت دینے والوں کو حکومت کی اطلاع

اسمبلی کے ہندو ارکان کی ایک خفیہ یادداشت

فرقہ وارانہ مسائل کا تصفیہ

شیخ عبد المجید صاحب سندھی کا بیان

سیاسی تشدد اور حب الوطنی

غیر ممالک کے نام سرجنی نائیڈو کا پیغام

فوجی افسروں میں جنگ

دو ہلاک ۹ مجروح

ہندوستان سے لندن تک ٹیلیفون

متعدد کانگریس کمیٹیاں خلاف قانون

مولانا شوکت علی ۲۶ اپریل کو آجائینگے

جاپانی افواج کی پیشقدمی

دیوار عظیم کے قریب زبردست جنگ

یورپ میں جنگ شروع ہو جائیگی

جرمنی نے برطانوی اور فرانسیسی تجاویز مسترد کردیں

برطانیہ ہندوستان کو اختیارات دینا نہیں چاہتی

کانگریس کی تحریک مردہ نہیں ہوئی ہے

چرچل اور گاندھی ایک ہیں

پارلیمنٹ میں وزیر ہند کا بیان

سر سپرو اور شفاعت احمد خاں کا انتخاب

پارلیمنٹری کمیٹی میں ہندوستانیوں کی تذلیل

ہندوستانی نمایندے ووٹ بھی نہیں دے سکینگے

دار العوام میں وزیر ہند کا بیان

کوہ ہمالیہ کی مہم کے ممبر کار کو نصیحت

خطرہ نہ کرو کامیاب ہو جاؤ گے

روس میں انگریزوں کا مقدمہ

ملزموں پر فرد جرم لگادی گئی

برطانی ملزم اپنے بیان سے منحرف ہوگیا

الہ آباد میں سیاسی جلوس

۱۶ رضاکار گرفتار کرلئے گئے

سکیڑہ ضلع میرٹھ میں قربانی گاؤ پر بندش

۴۵ گاؤں کے ۲۰ ہزار ہندوؤں کا مسلمانوں پر حملہ

حکام کی کمزوری۔ ہندوؤں کی سازش اور اشتعال انگیزی

(الجمعیۃ کے نمائندہ خصوصی کے قلم سے)

موضع سکیڑہ ضلع میرٹھ، مراد آباد لائن پر پلکھوہ سے ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ آبادی چار سو افراد پر مشتمل ہے جس میں مسلمانوں کی تعداد بہت قلیل ہے اس علاقہ کے ہر چہار اطراف میں راجپوتوں کا زور رہا ہے اور آبادی کا غالب عنصر بھی یہی لوگ ہیں۔ علاقہ کے تمام دیہات میں مسلمان راجپوت ہی آباد ہیں مگر ان کی قوت کمزور ہے۔ سکیڑہ کے مسلمان ہمیشہ سے گائے ذبح کرتے آئے ہیں اور عید قربان پر تو یہاں ہمیشہ گائے کی قربانی ہوتی رہی ہے۔ لیکن امسال ہندوؤں نے ایک منظم ...

جس وقت ۲۰ ہزار مسلح ہندوؤں کا مجمع سکیڑہ پہنچا تو وہاں پولیس کی جمعیت بالکل ناکافی تھی ... مسجد ... ہندوؤں کی آمد کا یہی حال رہا۔

حکومت کے نام تار

چونکہ پلکھوہ کے ہندو اپنے بال بچوں اور عورتوں کو پہلے ہی پلکھوہ سے باہر ...

سکیڑہ کا محاصرہ

حکام کی کمزوری

مزید تفصیلات

ہندوؤں کی سازش

ابتدائی واقعات

ہندوؤں کے حملے

جس وقت حکام کا اطمینان دلانا ولاٹھی ... ہندو وسوار سکیڑہ سے واپس ہوئے ہیں تو ان کا رویہ سخت اشتعال انگیز تھا۔ ہندوؤں کے ایک حصہ نے پلکھوہ کے اسلامی محلوں کا کئی بار گشت لگایا اور گاجے باجے کے ساتھ گھومتا کی شب کے نعرے لگائے اور ... سکیڑہ کے غریب مسلمانوں کے تمام کھیت ان حملہ آوروں نے تباہ کر ڈالے اور ایک بیل کو بھی دانہ کھلا کر مار ڈالا۔

حکام کی اس کمزوری سے ہندو بہت دلیر ہو گئے ہیں ...

پلکھوہ میں ہڑتال

چونکہ ان تمام شرارتوں کا مرکز پلکھوہ تھا اس لئے پلکھوہ کے ہندوؤں نے حسب دل خواہ کاروائی کی ... عید قربان سے دو روز پہلے یعنی ۸ ذی الحجہ سے ہی ہندوؤں نے تمام پلکھوہ میں ہڑتال کر دی جو ۱۰ ذی الحجہ بروز جمعہ تک جاری رہی۔ پلکھوہ کے ہندوؤں نے ایک ہوشیاری یہ کی کہ اپنے تمام بچوں اور عورتوں کو خالی کر کے آباد و سہ فوٹو ... لاٹھیاں لے کر اپنی اپنی دکانوں اور مکانوں پر جھتے بنا کر بیٹھ گئے ...

مکتوب جرمنی

جرمنی کی حالت پر ہمہ گیر تبصرہ

غیر ملکیوں کے ساتھ ناروا اور غیر منصفانہ سلوک

(از جناب حبیب الرحمن صاحب ایم، اے، پی، ایچ، ڈی برلن)

۲۰ جنوری سے جرمنی میں انقلاب جدید ہے اور ابتک اس کا خاتمہ نہیں ہوا ... لوگوں کو صرف اس وجہ سے معلوم نہیں ہوتا کہ جو مٹی ایسا ملک ہے کہ اس میں اگر انقلاب بھی ہوتا ہے تو تمام کاروبار باقاعدہ ہوتے رہتے ہیں کیونکہ ہر ایک چیز منظم ہے ...

حکم دیدیا ہے کہ سیاہ سفید اور سرخ اور اس جھنڈے کے ساتھ نازی پارٹی کا جھنڈا لگایا جائے۔ لیکن ابتک قطعی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔

اس کے علاوہ ہٹلر کی حکومت نے فیصلہ کر لیا ہے کہ بالشیوزم اور مارکس ازم کو بالکل فنا کر دیا جائے چنانچہ تمام اخبارات اور پریس کمیونسٹوں کے بالکل بند کر دئے ہیں اور سوشل ڈیموکریٹس کے جو کارل مارکس کے پیرو کار ہیں تمام اخبارات بھی بند کر دئے گئے ہیں بلکہ منسٹر گورنگ نے جو ہٹلر کا سیدھا ہاتھ ہے ایک تقریر میں کہا ہے کہ ہم مارکس ازم کو پچاس سال میں ایسا فنا کر دیں گے کہ کسی کو یہ بھی نہیں معلوم ہوگا کہ مارکس ازم کس چیز کو کہتے ہیں ہم یہاں تک کریں گے کہ یہ لفظ تمام کتابوں سے نکال کر پھینک دیا جائیگا۔ بہر حال یہ ضرور ہے کہ اس وقت ان دونوں کے خلاف نہایت سختی سے کام ہو رہا ہے۔ کمیونسٹوں کے تمام پارلیمنٹ کے ممبران گرفتار کر لئے گئے ہیں سوشلسٹ کے کثیر ممبران بھی قید کر دئے گئے ہیں۔

بیکاری میں کمی

ہندوستانیوں کی سکوس حالت

یہودیوں پر تباہی

... ان میں قومی احساس بالکل ہی نہیں ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ شاید کبھی خداوند کریم ہندوستان کو بھی حس دے۔

ہر ہٹلر کی حکومت کا کام

... علاوہ ان کے تمام ممبر جیل میں ہیں اور اس وقت تک جیل ہی میں رہیں گے۔

الیشٹاگ میں دو ضروری باتوں کا فیصلہ کرنا ہے ایک تو جرمنی جھنڈے کا اور دوسرا ہٹلر کیلئے قانون خود مختاری (یعنی ڈکٹیٹر شپ کا) ۱۹۱۸ء سے قبل جرمنی کا جھنڈا سیاہ سفید اور سرخ تھا لیکن جمہوریہ نے اس کو تبدیل کر دیا تھا۔ سیاہ سرخ اور سنہری میں اب پھر اس کو تبدیل کیا جا رہا ہے۔

گاندھی جی پر پھر دعویٰ

قرطاس ابیض کی ذمہ داری کا مسئلہ

پونا ۱۱ اپریل۔ مسٹر سرکارے نے دیہ اچھوتوں کے سلسلہ میں علیحدگی کر کے شہرت حاصل کر چکے ہیں، ڈسٹرکٹ جج پونا کی عدالت میں مسٹر کیلکر، مسٹر جیکر گاندھی جی، سر سپرو اور مالوی جی کے خلاف دعویٰ دائر کیا ہے یہ دعویٰ قرطاس ابیض کے سلسلہ میں ہے ان کا خیال ہے کہ قرطاس ابیض انہی لوگوں کی وجہ سے شائع ہوا ہے جس کی سفارشات اور تجاویز ملکہ معظم کی حکومت کے لئے نقصان دہ ہیں اور ملکہ وکٹوریہ کے اعلان ۱۸۵۸ء کی خلاف ہیں۔

مسٹر سرکارے نے یہ دعوے خود اپنی طرف اور ملکہ معظم کی طرف سے کیا ہے۔

فورٹ ولیم میں توپ پھٹ گئی

توپچی کے ہاتھ اڑ گئے

کلکتہ۔ فورٹ ولیم کی دیوار سے سلامی کے لئے توپ چلاتے وقت اتفاق سے سلامی کے کارتوس کی ٹوپی اس طرح پھٹ گئی کہ توپچی شدید طور پر زخمی ہو گیا اس کے دونوں ہاتھ اڑ گئے اور وہ خود بیس فٹ کے فاصلہ پر جا پڑا۔

ہندوستان کے مختلف حصوں میں ماہواری ایام کی تباہ کاریاں

ہر مہینہ ہزارہا عورتیں ایام کے زمانہ میں سخت تکلیفیں اٹھاتی ہیں

ہندوستان کے مختلف مقامات پر غذاؤں کی بد پرہیزی اور آب و ہوا کی خرابی کے سبب ہر مہینہ ہزارہا عورتیں ماہواری ایام کے زمانہ میں سخت تکلیفیں اٹھاتی ہیں کسی کو ایام کے زمانہ میں درد ناف اور پنڈلیوں وغیرہ میں سخت درد ہوتا ہے کسی کو کم اور کسی کو زیادہ بے وقت اور بے قاعدہ کسی کو رک رک کر اور سخت تکلیف کے ساتھ ماہواری ایام ہوا کرتے تھے ...

پشاور میں ایک دینی درسگاہ کی سرپرستی

محکمہ تعلیم کا ناجائز اقدام

مدرسہ رحیم بخش صاحب مرحوم ... ایک دلکشا عمارت ہے جو سیٹھ صاحب مرحوم نے صرف دینی تعلیم کے خاطر تیار کرایا تھا اور طلبائے عربیہ کی آسائش کے لئے آپ نے ...

ایک معقول رقم ... چند یوم ہوئے معلوم ہوا ہے کہ محکمہ تعلیم صوبہ سرحد چاہتا ہے کہ اس قدیمی دینی درسگاہ کو کسی طریقے سے اپنے تصرف میں لانے کے بعد یہاں پر انگریزی سکول قائم کریں چنانچہ اس تجویز کی منظوری ہو گئی ہے اور عنقریب اس مذہبی مدرسہ پر قبضہ جمایا جائیگا باوجودیکہ عمارت ہذا کو مالک اصلی (سیٹھ رحیم بخش صاحب مرحوم) نے صرف دینی تعلیم کے لئے وقف فرمایا تھا ...

آخر میں علمائے صوبہ سرحد سے خصوصاً اور عام الناس سے عموماً گذارش ہے کہ برائے خدا اس مدرسہ کو بچانے کی کوشش کریں ...

عبد العلیم متعلم ... از نوشہرہ ضلع پشاور

شیخ الاسلام مولانا انور شاہ صاحب کی صحت

افاقہ کے ساتھ ضعف باقی ہے

ایک دردمندانہ اپیل

مدارس اسلامیہ کی تعمیر میں امداد کرو

جس مذہب نے مسلمانوں کو اوج کمال پر پہنچایا، موجودہ مسلمانوں کی دینی اور دنیاوی ترقی اور فلاح کا ضامن ہے آج مسلمان اس سے بے رخی کر کے اپنی دین اور دنیا تباہ کر رہے ہیں ...

سفر حج سے روکنا مداخلت فی الدین ہے

حکومت ہند کو مولانا داؤد غزنوی کا انتباہ

امرتسر ۱۱ اپریل۔ مولانا سید محمد داؤد غزنوی جنرل سکرٹری جمعیت احرار ہند نے مندرجہ ذیل بیان اخبارات کو دیا ہے۔

حکومت ہند نے مولانا اسمٰعیل صاحب غزنوی کو امسال سفر حج سے روک کر ایک ایسا افسوسناک اقدام کیا ہے جو مسلمانان ہندوستان کے لئے تعجب خیز اور رنجدہ ہے ...

امریکہ میں اقتصادی کانفرنس

جرمنی اور اٹلی کو دعوت

واشنگٹن۔ شاہی محکمہ میں اطالوی سفیر کی ملاقات کے بعد بیان کیا جاتا ہے کہ حکومت ریاستہائے متحدہ نے اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ آئندہ اقتصادی مباحثات واشنگٹن میں اطالیہ کا ایک اعلیٰ افسر نمائندگی کرے گا ...

گاندھی جی کے خط کی اصلیت

بمبئی کرانیکل کا اصرار

خدائی نعمتوں سے محروم

وہ شخص ہے جس کی بیوی کے بھولے ہوئے گلی کوچوں میں مارا مارا پھرے یا ان کے بچے کو بچے کے حملوں سے عاجز آگیا ہو یا پھر مسلسل حمل کے قیام سے بیوی کی تندرستی خطرے میں پڑتا ہو۔ اور حمل کے سبب ...... محروم ہو اور بیوی سے مجبوراً الگ رہتا ہو۔

پس ایسی حالت میں جب کہ عورت حمل کے بار بار قیام سے عاجز آگئی ہو یا اس کی زندگی اور صحت کو کوئی خطرہ ہو یا اولاد کو پالنے اور پرورش کرنے کی باپ میں استطاعت نہ ہو تو حمل روک جیسی مشہور نایاب دوا کو درمیان میں لانا چاہئے مکمل اور یقینی اثر کرنے والی چیز ہے اور مصروف ہفتے پہلے اس دوا کو استعمال کر لینے سے حمل کا اندیشہ نہیں رہتا ایک شیشی میں تقریباً ۳۰ مرتبہ حمل روکنے کی دوا ہوتی ہے جس کی قیمت صرف تین روپے آٹھ آنے ہے محصول ڈاک ۵ عورت کی اندرونی تندرستی میں اس دوا کے استعمال سے کوئی فرق نہیں آتا۔

ملنے کا پتہ۔ ایسٹرن فارمیسی دہلی

ظرافت کے ساتھ

سیاسی، اخلاقی، علمی مضامین اودھ پنچ لکھنؤ کے مطالعہ سے حاصل ہوتی ہے اسکے کارٹون نہایت دلچسپ ہوتے ہیں۔ المشتہر منیجر اودھ پنچ لکھنؤ

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف۔ کیوں، کس لئے

وہاں سے ایک کارڈ لیکر تحریر فرمادیں بلا صحت و تندرستی کا کائنڈر اراست کی ...

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

آپ کو

جوانی کی اصلی خوشی کیوں حاصل نہیں

اس لئے کہ

آپنے خاوند بیوی کا رہنما پریم شاستر نہیں پڑھا جو مرد و عورت کے تعلقات پر اردو زبان میں بہترین کتاب ہے۔ ... قیمت فی جلد صرف ایک روپیہ ...

پریم شاستر بکڈپو بکسیلرز و پبلشرز

بیرون شاہ عالمی دروازہ لاہور

نیٹ بہرا پن کا قدرتی علاج

بلاسٹ اینڈ سنز دہلی کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

کان کی دوا بلاسٹ اینڈ سنز دہلی بھیت (یوپی)

موسم گرما کا بے نظیر تحفہ

رجسٹرڈ شربت روح افزا

قیمت میں حیرت انگیز تخفیف

تار کا پتہ ہمدرد دہلی

منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

منیجر رسالہ النظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

سفید بال جڑ سے کالا

بال کالا اسٹور س پوسٹ بکس نمبر ۔۔۔ دہلی

انخبار الجمعیۃ

میں مشتہر دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ الجامعہ

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

لاریب انگلش میڈیم ۔۔۔

دفتر چین تنگ ٹوپ والا گلی ۔۔۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

کیسٹوفین

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلی ماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶۰

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرآبادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوا میں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں۔ اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک سستی اردو قرآبادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ الحمدللہ کہ مولوی نور محمد صاحب جید آبادی نے قرآبادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کردیا ہے۔ اس کتاب میں دواسازی کے اصول کی وضاحت اور تفصیل کیساتھ بیان کئے ہیں کہ کس دوا کو کس طرح تیار کرنا چاہئے اور کسی دوا کی خرابی اور غلطی کی شناخت کا کیا طریقہ ہے۔ ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطبا نے اس کتاب کو مفید فرمایا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرآبادین مفید عام کا ہر عطار اور طبیب بلکہ ہر تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے۔ کتاب کا سائز ۲۰×۲۶ اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے۔ لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کیلئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

وسیلۂ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں۔ ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث صحیحہ سے ان تمام اعمال سیئہ کو جمع کیا گیا ہے جنکے مرتکب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلاکر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب دیگئی ہے۔ کتاب ۸۰ صفحات پر مشتمل ہے جو بہترین کاغذ پر نہایت عمدگی کے ساتھ چھپی ہوئی ہے۔ قیمت فی جلد صرف ایک روپیہ۔ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اسمیں ان احادیث کو جمع کیا گیا ہے جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دیگئی ہے۔ ۳۵۱ احادیث درج ہیں۔ ہر حدیث کا ترجمہ اردو میں دیا گیا ہے۔ کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہے۔ قیمت فی جلد ۱۲ آنہ۔ یہ کتاب پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے۔ ہر مسلمان گھرانے میں دونوں کتابوں کا رکھا جانا نہایت ضروری ہے جو حضرات اپنی قوم کو مفت تقسیم کرنا چاہیں انکے لئے رعایتی قیمت ہے۔ ان کتابوں میں جو ہدایات درج ہیں ان پر عمل کرنا دین و دنیا کی فلاح کا ضامن ہے۔ بہتر ہے کہ جلد منگا لیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جاتی ہیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن مجید

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے ترجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب رح حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب رح مولانا شاہ ولی اللہ صاحب رح حضرت مولانا شیخ سعدی رح اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عنہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عہ

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت کہی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب، زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد، بوڑھے، بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھکر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ دعہ، بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامتہ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ سے قسم دوم حنا شدہ عہ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸ چرم عہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

تارکا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

بدُ اللہ علی الجماعۃ

روزنامہ

الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون محمد عثمان فارقلیط

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے — سالانہ — ششماہی — سہ ماہی

ممالک غیر کے لئے — سالانہ — ششماہی

نمونہ مفت

فی پرچہ ایک آنہ

نرخ اجرت اشتہارات

جلد ۱۷ | دہلی یوم پنجشنبہ ۲۴ ذی الحجہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۰ اپریل ۱۹۳۳ء | نمبر ۲۸

معاصرین کے افکار و آرا

قانون حج (مدینہ)

حج بل کی بحث میں سر فضل حسین نے حکومت کے طرز عمل کے متعلق جو تشریح کی وہ سب سے زیادہ حیرت انگیز ہے۔ مسٹر اپی صاحب نے دریافت کیا تھا کہ اگر جہازراں کمپنیوں نے حاجیوں کو لے جانے سے انکار کردیا تو حکومت کیا کرے گی۔ اسکے جواب کے لئے سر فضل حسین تڑپ کر اٹھے اور انہوں نے اسمبلی کے ہال میں استدلال کا ایک نہایت عجیب و غریب نمونہ پیش فرمایا۔ سر فضل حسین نے فرمایا کہ اس بل کو حکومت اپنی ذمہ داری پر منظور نہیں کررہی ہے۔ بلکہ وہ اسمبلی کے "نہایت دیندار" ارکان کے ساتھ اس ذمہ داری میں شریک ہو رہی ہے۔ اور حکومت کو یقین ہے کہ جہازی کمپنیاں حاجیوں کو لے جانے کے لئے خود اپنے منافع کا خیال کریں گی۔ اس جواب سے سر فضل حسین نے بالواسطہ طور پر یہ تسلیم کر لیا کہ حکومت جہازی کمپنیوں کو مجبور نہیں کر سکتی کہ وہ حاجیوں کو لازماً حجاز تک پہنچا دیں ہم مسلمانوں کو حکومت کی اس دورخی پالیسی کی طرف متوجہ کرنا چاہتے ہیں۔ ایک طرف حکومت کا یہ حال ہے کہ وہ حج بل کو منظور کرنے کے لئے بدحواسی کی حد تک بے چین ہے۔ اور اسے اس امر کی قطعاً پروا نہیں کہ لوگوں کی مشکلات میں اس سے اضافہ ہوتا ہے۔ اور دوسری طرف وہ جہازی کمپنیوں کو حاجیوں کو حجاز پہنچانے پر مجبور کرنے کی ذمہ داری بھی نہیں لے سکتی۔ بالفاظ دیگر وہ مشکلات تو پیدا کرسکتی ہے۔ اور اگر جہازی کمپنیاں ان اصولوں کو ختم کرکے حاجیوں کو جہازوں پر سوار کرنے کے لئے تیار نہ ہوں تو حکومت ان کو مجبور بھی نہیں کرسکتی۔

ہندستان اور علوم عربیہ (معارف)

مسلمان والدین اپنے بچوں کو علوم عربیہ کی جو تعلیم دلاتے تھے اس کے وجوہ مختلف تھے، مسلمان کا مذہبی ہونا، اور ہماری تاریخ وادبیات کا اس کے اندر موجود ہونا، لیکن ان مذہبی اور علمی اسباب کے علاوہ اس کی ایک تیسری وجہ یہ تھی کہ وہ معاش کا ذریعہ بھی تھی، علوم عربی پڑھنے کے بعد وہ ملازمت وقت کے بڑے بڑے عہدے پاتے تھے حکومت کے انقلاب نے ایک ایک کرکے ان تمام وجوہ معاش کے دروازے علوم عربی کے طالبعلموں پر بند کردئے اور اسی نسبت سے عربی تعلیم کی طرف توجہ بھی روز بروز کم ہوتی گئی۔ تاہم اب تک صرف دو دروازے کھلے تھے، ایک اسکولوں کی مدرسی اور دوسری طبابت، سو فارسی کے دوسرے فاضل کے درجوں نے پہلی چیز کا خاتمہ کیا اور اب اسکولوں میں عربی کے مولوی فاضل کے بجائے فارسی کے منشی فاضل ہی استحقاق رکھتے ہیں، بلکہ فارسی تدریس کے لئے انہیں کو ترجیح دی جاری ہے۔ دوسری چیز کا خاتمہ ان طبی اسکولوں کے ذریعہ ہو رہا ہے جن میں طب کی ترقی کے لئے عربی کے بجائے اردو کتابوں کے ذریعہ اردو خوانوں اور فارسی خوانوں اور نیم انگریزی دانوں کو طب کی تعلیم دی جارہی ہے، ظاہر ہے کہ اب صرف مذہب اور علم کی خاطر کتنے مسلمان اپنے بچوں کی قربانی گوارا کر سکیں گے؟ یہ ہیں ہماری قوم پروہ تعلیمی عنایات جن کا شکریہ ادا کرنا ہماری قوم پر ہر وقت واجب ہے۔

بے تعصبی کی مثالیں (خلافت)

اس غلام آباد ہند میں جہاں پیپل کے درخت اور تعزیوں پر رات دن سر پھٹول رہتی ہے اور ایک انسان محض اختلاف عقائد کی بنا پر دوسرے کے خون کا پیاسا رہتا ہے۔ جب کوئی اس قسم کا واقعہ سننے میں آتا ہے جس سے مذہبی بے تعصبی اور رواداری ظاہر ہوتی ہو تو فرط مسرت سے دل باغ باغ ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ہندوستان کی دو ہندو ریاستوں میں دو عبادتگاہیں حال میں قائم ہوئی ہیں جن کا سنگ بنیاد غیر مذاہب کے آدمیوں کے ہاتھوں رکھا گیا۔ ایک دتیا میں کہ وہاں کی شاندار مسجد کا سنگ بنیاد خود مہاراجہ صاحب نے اپنے دست مبارک سے رکھا اور اس موقعہ پر جو تقریر کی وہ بھی بے تعصبی اور مذہبی رواداری کے جذبات سے پر تھی۔ اسی طرح میسور میں ایک مندر کا سنگ بنیاد مرزا سر محمد اسمٰعیل صاحب صدر اعظم نے اپنے ہاتھوں سے رکھا اور آپ نے بھی اس رسم کی ادائی کے موقع پر ایک نہایت دلآویز تقریر کی جس میں مذہبی رواداری اور بے تعصبی اور ایک دوسرے کے مذہبی جذبات کا احترام ۔۔۔

کرنے کی نصیحت فرمائی۔

یہ دو ایسی شاندار مثالیں ہیں جو ہندستان کے بدنصیب باشندوں کے لئے قابل تقلید ہیں اور وہ دن ہندوستان کے لئے انتہائی مسرت کا دن ہوگا جب اسی قسم کے جذبات رواداری اور بے تعصبی عام ہو جائیں گے۔ اور لوگ محض اختلاف مذہبی کی بنا پر ایک دوسرے کے ساتھ حیوانوں جیسا سلوک کرنا چھوڑ دینگے۔

قابل غور مشورہ (ہلال)

اگر ہندو مسلمانوں کے سربرآوردہ حضرات کے قلوب میں اتحاد کی سچی تڑپ پیدا ہو جائے تو آج بھی اس مقصد کو نہایت سہولت کے ساتھ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اور آج بھی گزشتہ کوتاہیوں اور خامیوں کا انسداد ممکن ہے لیکن یہ ظاہر ہے کہ اس مقصد کے حصول کے لئے جب تک کانگریس کے قائد اعظم اور دیگر بااثر حضرات کی امداد اور ہمدردی حاصل نہ ہو اس وقت تک یہ مسئلہ حل نہیں ہوسکیگا۔ چنانچہ اسی خیال کے ماتحت شیخ عبدالمجید صاحب سندھی نے ایسوسی ایٹڈ پریس کے نامہ نگار کو ایک بیان دیا ہے جس میں کانگریس کو یہ مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ سول نافرمانی کی تحریک کو بند کرکے باہمی اتحاد کی کوشش کرے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ایک شخص یا چند افراد کو اس کا حق ہے کہ وہ تنہا اپنی ذمہ داری پر سول نافرمانی کی تحریک کو بند کردیں جیسا کہ مسٹر اینے قائم مقام صدر کانگریس کے ایک بیان سے ظاہر ہو چکا ہے کہ گاندھی جی کو یا خود ان کو اس کا اختیار نہیں کہ کانگریس کی بنیادی پالیسی میں کسی قسم کا تغیر کرسکیں اس سوال کو تو مجلس عاملہ ہی طے کرسکتی ہے اور جب تک حکومت مجلس عاملہ کے اجلاس کی اجازت نہیں دے گی اس وقت تک سول نافرمانی کی تحریک کو واپس لینے یا قائم رکھنے کا کوئی سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔ اس لئے کانگریس سے سول نافرمانی کی تحریک کو بند کرنے کی درخواست کے یہ معنے ہیں کہ اس کی مجلس عاملہ کا ایک مکمل جلسہ منعقد ہو جائے جو موجودہ حالات میں ناممکن ہے۔

روس اور برطانیہ (ملت)

روس اور برطانیہ میں جو بنیادی اختلاف ہے اس کی بنا پر ہم اس کی امید تو کبھی کر ہی نہیں سکتے کہ ان دونوں ملکوں میں کبھی بھی مستقل اتحاد ہوسکتا ہے۔ روس کا اقتصادی اور سیاسی نظام برطانیہ کے سیاسی اور اقتصادی نظام سے اس قدر مختلف ہے اور متضاد ہے کہ دنیا میں دونوں کا ترقی پانا اور کامیاب ہونا ناممکن ہے۔ اگر آج دونوں ملکوں میں آج کوئی جنگ نہیں ہوسکتی تو کل ضرور ہوگی۔ اور اس جنگ کا نتیجہ بھی ہوگا کہ دنیا میں بالکل ایک نیا اقتصادی نظام رائج ہو جائے گا۔ اس وقت نہ تو برطانوی نظام سے دنیا کو امن و چین ہے اور نہ روسی نظام ہی نے سکون اور اطمینان پیدا کیا۔ دونوں میں بہر حال اپنی اپنی جگہ پر خامیاں موجود ہیں اور دونوں میں اصلاح اور تبدیلی کی ضرورت ہے۔ روس کی جنگ کا یقیناً اس پر اثر پڑے گا اور وہ ایک ایسی حالت پیدا کردے گی لیکن پھر بھی ہم اس جنگ کا کسی طرح خیر مقدم نہیں کرسکتے۔

جمعہ اور عیدین کے خطبے (البشیر)

اس زمانہ میں ایک عام دستور ہوگیا ہے کہ عیدین کے بعد عام طور پر اسلامی اخبارات نہایت قابلیت کے ساتھ مضامین لکھتے ہیں کہ جمعہ اور عیدین کے اجتماع سے جو مقصد اسلام کا ہے وہ اس وجہ سے فوت ہو رہا ہے کہ عربی میں جمعہ اور عیدین کے خطبے پڑھے جاتے ہیں۔ سامعین خطبوں کو نہ خطیب سمجھتے ہیں۔ اور نہ انکے مخاطب جب تک یہ روش رہے ایسے خطبے نہ پڑھے جاویں گے کہ ان میں زمانہ حال کی ضروریات کے مطابق مسلمانوں کو مذہبی اخلاقی اور اقتصادی اصلاح اور ترقی کی طرف آمادہ نہ کیا جاویگا، اسوقت تک اسلام کا جو مقصد جمعہ اور عیدین کے اجتماع سے ہے حاصل نہیں ہوسکتا لیکن اسلامی اخبارات کے یہ اعلیٰ مضامین اس وجہ سے بے اثر رہتے ہیں کہ ہندوستان میں اسلامی حکومت موجود نہیں ہے۔ دوسری وجہ ان مضامین کے بے اثر ہونے کی یہ ہوئی ہے کہ مضامین یا تو عیدین کے بعد شائع ہوتے ہیں۔ یا اسی ہفتہ میں شائع ہوتے ہیں کہ جس ہفتہ میں عیدین ہوتی ہے۔ اور اس کے بعد بالکل خاموشی اختیار کرلی جاتی ہے۔ حالانکہ ضرورت اس کی ہے کہ کچھ اخبارات مسلسل بارہ مہینے تک اس ایک مسئلہ کو اور بہر بحث کرتے رہیں تاکہ کچھ نہ کچھ تو نمونے ایسے پیدا ہو جاویں جو اپنی زندگی کا مقصد یہ ایک نقطہ قرار دیں کہ جمعہ اور عیدین کے خطبے اردو میں ہی پڑھا کریں۔ ممکن ہے کہ ہندوستان میں کوئی ایسی جماعت قائم ہو جائے۔ جو ہر جمعہ کے لئے ایک نیا خطبہ چھپوا کر ہندوستان کے مختلف شہروں کی مختلف مساجد میں تقسیم کیا کرے۔ جب تک زبردست پروپیگنڈا نہ کیا جاویگا سینکڑوں برس کے عقیدے اور رسم و رواج میں انقلاب پیدا نہیں ہوسکتا۔

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(ماخوذ)

مستقبل کی کامیابی بچوں کی تربیت پر منحصر ہے

حضرت زبیر بن العوام کی تربیت اور اسکے نتائج

بچوں کی اصلاح اور تربیت سے مسلمانوں کی غفلت

پچھلے بزرگ کتنا اچھا اور صحیح فیصلہ کرگئے ہیں ما صلح هذه الامة الا بما صلح به اولها یعنی اس امت (اسلامیہ) کی اصلاح اسی چیز سے ہوسکتی ہے جس سے دور اول کے مسلمانوں کی اصلاح ہوئی۔ عہد اول کے مسلمانوں کی اصلاح قرآن کریم سے ہوئی، سیرت نبوی سے ہوئی اور اسلام کی پابندی سے ہوئی۔ آج بھی اگر کوئی طریقہ مسلمانوں کی اصلاح کا ہے تو وہ یہی طریقہ ہے کہ مسلمان تربیت اسلامیہ کو اپنی زندگی کا دستور العمل بنائیں اور پیغمبر اسلام کی سیرت کو اپنے اعمال کی بنیاد قرار دیں مگر آج مسلمان ترقی کی راہیں یورپ کی تقلید اور نقالی میں تلاش کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک اصلاح کی صورت یہی ہے کہ اسلام کی تحریب کے ساتھ مغرب کے قدم بقدم چلا جائے اور ان کی ہر بات کو آنکھیں بند کرکے اختیار کرلیا جائے۔ حالانکہ اسلامی نظام غیری مداخلت کو سب سے تسلیم ہی نہیں کرتا۔ اور نہ اسلام اور غیر اسلامی نقال کا اجتماع ممکن ہے۔ ایک مسلمان اسلام رہکر بھی نقالی اور اندھی پیروی سے ترقی حاصل نہیں کرسکتا۔ اس کی ترقی اور ترفع کا انحصار اسلام کی تابعداری میں ہے کیونکہ عہد اول کے مسلمانوں کی زندگی ہمارے اس دعویٰ کی روشن دلیل ہے اور ان کے تجربات سے ہم اس نتیجہ پر پہونچے ہیں۔

مسلمانوں کے بچے

سیرت نبوی اور صحابہ کرام کی زندگی ہمارے تمام مرضوں کا واحد علاج ہے اور ان ہی کے نمونہ کو سامنے رکھکر ہم اپنی نسلوں کی تعمیر کرسکتے ہیں، آج مسلمانوں کو اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے کہ وہ اپنے بچوں کی تربیت اسلامی طریق پر کریں تاکہ عہد طفلی سے ہی ان میں اسلامی روح پیدا ہو جائے اور گرد و پیش کے حملوں سے وہ اپنی حفاظت کر سکیں۔ اس کے خلاف مسلمان اپنے بچوں کی تربیت کے بجائے ان کو خود گمراہ کرتے ہیں اور بچپن ہی سے ایسے راستہ پر ڈال دیتے ہیں جو ان کو منزل مقصود سے الگ پھینک دیتا ہے۔ باپ اپنے بچوں کو نماز روزہ اور شعائر اسلام کی تعلیم نہیں دیتے۔ ان کو بہادر شجاع اور جفاکش بنانے کی کوئی تدبیر نہیں کرتے۔ ان کے اخلاق درست کرنے اور صفات حسنہ پیدا کرنے کا کوئی خیال نہیں کرتے۔ لیکن وہ ان کو اپنے ہمراہ سینما اور تھیٹروں میں ضرور لیجاتے ہیں۔ خود ناچ گانا کرتے ہیں اور ان کو بھی اسی کی تعلیم دیتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کی نامناسب تربیت سے بچے بزدل، ڈرپوک اور نالائق بن جاتے ہیں اور ان کا وجود اسلام اور مسلمانوں کیلئے باعث رسوائی ہو جاتا ہے۔ اگر مسلمان اپنے بچوں کی تربیت کی طرف تھوڑی سی بھی توجہ کریں تو آئندہ نسلیں ترقی حاصل کرسکتی ہیں اور پھر دنیا کی کوئی طاقت انکو نقصان نہیں پہونچا سکتی۔

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی تربیت

آؤ ہم آپکو ایک جلیل القدر صحابی کا ذکر سنائیں کہ ان کی والدہ نے ان کی تربیت کرکے کہاں سے کہاں پہونچا دیا تھا۔ اور محض تربیت کے اثر سے وہ کس طرح اپنے ہم عصروں میں ممتاز بن گئے تھے۔

حضرت زبیر بن العوام حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کے داماد اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھوپھی زاد بھائی تھے۔ آپ کی والدہ محترمہ کا نام صفیہ تھا ان کو اپنے اس بچے کی تربیت کا ہر وقت خیال رہتا تھا وہ حضرت زبیر سے محنت و مشقت کے کام لیتیں اور ذرا ذرا سے قصور پر سخت ڈانٹ بتاتیں یہاں تک کہ زدوکوب بھی کرتیں۔ ایک دفعہ حضرت صفیہ نے زبیر کو بہت زیادہ پیٹا جس پر ایک صحابی نے آپ سے اور آپکے رشتہ داروں سے شکایت کی کہ حضرت صفیہ حضرت زبیر سے بڑی محنت کا کام لیتی ہیں اور پھر انکو مارتی بھی ہیں۔ کیا وہ اپنے بچے کو مارنا چاہتی ہیں۔ اسکے جواب میں انہوں نے کہا کہ جب یہ شکایت حضرت صفیہ کے کانوں تک پہنچی تو آپ نے نہایت غصہ میں مندرجہ ذیل اشعار پڑھے ؎

ومن قال انی ابغضته فقد کذب ۔ انما اضربه لکی یلب

ویهزم الجیش ویاتی بالسلب

یعنی جو شخص یہ کہتا ہے کہ مجھے زبیر سے بغض ہے وہ جھوٹا ہے۔ میں تو اس کو اس لئے مارتی ہوں کہ وہ عقلمند ہو اور فوجوں کو شکست دیکر مال غنیمت حاصل کرے۔ آپکی تربیت کا نتیجہ یہ ہوا کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ جوان ہوکر عالی حوصلہ اولوالعزم اور جانباز بہادر بنے اور اسلام کی خدمات کی انجام دہی کا شرف آپکو حاصل ہوا۔

اچھی تربیت کے نتائج

چونکہ حضرت زبیر کی تربیت اچھے پیمانہ پر ہوئی تھی اس لئے کمسنی سے ہی آپ بلا کے شجاع اور دلیر تھے۔ ایک دفعہ کسی نے خبر اڑادی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مشرکین نے گرفتار کرلیا ہے۔ یہ سنتے ہی تلوار سونت کر کفار کی طرف چل پڑے اور نہایت جوش کے عالم میں آنحضرت کے آستانہ مبارک پر پہونچے۔ جوش کی حالت کو دیکھکر حضور نے فرمایا کہ زبیر! تمہارا کیا حال ہے؟ آپنے کہا یا رسول اللہ سنا تھا کہ مشرکین نے حضور کو گرفتار کرلیا ہے میں بے تاب ہوکر چلا آیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آپکو دعا دی اور برکت چاہی۔ یہ اس وقت کا ذکر ہے کہ جب آپ کمسن تھے!

جنگ بدر میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے جس جانبازی سے کفار کا مقابلہ کیا وہ آج تک تاریخ کے اوراق میں محفوظ ہے۔ آپ کا یہ حال تھا کہ میدان میں جس طرف نکل جاتے صفیں کی صفیں الٹ دیتے۔ اس جنگ میں ایک کافر نے ٹیلہ پر چڑھکر آپکو مبارزت کے لئے پکارا آپ بجلی کی طرح تڑپ کر اسکو لپٹ گئے یہ کشتی ایسی زبردست تھی کہ دونوں نیچے لڑھکتے رہے۔ حضور نے فرمایا کہ ان دونوں میں سے جو پہلے نیچے آکر گرے گا وہی مارا جائیگا۔ جب وہ لڑھکتے ہوئے نیچے آئے تو پہلے کافر ہی نیچے آکر گرا اور حضرت زبیر نے نہایت پھرتی سے اس کا سر تلوار سے جدا کردیا۔

جنگ بدر میں آپ جس جانبازی سے لڑے اس کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ آپ کی تلوار میں دندانے پڑگئے۔ اور آپ کا جسم زخموں سے چور چور ہوگیا ایک زخم تو اتنا بڑا تھا کہ اچھے ہونے کے بعد بھی بچے اس سے کھیلتے تھے۔

اس کے علاوہ اور مختلف معرکوں میں بھی آپ شریک رہے جنگ خیبر میں بڑی بہادری سے لڑے خیبر کا یہودی رئیس مرحب جب مسلمانوں کے ہاتھ سے قتل ہوا تو اس کا بھائی یاسر جوش سے میدان میں نکلا اور حضرت زبیر کو مقابلہ کے لئے بلایا۔ آپ فوراً مبارزت کو بڑھے یہ شخص اسقدر قوی ہیکل اور تنومند تھا کہ حضرت زبیر کی والدہ صفیہ نے کہا کہ یا رسول اللہ! آج میرا بیٹا شہید ہوگا حضور نے فرمایا نہیں وہ کافر کو قتل کریگا۔ چنانچہ یہی ہوا اور حضرت زبیر نے تلوار کی ایک ہی ضرب سے اس قوی ہیکل دیو کے سر کو تن سے جدا کردیا۔

آپنے ملاحظہ فرمایا کہ حضرت زبیر کی صحیح تربیت اور ان کی والدہ محترمہ کی نگرانی نے ان کو کیسا بہادر، اولوالعزم، عالی حوصلہ اور جانباز بنادیا تھا۔ اور پھر انہوں نے کس طرح اسلام اور مسلمانوں کی خدمت کی۔ اگر آج بھی ہم اپنے بچوں کی تربیت کا خیال کریں اور ماؤں کو اس خدمت پر مامور کریں تو آپ کی نسل بھی اپنے اسلاف کے کارنامے کو زندہ کرسکتی ہے۔ اور ان کے ذریعہ مسلمانوں کا مستقبل شاندار ہوسکتا ہے۔ لیکن جب ہماری بدبختی اس حد تک پہونچ جائے کہ بچوں کو جفاکش بنانے کے بجائے ان کو آرام طلب سست و کاہل بنادیں اور تھیٹروں اور سینماؤں کی سیر کرائیں پھر یہ آئندہ نسل کی بہتری کی کیا امید ہوسکتی ہے۔ ایک وہ بچے ہوتے تھے جو نہ صرف اپنی ہی بلکہ دوسروں کی حفاظت کو اپنا فرض سمجھتے تھے اور اس راہ میں جان کی قربانی پیش کرنے کیلئے ہروقت آمادہ رہتے تھے لیکن ہمارے بچے ہیں جو دوسروں کی تو کیا اپنی بھی حفاظت نہیں کرسکتے۔ کیا اسلام کو اپنے ان جیسے فرزندوں سے کوئی توقع ہوسکتی ہے؟

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کی سعی فرما کر اپنی علم دوستی و مذہبیت کا ثبوت دیجئے۔ (منیجر الجمعیۃ دہلی)

ہندوستان کے سب سے بڑے زندہ طبیب عالیجناب شمس الحکماء حکیم غلام کبریا خاں صاحب عرف کبھو میاں کے صدری اور معدنی قسم نمبر ا، نیز ہر قسم کے اعلیٰ درجہ کا ہر کتب و مفردات دوا کے ملنے کا پتہ: بڑا دوا خانہ لال کنواں پوسٹ بکس نمبر ۱۳۵ دہلی طبی مشورہ و فہرست مفت

عربی اخبارات کے ترجمے

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

رومانی مسلمانوں کے دلچسپ حالات

مذہبی آزادی۔ جوامع ، اوقاف اور قضاۃ

مسلمانوں کے اخبارات۔ مسلم خواتین کا پردہ

رومانیہ کے تین خاص مسلمان امسال فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے بیت اللہ شریف وارد ہوئے جو راستے میں یہ لوگ جتنے ... سے اور وہاں مسلمانوں سے ملاقات ...

ان کی مادری زبان ترکی ہے مگر مدارس میں رومانی زبان کی تعلیم جبری ہے اسلئے وہ رومانی زبان میں گفتگو کرتے ہیں۔

جوامع اور اوقاف

رومانی مسلمانوں کے لئے جوامع بھی ہیں اور آئمہ اور خطیب بھی ...

قسطنطنیہ میں ذبیحہ کے خون کا استعمال

قسطنطنیہ میں آج کل روزانہ ... جانور ذبح ہوتے ہیں لیکن ان کے خون سے کوئی فائدہ حاصل نہیں کیا جاتا بلکہ اس کو زمین میں دفن کردیا جاتا ہے۔ اب ماہرین علم کیمیا کی ایک جماعت نے حکومت کو مشورہ دیا ہے کہ وہ خون کو ضائع نہ کرے بلکہ اس کو جمع کرکے ایک قسم کا کھاد تیار کرائے جو زراعت اور کاشت کے لئے بہت زیادہ مفید ہوگا۔ ... اس تجویز کو عملی جامہ پہنانے کے لئے خاص تدابیر اختیار کرے گی۔

ترکی میں دار المساکین کا افتتاح

سال رواں میں انگورہ کی مجلس عملی نے دار المساکین کا افتتاح کیا ہے تاکہ اس میں غرباء کے بچوں کی پرورش کی جائے اور ان کو آسودہ اور خوشحال بننے کے طریقے بتائے جائیں اس وقت تک غرباء کے بچوں کی کثیر تعداد اس میں داخل ہوچکی ہے۔

آستانہ کے محکمہ حفظان صحت نے غریب بیماروں کے لئے دو موٹریں خریدنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ مریض مزید اخراجات سے بچ کر ڈاکٹروں کے پاس جلد پہنچ سکیں۔

ترکی اور یونان کی کامیاب تجارت

۱۹۳۳ء میں نو ماہ کے اندر ... ترکیہ نے یونان سے ... ٹن مواد خریدا۔ یونان نے ترکی سے اسی عرصہ میں مندرجہ ذیل اشیاء خریدیں ...

حکومت عراق کی موجودہ وزارت

سابقہ وزارت کے مستعفی ہونے کے بعد اس کی صدارت کا عہدہ رشید عالی بک گیلانی کی خدمت میں پیش کیا گیا اور تمام وزارت کی رسم ... کی گئی۔ موجودہ وزارت کی تشکیل حسب ذیل ہے۔

رشید عالی بک گیلانی	صدر	محمد زکی بک	وزیر عدالت
یاسین پاشا ہاشمی	وزیر مال	جلال بک بابان	وزیر جنگ
نوری پاشا سعید	وزیر خارجہ	رستم بک حیدر	وزیر تجارت
حکمت بک سلیمان	وزیر داخلہ	سید عبد المہدی	وزیر تعلیم

جاوا میں ۶ کروڑ مسلم آبادی

... سے معلوم ہوتا ہے کہ جاوا کی کل آبادی ۶ کروڑ افراد پر مشتمل ہے ... باقی عیسائی اور بدھ مذہب کے لوگ ہیں۔

ایران میں اشاعت کتب کا اہتمام

ایران ، وزارت معارف نے فارسی کتب کی نشر و اشاعت کا اہتمام کیا ہے ... فارسی کتب منگوائی گئی ہیں۔

انگریزی اخبارات کے ترجمے

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

انگلستان میں غیر ملکیوں سے شادیاں

"قومیت" کی واپسی کیلئے خواتین کی جد و جہد

برطانیہ کی عورتیں جو غیر ملکی ... باشندوں سے شادیاں کرلیتی ہیں وہ قانوناً قومیت ... کے حقوق سے محروم ہوجاتی ہیں۔ ... خواہ وہ شادی شدہ ہوں یا غیر شادی شدہ ...

آسٹریلیا کی فوجی قوت میں اضافہ

تخفیف اسلحہ کا شور بلند کرنے والوں کا عمل

لندن کے ایک روزانہ اخبار کے نمائندہ نے اطلاع دی ہے کہ حکومت آسٹریلیا نے اپنی فوجی قوت کو اعلیٰ معیار پر پہونچانے کے لئے ... پونڈ کے اخراجات منظور کئے ہیں ...

جرمنی میں غیر ملکی اخبارات کے داخلہ کی ممانعت

جرمنی میں جن غیر ملکی اخبارات کا داخلہ ممنوع قرار دیا گیا ہے ان کے نام ...

برطانیہ میں ۵ لاکھ عورتیں موٹر ڈرائیور ہیں

لندن کے ایک اخبار میں موٹر ڈرائیوروں کی جو تعداد شائع ہوئی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ برطانیہ میں ... عورتیں اور لڑکیاں موٹر ڈرائیور ہیں ...

(نیوز کرانیکل)

پرتگال کا نیا دستور اساسی

حکومت پرتگال کے سالانہ ... جدید دستور اساسی کے حق میں رائے دی ہے۔ اس دستور میں ... دفعات ہیں جو مندرجہ ذیل اصول و ضوابط پر مبنی ہیں :-

(۱) قومی مجلس مقننہ میں نمائندوں کی تعداد ۹۰ تک مقرر کی گئی ہے۔

(۲) منتخب ممبروں اور نمائندوں کی میعاد چار سال ہے۔

(۳) جمہوریہ کے صدر کا انتخاب براہ راست ہوگا اور اس کی صدارت کی میعاد سات سال کے بعد ختم ہوجائے گی۔

(۴) ایک مجلس مشاورت کی تشکیل جس کا تعلق صدارت سے ہوگا۔

(۵) جبری فوجی خدمات

(۶) جبریہ تعلیم

(ہیرلڈ)

عراق میں قدیم عربی خط کا انکشاف

عراق کے مقام ... میں ماہرین آثار قدیمہ نے قدیم زمانہ کی بہت سی اشیاء برآمد کی ہیں۔ یہاں سے ایک تختی نکالا گیا ہے جس پر قدیم زمانہ کی عربی قدیم حروف کے ساتھ کچھ لکھا ہوا ہے ... کا ہے۔

(اسٹیٹسمین)

اسلام کے ساتھ یورپ زدہ "محققین" کا استہزا

چغتائی کے گمراہ کن رسائل پر محققانہ تنقید

پیغمبر اسلام اور صلحائے امت پر ناپاک حملے

(از مولوی شاہ معین الدین احمد ندوی، رفیق دار المصنفین اعظم گڑھ)

(گزشتہ سے پیوستہ)

یہ روایت بخاری کے علاوہ احادیث کی دوسری کتابوں میں بھی ہے اور مختلف طریقوں سے مروی ہے لیکن اتنا سب میں ہے کہ یہ عورت آپ کی منکوحہ تھیں۔ چنانچہ ابن سعد کی روایت ہے :-

عبد اللہ بن مسعود، ابو درداء اور ابو مسعود کو کثرت روایت کے جرم میں قید کردیا تھا" لیکن اس روایت کی صحت ہی محل نظر ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ تذکرۃ الحفاظ کی ہر روایت صحیح ہو، خصوصاً ایسے واقعات میں مرزا صاحب جیسے محتاط ناقد کے لئے جو اپنے معیار کی بلندی کی وجہ سے محدثین کی حدیثیں بھی قابل اعتبار نہیں سمجھتے ہیں ...

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۴ ذی الحجہ ۱۳۵۱ ہجری

پنجاب کی سعی مصالحت اور نمائندگی ملت کا سوال

"انقلاب" کی بدحواسیاں

لاہور کا نیم سرکاری اخبار "انقلاب" جس کی زندگی کا مقصد وحید یہ ہے کہ ہندوستان کی مختلف ملتوں کے درمیان منافرت کی خلیج کو زیادہ سے زیادہ وسیع کیا جائے اور اتحاد و اتفاق کو ناممکن بنا دیا جائے ...

ملت کی حیثیت سے ... اس سلسلہ میں مفروضہ پر ...

[illegible]

سلطنت آصفیہ پر شرمناک حملہ

گزشتہ چند سال سے ... مولوی ... نے اپنی ...

[illegible]

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں :-

[illegible]

الجواب

[illegible]

زبردست اور خونریز جنگ کے بعد چینی افواج کی پسپائی

جاپانیوں نے ۱۵۰۰ مربع میل پر قبضہ کر لیا ہے

جہاز پر حملہ - دو یورپین افسر اور چینی انجینیر ہلاک

پیکنگ ۱۱ اپریل۔ زبردست اور خونریز جنگ کے بعد جاپانی افواج نے چینیوں کو دریا کے سوواں کی طرف دھکیل دیا اور اس طرح جاپانیوں نے دیوار عظیم کے جنوبی رقبہ پر پورا قبضہ کر لیا۔ اس وقت جاپانی افواج نے دیوار عظیم کے جنوبی حصہ پر ۱۵۰۰ مربع میل پر تسلط جما لیا ہے اور پوری قوت کے ساتھ چینی افواج کو منتشر کر رہی ہے۔ یقین کیا جاتا ہے کہ جاپانیوں نے چن وانگ تاؤ کے قریب بحری بندرگاہ پر بھی قبضہ کر لیا ہے۔

ہانگ کانگ ۱۱ اپریل۔ چینیوں کے ایک جہاز پر ڈاکوؤں نے حملہ کر دیا جس کے باعث دو یورپین افسر اور ایک چینی انجینیر ہلاک ہو گئے۔ جہاز پر گولیوں کی بارش کی گئی۔ جہاز مذکور مکاؤ کی بندرگاہ پر لنگر انداز تھا اور دریائے کاٹن کو عبور کر کے ہانگ کانگ جانے کا ارادہ رکھتا تھا۔ جہاز غائب ہو گیا ہے اور یقین کیا جاتا ہے کہ اس کو ڈاکوؤں نے پکڑ لیا ہے۔

عالم اسلامی کے نام موتمر اسلامی کا پیغام

سیدنا شیخ سنوسی کیلئے نماز غائبانہ پڑھنے کی اپیل

امام المجاہدین کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کرو

بیت المقدس کی موتمر اسلامی کی طرف سے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت موصول ہوا ہے۔

امام المجاہدین اور قائد کبیر سید نا شیخ احمد شریف سنوسی کی وفات نے عالم اسلامی کے گوشہ گوشہ کو غم و الم سے بھر دیا ہے اور مسلمان اپنے اس اجل جلیل کی رحلت سے اشکبار ہیں۔ ...

آپ نے ...رسول العربی اقامت گزیں ہو گئے تھے۔

مرحوم مغفور کے احسانات تمام عالم اسلامی پر اتنے ہیں جن سے وہ کبھی سبکدوش نہیں ہو سکتے اس لئے مسلمانوں پر فرض ہے کہ وہ اپنے محسن کے لئے دعا کریں کہ جنت میں ان کی روح پاک کو مسرور رکھے اور ان کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ اس مجاہد اکبر کے اعمال کو اپنے لئے اسوہ بنائیں اور ان کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کریں۔

قدس کی موتمر اسلامی تمام دنیا کے مسلمانوں سے اپیل کرتی ہے کہ وہ ۱۹ محرم الحرام ۱۳۵۲ھ کے پہلے جمعہ میں نماز کے بعد ان کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھیں اور ہر مسلمان مساجد میں ایک ہی وقت میں اس کار خیر میں ضرور ضرور حصہ لے۔ ... (قرآن کریم)

بیت المقدس ۳۰ ذی قعدہ ۱۳۵۱ھ مکتب الدائمی للموتمر الاسلامی العام

دار الحکومت

مسودہ حج کے خلاف زبردست احتجاج

جمعیۃ شبان المسلمین کی مجلس عاملہ کی قرارداد

دہلی ۱۱ اپریل۔ جمعیت شبان المسلمین کی مجلس عاملہ کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت قاضی محمد عثمان آزاد منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجویز بالاتفاق رائے سے پاس ہوئی۔

جمعیت شبان المسلمین دہلی کی مجلس عاملہ کا یہ جلسہ حکومت ہند کے اس نا روا طرز عمل کے خلاف اپنے انتہائی غم و غصہ کا اظہار کرتا ہے کہ اس نے ... کروڑ مسلمانوں کی رائے عامہ کے زبردست احتجاج کے باوجود مسودہ حج کو جو تعلیمات اسلامی کے ...

گاندھی جی نے حکومت کو ضرور خط لکھا ہے

بمبئی کرانیکل کا ہوم ممبر کے بیان پر تبصرہ

دونوں میں جھوٹا کون؟

بمبئی میں ایک درجن ہندوؤں کی گرفتاری

فرقہ وارانہ فساد رک گیا

بمبئی ۱۱ اپریل۔ کل جس جگہ ہندو مسلم فساد ہوا تھا وہاں آج صبح گیارہ بجے بھی فساد رونما ہونے کا اندیشہ پیدا ہو گیا تھا۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کے ہجوم ...

مغرب میں ہندوستان کو بدنام کیا جا رہا ہے

یورپ میں ایک تبلیغی مرکز قائم کیا جائے

ڈاکٹر ٹیگور کا بیان

مولانا اسمٰعیل غزنوی کا پاسپورٹ

ڈکٹیٹر دہم جمعیۃ علماء ہند کی رہائی

فلسطین میں مسیحی نظام کے خلاف مظاہرہ

چینی ترکستان میں ہندو تاجروں کا قتل

مسلمانوں کے ... قاتل گرفتار کر لئے گئے

سفیر ایران کا شاہ افغانستان کو تحفہ

بچوں میں سگریٹ نوشی کی عادت کا انسداد

ہندوستان کی بے چینی کا واحد علاج

عید قربان کا ہندو مسلم تصادم

اسمبلی کا آئندہ اجلاس

سروجنی نائیڈو کا تازہ فرمان

افغانستان اور برازیل میں معاہدہ

ایران میں کفش دوزی کا کارخانہ

سری نگر میں ... کئے گئے

سابق ولی عہد جرمنی کو انگلستان جانے کی ممانعت

ایک ارب ۲۲ کروڑ کا سونا باہر جا چکا

ماسکو میں انگریز ملزموں کے خلاف مقدمہ کی سماعت

تمام ملزموں نے اپنے جرم کا دوبارہ اقبال کر لیا

روس اور برطانیہ کے کشیدہ تعلقات کا عملی مظاہرہ

لندن ۱۳ اپریل۔ آج پھر ماسکو کے مقدمہ کی سماعت ہوئی تو عجیب و غریب حالات کا انکشاف ہوا اس سے پہلے ملزموں نے اپنے قبلی بیانوں سے انکار کر دیا تھا مگر اس مقدمہ میں انہوں نے پورا جرائم کا اقبال کر لیا۔ ...

ماسکو ۱۱ اپریل۔ یقین کیا جاتا ہے کہ سرکاری وکیل روسی ملزموں کے لئے سزائے موت کا مشورہ دیگا۔ سرکاری وکیل نے کہا کہ سوائے گریگوری کے تمام ملزم مجرم ہیں اور سزائے موت کے مستحق۔

مسلمانان علیگڈھ کا عظیم الشان اجلاس

قرطاس ابیض کی مذمت

جناب محمد عثمان صاحب سکرٹری یو۔پی خلافت کمیٹی علیگڈھ مطلع فرماتے ہیں کہ یو۔پی خلافت کمیٹی علیگڈھ عرصہ سے حضرت مولانا عبد الماجد صاحب قادری بدایونی ناظم جمعیۃ علماء کانپور سے خواہش کر رہی تھی کہ ایک بار علیگڈھ تشریف لا کر اپنے ارشادات سے مسلمانان علیگڈھ کو محظوظ فرمائیں، مگر آپ اپنی مصروفیتوں کی وجہ سے تشریف نہ لا سکے۔ اب مکرر خواہش کی گئی۔

آپ ۱۲ اپریل کو علیگڈھ تشریف لائے ۱۳ اپریل کو یو۔پی خلافت کمیٹی کی طرف سے ...

جرمنی نے چار حکومتوں کے معاہدہ کو منظور کر لیا

مسٹر گورنگ اور سر سائمن کا بیان

روم ۱۱ اپریل۔ وزیر اعظم مسٹر گورنگ اپنے ایک بیان میں فرماتے ہیں کہ جرمنی نے اس معاہدہ کو جو یورپ کی چار حکومتوں کے درمیان ہوا منظور کر لیا ہے۔ مجھے امید ہے کہ اس کے منشاء کو قائم رکھا جائے گا۔ ہر شخص کی رائے ہے کہ یورپ میں امن و امان کی بحالی کا صرف یہی ایک طریقہ ہے۔

مسٹر گورنگ نے مزید کہا کہ روم میں ان کے دورہ کا مقصد یہ تھا کہ اٹلی اور جرمنی کے درمیان ہوائی سلسلہ شروع ہو جائے۔

"الامان" کا سلطنت آصفیہ پر شرمناک حملہ

مسلمانوں کا سمجھدار طبقہ ان فتنہ پردازیوں سے بیزار ہے

مولانا مفتی عنایت اللہ ناظم عمومی جمعیۃ علماء کانپور کا بیان

بدنام کرنے کا اصلی سبب

ماسکو میں انگریز انجینیروں کے خلاف مقدمہ

عدالت میں قبلی بیان سے انحراف

چلتی ٹرین پر ڈاکہ

ریوالور دکھا کر روپیہ چھین لیا

روس اور فرانس میں خفیہ معاہدہ

فرانسیسی مشن ماسکو جانے والا ہے

اسپین میں کیتھولک گرجاؤں کی ضبطی

چرچ اور حکومت کے تعلقات

سابق گورنر بنگال کا ہندوؤں کو جواب

رحمانی جہاز کی جدہ سے روانگی

برطانیہ کے خلاف جرمنی کا احتجاج

عورت کے سر میں سینگ نکل آیا

چینی افسر روس کی حمایت میں

بمبئی میں امن و امان

صدر امریکہ اور وزیر اعظم برطانیہ میں گفتگو

"تمام دنیا کیلئے نیک فال"

ننگوں کا مظاہرہ ممنوع قرار دیا گیا

مسٹر پٹیل کی سخت علالت

اسلام ہی اچھوتوں کیلئے آخری جائے پناہ ہے

کونسا مذہب توحید و اخوت کے اصولوں کا علمبردار ہے

مسٹر خالد لطیف گابا کا پیغام غیر مسلموں کے نام

گذشتہ اپریل کو انجمن حمایت اسلام کے اکیاونویں سالانہ اجلاس میں مسٹر خالد لطیف گابا نے انگریزی میں ایک نہایت ولولہ انگیز تقریر ارشاد فرمائی جس کا ترجمہ شیخ اکبر علی صاحب سکریٹری سکول کمیٹی نے کیا تھا اور حکیم احمد شجاع صاحب نے یہ ترجمہ پڑھ کر سنایا۔ ترجمہ درج ذیل ہے:

میں انجمن حمایت اسلام لاہور کی مجلس منتظمہ کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جس نے مجھے آج آپ صاحبان سے خطاب کرنے کا موقع دیا۔ اس کے علاوہ

انہوں نے اس نئے بھائی کو اپنے دیدہ و دل فرش راہ بنایا جس خلوص کے ساتھ وہ اپنے دیگر مسلم بھائیوں کا خیر مقدم کرتا ہے یہی وہ عظیم الشان مساوات اور اخوت کا اصول ہے جو اس شاندار مذہب کا بنیادی پتھر ہے۔

اچھوتوں کے نام پیغام

اس سلسلے میں میں ایک ایسے ضروری اور اہم مسئلے کے متعلق اظہار خیالات کی اجازت چاہتا ہوں ... آپ یقیناً ...

[باقی متن ناخواندہ]

...سے انجمن کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھے یہ موقع دیا کہ میں حیثیت ... جو تبلیغ اسلامی تبلیغ اور دعوت دے رہے ہیں اور ساتھ ہی ملنے کا وعدہ کرتے بھی نظر آتے ہیں ... کہ جو ہم اپنے خدا اور مذہب کی انجام دے سکتے ہیں۔

ہندوستان کی مشکلات کا حل

حیرت انگیز نتیجہ و کامرانی

قرطاس ابیض کے بعد

متحدہ محاذ کی شدید ضرورت

(از مولانا شاہ محمد عبد الحامد صاحب قادری بدایونی)

[متن ناخواندہ]

کلکتہ اور فرخ آباد کے نام نہاد اجلاس

مولانا عبد الحامد صاحب قادری کیخلاف ناپاک پروپیگنڈا

(از حافظ محمد عثمان صاحب سکریٹری خلافت کمیٹی)

[متن ناخواندہ]

مصفی

بمبئی نمبر ۲۲ — ٹیلیفون ۵۵۶۶

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہو گیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کر کے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلا خوف تردید دعوی کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کر سکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی حکیم حاجی محمد احمد خانصاحب کے مشورہ سے جدید سائنٹفک طریق پر طیار کیا گیا ہے۔ خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے کھجلی۔ داد۔ پھنسیاں وغیرہ حتی کہ سوزاک۔ آتشک اور جذام کا زہریلہ مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے نابود ہو جاتا ہے اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے۔ اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۱۲ خوراک کی شیشی ۲ر علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال:۔ ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملا کر ... کیا جائے

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے

ماں بننے کی تمنا تھی مگر بچہ کو دودھ نہیں پلاتی

عام طور پر یہ سنا جاتا ہے کہ اکثر عورتیں اپنی صحت کی خرابی کے سبب اپنے بچوں کو دودھ نہیں پلا سکتیں یا ان کے دودھ اتنا ہی نہیں یا کم اترتا ہے ... دودھ نہیں ہوتا بلکہ اس کے پینے سے بچہ ہمیشہ بیمار رہتا ہے۔

پس ایسی عورتوں کی اطلاع کے لئے ... جوہر غذا ... کی ایک شیشی ... استعمال کریں ... دودھ بہت ہی زیادہ پیدا ہونے لگتا ہے ... قیمتی اجزا شامل کرنے کے ... پارسل ... ٹکٹ لگتے ہیں۔

اسلام کے ساتھ یورپ زدہ "محققین" کا استہزا

(بسلسلہ صفحہ ۲)

تعلیم کے لئے معلم بنا کر ساتھ کیا اور کوفیوں کو ہدایت کی کہ میں نے عمار بن یاسر کو امیر اور عبد اللہ بن مسعود کو معلم اور وزیر بنا کر بھیجا ہے۔ یہ دونوں رسول اللہ کے معزز صحابی ہیں اور بدری ہیں، تم لوگ ان کی اقتدار اور اطاعت کرنا، میں نے تم کو اپنے اوپر ترجیح دیکر ابن مسعود کو تمہارے پاس بھیجا ہے (تذکرۃ الحفاظ ج اول ص ۱۳) جو شخص ابن مسعود پر نکتہ چینی کرتا تھا اس کو سزا دیتے تھے ایک مرتبہ ایک شخص نے ان کی نیچی ازار پر اعتراض کیا، حضرت عمر کو معلوم ہوا تو اس کو سزا دی (اصابہ ج ۴ ص ۱۳۰) ایسی حالت میں حضرت عمر انہیں سزا دے سکتے تھے؟ غرض عبد اللہ بن مسعود ان صحابہ میں ہیں جن کے فضائل و کمالات سے حدیث و سیرت کی کتابیں لبریز ہیں ہم نے محض اشارات پر اکتفا کی ہے۔ ایسی حالت میں ان کے متعلق یہ کہنا کہ وہ روایت کے اہل نہیں تھے اپنی کوتاہ نظری کا ثبوت ہے ایک طرف عبد اللہ بن مسعود کے فضائل و کمالات کی وہ تفصیلات ہیں جو حدیث و طبقات سے نقل کی گئی ہیں دوسری ...

[باقی متن ناخواندہ]

سب سے زیادہ متقدس پرہیزگار اور پارسا ہیں ... جس شخص کو احتیاط بیان میں اس درجہ کا ہو ... مجرم قرار دینا اقل و فہم دیانت و صداقت سب کے ساتھ تمسخر کرنا ہے۔ (ماخوذ از سچ)

پانچ انسانوں کا بے دردانہ قتل

کولمبو ۱۶ اپریل۔ تین یورپین ... اطلاع موصول ہوئی ہے ... دو عورتوں اور دو مردوں کو قتل کر دیا ...

فریضۂ حج کی ادائیگی میں مداخلت

تمام ملک میں احتجاجی جلسوں کی ضرورت

اسلام کے ایک اہم رکن حج بیت اللہ الحرام کے متعلق حکومت سندھ کا طرز عمل گویا مسلمانوں کے واسطے پیغام انتباہ ہے۔ امسال مولوی اسمٰعیل صاحب غزنوی کو حج سے روک دینے کے یہ معنی ہیں کہ حکومت اب علی الاعلان مسلمانوں کے مذہبی امور میں مداخلت کرنے لگی ہے کیونکہ یہ کوئی شخصی معاملہ نہیں ہے اگر حکومت کو مولوی صاحب کے طرز عمل پر کوئی اعتراض تھا تو ان پر قانونی کارروائی کر کے مقدمہ چلاتی جا... اس کے زیارت بیت اللہ سے روک دینا کیا معنی رکھتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ... حج بل کو بلا وجہ رائے عامہ کی مخالفت کے پاس کر دینا مذہبی مداخلت نہیں تو کیا ہے؟ اس طرح مسلمانوں کی مذہبی آزادی پر جو چند دن میں ان کو برائے نام حاصل ہے حکومت نے ایک کاری ضرب لگا کر اس کو ختم کرنے کا تہیہ کر لیا ہے۔

اس واسطے مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ متحد ہو کر حکومت کی اس کارروائی کے خلاف پرزور احتجاج کریں ...

سید حمید الدین غفرلہ مہتمم مدرسہ عربیہ گلاؤٹھی

فرانس کے میزانیہ میں خسارہ

پیرس ۱۱ اپریل۔ آج چیمبر میں فرانس کا ... بجٹ پیش ہوگا ... خسارہ دکھلایا گیا ہے ...

پرتگال میں آئینی حکومت قائم ہوگی

لزبن ۱۱ اپریل ... آئینی حکومت قائم ...

شراب کون زیادہ پی سکتا ہے؟

یورپ کی عورتوں کا عجیب مقابلہ!

یورپ میں خوبصورتی کے مقابلے ... اس بات کا بھی مقابلہ ہوا کہ کون زیادہ شراب پی سکتا ہے ...

دو ریل گاڑیوں کا تصادم

کئی اشخاص ہلاک اور مجروح

بان گاؤں ... ڈاؤن ... ایک انجن ... دو مسافر ہلاک ہو گئے اور ایک مجروح ہوا ... ملازم بھی معمولی طور پر مجروح ہو گیا۔

ایک اور طیارہ زمین پر گر پڑا

پیرس ۱۱ اپریل۔ ایک اور ہوائی جہاز ... ٹوٹ گیا پانچ آدمی ہلاک ہو گئے۔

ظرافت کے ساتھ

سیاسی، تاریخی، ادبی، علمی معلومات میں اضافہ کی مسرت ہفتہ وار اودھ پنچ لکھنؤ کے مطالعہ سے حاصل ہوتی ہے اسکے کارٹون نہایت دلچسپ ہوتے ہیں۔ المشتہر منیجر اودھ پنچ لکھنؤ

دوا وہ ہے جو ولولے کو تاثیر اس کو کہتے ہیں
بدن کندن بنا دیتی ہے اکسیر اس کو کہتے ہیں

اکسیر حیات

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

[متن ناخواندہ]

مولانا حکیم محمد عبد الہادی صاحب

پھلواری شریف ضلع پٹنہ

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

وہاں سے ایک کارڈ ... ویدک ... مفت طلب فرما کر ملاحظہ کریں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

آپ کو

بجائے اپنی خوشی کیوں حاصل نہیں

اس لئے کہ

آپ نے ... پریم شاستر نہیں پڑھا ... مرد و عورت کے تعلقات پر اردو زبان میں بہترین کتاب ہے۔ حجم دو سو صفحے۔ قیمت فی جلد صرف ایک روپیہ۔ محصول ڈاک ۔ آنے۔

پریم شاستر بکڈپو بک سیلرز و پبلشرز

بیرون شاہ عالمی دروازہ لاہور

سدا بہار آملہ ہیر آئیل

بیش قیمت ادویات کا جوہر بالکل خالص اصلی آملہ آئیل

[متن ناخواندہ]

مسلم ہیر آئیل ورکس۔ جگ سلانی ٹانڈا نگر

خدائی نعمتوں سے محروم

وہ شخص ہے جو گھر میں بیوی کے ہوتے ہوئے گلی کوچوں میں مارا مارا پھرے یا وہ مجبور ہے کہ بیوی کے حملوں سے عاجز آگیا ہو یا مسلسل حمل سے بیوی کی زندگی خطرے میں سمجھتا ہو اور حمل کے سبب ...... محروم ہو اور بیوی سے مجبوراً الگ رہتا ہو۔

پس ایسی حالت میں جب کہ عورت حمل کے بار بار قیام سے عاجز آگئی ہو یا اس کی زندگی اور صحت کو کوئی خطرہ ہو یا اولاد کو پالنے اور پرورش کرنے کی تاب میں استطاعت نہ ہو تو حمل روک جیسی مشہور و نایاب دوا کو درمیان میں لانا چاہئے مکمل اور یقینی اثر کرنے والی چیز ہے اور مشروف ہونے سے پہلے اس دوا کو استعمال کر لینے سے حمل کا اندیشہ نہیں رہتا ایک شیشی میں تقریباً ... مرتبہ حمل روکنے کی دوا ہوتی ہے جس کی قیمت صرف تین روپے آٹھ آنے ہے محصول ڈاک ۵ر عورت کی اندرونی تندرستی میں اس دوا کے استعمال سے کوئی فرق نہیں آتا۔

ملنے کا پتہ: الیسٹرن فارمیسی دہلی

شائع ہو گیا — شائع ہو گیا

جامع اللغات اردو

مؤلفہ خواجہ عبد المجید بی۔ اے

لاتعداد ہندی، فارسی، عربی، و سنسکرت الفاظ کا مخزن پچیس ہزار سے زائد ضرب الامثال و اقوال کا مجموعہ لاکھوں محاورات و اصطلاحات کا حامل، الفاظ علمیہ کی تشریحات، قصص اور تاریخی واقعات، مشاہیر عالم کی سوانح عمریاں، علم الاصنام کے قصے، ملکوں اور شہروں وغیرہ کے حالات نہایت تفصیل سے درج ہیں۔

محاورات نسواں، محاورات عامہ اور پیشہ وروں کی اصطلاحات بہت بڑی تعداد میں موجود ہیں۔

خریداروں کی سہولت کے لئے یہ لغت ... صفحات کے کم و بیش تیس ماہواری حصوں میں شائع کی جا رہی ہے ...

المشتہر منیجر جامع اللغات کمپنی ... لاہور

[باقی متن ناخواندہ]

موسم گرما کا بے نظیر تحفہ

شربت روح افزا

قیمت فی بوتل صرف ایک روپیہ چار آنے

قیمت میں حیرت انگیز تخفیف

تار کا پتہ ہمدرد دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۷۷

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی کے مشہور خاص و عام و مقبول و پسندیدہ شربت روح افزا کی قیمت جو ... سال سے اپنے قدردانوں سے خراج تحسین حاصل کر رہا ہے صرف اس سال ہم نے بہت سے معززین کے اصرار سے موسم گرما کے لئے چار آنہ فی بوتل کی تخفیف کر دی ہے اور اب اس کی قیمت بجائے ایک روپیہ آٹھ آنے صرف ایک روپیہ چار آنہ فی بوتل ہے ... شربت روح افزا کے قدردان جن میں ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی سب ہی شامل ہیں اس رعایت سے فائدہ حاصل کریں گے ...

[باقی متن ناخواندہ]

منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳
قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... شش ماہی ... سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... شش ماہی ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ
تاریخ اشاعت
روزنامہ
ید اللہ علی الجماعۃ
الجمعیۃ دہلی
مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)
معاون
محمد عثمان فارقلیط
جلد ۱۷ | دہلی۔ یوم دوشنبہ ۲۸ ذی الحجہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۴ اپریل ۱۹۳۳ء | نمبر ۲۹

معاصرین کے افکار و آراء

اسلام اور اقتصادیات (مدینہ)

اقتصادی جدوجہد یعنی تجارت، صنعتوں اور حرفتوں کی تنظیم اسلام کا کوئی نیا نظریہ نہیں ہے۔ بلکہ اسلام کے عہد اول میں یہی چیز باعزت زندگی کا ذریعہ تھی۔ پہلے نہ حکومتیں تھیں نہ دفاتر تھے۔ نہ مناصب کے امتیازات تھے نہ ملازمتیں تھیں اور نہ ملازمتوں کی غلامیاں۔ صرف تجارت اور صنعت ذریعہ معاش تھی۔ انسان کامل حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی زندگی کے ابتدائی دور میں تجارت کرتے تھے۔ حضرت نوح، حضرت زکریا کے متعلق تاریخی روایات ظاہر کرتی ہیں کہ وہ نجاری کا کام کرتے تھے۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے متعلق کلام اللہ کی تصریح سے معلوم ہوتا ہے کہ زرہ بناتے تھے۔

حضرت ابوبکر صدیق رض، حضرت فاروق اعظم رض، اور حضرت عثمان رض بھی تجارت ہی کرتے تھے۔ شمس الائمہ سرخسی رحمۃ اللہ علیہ نے مبسوط میں لکھا ہے کہ حلال طور پر روزی کمانا ایک اہم فرض ہے۔ تمام پیشے جواز میں برابر ہیں اس لئے کسی پیشہ کو ذلیل سمجھنا خلاف شریعت ہے۔ شمس الائمہ کی اس تصریح کے علاوہ کلام اللہ کی ہدایت ہے وابتغوا من فضل اللہ (ترجمہ) خدا کے فضل یعنی معاش کے لئے جدوجہد کرو۔ دوسری جگہ ارشاد ہے لا جناح علیکم ان تبتغوا فضلاً من ربکم۔ بخاری شریف کی ایک روایت ہے۔ ما اکل احد طعاما قط خیراً من ان یاکل من عمل یدیہ وان نبی اللہ داؤد علیہ السلام کان یاکل من عمل یدیہ۔ اس روایت میں بصراحت کے ساتھ بتایا گیا ہے کہ کسی شخص نے کبھی اس کھانے سے بہتر کھانا نہیں کھایا جو اپنے قوت بازو سے حاصل کیا گیا ہو حتیٰ کہ اللہ کے نبی داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ کی صنعت سے روزی کماتے تھے۔ مشکوٰۃ شریف میں بھی ایک روایت ہے۔ جس میں یہ تصریح کی گئی ہے کہ حلال طریقہ سے معاش پیدا کرنا فرائض کے بعد فرض ہے۔

ہمارے لیڈر اور نماز (ملت)

ہمیں بارہا اس کا تجربہ ہوا ہے کہ ہمارے رہنماؤں نے نماز کی کبھی پروا نہیں کی ہے اور کبھی کسی جلسہ یا کانفرنس میں نماز کا وقت آ گیا ہے اور کچھ لوگ اس کے لئے اگر اٹھے ہیں تو اس کا مضحکہ بھی اڑایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اگر آپ نام بنام مسلمانوں کے رہنماؤں اور لیڈروں کی فہرست اٹھا کر دیکھیں اور غور کریں تو آپ کو ان میں شاید ۹۹ فیصدی تو یقیناً تارک صلوٰۃ ملیں گے۔ اور پھر نماز ہی پر کیا انحصار ہے۔ آپ کو کتنے بزرگان قوم ایسے ملیں گے جو منہیات اور ممنوعات تک سے اجتناب نہیں کرتے اور ان میں نہایت ہی بے حیائی اور بے حسی کے ساتھ مبتلا ہیں۔ جمعیتہ منعقد ہیں صوبوں کی مجالس مقننہ ہیں، مجلس مملکت میں، مسلم لیگ میں، مسلم کانفرنس میں اور بہت سی قومی انجمنوں اور اداروں میں جن کے ناموں کی فہرست اگر سنائی جائے تو کافی طویل ہوگی نماز پر اتنا بھی زور نہیں دیا جاتا جتنا "لنچ" اور "شام کی چائے" پر دیا جاتا ہے اور اس کے لئے اہم سے اہم کاموں کو ملتوی کر کے رخصت حاصل کی جاتی ہے!

اسی طرح آپ ان لوگوں کے اعمال پر بھی اگر غور فرمائیں جن کی زبانیں مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت کے لئے شور مچانے میں خشک ہوئی جاتی ہیں اور جو مجالس قانون ساز میں نشستوں کے حصول کے مطالبات پیش کرنے کے لئے الہ آباد، کلکتہ اور لاہور سے دوڑ دوڑ کر دہلی، شملہ اور لندن تشریف لے جاتے ہیں اور اگر ضرورت پیش آئے تو سر کے بل بھی جانے کے لئے تیار ہو جائیں، لیکن اللہ کی مسجد کی طرف نماز کے لئے ان کا ایک قدم بھی نہیں اٹھتا اور احکام شریعت اسلامی کے عملی احترام کے لئے وہ ذرا بھی جنبش نہیں کرتے اور خالق اکبر کے لئے ان کی زبان سے ایک معمولی سا کلمہ بھی نہیں نکلتا۔

تعزیہ پرستی (امارت)

ہندوستان کے اکثر مسلمانوں نے اپنی حیات و موت کے مراسم کو ہندوؤں سے اخذ کر کے مذہب کو مسخ کر دیا ہے۔

انہی مراسم باطلہ میں سے محرم کے تعزیہ وغیرہ بھی ہیں جن کا جواز نہ قرآن سے ہے نہ حدیث سے، نہ آثار صحابہ سے اور نہ اقوال فقہا سے۔ مگر ہندوستانی مسلمان تعزیہ پرستی کر کے حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کی اہمیت کو کم کرتے ہیں اور اسلام اور مسلمانوں کا وقار غیر مسلموں کی نظروں سے گرانے کا سبب ہوتے ہیں۔

لمبے لمبے تعزیے بناتے ہیں۔ ... اور اس پر ہر سال کروڑوں روپیہ ضائع کرتے ہیں۔ ... جا بجا ان کاموں میں باہمی عناد کا ہونا لازمی ہے اس لئے تعزیوں کے آگے ... کے لئے ایک دوسرے پر سبقت کرتے ہیں۔ اس کا نتیجہ عموماً ہنگامہ و فساد کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے، کچھ لوگ مارے جاتے ہیں کچھ زخمی ہوتے ہیں۔ پھر گرفتاری اور مقدمہ بازی ہوتی ہے۔ سزاؤں اور جرمانوں سے نوازش کی جاتی ہے اور نہ ختم ہونے والی مصیبتوں کا سلسلہ جاری ہو جاتا ہے۔

کیا یہ تمام جھگڑے حق و صداقت کے لئے ہوتے ہیں؟ نہیں! کذب و باطل پر ان کی بنا ہوتی ہے۔ تعزیہ داری اور محرم کے دوسرے مراسم بھی ناجائز و حرام ہیں اور اس کے سبب سے جس جھگڑے فساد، خونریزی کا وقوع ہو گا وہ سب گناہ اور معصیت کبیرہ ہونگے۔ اس طرح ایک گناہ کے سبب بہت سے گناہوں کا ارتکاب ہوتا ہے۔ اس لئے مسلمانوں کو تعزیہ داری اور اس کے متعلقہ مراسم ممنوعہ سے اجتناب کرنا چاہئے۔ اور ۹ و ۱۰ محرم کو روزہ رکھنا چاہئے کہ یہ سنت ثابت ہے اور حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے واقعات شہادت سے عبرت حاصل کرنی چاہئے جس طرح شہید کربلا نے فسق و فجور کا مقابلہ کر کے اعلاء حق کیا، ہم کو بھی فسق و فجور اور کفر و باطل کا مقابلہ کرنا چاہئے۔ اور کفر و باطل کے سامنے اپنے سروں کو کبھی نہ جھکانا چاہئے۔

علیحدگی سندھ اور ہندو (شیر)

"وائٹ پیپر" کی اشاعت کے دن سے یہ خبر بھی چرچا ہو رہا ہے کہ جب تک قوموں کے درمیان اتحاد نہ ہوگا۔ ہندوستانیوں کو سوراج کی ہوا بھی نہیں چھو سکتی اور بعض اشخاص تو قیام اتحاد کی کوششوں میں مصروف بھی ہیں۔ لیکن ہندوؤں کی ذہنیت ملاحظہ ہو کہ ہندو مہاسبھا کی مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ دہلی میں علیحدگی سندھ کے خلاف قرارداد منظور کی گئی ہے۔ حالانکہ یہ وہ مسئلہ ہے جس پر اصولاً ہندوستان کی تمام سیاسی جماعتیں متفق ہو چکی ہیں۔ خود کانگریس بھی علیحدگی کے اصول کو تسلیم کر چکی ہے۔ لیکن ہندو ہیں کہ برابر چیخے چلائے جاتے ہیں کہ علیحدگی سندھ نہ ہونی چاہئے۔ کیا قیام اتحاد کی کوششوں کا اقتضا یہی ہونا چاہئے کہ ایک مسلمہ اور فیصل شدہ چیز کے خلاف بے تمیزی برپا کر دیا جائے۔ علی الخصوص ایسی حالت میں کہ کانگریس کمیٹی اور متحدہ اتحاد کانفرنس اس پر اصولاً مہر تصدیق ثبت کر چکی ہوں؟ ہندو مہاسبھا کی مجلس عاملہ نے بھی قرار دیا ہے کہ "وائٹ پیپر" کے اس فیصلے کے خلاف ملک بھر میں جلسے کئے جائیں۔

حیثیت سے زیادہ خرچ (کانفرنس گزٹ)

ہماری قوم میں جہاں اور بہت سی اخلاقی برائیاں پیدا ہو گئی ہیں ان میں ایک یہ بھی ہے کہ جس شخص کی جو مالی حیثیت یا مرتبہ ہے وہ اس سے زیادہ ظاہر کرنا چاہتا ہے، (اور باوجود افلاس و ناداری کے لوگوں کے سامنے اپنے کو فارغ البال و مستغنی ظاہر کرتا ہے، مگر صرف زبان سے اپنے کو فارغ البال کہنا کافی نہیں اس لئے وہ روزمرہ کی معاشرت و تقریبات میں اپنی حیثیت سے زیادہ خرچ کرتا ہے تاکہ لوگ یہ سمجھیں کہ وہ زیادہ خرچ کرنے کی استطاعت رکھتا ہے حالانکہ اکثر اوقات یہ فضول خرچی قرض سے کی جاتی ہے جو آخر کار مزید تباہی کا باعث ہوتی ہے اور پھر ان خرچ کرنے والوں کو اپنی معمولی حیثیت بھی قائم رکھنا مشکل بلکہ ناممکن ہو جاتا ہے، یہاں تک کہ کبھی دفعتہً یہ دیکھنے میں آتا ہے کہ اب تک جس شخص کو ہم فارغ البال سمجھتے تھے، وہ درحقیقت ایک برباد شدہ ہستی تھی، جس کا بال بال قرضہ میں جکڑا ہوا تھا جس کا گھر نیلام پر چڑھ گیا ہے اور جو آج نان شبینہ کو محتاج ہے۔

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے (از معاون)

نپولین کی پرستش کے بجائے صحابہ کی اتباع کرو
اسلام کا ایک سپاہی جس نے جھنڈہ سرنگوں نہیں ہونے دیا
مسلمانوں سے اسلام کس چیز کا طالب ہے

آج یورپ کو نپولین بوناپارٹ پر ناز ہے کہ وہ بڑا فاتح تھا۔ رچرڈ شیر دل پر بڑا فخر ہے کہ وہ بڑا بہادر تھا، شیکسپیئر اور ملٹن پر غرور ہے کہ وہ بڑے شاعر تھے مگر اہل توحید کو حضرت ابوبکر صدیق رض پر فخر ہے کہ وہ حق و صداقت کے شیدائی تھے۔ حضرت فاروق اعظم پر ناز ہے کہ وہ اعلاء کلمۃ اللہ میں پیش پیش تھے دیگر صحابہ پر غرور ہے کہ وہ دنیا کو پیغام حق سنانے کے لئے آئے تھے۔ ایک فریق دنیا داروں کا شیدائی ہے اور دوسرا فریق روحانی سرداروں کا پروانہ۔ ایک گروہ کو دنیاوی کامیابی نظر آتی ہے اور دوسرے کو عقبیٰ کی سرفرازی پیش نظر ہے!

مادی اور روحانی انسانوں کا یہ کس قدر عجیب اختلاف ہے جو گروہ پیش نظر رہا ہے۔ یہ ایک اتفاق نہیں ہے جس کا نظارہ روحانی اور مادی معرکے ... کی نظر میں کامیابی روح کی کامیابی ہے لیکن کفر کی نظروں میں دنیا کے حصول کا نام کامیابی ہے یہی وجہ ہے کہ ایک فریق ان لوگوں کی عزت کرنے پر مجبور ہے جنہوں نے دنیا کو سمیٹا اور چند روزہ نام پیدا کر گئے اور دوسرا فریق اس گروہ کا شیدائی ہے جس نے دنیا میں رہ کر اعمال صالحہ کے ذخیرے جمع کئے اور نیکیوں سے اپنے خزانوں کو پر کر لیا۔

مسلمانوں کا انگریزی داں طبقہ اپنی شاندار روایات سے آشنا بے بہرہ ہو گیا ہے کہ اس کی زبان پر جب کسی بڑے انسان کا نام آئے گا تو وہ نپولین ہوگا یا ملٹن اور شیکسپیئر۔ اس کی زبان پر کبھی بھولے سے بھی عمر فاروق کا نام نہ آئے گا۔ وہ سلطان صلاح الدین کا نام بھی سنے گا اور کبھی بزرگان اسلام کی طرف وہ بھول کر بھی رجوع کرے گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ طبقہ روحانیت سے اس قدر دور ہو گیا ہے کہ کبھی روحانی انسانوں کا تصور بھی اس کے دماغ میں آتا اس کی جب نظر بڑے گی تو ایسے انسانوں پر جو اس کی طرح روحانیت سے خالی ہوں گے اور مادی افتخار کا تاج ان کے سر پر ہوگا۔

حقیقی علم و فضل

کاش مسلمان اپنی اس گمراہی کا احساس کریں! اور دوسروں کے آستانوں پر سر رکھنے کے بجائے اپنے آپ کو عزت کا مستحق سمجھیں۔ آئیے ہم آپ کو اسلام کے ایک روحانی فرزند کا حال سنائیں جس سے آپ کو نہ صرف اپنے اکابر کے شاندار کارناموں کا علم ہوگا بلکہ آپ اپنی حقیقت سے بھی واقف ہو جائیں گے۔

حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک نہایت فصیح و بلیغ صحابی تھے فصاحت کے ساتھ آپ میدان جنگ کے بھی شہسوار تھے۔ آج کل کے لوگوں کی طرح نہ تھے کہ عالم اور فاضل ہوتے ہی عمل سے گریز کرنے لگتے ہیں اور اپنے آپ کو بڑا آدمی سمجھ کر جفاکشی اور مجاہدانہ زندگی سے کنارہ کش ہو جاتے ہیں، وہ بڑے عالم اور فاضل تھے اور ساتھ ہی ایک جانباز سپاہی بھی ان کی بہادری کا سکہ مشرکین عرب کے قلوب پر بھی بیٹھا ہوا تھا۔ جنگ بدر اور احد میں نہ صرف آپ شریک ہوئے بلکہ جماعت مہاجرین کی طرف سے علم برداری کے فرائض بھی انجام دیتے رہے۔ میدان جنگ میں علم بردار کی زندگی سخت خطرہ میں ہوتی ہے کیونکہ مدمقابل سب سے پہلے اسی کو ختم کر دینا چاہتا ہے۔ حضرت مصعب رض ان دونوں معرکوں میں علمبردار رہے۔ اور علم برداری کے ساتھ کفار کے حملوں کا منہ توڑ جواب بھی دیتے رہے۔ جنگ احد میں مسلمانوں کی ذرا سی غلطی سے فتح شکست سے مبدل ہو گئی۔ اور مسلمانوں کے قدم اکھڑ گئے۔ اس نازک وقت میں بھی حضرت مصعب نے نہایت جانبازی کے ساتھ جھنڈہ کو بلند رکھا اور اس کو سرنگوں نہ ہونے دیا۔

ہاتھ کٹ کر گر پڑا

جب کفار نے دیکھا کہ حضرت مصعب رض کے ہاتھ سے جھنڈا نہیں گرتا اور باوجود مسلمانوں کی عارضی شکست کے علم بدستور بلند ہے تو ان کو سخت غصہ آیا۔ مشرکین نے پختہ ارادہ کر لیا کہ حضرت مصعب کے ہاتھ سے جھنڈا چھین لینا چاہئے۔ اور ان کو اس جان نثاری کا مزہ چکھا دیا جائے۔ چنانچہ جماعت مشرکین میں سے ایک شخص قمئہ نے فوج سے نکل کر آپ کا مقابلہ کیا اور حملہ کر کے اس زور سے تلوار چلائی کہ حضرت مصعب کا ایک ہاتھ کٹ کر علیحدہ جا پڑا۔ لیکن اس شیدائے حق اور اسلام کے سپاہی نے دوسرے ہاتھ سے اپنا جھنڈا تھام لیا اور اس کو سرنگوں نہ ہونے دیا۔ ایک طرف تو یہ کاری زخم اور دوسری طرف جھنڈے کی سلامتی میں جدوجہد جس وقت آپ کا ہاتھ کٹ کر گر پڑا تو آپ کی زبان سے آہ تک نہ نکلی اور نہ قدم پیچھے ہٹا۔ بلکہ بار بار یہ آیت تلاوت کرتے رہے "وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل"۔ جب مشرکین نے دیکھا کہ جھنڈا اب بھی ہاتھ سے نہیں گرا تو انہوں نے آپ پر سخت حملہ بول دیا لیکن اس شیدائے توحید کے متوالے نے ان کے حملوں کو بھی روکا اور جھنڈہ کی بھی حفاظت کرتے رہے۔ اسی پر کامل فتح اور شکست کا دارومدار تھا۔ مشرکین نے پوری کوشش کر کے جھنڈہ کو چھین لینا چاہا، مگر حضرت مصعب نے ان کو قریب تک نہ آنے دیا اور ایک ہی ہاتھ سے سب کچھ کرتے رہے۔

جھنڈہ سینہ سے چمٹا لیا!

آخر اسی شخص نے جس نے حضرت مصعب کے ہاتھ پر تلوار ماری تھی آپ پر دوبارہ نہایت شدت کا حملہ کیا تھوڑی دیر تک تو یہ فدائی ایک ہاتھ سے جھنڈہ کو تھام کر مقابلہ کرتا رہا لیکن تابکے؟ آخر مشرک کی تلوار کی ایک ہی ضرب سے آپ کا دوسرا ہاتھ بھی کٹ کر گر پڑا۔ ناظرین کرام! آپ بتائیں کہ اس کے بعد حضرت مصعب نے کیا کیا ہوگا؟ ... اور حضرت مصعب شہید کر دئے گئے ہونگے مگر نہیں ... اس جانباز نے دونوں کٹے ہوئے ہاتھوں سے جھنڈہ کو سینہ سے چمٹا لیا اور اس حالت میں بھی اس کو سرنگوں نہ ہونے دیا! غور کرو! دونوں ہاتھوں کے کٹ جانے کی تکلیف اور پھر اس حالت میں جھنڈے کی حفاظت! ذرا اپنے نفسوں پر اس حالت کو قیاس کر کے دیکھو اور بتاؤ کہ کیا تم بھی ایسی حالت میں اس استقلال پامردی اور شجاعت کا ثبوت دے سکتے ہو؟ کیا آج بھی تم کو یہ خیال ہے کہ اسلامی جھنڈہ سرنگوں نہ ہونے پائے؟ اگر آج تم پر اس قسم کی کوئی مصیبت آ پڑے تو کیا تم اسی طرح پامردی اور استقلال کا ثبوت دے سکتے ہو؟

سینہ پر تیر

غرض دونوں ہاتھ کٹے ہوئے ہیں مگر جھنڈہ کو سینہ سے چمٹا رکھا ہے۔ یہ جھنڈہ کا سینہ سے چمٹانا نہ تھا بلکہ اسلام اور ناموس اسلام کا چمٹانا تھا!۔

مشرکین کے سوار قمئہ نے جب دیکھا کہ دونوں ہاتھ کاٹ دینے پر بھی جھنڈہ نیچے نہیں گرا تو اس کے طیش میں آگ لگ گئی اور ذرا فاصلہ سے اس خدائی پر ایک ایسا تیر مارا کہ سینہ میں پیوست ہو گیا۔ اور وہ انسان جو تن تنہا ایک ہاتھ سے سب کا مقابلہ کر رہا تھا اور اسلام کی عزت کو سینہ سے چمٹائے ہوئے تھا زمین پر گر پڑا جھنڈہ گر گیا!

تیر پر تیر چلا۔ نہیں ڈر کس کا ہے

اسلام کا جھنڈہ سرنگوں ہونے کے لئے نہیں آیا تھا فوراً حضرت مصعب کے بھائی نے بڑھ کر اس کو اٹھا لیا اور مشرکین کے تمام منصوبے خاک میں مل گئے۔

شہید سے خاتم المرسلین کا خطاب

لڑائی کے خاتمہ پر جناب خاتم المرسلین سیدنا و نبینا صلی اللہ علیہ وسلم حضرت مصعب رض کی لاش کے قریب تشریف لائے اور ان کے نورانی چہرہ کو دیکھ کر یہ آیت تلاوت کی:۔

من المؤمنین رجال صدقوا ما عاھدوا اللہ علیہ — مومنوں میں ایسے لوگ بھی ہیں جنہوں نے اس عہد کو پورا کیا جو انہوں نے خدا سے باندھا تھا۔

پھر اس شہید کی لاش کو مخاطب کر کے فرمایا:۔ "میں نے تم کو مکہ میں دیکھا ہے جہاں تم سے زیادہ کوئی خوبصورت اور خوش لباس نہ تھا۔ لیکن آج دیکھتا ہوں کہ تمہارے بال الجھے ہوئے ہیں اور جسم پر صرف ایک چادر ہے بیشک اللہ کا رسول گواہی دیتا ہے کہ تم سب خدا کے نزدیک قیامت کے روز اللہ کے حضور حاضر ہوگے"۔

پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام سے فرمایا کہ راہ خدا کے ان شہیدوں کی زیارت کرو کہ ان پر سلام بھیجو خدا کی قسم قیامت تک جو شخص ان کو سلام بھیجے گا یہ لوگ اس کا جواب دیتے رہیں گے۔

شہید کی لاش پر کفن

چونکہ اس زمانہ میں غربت و افلاس بہت زیادہ تھا اس لئے شہدا کو کفن بھی میسر نہ آیا۔ حضرت مصعب کی لاش بے گور و کفن صحابہ کے سامنے رکھی تھی مگر کوئی ایسا کپڑا موجود نہ تھا جس میں انکو لپیٹ کر سپرد خاک کیا جاتا۔ ان کے بدن پر صرف ایک چادر تھی جو میدان جنگ میں آپ کے زیب بدن تھی۔ وہ چادر اتنی چھوٹی تھی کہ جب اس سے سر ڈھانکتے تو پیر کھل جاتے اور پیر ڈھانکتے تو سر کھل جاتا آخر آپ کے چہرہ مبارک پر چادر ڈالدی گئی اور پیروں کو گھاس سے ڈھانک دیا گیا اور اس طرح راہ خدا میں اپنی جان قربان کرنے والے مصعب کو تمام صحابہ نے سپرد خاک کیا۔ یہ تھے وہ جن کے لئے فرمایا باری تعالیٰ نے کہ "جو لوگ خدا کی راہ میں شہید ہوتے ہیں انکو مردہ نہ کہو بلکہ وہ تو زندہ ہیں نئی زندگی پاتے ہیں مگر تم اس حقیقت کو نہیں سمجھتے"۔

سفید بال جڑ سے کالا

ایک آنہ کا تیل ... نصف ... سے زیادہ ... تیل میں ... بال کالا ...

پتہ: بال کالا اسٹورس پوسٹ بکس کمپنی سمری دوربھنگہ

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

لارج انگلش ٹیچر
... اسلامی ہسٹری ... قیمت ... محصول علیحدہ
پتہ: دفتر ... بک ڈپو ... علی گڑھ سٹی

کیسٹوفین
بچوں کی صحت
کا خیال اور پاس ضروری ہے کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دارومدار ہے۔ اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دے کر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔
کیسٹوفین
بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے قبض کشا اور بالکل بے خطر ہے۔ ہر جگہ دوا فروش سے مل سکتی ہے۔
کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ
جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین و بزرگان دین کے اسوۂ حسنہ پر عمل کی دعوت ... قیمت سالانہ ... نمونہ کا پرچہ ... روانہ کیا جاتا ہے۔
پتہ: منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمدللہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول نہایت وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دواؤں کو خراب کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے۔ ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطبا نے اس کتاب کو پسند فرمایا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیتہ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں انمیں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث درج ہیں جنمیں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب ۴۴۴ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف ایک روپیہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اسمیں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں ۲۱۱ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان مرد عورت کو دونوں کتابوں کا پڑھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو کم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں اب تک تیار نہیں ہوا بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن مجید

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف نہ ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے ترجمہ اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت مولانا شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ علیحدہ سطر میں لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عـه/ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عـه/

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویسوں میں ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت مقرر کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے۔ جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں۔ اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلاجلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرمی نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الدین ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ہے، قسم دوم حنا شدہ عـ/ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۱۲/ چرمی عـه

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

خواص و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید جو اپنے گھر میں تنہا رہنے والا ہے اُس کے والدین زندہ نہیں ہیں اب سے تخمیناً پندرہ سال قبل اس کا دماغ خراب ہوگیا تھا۔ دو تین ماہ مجنون رہا۔ علاج وغیرہ سے جب اُس کی صورت قابل اطمینان ہوئی تب مساۃ آمنہ کے ساتھ اس کی شادی کی گئی۔ پھر دو دن اپنے مکان میں تنہا رہتے لگے۔ پھر بعد چندے اُس سے مجنونانہ حرکات کا اظہار ہونے لگا۔ یعنی اتفاق سے اگر کبھی دال میں نمک زیادہ ہوگیا یا کم یا دال پتلی ہوگئی یا گاڑھی تو بہت غصہ ہوا اور کل کھانا پھینک دیا یا اگر کسی قسم کا نقص اپنے خیال میں پایا گو وہ نقص فی الواقع نہ تھا مگر سب کھانا بدذائقہ بتا دیا کبھی ضائع کر دیا۔ ...

بیں "مولوی مظہر الدین نے ایک بات ایسی بھی کہی ہے جس سے ہمیں دلچسپی ہے۔ مولانا عبدالحامد صاحب کا ایک بیان اخبارات میں شائع ہوا تھا جس میں انہوں نے یہ ظاہر کیا تھا کہ "مولوی" مظہر الدین نے ایک سائن بورڈ اپنے مکان پر لگا کر جمعیۃ علمائے کانپور کے نام سے جعلی دفتر قائم کر لیا ہے۔ اور اس طرح مسلمانوں کو فریب میں مبتلا کر کے چندہ وصول کرنا چاہتے ہیں۔ اس بیان کا جواب دیتے ہوئے "مولوی" مظہر الدین نے ایک مضمون شائع کیا ہے جس میں یہ دھمکی دی گئی ہے کہ مولانا عبدالحامد صاحب پر مقدمہ چلایا جائے گا۔ ہم چاہتے ہیں کہ "مولوی" مظہر الدین اپنی اس دھمکی کو ضرور پورا کریں کیونکہ اگر اس قسم کا مقدمہ عدالت میں آگیا تو سب کو اچھی طرح معلوم ہو جائے گا کہ "جمعیۃ العلماء" کے نام سے کون کون ناجائز طریقہ پر چندہ وصول کر رہا ہے۔ اور مسلمانوں کو کس کس طرح دام تزویر میں مبتلا کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ جہاں تک ہمیں معلوم ہے مولانا عبدالحامد صاحب یا حضرت مولانا عنایت اللہ صاحب فرنگی محلی نے آج تک "جمعیۃ علمائے کانپور" کے نام سے چندہ کی کوئی اپیل نہیں کی ہے البتہ "مولوی" مظہر الدین یہ ظاہر کر کے کہ وہ "جمعیۃ کانپور" کے ناظم عمومی ہیں ضرور چندہ وصول کر رہے ہیں اور مسلمانوں کو دھوکہ دے رہے ہیں۔ بہر حال یہ مقدمہ جس کی طرف الامان (؟) میں اشارہ کیا گیا ہے ضرور چلنا چاہیئے تاکہ تمام دنیا کو یہ معلوم ہو جائے کہ اصل مجرم کون ہے۔

"تخفیف اسلحہ!"

جنگ عظیم کے بعد سے آج تک تخفیف اسلحہ کے لئے جس قدر کانفرنسیں منعقد ہوئی ہیں ہم نے ان سب کو ہمیشہ دول یورپ کی ریاکاری پر مبنی سمجھا ہے اور ہم جانتے ہیں کہ جب تک مغرب کی موجودہ تہذیب قائم ہے اور ہر قوم اپنی ذاتی اغراض کے لئے دوسری قوم کے خون چوسنے پر تلی ہوئی ہے اس وقت تک تخفیف اسلحہ کا خیال ایک خواب سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا چنانچہ اس کی تائید اکثر واقعات سے ہوتی رہتی ہے ابھی حال میں رپورٹر نے ۲۰ اپریل کو ...

روس کا مقدمہ سازش

مقامی حکومت کا فرض

ضروری گزارش

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۲۸ ذی الحجہ ۱۳۵۱ ہجری

مسلم اراکین جمعیۃ مقننہ کا نامۂ اعمال

کیا مسلمان یہ سب کچھ دیکھ رہے ہیں؟

ہندوستان میں مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت کے لئے جو شور مچایا جا رہا ہے اور مسلم کانفرنس اور مسلم لیگ کے جلسوں میں جو بے شمار قرار دادیں آج تک منظور کی گئی ہیں اور گول میز کانفرنس کے سامنے مسلمانوں کا جو مقدمہ پیش کیا جا چکا ہے اور وزیر اعظم کے فرقہ وارانہ اعلان میں مسلمانوں کو جو کچھ ملا ہے اور پارلیمنٹری کمیٹی میں جن حقوق مسلمین کا تحفظ کرانے کے لئے مسلم لیڈروں کی ایک جماعت پھر لندن جا رہی ...

... اس میں کسی اختلاف کی گنجائش نہیں تھی لیکن اس کے باوجود جب حاجی وجیہ الدین ... کا مسودۂ قانون رائے شماری کے لئے پیش ہوا تو سات مسلم اراکین نے جو ہاؤس کے اندر موجود تھے اور شروع سے آخر تک تمام مباحث کو سنتے رہے تھے اور اس باب میں مسلمانوں کے جذبات سے اچھی طرح واقف تھے اس مسودۂ قانون کے حق میں رائے نہیں دی ...

تین سال کی مدت

مسودۂ حج

مسلمانوں کی عام ضرورتیں

مسلمان یاد رکھیں

دو مسودات قانون کی شکست

ساردا ایکٹ کا تنسیخی مسودہ

مقدمہ ضرور چلاؤ

چین کی دیوار عظیم

۲۰۰ ،۱ میل لمبی دیوار جس کو دس لاکھ مزدوروں نے تعمیر کیا

چین کی قدیم ترین صناعی کا حیرت انگیز نمونہ

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

آج کل چین اور جاپان میں جنگ چھڑ جانے کے باعث چین کی سیاسی تاریخ منظر عام پر آگئی ہے۔ اور دیوار عظیم کی قدیم ترین یادگار نے لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کر لیا ہے۔ چونکہ جاپان نے دیوار عظیم کو عبور کر کے چین کے ایک بڑے رقبہ پر قبضہ کر لیا ہے۔ اس لئے اخبارات میں اس دیوار کا نام بار بار آتا ہے۔ جو لوگ چین کی تاریخی یادگاروں سے ناواقف ہیں وہ نہیں جانتے کہ جس دیوار کا نام روزانہ اخبارات میں آتا ہے وہ اپنے اندر کیسی عظمت اور قدامت رکھتی ہے۔ ذیل میں ہم ایک انگریزی اخبار سے دیوار عظیم کے متعلق ایک مضمون کا ترجمہ پیش کرتے ہیں جس سے اس قدیم ترین اور عجائبات ...

... میں جو پتھر اور اینٹیں لگائی گئی ہیں وہ اس قدر صاف اور عمدہ طریقہ سے تراشے ہوئے ہیں کہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ ایک ایک پتھر پر کتنا کتنا وقت صرف ہوا ہوگا! ... دیوار کی بنیاد بہت مضبوط ہے اور اس میں جو پتھر لگائے گئے ہیں وہ زمین سے چند فٹ تک بلند ہیں ... دیوار کی تعمیر کا زمانہ ۲۱۴ برس قبل مسیح ہے۔

دیوار کا بانی

دیوار عظیم کی تاریخی عظمت

تعمیر کا مقصد

دس ہزار برجوں والا قلعہ

دس لاکھ مزدوروں کی محنت

۱۲۰۰ میل لمبی دیوار

۲۲ سو برس کی یادگار

دیوار کی سطح بہت صاف ہے۔ اتنی صاف کہ موٹریں بآسانی چل سکتی ہیں۔ دیوار ...

روس میں انگریزوں کی مجرمانہ سازش کا مقدمہ

عدالت نے فیصلہ سنا دیا

دو انگریزوں کو سزائے قید، تین کا اخراج اور ایک بری

ماسکو (روس) میں سازش اور فساد انگیزی کے الزام میں برطانی انجینیروں اور متعدد روسی باشندوں کے خلاف جو مقدمہ چل رہا تھا اور جس کے سلسلہ میں برطانی گورنمنٹ بہت زیادہ متفکر تھی اس کا کل فیصلہ سنا دیا گیا۔ روسی گورنمنٹ کے سرکاری وکیل نے بصاف صاف کہا کہ ہم کسی سے انتقامی بدلہ نہیں چاہتے بلکہ مجرموں کو کیفر کردار تک پہونچانا چاہتے ہیں۔ تماشائیوں کا عدالت کے باہر کثیر ازدحام تھا جو بے چینی سے فیصلہ کا انتظار کر رہا تھا۔ گھنٹی بجی اور فیصلہ سنا دیا گیا۔ انگریز ملزموں کے ساتھ عدالت نے مندرجہ ذیل سلوک کیا:۔

مسٹر تھارنٹن	تین سال قید	مونک ہاؤس	جلاوطن
کشنی	جلاوطن	میکڈانلڈ	دو سال قید
نورڈ وال	جلاوطن	گریگوری	رہا

روسی باشندوں کو مندرجہ ذیل سزائیں ملی ہیں ان میں سوائے ایک کے سب کے تمام ملزم مجرم پائے گئے:۔

گوسیو	دس سال قید	زارن	آٹھ سال قید
ادلینک	تین سال قید	سوکوروچن اور لیانو	دس دس سال قید
کوٹلی یارسکی	"	لیپیڈو	دو سال قید
سکو و	آٹھ سال قید	کراشن نکو	پانچ سال قید
کوٹوزوو	ڈیڑھ سال قید		

ماسکو ۱۸ اپریل۔ مقدمہ کے آخری دن عدالت کا کمرہ لوگوں سے بھرا ہوا تھا جیسے برطانی اکلانے سماعت کی آتش فشانی کی امید تھی بالخصوص تھارنٹن کے وکیل مسٹر براڈ کی تقریر کے لوگ بہت مشتاق تھے۔ کیونکہ گزشتہ تین سالوں میں سنسنی پھیلانے ... ہجوم کو عدالت میں گھسنے سے روکا اور منتظمین نے نہایت احتیاط سے کام لیا اور کمرۂ عدالت میں داخلہ کے ٹکٹ شائع کئے جن کی اشاعت و تقسیم بہت پہلے سے شروع ہو گئی تھی۔ ...

ملزمین کے بیانات

جج الرچ کی تقریر

لندن میں انتظار

فیصلہ پر غور

برطانوی وزراء کے چہرے زرد

(باقی صفحہ ۹ پر ملاحظہ فرمایئے)

بالشویک روس میں مزدوروں کی حالت

روسی باشندے نے برنارڈ شا کے بیان کی تردید کر دی

مبالغہ اور قیاسات کی سرزمین

مسٹر برنارڈ شا کا ایک خط اخبار مانچسٹر گارجین میں شائع ہوا تھا جس میں آپ نے اپنی سیاحت روس کے حالات قلمبند کئے تھے اور بتایا تھا کہ روس میں عام باشندوں کی زندگی نہایت آرام اور سکون سے گزرتی ہے اور وہاں لوگوں کو کسی قسم کی شکایت نہیں۔ اس کے جواب میں اسی اخبار کے اندر ایک روسی نامہ نگار نے مسٹر شا کے بیانات کی تردید کی ہے اور بتایا ہے کہ روس میں لوگ اتنے خوشحال نہیں جتنا ظاہر کیا جاتا ہے بلکہ ان کی حالت دیگر ممالک کے باشندوں کی نسبت نہایت ابتر ہے۔ آپ لکھتے ہیں:۔ ...

مزدوروں کا مشاہرہ

جو لوگ روس میں محنت اور مزدوری کا کام کرتے ہیں انکو بہت تنگ اور تاریک کمروں میں رہنا پڑتا ہے ان لوگوں میں زیادہ تر کوئلہ، ریل کے ہیں ... وغیرہ کے کسان ہیں جن کی حالت قیدیوں سے زیادہ خراب ہے۔ ...

(اٹلی کی ٹریبیونا)

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کے ارکان کے نام شائع ہوگئے

لندن کے طواف کیلئے کس کس کی قسمت جاگی؟

شملہ ۱۲ اپریل۔ مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی نے ہندوستانی ریاستوں اور برطانوی ہندوستان کے مندرجہ ذیل نمائندوں کو مشورہ کرنے کے لئے مدعو کیا۔

(۱) ریاستوں کے نمائندے: سر اکبر حیدری، سر وی۔ ٹی کرشنا ماچاری، نواب سر لیاقت حیات خاں، سر منو بھائی مہتہ، سر مرزا اسمٰعیل، سر پربھاشنکر پٹنی۔

(۲) برطانوی ہندوستان کے نمائندے: سر آغا خاں، سر راما سوامی آئر، ڈاکٹر امبیدکر، سر ہیوبرٹ، مسٹر جیکر، سر ایس گاڈنی، سر ہری سنگھ گوڑ، مسٹر لنگا سوامی آئر، ایڈیٹر ہندو، مسٹر چنیکر، مسٹر جوشی، مسٹر کیلکر، سر تیج بہادر سپرو، سر فیروز سیٹھنا، ڈاکٹر شفاعت احمد خاں، بیگم شاہنواز، سردار بوٹا سنگھ، مسٹر این۔ این سرکار، سر ظفر اللہ خاں۔

دہلی ۱۸ اپریل۔ معلوم ہوا ہے کہ سر این۔ این سرکار، سر عبدالرحیم، سر راما سوامی مدلیار مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی میں شریک ہونے کے لئے روانہ ہوگئے ہیں۔

ہم جنگ کیلئے ہر وقت تیار ہیں

روس کے مشہور مقدمہ میں سرکاری وکیل کا اعلان

برطانی مجرم یقیناً جاسوس تھا

ماسکو ۱۸ اپریل۔ روس کے مشہور مقدمہ میں فاضل جج نے انگریز انجینیروں اور روسی ملزموں کو سزا دیتے ہوئے کہا کہ روسی مجرموں کو دس دس سال قید کی سزا دی گئی ہے اور پانچ سال کیلئے ان کو شہری حقوق سے محروم کر دیا گیا ہے۔ حکومت ان کے مال و اسباب پر بھی قبضہ کرے گی۔ روسی ملزموں کو سزائے موت اس لئے نہیں دی گئی ...

داراالحکومت

ملتان جیل میں کارکن جمعیۃ علماء ہند کی علالت

مرگی اور بیہوشی کے دورے

ڈکٹیٹر دہم جمعیۃ علماء ہند کا بیان

بیانہ میں مولانا عبدالماجد صاحب کے وعظ پر پابندی

مذہبی معاملہ میں ریاستی حکام کی مداخلت

صوبہ سنکیانگ میں چین کے خلاف بغاوت

برطانیوں کا مال لوٹ لیا گیا

دس ہندوؤں کا قتل

میں عرب کی کھجور لینے میں گریز نہیں کرتا

سودیشی کے بارے میں گاندھی جی کا تازہ فرمان

ہندو دوروں پر پھر بلوا اور گڑبڑ

دو ہلاک اور ایک مجروح

لکھنؤ میں ہمہ گیر چوریوں کا سراغ

پستول۔ بندوق اور کارتوسوں کی برآمد

آسام کی سرحد پر ہنگامہ

ایک لڑکی نے شورش پیدا کردی

گاندھی جی اور حکومت میں خط وکتابت

سمجھوتہ کی کوششیں کامیاب ہونگی

جامع مسجد دہلی میں ایک اہم اجتماع

مولانا فضل الرحمٰن صاحب کی رہائی کا مطالبہ

تیل کے معاملہ میں ایران اور برطانیہ کی گفتگو

جدید معاہدہ کی شرائط پر غور

سید حسن امام کی وفات حسرت آیات

ایک قابل قانون دان اور قوم پرور چل بسا

برطانوی ہواباز کی لاش مل گئی!

آندھی سے طیارہ کی تباہی

مولانا ظفر علی خاں اور انکے رفقاء کا مقدمہ

شور وغل سے مقدمہ ملتوی کرنا پڑا

مولانا فضل الرحمٰن صاحب کو رہا کیا جائے

جمعیۃ شبان المسلمین دہلی کی اہم قرار دادیں

بمبئی میں پھر ہندو مسلم فساد

ایک ہلاک دو مجروح دو گرفتار

کانپور میں محرم کیلئے پیش بندیاں

دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

احمدآباد کے پانچ ہزار مزدوروں کی ہڑتال

دخانی جہاز برباد ہوگیا

کالے پانی سے تین قیدیوں کا فرار

ندوۃ العلماء کی مسجد کا سنگ بنیاد

ہز ایکسلنسی نواب سر محمد احمد سعید خاں گورنر یوپی کی تقریر

دارالعلوم کی امداد

مسجد کا سنگ بنیاد

دارالعلوم ندوہ کی خدمات

جاپان ہندوستانی روئی کا بائیکاٹ کریگا

ازراں مال کی درآمد کو روکنے والے قانون کا ردعمل

ہندوستان کو برطانی تاجروں کی دھمکی

ٹوکیو ۱۸ اپریل۔ انگلو جاپانی معاہدہ کی تنسیخ کے بعد روئی کے جاپانی تاجروں نے ہندوستان کی روئی کے بائیکاٹ کا منظم کرنا شروع کر دیا ہے۔ چونکہ اس سلسلہ میں گفت وشنید جاری ہے اس لئے بائیکاٹ کے متعلق کوئی قطعی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے۔

مجھے چاند اور ستارے بلا رہے ہیں

عمر خیام کے عشق میں خودکشی

اگر جنگ ہوئی تو ہم روس کا ساتھ دینگے

انگلستان کی لیبر پارٹی کا اعلان

پولیس مینوں کو معطل کر دیا گیا

ڈاکو کو گرفتار نہ کرنے کی سزا

ایک انقلابی مسلمان کی گرفتاری

بھرے ہوئے پستول کی برآمد

ہٹلر کو قتل کرنے کی سازش

بمبئی میں دو اور کارخانوں پر زوال

تین ہزار مزدوروں کو نوٹس

ہنگامی دفعات واپس لی گئیں

بنگال کے اضلاع میں امن

امریکہ سے اسلحہ کی برآمد پر پابندی

ڈیڑھ سو مکانوں کی تلاشی

بدیشی کپڑے کی دو دکانوں پر پکٹنگ

ایک سو تین آدمی گرفتار

بنگال کے ایک ڈاکخانہ پر مسلح ڈاکہ

سرینگر میں ۲۰ مسلمانوں کو سزا

جدہ سے حجاج کے جہازوں کی روانگی

روس میں انگریزوں کی مجرمانہ سازش کا مقدمہ

(بسلسلہ صفحہ ۴)

تبصرہ سے انکار

عدالت کا آخری منظر

ملزموں کو مفید مشورہ

اپیل کا امکان

برطانی اخبارات کا تبصرہ

علیحدگی برما کی تحریک کی وجہ

ٹوری اخبارات نے راز فاش کر دیا

ایک انقلاب پسند کی گرفتاری

نوجوان کھیچڑ نے ٹرین کی کھڑکی کرلی

فتنۂ الحاد کے انسداد کیلئے کمربستہ ہو جاؤ

فروعات کی بجائے اصول پر متفق ہونیکی ضرورت

مسلمانوں پر مسلمانوں کی یورش

(از محمد منظور حسن قاسمی مدرس معدن العلوم نگرام ضلع لکھنؤ)

ہندی مسلمانوں کی بدقسمتی سے اور نہ معلوم مسلمانوں کو کس نتیجے پر پہونچانے کے لئے دو اختلافات جو عرصہ دراز سے چلے آرہے ہیں اور کبھی بھی اس تیزی اور اس نوعیت کے ساتھ نہ بڑھے تھے۔ جیسے کہ اس پرفتن اور عبرت آموز دور میں رفتار زمانہ کی طرح بلکہ اُس سے بھی آگے بڑھ رہے ہیں بلکہ یوں معلوم ہوتا ہے کہ دوسری قومیں اپنے اقتصادی سیاسی مذہبی معاشرتی پہلوؤں میں جس قدر بھی ترقی کی طرف تیزی اور بیداری سے قدم بڑھا رہی ہیں۔ مسلمان بھی ذہنیم بدور اپنے مذہبی سیاسی اختلافات اور سر اُس پرخار وادی میں بیباکانہ قدم رکھنے سے پیچھے نہیں ہیں۔ جن سے اسلام کو عموماً اور مسلمانوں کو خصوصاً شدید نقصان پہنچے۔ جس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ مسلمان تو علیحدہ تباہ اور برباد ہوں لیکن ساتھ ہی ساتھ دوسری قومیں بھی ہم کو محض جسم بے روح سمجھ کر چھوڑ دیں ہمارا اسلام ہمارا تمدن ہماری عظمت ہمارے کارنامے ہمارا ...

ہر مسلمان غور کرے

فتنۂ الحاد کا انسداد

ہندوستان میں غیر مسلم کی تبلیغ

تبلیغ سے پہلے تبلیغی نظام کی ضرورت

زمینداروں کی خستہ اور پریشان حالی

مالگذاریوں میں تخفیف کی ضرورت

ناظم سوناراتی انجمن معین الاسلام کا پیغام

خدائی نعمتوں سے محروم

سفید بال جڑ سے کالا

بال کالا سٹور پوسٹ بکس ... دہرہ دون

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلیماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۶۰

جامعہ مجلہ کا ماہوار رسالہ
الجامعہ
منیجر رسالہ الجامعہ دہلی

موسم گرما کا بے نظیر تحفہ
شربت روح افزا
قیمت میں حیرت انگیز تخفیف
منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

عربی کا معلم
ترجمان القرآن
عبدالوحید صدیقی معرفت دفتر الجمعیۃ دہلی

دونوں میٹھی باندھ کر زور سے دوڑئیے
لیکن کدھر؟
ڈاکخانہ کی طرف ایکویس کے لئے

مکتوب جرمنی

جرمنی میں لاہوری احمدی کس طرح تبلیغ اسلام کرتے ہیں

برلن مسجد کے امام کا ناچ۔ رنگ رلیاں اور افتراق انگیزیاں

(از جناب حبیب الرحمن صاحب منشی ایم۔ بی۔ ٹی۔ ڈی۔ بی۔ وی۔ برلن)

میں جس وقت ہندوستان میں تھا تو اکثر جمعیۃ میں برلن میں تبلیغ اسلام کے بارے میں لکھتا رہا۔ اب میں جرمنی پہنچ گیا ہوں اس صورت میں مسلمانان ہند کو بہتر معلومات بہم پہنچا سکتا ہوں۔ اس وقت مسجد کے امام ایک نوجوان پنجابی ہیں جن کی عمر ۲۵ سال کی ہے اور نام عزیز الرحمن ہے میں نے اکثر اس بات کی مخالفت کی ہے کہ ناتجربہ کار امام برلن کی مسجد کے لئے روانہ کئے جائیں مگر معلوم ہوتا ہے کہ انجمن احمدیہ لاہور اس بات کی قطعی پرواہ نہیں کرتی۔ چنانچہ نئے امام صاحب کو جرمنی زبان ...

چنانچہ میں نے اخبار میں پڑھا کہ عمر صاحب نے ایک سکول میں تقریر کی اور چندہ جمع کیا۔ اس یہ باتیں عبداللہ صاحب کو خوب آتی ہیں چونکہ ان کو معلوم ہے کہ ہندوستان غلام ملک ہے سفید چمڑی کی بہت عزت ہوتی ہے۔ اس لئے ان کو ساتھ لے لیا اور تماشہ کرانا شروع کر دیا۔

لاہوری امام کا تقویٰ

اسی خط میں ایک جگہ عبداللہ صاحب ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ باوجود اس بات کے کہ داخلہ ...

جاہل امام

لاہوری امام کا ناچ

برلن میں تصویریں

امام مسجد برلن کی دروغ گوئی

برلن اور ہندوستان کیوں گئے؟

حمایت حق کا بروقت مظاہرہ

شیعہ کانفرنس کی تجاویز کا ردعمل

طلباء دار العلوم عربیہ کا اجتماع

حکومت مداخلت فی الدین سے اجتناب کرے

عظیم الشان اجتماع

شوکت میدان بنگلور سٹی میں

یورپ میں جنگ برپا ہونے کے آثار

جرمنی کی تیاریوں سے فرانس کی پریشانی

برطانیہ بھی جاپانی کا میتا ہے

ہندوستان میں جاپانی مال کی ارزانی کا سبب

برطانیہ نے جاپان کی حمایت نہیں کی

لکھنؤ میں خیریت ہو گئی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

الجمعیۃ

سہ روزہ — ید اللہ علی الجماعۃ — دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ...
ششماہی ...
سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ...
ششماہی ...
نمونہ
فی پرچہ ایک آنہ

نرخنامہ
ایک صفحہ (ایک بار) ...
نصف صفحہ (،) ...
ایک کالم ...

مدیر مسئول: بلال احمد زبیری (بی اے)
معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۷ | دہلی۔ یوم جمعہ ۲ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۸ اپریل ۱۹۳۲ء | نمبر ۳۰

ماہ محرم الحرام

مسلمانوں کو اس مبارک مہینہ میں کیا کرنا چاہئے؟

(از ادارہ)

اسلام سے پہلے یہود ونصاریٰ اور مشرکین عرب میں اکثر ایسی باتیں پائی جاتی تھیں جو اصل کے اعتبار سے تو صحیح تھیں مگر ان گمراہ قوموں نے ان کی اصلی صورتوں کو مسخ کر دیا تھا ...

ان شاء ان یترکہ فلیترکہ

روزہ رکھنے نہ رکھنے کا اختیار

عاشورا کا احترام

محرم الحرام کے مہینہ کا احترام ابتدا سے ظہور اسلام تک برابر ہوتا چلا آیا ہے ...

عاشورا کی فضیلت

یہودی مخالفت

معاصرین کے افکار و آراء

اچھوت ادھار اور اسلام (مدینہ)

ہمیں یہ ظاہر کرتے ہوئے تکلیف محسوس ہوتی ہے کہ اچھوت ادھار کے متعلق گاندھی جی اور ان کے رفقائے کار کی نظر محدود ہے ...

ایک نئی فتنہ انگیزی (ملت)

مذہبی آزادی خطرہ میں (البشیر)

مداخلت فی الدین (حقیقت)

حب الوطن (دبدبۂ)

پسماندوں کی امداد (ہمدم)

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ منیجر

کیسٹوفین
بچوں کی صحت

کمالیاں اور یاس ضروری ہے کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دارومدار ہے۔ اس لئے گرم دے اور خطرناک جلاب دیکر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔

کیسٹوفین

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

آپ کو
جوانی کی اصلی خوشی کیوں حاصل نہیں ...

وسیلۂ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے ... دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے ...

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے ...

قرابادین مفید عام ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں ... نورانی قرآن مجید ...

ہدیہ ... ایک روپیہ آٹھ آنے ... علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الٰہی میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن مجید

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے ...

آج کل ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا ... اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے دئیے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت مولانا شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی ...

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

حوادث و احکام

استفتاء در زبان بنگالی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ہمارے یہاں ایک واقعہ ہوا ہے اگرچہ یہ وقت کا بات ہے ہمارے شکوین میں ایک مسجد ہے اس کا واقعہ یہ ہے کہ مسجد کو آباد کرنے والا بہت آدمی لیونگ کا تھا ...

[illegible]

کی حمایت ہی کی مخالفت کبھی نہیں کی لہذا اب ذرا مخالفت بھی ہو جائے۔

اس پروپیگنڈے کا یہاں تک اثر ہوا کہ راقم الحروف نے خود جمعیۃ کے ایک محترم رکن سے یہ شکایت سنی کہ کوئی "عالم" بھی آج تک خلافت کا صدر ہوا ہے؟ پھر ہم جمعیۃ کا صدر محمد علی کو کیوں بنا دیں؟

بنائے اختلاف بدقسمتی سے اسی زمانہ میں جمعیۃ کا سالانہ جلسہ ہونے والا تھا اور صدارت کے لئے بعض حضرات کی طرف سے محمد علی کا نام پیش کر دیا گیا۔ اس موقع کو غنیمت سمجھ کر اسی سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی گئی اور طے کر لیا گیا کہ محمد علی کی صدارت سے اختلاف کیا جائے گا اور اس میں پوری کوشش صرف کر دی جائے گی۔

مراد آباد کا جلسہ چنانچہ مراد آباد میں جمعیۃ کی مجلس مرکزیہ کا جلسہ ہوا اور اس میں صدارت کے لئے کشمکش شروع ہوئی، ایک جماعت تھی جو محمد علی کو صدر بنانا چاہتی تھی اور دوسری جماعت تھی جو ان کو کسی حالت میں بھی اس منصب گرامی کا اہل نہیں سمجھتی تھی، پہلے خوب گرما گرم بحثیں ہوئیں اور بعد کو پھر فیصلہ یہی ہوا کہ صدارت کے لئے ...

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۲۰ محرم الحرام ۱۳۵۱ ہجری

"سیرت محمد علی" کے دو ابواب

علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

مولانا محمد علی رحمۃ اللہ علیہ کے سوانح حیات کی ترتیب کے سلسلہ میں اس شخص کی رائے یقیناً صحیح تھی جس نے یہ کہا تھا کہ فی الحال مولانا مرحوم کی زندگی کے متعلق صرف ضروری مواد جمع کرنے پر اکتفا کیا جائے اور جب ہر پہلو سے یہ اطمینان ہو جائے کہ مولانا کی زندگی کے ہر ہر گوشے پر کافی روشنی پڑ چکی ہے ...

[illegible]

کی عقیدت میں کمی آگئی اور رفتہ رفتہ ان کے اقتدار کا انحطاط شروع ہو گیا، اس کے اسباب و علل پر مفصل بحث کرنے کی نہ ضرورت ہے، نہ کوئی خوشگوار موضوع اس لئے اس سے قطع نظر کر کے اجمالاً یوں سمجھ لیجئے کہ ...

[illegible]

لوگوں کو مغرب کی طرف نہیں بلکہ اسلام کی طرف بلاؤ

اسلام دنیا کی ہر ترقی اور نوع انسانی کے تمام حقوق کا ضامن ہے

زعماء و اکابر کے روبرو سلطان ابن سعود والی حجاز کی تقریر

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

جمعہ کے روز ضیافت کے بعد جلالۃ الملک نے جو اسلام پرور اور صداقت آمیز تقریر حاضرین کے سامنے فرمائی تھی اس کا ترجمہ معاصر ام القریٰ سے ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ جلالۃ الملک ابن سعود والی حجاز نے فرمایا:۔

اس دنیا میں مخلوقات کی حیات کا قوام صدق ہے اور جو زندگی سچائی پر مبنی نہ ہو اس کی کوئی قدر و قیمت نہیں ...

[illegible]

مرزا غلام احمد نے غلامی کے پودے لگائے ہیں

صادق اور کاذب کو پرکھنے کا ایک شرعی معیار

قادیان کے مدعی نبوت کی خدمات اور اس کی حقیقت

(از جناب سید حبیب شاہ صاحب دہلوی)

قادیانی گروہ کے متعلق عامۃ المسلمین میں جو عام احساس پیدا ہو چکا ہے اور اس فرقہ کی خاموش ترقی کے جو سیاسی اور مذہبی نتائج مسلمانوں کو وقت کی اس اہم ضرورت کے لئے بیدار کیا ہے ...

[illegible]

ماہ محرم الحرام

(سلسلہ صفحہ اول)

[illegible]

حوادث و احکام

استفتاء در زبان بنگالی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ہمارے یہاں ایک واقعہ ہوا ہے انگریزی وقت کا بات ہے ہمارے لشکوین میں ایک مسجد ہے اس کا واقعہ یہ ہے کہ مسجد کو آباد کرنے والا بہت آدمی لیوٹ کا تھا مگر پھر حکیم ماک ایک آدمی جارے یہاں کا بنا کہ اس کو ہم بنایا ہے اس میں ہمارا روپیہ خرچ ہوا ہے۔ یہ مسجد ہمارا ہے۔ ریعد اور ایک ملوی مسجد کا تھا اس کے پیچھے ہم لوگ نماز پڑھا تا تھا اس کو اس طرح گالی بے حیثیت کیا ہم نہیں تحریر کرسکتا ہوں، لیو ہم جہت والا اس ملوی کو لے عزت کرنا دار ثابت کیا اور مولوی کی طلب روپیہ نہیں دیتا تھا اس سب بات کو دریافت کیا۔ جہت والے لوگ خود مسجد میں اور کہا گیا کہ اگر آپ ملوی کو ہویا مسجد کے …

کی حمایت ہی کی مخالفت کبھی نہیں کی لہذا اب ذرا مخالفت بھی ہو جائے۔

اس پروپیگنڈے کا یہاں تک اثر ہوا کہ راقم الحروف نے خود جمعیۃ کے ایک محترم رکن سے یہ شکایت سنی کہ کوئی "عالم" بھی آج تک خلافت کا صدر ہوا ہے؟ پھر ہم جمعیۃ کا صدر محمد علی کو کیوں بنا دیں؟

بنائے اختلاف بدقسمتی سے اسی زمانہ میں جمعیۃ کا سالانہ جلسہ ہونے والا تھا اور صدارت کے لئے بعض حضرات کی طرف سے محمد علی کا نام پیش کر دیا گیا۔ اس موقع کو غنیمت سمجھ کر اسی سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی گئی اور طے کر لیا گیا کہ محمد علی کی صدارت سے اختلاف کیا جائے گا اور اس میں پوری کوشش صرف کر دی جائے گی۔

مراد آباد کا جلسہ چنانچہ مراد آباد میں جمعیۃ کی مجلس مرکزیہ کا جلسہ ہوا۔ اور اس میں صدارت کے لئے کشمکش شروع ہوئی۔ ایک جماعت تھی جو محمد علی کو صدر بنانا چاہتی تھی اور دوسری جماعت تھی جو ان کو کسی حالت میں بھی اس منصب گرامی کا اہل نہیں سمجھتی تھی۔ پہلے خوب گرما گرم بحثیں ہوئیں اور بعد کو پھر فیصلہ یہی ہوا کہ صدارت کے لئے …

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۲ محرم الحرام ۱۳۵۱ ہجری

"سیرت محمد علیؒ" کے دو ابواب

علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

مولانا محمد علی رحمۃ اللہ علیہ کے سوانح حیات کی ترتیب کے سلسلہ میں اس شخص کی یہ رائے یقیناً صحیح تھی جس نے یہ کہا تھا کہ فی الحال مولانا مرحوم کی زندگی کے متعلق صرف ضروری مواد جمع کرنے پر اکتفا کیا جائے اور جب ہر پہلو سے یہ اطمینان ہو جائے کہ مولانا کی زندگی کے ہر ہر گوشہ پر کافی روشنی پڑ چکی ہے اور تحقیق و تدقیق کے تمام ممکن ذرائع اختیار کئے جا چکے ہیں تو اس کے بعد ذمہ دارانہ حیثیت سے قلم اٹھایا جائے اور اس حالت میں ہم ان مسائل کے …

کی عقیدت میں کمی آتی گئی اور رفتہ رفتہ علماء کے اقتدار کا انحطاط شروع ہو گیا، اس کے اسباب وعلل پر مفصل بحث کرنے کی ضرورت ہے، نہ کوئی خوشگوار موضوع اس لئے اس سے قطع نظر کر کے اجمالاً یوں سمجھ لیجئے کہ علماء کی عام طور سے حالت یہ تھی کہ گوشہ عزلت میں بیٹھے ہوئے وہ صرف درس و تدریس کے فرائض انجام دیتے تھے اور خود یہ فرائض کس نوعیت کے تھے۔ اسے بھی چھوڑئیے۔

(ناقابل قبول تقریر)

جمعیۃ العلماء اور مولانا محمد علی

لوگوں کو مغرب کی طرف نہیں بلکہ اسلام کی طرف بلاؤ

اسلام دنیا کی ہر ترقی اور نوع انسانی کے تمام حقوق کا ضامن ہے

زعماء و اکابر کے روبرو سلطان ابن سعود والی حجاز کی تقریر

(ترجمہ نصی برائے الجمعیۃ)

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطرخواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرآبادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمدللہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرآبادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دوا سازی کے اصول نہی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے، ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطبا نے اس کتاب کو پسند فرمایا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرآبادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے۔ کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کیلئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں انمیں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث درج ہیں جنمیں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب ۸۸ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے۔ کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف ایک روپیہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اسمیں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جنمیں اعمال حسنہ کی بناء پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں ۱۱۲۵ احادیث درج ہیں، ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں ابتک تیار نہیں ہوا بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن مجید

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا ہے۔ صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب رح حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب رح مولانا شاہ ولی اللہ صاحب رح حضرت مولانا شیخ سعدی رح اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عـہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی - عـار

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد بوڑھے، بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے۔ جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے۔ اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ۔ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ... قسم دوم حنا شدہ عـ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸ر چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

”مولانا محمد علی مرحوم کی ذات مسلمانوں میں مایۂ ناز تھی“

”افسوس کہ سیرت محمد علی ناقص ہے اور نہایت تعصب سے لکھی گئی ہے“

مولوی محمد الطاف الرحمٰن صاحب قدوائی کا مکتوب مدیر الجمعیۃ کے نام

فرنگی محل لکھنؤ

مکرم بندہ جناب اڈیٹر صاحب الجمعیۃ زاد مجدکم

السلام علیکم - جناب نے سیرت محمد علی پر جو سلسلہ تنقید شروع کیا ہے بہ صفحہ بہت خوب ہے ... کی ایک جلد جامعہ سے منگوائی ... مولانا محمد علی مرحوم کی ذات مسلمانوں میں مایۂ ناز تھی ...

گاندھی جی کا برت

جاپان اور روس کی جنگ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۹ محرم الحرام ۱۳۵۲ھ ہجری

”سیرت محمد علی“ کے دو ابواب

علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۳)

ظاہر کرنے کے بعد کہ جمعیۃ علمائے ہند کے قیام سے قبل علماء امت سیاسیات سے بالکل بے خبر تھے اور اس سلسلہ میں اپنے مذہبی فرائض و واجبات کو بالکل فراموش کر بیٹھے تھے اور گوشۂ عزلت میں لوگوں کو مسائل کی تعلیم دینے کے سوا ان کا اور کوئی کام نہ تھا ”سیرت محمد علی“ کے فاضل مؤلف نے اسلامی سیاسیات حاضرہ کے ایک سب سے بڑے اور مستند و متبحر عالم و مؤرخ کا قول نقل کیا ہے ...

نہیں تھا۔ بلکہ مولانا محمد علی نے انہیں ”مسجد کے حجروں“ سے نکال کر ”الی بنا جیفۃ“ کی تعلیم سے باز رکھا اور ان کے لئے صحیح راستہ متعین فرمایا۔ کیا فاضل مؤلف ”سیرت“ کے نزدیک سر محمد یعقوب کی رائے علامہ سید سلیمان ندوی کی رائے سے زیادہ مستند قرار پائے گی - اور کیا اس قدر ”وزنی“ اختلاف ...

علمائے ہند اور سیاسیات

ہندوستان کے علماء کی بیداری

سیاسی سرگرمیوں کا تسلسل

الہلال کی دعوت

اسلام میں یورپ کے نقالوں کی مداخلت کا فتنہ

چغتائی کی تصانیف پر تلبیس پر ایک نظر

جہلاء کی حماقتوں اور بے حیائیوں کا افسوسناک مرقع

(از جناب علامہ سید سلیمان صاحب ندوی مصنف سیرۃ النبی)

مصنف کا ممنون ہوں کہ انہوں نے میری نسبت حسن ظن کا اظہار فرما کر اپنی تصنیفات کے متعلق میرے مشوروں کو سننا تسلیم کیا، جہاں تک نفس پردہ کا تعلق ہے یہ بالکل یقینی ہے کہ ہندوستان کا موجودہ چہار دیواری کا پردہ اسلامی و شرعی نہیں ہے ... نہ یہ کہ چہرہ کا کھولنا اور نہ کھولنا ... فقہاء کے نزدیک مختلف فیہ ہے۔ لیکن امام ابوحنیفہ کے نزدیک منہ اور ہاتھ (کفین تک) داخل ستر نہیں -

بیگانہ عورتوں سے اختلاط

عمر کی طویل مدت سو برس قرار دی گئی ہے، اس لئے کم از کم سن بلوغ میں بھی یہ نکاح ہوا ہو تو نوے برس فرض کیجئے - اب اس حالت میں نوے برس کے بعد اس مفقود کی موت کا یقین ہوگا، اور عورت کو نکاح ثانی کی اجازت ملے گی لیکن چونکہ یہ فتویٰ انسانی استطاعت کے خلاف ہے اس لئے احناف نے کبھی اس پر عمل نہیں کیا - اور امام مالک کے مسئلہ پر فتویٰ دیا ہے کہ چار برس کے انتظار کے بعد نکاح ثانی کر لیا جائے جس مسئلہ پر کہ خود احناف کے ہاں عمل نہیں اس پر ...

شراب کی حلت و حرمت

احادیث کی صحت کا معیار

نکاح اور طلاق

نیرنگوں پر بیجا طعن

اجازت دے سکتا ہوں؟ آپ نے لڑنے سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ میں اپنی طرف سے لڑنے میں پہل نہیں کروں گا۔ زہیر نے کہا آپ اس سامنے کے گاؤں میں چلکر اتریئے جو فرات کے کنارے ہے، اور قلعہ بند ہو جائے، آپ نے دریافت کیا اسکا کیا نام ہے؟ زہیر نے کہا ”عقرہ“ (عقر کے معنے بے نتیجہ) یہ سن کر آپ نے فرمایا عقر سے خدا کی پناہ!

آخر آپ ایک اجاڑ سرزمین پر اترے اور دریافت کیا اس سرزمین کا کیا نام ہے؟ معلوم ہوا ”کربلا“ آپ نے فرمایا کہ یہ کرب اور بلا کا مجموعہ ہے یہ مقام پانی سے دور تھا۔

کوفی فوج کی آمد

دوسرے دن عمر بن سعد کوفہ والوں کی ۴ ہزار فوج لے کر آ پہونچا۔ عبیداللہ بن زیاد نے عمر کو ... آپ کیوں تشریف لائے ہیں؟ آپنے وہی جواب دیا جو حر کو دے چکے تھے ...

شام کو حضرت حسین نے عمر بن سعد کو کہلا بھیجا کہ آج رات مجھ سے ملاقات کرو ...

(۱) مجھے واپس جانے کی اجازت دو (۲) مجھے خود یزید سے نپٹ لینے دو (۳) مجھے مسلمانوں کی کسی سرحد پر بھیج دو ...

ڈالو کیا تمہارے لئے میرا قتل کرنا اور میری حرمت کا رشتہ توڑنا روا ہے؟ کیا میں تمہارے نبی کی لڑکی کا بیٹا نہیں ہوں، کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول نہیں سنا کہ حسن و حسین جنت میں نوجوانوں کے سردار ہیں، اگر یہ سچ ہے تو بتاؤ کیا تمہیں برہنہ تلواروں سے میرا استقبال کرنا چاہئے - واللہ اس وقت روئے زمین پر بجز میرے کسی نبی کی لڑکی کا بیٹا موجود نہیں، کیا تم مجھے اس لئے ہلاک کرنا چاہتے ہو کہ میں نے کسی کی جان لی ہے، کسی کا خون بہایا ہے، کسی کا مال غصب کیا ہے؟ کچھ کیا بات ہے؟

مخالف کی فوج میں سے کسی نے اس کا جواب نہ دیا۔ دیا تو یہ دیا کہ ہم جب تک امام حسین اور آپ کے ساتھیوں کو قتل نہ کر دیں گے اس وقت تک چین سے نہ بیٹھیں گے۔

عام جنگ

اب باقاعدہ جنگ جاری ہو گئی۔ ایک ایک دو دو نوجوان نکلتے اور اپنی تلوار کے جوہر دکھاتے حضرت امام کے طرفداروں کا پلہ بھاری تھا جو سامنے آتا مارا جاتا ...

قاسم بن حسن کی شہادت

نو مولود کی شہادت

حضرت امام کی شہادت

لاش روند ڈالی

عمر بن سعد کو حکم تھا کہ حسین کی لاش کو گھوڑوں کی ٹاپوں سے روند ڈالے۔ چنانچہ دس آدمیوں نے گھوڑے دوڑا کر جسم مبارک کو روند ڈالا۔

اس جنگ میں حضرت امام حسین علیہ السلام کے ۷۲ آدمی شہید اور کوفی فوج کے ۸۸ آدمی مقتول ہوئے۔

ضروری گزارش

معزز خریداران الجمعیۃ سے التماس ہے کہ خط و کتابت کے وقت اپنا نمبر خریداری کا (جو کہ آپ کے نام سے پہلے پتہ کے شروع میں لکھا رہتا ہے) حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف فرمائیں۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

قربانیوں کی افواج کا اجتماع

شمر کی مخالفت

اصحاب حق کی وفاداری

حضرت عباس نے کہا یہ کیوں؟ کیا اس لئے کہ ہم آپ کے بعد زندہ رہیں؟ خدا ہم کو وہ دن نہ دکھائے، دوسروں نے حضرت امام سے کہا واللہ ہم سے یہ نہ ہو سکے گا، ہم تو آپ پر جان و مال اولاد سب کچھ قربان کر دیں گے۔

پوری رات آپ نے اور آپ کے ساتھیوں نے نماز، استغفار اور دعا و تضرع میں گزار دی۔

بے مثال خطبہ

جمعہ یا ہفتہ کے دن دسویں محرم کو نماز فجر کے بعد عمر بن سعد اپنی فوج لے کر نکلا حضرت حسین نے بھی اپنے اصحاب کی صفیں قائم کیں، امام کے ساتھ صرف ۳۲ سوار اور ۴۰ پیدل کل ۷۲ آدمی تھے ...

لوگو! میری بات سنو ...

چینی ترکستان میں شورش بڑھتی جا رہی ہے

سرکاری افسر جلا دئے گئے۔ ایک سو سے زائد چینیوں کا قتل

برطانوی رعایا کو کوئی خطرہ نہیں ہے

شملہ ۲ مئی۔ محکمہ امور خارجہ نے ایک بیان شائع کیا ہے جس میں لکھا ہے کہ کاشغر سے مزید اطلاعات موصول ہوئی ہیں جن سے اس خبر کی تصدیق ہو گئی کہ باغیوں (مجاہدین؟) نے گیارہ اپریل کو شہر یار قند پر قبضہ کر لیا۔ قبضہ کرنے کے بعد سرکاری افسروں کو جلا دیا گیا اور ایک سو سے زائد چینی قتل کر دئے گئے۔

معلوم ہوا ہے کہ برطانوی رعایا کے لئے کوئی خطرہ نہیں ہے اور ان کی جائداد اور اثاثہ کو کوئی نقصان نہیں پہونچا۔ صوبہ کے دیگر علاقوں میں بھی شورش پھیلتی جا رہی ہے اور چینی افواج موجودہ بغاوت کا مقابلہ کرنے کے لئے قطعی ناکافی ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ ٹنگن لیڈر نے ۸ اپریل کو قیام امن اور انسداد بغاوت کے لئے کاشغر کو فوج ارسال کی تھی۔

ناظرین کرام کو معلوم ہوگا کہ چینی ترکستان میں مسلمانوں نے علم جہاد بلند کر کے چینی ترکستان کے متعدد شہروں کے علاوہ اس کے دار الحکومت پر بھی قبضہ کر لیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ چینی گورنر کو معزول کرنے کے بعد جو ہوائی جہاز چینی حکام نے بغاوت کو فرو کرنے کے لئے بھیجے تھے وہ بھی اپنے مقصد میں ناکام رہے۔

انگلستان کی فضا پر گاندھی جی کے فیصلہ کا اثر

لندن کے ایک اخبار کے نمائندہ سے ٹیلیفون کے ذریعہ گفتگو

فیصلہ میں تبدیلی کا کوئی امکان نہیں

پونا ۲ مئی۔ کل دیو داس گاندھی نے گاندھی جی کے برت کے متعلق انڈو انگلینڈ ریڈیو ٹیلیفون کے ذریعہ لندن کے اخبار ڈیلی ایکسپریس کے مدیر مخابرات سے ۵ منٹ تک گفتگو کی۔ گفتگو کا وقت ایک بجے مقرر تھا مگر موسم کی خرابی کے باعث ۸ بجے سے پہلے گفتگو شروع نہ ہو سکی۔ مدیر مخابرات کے ایک سوال کے جواب میں دیو داس گاندھی نے کہا کہ یہ کہنا مشکل ہے کہ گاندھی جی ۲۱ روز کا برت برداشت کر سکیں گے یا نہیں لیکن میں اور میرے احباب یہ کوشش کر رہے ہیں کہ گاندھی جی برت کا بار کم سے کم ڈالا جائے۔

دوسرے سوال کے جواب میں دیو داس گاندھی نے کہا کہ مجھے گاندھی جی کے فیصلہ میں تبدیلی کا کوئی امکان معلوم نہیں ہوتا کیونکہ وہ اپنے برت پر مسرت کا اظہار کر رہے ہیں۔ ٹیلیفون کمپنی نے اس گفتگو کیلئے لیڈی ٹھیکرسے کے بنگلہ میں خاص انتظام کیا تھا۔

شملہ ۲ مئی۔ سرکاری حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت گاندھی جی کے اس برت پر تشویش کا اظہار کر رہی ہے جس روز گاندھی جی کی حالت تشویشناک یا کمزور ہو جائے گی حکومت آپ کو فوراً رہا کر دے گی۔

دار الحکومت

صدر جمعیۃ علماء ہند کے صاحبزادہ کا عقد مسنونہ

دعوت ولیمہ میں علماء و معززین کی شرکت

دہلی کے قریب ایک گاؤں میں جنگ

ایک ڈاکو ہلاک اور متعدد زخمی

دہلی میونسپلٹی سے درخواست

مدرسہ امینیہ کے ایک ہونہار طالب علم کی وفات

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی مراجعت

نریلہ صوبہ دہلی میں شامل کر لیا گیا

دہلی میں ہریجن ڈے

گمشدہ کی تلاش

۱۰ محرم الحرام کو درس شہادت

ریاست نیپال میں معاشرتی اصلاحات

ہندوؤں کی شادی کیلئے عمر کا تعین

اسلام اخوت اور محبت کا مذہب ہے

ہندوستانی مسلمانوں کی پست حالت پر تبصرہ!

بمبئی میں سابق وزیر اعظم ترکی کی تقریر

فسادات کانپور کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ

حکومت نے خلاف قانون قرار دیدی

ہندو مسلم فساد ہوتے ہوتے رہ گیا

ہندوؤں اور مسلمانوں کی گرفتاری

کشمیر میں دس ہزار مسلمانوں کی ستیہ گرہ

گورنر نے اہل جلوس کو مطمئن کر دیا؟

ترکی میں ۱۹ علماء کو سزا

علماء بروصہ کے خلاف مصطفےٰ کمال پاشا کا فیصلہ

پٹنہ میں سیاسی کانفرنس

گرفتاریاں اور سزایابیاں

چاٹگام پر اجتماعی جرمانہ کی وصولی!

میرٹھ میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

ریل کی آمدنی میں خسارہ

فرقہ وارانہ مسائل کے تصفیہ کی اہمیت

پیغمبر اسلام کا حکم اعلان بالفور سے بالاتر ہے

گجرات کانفرنس میں مولانا شوکت علی کی تقریر

احمد آباد ۳۰ اپریل۔ جب میں صلح اور امن کی بات جیت کرتا ہوں تو میرا مدعا صرف ہندو مسلمانوں میں ہی صلح اور اتحاد کرانے کا نہیں ہے بلکہ میں انگریزوں کے ساتھ بھی صلح کرنا چاہتا ہوں یہ وہ الفاظ ہیں جو مولانا شوکت علی نے گجرات مسلم پولیٹکل کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے استعمال کئے۔ محترم مولانا نے مزید فرمایا کہ میں ۵ مئی کو دہلی میں پنڈت مدن موہن مالویہ کے ساتھ ملاقات کروں گا۔

سفید کاغذ میں ترمیم کا مطالبہ

فلسطین میں برطانوی پالیسی کے خلاف احتجاج

گجرات مسلم سیاسی کانفرنس کی اہم تجاویز

بمبئی کے پانچ کارخانے بند ہو گئے

حکومت سے صنعت پارچہ بافی کے تحفظ کا مطالبہ

جمہوریہ روس کی سالگرہ کی تقریب پر گرفتاریاں

انگریز قیدی رہا نہیں کئے جائینگے

گاندھی جی نے ۲۱ دن کیلئے برت رکھنے کا فیصلہ کر لیا

ذاتی اصلاح اور تزکیہ نفس کے لئے مجاہدہ

برت کو سیاسیات سے کوئی تعلق نہیں

یہ خبر یقیناً سارے ملک میں حیرت کے ساتھ سنی جائے گی کہ گاندھی جی نے بغیر کسی شکایت اور بغیر کسی خاص سبب کے محض ذاتی اصلاح اور سکون قلب کے حصول کے لئے گزشتہ شب یہ فیصلہ کیا کہ وہ اکیس دن کا برت رکھیں گے۔

اعتراف گناہ

نفس کا تزکیہ

اصلاح نفس اور برت

بمبئی اور لندن کے درمیان ٹیلیفون

وزیر ہند اور گورنر بمبئی کی گفتگو

جاپان سے برطانیہ کا جدید معاہدہ

تجارتی تعلقات کی بحالی

ہندوستان میں سول نافرمانی کی رفتار

سیاسی اسیروں کی تعداد میں کمی

قبول اسلام

مرحوم حسن امام کی والدہ بھی چل بسیں

ایران اور برطانیہ میں سمجھوتہ

ایرانی ریلوے اور تیل کے متعلق گفت و شنید

لندن یکم مئی۔ اخبار ڈیلی ایکسپریس کا بیان ہے کہ اینگلو پرشین آئیل کمپنی کے تصفیہ کے تصفیہ سے برطانیہ اور ایران میں سمجھوتہ کا ایک راستہ کھل جائے گا۔

روس اور جاپان میں کوئی جنگ نہیں

منچوریہ میں جاپانی افواج میں تخفیف کر دی گئی

امریکن بے وقوف اور کند ذہن ہیں

لندن پارلیمنٹ کا ایک رکن گرفتار

ترک مرزائیت

مولانا سید ابو الفیض صاحب کی الجمعیۃ سے ہمدردی

اعلان تعطیل

ضلع دربھنگہ میں جلسہ دستار بندی

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا ورود مسعود

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی اما بعد ایک عرصہ سے مدرسہ احمدیہ مدھوبنی ضلع دربھنگہ علوم رسول مدنی واحادیث نبی ہاشمی صلے اللہ علیہ وسلم کی نشر واشاعت کر رہا ہے اور ترہت جیسے علاقہ میں (جہاں ہندوؤں کے اختلاط وجہالت کے باعث سینکڑوں رسوم ناجائز اور ہزاروں رواج مشرکانہ میں عامۃ المسلمین مبتلا ہیں) نہایت ثبات واستقلال اور کمال ساتھ بلاخوف لومۃ لائم صحیح علمی روح مسلمانوں کے اندر پھونک رہا ہے اور باوجود کساد بازاری وانقلاب زمانہ کے بحمد اللہ تعالیٰ وقوتہ اسلامی خدمات بحسن وخوبی انجام دیرہا ہے۔ بارگاہ خداوند ذوالجلال والاکرام کا ہزاروں ہزار شکر واحسان ہے کہ اس مدرسہ سے پانچ علماء اور دس حفاظ نے فراغت حاصل کی اور کلام خداوندی واحادیث نبوی سے اپنے سینوں کو منور کیا اور علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل کے زرین تمغہ سے ممتاز و سربلند اور دولت لازوال سے مالا مال و بہرہ اندوز ہوئے۔

اراکین مدرسہ وہمدردان اسلام نے حسب قاعدہ مدارس اسلامیہ ان فارغ التحصیل طلبہ کی دستار بندی کا جلسہ مورخہ ۲۷ ذی الحجہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۲ و ۲۳ اپریل یوم شنبہ ویکشنبہ کو مقرر کیا جس میں مشاہیر علمائے کرام وفضلائے عظام کو دعوت شرکت دی گئی جن میں خصوصیت کے ساتھ سید الاحرار رئیس الخطباء خطیب العلماء عمدۃ الحکماء مخدوم ومطاع حضرت قبلہ مولانا حافظ حاجی احمد سعید صاحب مد فیضہ ناظم جمعیۃ العلماء ہند دہلی وفخر صوبہ بہار راس الفضلاء حضرت قبلہ استاذی مولانا محمد عبد الوہاب صاحب دام مجدہم ...

رہ جاتے تھے عجیب سماں تھا جو دیکھنے سے تعلق رکھتا تھا۔

خدا خدا کرکے وہ مبارک دہمایوں وقت آیا کہ ۲۳ اپریل یوم یکشنبہ کو ... حضرت مولانا ... اپنے قدوم میمنت لزوم سے اہل شہر وحاضرین مجلس کو مالا مال کر دیا ... مولانا کی سواری جلسہ گاہ میں پہونچی تو نعرہ تکبیر سے آپ کا پُرجوش خیر مقدم اور فلک بوس نعروں سے آپ کا شاندار استقبال کیا گیا۔

فوراً ہی حضرت مولانا نے خطبہ ماثورہ کے بعد حدیث ... وجعلنا الکافرین ... پر ایسی بصیرت افروز تقریر دلپذیر فرمائی جس سے حاضرین بے حد محظوظ ہوئے ... ملا نو انشاء اللہ تعالیٰ اس تقریر کا خلاصہ ناظرین کے پیشکش کیا جائے گا۔

دوسرے اجلاس میں حضرت مولانا احمد سعید صاحب وحضرت مولانا عبد الوہاب صاحب ... نے اپنے مبارک ہاتھوں سے علماء وحفاظ کے سر پر دستار فضیلت باندھے اور انعامی کتابیں طلبہ پر تقسیم ہوئیں اور شب کے وقت حضرت مولانا احمد سعید صاحب مد فیضہ نے اپنے ناتکمل مضمون کی تکمیل فرمائی بعدہ جلسہ بخیر وخوبی ختم ہوا۔

محمد یعقوب مدرس مدرسہ احمدیہ مدھوبنی

سکیٹرہ کے مسلمانوں پر ہندوؤں کے مظالم

پلکھوہ اور قرب وجوار کے ہندوؤں کا امن سوز سنگٹھن

(الجمعیۃ کے نامہ نگار خصوصی کے قلم سے)

... سکیٹرہ ... ہندوؤں نے حملہ کیا ہے اس وقت سے ... مسلمانوں کو پریشان اور زدوکوب کرنے سے ہی باز نہیں ... غریب دیہاتی مسلمانوں پر دانت ... سکیٹرہ کا کوئی مسلمان ان کے گاؤں میں ... ایک مسلمان کسان اپنے سر پر ...

وہ مسلمانوں کے خلاف اشتعال انگیز کارروائیاں کر رہے ہیں اور ہندوؤں کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکاتے رہتے ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ موضع کھیڑہ کے راجپوت کسانوں نے غیراتی لوہار کو غلہ دینے سے انکار کر دیا ... لوہار نے ... سکیٹرہ کے حملہ میں شریک ہونا چاہئے تھے ...

حج سے روکنے پر حکومت کے خلاف احتجاج

قانون حج اسلام میں کھلی مداخلت ہے

(۱) مجلس احرار لاہور کا یہ جنرل اجلاس حکومت کے اس فعل کے خلاف کہ اس نے مولانا اسمٰعیل صاحب غزنوی کو فریضہ حج سے روک دیا ہے۔ اپنے غصہ اور نفرت کا اظہار کرتا ہے اور حکومت ہند کو صاف اور واضح الفاظ میں بتا دینا چاہتا ہے کہ یہ اسلام میں کھلی ہوئی مداخلت ہے جس کی مسلمان کبھی اجازت نہ دیں گے۔

(۲) مسٹر مشکاف وزیر سیاسی حکومت ہند کے جو بیان مولانا اسمٰعیل صاحب غزنوی کو روکنے کے متعلق دیا ہے۔ اس کو ناتسلی بخش اور ... قرار دیتا ہے یہ اجلاس تمام اسلامی مجالس سے عموماً اور اخبارات وجمعیۃ العلماء ہند سے خصوصاً درخواست کرتا ہے کہ اس فعل پر سختی سے احتجاج کریں اور حکومت کو مجبور کریں کہ اس حکم کو واپس لے۔

حجاج پر لاٹھیاں

یہ اجلاس پولیس کے اس رویہ کے خلاف کہ اس نے ساحل بمبئی پر کیمپ حجاج کو حجاج پر لاٹھیاں برسائیں۔ صدائے احتجاج بلند کرتا ہے۔ نیز اسمبلی میں حکومت نے جو بیان پولیس کے رویہ کو چھپانے کے لئے دیا ہے اس کو حکومت ہند کی ناکام کوشش قرار دیتا ہے اور حکومت پر واضح کرنا چاہتا ہے کہ اس کا یہ فعل حجاج کو روکنے کے لئے عملی اقدام کا مترادف ہے۔

یہ اجلاس جدید حج بل کو حجاج کی پریشانیوں کو بڑھانے والا یقین کرتا ہے۔ اور اس بات کا اعلان کرتا ہے کہ جن مسلمانوں نے اس بل کی تائید کی ہے۔ انہوں نے حجاج سے دشمنی کی اور اسلام سے کھلی ہوئی غداری کا ارتکاب کیا۔

یہ جلسہ ملک وملت کے بہترین قائد سید حسن امام کی وفات پر اپنے دلی رنج وغم کا اظہار کرتا ہے۔ اور ان کی موت کو ملک وملت کے لئے ناقابل تلافی نقصان تصور کرتا ہے۔ اور مرحوم کی مغفرت کے لئے دعا کرتا ہے۔

(جنرل سکرٹری مجلس احرار لاہور)

لاہور سے روزنامہ "آزاد" کا اجراء

روزنامہ "زمیندار" کی اشاعت کے التواء اور ادارہ کے تعطل کے بعد سابق ادارۂ تحریر "زمیندار" کے ارکان۔ مولانا عبد الباقی۔ بی۔ اے۔ چیف ایڈیٹر مولانا حامد صدیق طبیب مدیر ... مولانا اسمٰعیل وحشی بی۔ اے۔ مدیر خبریات ایک نئے شاندار روزنامہ "آزاد" کے اجراء کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ "آزاد" کے اجراء کی اجازت حاصل کرنے کی درخواست دے دی گئی ہے۔ "آزاد" کی ادارت کے فرائض وہی اصحاب انجام دیں گے جو اس سے پہلے "زمیندار" کے فرائض ادارت انجام دے رہے تھے "آزاد" کی پالیسی بھی اس کے نام سے ظاہر ہے۔ یقین کیا جاتا ہے کہ "آزاد" مئی کے دوسرے ہفتہ میں ضرور شائع ہو جائے گا۔

(منیجر روزنامہ "آزاد" لاہور)

حاجیوں کے سفر کے متعلق مشورہ

شملہ کیم مئی۔ مسٹر جی۔ ایس۔ باجپئی سکرٹری محکمہ تعلیم کل حاجیوں کے سفر کے متعلق حکومت بمبئی سے گفت وشنید کرنے کی غرض سے بمبئی روانہ ہو گئے ہیں۔

تاریخ الاسلام

مصنفہ مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند

... سوال وجواب کی شکل میں نہایت ہی شستہ اور سلیس زبان میں بیان کیا گیا ہے ...

قیمت حصہ اول ۸/ حصہ دوم زیر طبع

ملنے کا پتہ

مولوی سید محمد مدیر کتبخانہ اعزازیہ دیوبند یو۔پی

دونوں مٹھی باندھ کر سو سے دوڑیے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

... فائدہ ... کتاب کا خلاصہ ... مفت طلب فرمائیے۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

آم ــ دربھنگہ کا ــ لیچی مظفرپوری کی

دوسری شادی

... ایک درجن ... علاوہ محصولڈاک

نیو ٹریڈنگ کمپنی ۲۲ اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور

ٹیلیفون ۵۵۶۶

ہندوستانی دواخانہ دہلی

مصفی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہو گیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کرکے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلاخوف تردید دعویٰ کرتا ہے کہ صفائی خون کے لئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کر سکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی حکیم حاجی محمد احمد خاں صاحب کے مشورہ سے جدید سائنٹفک طریق پر طیار کیا گیا ہے خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔ کھجلی۔ داد۔ پھنسیاں وغیرہ حتیٰ کہ سوزاک آتشک اور جذام کا زہریلا مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے نابود ہو جاتا ہے اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۱۲ خوراک کی شیشی ۱۲/ علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال:۔ ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملا کر اور اگر مرض کا جوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۳ دہلی سے طلب کیجئے

شائع ہو گیا　حصہ اول　حصہ دوم　حصہ سوم　شائع ہو گیا

جامع اللغات اردو

والسنہ متعلقہ

ایجنٹوں کی ہر جگہ ضرورت ہے　مولفہ خواجہ عبد المجید بی۔ اے رجسٹرڈ کاپی رائٹ

... الفاظ کا مخزن ... ضرب الامثال ... محاورات ... اصطلاحات ...

قیمت فی حصہ صرف عہ/ علاوہ محصولڈاک حصہ اول ودوم وسوم تیار ہے۔ فوراً منگوائیے ورنہ دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

منیجر جامع اللغات کمپنی گوبند رام سٹریٹ چیمبرلین روڈ لاہور

کہتی ہے تجھے خلق خدا غائبانہ کیا؟

خان بہادر نواب مظفر خاں صاحب ... جناب ملک عبد القیوم صاحب ... جناب حافظ محمود شیرانی پروفیسر اورینٹل کالج لاہور ... جناب مولوی محمد شفیع ... جناب نصر اللہ خاں صاحب ... سرگودہا ...

شیخ الاسلام مولانا حسین احمد صاحب کی تشریف آوری

... انجمن معین الاسلام کے چھٹے سالانہ اجلاس میں تشریف لا رہے ہیں جلسہ کا ... دوسرے علمائے کرام اور لیڈران عظام بھی بکثرت شریک اجلاس ہوں گے۔

(ابو المحاسن محمد احسان الحق سکرٹری انجمن معین الاسلام)

ریاست بنارس میں ولی عہدی کا مسئلہ

سہارنپور ۲۶ اپریل۔ اخبار "انقلاب" میں مہاراجہ کے حوالے سے ایک نوٹ نظر سے گذرا جس کا عنوان "بنارس میں ولیعہد کا جھگڑا" ہے بنارس کی جس اطلاع پر یہ نوٹ مبنی ہے وہ اطلاع محض غلط اور بے بنیاد ہے ... مہاراجہ صاحب بہادر کی صحت ... اس لئے ابھی ولیعہد کے تقرر کا کوئی سوال ہی نہیں ہے۔ ...

اعلان متعلقہ معاملات دار العلوم دیوبند

معاملات دار العلوم دیوبند کی نسبت بایں تعلق ... مجلس شوریٰ منعقدہ ۲۳ ذی الحجہ ۱۳۵۱ھ ... دار العلوم کی نسبت ... اعلانات ... دار العلوم کی جانب سے ...

ابو محمد امام الدین۔ ایڈیٹر ترجمان بنارس

اخبار مبصر کا اجراء

گذشتہ ایک ایسے اخبار کے شائع ہونے کی سخت ضرورت تھی جو ہر اعتبار سے قوم کی نمائندگی کرے۔ چنانچہ ماہ محرم الحرام کو روزانہ مبصر کا پہلا نمبر نکل کر شائقین کے ہاتھوں میں پہونچ جائے گا۔ ...

منیجر روزنامہ مبصر ...

شربت روح افزا رجسٹرڈ

موسم گرما کا بے نظیر تحفہ　قیمت فی بوتل صرف ایک روپیہ چار آنہ

قیمت میں حیرت انگیز تخفیف

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی کی مشہور خاص وعام ومقبول دل پسند شربت روح افزا ... شربت روح افزا ... موسم گرما ...

منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

خوبصورتی کا بیمہ

خوبصورتی قدرت کی ایک بہت بڑی نعمت ہے ... ہمارا سائنس کے اصولوں پر تیار کردہ ... کا استعمال کریں ... چہرہ گلاب کے پھول کی مانند سرخ اور خوبصورت نکل آتا ہے ...

جنرل ناولٹی سٹور نمبر ۲۰ گنپت روڈ (انارکلی) لاہور

رعایتی اعلان

نصف قیمت صرف ایڈیشن کیلئے

... ۸ مئی ... نصف قیمت ...

سدابہار آملہ ہیئر آئیل

... خالص ... آملہ ... کا تیل ...

تسلیم ہیئر آئیل ورکس ...

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

اکسیر حیات

... قیمت ...

مولانا حکیم ... صاحب ... پھلواری شریف ضلع پٹنہ

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ

ششماہی

سہ ماہی

ممالک غیر کے لئے

سالانہ

ششماہی

نمونہ مفت

فی پرچہ

الجمعیۃ دہلی

روزنامہ

یداللہ علی الجماعۃ

معاون محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر بلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۷ | دہلی یوم شنبہ ۱۷ محرم الحرام ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۳ مئی ۱۹۳۳ء | نمبر ۲۳

نئے ہجری سنہ کا مبارک آغاز

اسلامی سنہ فتح و کامرانی کی نہیں، مظلومی اور بیکسی کی یادگار ہے

دنیا کے دیگر سنین کا ہجری سن سے مقابلہ

(از ادارہ)

یکم محرم الحرام سے نئے ہجری کا آغاز ہو گیا۔ سنہ ہجری کا ہر پہلا مہینہ مسلمانوں کو یاد دلاتا ہے کہ ہادی برحق، پیشوائے اعظم حبیب رب مختار جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ...

خوزستان کے بادشاہ ہرمزان (جو مسلمان ہو کر مدینہ تشریف لے آئے تھے) سے مشورہ کیا گیا ...

صحابہ کرام کا اتفاق

معاصرین کے افکار و آراء

سرکی والوں کی جمعیۃ علماء

جمعیت پروروں کی ہزلیات

نئی کانگریس

بیت المقدس اور دنیائے اسلام

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلی ماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

طلا ناصر دی یعنی تحفہ عظیم

نوجوان بچپن کی غلط کاریوں کی وجہ سے اپنی جوانی تباہ کر چکے ہوں اور اپنے آپ کو زندہ درگور سمجھتے ہوں بلکہ سینکڑوں روپے ضائع کرنے کے بعد بھی زندگی سے بیزار ہوں۔ ان کو ہم نیک مشورہ دیتے ہیں کہ ایک دفعہ ہمارے طلا کی ضرور آزمائش کریں۔ انشاءاللہ سو فی صدی کامیابی ہو گی۔ ہر پرچہ ترکیب ہمراہ دوا ارسال ہوگا۔ قیمت فی شیشی ۔/۱ علاوہ محصولڈاک

پتہ

ایجنسی نیو ٹریڈنگ کمپنی نمبر ۲۲ اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور

سفید بال جڑ سے کالا

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دارومدار ہے۔ اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دے کر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے قبض کشا زود اثر اور بالکل بے خطر ہے۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے "منیجر"

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آج کل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں۔ اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ الحمدللہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے۔ اس کتاب میں دوا سازی کے اصول نہایت وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں ... ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند فرمایا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے۔ کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۵۵ صفحات ہے لیکن اس سے فائدہ عام کرنے کیلئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں۔ انمیں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے۔ اسمیں احادیث درج ہیں جنمیں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب آہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب آہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے۔ مکمل کتاب ۴۸۰ احادیث پر مشتمل ہے ... دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے۔ اسمیں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے ... اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے۔ ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے ... دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس نشان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں کوئی قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا۔ اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے دہلی کے خوشنویس سے کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں ...

نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے ... اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ...

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے۔ یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد، مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے، مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام المجید میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے۔ اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ... اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ خوشنما ... علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن مجید

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو دیکھ کر پڑھنا باقیات الصالحات میں سے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر بہت پسند فرمایا اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا ہے۔ صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت مولانا شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی ... ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عللہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عہ

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

حضرت مفتی اعظم کی رہائی اور دہلی میں تشریف آوری

اسٹیشن پر ہزارہا عقیدتمندوں کا اجتماع

"مفتی اعظم زندہ باد" کے فلک شگاف نعرے اور جوش ارادت کے عدیم المثال مناظر

مجمع کے سامنے تقریر اور اخبارات کے نمائندوں کو بیان

بیٹھنے اور اپنی حوائج ضروریہ کو پورا کرنے کی مطلقاً ان میں طاقت نہیں رہی ہے اور ان کی حالت خطرناک اور مخدوش ہے انسران جیل کا انسانی فرض ہے کہ وہ دہلی کی حکومت کو ان کی خطرناک حالت سے جلد از جلد آگاہ کریں اور حکومت کی دانشمندی کا تقاضا یہی ہے کہ وہ ان کو فوراً رہا کرے۔ مسلمانوں سے درخواست ہے کہ مولوی صاحب موصوف کے لئے صحت و عافیت کی دعا کریں۔"

دعوت عام

مجمع کے لئے ہدایات

اخبارات کے لئے بیان

... کے چہرہ سے نقاہت کے آثار نمایاں ہیں اور بہت دبلے معلوم ہوتے ہیں۔

(نامہ نگار خصوصی)

نئے ہجری سنہ کا مبارک آغاز

(بسلسلہ صفحہ اول)

دول اسلام کی ہیبت و شوکت پر ناگوار اثر پڑتا تھا۔ دوسری وجہ یہ تھی کہ اسلامی سنہ میں صحابہ کرام ایک خصوصیت پیدا کرنا چاہتے تھے ایسی خصوصیت جس نے ...

اسلامی سنہ اور مروجہ سنین

عربی اخبار کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

یاتینہ من کل فج عمیق

مختلف ممالک کے حجاج کی تعداد

محکمہ بحریہ جدہ نے ان حاجیوں کے اعداد و شمار شائع کردئے ہیں جو امسال بحری سفر کے ذریعہ زیارت بیت اللہ الحرام کیلئے حجاز تشریف لائے۔ ذیل میں ہر ملک کے ... کی فہرست درج کی جاتی ہے۔

نام ملک	تعداد	تعداد خورد سال
سینیگال	۲۳	۰
کیپ ٹاؤن	۳۲	۵
زنجبار	۱	۰
جاوا	۲۲۵۶	۱۶۱
ترکی	۵۰	۲
عراق	۱۴۹	۰
فلسطین	۱۹۵	۲
شام	۴۹۱	۱۳
ہندوستان	۶۷۵۸	۲۸۲
چین	۳۲	۰
بخارا	۱۱۸۰	۲۴
[illegible]	۴۳۲	۷۷
افغانستان	۲۳۹۰	۲۳
مسقط	۱۱	۰
مصر	۱۵۸۵	۴۰
مغرب اقصیٰ	۱۲۶۸	۱۶
سوڈان	۴۲۰	۰
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	۱۱	۰
[illegible]	[illegible]	۶
یمن	۳۴۲	۳
عدن	۱۶	۰
بحرین	۱۶۷	۳
ایران	۵۸۵	۱
داغستان	۱	۰
کل تعداد	۲۰۱۹۱	

یہ تعداد ان حجاج کے علاوہ ہے جو خشکی کے راستوں سے حجاز پہونچے۔

والی حجاز کا بے نظیر عفو و کرم

عسیر کے باغی کو دو ہزار کا ماہانہ وظیفہ

معاصر ام القریٰ میں حکومت حجاز کی طرف سے ذیل کا سرکاری بیان شائع ہوا ہے:

"علاقہ عسیر میں اب خدا کے فضل و کرم سے بالکل امن و امان ہے اور فساد و بغاوت کے تمام آثار مٹ چکے ہیں۔ بغاوت کے دوران میں جو قبائل فرار ہو گئے تھے وہ واپس آ گئے ہیں اور تمام بازار بھی کھل گئے ہیں ... سلطان ابن سعود نے تمام لوگوں کو عام معافی دیدی ہے ..."

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۲۷ محرم الحرام ۱۳۵۲ھ

"سیرت محمد علی" کے دو ابواب

علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۴)

گزشتہ اشاعتوں میں ان الزامات کی تردید کی جا چکی ہے جو علمائے ہند پر "غدار کے بعد" سیاسیات سے کامل بے خبری وبے تعلقی کے متعلق سیرت محمد علی کے قابل مؤلف نے نہایت بے تکلفی کے ساتھ عائد کئے ہیں اور جن کے لئے سر محمد یعقوب جیسے ماہر تاریخ حاضرہ کے اقوال نقل کر کے اپنے اس دعوے کو صحیح ثابت کرنے کی ...

عمل میں آیا تو مولانا محمد علی مرحوم و مغفور بیتول جیل میں مقید تھے اور اس سے بھی قبل چھندواڑہ میں نظر بند رہ چکے تھے۔ "تقریباً" پانچ سال کا عرصہ اسی نظر بندی اور قید و بند کی حالت میں گزر رہا تھا۔ نومبر ۱۹۱۹ء کی آخری تاریخوں میں ایک دن شہر دہلی سے باہر "رسول نما" میں ہندوستان کے چند برگزیدہ علماء نے جو پہلے سے ...

سیاسیات کو مذہبی دائرہ سے خارج سمجھ کر ان لوگوں کے لئے چھوڑ دیا جائے جو مذہبی معلومات پر چنداں عبور نہیں رکھتے۔ حضرت مفتی صاحب کی اس تقریر میں ان تمام الزامات کا جواب بھی موجود ہے جو علماء پر سیاسیات کو مذہبی دائرہ سے خارج کر دینے کے متعلق عائد کئے گئے ہیں۔ اور اسی تقریر میں انعقاد جمعیۃ کے حقیقی اسباب و علل کا بھی تذکرہ ہے۔ تمام علماء نے جو تشریف رکھتے تھے ان دلائل سے اتفاق کیا اور باوجود بیرونی مخالفت کے خود علماء کے ہاتھوں جمعیۃ علمائے ہند کی بنیادیں استوار ہو گئیں۔

یہ ہیں وہ صحیح و مستند حالات جو جمعیۃ علمائے ہند کے قیام سے تعلق ہیں۔ اب ان کے بعد کون شخص یہ کہہ سکتا ہے کہ جمعیۃ کسی بیرونی تحریک سے قائم ہوئی اور خود علماء کے اندر اپنی جماعتی تنظیم کا احساس کبھی پیدا نہیں ہوا۔ حضرت مولانا عبدالباری رحمۃ اللہ علیہ کی صدارت جیسا کہ ہم پہلے بھی لکھ چکے ہیں محض اس وجہ سے تھی کہ وہ ایک جید عالم تھے اس وجہ سے نہیں تھی کہ وہ مولانا محمد علی مرحوم کے "مرشد" تھے اور جمعیۃ مولانا محمد علی کی متبع ہونا چاہتی تھی۔

(باقی آئندہ)

تاسیس جمعیۃ کی مخالفت

نہایت عجیب استدلال

مخالفت کا مسکت جواب

جمعیۃ علمائے ہند کی تاسیس

قومی و مذہبی کام تو ایک طرف رہے لوگ اپنے ذاتی و شخصی جھگڑوں کا فیصلہ کرانے بھی خود مفتی صاحب ہی کے پاس آتے ہیں، اور حضرت مفتی صاحب جس طرح سمجھا دیتے ہیں اس پر عمل کرتے ہیں۔ چونکہ حضرت مفتی صاحب کی اصابت رائے اور قوت فقاہت تمام عوام و خواص کے نزدیک مسلم ہے اس لئے ہر معاملہ میں حضرت مفتی صاحب ہی سے رجوع کیا جاتا ہے۔ اور تشفی ...

ملاحظہ ہو مختصر حالات انعقاد جمعیۃ علمائے ہند مطبوعہ ۱۹۲۰ء در محبوب المطابع دہلی صفحہ ۹

مفتی اعظم کی رہائی

حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند ڈیڑھ سال کی طویل مدت اسارت ختم کرنے کے بعد ۸ مئی کو ملتان جیل سے رہا ہو گئے اور ۸ مئی کو دہلی میں حضرت ممدوح کا وہ شاندار و عدیم المثال استقبال ہوا جو تاریخ میں ہمیشہ یادگار رہے گا۔ جن حضرات کو کبھی دہلی میں رہنے کا اتفاق نہیں ہوا ...

... کا سہارا یہ مسلمانان ہند کے سروں پر تادیر قائم رہ سکے اور اس مقصد میں ہندوستان کو کامیابی نصیب ہو جس کے لئے حضرت مفتی صاحب نے زندان کی صعوبتیں برداشت کی ہیں۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ہمارے ملک کاٹھیاواڑ میں (اکثر جگہ اور شاذ کسی جگہ نہیں بھی ہے) اور خاص ہمارے گاؤں کوڈا ساگا میں یہ رسم ہے کہ عیدین کے موقعہ پر عام مسلمان ایک جمع کے ساتھ اپنے پیش امام کو گھوڑے پر بٹھا کر نفیری ڈھول تاشے بجاتے ہوئے عیدگاہ جاتے ہیں اور اسی طرح واپس آتے ہیں پھر عید کے روز سہ پہر سے عورتیں اپنے اپنے محلہ میں ایک جگہ جمع ہو کر ڈھولک کے ساتھ ناچتی گاتی ہیں اور شادی کے موقع پر بھی ایسا کرتی ہیں اور یہ بالکل ہمارے ملک میں ہندوانی رسم ہے اور یہ سلسلہ تین روز تک رہتا ہے۔

دوسرے یہ کہ ہمارے یہاں ایک یہ بھی رسم ہے کہ جنازے کے ساتھ کچھ لوگ بہت سے آگے آگے چلتے ہوئے قصائد پڑھتے ہیں آیا اس طرح کرنا شریعت حقہ سے جائز ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب

محمد کفایت اللہ غفرلہ
مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء

الجواب

محمد کفایت اللہ غفرلہ
مدرسہ امینیہ دہلی

جامع مسجد دہلی میں صدر جمعیۃ علماء ہند کی تقریر

دہلی ۱۱ مئی۔ کل ۱۲ مئی کو بروز جمعہ جامع مسجد دہلی میں نماز جمعہ کے بعد حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند ایک جامع اور حقائق پرور تقریر فرمائیں گے۔

حکومت سیاسی قیدیوں کو رہا کرنے کے لئے تیار نہیں ہے

عارضی التوا سے حکومت کا مقصد پورا نہیں ہوتا

حکومت کی طرف سے گاندھی جی کے بیان کا جواب

شملہ ۹ مئی۔ گاندھی جی کے بیان کے جواب میں حکومت نے جو کمیونیکے شائع کیا ہے وہ حسب ذیل ہے :-

"گاندھی جی کی رہائی نے جو ان کے غیر مشروط طویل برت کی وجہ سے ہوئی ہے اور جس کے متعلق انہوں نے یہ بیان شائع کیا ہے کہ وہ حکومت سے بالکل متعلق نہیں ہے اور ہریجن تحریک سے متعلق ہے، سیاسی قیدیوں یا ان لوگوں کی رہائی کے متعلق جو سیاسی تحریک سے وابستہ تھے، حکومت کی عام پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔

"سول نافرمانی کے قیدیوں کی رہائی کے متعلق حکومت کی جو روش ہے اس کا اظہار جنیوا مقننہ میں کیم اپریل کو ہوم ممبر کے ایک بیان میں کردیا گیا تھا۔ انہوں نے اپنی تقریر کے دوران میں کہا تھا کہ اگر واقعی کانگریس تحریک سول نافرمانی کو دوبارہ شروع کرنا نہیں چاہتی تو اسے صاف صاف کیوں ظاہر نہیں کردیا جاتا ...

... وزیر ہند نے ان الفاظ میں اچھی طرح واضح کردیا تھا کہ ہمارے پاس اس قسم کے پورے اطمینان دلانے والے دلائل ہونے چاہئیں کہ ان لوگوں کی رہائی کے بعد سول نافرمانی نہ ہوگی۔

"صرف عارضی التوا جس سے حکومت سے گفتگو کا آغاز ہوجائے، حکومت کی ان شرائط کی تکمیل نہیں ہوتی جن سے حکومت ہند کو یہ اطمینان ہوسکے کہ سول نافرمانی درحقیقت اب ترک کردی گئی ہے۔

"تحریک سول نافرمانی کی واپسی کے لئے یا سیاسی قیدیوں کی رہائی کے لئے اب کانگریس سے گفتگو کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کہ اس سے اب کوئی سمجھوتہ کیا جائے۔"

مولانا شوکت علی کی وائسرائے سے ملاقات

"ہماری آئندہ کوششیں ضرور کامیاب ہوں گی"

گاندھی جی کے بیان پر تبصرہ۔ مسٹر چرچل کو مفید مشورہ

شملہ ۱۱ مئی۔ آج مولانا شوکت علی نے وائسرائے سے ملاقات کی۔ ملاقات کے بعد ایسوسی ایٹڈ پریس کو مندرجہ ذیل بیان دیا :-

میں نے آج وائسرائے سے ایک گھنٹہ تک نہایت کامیاب گفتگو کی۔ انہوں نے فرمایا کہ میں ہندوستان اور انگلستان میں مفاہمت کی ہر تحریک کا خیر مقدم کرتا ہوں ...

... مسٹر چرچل اور ان کے رفقاء اپنے معاملات کو طے کرنے کے لئے ہندوستان کو ہلاکت کا کھیل نہ بنائیں ... ہمارے راستہ میں زبردست مشکلات پیدا کردیں گی۔

دارالحکومت

خاندان مغلیہ کے ایک فرد کا وزیر ہند پر دعویٰ

عدالت نے دونوں دعوے خارج کردیئے

دہلی ۱۰ مئی۔ الٰہی بخش منیہ رکن خاندان مغلیہ نے وزیر ہند کے خلاف ۱۵ کروڑ کا ایک دیوانی دعویٰ اور دوسرا ۲۵ لاکھ کا دائر کیا تھا ... عدالت نے دعویٰ خارج کردیا ...

بیت المقدس میں اسلامی یونیورسٹی کی تاسیس

ہندوستان کیلئے اعراب فلسطین کا ایک وفد

بیت المقدس کی موتمر اسلامی نے مندرجہ ذیل اعلان شائع کیا ہے :- ... وفد محرم الحرام کے وسط میں بیت المقدس سے روانہ ہوجائے گا ... اس یونیورسٹی کی بنیاد اسلامی تہذیب و تمدن پر رکھی جائے گی ... تمام ہندوستانی اخبارات سے التماس ہے کہ وہ اس کی تاسیس کے لئے سعی بلیغ فرمائیں اور وفد کو کامیاب بنانے کی کوشش کریں۔

مجلس احرار نے پنجاب فارمولے کو مسترد کردیا

لاہور ۱۱ مئی۔ کل مولانا حبیب الرحمٰن صاحب کی صدارت میں آل انڈیا مجلس احرار اسلام کی مجلس عاملہ کا جلسہ منعقد ہوا جس میں پنجاب فارمولا کے متعلق مندرجہ ذیل تجویز منظور ہوئی :- پنجاب کا فارمولا مسلمانوں کیلئے ناقابل قبول ہے ...

گورنر کشمیر کے نام مولانا محمد یوسف میر واعظ کا نوٹس

مولانا محمد یوسف میر واعظ کشمیر نے سر ظفر سنگھ گورنر کشمیر کو ایک نوٹس دیا ہے ...

سرخپوشوں سے جرمانہ کی وصولی

پشاور ۱۰ مئی۔ سرخپوشوں کا سردار ... مردان میں گرفتار کر لیا گیا ... دو سال قید سخت کی سزا دی گئی ...

محرم کے موقعہ پر ہندو مسلم فسادات

الور، بنگلور، جودھپور اور راجشاہی میں ہنگامے

متعدد مسلمان شہید و مجروح

شملہ ۸ مئی۔ سرکاری طور پر معلوم ہوا ہے کہ تبجارہ کے ریاست الور میں محرم کی تعزیوں کے سلسلہ میں فساد ہوگیا۔ متعدد مقامات پر آتش باری کی گئی مگر برطانوی فوج نے مجمع کو منتشر کردیا ... دو مسلمان شہید اور متعدد زخمی ہوئے ...

بنگلور ۹ مئی۔ اتوار کی شب کو زبردست فرقہ وارانہ فساد ہوگیا ... ایک مسلمان شہید اور ۵ مجروح ہوئے ... ایک لاکھ سے زائد کا نقصان ہوا۔

جودھپور ۹ مئی۔ ... ہندو مسلمانوں میں فساد ہوگیا ... چند آدمی زخمی ہوگئے۔

راجشاہی ۹ مئی۔ گذشتہ جمعہ کی شب کو محرم کے جلوس کے سلسلہ میں دو پارٹیوں میں فساد ہوگیا ... دس اشخاص گرفتار کرلئے گئے۔

سناتن دھرم کانفرنس کی قراردادیں

طلاق اور اچھوت اودھار بلوں کی مخالفت

راولپنڈی ۹ مئی۔ سناتن دھرم کانفرنس منعقدہ راولپنڈی میں متعدد قراردادیں منظور کی گئی ہیں جن میں ہندو خواتین کے طلاق کے مسودہ قانون، مندروں میں داخلہ کے بل اور اچھوت اودھار بل کی سخت مخالفت کی گئی ہے ...

مردان کے ایک اور گاؤں پر جرمانہ

پشاور ۸ مئی۔ گزٹ کی اشاعت غیر معمولی میں مندرجہ ذیل اعلان شائع ہوا ہے ... روپے کا جرمانہ کرتے ہیں۔

برطانیہ کیلئے ایک نیا قرضہ

شملہ ۹ مئی۔ ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ وزیر ہند نے ... ایک نیا قرضہ جاری کیا ہے ...

کشمیر کمیٹی سے مرزا محمود کا استعفیٰ

لاہور ۹ مئی۔ آل انڈیا کشمیر کمیٹی کے ... مرزا بشیر الدین محمود ... نے صدارت سے استعفیٰ دیدیا ... ڈاکٹر سر محمد اقبال منتخب ہوئے ہیں۔

جدہ اور مکہ مکرمہ کے درمیان ریلوے کی تعمیر

ہندوستانی مسلمان حصص خرید کر ثواب حاصل کریں

حافظ محمد یوسف صاحب باب الصفا کعبہ مکہ مکرمہ (حجاز) سے اطلاع دیتے ہیں کہ گذشتہ شوال میں سید عبدالقادر جیلانی نے جدہ اور مکہ مکرمہ کے مابین ریلوے کی تعمیر کی اجازت والی حجاز سے حاصل کرلی ہے ... کمپنی کا سرمایہ ۵۰ لاکھ کا ہوگا ...

مزار شریف میں چینی ترکستان کے مسلمانوں کا اجتماع

رہنماؤں کی ہدایت پر فوری واپسی

کابل ۹ مئی۔ چینی ترکستان کے مسلم زائرین کا اجتماع مزار شریف میں ہوا ... چینی ترکستان کے تمام حصوں میں مسلمان آہستہ آہستہ پھیل جائیں گے۔

اسپین میں حکومت کا تختہ الٹنے کی سازش

فوجی افسروں کی گرفتاری

میڈرڈ ۱۰ مئی۔ نو اعلیٰ فوجی افسروں کو اس الزام میں گرفتار کیا گیا ہے کہ انہوں نے اسپین میں شخصی حکومت کرنے کے لئے سازش کی ...

اینگلو انڈین لڑکی پر گولی کے فائر

کانپور ۱۰ مئی۔ ایک نوجوان اینگلو انڈین لڑکی پر نانا راؤ اسٹیشن پر گولی سے حملہ کیا گیا ... اسٹیشن پر سنسنی پھیل گئی۔

کانگریس کی رپورٹ شائع کرنے کا جرم

الہ آباد ۹ مئی۔ ... کانپور کے فسادات کے متعلق کانگریس کی تحقیقاتی رپورٹ طبع ہوئی تھی ... ضمانت طلب کی ہے۔

مولانا شوکت علی وائسرائے سے ملاقات کریں گے

شملہ ۱۰ مئی۔ کل مولانا شوکت علی شملہ پہنچ گئے۔ آپ آج کل میں وائسرائے سے ملاقات کریں گے ...

حکومت عراق نے باغیوں کو عام معافی دیدی

بغداد میں مغربی تہذیب کی کرشمہ سازیاں

وزیر اعظم عراق کا درد بھرا مکتوب

بغداد ... گذشتہ سال شیخ احمد برزان اور اس کے ساتھیوں نے عراق میں بغاوت برپا کی تھی ... اس قانون کا اطلاق شیخ احمد برزان پر نہیں کیا گیا ...

بغداد کے جدید کابینہ نے بغداد کی اخلاقی حالت پر غور کیا ... (۱) شراب کی دوکانیں ... (۲) ناچ گھروں میں قماربازی کی کثرت (۳) شراب خانوں میں ناچ کی ترویج (۴) قحبہ خانوں اور زناکاری کی عدم نگرانی (۵) فحش اور برہنہ تصاویر کی خرید و فروخت۔

شاہ فیصل نے حال ہی میں موصل کا سفر کیا تھا ...

شملہ پر ریلوے کو حادثہ

زمین دھنسنے سے انجن لائن سے اتر گیا

شملہ ۱۰ مئی۔ ... کالکا شملہ ریلوے لائن پر ایک ٹرین لائن سے اتر گئی ...

جامعہ قاسمیہ مرادآباد کا سالانہ جلسہ

مورخہ ۱۴، ۱۵، ۱۶ محرم ۱۳۵۲ھ ... مدرسہ قاسمیہ اسلامیہ عربیہ مرادآباد کا ... سالانہ اجلاس ... منعقد ہوگا ... حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی، حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند ... مولانا قاری محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند اور مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی وغیرہ علماء عظام تشریف لائیں گے۔

کالی کٹ میں مسلم کانفرنس کا اجلاس

مورخہ ۱۲، ۱۳ مئی ۱۹۳۳ء ... کالی کٹ میں کیرالہ مسلم کانفرنس کا دوسرا سالانہ اجلاس منعقد ہوگا ...

گاندھی جی کو حکومت نے رہا کردیا

ایک ماہ کیلئے تحریک سول نافرمانی کا التوا

سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ۔ حکومت کا سرکاری بیان

پونہ ۸ مئی۔ گاندھی جی آج رات کو ۹ بجے برت کے نو گھنٹہ بعد ہی رہا کردیئے گئے۔ رہائی کے بعد آپ کو پونہ میں لیڈی ٹھاکرسی کی کوٹھی پر موٹر کے ذریعہ پہنچا دیا گیا۔ گاندھی جی کے رفقائے سجن مسز ڈیوبیائی اور سردار ولبھ بھائی پٹیل بدستور جیل میں محبوس ہیں۔ رہائی سے تقریباً دو گھنٹے قبل مسٹر ... سپرنٹنڈنٹ جیل ... گاندھی جی کے پاس پہنچ گئے ...

تحریک سول نافرمانی کا واپس لینا ان لوگوں کے دائرہ اختیار سے باہر ہے جو اس وقت جیلوں سے باہر ہیں۔ کانگریس کمیٹی کی مجلس عاملہ ہی اس کا فیصلہ کرسکتی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ میں ایک بڑی زبردست ذمہ داری اپنے سر لے رہا ہوں لیکن میں اس شخص کی نصیحت پر عمل پیرا ہوں جو تحریک سول نافرمانی کا محرک اور بانی ہے اس لئے میں سرکاری طور پر اعلان کرتا ہوں کہ ۹ مئی سے تحریک سول نافرمانی ایک ماہ کیلئے ملتوی کردی جائے۔

حکومت کی صلح پسندی کا امتحان

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کا بیان

دہلی ۹ مئی۔ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند نے اخبارات کے نمائندوں کو حسب ذیل بیان دیا :-

جس طرح حکومت نے گاندھی جی کو بلا شرط رہا کرکے اپنی دانشمندی کا اظہار کیا ہے اسی طرح گاندھی جی نے سول نافرمانی ایک مہینے تک ملتوی رکھنے کا اعلان کرکے اپنی فراخدلی اور صلح پسندی کا ثبوت بہم پہنچا دیا ہے۔ اگر حکومت نے سیاسی اسیروں کو رہا کردیا اور آرڈیننسوں کو واپس لے کر اس کا یقین دلایا کہ ہندوستان کے ساتھ انصاف و مصالحت کے دعوے میں صداقت ہے تو امید ہے کہ آئندہ دستور اساسی کے لئے مستحکم بنیاد کی تعمیر ہوسکے گی۔

لیڈروں کے بیانات

لنڈن۔ گاندھی جی کی رہائی پر سر سیموئیل ہور نے کہا کہ گیا اچھا ہوا کہ آپ کو رہا کردیا گیا ... برت کے متعلق آپ نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔

دہلی۔ ڈاکٹر انصاری صاحب نے فرمایا گاندھی جی نے سول نافرمانی کا التوا کرکے ایک اہم قدم اٹھایا ہے ... اب دیکھنا یہ ہے کہ حکومت گاندھی جی کی درخواست کو منظور کرتی ہے یا نہیں۔

مدراس۔ سر سری نواس شاستری نے کہا۔ اگر حکومت نے گاندھی جی کی درخواست کا جواب صحیح اسپرٹ میں دیا اور سیاسی قیدیوں کو رہا کردیا تو برت کے ایام میں ہی آئندہ کے متعلق بہت کچھ طے ہوجائیگا۔

انگلستان کے اخبارات کا رویہ

ڈیلی ہیرالڈ رقمطراز ہے۔ برت کا نتیجہ خواہ کچھ ہی نکلے حکومت کو صلح کا یہ زریں موقعہ ہاتھ سے نہ کھونا چاہئے۔

مانچسٹر گارجین لکھتا ہے۔ تحریک سول نافرمانی کے التوا نے برطانیہ کیلئے کانگریس اور حکومت کے کشیدہ تعلقات کو خوشگوار بنانے اور جدید اصلاحات کو کامیاب بنانے کا نادر موقع بہم پہنچا دیا ہے۔

ٹائمز کہتا ہے۔ حکومت نے گاندھی جی کو رہا کرکے بہت اچھا کام کیا ہے۔ گاندھی جی کے برت نے حکومت کو ایک ایسا موقع عطا کیا ہے جس کا وہ خیر مقدم کرنے کے سوا اور کچھ نہیں کرسکتی تھی۔ رہائی کا مطلب یہ نہیں کہ حکومت کی پالیسی میں کوئی تبدیلی ہوگئی ہے۔

نیوز کرانیکل رقمطراز ہے۔ اگر حکومت گاندھی جی کو محبوس رکھنے پر اصرار کرتی تو اس کے یہ معنی ہوتے کہ حکومت خود ہی معاشرتی اصلاح کے خلاف ہے۔

ڈیلی ٹیلیگراف لکھتا ہے۔ حکومت نے گاندھی جی کی رہائی کا فیصلہ دانشمندانہ کیا ہے۔ چونکہ انہوں نے برت کا فیصلہ کرکے بچوں نا قدم اٹھایا ہے اس لئے بہتر یہی ہے کہ ان کی ذمہ داری ان کے ہی سر پر ڈال دی جائے۔

لنڈن۔ اخبارات کے علاوہ مسٹر آئزک فٹ ممبر پارلیمنٹ، مسٹر مارگن جونز ممبر پارلیمنٹ، مسٹر کرسی ممبر پارلیمنٹ، مسٹر مارکسٹن وغیرہ نے گاندھی جی کی رہائی پر خوشنودگی کا اظہار کیا۔

سول نافرمانی کا التوا

مسٹر ایم۔ اے اینے قائم مقام صدر کانگریس کو گاندھی جی نے ہدایت کی ہے کہ وہ برت کے خیال سے تحریک سول نافرمانی کو ایک ماہ کیلئے ملتوی کرنے کا اعلان کردیں ... گاندھی جی نے کہا ہے کہ اگر کوئی چاہے تو مجھے پورا یقین ہے کہ اس قسم کا راستہ نکل آئیگا ... تحریک سول نافرمانی کا اختیار کانگریس کی مجلس عاملہ کے اختیار میں ہے ...

سرکاری اعلان

شملہ ۸ مئی۔ گاندھی جی کی رہائی کے متعلق مندرجہ ذیل سرکاری بیان شائع ہوا ہے :-

یکم مئی کو حکومت کے پاس مسٹر گاندھی کی طرف سے مندرجہ ذیل تار آیا تھا: "بعض ایسی وجوہ کی بنا پر جن کا حکومت سے کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ وہ تمام تر تحریک ہریجن کے متعلق ہیں اور ایک ایسی آواز پر جسے نصف شب میں اندر سے سنائی دی مجھے ۲۱ دن کا برت رکھنے کا حکم دیا گیا ہے ..."

... حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ گاندھی جی کو رہا کردیا جائے۔ چنانچہ وہ آج شب کو رہا کردیئے گئے۔

صدر کانگریس کا اعلان

پونہ ۹ مئی۔ رہائی کے بعد گاندھی جی نے جو بیان شائع کیا ہے اس کے متعلق مسٹر اینے قائم مقام صدر کانگریس نے مندرجہ ذیل اعلان شائع کیا ہے :- گو گاندھی جی کے برت کی خبر سے ہندوستان میں تشویش پھیل جائے گی تاہم اہل ملک کو اس بات سے تھوڑا سا اطمینان ہوگا کہ حکومت نے آپ کو غیر مشروط طور پر رہا کردیا ہے ... پنڈت جواہر لال نہرو، سردار ولبھ بھائی پٹیل اور دیگر رہنما جیلوں میں ہیں۔

سول نافرمانی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی

تحریک تعداد سے نہیں بلکہ صفات سے چلتی ہے

میں حکومت کو پھر دعوت دونگا کہ وہ مجھے جیل میں بند کردے

پونہ ۹ مئی۔ گاندھی جی نے کل رہائی کے بعد اخبارات کے نمائندوں کو جو بیان دیا اس کا بقیہ حصہ درج ذیل ہے۔

گاندھی جی نے فرمایا۔ رہائی کے بعد میں اپنی کچھ توجہ تحریک سول نافرمانی پر بھی مبذول رکھوں گا۔ میں سردست صرف اس قدر کہہ سکتا ہوں کہ اس تحریک کے متعلق میرے خیالات میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہوئی ہے ... اب سے تو میں سول نافرمانی کی طرف قدم اٹھانے سے پہلے ہی حکومت کو دعوت دونگا کہ وہ پھر مجھے یرودا جیل میں بند کردے۔

گاندھی جی کا جی متلانے لگا

برت کا جسمانی صحت پر اثر

پونہ ۱۰ مئی۔ گاندھی جی کی جائے رہائش "پرن کٹی" سے آج صبح ... بجے مندرجہ ذیل بلیٹن شائع ہوا ہے :- گذشتہ شام ... گاندھی جی کی حالت بالکل اچھی ہے ... گاندھی جی خود لیٹے رہے ... گاندھی جی کی نبض بالکل درست حالت میں ہے۔

یوپی میں سول نافرمانی ملتوی کردی گئی

مسٹر رفیع احمد قدوائی کا اعلان

کانپور ۱۰ مئی۔ مسٹر رفیع احمد قدوائی سیکرٹری صوبہ کانگریس کمیٹی نے ذیل کا اعلان شائع کیا ہے :- انڈین نیشنل کانگریس کے قائم مقام صدر مسٹر اینے نے گاندھی جی کے مشورہ پر چند ہفتوں کیلئے تحریک سول نافرمانی کو ملتوی کردیا ہے ... یوپی پولیٹیکل کانفرنس جو الہ آباد میں ۱۴ مئی کو ہونے والی تھی ملتوی کردی گئی ہے۔

آبدوز کشتیوں کو ختم کردینے کا مطالبہ

جرمنی کو مساوی حق دو یا اسلحہ میں تخفیف کرو

جنیوا۔ برطانوی تخفیف اسلحہ اسکیم میں جرمنی نے جو بحری ترمیم پیش کی ہے اس میں آبدوزوں کے خاتمہ کی غیر متوقع تجویز شامل ہے ...

لنڈن۔ برطانوی مسودہ کنونشن میں جرمنی نے جو ترمیمیں پیش کی ہیں ... جرمنی کو اسلحہ رکھنے کا مساوی حق حاصل ہے ...

مشترکہ کمیٹی کے اجلاس میں داخلہ کی ممانعت

لنڈن ۹ مئی۔ دارالامراء میں لارڈ فلنتھگر نے ایک تحریک پیش کرتے ہوئے کہا کہ سلیکٹ کمیٹی کے اجلاس میں پبلک کو داخلہ کی اجازت نہ ہوگی اور شہادتوں کی پوری نقل روزانہ شائع کی جایا کرے گی۔ دارالامراء نے اس تجویز کو منظور کرلیا۔

جرمنی میں مخالف جماعتوں کی جائداد کا ضبط

لنڈن ۱۰ مئی۔ حکومت جرمنی نے سوشلسٹ ڈیموکریٹ اور رپبلکن رائیس بینر کی جماعتوں کی جائداد ضبط کرلی ہے ...

قدامت پسند پارٹی کے رویہ پر سر عبدالرحیم کی نکتہ چینی

لنڈن ۱۰ مئی۔ سر عبدالرحیم نے برطانوی قدامت پسند جماعت کے اس طبقہ کے رویہ پر تعجب ظاہر کیا ہے ... ایک قوم کے ساتھ دوسری قوم کا معاملہ سمجھے۔

طیارہ میں آتشزدگی سے ۵ اشخاص ہلاک

میڈرڈ ۱۰ مئی۔ بارسلونا سے ... ایک فرانسیسی ہوائی جہاز کو آگ لگ گئی جس سے پانچ آدمی ہلاک ہوگئے۔

پکٹنگ کے جرم میں ۹ رضاکار گرفتار

... پولیس نے کل ۹ اشخاص کو بدیشی پارچہ کی دوکانوں پر پکٹنگ کرنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے ...

مختصرات

ذیل میں چاروں میں کی اہم خبروں کا خلاصہ درج کیا جاتا ہے :-

الٰہ آباد ۱۰ مئی۔ ڈاکن پنجاب میل ٹرین دہلی سے کلکتہ جاتی ہوئی شب میں ... ڈمرا اور بوری اسٹیشنوں کے درمیان ... پٹری سے اتر گئی ... ہلاک اور ... مجروح ہوئے۔

ہاربن۔ چینی مشرقی ریلوے کے سلسلہ میں روس اور جاپان میں کشیدگی بہت بڑھ گئی ہے۔ ریلوے کے سلسلہ میں روس نے دوبارہ احتجاج کیا ہے۔

لوزیانا ۱۰ مئی۔ ... ارکانساز اور لوزیانا میں زبردست طوفان آیا جس میں ... اشخاص ہلاک ہوگئے ...

امریکہ۔ یوم مئی کے سلسلہ میں امریکہ میں مزدوروں نے زبردست مظاہرے کئے ... انگلستان، ہندوستان وغیرہ ممالک میں بڑی دھوم دھام سے یوم مئی منایا گیا ...

دو آدمی مارے گئے

مدراس ۷ مئی - تناول کی خبر مظہر ہے کہ مار دو کی دو جماعتوں میں صلح کی گفتگو کے وقت لڑائی ہو گئی اور ایک جماعت نے دوسری جماعت پر حملہ کر دیا جس میں دو آدمی مارے گئے۔

صوبہ سرحد سے ماہوار اسلامی رسالہ

جنوری ۱۹۳۳ء سے ایک ماہوار علمی و ادبی و اسلامی رسالہ سرائے صالح (ہزارہ) صوبہ سرحد سے بڑی آب و تاب سے جاری ہے۔ اس رسالہ کا مقصد مسلمانوں کو خلق عظیم کی طرف دعوت دینا اور بیداری کن مروجہ رسوم سے بچا کر ان کی اخلاقی، معاشی اور عمرانی ترقی کی طرف رہنمائی کرنا ہے۔ ادبی لحاظ سے یہ رسالہ بلند پایہ علمی مضامین نثر و نظم سے مزین ماہوار شائع ہوتا ہے اور دور جدید کے ضروری معلومات دلچسپ مضامین کی صورت میں پیش کئے جاتے ہیں۔

مینیجر "ترجمان" سرائے صالح - ہزارہ

(۵) جناب شیخ احمد علی صاحب ... صاحب ... ایک ہزار روپیہ
(۶) جناب حاجی اصطفیٰ خاں صاحب ... اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ

ضرورت ہے کہ دوسرے اہل خیر مسلمان ادہر توجہ فرمائیں اور جو بھی ممکن ہو اس کی امداد ... فرمائیں۔ چندے اور امدادی رقمیں اس پتہ سے بھیجی جائیں۔

عبدالعلی بی - ایس سی ایم بی بی ایس
ناظم ندوۃ العلماء لکھنؤ

واہ واہ وردو بول اٹھے کہ تاثیر اسکو کہتے ہیں!
بدن کندن بنا دیتی ہے اکسیر اسکو کہتے ہیں!

اکسیر حیات
فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

جس کا ہر گھر بلکہ ہر شخص کے پاس سفر و حضر میں رہنا ضروری ہے کیونکہ اکسیر حیات سر سے پیر تک کی اکثر بیماریوں کا حکمی اور فوری علاج ہے اور بڑی بیماریوں میں ایک بوند سے تین بوند تک پانی یا مصری میں کھلانا اور بیرونی امراض میں مرض پر لگانا فوراً تسکین دیکر مرض کو اچھا کر دیتا ہے بڑے بڑے حکیموں، ڈاکٹروں اور مصنفین نے اکسیر حیات کو ... نے بریلی کے درد وغیرہ ... طحال ... دمہ کھانسی تنفس ... فالج ... دیتا ... زہریلے جانوروں کے ڈنکوں ... گویا ایک شیشی ...

مولانا حکیم محمد عبدالہادی صاحب پھلواری ...

حضرت علامہ مولانا شبیر احمد عثمانی دیوبندی مفتی اعظم حضرت مولانا عزیز الرحمن دیوبندی ... حضرت مولانا عبدالباری ... نواب صدر یار جنگ مولانا شروانی ... ادیب کامل مولانا محمد اسحاق ... مولانا خواجہ عبدالحی ... اور ہندوستان کے بہت سے علماء ... اخبارات نے ...

عربی کا معلم
کتاب

... ترجمان القرآن ... عبدالوحید صدیقی معرفت دفتر الجمعیۃ دہلی

سیدی شیخ سنوسی کی نماز غائبانہ
جامع مسجد جھالو میں چند تجاویز کی منظوری

کل ۱۴ اپریل بروز جمعہ حسب ہدایت جمعیۃ علماء ہند کے اعلان موتمر اسلامی قدس چند سربرآوردہ حضرات کی تحریک اور اکثر اشخاص کی تائید پر میری صدارت میں جمعہ کی نماز سے پیشتر قصبہ جھالو ضلع بجنور کی جامع مسجد میں جلسہ ہوا۔ میں نے دوران تقریر میں حضرت شیخ سنوسی علیہ الرحمۃ کی درخشاں اور مجاہدانہ سوانح حیات (جو ۴ مارچ کے پرچہ الجمعیۃ ... صفحہ پر درج ہے) پڑھکر سنائی سامعین بے حد متاثر ہوئے اس کے بعد مسلمانان مراد آباد کے جلسے کی تجویز بصدارت جناب مولانا فخر الدین صاحب انجمن مجمع الاحباب دہلی بصدارت جناب مولانا ناصر صاحب جمعیۃ علمائے سندھ کے اجلاس کی تجاویز بصدارت حضرت مولانا محمد صادق صاحب ادام اللہ ظلہم اور مسلمانان نجیب آباد کی تجاویز مندرجہ الجمعیۃ ... اپریل ... صفحہ ... بالاتفاق منظور کی گئیں نماز جمعہ کی بعد نماز غائبانہ پڑھی گئی۔ اور دعا کی گئی۔

انوار الحق ناظم مدرسہ تجوید القرآن قصبہ جھالو ضلع بجنور

جہاز رانی کے اسکول کا امتحان داخلہ
مسلمانوں کی بے روزگاری کا علاج

مسلمانوں کی بے روزگاری کا مسئلہ روز بروز شدید ہوتا جاتا ہے اس کا خاص سبب یہ ہے کہ مسلمان نوجوان کو مختلف کار آمد پیشوں کی تعلیم موجودہ نظام تعلیم کے ماتحت اسکولوں میں نہیں دیجاتی - اس وجہ سے ارادہ کیا گیا ہے کہ جس قدر ممکن ہو سکے درسی تعلیم کے ساتھ مختلف پیشوں کی تعلیم کا انتظام بھی اسکول میں کیا جائے - سردست یہ طے کیا گیا ہے کہ جہاز رانی کے اسکول کے امتحان داخلہ کی تیاری کا انتظام آنادہ میں کیا جائے۔ جہاز رانی کے اسکول کا امتحان داخلہ ہر سال اکتوبر میں ہوتا ہے۔ جہاز رانی کا اسکول ... ڈفرن ... پندرہ روپیے ماہوار ہیں جس کی تفصیل اسکول کے پراسپکٹس سے معلوم ہو سکتی ہے - جو صاحبان اپنے بچوں کو اس سلسلہ میں یہاں بھیجنا چاہیں وہ براہ کرم ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ... اسکول سے خط و کتابت کریں۔ جہاز رانی کے امتحان داخلہ کی تیاری کے لئے ۱۵ مئی سے کلاس کھل جائے گا تمام طلبہ کی ...

... عمر ۱۴ ... سترہ سال کے درمیان ہونی چاہئے اور علمی استعداد ساتویں اور نویں درجہ کے درمیان۔

ڈاکٹر ضیاء الدین احمد محمد بشیر الدین - محمد اللہ ... حسین

مسجد بارہ کھمبہ کی تعمیر ... التوا

مسجد بارہ کھمبا واقعہ نئی دہلی جس کے اوپر تعمیر کا سوال ... اور تمام مسلمانان دہلی اس کی بے سر و سامانی سے بخوبی واقف ہیں اسی مسجد کے میدان میں گذشتہ سال ایک جلسہ بڑے جوش و خروش سے جمیع مسلمانان شہر نے کیا تھا یہ مسجد راجہ اکبر علی صاحب ٹھیکیدار گورنمنٹ کی اس خریدکردہ زمین میں واقع ہے جس پر راجہ صاحب اپنی دوکانیں اور فلیٹ بنانا چاہتے ہیں چنانچہ ہماری آہ و بکا پر حاجی محمد اسحق صاحب و صاحبزادہ مظہر علی زمیندار صاحب راجہ صاحب سے ملے اور باہمی فیصلہ کی گفتگو ہوئی ہم کو ہر دو صاحبان نے یہ یقین دلا دیا تھا کہ راجہ صاحب جس وقت اپنی دوکانیں کی تعمیر شروع کرائیں گے اسی وقت پہلے خانہ خدا کی خدمت شروع کر دیں گے صاحبزادہ صاحب کا بیان ہے کہ جس اس کا علم پی ڈبلیو ڈی نئی دہلی کو بھی کرا چکا ہوں۔ چنانچہ راجہ صاحب نے اپنی عمارت کی تعمیر کا کام شروع کر دیا۔ مگر مسجد کا کام ابھی تک کسی قسم کا بھی شروع نہ ہوا معلوم ہوا ہے کہ مسجد کی زمین کا ایک ... زمین غصب ہو گیا ہے۔ اکثر مسلمانوں کا اس وقت بھی یہ خیال تھا کہ یہ وعدہ پورا نہیں کیا جائیگا۔ جس پر حاجی محمد اسحق صاحب نے ہم کو قوی یقین دلا دیا اور یہ فرمایا کہ وعدہ خلافی ہرگز نہیں کی جائے گی۔ تعجب یہ ہے کہ صاحبزادہ مظہر علی مرزا صاحب اور حاجی صاحب موصوف دو مہینوں کی باتوں میں آگئے - اب ہم مسلمانان دہلی بذریعہ اس کھلی چٹھی کے جناب صاحبزادہ صاحب کو مطلع کرتے ہیں کہ یا تو آپ اپنے دوست راجہ اکبر علی صاحب سے کہہ کر جلدی مسجد کی تعمیر شروع کرائیں ورنہ ہم لوگ پھر جلسہ کر کے اس معاملہ کی خود فکر کریں گے۔

خلیل الدین وغیرہ مسلمانان دہلی

مسجد دار العلوم کی تعمیر

...

(۲) جناب مولوی محمد نسیم صاحب ایڈوکیٹ لکھنؤ یکصد روپیہ
(۳) جناب مولوی ... صاحب بیرسٹر ایٹ لا لکھنؤ یکصد روپیہ
(۴) جناب شیخ ... حسین صاحب ... لکھنؤ ... روپیہ

مصفی
طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہو گیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کر کے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلاخوف تردید دعویٰ کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کر سکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی حاجی محمد اجمل خاں صاحب کے مشورہ سے جدید سائنٹفک طریقہ پر طیار کیا گیا ہے۔ خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔ کھجلی، داد، پھنسیاں وغیرہ حتیٰ کہ سوزاک آتشک اور جذام کا زہریلہ مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے نابود ہو جاتا ہے اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۱۲ خوراک کی شیشی ۱۲ علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال - ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملا کر اور اگر مرض کا جوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے

خوبصورتی کا کیمیہ

خوبصورتی بھی ایک جادو ہے جس میں چہرہ اور خوبصورت شکل بڑے بڑے عابد اور زاہد کو بھی اپنی طرف متوجہ کر لیتی ہے - مرد ہو یا عورت عموماً خوش نصیب وہی ہے - جو خوبصورت ہو خوبصورتی خدا کی بخشی پیاری ہے اسی لئے اس نعمت عظمیٰ کو حاصل کرنا اور خوبصورتی کو قائم رکھنے کے لئے - ہمارا سائنس کے اصولوں پر تیار کردہ بیوٹی لوشن استعمال کریں جس کے ... چہرہ پر ملنے سے کالا کلوٹا یا بدنما چہرہ گلاب کے پھول کی مانند سرخ اور خوبصورت نکل آتا ہے - نفیس ترین ادویات اور بہترین طریقہ پر خوشبو میں بسا کر تیار کیا جاتا ہے اس کی خوبی صرف استعمال کرنے پر ہی منحصر ہے - ایک دفعہ استعمال کریں تو ... خوشبو کی لپٹیں آتی رہیں - اس کے بعد کریم پوڈر کی ضرورت نہیں رہتی - کئی روز تک جسم میں برابر خوشبو آتی رہتی ہے ... دل و دماغ معطر رہتا ہے - نفاست پسند بیگمات بڑے شوق سے استعمال کرتی ہیں - چند ہی روز میں ... ہر قسم کے داغ دھبے - چھائیاں - کیل - مہاسے اور ... سب دور کر کے چاند سی صورت نکل آتی ہے۔ قیمت ... علاوہ محصول ڈاک

جنرل ناولٹی سٹور نمبر ۲ کینٹ روڈ (انار کلی) لاہور

شائع ہو گیا شائع ہو گیا

حصہ اول - حصہ دوم - حصہ سوم و چہارم

بہ لحاظ تعداد الفاظ و محاورات و ضرب الامثال دنیا میں سب سے بڑا ...

جامع اللغات اردو
اسم متعلقہ

اردو، ہندی، فارسی، عربی اور سنسکرت الفاظ کا مخزن پچیس ہزار سے زائد ضرب الامثال و اقوال کا مجموعہ، لاکھوں محاورات اصطلاحات کا حامل، الفاظ علمیہ کی تشریحات، تقصص اور تاریخی واقعات، مشاہیر عالم کی سوانح عمریاں، علم الاصنام کے قصے، ملکوں اور شہروں وغیرہ کے حالات نہایت تفصیل سے درج ہیں۔

محاورات نسواں، محاورات عامہ اور پیشہ وروں کی اصطلاحات بہت بڑی تعداد میں موجود ہیں۔ خریداروں کی سہولت کے لئے یہ لغت اسی صفحات کے کم و بیش ماہواری حصوں میں شائع کیا جا رہا ہے - قیمت فی حصہ ... علاوہ محصولڈاک۔

حصہ اول، دوم، سوم و چہارم تیار ہے فوراً منگوائیے ورنہ دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

المشتہر منیجر جامع اللغات کمپنی گوبند رام اسٹریٹ چیمبرلین روڈ لاہور

کہتی ہے تجھ کو خلق خدا غائبانہ کیا!

خان بہادر نواب مظفر خاں صاحب - مولف نے بہت محنت اور جانفشانی سے اس عظیم الشان کام کو پایہ تکمیل تک پہنچایا ہے ......
جناب ... عبدالقیوم صاحب بیرسٹر ...
جناب حافظ محمود شیرانی ...
جناب ... عثمان صاحب ...
جناب سید ... حسین صاحب ...
جناب ... حسین صاحب ...

سکیٹرہ کے بعد عشرہ محرم پر ہندوؤں کا اجتماع
ہندوؤں کی فساد انگیزی اور پولیس افسران کی لاپرواہی

(الجمعیۃ کے نامہ نگار خصوصی کے قلم سے)

جب سے ۲۰-۲۲ ہزار ہندوؤں نے سکیٹرہ پر حملہ کیا ہے اس وقت سے ان کے حوصلے بہت بڑھ گئے ہیں اور ان کی امن سوز حرکات میں برابر اضافہ ہو رہا ہے وہ ہر روز مسلمانوں کو جانی اور مالی نقصان پہونچانے کا پروپیگنڈہ کرتے اور ان کو تباہ کرنے کے منصوبے گانٹھتے رہتے ہیں - چونکہ بلکھوہ ہندوؤں کی مفسدانہ حرکات کا مرکز ہے اس لئے یہاں آئے دن گل کھلتے رہتے ہیں - کل عشرہ محرم کا ذکر ہے کہ ہندوؤں نے علاقہ راجپوتان میں تقریباً دو ہزار آدمیوں کو جمع کر لیا جن میں سے دو سو کے قریب راجپوتوں کی چوپال میں بٹھا دیئے گئے اور باقی ہندوؤں کو مختلف مکانوں میں پوشیدہ کر دیا گیا ان سنگھٹنیوں کا ارادہ یہ تھا کہ جس وقت نیم کے درخت کے نیچے سے اکھاڑے اور تعزیئے گذریں تو اس وقت کوئی بہانہ بنا کر مسلمانوں پر حملہ کر دیا جائے۔

مسلمانوں کو جب اس اجتماع کا علم ہوا تو انہوں نے اس کی اطلاع تھانہ بلکھوہ کے سب انسپکٹر اودے سنگھ کو دی چنانچہ اودے سنگھ اپنے ہمراہ ایک اور سب انسپکٹر کو لیکر موقع اجتماع پر پہونچے اور ہندوؤں کی شرارتوں کو ملاحظہ کیا - باوجود اس کے کہ بلکھوہ میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ ہو چکا تھا جس کی رو سے کسی جگہ جمع ہونا اور لاٹھیوں کا رکھنا ممنوع تھا مگر ہندوؤں کی خلاف قانون حرکات کا کوئی نوٹس نہیں لیا گیا۔ نہ تو ہندوؤں کی گرفتاری عمل میں آئی اور نہ ان سے لاٹھیاں ہی چھینی گئیں اگر مسلمان موقع کی نزاکت کو محسوس نہ کرتے اور حکمت عملی سے کام نہ لیتے تو خبر نہیں کس قدر خون خرابہ ہوتا۔

پولیس کی لاپرواہی حد سے گذر گئی ہے ادھر وہ برابر اپنے تغافل سے مفسدوں کے حوصلے بڑھا رہی ہے بلکھوہ یا اس کے گرد و نواح میں اب تک جو کچھ ہوا اس کی تمام تر ذمہ داری پولیس افسران کے سر ہے دفعہ ۱۴۴ کے نفاذ کے بعد ہندوؤں کا شارع عام پر لاٹھیاں لیکر جمع ہونا اور پھر پولیس کا ان سے کوئی تعرض نہ کرنا ...

شیعہ کانفرنس کی رجعت پسندانہ تجاویز
حکومت حجاز پر کامل اعتماد

انجمن امداد الاسلام دیوبند کا اجلاس ... ذی الحجہ ... بعد نماز عشاء جناب صدر کے دولت کدہ پر زیر صدارت جناب مولانا قاری حافظ محمد طیب صاحب صدر انجمن و مدرس دار العلوم منعقد ہوا تلاوت قرآن مجید کے جلسہ بلاس شروع ہوا اخیر میں سکرٹری انجمن نے تین تجاویز پیش کیں جو بالاتفاق آراء منظور ہوئیں۔

(۱) انجمن امداد الاسلام دیوبند کی مجلس منتظمہ کا یہ اجلاس حضرت امام المجاہدین شیخ اعظم سیدنا احمد شریف سنوسی نور اللہ مرقدہ کی وفات حسرت آیات پر اپنے دلی رنج و صدمہ کا اظہار کرتا ہے اور حضرت ممدوح کے لئے مسلمانان ہند سے دعائے مغفرت کی اپیل کرتا ہے نیز حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے پسماندگان سے اظہار ہمدردی کرتا ہے۔

(۲) انجمن امداد الاسلام دیوبند کی مجلس منتظمہ کا یہ اجلاس آل انڈیا شیعہ کانفرنس کی ان تجاویز پر جس میں اعلیحضرت امیر المومنین سلطان عبدالعزیز ابن سعود و خادم اللہ ملکہ وسلطنتہ کی حکومت پر ناپاک حملے کئے گئے ہیں اہل تشیعہ کے اس رویہ کے خلاف شدید غم و غصہ کا اظہار کرتا ہے اور حکومت برطانیہ سے اپیل کرتا ہے کہ مسلمانان ہند اعلیحضرت ابن سعود کے حامی ہیں اس لئے چند ہزار شیعان ہند کو اس لئے سے روکا جاوے کیونکہ حجاز مقدس پر سعودی حکومت کو رحمت خداوندی سمجھتے ہیں۔

(۳) انجمن امداد الاسلام دیوبند کی مجلس منتظمہ کا یہ اجلاس مولانا فضل الرحمن صاحب کارکن جمعیۃ علمائے ہند کی شدید علالت پر اظہار افسوس کرتا ہے اور مولانا موصوف کی صحت یابی کے لئے بارگاہ خداوندی میں دست بدعا ہے نیز حکومت ہند سے درخواست کرتا ہے کہ مولانا کو جلد از جلد رہا کر دیا جاوے ورنہ اس کے نتائج کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔ اختتام جلسہ پر حضرت شیخ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی مغفرت اور مولانا فضل الرحمن صاحب کی صحت کے لئے دعا کی گئی۔

احقر سید حسن رضوی سکرٹری انجمن امداد الاسلام دیوبند

دعوتوں میں ہاتھ دھلانے کی نئی سلیچی

جناب مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کے چھوٹے بھائی مولانا محمود الحسن صاحب نے ایک نہایت ہی کار آمد اور مفید اور بالکل نئی قسم کی سلیچی ایجاد کی ہے جس میں حسب ذیل خوبیاں ہیں:

کھڑے کھڑے ہاتھ دھو سکتے ہیں۔

... وقت جو پانی گرتا ہے وہ سلیچی کے پیندے کے سوراخ سے ایک نل کے ذریعہ نیچے رکھی ہوئی ایک ڈھکنہ دار بالٹی میں چلا جاتا ہے۔ میز بہت فراخ اور خوشنما ہے۔ دعوتوں کی طبیعت لعباڑ میں نوکروں کی مدد کے بغیر سینکڑوں آدمی ہاتھ دھو سکتے ہیں اور سلیچی کے میلے پانی اور غلیظ چیزوں کے دیکھنے سے کھانے کے بعد جو متلی ہوتی ... لگتی تھی وہ تکلیف بھی اس سے دور ہو گئی ہے۔

دہلی کے ہندو مسلمانوں کا فرض ہے کہ اپنے شہر کے اس نہایت مفید کی اس ... اور نہایت ہی ضروری ایجاد کی قدر کریں اور ہر گھر میں یہ سلیچی خریدی جائے جو علاوہ دعوتوں کے روزمرہ کو بلا تکلف منہ دھونے اور کھانے کے بعد ہاتھ دھونے کے لئے بہت کار آمد ہے گھر کی عورتوں اور بچوں کو صفائی اور سلیقہ سکھانے کے لئے ایک اچھی استانی ہے اور ان بے شمار خوبیوں کے باوجود قیمت بہت کم ہے جو شاید لاگت کے لاگت ہوگی یعنی مکمل سٹ صرف بارہ روپے کو دیا جاتا ہے چاولی گنج کشمیری دروازہ میں ورما ہاشمی فرنیچر کا مشہور کارخانہ ہے وہاں یہ نو ایجاد سلیچی دیکھی جا سکتی ہے۔

راقم حسن نظامی دہلوی

انجمن امداد الاسلام دیوبند کی خدمات کا اعتراف

از حجۃ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی و امیر الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی دام ظلہم

انجمن امداد الاسلام دیوبند کی بعض خدمات دینیہ و ملیہ سے بندہ واقف ہے بعض نو مسلموں کی اعانت و تربیت خود میں نے انجمن کے سپرد کی ہے اور گاہ بگاہ اپنی ذات سے انجمن کی مالی امداد میں بھی بہ قدر قلیل حصہ لیا۔ ضرورت ہے کہ جتنا کچھ کام ہو رہا ہے اس کی ہمت افزائی کی جائے۔ ہمارے شہر کے چند نوجوان خصوصاً میاں سید حسن صاحب رضوی سکرٹری انجمن خاموشی کے ساتھ اس دھن میں لگے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ مزید کی توفیق دے اور کامیاب فرمائے۔

الراقم شبیر احمد عثمانی عفا اللہ عنہ
(شیخ التفسیر جامعہ اسلامیہ ڈابھیل)

میں بھی جناب مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی کی تحریر کی تصدیق کرتا ہوں۔
ننگ اسلاف حسین احمد غفرلہ
(شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند)

سید حسن رضوی دیوبند

کفر آمیز کتابوں کی اشاعت
مسلمانان بتیا کا احتجاجی جلسہ

کل تاریخ ۵ مئی ۱۹۳۳ء کو مسلمانان بتیا ضلع چمپارن کا ایک جلسہ عام بصدارت جناب مولانا ... محمد صاحب بمقام جامع مسجد بوقت بعد نماز جمعہ منعقد ہوا جس میں پنڈت ذو الفقار دمحمود دہرسپالی صاحبان کے ملحدانہ خیالات پر اچھی طرح روشنی ڈالی گئی بعدہ جناب حضرت مولانا محمد حسین صاحب مدرس اول مدرسہ اسلامیہ بتیا نے حسب ذیل تجویز پیش کی جو بالاتفاق رائے منظور ہوئی۔

تجویز - مسلمانان بتیا کا یہ عام جلسہ اعلان کرتا ہے کہ کتاب اساس اسلام دانوار عالم مصنفہ محمود دہرسپالی صاحب اور کتاب مقدس اسلام، تفسیر القرآن مصنفہ پنڈت ذو الفقار صاحب اسلامی تعلیمات کے سراسر خلاف ہیں کیونکہ ان میں نہایت کفر و ضلالت کی باتیں لکھی ہوئی ہیں اور تمام مسلمانوں سے درخواست کرتا ہے کہ کوئی شخص ان کتابوں کو نہ خریدے اور نہ پڑھے اور ان کے مصنفین سے التجا کرتا ہے کہ وہ ان کتابوں کے تمام نسخوں کو جلا ڈالیں اور آئندہ اس قسم کے کتابوں کی تالیف و طباعت کی جرأت نہ کریں تا وقتیکہ کسی جید اور مستند عالم سے اس کی تصحیح و توثیق کی سند حاصل نہ کرلیں۔

محی الدین متعلم مدرسہ اسلامیہ بتیا ضلع چمپارن

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے
لیکن کدھر؟
ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

وہاں سے ایک کارڈ لیکر تحریر فرمادیں اور صحت و تندرستی کی گائڈ دوراہ راست کی تجربہ فوائد قدرت کی واعظ نہایت عمدہ مضامین سے مزین ۹۰ صفحات کی کتاب "کام شاستر" مفت طلب فرما کر ملاحظہ کریں۔

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

SHARBAT ROOHAFZA

شربت روح افزا (رجسٹرڈ)

موسم گرما میں ہر قسم کی شکایت کیلئے اکسیر ہے - تمام ہندوستان میں اپنے خواص کی وجہ سے مشہور و مقبول ہو چکا ہے - بڑے بڑے راجہ نواب اس کو ہمیشہ استعمال کرتے ہیں

فی بوتل ایک روپیہ چار آنے

کارخانہ: ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

طلاء مردمی یعنی تحفہ عظیم

نوجوان بچپن کی غلط کاریوں کی وجہ سے اپنی جوانی تباہ کر چکے ہوں اور اپنے آپ کو زندہ درگور سمجھتے ہوں - بلکہ سینکڑوں روپے ضائع کرنے کے بعد بھی زندگی سے بیزار ہوں - ان کو ہم نیک مشورہ دیتے ہیں کہ ایک دفعہ ہمارے طلاء کی ضرور آزمائش کریں - انشاء اللہ سو فی صدی کامیابی ہوگی پرچہ ترکیب ہمراہ دوا ارسال ہوگا - قیمت فی شیشی -/۱/۲ علاوہ محصولڈاک

پتہ: ایجنسی نیو ٹریڈنگ کمپنی نمبر ۲۲ اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور

دوسری شادی

ہر شب کو شب اول بنانے کے لئے آج ہی کی ڈاک سے تحفہ شباب یعنی طلسمی ٹکیا جس کا کہ بوقت ...... ایک ٹکیا استعمال کرنے سے آپ پر کل حقیقت ظاہر ہو جائے گی۔ طلسمی ٹکیا ہے۔ مستورات کا تحفہ اور خاوندوں کے لئے نعمت غیر مترقبہ کیونکہ عورتیں اس کو چند منٹ پہلے استعمال کرنا خوش قسمتی خیال کرتی ہیں۔ قیمت فی شیشی ایک اونس -/۱/۲ علاوہ محصولڈاک۔

نیو ٹریڈنگ کمپنی ۲۲ اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور

آم دربھنگہ کا لیچی مظفر پور کی

سارے ہند ... میں مشہور ہے ان کے پھل اور قلم کے لئے فہرست منگا کر دیکھیں۔ پتہ ... بہار نرسری - دربھنگہ (بہار)

تاریخ الاسلام

مصنفہ مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند

مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے حضور سرور کائنات فخر موجودات صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات حیات کو سوال و جواب کی شکل میں نہایت ہی شیریں اور سلیس زبان میں بیان کیا گیا ہے۔ کاغذ و طباعت اعلیٰ ۱۲۸ صفحات سائز مناسب۔

جو اکثر اسلامی مدارس میں داخل درس ہے

قیمت حصہ اول ۸ حصہ دوم زیر طبع

ملنے کا پتہ: مولوی سید احمد مدیر کتبخانہ اعزازیہ دیوبند یو - پی



REGISTERED NAMAK JALNOOS No 624

نمک جالینوس ۶۲۴
رجسٹرڈ

معدہ اور آنتوں کو قوت دیتا اور ان کو ردی مواد سے پاک و صاف رکھتا ہے - بدہضمی اور دائمی قبض کو رفع کر کے غذا کو صحیح طور پر ہضم کر کے صالح خون پیدا کر کے چہرہ کو خوشرنگ بنا دیتا ہے - قیمت فی شیشی صرف آٹھ آنے

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب طبیب خاص سابق حضور نظام نے ملا واحدی صاحب ایڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک طلسمی نسخہ قوت کا عطا فرمایا ہے اس نسخے کے نیچے یہ عبارت درج ہے:

"ایک ہفتہ کے استعمال میں بیمار ... جوان پانسو سالہ کے ہوسکے تادم مرگ طاقت جسمانی ہمہ عضو قائم و برقرار رہے ہر روز ...... بیزاری نہ ہوگی اور ایک وقت میں ...... کے طبیعت کو تو اتر نہ ہوگا - یہ نسخہ بسلسلہ خاندان حکیم سید عبدالعزیز خاں دہلوی شاہی ... مولانا مولوی حکیم سید فخر الدین مرحوم نے مجھ کو ... ایک وقت ... صحیح سیری ادائل عمر میں ایک وقت تیار ہوا تھا راجگان ہندوستان سے ... حضور ... مرحوم کو ... اور نواب سالار جنگ نے ... معجون ہذا استعمال فرما کے جاذاد ... روپیہ ماہانہ عطا فرمایا تھا ... جمادی الاول ۱۳۰۹ھ ... اس نسخہ سے جو معجون تیار کی جاتی ہے اس کا نام:

معجون مددگار رغدوہ ہے جوانوں اور ادھیڑوں کو معجون مددگار رغدوہ کی سات خوراکیں چار روپے میں دی جاتی ہیں (علاوہ محصولڈاک) لیکن اگر کوئی سو برس کی عمر والے صاحب طلب فرمائیں گے تو ان سے سات خوراکوں کے صرف تین روپے لوں گا۔ ... سو برس ... معجون مددگار رغدوہ بالکل معتدل دوا ہے۔ ... ہر موسم میں فائدہ دیتی ہے۔ البتہ جنہیں جریان کی شکایت ہو وہ معجون مددگار رغدوہ منگائیں ان کے لئے اکسیر جریان مفید ہوگی اکسیر جریان کی چالیس خوراکیں تین روپیہ میں ملتی ہیں۔

ایک ضروری گذارش

معجون مددگار رغدوہ طلب کرنے والے حضرات فرمائش کے ساتھ براہ کرم اپنا حال تحریر فرما دیا کریں تاکہ ہمیں اندازہ ہو جائے کہ جس مرض کو معجون مددگار رغدوہ دور کرتی ہے وہی انہیں ہے یا کوئی دوسرا مرض لاحق ہے ... اس مرض کی دوا بھیجیں گے۔

ملنے کا پتہ: منیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۱۲ کوچہ چیلان دہلی

منیجر دی فٹ کوٹ کمپنی ہول سیل کٹ پیس مرچنٹس ... لائن - کراچی (سندھ)

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... ششماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... ششماہی ...
نمونہ مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم، ۵، ۹، ۱۳، ۱۷، ۲۰، ۲۲، ۲۶ کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ...
نصف صفحہ ...
ایک کالم ...
پاؤ کالم ...

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر: بلال احمد زبیری (بی۔ اے)

جلد ۱۷ | دہلی یوم سہ شنبہ ۲۰ محرم الحرام ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۶ مئی ۱۹۳۳ء | نمبر ۳۴

جذبات عقیدت

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ ... جیل سے رہائی پا کر دہلی میں تشریف لائے ... جناب اسیر نے اسکی ایک نقل اخبار الجمعیۃ کو بھی عطا فرمائی تھی اسلئے ہم مناسب سمجھتے ہیں ... ان سب میں جناب اسیر کے مسدس کو ... بلندی، برتری اور تفوق حاصل ہے۔

مبارک ہو تجھے دہلی کہ پھر تجھ میں بہار آئی
گھٹا رحمت کی جو اٹھی بشکل جو بہار آئی
چمن میں تیرے پھر باد صبا مستانہ وار آئی
خزاں کے بعد پھر تجھ میں فضائے خوشگوار آئی

ترانے گا رہی ہیں بلبلیں پھر صحن گلشن میں
بہار نے گل کی لیں انگڑائیاں گلشن کے دامن میں

گلی کوچوں سے تیرے پھر صدائے مرحبا آئی
سحر پھر صبح دم لے کر نوید مرحبا آئی
مبارک باد کی ہر سو صدائے جانفزا آئی
پیام تہنیت دینے تجھے شان خدا آئی

بحمد اللہ مجلس میں تری دور بہار آیا
سبو خود لیکے ساقی بزم میں مستانہ وار آیا

مبارک باد اے دہلی کہ تیرا شہریار آیا
مبارک باد اے دہلی کہ تیرا غمگسار آیا
مبارک باد اے دہلی کہ تیرا شہسوار آیا
مبارک باد اے دہلی کہ تیرا تاجدار آیا

وہ آیا جس کے دم سے ملت بیضا کی عزت ہے
مسلمانوں کی قائم جس کے ہاتھوں آج عظمت ہے

وطن آزاد ہوا اپنا تو ہو سارا جہاں اپنا
حجاز و شام ہوا اپنا ہو نجد و قیرواں اپنا

رہا تھے قید میں بھی درس قرآں مشغلہ ان کا
جو باہر تھا رہا وہ جیل میں بھی قاعدہ ان کا
کبھی خالی نہ میخواروں سے پایا میکدہ ان کا
وہاں آٹھوں پہر رہتا تھا جاری مدرسہ ان کا

مشقت سے فراغت جیل میں جو وقت پاتے تھے
حدیث و فقہ کی تعلیم دینے بیٹھ جاتے تھے

مسائل میں مسلّم تھا وہاں بھی فیصلہ ان کا
ہر اک قیدی کو پہنچا قید میں بھی فائدہ ان کا
کرم اور جود میں اپنے مثل پایا حوصلہ ان کا
اسارٰی کے لئے تھا وقف ہر دم مائدہ ان کا

سخاوت میں جو پوچھو مثل ابر مرسلہ یہ ہیں
ذہانت کی یہ حالت مالک فکر رسا یہ ہیں

صداقت اور حق گوئی ہمیشہ ان کا شیوہ ہے
جو شیوہ تھا ابوذر کا وہی ان کا طریقہ ہے
رضائے حق پہ مرمٹنا انہی کا خاص حصہ ہے
خلیل اللہ کی جو راہ تھی وہ ان کا رستہ ہے

کہا تھا کلمۂ حق سامنے سلطان جابر کے
رہے ثابت قدم حق پر یہ سہ سب جور جابر کے

مقید کر کے بھیجا جیل میں ان کو حکومت نے
مزا دل کھول کر دی ان کو اعدائے شریعت نے
جواب ان کو اگرچہ دے دیا تھا ان کی صحت نے
مگر جھیلے مصائب سب کے سب تیدائے سنت نے

[illegible]

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ
جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین و بزرگان دین کے اسوۂ حسنہ ... [illegible]
نمونہ ... روانہ کیا جاتا ہے۔
منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

خشاف نامہ
تفریحی، اخلاقی اور اصلاحی پندرہ روزہ اخبار
ہر ماہ کی ۵ و ۲۰ تاریخوں میں علی گڈھ سے شائع ہوتا ہے ... دلچسپ کارٹون بھی ہوتے ہیں۔
چندہ سالانہ ... ایک پوسٹ کارڈ فوراً روانہ کر کے نمونہ مفت طلب فرمایئے
ملنے کا پتہ: منیجر خشاف نامہ علی گڈھ

تین پیسے میں ایک سو چوالیس صفحے
رسالہ نظام المشائخ ... [illegible]
منیجر رسالہ نظام المشائخ ... کوچہ چیلان دہلی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ "منیجر"

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرآبادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرآبادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرآبادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دوا سازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دوائیں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے۔ ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند فرمایا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرآبادین مفید عام کا ہر اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

وسیلۂ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے ... اعمال سیہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے ... مکمل کتاب ۴۰۸ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے ... قیمت فی جلد صرف ایک روپیہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے ... اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اس میں ۱۲۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہے ... اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ... [illegible] ... اردو زبان میں اب تک تیار نہیں ہوا ... ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا ... [illegible] ... نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے ... مرد، بوڑھے، بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے ... مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں ... اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے ... ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے ... مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الٰہی کا ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب ... دوسری جانب مدینہ منورہ اور پیچھے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ... اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔
ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ ... [illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن مجید

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا ہے۔
صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت مولانا شیخ سعدیؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عہ/ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عہ
فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۲۰ محرم الحرام ۱۳۵۲ھ ہجری

"سیرت محمد علی" کے دو ابواب

علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۵)

گزشتہ اشاعت میں ہم جمعیۃ علمائے ہند کے انعقاد کی پوری کیفیت بیان کر چکے ہیں اور یہ بتا چکے ہیں کہ جس وقت جمعیۃ کی بنیاد رکھی گئی تو مولانا محمد علی مرحوم و مغفور پانچ سال سے چھندواڑہ میں نظر بند اور بیتول جیل میں محبوس تھے۔ مولانا نے

احکام میں وہی ہماری پالیسی ہے۔

فرائض و مقاصد کا اعلان

۱۹۲۲ء میں جبکہ تاسیس جمعیۃ کو صرف تین سال کا عرصہ گزر رہا تھا اور جمعیۃ کا چوتھا

...

ہند جیسی ذمہ دار جماعت پر جس کا ایک متعین مسلک اور ایک طے شدہ پالیسی ہے یہ افسوسناک الزام لگانے بیٹھے گا کہ اس نے کسی واحد شخصیت کی پیروی ہی کو اپنا دستور العمل بنا لیا تھا وہ اسی قسم کی ٹھوکریں کھائے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ نہ ایسا ممکن تھا اور نہ ایسا ہوا۔ (باقی آئندہ)

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص کہتا ہے کہ حرف ضاد اگر اصلی مخرج سے ادا کیا جاوے مع جمیع صفات کے تو بالضرورۃ اس کے آواز قدرے مشابہت ظاء سے رکھتا ہے جیسا کہ تمام کتب قراۃ و لغات اس پر مصرح ہیں۔

دوسرا شخص حکم کرتا ہے کہ نہیں یہ حرف حقیقتاً متعارف کی طرح ہے نیز قائل اول نے اس کو قاری سے مشق کر کے سیکھا ہے اور نماز میں اسی طرح پڑھتا ہے

...

الجواب

...

علمائے اسلام نے سرسید کی مخالفت کیوں کی؟

علی گڑھ کی تعلیمی حکمت عملی کے بنیادی نقائص

خان بہادر مولوی بشیر الدین کا اظہار حقیقت

اس زمانہ میں جبکہ غدر کے بعد سرسید نے علی گڑھ کالج قائم کیا تھا انگریزی تعلیم کی ادھوادھند مخالفت کا جو الزام عام طور پر علمائے امت کے خلاف عائد کیا جاتا ہے اس کے متعلق کبھی بھی معترضین نے یہ نہیں سوچا کہ خود سرسید کا طرز عمل کیا تھا اور وہ مسلمانوں کو انگریزی تعلیم دے کر ان کی سیاسی و مذہبی زندگی میں کس قسم کا انقلاب پیدا کرنا چاہتے تھے۔ اور علمائے اسلام نے جو مخالفت کی اس کی اصل ذمہ داری کس حد تک خود سرسید اور ان کے متبعین پر عائد ہوتی تھی جو ایک طرف مسلمانوں میں غلامی اور محکومیت کی اسپرٹ پیدا کرنا چاہتے تھے اور دوسری طرف ان کے مذہبی عقائد کی بنیادوں کو ہلا دینے کے درپے ہو گئے تھے۔ ہم اس موضوع پر خان بہادر مولوی بشیر الدین صاحب جیسے مستند بزرگ کی حسب ذیل رائے پیش کر کے

...

سمجھ میں نہیں آئی۔ میں عملاً سرسید کی اس پالیسی کا ہمیشہ مخالف رہا چنانچہ اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ جو بیت اعلیٰ ولایت میں شروع کیا گیا تھا خدا کا شکر ہے کہ اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ کی وجہ سے ہزاروں مسلمان تعلیم یافتہ ہو گئے۔ مجھ کو انگریزی تمدن سے ہمیشہ نفرت رہی۔ اور میرا لباس ہمیشہ سادہ رہا اور وہ سرسید کی پالیسی کی مخالفت کا نتیجہ ہے۔

ہندوستان میں حکومت کی تعلیمی پالیسی

مذہبی اور سیاسی اغراض

(از خان بہادر مولوی بشیر الدین صاحب)

ہندوستان کی سب سے بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ ہندوستان کی تعلیمی ترقی میں سدراہ ہو رہی ہے وہ یہ ہے کہ تعلیم کو سیاسی اغراض کے ماتحت جاری کیا گیا۔ اور جس قدر سیاسی واقعات میں تبدیلی ہوتی رہی۔ سیاسی واقعات کی بنیاد پر تعلیم اور تعلیمی انتظام بھی اسی نسبت سے تبدیل کی گئی۔ ایسٹ انڈیا کمپنی نے اگرچہ حکماً مذہبی معاملات میں مداخلت نہ کرنے کی پالیسی کا اظہار کیا۔ وہ اسی وجہ سے کہ ہندوستانی رعایا میں عام بے چینی اور بغاوت نہ پیدا ہو جائے۔ لیکن خفیہ طریقے سے عیسائی مشنریوں کی حمایت کی گئی۔ اور عیسائی مشنریوں کے ذریعہ سے جا بجا مختلف مقامات پر مشن اسکول اور مشن کالج کھولے گئے ان اسکولوں کا واحد مقصد مذہب عیسوی کی اشاعت اور ہندوستانیوں کو عیسوی مذہب میں داخل کرنا تھا۔

...

لیکن ہم کو معلوم ہوا ہے کہ نواب صدر یار جنگ مولانا حبیب الرحمٰن خاں صاحب اسٹیشن حبیب گنج ضلع علیگڈھ کے کتب خانے میں صرف ایک نسخہ "بشارات فارقلیط" کا موجود ہے

...

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

الحاد کے مرکزوں میں مذہب پرستی کا زور

صدر امریکہ توراۃ کو لیکر حلف اٹھاتا ہے

مغرب سے دہریت کا سبق لینے والے کیا ارشاد فرماتے ہیں؟

یورپ کے مفروضہ الحاد اور اسلامی حکومتوں کی اسلام سے بے اعتنائی کے سلسلہ میں امیر البیان امیر شکیب ارسلان کا ایک مضمون عربی اخبارات میں شائع ہوا ہے جو اسلام کا نام لینے والے ملحدین اور تفریح نگاروں کیلئے سرمۂ تبصیرت ہے ہم اس مضمون کا ترجمہ ذیل میں درج کرتے ہیں۔ امیر موصوف فرماتے ہیں:۔

فرانسیسی جریدہ "جورنال دو جنیف" لکھتا ہے کہ جمہوریہ امریکہ کے نئے صدر مسٹر روزویلٹ نے جب صدارت کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لی تو انہوں نے توراۃ کے نسخہ کو لیکر حلف وفاداری اٹھایا۔ توریت کا یہ نسخہ تین سو سال پہلے ہالینڈ میں طبع ہوا تھا جو روزویلٹ کے خاندان میں ورثتاً چلا آتا ہے۔

...

ترکی میں صنعتی اور فوجی ادارے

مختلف محکموں میں ملازمین کی تعداد

ترکی میں جو ملازمین حکومت کے خزانہ یا خصوصی اداروں اور میونسپلٹیوں سے مشاہرہ پاتے ہیں ان کی تعداد ۳۳۳۴۱۱ ہے حکومت کے خزانہ سے جن لوگوں کو تنخواہ ملتی ہے ان کی تعداد ۵۰۶۶۶ ہے ذیل کے نقشہ سے ان اداروں کی تعداد معلوم ہو گی جن میں یہ ملازمین کام کرتے ہیں:۔

حقوقی ادارے	۱۷۸۱
ڈاکٹری ادارے	۴۳۵
ملکیہ ادارے	۴۵۰
ابتدائی مکاتب	۴۲۸
فوجی مکاتب	
ادارہ ہائے کان کنی	۲۳۰
ادبیات	۱۵۲
فن	۱۴۲
انجنیری	۱۰۵
تجارتی ادارے	۷۰
مختلف شعبہ جات	۴۰۲
جانوروں کے ہسپتال	۱۹۲

ان اداروں کے ملازمین میں جو لوگ فرانسیسی زبان کے ماہر ہیں ان کی تعداد ۲۱۶۱ ہے۔ دیگر اجنبی زبانوں کے ماہرین کی تعداد ۱۵۷ ہے۔

مسلم خواتین مغربی خواتین کی تقلید نہ کریں

ایک فرانسیسی مصنفہ کی نصیحت

فرانس کی مشہور اہل قلم خاتون مریم ہاری نے عورتوں کی معاشرت پر ایک کتاب لکھی ہے جس میں ایک باب مشرقی خواتین کے لئے مخصوص ہے۔ اس باب میں مریم ہاری مسلم خواتین کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتی ہیں:۔

"اے میری بہنو! تم مغربی خواتین کی تقلید نہ کرو ورنہ ان کی اقتدار کرو۔ تم کو معلوم نہیں کہ ہم نے نام نہاد آزادی کو کس قیمت پر حاصل کیا ہے۔

...

ترکی میں غیر ملکی ملازموں کی برطرفی

ملکی باشندوں کی بیکاری کا انسداد

ترکی میں غیر ممالک کے چار ہزار ملازمین کو جو معمولی اداروں میں کام کرتے تھے برطرف کر کے ان کی جگہ ترکی باشندوں کو دیدی گئی ہے تاکہ ترکی میں بیکاری کی تعداد میں کمی واقع ہو جائے۔

...

جزائری مسلمانوں کے کیتھولک پیشوا

...

انگریزوں کی نگرانی میں بحرین کے نئے حاکم

...

ترکی میں عربی الفاظ کے اخراج کی مہم

...

جرمنی اور ایرانی تجارت کا موازنہ

...

دارالحکومت

گھنٹہ گھر کے نیچے سودیشی اشیا کیلئے اسٹالوں کی تجویز
دہلی میونسپل کمیٹی کے ہفتہ واری اجلاس کی کارروائی

دہلی ۱۶ مئی۔ کل صبح مسٹر سیرڈ کی صدارت میں میونسپل کمیٹی دہلی کا ہفتہ واری اجلاس منعقد ہوا۔ پچھلے دنوں کمیٹی اس تجویز کو منظور کرچکی تھی کہ ملک کے مجسمہ کے سامنے زیر گھنٹہ گھر جو ظیری خالی پڑی رہتی ہے اس پر ۵ سودیشی اسٹال بنواکر ان کو کرایہ پر دیدیا جائے۔ لالہ ٹی۔ ایل جین نے اس کے متعلق یہ تجویز پیش کی تھی کہ ہندوستانی مصنوعات کو فروغ دینے کے لئے ان اسٹالوں پر صرف ملکی اشیا کو فروخت کرنے کی اجازت دی جائے۔ کل اس تجویز پر بحث ...

مولانا صغیر احمد کارکن جمعیۃ علماء کی رہائی
مولانا فضل الرحمن صاحب کی شدید علالت

دہلی میں تپ دق کی وبا!!
میونسپلٹی کی طرف سے اعلان

دہلی کے بازار کا تازہ نرخ

دہلی کے قریب شدید لڑائی

جامع مسجد دہلی میں حضرت مفتی اعظم کی پہلی تقریر
دس ہزار مسلمانوں کا اجتماع اور فلک شگاف نعرے
مسلمانوں کے مذہبی پیشوا کی خدمت میں اظہار عقیدت

دہلی ۱۶ مئی۔ کل جمعہ کی نماز کے بعد جامع مسجد دہلی میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند نے ملتان جیل سے رہائی کے بعد پہلی مرتبہ نہایت مبسوط اور مدلل تقریر ارشاد فرمائی تقریباً دس ہزار مسلمانوں کا اجتماع تھا۔ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تحریک اور مولانا عبدالماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی تائید سے حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی جلسہ کے صدر منتخب ہوئے۔ جلسہ کی کارروائی تلاوت کلام پاک سے شروع کی گئی سب سے پہلے جناب اسیر صاحب دہلوی کی وہ نظم ...

ان تجاویز کے منظور ہونے کے بعد حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اللہ اکبر کے فلک رس نعروں کے درمیان کھڑے ہوئے اور آپ نے مذہبی و سیاسی حقائق سے لبریز تقریر فرمائی۔ حضرت علامہ نے اس اجلاس کی پوری حقیقت بیان کی جس میں گذشتہ سال ممدوح کی گرفتاری عمل میں آئی تھی اور پبلک پر نہایت شدید لاٹھی چارج کیا گیا تھا ...

چلتی ٹرین سے ایک قیدی فرار
ہتھکڑی اور بیڑی بیکار ثابت ہوئیں

امسال حجاج کو کن مشکلات کا سامنا ہوا
بیگم شریف حسین صاحب کے چشم دید حالات

کانگریس کی مجلس عاملہ کے ارکان کی رہائی
کیا حکومت اس اقدام کیلئے تیار ہے؟

جاوا کی مسجد میں ایک دردناک سانحہ
نمازیوں کا نمازیوں پر حملہ۔ ایک عرب شہید

افغانی افواج کیلئے عمدہ بارکوں کی تعمیر

گاندھی جی کی تشویشناک حالت
ڈاکٹر انصاری صاحب کی طلبی
دس گھنٹہ سے پیشاب بند

دہلی ۱۶ مئی۔ کل مسز سروجنی نائیڈو نے بذریعہ ٹیلیفون اور دیوی داس گاندھی نے بذریعہ تار ڈاکٹر انصاری صاحب کو مطلع کیا کہ گاندھی جی کو دس گھنٹہ سے پیشاب نہیں ہوا ہے۔ درد گردہ کی بھی شکایت ہے۔ گزشتہ شب گاندھی جی نے نہایت بے چینی سے گزاری ہے۔ ڈاکٹر انصاری صاحب کی فوری ضرورت ہے۔ ڈاکٹر صاحب تار ملنے کے صرف چند منٹ بعد ہی پونا کو روانہ ہوگئے۔ ڈاکٹر دیشی مکھ بانڈے نے گاندھی جی کی صحت کے متعلق حسب ذیل بیان دیا ہے۔ پون گھنٹہ تک گاندھی جی کو دیکھنے کے بعد یہ ظاہر ہوتا ہے کہ گاندھی جی کا یہ برت خیال سے زیادہ اثر ڈال رہا ہے۔ اگر خاص احتیاط رکھی گئی تو گاندھی جی اس برت کو پورا کرسکیں گے۔ ...

عدن حکومت برطانیہ کو منتقل نہیں کیا جائیگا
آخری مردم شماری کے مطابق عدن کی آبادی

ریلوے کو دولاکھ روپیہ دینا پڑا
ایک مہلک حادثہ کی یاد

گاندھی جی کی رہنمائی پر اعتراض
مسٹر پٹیل اور سباش بابو کی حمایت

رنگون کے ایک اہل خیر کی وفات

کاٹھیاواڑ میں ساردا ایکٹ کا نفاذ
۴۵ سال کے مردوں پر پابندی

خان عبدالغفار خاں صاحب کے صاحبزادے کی آمد

گاندھی جی کی اہلیہ رہا کردی گئیں

چینی افواج مسلمانوں کا مقابلہ کرنے سے عاجز ہیں
کاشغر میں قیام امن کیلئے مسلم افواج کی آمد
مجاہدین نے اپنے ایک سردار کو بادشاہ منتخب کرلیا

کلکتہ ۱۲ مئی۔ چینی قنصل خانہ کلکتہ کو نانکن سے چینی ترکستان کے موجودہ انقلاب کے سلسلہ میں ایک رپورٹ موصول ہوئی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ ترکستان کا یہ انقلاب کسی مذہبی اختلاف کی بنا پر برپا نہیں ہوا ہے بلکہ اس گڑبڑ کی وجہ اقتصادی حالات ہیں۔ نانکن سے موصول شدہ تار مظہر ہیں کہ چین کی قومی حکومت عنقریب سنگیانگ کو ایک وفد بھیجنے کا ارادہ کررہی ہے جو چینی ترکستان کے مسلمانوں کی شکایات کا ازالہ کرکے ان کو پرامن رہنے کی تلقین کرے۔ فسادات کے مراکز یارقند، خاطان اور کاشغر وغیرہ تجارتی مقامات ہیں۔ چینی حکام کا بیان ہے کہ فساد کی اصل وجہ یہ ہوئی کہ پولیس کی ملازمتوں سے مسلمانوں کو نکال کر سفید روسیوں کو ان کی جگہ دیدی گئی جس سے مسلمان بگڑ گئے اور انہوں نے بغاوت شروع کردی۔

شملہ ۱۳ مئی۔ کشمیر سے آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ باغیوں (مجاہدوں) کو ہر طرح کامیابی حاصل ہورہی ہے۔ موجودہ صورت حال چینی افواج کے قابو سے باہر ہے اور وہ مسلمانوں کا مقابلہ کرنے کے ناقابل ہیں مسلم افواج کاشغر آرہی ہیں جن کے ذریعہ امن وامان قائم کیا جائے گا۔ چینی ترکستان کے مسلمانوں کا بیان ہے کہ جن علاقوں پر وہ قبضہ کرچکے ہیں وہ ہرگز واپس نہیں کئے جائیں گے اور آہستہ آہستہ تمام چینی ترکستان پر قبضہ کرلیں گے۔ ...

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں برطانیہ اور جرمنی کی سرکشی
مسلح حکومتوں کی خود غرضی سے کانفرنس ناکام ثابت ہوگی
جرمنی کی تیاریوں کے متعلق وزیر خارجہ کا بیان

جنیوا ۱۳ مئی۔ کل صبح اس بات کا اعلان کیا گیا ہے کہ دور رس برطانوی اور جرمنی مندوبین کے درمیان تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں جو بے ضابطہ گفتگو ہوئی تھی وہ بالکل ناکام ہوگئی جرمنی مندوب سے یہ کہا جارہا تھا کہ وہ برطانوی تجاویز میں ایسی ترمیمیں پیش کریں جن سے مفاہمت ممکن ہوسکے۔ جرمنی ترمیموں کی وجہ سے برطانوی تجاویز پر دوبارہ غور کیا گیا۔ جرمنی کی طرف سے افواج کے معیار سے متعلق جو ترمیم پیش کی گئی ہے اس نے ساری دشواری پیدا کردی ہے۔ اب تو یہی اندیشہ ہوگیا ہے کہ کانفرنس ٹوٹ جائے گی۔

برلن ۱۳ مئی۔ جنیوا میں تخفیف اسلحہ کی کانفرنس ہورہی ہے اس موقعہ پر جرمنی کے وزیر خارجہ نے ایک روزنامہ اخبار میں ایک نہایت اہم بیان شائع کیا ہے جس میں انہوں نے صاف صاف اعلان کردیا ہے کہ اگر تخفیف اسلحہ کی کانفرنس ناکام ثابت ہوئی اور جس کی انہیں قوی امید ہے، تو حکومت جرمنی مسلح ہونے کی تیاری شروع کردے گی۔ ... برطانوی تجاویز جرمنی کے لئے ہرگز اطمینان بخش نہیں ہیں۔

مولانا ظفر علی خاں رہا کردئے گئے
پانچ سو روپے کے ذاتی مچلکے

ایک افسر کو گولی سے اڑادیا گیا
فوج کی مخبری کا الزام

انگلستان کی نو توپوں کی ٹیڑھی نگاہیں
مرکز میں ذمہ داری سے خوف وہراس

اسپین میں پھر گڑبڑ
بموں سے گرجاگھروں کو نقصان

اخبارات کے داخلہ پر محصول
آئرش پارلیمنٹ کا فیصلہ

بھاولپور میں بیرونی وکلاء پر کوئی پابندی نہیں

جرمنی میں تین اشخاص کو پھانسی

برطانیہ اور کانگریس کے درمیان صلح کی ضرورت

چین اور جاپان کی خونی آویزش
تین ہزار چینیوں کا قتل

صدر امریکہ کو مزید اختیارات

مشترکہ کمیٹی میں شہادتیں

ذات پات کی بندش اور دستور اساسی
آرچ بشپ آف کنٹربری

حکومت نے صلح کا دروازہ بند کردیا
مسٹر اینڈریوز کا بیان

چار بنگالی اور ایک چینی گرفتار

روس اور جاپان آویزش کیلئے تیار ہیں
سرحد پر جاپانی افواج کی آمد

مہاراجہ الور مسلمانوں کے دوست ہیں

حکومت پیراگوے نے اعلان جنگ کردیا

روس مشرقی ریلوے کو فروخت کرنے کیلئے تیار ہے
جاپان کا ریلوے خریدنے سے انکار

روسی سرحد پر چینی مسلمانوں کی آمد

روس میں ۲۲ سال کے نوجوانوں کی بھرتی

بنگال میں ۱۳ روز کے اندر ۷۶ ڈاکے

روس میں انگریز قیدیوں کی رہائی ناممکن ہے

پیراگوے میں مارشل لا کا نفاذ

ملتان میں فرقہ وارانہ جلسوں کی ممانعت

عدن کا انتظام برطانیہ کے سپرد کردیا جائیگا

جدہ سے جہاز خسرو کی روانگی

ایک ارب ۶۷ کروڑ کا سونا باہر جاچکا

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

برلن میں عید اضحیٰ کے موقعہ پر مسلمانوں کا شاندار اجتماع

احمدی امام کے کارنامے۔ ترکی میں خالص ترکی زبان کا مسئلہ

(از نامہ نگار خصوصی مقیم برلن)

احمدیوں کو شکست

برلن کی تاریخ میں یہ اہمیت تھی کہ تمام مسلمانان برلن ایک جگہ جمع ہوئے اور ایک … نماز عید الاضحیٰ بلا اتفاق خواہ مخواہ مسلمانوں میں نہیں ہو سکتی … ہرگز … تو اس صورت میں ایسا ہونا بہت ممکن ہے چنانچہ (ایسا ہی …

… احمدیوں کا غلط …

ترکی افواج

ترکی زبان

شکریہ

حکومت کو توقع سے زیادہ قرضہ مل گیا

مدرسہ قاسم العلوم مراد آباد کا گوشوارہ

آمد و خرچ کے امید افزا نتائج

بابتہ مشاہرہ مدرسین و ملازمین مدرسہ دو ہزار ستاسی روپے چھ پائی بابت وظائف طلبہ مدرسہ ہذا انیس روپیہ بابت مصارف متفرقہ ایک سو کچھ روپیہ دس آنہ چھ پائی۔ کل دو ہزار دو سو بچاسی روپیہ گیارہ آنہ صرف ہوئے اب ذمہ مدرسہ واجب الادا بابتہ مشاہرہ دو سو بیالیس روپیہ اور بابت وظائف طلبہ تقریباً اٹھائیس روپیہ کل دو سو ستر روپیہ ہیں اور تحویل میں صرف اتالیس روپے آٹھ آنے ہیں۔ جو مہتمم صاحب کے پاس موجود ہیں چندہ جات متعلق ترتیب کاغذات دفتر کو دیدی گئی ہیں جن پر عمل کرنے … کو سہولت ہوگی۔

دنیا کی بیکاری میں کوئی فرق نہیں آیا

مفرح مشکین
Mufarrah Mushkin
مشک عنبر اور جواہرات کا ایک نفیس مرکب
… ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

دونوں نبی بانڈ معدہ زور سے دوڑ…
لیکن کدھر؟
ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے
… "کام شاستر" مفت طلب فرما کر ملاحظہ کریں۔
ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب طبیب خاص سابق حضور نظام نے ماہ اوحدی صاحب ایڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک طلسمی نسخہ قوت کا عطا فرمایا ہے اس نسخے کے نیچے یہ عبارت درج ہے۔

معجون مددگار غدود ہے

ایک ضروری گذارش

منیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۱۲ کوچہ چیلان دہلی

نیٹ بھراپن کا موثر علاج

باب اینڈ سنز بیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

ہمادری سرمہ

کان کی دوا باب اینڈ سنز بیلی بھیت (یو۔ پی)

مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

ریاست گوالیار میں غریب مسلمانوں کی بے بسی

اسلامی شعائر کی پامالی کا لامتناہی سلسلہ

ریاست گوالیار کے حکام کا خواب خرگوش

اوجین کی میونسپلٹی کے ارکان نے جن کا غالب عنصر مہاسبھائی ہندوؤں پر مشتمل ہے مسلمانوں کے گورستان پر غاصبانہ قبضہ جما رکھا ہے۔ دنیا کے ہر مہذب ملک میں مرنے والوں کا احترام کیا جاتا ہے اور ان کی توہین کر کے انکے ورثاء اور متعلقین کو اذیت نہیں پہنچائی جاتی مگر ریاست گوالیار کے متعصب حکام حکومت تہذیب و شرافت کی قبر کھود کر مسلمانوں کے قبرستان کو اپنے تصرف میں لا رہے ہیں۔ اگر مسلمانوں کے قبرستان پر قبضہ جما کر …

آل انڈیا مغل اتحاد کا جلسہ

عہدیداران کا انتخاب

(ریاست کا ایک خیر خواہ)

… کے ساتھ تردید کر دیں گے اور غلطی کے اعتراف میں ہم سب سے زیادہ جرأت کا اظہار کریں گے۔ خدا کرے کہ حق و انصاف کی خاطر انسانیت اور شرافت کی خاطر رعایا پروری اور اصول حکمرانی کی خاطر رعایا پروری اور اصول حکمرانی کی خاطر ریاست کے عمال ہماری گذارشات پر غور کریں اور ہماری شکایات کا جلد از جلد تدارک فرمائیں۔

آل انڈیا مغل اتحاد کی مجلس انتظامیہ کا جلسہ انتخاب عہدہ داران بتاریخ ۸ مئی ۱۹۳۲ء کو بہ زیر صدارت پروفیسر مرزا محمد سعید صاحب ایم۔ اے۔ آئی۔ ای۔ ایس منعقد ہوا اسال رواں کے واسطے حسب ذیل عہدہ داران انتخاب میں آئے۔

۱۔ صدر۔ شاہزادہ مرزا دارا بخت صاحب اکسائز انسپکٹر اناؤ ضلع یو۔ پی۔

۲۔ سینیئر نائب صدر۔ مرزا اسحاق بیگ صاحب سپیشل کمشنر …

شیخ کلیم اللہ جہان آبادی کا عزا

آزاد اسلامیہ ہائی اسکول ملتان نئی

دینیات کے امتحانات کے خوشگوار نتائج

مسلمانان ہزارہ کا زبردست اجلاس

مرزائی حکام کو ریاست سے بدر کرنے کا مطالبہ

مسلمانان ہزارہ کا ایک زبردست اجلاس بصدارت جناب میر علی احمد صاحب وکیل ایبٹ آباد منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجاویز بالاتفاق منظور ہوئیں:۔

(۱) مسلمانان ہزارہ کا یہ جلسہ نواب صاحب والئے امب اور خان بہادر صاحب رائے پھلڑہ کی خدمت میں التماس کرتا ہے کہ ہر دو ریاستوں میں اندازِ مرزائیت کی فوری روک تھام کی جائے۔ اور مرزائی حکام کو جو ریاست میں اس فتنہ کے بانی مبانی ہیں۔ بلحاظ کثرت آبادی مسلمانان ریاست فوراً برطرف کر کے ریاست بدر کیا جائے۔

(۲) مسلمانان ہزارہ کا یہ جلسہ ریاست پھلڑہ کے مظلوم و مجروح مسلمانوں سے ہمدردی کا اظہار کرتا ہے اور ان پر ظلم کرنے والے عمال ریاست کے خلاف پر زور نفرت کا اظہار کرتا ہے۔ نیز یہ جلسہ دربند کے ان محبوسین …

مزدوروں پر کھدر بھنڈار والوں کا ظلم

دھوبیوں کو بھوکا مارنے کا ارادہ

پلکھوہ جرنیل سنگھ کی طرف سودیشی کپڑوں کا جو بھنڈار ہے اس کے کپڑے مدت سے پلکھوہ کے غریب دھوبی دھوتے آئے ہیں لیکن سکیٹرہ کے واقعہ نے دماغ کو اس قدر معطل کر دیا ہے کہ وہ اپنے ہاتھوں اپنے اصول کو پامال کر رہے ہیں چنانچہ انہوں نے دھوبیوں کا بائیکاٹ کر دیا ہے اور کپڑے دھلانے کے لئے ایک علیحدہ فیکٹری تیار کر رہے ہیں۔ یہاں پہلے ہی فرقہ وارانہ جذبات بھیلے رہتے ہیں اس لئے اس نئی فیکٹری کے قیام اور دھوبیوں کے بائیکاٹ سے حالات اور ناخوشگوار ہو جائیں گے۔ اس لئے کھدر بھنڈار پلکھوہ کے کارکنوں سے التماس ہے کہ وہ دیگر واقعات سے اس قدر متاثر نہ ہوں جس سے غریب مزدوروں کے حقوق پامال ہوں اور سرمایہ داری کو فروغ ہو۔ آخر غریب دھوبیوں نے کونسا جرم کیا ہے کہ ان کا بائیکاٹ کر کے نئی فیکٹری کھولی جا رہی ہے۔

دینی درسگاہ کو انگریزی سکول بنانے کا منصوبہ

صوبہ سرحد کے شرعی تعلیم کو اتباہ



SHARBAT ROOHAFZA
شربت روح افزا
… ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

تین پیسے میں ایک سو چالیس صفحے

مفید بال بڑھے سے کالا

دوسری شادی

نیو ٹریڈنگ کمپنی ۲۲ اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور

کتب خانہ ثنائیہ امرتسر کی طرف سے
حیرت انگیز رعایت

طلا نامردی یعنی تحفہ عظیم

آہنی خراس

ایم۔ اے رشید اینڈ سنز انجنیئرز بٹالہ (پنجاب)

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

نرخ اشاعت

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۷ | دہلی یوم شنبہ ۲۴ محرم الحرام ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۰ مئی ۱۹۳۳ء | نمبر ۳۵

معاصرین کے افکار و آراء

اچھوت ادھار کی واحد صورت (مدینہ)

ہندوؤں کے علاوہ عیسائیوں اور مسلمانوں نے بھی اچھوتوں کی حالت درست کرنے کی کوشش کی۔ ان میں سے عیسائیوں نے اچھوتوں کو ہندوؤں سے زیادہ نفع پہنچایا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عیسائیت بھی ہندو مذاہب کی طرح ... اور اچھوتوں کو کوئی نفسہ ناپاک نہیں سمجھتی۔ لیکن اس کے ساتھ یہ مصیبت لگی ہوئی ہے کہ وہ انگریزی حکومت کے سلسلے میں ہندوستان وارد ہوئی ہے۔ اور اینگلو سیکسن نسل کا ... جس میں ہندوستان کا برہمن مبتلا ہے۔ اس کا گرجا الگ ہے سائس کی ... الگ ہے۔ اور اس کی دینداری کا حلقہ عمل الگ ہے۔ اچھوت عیسائی ہونے کے بعد بھی یورپین گرجے میں داخل نہیں ہو سکتا۔ اور ... کے تصورات اس کے وجود سے علیحدہ نہیں ہوتے۔

اچھوت ادھار کیلئے جو عنصر سب سے زیادہ کامیاب ہوا ہے وہ اسلام ہے اس نے مساوات انسانی کا جو تخیل عقیدے کی صورت میں اپنے پیرؤں کے سامنے پیش کیا ہے۔ اس میں نسل، رنگ، قوم اور وطن کی کوئی تحدید نہیں ہے مسلمان ہو کر تو ہر شخص اسلامی سوسائٹی میں مساویانہ مرتبہ حاصل کر ہی لیتا ہے اگر کوئی شخص غیر مسلم بھی ہو پھر بھی اسے کوئی مسلمان فی نفسہ ناپاک نہیں سمجھتا۔ اسلام ...

معتدلین کی چاپلوسی (ملت)

"راشٹر یہ ملی" کے نامہ نگار متعینہ لندن کا بیان ہے کہ حکومت یہ کوشش کر رہی ہے کہ وہ معتدلین کو اپنے ساتھ ملالے رہا یہ اس کا اندازہ کیا جا رہا ہے کہ ان کی شکایات کیا ہیں وہ کن شرائط پر حکومت کے مددگار ہوں گے۔

ہم نہیں کہہ سکتے کہ معتدلین کن شرائط پر حکومت کے ساتھ تجویزہ دستور اساسی کو کامیاب بنانے میں اشتراک عمل پر رضامند ہو جائیں گے ... یہ ہے کہ اس جماعت کے اشتراک ... سے حکومت کو نہ تو کوئی نفع ہو سکتا ہے اور نہ نقصان ... کو اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔ ایک سے زیادہ مواقع پر ان کا امتحان کیا جا چکا ہے اور ہر دفعہ وہ ... ناکام ہوئے۔ اس جماعت کے افراد ... سیاسی مسائل کے سمجھنے میں بہت سی دوسری جماعتوں کے افراد سے نمایاں فوقیت رکھتے ہیں لیکن ... اہل ملک کو ... اپنے ساتھ لے چل سکتے ہیں ...

حکومت کی روش

مفتی صاحب کی رائے

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

سرزمین ... اسلامی نقوذ سے پہلے ... جبل الطارق ...

شادی بیاہ کا عربوں سے مقابلہ

اسلام سے پہلے ہسپانیہ کی حالت

انفرادی اور اجتماعی حیثیت

(باقی)

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ
جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد، اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین بزرگان دین کے اسوۂ حسنہ پر چلنے کی دعوت، مہلک مرض ناک بدعات سے روکنا، مسلمانوں کو سچا صحیح علم و ادب اور مذہب، روحانیت سے آشنا کرنا اور خدا کا ستانہ تک پہنچا دینا ہے۔
قیمت سالانہ ... نمونہ کا پرچہ ... ٹکٹ آنے پر روانہ ہوگا
پتہ
منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

سلطان ہند کے قومی مطالبات کا حامی
قومی صنعت و تجارت کا سچا علمبردار
عصر جدید
...
منیجر عصر جدید ...

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام
طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں۔ اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دوائیں خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے، ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطبا نے اس کتاب کو پسند فرمایا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔
قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

وسیلۂ نجات
حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں انہیں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث درج ہیں جنمیں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب آلہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب آلہی سے خوف دلاکر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب ۴۸۰ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف ایک روپیہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جنمیں اعمال حسنہ بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں ۱۱۲۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ/ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں اب تک تیار نہیں ہوا ہے بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن مجید
مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔
اعلیٰحضرت حضور نظام
جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت مولانا شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے صرف مبلغ عہ/ علاوہ محصول ڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عہ/
فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرا
اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملے گا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں۔ کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک ضع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔
ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے۔ یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم
اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔
ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ خشنا ... قسم دوم ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم سہ شنبہ ۲۴ محرم الحرام ۱۳۵۲ ہجری

"سیرت محمد علی" کے دو ابواب
علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۶)

اشاعت گزشتہ میں ہم نے جمعیۃ علمائے ہند کی امن پالیسی پر مختصراً روشنی ڈالی تھی، جو اول روز سے اس کی تاسیس کا مقصد وحید اور اس کے بقاء و استحکام کا واحد ذریعہ رہی ہے اور جس کی تشریح ہندوستان کے اکابر علماء سال بسال اپنے خطبہ ہائے صدارت میں کرتے رہتے ہیں اور آخر میں ان اختلافات کی طرف اشارہ کیا تھا جو مولانا محمد علی مرحوم کو وقتاً فوقتاً جمعیۃ علمائے ہند کے ساتھ ...

لئے خود سیرت محمد علی کے فاضل مؤلف کا اعتراف ہی کافی ہے جسے ہم گذشتہ اشاعت میں بھی نقل کرچکے ہیں۔

دوسرا اختلاف

پہلا اختلاف

تیسرا اختلاف

برت کا گیارہواں دن

حکومت کا دعوائے امن پسندی

تعاون سے خوف

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

ہندوستان میں حکومت کی تعلیمی پالیسی
مذہبی اور سیاسی اغراض

(از خان بہادر مولوی بشیر الدین صاحب)

(گزشتہ سے پیوستہ)

بعد ازاں انگلستان میں یہ بحث شروع ہوگئی کہ گورنمنٹ کو انگریزی تعلیم کی اشاعت میں روپیہ صرف کرنا چاہئے یا عربی فارسی اور سنسکرت پر۔ ایک جماعت کی رائے تھی کہ فارسی اور عربی کی تعلیم جاری رکھی جاوے دوسری جماعت جس کے سرغنہ لارڈ میکالے تھے، وہ انگریزی تعلیم کی اشاعت کے حامی تھے۔

چنانچہ لارڈ میکالے کی جماعت کو کامیابی ہوئی۔ اور ہندوستان کے تعلقہ ...

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

فلسطین میں ہر سال دس ہزار یہودیوں کی آمد
یہودیوں کا خوفناک اقتدار اور عربوں کی افسوسناک پستی
عربوں کے وطن پر یہودیوں کا شبخون

بیت المقدس فلسطین کا مرکز ہے جس طرح روم کا مرکز اٹلی ہے۔ بیت المقدس کا فاصلہ ... میل ہے ...

یہودیت کا سیلاب

عربوں کی معکوس حالت

ذرائع معاش کا فقدان

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

مغرب کے مقلدین سے مغربیوں کی نفرت
"ہماری نقالی میں مر بھی جاؤ تب بھی ترقی حاصل نہیں کرسکتے"
مشرق کے نوجوانوں کو ایک مغربی کی نصیحت

مجلہ "المرشد" میں مشرق اور مغرب کے عنوان سے ایک مضمون شائع ہوا ہے جو ایک مغربی عالم کے پند و نصائح پر مشتمل ہے۔ "المرشد" لکھتا ہے کہ ایک دفعہ مسیو لوتون سے حلب میں ملا۔ مسیو لوتون اس وفد کے رئیس تھے جو حکومت فرانس کی طرف سے علمی تحقیقات کے لئے دورہ کر رہا تھا۔ آپ نے مجھ سے بہت دیر تک مشرق اور مغرب کے عنوان پر تبادلہ خیال فرمایا۔ دوران گفتگو میں معلوم ہوا کہ آپ مشرقی تہذیب و معاشرت سے خوب آگاہ ہیں اور مختلف اقوام کی ...

... ہیں، اپنے مذہب اور تمدن سے نفرت اور مغرب کی ہر ادا پر فریفتگی، کامیابی کی کوئی شرط نہیں ہے۔

(یورپ زدہ مقلدین اپنے اس یورپین نصیحت پر کان لگائیں ایسا نہ ہو کہ اندھی تقلید میں وہ نہ مشرق کے رہیں نہ مغرب کے)۔

شاہان مغرب پاپائے اعظم کے قدموں پر
عید فصح کی تقریب پر زبردست اجتماع

عید فصح کی تقریب کے سلسلہ میں پاپائے اعظم نے ایک زبردست جلسہ ویٹیکان (اٹلی) منعقد کیا۔ رسم کی ادائیگی کے بعد پاپائے اعظم ایک میدان میں نکلے جہاں لوگوں نے آپ کے کپڑوں سے برکت حاصل کی۔ ویٹیکان کی کلیسا میں پچاس ہزار عیسائیوں کا اجتماع تھا جن میں مشہور لوگوں کے نام حسب ذیل ہیں:۔

جارج سابق شاہ یونان، امیر کریسٹون، شاہ ملکہ بلجیک، فان پاپن جرمنی وزارت کے صدر دوم، میسو ڈولفوس صدر وزارت پولینڈ، میسو ... صدر جمہوریہ ہالینڈ۔

اس موقعہ پر جن لوگوں نے پاپائے اعظم سے برکت حاصل کی ان کی تعداد دو لاکھ سے متجاوز ہے۔

(خبر نہیں ملاحدہ مسلمین اس خبر کو پڑھ کر کچھ شرم کریں گے یا نہیں اور بڑی بڑی حکومتوں کے ذمہ دار وزراء اور ملوک کو رجعت پسندی اور قدامت پرستی کے خطابات سے مشرف فرمائیں گے یا نہیں؟)۔

عربی ممالک کی تازہ مردم شماری
ایشیائی اقوام میں آبادی کا تناسب

ذیل میں مختلف عربی ممالک کی مردم شماری درج کی جاتی ہے:۔

مصر۔ ۱۹۲۷ء کی مردم شماری کے مطابق ۱۴۱۶۸۰۰۰ افراد۔
عراق۔ ۱۹۳۰ء کی مردم شماری کے بموجب ۲۸۴۹۳۰۰ افراد
فلسطین۔ ۱۰۰۰۰۰۰ افراد۔
لبنان۔ ۱۰۰۰۰۰۰ افراد۔
شام۔ ۱۹۳۰ء کی مردم شماری کے مطابق ۱۷۰۰۰۰۰ افراد۔
جبل الدروز۔ ۶۰۰۰۰ افراد۔
علوی بلاد۔ ۲۶۵۰۰۰ افراد۔
دنیا کی کل آبادی ایک ارب ۸۰ کروڑ افراد پر مشتمل ہے۔
ممالک ایشیا کی آبادی ۹۲ کروڑ ہے۔
یورپ کی آبادی ۴۸ کروڑ ۵۰ لاکھ ہے۔
شمالی اور جنوبی امریکہ کی آبادی ۲۳ کروڑ ہے۔
افریقہ کی آبادی ۱۵ کروڑ ۵۰ لاکھ ہے۔

(بسلسلہ صفحہ ہذا کالم ۳)

دارالحکومت

شریفاً دائی کے قتل کے مقدمہ کا فیصلہ
ایک ملزم کو پھانسی دو بری

دہلی ۱۵ مئی - مسٹرایل ڈسٹرکٹ کی عدالت سے شریفاً دائی کو قتل کرنے کے الزام میں شہاب الدین بشیر زمانی اور اس کے سالے عبدالقدوس کو سشن سپرد کیا گیا تھا آج مسٹر بیکٹ ڈسٹرکٹ و سشن جج کی عدالت سے شہاب الدین کو پھانسی کی سزا کا حکم دیا گیا دیگر ملزمان کو عدم ثبوت کی وجہ سے رہا کر دیا گیا۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ شریفاً دائی گندہ نالہ پر رہا کرتی تھی اور ہر وقت زیورات سے لدی رہتی تھی مقتولہ کی نعش ملزم کے گھر میں ایک گڑھے میں دبی ہوئی برآمد ہوئی تھی۔

دہلی میں خودکشی کی واردات

دہلی، محلہ دساں کی دو نوجوان لڑکیوں کی موت کی خبر دی جا چکی ہے اس سلسلہ میں یہ بھی خبر دی گئی تھی کہ بھگوتی چرن فرار ہو گیا ہے اس کے مکان کی تلاشی پر پولیس نے بہت سے مشتبہ امیز خطوط بھی برآمد کئے ہیں جس سے پتہ چلتا ہے کہ سماۃ بشنو سے اس کو محبت تھی منجملہ دیگر خطوط کے ایک نہایت اہم خط بھی پولیس کو ملا ہے۔

پولیس کی تحقیقات سے معلوم ہوتا ہے کہ بھگوتی چرن اپنی محبوبہ کے ساتھ خودکشی سے قبل ہی خودکشی کرلینا چاہتا تھا ان کی خودکشی کے بعد فوراً بھگوتی چرن غائب ہو گیا تھا آج مراد آباد سے خبر موصول ہوئی ہے کہ اس نے بھی خودکشی کر لی متوفی کی جیب سے ایک خط بھی برآمد ہوا ہے جو معلوم ہوتا ہے اس نے اپنی خودکشی سے قبل تحریر کیا تھا۔

دہلی کے انسپکٹروں کا تبادلہ

دہلی پولیس کے متعدد سب انسپکٹروں کو جو عرصہ سے دہلی میں تھے پنجاب کے مختلف حلقوں میں تبدیل کر دیا ہے پنڈت کندن لال اسٹیشن ہاؤس افسر دہلی چھاؤنی کرنال گئے۔ عبدالواحد ایس۔ایچ۔او کوتوالی فیروز پور بھیجے جائیں گے۔ مسٹر صفدر علی نئی دہلی تھانہ تبدیل کئے جائیں گے سردار کرتار سنگھ سبزی منڈی لدھیانہ چلے جائیں گے سردار ہرگر جیت سنگھ سول اسٹیشن چودھری عبدالستار حصار جائیں گے مسٹر ضمیر حسین ریلوے پولیس کا تبادلہ جالندھر کیا گیا ہے۔

بلند شہر کے قریب سادات پر جاٹوں کا خونی حملہ
دس لڑکوں پر سینکڑوں جاٹوں کی یورش
دو مسلمان شہید اور ۸ سخت مجروح

دہلی ۱۶ مئی - موضع چھولس تحصیل سکندرآباد ضلع بلند شہر میں ہندو جاٹوں نے مسلمان سادات پر حملہ کر دیا جس سے ایک مسلمان اکرام علی تو وہیں شہید ہو گیا اور دوسرا زخمی سید سیدالحسن ہسپتال میں فوت ہو گیا۔

قصبہ چھولس سکندرآباد سے چھ میل کے فاصلہ پر واقع ہے، اس میں ۲۲ سو کے قریب مسلم سادات آباد ہیں۔ اور جاٹوں کی آبادی دو ہزار افراد پر مشتمل ہے واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں کہ مسلمانوں کے کھیتوں میں جاٹوں کے مویشی داخل ہو گئے۔ وہاں جو چند مسلمان لڑکے موجود تھے وہ ان مویشیوں ...

ایران اور ترکی نے پرواز کی اجازت نہیں دی

چینی شہر پر جاپانی افواج کی زبردست گولہ باری
جاپان کی مسلسل پیشقدمی اور لووان چو پر قبضہ
آبادی نے شہر خالی کر دیا امریکن اسکول بند کر دیا گیا

لندن ۱۶ مئی۔ اخبار "ٹائمز" کا نامہ نگار مقیم پیکن لکھتا ہے کہ جاپانی افواج لی یون سے آٹھ میل کے فاصلہ پر پہنچ گئی ہیں۔ تمام آبادی نے شہر کو چھوڑ دیا ہے رمشرقی جانب حالت اور بھی نازک ہے، جاپانی اور منچوکو افواج نے مشترکہ طور پر لووان چو پر قبضہ کر لیا ہے، اور جاپانی افواج ٹونگ شان پر قبضہ کر لینے کی دھمکی دے رہی ہیں چینی افواج کا ہیڈ کوارٹر ٹونائی کو منتقل ہو گیا ہے۔ جاپان کا ہوائی بیڑہ ٹاکو پہنچ گیا ہے۔ جاپانی حکام کا بیان ہے کہ جاپان کا ارادہ نہ تو پیکن میں داخل ہونے کا ہے اور نہ ٹینٹسن میں۔

پیکن کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ آج پیکن کے جنوبی حصہ میں گولہ باری کی آوازیں سنی گئیں۔ امریکن سفیر کے مشورہ سے امریکن اسکول کے بچے ٹنگ شان کے مشنری اسکول میں منتقل کر دئے گئے ہیں۔

چینی شہر تانگ شان پر جاپان نے زبردست بمباری کی۔ اس جگہ برطانیہ کی مشہور کان کیلان واقع ہے۔ کیلان کے ایک اور شہر کو یہ کی طرف جاپانی افواج پیشقدمی کر رہی ہیں۔ چینی افواج نے اس مقام پر جاپان کا سختی سے مقابلہ کیا۔

گاندھی جی کے وزن میں تین پونڈ کی کمی
متلی سے افاقہ، یرقان کے آثار

پونہ ۱۶ مئی - ڈاکٹر انصاری، ڈاکٹر دیش مکھ، ڈاکٹر پرشوتم داس پٹیل، ڈاکٹر ایو رولکر، ڈاکٹر گھارپورے، اور ڈاکٹر بالک پرشنل میڈیکل بورڈ نے آج سہ پہر گاندھی جی کی صحت کا طبی معائنہ کیا اور طویل مشورہ کے بعد مندرجہ ذیل بلیٹن شائع کیا:

"ہم نے آج گاندھی جی کا طبی معائنہ کیا جمعرات سے اب تک ان کا وزن پونے تین پونڈ کم ہو گیا ہے۔ اب متلی بہت کم ہوتی ہے، خون کا دباؤ بھی بڑھ رہا ہے۔ پیشاب میں تیزابی مادہ موجود ہے منہ پر کے اثرات تقریب قریب معدوم ہیں۔ خون کے معائنہ سے یرقان کے آثار نمایاں ہیں۔ گاندھی جی کمزور ہیں لیکن خوش و خرم رہتے ہیں"۔

گاندھی جی کو متلی کی شکایت
ایک سیر پانی بھی ہضم نہیں کر سکتے
حالت اطمینان بخش ہے

پونہ ۱۶ مئی - متلی کی شکایت کے باعث گاندھی جی کمزور سے کمزور ہوتے چلے جا رہے ہیں ورنہ ان کی حالت اچھی ہے۔ متلی کی شکایت کے باعث وہ ایک سیر پانی بھی ہضم نہیں کر سکتے جو ڈاکٹروں نے ان کے لئے تجویز کیا ہے۔ آج بھی ان کا وزن کیا گیا۔ کل دوپہر کے بارہ بجے اور آج سہ پہر کے درمیان ان کے وزن میں ڈیڑھ نصف پونڈ کی کمی ہو گئی ہے۔ حالانکہ گذشتہ ایام میں ان کا وزن نہایت تیزی سے کم ہو رہا تھا۔ نبض اور خون کے دباؤ کی حالت قطعی اطمینان بخش ہے۔

ڈاکٹر انصاری کا بیان

پونہ ۱۶ مئی۔ پریس کے ایک نمائندے کے دریافت کرنے پر ڈاکٹر انصاری نے فرمایا کہ گاندھی جی آہستہ آہستہ ترقی کر رہے ہیں اگر ان کی حالت اطمینان بخش نہ ہوتی تو میں دہلی جانے کا کبھی خیال بھی نہ کرتا۔ یہ دریافت کرنے پر کہ آہستہ آہستہ ترقی کرنے سے آپ کی کیا مراد ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ آج برت کا نواں دن ہے ان کے خون کا دباؤ جو پہلے بڑھ رہا تھا اب نہیں بڑھتا۔ ان کی نبض اور درجہ حرارت حسب معمول ہے ...

گاندھی جی کے پوتے کی گرفتاری

گاندھی جی کے پوتے کو آوارہ گردی میں سزا

بمبئی کے بازار مبادلہ میں ہیجان
نرخوں میں غیر معمولی کمی

مشیر کمیٹی کے نام گاندھی جی کا پیغام

قرطاس ابیض کی مذمت اور ہری جن تحریک کی تائید
مولانا حسرت موہانی کا بیان

کانپور ۱۵ مئی - مولانا حسرت موہانی نے جو حال ہی میں حج سے واپس آئے ہیں فری پریس سے ایک انٹرویو کے دوران میں کہا کہ وائٹ پیپر مطلق العنانی کی بدترین صورت ہے بلکہ زیادہ برا ہے وائٹ پیپر کی تجاویز ہندوستان کی پوزیشن کو پہلے سے بھی بدتر بنا دیتی ہیں اور جو کچھ دیا جا رہا ہے اس کا بھاری حصہ واپس لے لیا جاتا ہے۔ مولانا حسرت موہانی نے سول نافرمانی کے التواء کو نظر پسندیدگی نہیں دیکھا۔ آپ نے قریباً مسٹر پٹیل اور سبھاش بابو کے اعلان کی تائید کی ہے مولانا حسرت موہانی نے ہری جن تحریک کی تائید کی اور کہا کہ ہری جن تحریک ایک سوشلسٹ تحریک ہے ہری جن اکثریت مزدور اور کسان ہیں ان کی بیداری ایک ایسا مکمل انقلاب پیدا کرے گی جس کی طاقت روس کے بالشوزم اور پکے نرم سے زیادہ دور رس ہوگی۔

ریزیڈنسی بازار حکومت نظام کے حوالہ کر دیا
سرکاری اعلان

حیدرآباد (دکن) گزٹ کی غیر معمولی اشاعت میں نظام گورنمنٹ نے اعلان شائع کیا ہے کہ آج سہ پہر ریزیڈنسی بازار نظام گورنمنٹ میں شامل کر دئے گئے ہیں۔ منتقلی کی شرائط کے متعلق گو ابھی تک تفصیلات معلوم نہیں ہوئیں لیکن خیال کیا جاتا ہے کہ وہ دہی ہیں جو پہلے شائع ہو چکی ہیں۔

اس سلسلہ میں کئی ماہ سے زبردست کوشش ہو رہی تھی۔ کل جب منتقلی کا اعلان کیا گیا اہل حیدرآباد نے زبردست اظہار مسرت کیا، کل ریزیڈنسی پولیس ہیڈ کوارٹرز میونسپل دفاتر اور ہسپتال کا چارج نظام گورنمنٹ کے نمائندگان کو دیا گیا۔ سب سے اہم تقریب وہ تھی جبکہ ریزیڈنسی ہیڈ پولیس اسٹیشن میں کرنل ایم سلطان ڈپٹی کمشنر نظام پولیس نے سپرنٹنڈنٹ کنٹونمنٹ پولیس سکندرآباد سے چارج لیا۔ ایک اور دلچسپ تقریب امپیریل بنک میں ہوئی جہاں برطانوی فوجی سنتریوں کی جگہ حیدرآباد کے فوجی سنتری تعینات کئے گئے اور یونین جیک کے ساتھ ساتھ نظام کا جھنڈا بھی لہرا دیا گیا۔

منتقلی کی شرائط کے متعلق معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ قانونی، تعلیمی، مذہبی، میونسپل ...

اسلامی آبادی پر تین درجن ہندوؤں کا حملہ
نومسلمہ خاتون اور تین بچوں کا اغوا
مسلمانوں سے مقابلہ کے لئے پیشبندیاں

امرتسر ۱۶ مئی - عاشورہ کے اگلے دن ہال بازار کے متصل حسین پورہ کی خالص اسلامی آبادی میں مسلح ڈکیتی کی دلیرانہ واردات ظہر کے وقت ہوئی تھی بیان کیا جاتا ہے کہ تین درجن ہندو جو انواع و اقسام کے ہتھیاروں سے مسلح تھے مختلف راستوں سے یہاں پہنچے اور ایک نومسلمہ خاتون اور ایک تین بچوں کو زبردستی موٹر میں بٹھا کر لے گئے۔ اس واردات نے شہر کے مسلمانوں میں اضطراب و ہیجان کی لہر پیدا کر دی اور مسلمانوں نے جا بجا جلسے کر کے حکام کو ان کے فرائض منصبی کی طرف متوجہ کیا۔ مسلمانوں کا رویہ بالکل پرامن ہے اور بظاہر فساد کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی لیکن کل رات کے بارہ بجے ہندوؤں کی ستی نے بذریعہ منادی ہندو آبادی کو تاکید کر دی ہے کہ وہ گلیوں کی کوچہ بندی کر کے دروازے بند کر لیں اور عورتوں کو مندروں اور لڑکیوں کو اسکول جانے کی اجازت نہ دیں۔ چنانچہ آج ہندوؤں کے گلی کوچے محصور قلعوں کی طرح بند ہیں اور زنانہ سکولوں میں ہڑتال ہے۔ ہندوؤں کے ایما پر مسلمان محلوں میں پولیس کے پہرے مسلط کر دئے گئے ہیں۔ قوم پرست ہندوؤں نے مجرمانہ چپ سادھ رکھی ہے۔ یہ کہنا قبل از وقت ہے کہ اس "ازکھی ستیہ گرہ" کا یہ مجبر القتول سلسلہ کب تک جاری رہے گا۔

واردات کے متعلق پولیس کی تحقیقات جاری ہے۔ شہر میں کئی خانہ تلاشیاں بھی ہوئی ہیں۔ آج ہندوؤں کی طرف سے ایک شخص نے خود کو اغوا شدہ مسلمہ کا شوہر ظاہر کر کے استغاثہ دائر کیا۔ مگر جب وہ عدالت میں حاضر ہوا تو لالہ پرت رائے مجسٹریٹ نے حکم دیا کہ اسے گرفتار کر کے حوالہ پولیس کر دیا جائے۔

عیسائی مبلغ آغوش اسلام میں

سہارنپور ۱۳ مئی - بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں باہتمام احرار اسلام زیر صدارت جناب مولانا مولوی مشتاق احمد صاحب جلسہ منعقد ہوا حاضرین کی تعداد تقریباً ۴ ہزار سے زائد تھی مولوی محمد یسین صاحب نے حکیم محمد عبدالرزاق صاحب سابق عیسائیت ساکن چکوال کا تعارف کراتے ہوئے ایک جامع و مانع تقریر فرمائی ان بعد حکیم صاحب نے اپنے اسلام لانے کے واقعات بیان فرماتے ہوئے اسلام اور عیسائیت کا مقابلہ کر کے ثابت کر دیا کہ اسلام ہی ایک حقیقی مذہب ہے ... کی تردید کرتے ہوئے فرمایا کہ شمشیر سے ممالک پر قبضہ ہو سکتا ہے لیکن قلوب پر شمشیر سے قبضہ کرنا ایک غیر ممکن امر ہے چنانچہ مسٹر خالد لطیف گوبا وغیرہ ... کا آغوش اسلام میں پناہ گزیں ہونا اسی بات کی زندہ دلیل ہے کہ اسلام نے ان کو اپنی خوبیوں کے باعث اپنی طرف کھینچا ورنہ ان صاحبان پر کسی نے تلوار نہیں چلائی تھی۔

محمد کامل خاں سکریٹری مجلس احرار اسلام سہارنپور

الور میں پھر فساد کا اندیشہ
سرکاری بیان

شملہ ۱۶ مئی - ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ تجارہ ریاست الور میں محرم کے دوران میں ۶ مئی کو جو فساد ہوا تھا اس کے بعد وہاں پر قطعی امن دامان رہا ہے - ۸ مئی تک برطانوی ہندی فوج وہاں پر مقیم رہی۔ علاوہ بریں پولیس کے ۶۵ آدمیوں کا ایک دستہ ۶ مئی سے تجارہ میں تعینات کر دیا گیا ...

لاہور میں قصابوں کی ہڑتال
مذبوحہ جانوروں کے محصول میں اضافہ

دو ڈاکوؤں کو کالا پانی
ضلع بستی میں ٹاکہ کے مقدمہ کا فیصلہ

برار کے متعلق حکومت سے گفت و شنید جاری ہے
دارالعوام میں وزیر ہند کا جواب

مولانا شوکت علی اور مالوی جی کی گفتگو
شائع شدہ رپورٹوں کی صحت سے انکار

چینی ترکستان میں اسلامی حکومت کا قیام
تحریک حریت کا تدریجی ارتقاء
سترہ برس کے مسلم نوجوان کے کارنامے

چینی ترکستان میں حال میں جو اسلامی حکومت قائم ہوئی ہے۔ اخبارات میں اس کی خبریں آچکی ہیں۔ ڈاکٹر سر محمد اقبال نے جو اس مسئلہ سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں اپنے خیالات کا اظہار حسب ذیل الفاظ میں کیا ہے۔

"ایک ایشائی اور مسلمان ہونے کی حیثیت سے مجھے وسطی ایشیا کے واقعات اور ان واقعات سے جن جدید سیاسی مسائل کے پیدا ہونے کی توقع ہے مجھے بہت زیادہ دلچسپی ہے ترکستان ایک وسیع ملک ہے جو کئی زمانہ۔ روسی افغان اور چینی تین حصوں میں منقسم ہے ۱۸۷۸ء میں چینی ترکستان میں زبردست بے اطمینانی اور بے چینی پیدا تھی۔ چینی حکومت نے مسلمانوں کے سر چینی زبان منڈھنے کی کوشش کی جس کے خلاف مسلمانوں نے سخت احتجاج کیا اور مسلمانوں نے اپنے ملک میں چینی مجسٹریٹوں کے تقرر کے خلاف بھی احتجاج کیا بہر حال اس زمانہ میں یہ معاملات کا سیاسی دھبہ کے جہاں تک میری معلومات ہیں موجودہ انقلاب کی ابتدا تقریباً سترہ سے ہوئی۔ انقلابیوں کا رہنما ایک سترہ برس کا نوجوان مسلمان ماچونگ ینگ تھا ...

حضرت مفتی اعظم کی خدمت میں طلبائے مدرسہ امینیہ کا اظہار عقیدت
دعوت چا اور سپاسنامہ

دہلی ۱۴ مئی - آج شام کو ۵ بجے مدرسہ امینیہ میں طلبائے مدرسہ کی جانب سے حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند رئیس المدرسین مدرسہ امینیہ کی خدمت میں ایک سپاسنامہ پیش کیا گیا۔ اور معززین و علمائے شہر کو دعوت چا دی گئی۔ طلبائے مدرسہ نے صبح سے ہی تمام مدرسہ کو جھنڈیوں اور مختلف کتبوں سے آراستہ و پیراستہ کر دیا تھا۔ اور مسجد کے دروازے کے باہر ایک سبز دروازہ بھی نصب کیا تھا جس پر مفتی اعظم زندہ باد کا کتبہ لگا تھا دعوت چا میں تقریباً دو سو حضرات مدعو تھے۔ جن میں طلبا اور ہر خیال کے اکابر شریک تھے جس وقت حضرت مفتی صاحب تشریف لائے تو تمام مسجد اللہ اکبر اور مفتی اعظم زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی اور عام مسلمانوں کا مجمع اس قدر ہو گیا کہ تل رکھنے کی جگہ مسجد میں باقی نہ رہی۔ سب سے پہلے حضرت مفتی صاحب نے مسجد میں جا کر (جو زیر تعمیر ہے) دعا فرمائی۔ اس کے بعد اوپر کی منزل میں تشریف لے گئے جہاں دعوت کا انتظام تھا حضرت سائل دہلوی نے ایک رباعی ...

کی موجودہ اور آئندہ نسلیں فراموش کر سکیں بلکہ یہ قربانیاں ہندوستان کی تاریخ میں آب زر سے لکھی جائیں گی جن پر ہم اور ہمارے بعد آنے والی نسلیں ہمیشہ فخر کیا کریں گی۔

مقتدائے محترم! جناب والا کی بے شمار علمی، مذہبی اور سیاسی خدمات کا تذکرہ بلاشبہ ہمارے لئے دشوار ہے لیکن ان کو فراموش کرنا بھی چونکہ کتمان حق کا مرادف ہے اس لئے اجمالاً ان کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے۔ تحریک خلافت میں جناب کی پرخلوص جد و جہد حجاز مقدس میں مؤتمر اسلامی کی شرکت، تبلیغ و حفاظت اسلام کے سلسلہ میں مسلمانوں کی دولت ایمانی کو غارتگروں کے مشرکانہ پنجہ سے محفوظ رکھنے کی کوششیں، سارہ ایکٹ کی ترمیم میں سعی بلیغ کرنا۔ ناموس اسلام کی حفاظت کا مسلمانوں میں جذبہ پیدا کرنا، علما و طلبا اور عام مسلمانان ہند میں آزادی وطن کی تڑپ پیدا کرنا، کشمیر کے مسلمانوں کی فلاح و بہبود کے لئے حکومت ہند اور حکومت کشمیر سے بلا واسطہ معاملات ...

سپاسنامہ

اظہار تشکر

جرمنی کی طرف سے وزیر جنگ برطانیہ کو جواب
مجلس اقوام محض ریاکاری پر مبنی ہے
فرانس پر جرمنی کی ہیبت طاری ہو گئی

برلن ۱۵ مئی - تخفیف اسلحہ کی کامیابی اور ناکامی درحقیقت جرمن چانسلر ہیر ہٹلر کی تقریر پر منحصر ہے جو وہ ریشستاغ کے اجلاس میں پرسوں کرنے والے ہیں اور جس میں بیان کیا جاتا ہے کہ وہ یہ ظاہر کریں گے کہ تخفیف اسلحہ کی تحریک پر دیگر دول نے عملدرآمد نہیں کیا نیز وہ جرمنی کی مدافعتی تدابیر کی حمایت کریں گے۔ ہیر ہٹلر کے دلائل کچھ بھی کیوں نہ ہوں، جرمنی کے سرکاری حلقوں میں کانفرنس کو ختم تسلیم کر لیا گیا۔

مونسٹر میں نازیوں اور "نوسون" دونوں کے مشترکہ جلسہ میں کپتان فان پاپن نے برطانوی وزیر جنگ لارڈ ہیلشم کی تقریر کا ذکر کرتے ہوئے جواب دیا ہے اور برطانیہ پر شدید نکتہ چینی کی ہے انہوں نے کہا کہ۔

"برطانیہ کے وزیر جنگ نے اپنی تقریر میں 'اختیارات' کا ذکر کیا ہے۔ لندن میں گو انہوں نے مجھے اور اپنے آپ کو سمجھا رکھا ہے کہ مطالبات کی ادائی بہ جنگی 'اختیارات' کا جواز ... کر دی گئی۔

جنگ کی ضرورت

کانگرس پر نکتہ چینی
ہندوؤں کی عدم رواداری پر شدید نکتہ چینی

سورت کانگرس کی عمارت واپس کر دی گئی

ویانا میں دو سو افراد گرفتار

کشمیر میں تحریک عدم ادائیگی لگان

اسپیشل ٹریبونل کا تقرر

پارلیمنٹری کمیٹی کا اجلاس
ہندوستانی اسمبلی بھی شریک ہوگی

سیاسی قیدیوں کی رہائی کا سوال
دارالعوام میں وزیر ہند کا کورا جواب

پنجاب کے فرقہ وارانہ سمجھوتہ کی مقبولیت

مصر کے درآمدی محصول میں اضافہ

پارلیمنٹری کمیٹی میں مسلم نمائندوں کا رویہ

جنگ کے لئے کروڑ بھیجے گئے
ڈنزگ میں شدید ہنگامے

تازی لیڈر کو نکل جانے کا حکم
آسٹریا کے سفیر کا احتجاج

ہندوستان جاپان کو مالی امداد دے
چینی وزیر کی اپیل

تصحیح

مسلمانان سرحد کا شاندار جلسہ

صدر جمعیۃ علماء ہند کی خدمات جلیلہ کا اعتراف

مولوی عبدالرؤف صاحب نے نماز جمعہ سے پہلے اسلام کے اصول مساوات پر ایک مبسوط تقریر فرمائی آپ کے بعد مولوی شاکراللہ صاحب خطیب جامع مسجد نوشہرہ نے خطبہ شروع فرما کر دوران خطبہ میں رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کے اسوۂ حسنہ کو بیان کرتے ساتھ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت کا ایک عجیب طرز پر نقشہ پیش کیا جس کے شنید سے لوگوں کے اذہان اس نتیجہ پر پہونچ گئے کہ حکومت فاروقی ایک ایسی حکومت تھی جس کے سایہ میں مخلوق خدا کو اصلی حقوق ملنے کے ساتھ حقیقی آسائش میسر ہوتی تھی۔ نماز جمعہ کے بعد باقاعدہ جلسہ شروع ہوا اور مولوی نثار حسین صاحب قاری صاحب کے چوتھے فرزند ارجمند نے ایک موثر تقریر فرمائی اور مولوی شاکراللہ صاحب نے آخیر میں لوگوں کو مولوی عبدالحکیم صاحب صدر خلافت پشاور کی مختصر سوانح عمری بیان کر کے پورے حالات سنائے۔ اور لوگوں کو مجاہد اعظم مولوی مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیت علماء ہند کی رہائی کی خوشخبری سنائی اور مندرجہ ذیل دو تجاویز بالاتفاق پاس ہوئیں۔

(۱) نوشہرہ کلاں کا یہ عام جلسہ فدائے ملت عالم حقانی علمبردار حریت مولوی مفتی عبدالحکیم صاحب صدر خلافت پشاور کے انتقال پر ملال کو مسلمانان صوبہ سرحد کے لئے ایک ناقابل تلافی نقصان تصور کرتا ہے۔ نیز آپ کے پس ماندگان کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے اور خدائے برتر سے دعا کرتا ہے کہ اس عالم حقانی کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور آپ کے پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

(۲) نوشہرہ کلاں کا یہ عام جلسہ مجاہد اعظم مولوی مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیت علمائے ہند کے ڈیڑھ سالہ مصائب کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوا جو انہوں نے ملتان جیل میں صرف ملک و ملت کی خاطر برداشت کی ہیں) اور آپ کے ان خدمات کا خراج تحسین ادا کرتے ہوئے دعا کرتا ہے کہ اس مبلغ شجاعت کو اس منبع شجاعت کی عمر کو دراز فرمائے۔

مرسلہ عبدالحکیم نوشہرہ کلاں (پشاور)

مسلم مشترکہ بورڈ کے سکرٹری کو الوداعی دعوت

معززین شہر کا شاندار اجتماع

کل بروز دوشنبہ بتاریخ ۵ مئی ۱۹۲۳ء بوقت سہ پہر جناب شیخ ضیاء الدین

اخبار "شہاب" کی تجدید اشاعت

دہلی میونسپلٹی جواب دے

در بھنگہ میں آریوں کی سبزہ سرائی

اعلان ضروری

حکومت ضرور جھکے گی

انگلستان کے ایک اخبار کی قیاس آرائی

خشخاف نامہ

تفریحی، اخلاقی اور اصلاحی پندرہ روزہ اخبار

کتب خانہ ثنائیہ امرتسر کی طرف سے

حیرت انگیز رعایت

مہتمم کتب خانہ ثنائیہ امرتسر

آہنی خراس



آہنی رہٹ

رشید اینڈ سنز انجینیئرز بٹالہ (پنجاب)

ضرورت ہے

دی منیجر نیو انڈیا ٹوبیکو کارپوریشن ۹۳ برانڈرتھ روڈ لاہور

القمر

ہند

ام در بھنگہ کا پیچی منظفر پور کی

تین پیسے میں ایک سو چوالیس صفحے

منیجر رسالہ نظام المشائخ ۳۴ کوچہ چیلان دہلی



منیجر دی فنٹ کوسٹ کمپنی ہول سیل کٹ پیس مرچنٹس بچھو لائن، کراچی



شربت روح افزا

دواخانہ ہمدرد یونانی دہلی

نو مسلمہ خاتون اور اس کے بچوں کا اغوا

امرتسر کے مسلمانوں کا زبردست احتجاج

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

منیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۳۴ کوچہ چیلان دہلی

خوبصورتی کا بیمہ

جنرل ناولٹی سٹور نمبر ۶ گنپت روڈ (انارکلی) لاہور

شائع ہوگیا

جامع اللغات اردو

دواؤں در دو بول آٹھے

اکسیر حیات

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

دونوں ہاتھ سے زور سے دوڑیئے

ڈاکخانہ کی طرف لیکن کیوں کس لئے



نمک جالینوس

دوسری شادی

نیو ٹریڈنگ کمپنی ۲۲ اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور

مصفی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہوگیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کر کے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلا خوف تردید دعوی کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کر سکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورہ سے جدید سائنٹفک طریق پر طیار کیا گیا ہے۔ خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔ کھجلی۔ داد۔ پھنسیاں۔ وغیرہ حتی کہ سوزاک۔ آتشک اور جذام کا زہریلہ مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے نابود ہوجاتا ہے اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۱۲ خوراک کی شیشی ۲؍ علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال:۔ ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملا کر اور اگر مرض کا جوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندستان کیلئے
ممالک غیر کے لئے
نمونہ
مفت

بدُاللہ علی الجماعۃ

روزنہ
الجمعیۃ
دہلی

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر
بلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۷ | دہلی - یوم چہارشنبہ ۲۸ محرم الحرام ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۴ مئی ۱۹۳۳ء | نمبر ۳۶

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

معاصرین کے افکار و آراء

سیاسی قیدیوں کی رہائی

مسلم یونیورسٹی میں اصلاحات

حکومت کے ایک سابق رکن کا مشورہ

حضرت مفتی صاحب کی رہائی

قانون شکنی کا التوا

مسلم لیگ کا احیاء

الجامعہ

احمد اسٹیڈ کو
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

ہند جدید
روزانہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جارہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کردیا ہے اس کتاب میں دوا سازی کے اصول نہایت وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند فرمایا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

وسیلۂ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اس میں احادیث صحیح سے ان اعمال سیئہ کا ذکر ہے جن پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلاکر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب ۴۰۰ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف ایک روپیہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اس میں ۱۲۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہے قیمت فی جلد ... اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب ختم ہے مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا ہونا ہر گھر ... اردو زبان میں ایک تیار نہیں ہوا ... جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف ... میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

غیروں کا قرآن مجید معترا

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن مجید

اعلیٰ حضرت حضور نظام

نورانی قرآن مجید مترجم

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۲۸ محرم الحرام ١٣٥٢ھ ہجری

"سیرت محمد علیؒ" کے دو ابواب

علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۷)

اس "انکشاف راز" کے بعد کہ ۱۹۲۵ء تک برابر مسلسل غیر منقطع طور پر جمعیۃ علمائے ہند "ہر جزئی سے جزئی" اور "ہر اہم سے اہم معاملہ میں ہر نازک سے نازک وقت پر" "بلا تامل وبلا تذبذب" مولانا محمد علی مرحوم و مغفور کی تابع کرتی رہی، سیرت کے فاضل مؤلف نے تحریر فرمایا ہے:-

کیا گیا کہ وہ سند یافتہ عالم نہیں تھے، ورنہ بہت سے عالموں سے بڑھ کر" تو خود جمعیۃ کے محترم کارپرداز حضرات بھی مانتے تھے۔

صرف اسی پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ محمد علی کی قابلیت اور عربی استعداد پر بھی حملے کئے گئے۔"

...

جمعیۃ علماء کے خلاف یہ پروپیگنڈا ہو رہا تھا کہ وہ مولانا محمد علی کی مخالف ہے اس لئے علمائے کرام نے یہ فیصلہ کر لیا کہ مولانا محمد علی کی مخالفت کی جائے گی اور جب ان کا نام صدارت کے لئے پیش ہوا تو اسے مسترد کر دیا اور ان کی ذات پر دلشکن حملے کئے۔ یہ بیان تو یقیناً احساس ذمہ داری سے بالکل عاری ہے ... نامہ نگار کے لئے (جو ہر وقت چھوٹی سچی خبروں کی تلاش میں مارا مارا پھرتا رہتا ہو) تو بے شک کچھ زیادہ قابل اعتراض نہیں ہو سکتا مگر ایک ذمہ دار مورخ کو جس سے کامل تحقیقات کی امید کی جاتی ہے کسی طرح زیب نہیں دیتا۔ پھر سب سے زیادہ افسوس کی بات یہ ہے کہ اپنی صدارت کے متعلق مولانا محمد علیؒ کے تاثرات کے متعلق رئیس احمد صاحب جعفری نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے وہ ان کے معتقدین کے لئے بھی سخت تکلیف کا موجب ہوگا اور وہ اسے بنظر پسندیدگی نہ دیکھیں گے۔ (باقی آئندہ)

...

ڈاکٹر مونجے کا سیاسی نظریہ

ہندوستان کے فرقہ وارانہ مسائل کا اطمینان بخش فیصلہ نہ ہونے کے باعث انگریزوں کے ہاتھ میں جو زبردست حربہ آگیا ہے اور وہ اس حربہ کو آزادئ ہند کے خلاف جس کامیابی کے ساتھ استعمال کر رہے ہیں اس کا مقتضی تو یہ تھا کہ اب بھی ان لوگوں کی آنکھیں کھلتیں جن کے قول و عمل کی بدولت آج تک ہندوستان کی مختلف ملتوں میں کوئی ایسا سمجھوتہ نہیں ہو سکا ہے جسے متفقہ طور پر ملک کی طرف سے دنیا کے سامنے پیش کیا جا سکے اور اغیار کے مقابلے میں ہندوستان کو آزاد کرنے کا کوئی بھی جذبہ موجود ہے تو وہ یہ سوچتے کہ حکومت کے اس حربہ کو کس طرح ناقابل استعمال بنایا جائے۔ مگر ہمیں افسوس ہے کہ ابھی تک اس مسئلہ کی اہمیت کا پوری طرح احساس پیدا نہیں ہوا ہے اور جن لوگوں کی گزشتہ زندگی فرقہ وارانہ اتحاد کی عملی مخالفت میں گزری ہے وہ آج بھی اسی طرح سرگرم عمل ہیں جس طرح ...

...

نہیں کہیں گے اور ہندوستان کی ترقی میں جو عناصر حارج ہیں انہیں برابر تقویت پہنچاتے رہیں گے۔

اس سلسلہ میں ڈاکٹر مونجے صاحب کے تازہ ارشادات ہمارے لئے تخت تکلیف دہ ہیں اور اس حیثیت سے کہ ہم نے ہمیشہ ان مسلمانوں کے خلاف نہایت سختی کے ساتھ نکتہ چینی کی ہے جو اتحاد و اتفاق قومی کے مخالف رہے ہیں یا اس وقت تک ہیں ہم اپنے آپ کو اس کا مستحق پاتے ہیں کہ ڈاکٹر مونجے صاحب کی از سر تا پا غلط روش کے خلاف احتجاج کریں اور ان کی قوم کو متنبہ کر دیں کہ اگر اس نے اپنے اندر مستقل طور پر وہی ذہنیت پیدا کر لی جو ڈاکٹر مونجے صاحب کی ذہنیت ہے تو ہندوستان کو حصول مقصد میں اس سے بھی زیادہ دشواریاں پیش آئیں گی جتنی کہ اب تک آ چکی ہیں اور آزادئ وطن کا تخیل محض ایک خواب ہو کر رہ جائے گا۔

ایک ہندو کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے ڈاکٹر مونجے صاحب نے ہندوؤں کو یہ سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ انہیں مسلمانوں سے بالکل بے نیاز ہو کر "سوراج" کی جدوجہد میں تنہا مصروف ہو جانا چاہئے اور ہندو مسلم اتحاد کو حصول آزادی کے لئے لازم قرار دینے کا جو اصول ایک عرصہ سے ہندوستانی سیاسیات میں داخل ہو گیا ہے اسے غلط ثابت کر دکھانا چاہئے۔ ان کے خیال کے مطابق اب آئندہ سے ہندوؤں اور مسلمانوں کو اپنے اپنے طریقہ پر اپنے مفاد کی حفاظت کرنی چاہئے اور مشترکہ مفاد کے لئے اتحاد و اتفاق کے جنون کو ہمیشہ کیلئے دماغ سے نکال دینا چاہئے کیونکہ ان کے نزدیک اگر اس طرح ہندوؤں اور مسلمانوں نے علیحدہ علیحدہ سعی کی تو پھر آخر میں خود بخود اتحاد ہو جائے گا۔ یعنی ہندو اس قدر قوت حاصل کر لیں گے کہ مسلمان مجبور ...

...

مسٹر چرچل کا گناہ

ہندوستانی اخبارات مسٹر چرچل کے خلاف محض اس بنا پر بہت زیادہ اظہار ناراضگی کر رہے ہیں کہ انہوں نے اپنی ایک تقریر میں یہ فرمایا کہ "اگر حکومت کی طرف سے کوئی ایسی تبدیلی کی گئی جس کے باعث ہندوؤں یا مسلمانوں کو ایک دوسرے پر مذہبی یا قومی تفوق حاصل ہو گیا تو ہندوستان برطانوی غیر جانبدارانہ نظم و نسق اور قیام امن و امان سے محروم ہو جائے گا اور اس کی یہ محرومی اس کے لئے سخت مضرت رساں ثابت ہوگی" ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ مسٹر چرچل کے اس قول اور مسٹر بالڈون کے اس عمل میں کیا فرق ہے جو قرطاس ابیض کی صورت میں ظاہر ہوا ہے۔ مسٹر چرچل تو صرف کہتے ہیں مگر تمام برطانوی کابینہ عملاً اسی پر تلی ہوئی ہے کہ صوبجاتی اور مرکزی حکومتوں کو ...

...

ہونے کے بھی صاف معنی یہی ہیں کہ کسی صوبجاتی اکثریت کو ذمہ داری نہ دی جائے خواہ وہ اکثریت مسلمان ہو یا ہندو ہو۔ اور یہی وہ پالیسی ہے جس پر سب انگریز عمل کر رہے ہیں۔ صرف مسٹر چرچل نے کیا گناہ کیا ہے۔ این خانہ ہمہ آفتاب است۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک امام باڑہ نو مسلم شیعہ کا ہے اس کے منتظم بیشتر ہندو تھے اُن کے زمانے میں مختلف قسم کے شرک از قسم علی اصغر کا گھوارا بیبیوں کا ڈولا وغیرہ ہوا کرتے تھے اب اُن کے ہوتے منتظم ہیں اُن کے زمانے میں شرک میں بہت کمی ہے جس کی وجہ سے شیعہ کانفرنس نے مقدمہ دائر کیا ہے اگر شیعوں کو کامیابی ہوگی تو امید ہے کہ سنیوں کے دل دکھانے والے شرک زیادتی کے ساتھ ہوں گے اس لئے ہم کو ایسا فتویٰ چاہئے کہ مطابق شریعت ہو اور سنی در علاء شریک نہ کئے جا سکیں۔

الجواب

یہ جملہ رسوم جو سوال میں مذکور ہیں بدعت اور حرام ہیں ان بدعات کا ترک کرنا اہل سنت والجماعت پر لازم و واجب ہے اور جس منتظم کی دانشمندی سے ان رسومات اور بدعات میں کمی ہوگئی ہے اُس پر مقدمہ دائر کرنے کا شیعہ کانفرنس ...

...

الجواب

...

استفتاء

...

الجواب

...

استفتاء

...

الجواب

...

غلطی کا انجام

...

"سیرت محمد علیؒ" میں اصلاح کی ضرورت

ناظم امارت شرعیہ صوبہ بہار کا مکتوب

محترمی مدیر الجمعیۃ۔ زاد لطفکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ آپ نے سیرۃ محمد علی پر جو بصیرت افروز تبصرہ شروع کیا ہے اس کے لئے آپ تمام مسلمانوں کے عموماً اور علمائے کرام کے خصوصاً شکریہ کے مستحق ہیں۔ جزاک اللہ تعالیٰ خیر الجزاء۔

ضرورت ہے کہ جامعہ ملیہ آپ کے تبصرہ کی روشنی میں سیرت محمد علی کی اصلاح کرے اور اپنے ایک مرحوم قائد کی تاریخ کو غلط واقعات کی اشاعت کر کے سبک نہ بنائے۔ والسلام

خاکسار

(مولانا) محمد عثمان غنی غفرلہ

ناظم امارت شرعیہ صوبہ بہار

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

تہذیب جدید کی برکات وحسنات

۲۹ ممالک کی سیاحت کے بعد مسٹر برنارڈشا کا تجربہ

انگلستان کے مشہور اہل قلم مسٹر برنارڈ شا ۲۹ ممالک کا سفر کر کے اپنے وطن پہونچ گئے ہیں۔ آپ نے دنیا کا یہ اہم سفر صرف چار مہینے میں ختم کیا۔ اس دوران میں آپ کو مختلف سوسائٹیوں میں لیکچر دینے پڑے۔ زیادہ دلچسپ چیز جو برنارڈ شا کے لئے باعث اذیت تھی وہ اخبارات کے نمائندوں کا ہجوم تھا۔ آپ نے تہیہ کر لیا تھا کہ کسی نمائندہ کو کوئی بیان نہ دیں گے مگر اخبارات کے نمائندے بلائے بے درماں کی طرح مسٹر شا کو پکڑ لیا کرتے تھے اور آپ کو بھی مجبوراً ان کے سامنے سر جھکا دینا پڑتا تھا۔ واپسی پر مسٹر شا کے ارد گرد نمائندے جمع ہو گئے اور ان سے مختلف سوالات کئے۔ مسٹر شا نے اکثر سوالات کا جواب دیا۔ اخبار کے ایک نمائندہ نے سوال کیا:-

"۲۹ ممالک کی سیاحت اور ۹ مقامات پر قیام کرنے سے آپ کو یہ تجربہ تو ضرور ہوا ہوگا کہ رہنے کے قابل کونسا ملک بہتر ہے؟"

مسٹر برنارڈ شا نے جواب دیا "رہنے کے قابل مقام تو صرف بہشت ہے۔" اس کا مطلب یہ ہے کہ دنیا کے کسی ملک میں بھی امن و امان اور سلامتی نہیں ہے اور ہر ملک کے باشندے اضطراب اور پریشانیوں میں مبتلا ہیں!

آپ سے امریکہ کے متعلق بھی بہت سے سوالات کئے گئے۔ شراب کی بندش کے متعلق ایک سوال کے جواب میں آپ نے فرمایا ...

...

مہذب جرمنی کا مہذب کارنامہ

تمام ملک میں غیر ملکی کتب خانوں کی ہولی

... روز موجود ہ جرمنی کے تمام طلباء اس دردناک اور جاہلانہ مظاہرہ میں حصہ لیں گے اور غیر ملکی مصنفین کی کتابوں کو جلا کر خاک و سیاہ کر دیں گے۔ طلباء اپنے درسگاہوں کے کتب خانوں کو بھی آگ لگا دیں گے۔ جرمنی طلباء نے عام لوگوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اپنی لائبریریوں کے کتب خانوں کو بھی جلا ڈالیں۔ پبلک کتب خانوں سے بھی یہی سلوک کیا جائے گا اور سوائے ضروری دستاویزات کے تمام غیر ملکی کتابوں کو تودہ خاک بنا دیا جائے گا۔ اس پروگرام کے ماتحت ۱۰ تاریخ کو تمام جرمنی کی یونیورسٹیوں اور کالجوں میں کتب سوزی کا یہ مظاہرہ ہوگا۔ جرمنی کے طلباء نے یہ بھی اعلان کیا ہے کہ جرمنی طلباء یہودی ذہنیت پہنچ پانے کی پوری قابلیت رکھتے ہیں۔ یہودی اور ان کے آلات ہمارے سب سے خطرناک دشمن ہیں۔ یہودی لوگ اپنی ذہنیت کے اختیار سے ہر چیز پر غور کرنے کے عادی ہیں۔ اگر کوئی یہودی ہماری زبان میں کچھ لکھے تو وہ جھوٹ بولتا ہے۔ جرمنی کا ہر وہ باشندہ جو جرمنی اصول سے بے نیاز ہو کر لکھتا ہے دغا باز ہے۔ ہم صرف جرمنی کے کتب خانوں سے غیر جرمنی عناصر کو خارج کرنا چاہتے ہیں۔

جرمنی کے ممبر (امیر البلد) نے اعلان کیا ہے کہ جرمنی سے مارکزم (کارل مارکس کے اصول) کو باہر کر دیا جائے تاکہ جرمنی باشندوں کی صحیح طریقہ سے تربیت ہو سکے۔

جرمنی عیسائیوں کو کیتھولک پارٹی نے ایک اعلان شائع کیا ہے جس میں اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ بہت جلد ایک تیسری گروپ کی تشکیل عمل میں لائی جائے تاکہ وہ سیاسیات کی عیسائیوں کے قدیم عقائد کی بنیاد پر تعمیر کر سکے اور جرمنی باشندوں کے دلوں میں اس کی جڑ کو مضبوط کرے۔ (شکاگو ڈیلی ٹریبیون)

انگلستان کی ایک خاتون کی سخاوت

لیڈی سی فورڈ انگلستان کی ایک سرمایہ دار خاتون ہیں۔ آپ نے اپنے خزانہ میں سے بیش قرار رقوم مندرجہ ذیل اداروں کو عنایت کی ہیں:

انجمن صلیب احمر برلن کو ۲۶۷۰۰ پونڈ

سینڈریم کو ۶۰۰۰ پونڈ

ڈاکٹر برنارڈو کے خانمان کو ۳۰۰۰ پونڈ

...

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

بغداد میں عیسائی مشنریوں کی سرگرمیاں

تحقیق کے بعد ایک عیسائی فاضل کا قبول اسلام

جمعیۃ ہدایت الاسلامیہ کی مساعی جمیلہ

یہ ایک حقیقت ہے کہ مسلمانوں نے تبلیغ اسلام کے لئے کبھی کوئی منظم کام نہیں کیا اور نہ کسی ضابطہ کے ماتحت غیر مسلموں پر اسلام کے محاسن ظاہر کئے۔ یہی وجہ ہے کہ عیسائی مشنری مسلمانوں کی اس کمزوری کو محسوس کر کے کھلم کھلا اسلام کے خلاف طوفان بے تمیزی برپا کرتے رہتے ہیں اور اپنے رکیک عقائد اور خلاف فطرت مسائل کو پروپیگنڈے کے ذریعہ ہر شخص تک پہونچانے کی کوشش کرتے ہیں۔

جب سے عراق میں مغربی تہذیب و سیاست نے اپنا اثر جمایا ہے اس وقت سے وہاں عیسائی پادریوں نے اسکول، شفاخانے، تفریحی ادارے اور ہوٹل قائم کر کے ناواقف مسلمانوں کو مرتد کرنے کے لئے اپنے مورچے مضبوط کر لئے ہیں۔ اور مختلف ذرائع سے وہ مسلمانوں کے ایمان و اسلام پر ڈاکہ ڈال رہے ہیں۔ لیکن مسلمانوں کی طرف سے ان کا کوئی رد عمل نہیں کیا جاتا اور نہ مسیحی عقائد کا ضعف لوگوں پر ظاہر کرنے کے لئے کوئی ادارہ قائم کیا گیا ہے۔ عیسائی پادریوں کی کوششوں کا حال ذیل کے ایک واقعہ سے معلوم ہوگا۔ نیز یہ بھی معلوم ہوگا کہ ان کے مقابلہ میں ایک اسلامی انجمن کی مساعی کس قدر بار آور ہو رہی ہے۔

جریدۂ "الصراط المستقیم" (بغداد) لکھتا ہے کہ جمعیۃ ہدایت الاسلامیہ کے اخبارات نے ...

...

... اب یہ نوجوان پکا اور سچا مسلمان ہے اور توحید کے نور نے اس کے سینہ کو منور کر دیا ہے۔ آپ انگریزی کے بڑے عالم ہیں اور عراق کی پٹرول کمپنی میں معقول ملازمت اختیار کرنے والے ہیں۔

برطانی فوجی افسر مذہبی پیشوا کے لباس میں

فلسطین میں عیسائیت کی تبلیغ کیلئے انجمن کا قیام

جنگ عظیم میں جس شخص نے فلسطین کو فتح کیا تھا وہ لارڈ ایلنبی ہیں۔ آپ نے برطانیہ کی اعلیٰ خدمات انجام دیکر بیت المقدس پر صلیبی جھنڈا نصب کیا تھا۔ اب آپ ایک فوجی افسر کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک مقدس مذہبی پیشوا کی حیثیت سے فلسطین وارد ہوئے۔ یہاں آکر آپ نے وائی۔ ایم۔ سی۔ اے کی (جمعیۃ شبان المسیحین) کی بنیاد ڈالی ہے تاکہ اس کے ذریعہ بیت المقدس کے عیسائیوں میں نظم و انضباط قائم ہو جائے اور مسلمانوں میں تبلیغ مسیحیت کا راستہ نکل آئے۔ اس جمعیۃ کے قیام کے لئے انگریزوں اور امریکنوں نے ۲۵ ہزار گنی جمع کئے ہیں۔ ... لارڈ ایلنبی ہیں جنہوں نے بیت المقدس فتح کر کے یہ نعرہ لگایا تھا کہ "اب صلیبی جنگوں کا خاتمہ ہو گیا"

فلسطین پر برطانی تسلط کے بعد اب یہ فوجی افسر مسلمانوں کی روح کو فتح کرنے کے لئے تشریف لائے ہیں ...

عراق میں سنہ ہجری کا استعمال

...

ایک موٹر کی طلبا زہی معاونت وطن

...

تاریخ عالم میں علماء اسلام کی شاندار خدمات

اعلاء کلمۃ الحق اور تحفظ و تنظیم ملت

مجلہ کابل کا بصیرت افروز مقالہ

معاصر مجلہ کابل نے "علمائے حق کی انسانی خدمات" کے عنوان پر ایک نہایت ہی وقیع مقالہ قلمبند کیا ہے جس میں لکھا ہے کہ ہر قوم کے لئے ایک مذہب کا وجود لازمی ہے اور ہر جماعت کے لئے ایک آئین اور ضابطہ ضروری شے ہے۔ جملہ ادیان مقدسہ نے اپنے اپنے موقع پر بشریت کی فلاح و بہبود کے لئے بہترین کام کیا ہے ...

...

... کی منزل پر پہنچا دے گا۔

گلابی اردو

حضرت مفتی اعظم اور مولوی اعظم کی نیلی رہائی

(سابقہ قلم حضور ملا رموزی کے کے)

آئیے جیل خانوں میں اولاد کو یاد کر کے رونے دا دا!!!

تحقیق: بیچ قید حضرت مفتی اعظم محمد کفایت اللہ صاحب اور بیچ قید مولوی اعظم احمد سعید صاحب کے نشانیاں اور تقاریں ہیں داسطے تمہارے اگر رونا اور پیٹنا بند کر دو تم ...

...

امریکہ کی عشرت پسندیاں اور تن آسانیاں

صرف تفریحات پر دس ارب ڈالر سالانہ کا خرچ

ہندوستان جنت نشان کی غربت و افلاس کا اندازہ وہی لوگ خوب لگا سکتے ہیں جنہوں نے دیہات و قصبات میں بھوکے مزدوروں کو ایڑیاں رگڑتے ہوئے مرتے دیکھا ہے۔ ہندوستان کے غریب باشندوں میں سے ایک تہائی کو ایک وقت بھی پیٹ بھر کھانا میسر نہیں ہوتا۔ ایک تہائی سے زیادہ باشندگان کو صرف ایک وقت مشکل سے موٹا جھوٹا کھانا ملتا ہے۔ مگر اس کے مقابلہ میں ذرا امریکہ کی عیش پسندیوں پر بھی نظر ڈالئے کہ وہاں تفریحات پر ہر سال کس قدر سرمایہ خرچ کیا جاتا ہے۔

صرف دماغی تفریح کے لئے آبی سفر پر ۳۲۵۰۰۰۰۰ ڈالر سالانہ خرچ ہو جاتا ہے (ایک ڈالر مساوی تقریباً ۳ روپیہ)

سیر و سیاحت پر ۵ ڈالر سالانہ

خشکی کے سفر پر ۳۹۱۰ ڈالر سالانہ

مختلف قسم کے کلبوں پر ۲۳۰۰ ڈالر سالانہ

فرصت کے اوقات میں نائٹ کلبوں پر ۳۴۲ ڈالر سالانہ

صرف کالجوں کے فٹ بال پر ۲۱۵ ڈالر سالانہ

جنگلوں میں سیر و تفریح کے کیمپوں پر ۷۴ ڈالر سالانہ

موٹر اور سائکلوں کی سواری پر ۱۵ ڈالر سالانہ

اس طرح امریکہ میں محض عیش و عشرت کی خاطر ہر سال دس ارب ڈالر سالانہ خرچ کر دئے جاتے ہیں۔ (بمبئی کرانیکل)

بیکاروں کی امداد کیلئے جاپان کی پیشکش

...

دار الحکومت

دہلی میونسپلٹی کے عہدے
ٹیکس دینے والوں پر مزید بار

ڈائنوں کا جھوٹا افسانہ

دہلی میں مطابع کی تلاشی

قانون مادہ آتشگیر کے ماتحت مقدمہ

حاجی محمد یوسف صاحب کی مع الخیر واپسی
دہلی اسٹیشن پر مسلمانوں کا اجتماع

دہلی کا بازار

دہلی ۲۰ مئی۔ مقامی بازار میں غلہ کا نرخ حسب ذیل ہے:

بازار صرافہ

دہلی ۲۰ مئی۔ آج یہاں سونے اور چاندی کا نرخ حسب ذیل ہے:

چاقو چل گئے

جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا عظیم الشان جلسہ
ڈکٹیٹر جمعیۃ علمائے ہند کی بصیرت افروز تقریر

گاندھی جی برت کے دن پورے کریں گے
ڈاکٹر انصاری کی مراجعت

برت کا تیرھواں دن
خطرے کا آغاز

ہمدردی کے برت اور اپیل

ایک سادھو کی درخواست

کلکتہ کارپوریشن کا فیصلہ

انقلاب پسندوں کی تلاش
خفیہ پولیس پریشان ہے

کٹرہ ہیرالال میں آتشزدگی

میرٹھ کے ڈسٹرکٹ بورڈ پر حکومت کا غیظ و غضب
اراکین بورڈ کی آزادی کا نتیجہ

انقلاب پسندوں کی ایک مفرور جماعت
پولیس سے تصادم ہوگیا اور گولیاں چلیں
مقتولین، مجروحین اور گرفتار شدگان کی تعداد

ساردا ایکٹ کے ماتحت مقدمہ
نابالغوں کی شادی پر تین تین سو روپیہ جرمانہ

پٹنہ میں متعدد مکانوں کی تلاشی

ریاست رامپور میں سیاسی انقلابات کی توقع
کیا الور کے بعد رامپور کا نمبر ہوگا

ہندوستان کی عورتوں کا مطالبہ
ہمیں مساوی حقوق دیئے جائیں

خان عبداللہ خاں کی صحت
شدت گرما سے بیہوش ہوگئے

چوہدری افضل حق صاحب
پنجاب کونسل کی رکنیت کے امیدوار

راستہ کے اخراجات پورے کرنیکی ترغیب

متھرا کے چوبوں میں ہلچل

سانحۂ ارتحال

ریاست الور سے مہاراجہ الور کا کوچ
دو سال کیلئے ریاست میں انگریزی راج
اڑتالیس گھنٹہ کا نوٹس اور اس کے بعد کی اطلاعات

حکومت ہند خاموش رہنا چاہتی ہے

ریاست کے اخراجات میں تخفیف

مولانا شوکت علی کے خلاف سید غلام بھیک نیرنگ کی ہرزہ سرائی
ہندوؤں کی خوشنودی اور ملت اسلامیہ سے غداری کا الزام
مہاراجہ الور کے "احسانات" کا طعنہ

پرامن جلوس پر حملہ

مہاجرین سے بے پروائی

مہاراجہ الور کی صفائی

سر یعقوب اپنی عقل سے کچھ نہیں کرینگے
ولایت کو روانگی کے وقت بیان

صدر خلافت برن کٹی میں

صوبہ سرحد میں سرخ پوشوں کا جلسہ

ناگپور میں بجلی گری

چین اور جاپان کی جنگ
دس ہزار چینی ہلاک و مجروح
تمام پولیس طلب کی گئی

پروپیگنڈا ہو رہا ہے

چینی عورتوں کی فوج

بم پھٹ رہے ہیں

"اٹھو، جاگو، اور بیدار ہوجاؤ" کی ضبطی

عراق کی مکمل آزادی کا مسئلہ
ملک فیصل کی لندن کو روانگی

تخفیف اسلحہ کی کوشش
باسی کڑھی میں ابال

ہندوستانی مندوبین کا استقبال

ایک ہفتہ میں ۶۰ ڈکیتیاں

مقدمہ سازش لاہور کی سماعت

مشترکہ کمیٹی کا تماشہ
کون ایکٹر کون سا کام کرے گا

امریکہ اور چین کا نیا سمجھوتہ
چاندی کی قیمت بڑھانے کی تدابیر

جامعہ ملیہ اسلامیہ کا وفد

مولانا شوکت علی بمبئی پہنچ گئے!

مولانا عبدالحکیم صاحب مرحوم و مغفور کی روح کو ایصال ثواب
دار العلوم دیوبند میں قرآن خوانی

غدر ۱۸۵۷ء

چند شوریدہ سر فوجیوں کی سرکشی کا نتیجہ نہ تھا۔ بلکہ ہندوستانی محبان کے جذبہ حریت کا ایک زریں کارنامہ تھا۔ ہندوستانی بہادروں نے غیر ملکی استبدادی زنجیروں سے رہا ہونے کے لئے جو دیوانہ وار کوشش کی اسکی سرگذشت خود انگریزوں کی زبان سے بیگناہ ہندوستانیوں کی داستان مظلومی اجنبی حکومت کے مظالم ناروا شیخ حسام الدین بی۔ اے۔ امرتسری کے قلم سے قیمت ۱۲؍

چہیتا بھائی

مرزا عظیم بیگ چغتائی مصنف شریر بیوی کے برادر معظم مرزا نعیم بیگ چغتائی کی شاہکار تصنیف آپ نے اپنے مخصوص طرز نگارش میں اپنے بچپن کے بعض واقعات اس خوش اسلوبی سے بیان کئے ہیں کہ یا ید و شاید۔ ممکن نہیں کہ کوئی شخص اس کتاب کو شروع کر کے ختم کئے بغیر اٹھ سکے۔ زبان ٹھیٹھ اردو۔ ہر لفظ ہر فقرہ اور ہر جملہ آب کوثر سے دھلا ہوا۔ پھر سلاست اور شگفتگی سونے پر سہاگے کا کام دے رہی ہے۔ حجم ۱۵۲ صفحات قیمت ۸؍

ہوائی قلعہ

آج سے چار ہزار برس پہلے کے واقعات ہم کس طرح اپنی آنکھوں سے وقوع پذیر ہوتے دیکھ سکتے ہیں۔ جنگ مہابھارت۔ تصویروں پر نہیں۔ الفاظ میں نہیں بلکہ اصلی حالت میں نظر آسکتی ہے مہاتما بدھ۔ مہاراج کرشن۔ کبیر داس۔ گورو گوبند سنگھ اپنے پاک مشن میں مشغول ملاحظہ کئے جا سکتے ہیں اسے جوتش۔ رمل یا مسمریزم کی کتاب نہ سمجھئے بلکہ ایک اعجاز دلچسپ علمی تصنیف ہے۔ قیمت ۸؍

چور اور گرہ کٹ ایم اسلم کی تازہ تصنیف۔ ایک نہایت دلچسپ قصہ۔ بچوں کو سنانے والی کتاب قیمت ۴؍

اردو بک اسٹال بیرون لوہاری گیٹ لاہور

آل انڈیا مشاعرہ نعت اجمیر شریف

میر احمدی سکریٹری شعبہ نشر و اشاعت۔ مشاعرہ نعت کمیٹی اجمیر شریف

صوبہ سرحد کے علماء کا ہدیہ تہنیت

حضرت مفتی اعظم کی خدمت میں

دنیا کی سب سے آخری اور حیرت انگیز ایجاد

ہلیگن کیپسولز برائے سوزاک نیا یا پرانا

ہلیگن کیپسولز جسکی اعلیٰ خوبیوں کی بدولت مغربی ممالک کے لاکھوں نہیں کروڑوں وہ مریض جو برسوں سے اس خطرناک بیماری میں مبتلا تھے اور بعد مختلف علاجوں کے اس کی نجات سے بالکل نا امید ہو چکے تھے۔ آج پھر خوش و خرم نظر آتے ہیں۔

ملنے کا پتہ۔ اے۔ آر کپور اینڈ کمپنی پوسٹ بکس ۱۹۱ لاہور (دھنی رام روڈ) انارکلی

سفید بال جڑ سے کالا

بال کالا اسٹورس پوسٹ بکس نمبر ۱۰ (دربھنگہ)

طاقت مردمی یعنی تحفہ عظیم

ترجمان القرآن جلد اول

مصنفہ حضرت مولانا ابوالکلام آزاد

غیر مستطیع شائقین کیلئے نصف قیمت میں

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

روزانہ

ہند جدید

مفید مشورہ

ہندوستانیوں کی جسمانی کمزوری کے اسباب اور اس کا علاج

رسالہ خوراک

نقشہ صحت

ضروریات زندگی

شباب جاودانی

ہدایت الیوم

ہدایت موسم

ایم۔ اے۔ شید اینڈ سنز انجینئرز بٹالہ (پنجاب)

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

جرمن یہودیوں کیخلاف ہٹلر کی مہم

مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں یہودی پروفیسروں کی آمد کی خبریں، ہٹلر کی سالگرہ ۲۵ ہزار سیاسی گرفتاریاں

ہندوستانیوں کا اخراج ہٹلر کی تیاریاں

(از نامہ نگار خصوصی مقیم برلن)

جرمنی سے یہودیوں کو نکالا جا رہا ہے۔ تمام کچہریوں میں سے یہودی ججوں کو علیحدہ کر دیا گیا ہے۔ وکیل بہت سے علیحدہ کئے جا رہے ہیں۔ ڈاکٹروں کو بھی تمام جگہوں سے علیحدہ کر دیا گیا ہے۔

سید راس مسعود صاحب غور کریں

جرمنی یہودی ہندوستان میں کیوں آئیں؟

ہٹلر کی سالگرہ

۵ لاکھ مارک کی خیرات

گرفتاریاں اور تلاشیاں

مسلم یونیورسٹی میں جرمنوں کی کثرت

تمام جرمن نازی پارٹی میں

آئنسٹائن کی جائداد پر قبضہ

ہندوستانیوں کی حالت

رباعی

خیر مقدم

حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند

اس کو ہمیشہ استعمال کریں

فی بوتل ایک روپیہ چار آنے

دواخانہ ہمدرد یونانی دہلی

مسلمانوں کی پبلک کمپنی

سرمایہ۔ ایک لاکھ روپیہ۔ جس میں ۳۰ ہزار کے حصص بیرون اور باقی فروخت ہو رہے ہیں

جو امداد باہمی کا کاروبار کرتی ہے

THE PUNJAB MUSLIM CORPORATION LTD.

دی پنجاب مسلم کارپوریشن لمیٹڈ

ہیڈ آفس۔ لائل پور۔ پنجاب

شریعت اسلامیہ کے مطابق مضبوط۔ بنیاد۔ اعلیٰ انتظام حصہ داروں و ممبروں کیلئے معقول منافع کی گارنٹی غریبوں کی حامی۔ بیواؤں یتیموں و بیکسوں کی دستگیری کرنیوالی دی پنجاب مسلم کارپوریشن کا نام کبھی نہ بھولو۔ ہر جگہ مستقل ملازموں اور ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔

منیجنگ ایجنٹس

دوسری شادی

نیو ٹریڈنگ کمپنی ۲۲ اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور

تین پیسے میں ایک سو چالیس صفحے

منیجر رسالہ نظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے!

معجون مددگار غدود ہے

ایک ضروری گذارش

منیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

ضرورت ہے

قابل اور بارسوخ ایجنٹوں کی لال بی بی سگریٹ کی فروختگی کے لئے ہر شہر میں ضرورت ہے تجربہ کار اشخاص کو صرف درخواستیں کرنی چاہئیں۔ کمیشن معقول دیا جاتا ہے۔ درخواستیں بنام

دی منیجر نیو انڈیا ٹوبیکو کارپوریشن ۹۳ برانڈرتھ روڈ لاہور آنی چاہئیں

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تارکا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... ششماہی ... سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... ششماہی ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

نرخ اشاعت

یدُ اللہِ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۷ | دہلی یوم پنجشنبہ ۳ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۸ مئی ۱۹۳۳ء | نمبر ۳۷

معاصرین کے افکار و آراء

مونجے کی بڑ (مدینہ)

ڈاکٹر مونجے نے صوبہ متوسط کی ہندو کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے جو خطبہ دیا کیا۔ افسوس ہے کہ اس کی عبارت اور مطالب کی بنا پر ہندو قوم کو مبارکباد نہیں دی جا سکتی۔ اس نے ایک مرتبہ پھر یہ حقیقت دنیا کے سامنے پیش کر دی ہے کہ ہندو مہا سبھا کے پیروں کی دل و دماغی حالت نہایت یاس انگیز اور ناقابل اصلاح ہے ... ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ ہندو مہا سبھا کے سامنے اس وقت تین مسائل غور و بحث کا استحقاق رکھتے ہیں۔ اول ہندو مسلم اتحاد۔ دوم اچھوت ہندو۔ اور سوم جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی شرکت۔ سب سے پہلے انہوں نے ہندو مسلم اتحاد پر بحث کی۔ ان کا بیان ہے کہ جب سے گاندھی جی نے خلافت نااندیشی سے یہ نظریہ ملک کے سامنے پیش کیا ہے کہ سوراج ہندو مسلم اتحاد کے بغیر حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ اور اس اتحاد کے حاصل کرنے کے لئے سر توڑ جدوجہد شروع کر دی گئی ہے۔ اسی وقت سے اتحاد اقوام کا مسئلہ پیچیدہ اور لاینحل ہو گیا ہے ... اقوام کی کوشش کی گئی۔ لیکن افسوس کہ اتحاد پہلے سے بھی زیادہ ہو گیا ہے۔ اور اس کی وجہ وہی نظریہ ہے جس نے مسلمانوں کے دماغ خراب کر دئیے ہیں۔ ہمیں انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ڈاکٹر مونجے کی یہی متعصبانہ تنگ نظری ساری خرابی کی جڑ ہے۔ جہاں تک مسلمانوں کا تعلق ہے ہم پورے وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ انہوں نے کبھی "سوراج" کو اپنی غلط اور ناجائز اغراض کی تکمیل کا آلہ کار نہیں بنایا اور اسی قدر جزم و یقین کے ساتھ ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہندو مہا سبھائیوں نے اتحاد کی تمام کوششوں کی راہ میں ہمیشہ روڑے اٹکائے اور جو شخص اتحاد کانفرنسوں کی روداد کا مطالعہ کرے گا وہ اس حقیقت کے تسلیم کرنے سے انکار نہیں کرے گا۔

نبی کا خون

حکومت کیا چاہتی ہے؟

مسلمانوں کا افلاس اور تعلیم

ہٹلر کا اعلان

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

بارہ ہزار مسلمانوں کا نوے ہزار عیسائیوں سے مقابلہ

جبل الطارق اور آبنائے طارق کا موسم

ابتدائی حملہ کی تیاریاں

طارق ابن زیاد کا انتخاب

کشتیاں جلا دی گئیں

شاہ اسپین میدان کارزار میں

بارہ ہزار کا نوے ہزار سے مقابلہ

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین بزرگان دین کے اسوۂ حسنہ پر عمل کی دعوت ... قیمت سالانہ ...

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوافروش

بازار بلیماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

عربی زبان کا مشہور علمی ادبی رسالہ

الضیاء

... پتہ: منیجر الضیاء لکھنؤ

ہند

کلکتہ کی سرزمین کو یہ شرف حاصل ہے کہ اردو کے بہترین اخبار مثلاً الہلال، البلاغ، پیغام اور ہند جدید یہیں سے نکلے ...

منیجر ہند جدید ... کلکتہ

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اس میں احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب ۴۸۸ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف ایک روپیہ۔ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اس میں ۱۱۲۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس بہتر مجموعہ اردو زبان میں اب تک تیار نہیں ہوا بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپے میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں مطلوبہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمدللہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول انتہائی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے۔ ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطبا نے اس کتاب کو پسند فرمایا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیاردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر، زبر، پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر بہترین بلاک طبع کرائے گئے ہیں۔ اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ... قسم دوم حنا شدہ ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن مجید

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے ترجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت مولانا شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کمال حسن انتفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ ... علاوہ محصولڈاک ... جلد چرمی نقرئی ...

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک مسکین مظلوم بیوہ جس نے اپنے سن رسیدہ شوہر کی سالہا سال تک انتہائی ہمدردی غمخواری دلسوزی، وفاداری، عرق ریزی جانثاری سے خدمت کی اور ہمیشہ اس کے پسینہ پر خون بہاتی رہی۔ اپنی پاکدامنی شرافت نفسی اور خدمتگزاری سے مدت العمر اپنے شوہر کو خوش رکھا۔ آج اسکی بیوگی اور متوفی کے بھائی کی چیرہ دستیوں کو دیکھکر اسلامی ہمدردی (انسانی فرائض) نظری احساسات سے مجبور ہو کر حصول فتویٰ شریعت کے لئے عریضہ ارسال کر رہا ہوں۔ اُس کے شوہر نے لاولد ہونے کے باعث اس کی خدمتگزاری اور حق مہر کے طور پر سفر حج شریف سے قبل برضا و رغبت خود گواہان ثقہ کے روبرو ایک وصیت نامہ لکھوا کر اپنی بیوی کے حوالہ کیا جس کی نقل ارسال خدمت ہے۔

جب ہر دو زن و شوہر سفر حج سے واپس آئے تو وصیت کنندہ بوجہ نقاہت پیری بیمار رہا۔ عرصہ تک بیمار رہکر فوت ہو گیا۔ اس کے فوت ہونے کے بعد متوفی کے بھائی نے جائداد کے وارث ہونے کا دعویٰ کیا۔ متوفی کا ایک بھائی ہے متوفی کے والد نے اُس کے ایام جوانی میں اپنی موروثی جائداد سے بے دخل کر دیا۔ متوفی نے اصرار کیا ...

اکثر ریاستوں میں ویسا ہی ہے جیسا کہ الور میں تھا لیکن یہاں راجہ الور کا تاج و تخت جس بد اعمالی کی نذر ہوا وہ کچھ اور ہی تھی۔

جو لوگ اپنی فتح و کامرانی کے نشہ کے بل پر مسلمانوں کو یہ یقین دلانا چاہتے ہیں کہ حکومت برطانیہ نے ان کی ہمدردی میں اور ان کی دلجوئی کے لئے مہاراجہ الور کو ریاست الور سے خارج کر دیا ہے اور یہ ان پر کوئی ایسا احسان عظیم ہے جس کے لئے انہیں مدت العمر حکومت کا مرہون منت رہنا چاہئے ...

آل انڈیا مسلم لیگ

وزیر ہند کو چیلنج

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۳ صفر المظفر ۱۳۵۲ ہجری

"سیرت محمد علی" کے دو ابواب

علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۸)

"مشہور مخدوم قوم" کا بیان

مراد آباد میں جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس مرکزیہ کا جو اجلاس ہوا تھا اس کی کارروائی کو تلبیس الحق بالباطل کی بدترین مثال بنا کر پیش کرنے کے بعد آخر میں رئیس احمد صاحب جعفری تحریر فرماتے ہیں:-

"بہر حال ان دلشکن اور افسوسناک کارروائیوں کے بعد جلسہ برخاست ہو گیا اور ...

ممکن ہے کہ ان تصریحات کے بعد بھی رئیس احمد صاحب جعفری کو ہمارا یقین نہ آئے اور انہوں نے جو کچھ لکھا ہے وہ اسی کی صحت پر اصرار کرتے رہیں اس لئے ہم خود ان ہی بزرگ کو شہادت میں پیش کئے دیتے ہیں جن کا "مشہور مخدوم قوم اور خادم اسلام" ہونا خود ان کے نزدیک بھی مسلم ہے ...

امروہہ کا سالانہ اجلاس

تصحیح ضروری ہے

"مسلمانوں پر احسان عظیم"

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

جاپان کی علمی اور ادبی رفعت

ایک اخبار جس کی روزانہ اشاعت ۷ لاکھ ہے

جاپان کی صنعتی اور علمی ترقی کے اسباب

ایشیائی ممالک میں جاپان کو آج ایک خاص امتیاز حاصل ہے علوم و فنون، صنعت و حرفت وطنی اور ملی احساسات میں وہ حیرت انگیز ترقی کر رہا ہے۔ ایک زمانہ وہ تھا کہ جاپان طوائف الملوکی کے ہاتھوں برباد ہو رہا تھا اور اس کا اقتدار چراغ سحری کی مانند آخری سانس لے رہا تھا لیکن کچھ زمانہ کے بعد جاپان نے ایک کروٹ بدلی اور اپنے ہر شعبہ میں ایسا انقلاب ...

یومی یوری - جاپان کا یہ اخبار بہت پرانا ہے ابتدا میں دو ہزار کاپیاں چھپتی تھیں، مگر اب اس کی اشاعت دو لاکھ ہے ...

ایشیا صنعت و حرفت کا مرکز رہ چکا ہے

انگریزی زبان پر عربی اور فارسی زبان کے احسانات

اٹلی کے ڈکٹیٹر مسولینی اور اس کی وجہ تسمیہ

خاص آدمیوں کے علاوہ بہت کم لوگوں کو معلوم ہوگا کہ موجودہ حرفتی زمانہ سے پہلے ہندوستان مختلف ایشیائی ساخت کا بہت بڑا مرکز تھا اور ہر جگہ صنعت و حرفت کے کارخانے کھلے ہوئے تھے۔ ہندوستان کی سرزمین سے ہی دیگر ممالک کو مصنوعات ایشیا کی بر آمد ہوتی تھی ...

(اسٹیٹسمین)

"میں برطانیہ کے بجائے روس کا ساتھ دونگا"

انگلستان کے ایک پادری کا بیان

روس میں انگریزوں کے خلاف جس مقدمہ کی سماعت ہوئی تھی اس پر ڈنبرگ کے ایک گرجا میں ریورنڈ آر جی بال ارنس نے تبصرہ کیا ...

جنگ عظیم کے ترک بہادروں کی یادگار

جرائم پیشہ بھی سائنس کے ماہر ہو گئے

پولیس کی نااہلیت کا اعتراف

مکتبہ جامعہ کی "جرأت نازیبا" پر احتجاج

اراکین انجمن امداد الاسلام دیوبند کا پیغام

بخدمت گرامی حضرت مدیر الجمعیۃ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سیرت مولانا محمد علی مرحوم مطبوعہ جامعہ پریس پر طریق تبصرہ جناب کے متعدد مقالات کا مطالعہ کرنے کے بعد ہمارے قلوب میں الجمعیۃ کی جو وقعت و عظمت قائم ہوگئی ہے اس کے اظہار کی چنداں ضرورت نہیں ہے۔ البتہ ہم نفس مسئلہ کے متعلق چند ضروری گزارشات پیش کرنا چاہتے ہیں امید ہے کہ آپ مؤقر جریدۂ الجمعیۃ میں جو کہ حقیقت نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام ممالک اسلامی کے علماء کا واحد ترجمان ہے شائع فرما کر عند اللہ ماجور ہونگے۔

ہمارا خیال ہے کہ مولانا محمد علی مرحوم کی ذات گرامی اپنی خدمات ملیہ کے اعتبار سے عدیم النظیر تھی اور بہت کم نفوس قدسیہ علمی اور قومی سرگرمیوں میں ان کے حریف ہو سکتے ہیں۔ لیکن ان کی علمی زندگی کا تمام روشن پہلو علمائے کرام ہی کا مرہون منت ہے ...

رکن انجمن امداد الاسلام دیوبند — رکن انجمن

سیرت محمد علی میں "معاصرین پر لعن و طعن"

"مدیر سچ" اور "جامعہ والوں" کی ذمہ داریاں

جناب اڈیٹر صاحب اخبار الجمعیۃ۔ سلام مسنون۔

"سیرت محمد علی" کے دو ابواب پر آپ نے جو تبصرہ کیا ہے اور جو اب تک جاری ہے اس کو دیکھ کر بے اختیار آپ کی جرأت کی داد دینی پڑتی ہے ...

"گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل"

دار الحکومت

ایڈیٹر الخلیل پر قاتلانہ حملہ کا مقدمہ

استغاثہ کے گواہوں کا بیان

مہاراجہ الور کی پوزیشن کے متعلق دار العوام میں سوال و جواب

دو سال کے بعد مہاراجہ کو کن شرائط پر عنان حکومت دی جائیگی؟

اتحاد کانفرنس الہ آباد میں شریک ہونے کا جرم

لندن ۴ مئی کل دار العوام میں مسٹر لبوی نے مہاراجہ الور کی پوزیشن کے متعلق وزیر ہند سے دریافت کیا کہ اس امر کو مد نظر رکھتے ہوئے مہاراجہ الور دو سال کے لئے ریاست کو خیرباد کہہ رہے ہیں جس کا مقصد یہ ہے کہ برطانوی حکام ریاست کی مالی حالت درست کردیں کیا دو سال کے بعد ریاست کی عنان حکومت مہاراجہ کے سپرد کرنے سے پہلے ان سے کسی قسم کی ضمانت (گارنٹی) لی جائے گی؟

وزیر ہند نے جواب دیا کہ اس قسم کے سوالات پر حکومت بالادست اس وقت غور کریگی جب عنان حکومت سپرد کرنے کا وقت آئے گا۔ اسی وقت یہ مسئلہ بھی طے ہوگا کہ کن شرائط کے ماتحت مہاراجہ کو عنان حکومت سپرد کرنا مناسب ہوگا۔ مسٹر مارک بیلی نے دریافت کیا کہ اس وقت حکومت بالادست کون ہوگی؟ وزیر ہند نے جواب دیا کہ جو اس وقت ہے وہی اس وقت بھی ہوگی۔

بمبئی ۲۶ مئی۔ مسٹر برد ...

ہندوؤں نے صلح کا موقعہ کھو دیا

حکومت کو سیاسی قیدی رہا کردینے چاہئیں

شیخ عبد المجید صاحب سندھی کا بیان

شیخ عبد المجید صاحب سندھی نے اخبارات کے نام مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے ...

اہم مسئلہ

مشن کالج کے ہوسٹل میں کارتوس

پولیس کی حیرانی

دنیا کی آزادی ہندو مسلم اتحاد پر منحصر ہے

اسلامی سیاسیات کی باگ ڈور ناہلوں کے ہاتھ میں

حج سے واپسی پر مولانا اکرم علی صاحب کا بیان

شاردا ایکٹ ملک معظم کے اعلان کے خلاف ہے

دہلی کے ایک مقدمہ میں وکیل صفائی کے دلائل

دہلی کے ایک تاجر کی فیاضی

تعلیم کیلئے ایک لاکھ کا وقف

مولانا اکرم علی صاحب کا سفر حج مع الخیر

جمعیۃ علماء ہند کے دفتر میں چائے کی دعوت

وائسرائے کو گولی سے اڑانے کی سازش

ایک عجیب و غریب انکشاف

چاٹگام کے ہندو طلباء پر پابندیاں

اپنے پاس شناختی کارڈ رکھو

دہلی میں سرخ پوسٹروں کی تلاش

متعدد گرفتاریاں اور خانہ تلاشیاں

ریاست حیدرآباد میں سیاسی جلسوں کی ممانعت

ریزیڈنسی بازار کی واپسی پر مسرت کا اظہار

دار العوام میں ایک رکن کو پنڈت مالویہ کا چیلنج

تحقیقات کرو ورنہ مجھ پر مقدمہ چلاؤ

سول نافرمانی کا التواء کچھ حکومت کی اپیل

قائم مقام صدر کانگریس کا بیان

زیارت بیت اللہ سے واپسی

مہاراجہ الور یورپ روانہ ہوگئے

مولانا شوکت علی صاحب کا اظہار خیال

ہندوستانی نمائندے متحدہ کام نہیں کرسکتے

سر آغا خاں کا بیان

دہلی میں انگارہ کی تلاش

چین میں غیر ملکی اشیاء کے حصول پر اضافہ

ہر مسلمان ہر مسجد میں نماز پڑھ سکتا ہے

شیعہ اور سنیوں کے مقدمہ کا فیصلہ

عدالت عالیہ لاہور کا حکم

لاہور کیا شیعہ "سنیوں" کی مسجد میں نماز پڑھ سکتے ہیں؟ یہ تھا سوال جس کا فیصلہ آج لاہور ہائیکورٹ کے ڈویژنل بنچ پر مشتمل آنریبل مسٹر جسٹس جے لال اور آنریبل مسٹر جسٹس عبد الرشید نے کیا۔

مقدمہ کے واقعات یوں بیان کئے جاتے ہیں کہ پنڈ دادنخاں میں کھیوڑا والی مسجد کے نام سے ایک مسجد ہے جس پر سنیوں کا قبضہ ہے، اور سنی لوگ شیعوں کو نماز پڑھنے کی اجازت نہیں دیتے تھے جس پر کئی دفعہ جھگڑا ہوا۔ چونکہ سنی شیعوں کو اس مسجد میں نماز پڑھنے نہیں دیتے تھے۔ اس لئے انہوں نے سب جج کی عدالت میں درخواست دی کہ انہیں اس مسجد میں نماز پڑھنے کی اجازت دی جائے اور سب جج نے شیعوں کے حق میں فیصلہ دیتے ہوئے انہیں مسجد مذکور میں نماز پڑھنے کی اجازت دیدی۔

سب جج کے اس حکم کے خلاف سنیوں نے عدالت سشن میں درخواست دی جس نے سب جج کے فیصلہ کو ہٹا دیا اور اپنے فیصلہ میں لکھا کہ اگرچہ بحیثیت مسلم انہیں نماز پڑھنے کا حق ہے لیکن آپس میں کشیدگی کو مد نظر رکھتے ہوئے شیعوں کو مسجد مذکور میں نماز پڑھنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

فاضل سشن جج کے فیصلہ کے خلاف فرقہ شیعہ نے ہائیکورٹ میں اپیل کی جس کی سماعت آج ڈویژنل بنچ مشتمل آنریبل مسٹر جسٹس جے لال اور مسٹر جسٹس عبد الرشید کے روبرو ہوئی۔ جنہوں نے طرفین کے وکلاء کی بحث سننے کے بعد شیعوں کی طرف سے دائر کردہ اپیل منظور کرلی اور فیصلہ دیا کہ ہر مسلمان ایک مسجد میں نماز پڑھ سکتا ہے۔

چین اور جاپان کے درمیان عارضی صلح نامہ پر دستخط ہوگئے

طویل اور خونریز جنگ کے خاتمہ کے قوی امکانات

چینی اور جاپانی نمائندوں کی گفت و شنید

لندن ۶ مئی۔ چین اور جاپان کی خونریز اور طویل جنگ نے عالمگیر جنگ کے امکانات پیدا کردئے تھے مگر اب ایک مدت کے بعد جانبین میں صلح اور مفاہمت کے آثار پیدا ہوگئے ہیں جس سے یقین کیا جاتا ہے کہ شاید یہ خوفناک جنگ ختم ہوجائے۔ اگرچہ چین اور جاپان کے درمیان صلح کی خبروں پر سخت احتساب اور نگرانی ہے اور سرکاری طور پر اس سے انکار کیا جاتا ہے لیکن عام طور پر یقین کیا جاتا ہے کہ کل شام کو تنگو میں چین اور جاپان کے درمیان عارضی صلح نامہ پر دستخط ہوگئے ہیں۔ صلح نامہ بہت مختصر ہے اور اس میں صرف جنگ کے ختم کرنے اور ان حدود پر قائم رہنے کا ذکر ہے۔ جہاں چینی افواج ہٹادی جائیں گی فریقین میں باقاعدہ اختتام جنگ کی قراردادیں کے بعد تفصیلی امور طے ہونگے۔ چینی نمائندے کہتے ہیں کہ صلح نامہ غیر سرکاری ہے اور اس پر دستخط بھی نہیں کئے گئے۔

پیکنگ میں جاپان اور چین کے درمیان عارضی صلح کے لئے گفت و شنید جاری ہے ... عارضی سمجھوتہ کی وجہ سے اظہار کشیدگی دور ہوگئی ہے۔

تخفیف اسلحہ کانفرنس کی کامیابی

امریکہ اور فرانس کا رویہ!!

جنیوا ۲۴ مئی۔ تخفیف اسلحہ کانفرنس کی جنرل کمیشن کے اجلاس میں آج سہ پہر کے وقت مسٹر نارمن ڈیوس امریکن مندوب ایک بیان دیں گے تو توقع کی جاتی ہے کہ اس بیان میں ... برطانوی مسودہ کنونشن میں شریک ہونے کے لئے امریکہ کس حد تک تیار ہے۔

اگرچہ فرانس نے کانفرنس میں شریک ہونے والی دوسری اقوام کی طرح اصولی طور پر برطانوی اسکیم کو قبول کرلیا ہے مگر اس نے تخفیف اسلحہ اور کا کنٹرول کے ساتھ ساتھ ...

چار دول کے معاہدہ کی تکمیل

دستخط حاصل کرنے کے انتظامات

روما ۲۴ مئی۔ یقین کیا جاتا ہے کہ مسولینی کے چار دول کے میثاق کے سلسلہ میں متعلقہ حکومتوں سے صرف ضابطہ کی رضامندی حاصل کرنا باقی ہے جس کے بعد دستخط کرنے کے انتظامات کئے جائیں گے اطلاع ملی ہے کہ آج سہ پہر کے وقت جنیوا میں میثاق کا آغاز ہوجائے گا۔

چین اور جاپان میں صلح کی کوشش

جاپان کی طرف سے چین پر الزام

جنگ کے التواء کا اعلان

پارلیمنٹری کمیٹی میں اہم مسائل پر غور

ہندوستان کی طرف سے کون تقریر کریگا

مولانا ظفر علی خاں کا مقدمہ!

اشتعال انگیز تقریر کرنے کا الزام

جمعیۃ اقوام مفلس ہوگئی!

چندہ ادا کرنے والے ممالک کا بخل

مسلم لیگ کے سکرٹری معطل کردئے گئے

صدر اور ناظم کا تنازعہ

جامعہ ملیہ کی مالی امداد کے لئے سعی

صوبجات متحدہ کے مختلف اضلاع میں وفد

پیکن پر جاپان کا قبضہ ہوگیا

جاپانی افواج کا فاتحانہ داخلہ

اعلان اور معاہدہ کی خلاف ورزی

قیام امن اور مساوی حقوق کا مطالبہ

چانسلر ہٹلر کی تقریر

پنجاب کا فرقہ وارانہ مسئلہ طے ہوگیا

بعض جزئیات میں اختلاف

برطانیہ نے برما کو علیحدہ کرنیکا فیصلہ کرلیا

برمی قوم خود کوئی فیصلہ نہیں کریگی

جاپان کے ساتھ تجارتی معاہدہ

وزیر اعظم برطانیہ کا بیان

نواب سر ذوالفقار علی خاں کی وفات

بمبئی کارپوریشن کا انتخاب

جرمنی میں عورتوں کا سگریٹ پینا ممنوع

مجلس اقوام یہودیوں کی حمایت کریگی

پارلیمنٹری کمیٹی میں ہندوستانیوں کی تقریریں

جاپان کو روسی اخبارات کی تنبیہ

مدرسہ دار العلوم دیوبند

جملہ حضرات متعلقین دیوبند اور تمام اہل علم پر یہ بات مخفی نہیں کہ جب سے دیوبند مدرسہ قائم ہوا ہے اس وقت سے لے کر آج تک صوبہ بنگال و آسام کے ہزارہا علماء اس سے فیضیاب ہوئے ہیں اور ہوتے رہیں گے انشاء اللہ تعالیٰ مگر ہم کو صد افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ سب جگہ سے باوجود کم مستفیضین کے ہزارہا علماء کی مقدار امیر و غریب کی طرف سے چندہ جاتا ہے لیکن ہم اس کی طرف توجہ نہیں کرتے۔ کیا ان دونوں صوبوں کے لوگوں پر عموماً اور مستفیضین پر خصوصاً یہ فریضہ عائد نہیں ہوتا کہ دیوبند جیسی دینی درسگاہ کی بقا کے لئے وہ بے دریغ قدمے درمے سخنے قلمے تائید کریں؟ ہم ادنیٰ کارکنان مدرسہ اس بات کو بہت دنوں سے محسوس کر رہے ہیں۔ لہٰذا ہم تمام اہل اسلام سے عموماً اور ان دونوں صوبوں کے علماء و صلحاء سے خصوصاً درخواست کرتے ہیں کہ میدان عمل میں آئیں اور اجر جزیل حاصل کریں بحمد اللہ ہم نے اس فریضہ کے انجام دہی میں قدم اٹھایا اور پہلی قسط ہی میں معمولی کوشش پر چھ سو روپے ساٹھ آنے بمعرفت سید عبد الکریم صاحب سلہٹی متعلم دار العلوم دیوبند بھیجا جس کی مہر شدہ رسیدیں بھی دفتر دار العلوم دیوبند سے دستیاب ہو گئیں۔ امید ہے کہ دوسرے حضرات بھی اسی طرح اس وعدہ و اتحاد و اتفاق سے اس مرکز علوم نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی بقا کے لئے ...

محمد تاج الاسلام کمرلائی (صدر مدرس جامعہ یونسیہ برہمن باڑیہ تپرہ)
سید محمد عبد الکریم سلہٹی متعلم دار العلوم دیوبند۔
محمد صفی اللہ کمرلائی (صدر مدرس مدرسہ عالیہ یونسیہ سید آباد)
محمد عبد المصور سلہٹی خطیب سلہٹ۔ محمد صدیق احمد چاٹگامی متعلم دیوبند
سخاوت الانبیاء سلہٹی (صدر انجمن تبلیغ سلہٹ)

جامع عثمانیہ میں عظیم الشان جلسہ

۱۹ مئی کو جامع عثمانیہ ریزیڈنسی مملکت آصفیہ میں بعد نماز جمعہ حضرت مولانا شاہ عبد الحامد صاحب قادری بدایونی ناظم جمعیۃ العلماء کانپور کی صدارت میں مسلمانوں کا جلسہ منعقد ہوا۔ امام صاحب جامع عثمانیہ نے جلسہ کی غرض و غایت بیان کی۔

حضرت مولانا شاہ عبد الحامد صاحب قادری بدایونی نے باوجود شدید علالت کے نہایت جامع اور مدلل تقریر فرمائی۔ اسلام اور حکومت کے عنوان پر اپنے بصیرت افروز خیالات کا اظہار کیا اور تفصیل کے ساتھ اعلیٰ حضرت خسرو دکن خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ کی خصوصیات پر زور دیا اور فرمایا۔ بلاشبہ اعلیٰ حضرت کا وجود گرامی اپنے صفات کی وجہ سے عالم اسلامی میں سب سے زیادہ ممتاز ہے سلطنت آصفیہ تاجدار دکن کی خداداد قوتوں کے باعث ...

میں ہم سب ملکر بارو سکندر آباد کی واپسی کا زبردست عالمگیر خیر مقدم نمائیں۔ اعلیٰحضرت تاجدار دکن۔ شہزادگان والاشان اور مملکت آصفیہ کے لئے مولانا نے نہایت ہی دردانگیز لہجہ میں دعا فرمائی۔
مولانائے موصوف کی طبیعت اس تقریر کے بعد اور زیادہ کمزور ہو گئی ہے۔
سید محمد مسلم بی۔ اے ترپ بازار حیدرآباد دکن۔

ڈسٹرکٹ احرار اسلام کانفرنس

اسلامی علیکم ڈسٹرکٹ احرار اسلام کانفرنس بتاریخ ۲۶، ۲۷، ۲۸ مئی ۱۹۳۳ء کو بمقام حسین آگاہی سکول ملتان شہر زیر صدارت حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی منعقد ہو رہی ہے جس میں علماء و زعماء احرار شرکت کے قطعی وعدے فرما چکے ہیں کانفرنس کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے مسلمانوں سے شرکت کی استدعا کی جاتی ہے۔
قاضی احسان احمد امام شاہی جامع شہر شجاع آباد صدر مجلس استقبالیہ

سفید بال جڑ سے کالا

ایک آنہ بجائے تین روپے نصف کم ... زیادہ ... کے تیل میں پچاس برس پیچھے کا پکا بال کالا پیدا ہو ساٹھ برس کی عمر تک کالا رہے تو معاوضہ دام واپس۔
تیل بال کالا اسکوائرس پوسٹ کنی سمری (دربھنگہ)

دھاوہ درد ہول اٹھے کہ تاثیر اسکو کہتے ہیں
بدن کندن بنا دیتی ہے اکسیر اسکو کہتے ہیں
اکسیر حیات
فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

جس کا ہر گھر بلکہ ہر شخص کے پاس سفر و حضر میں رہنا ضروری ہے کیونکہ اکسیر حیات سر سے پیر تک کی اکثر بیماریوں کا حکمی اور فوری علاج ہے اندرونی بیماریوں میں ایک بوند سے تین بوند تک پانی یا مصری میں کھلانا اور بیرونی امراض میں ...

مولانا حکیم محمد عبد العلی صاحب پھلواری ... پھلواری شریف پٹنہ

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلیماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

ضرورت ہے

بیکاروں کے لئے خزدہ — پرسنالم — تجارت

اردو زبان کا بہترین لغت
جامع اللغات اردو

ترجمان القرآن جلد اول

شربت روح افزا
SHARBAT ROOHAFZA
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

نمک حسن جالینوس
REGISTERED "NAMAK JALINOOS" No. 6624

چند کتب نادر الوجود برائے فروخت

تین پیسے میں ایک سو چالیس صفحے

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

طلاء نامردی یعنی تحفہ عظیم

دوسری شادی

امریکہ نے برطانی اسکیم کو منظور کر لیا

جنیوا ۱۹ مئی۔ مسٹر نارمن ڈیوس نے تخفیف اسلحہ جات کی جنرل کمیشن میں تقریر کرتے ہوئے ایک اہم تقریر کے دوران میں فرمایا کہ امریکہ تخفیف اسلحہ جات کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے اس حد تک جانے کو تیار ہے جہاں تک دیگر ممالک جائیں گے۔

مسٹر نارمن نے مزید فرمایا۔ امریکہ تخفیف اسلحہ جات کے متعلق برطانی تجویز کا خیر مقدم کرتا ہے۔ ہم محسوس کرتے ہیں کہ تخفیف اسلحہ جات کا مقصد اسلحہ جات میں تدریجاً تخفیف کرنا ہے کہ ہر ملک میں اندرونی امن و امان کے قیام کے لئے صرف پولیس ہی رہ جائے۔ ہم دیگر قوموں کے ساتھ مل کر اپنے اسلحہ جات میں تخفیف کرنے کے لئے دیگر ممالک کے ساتھ تعاون کرنے کے لئے تیار ہیں۔

مسٹر ڈیوس نے مزید فرمایا "ہمیں اپنے تنازعات کا فیصلہ کرنے کے لئے جنگ و جدل کی بجائے باہمی گفت و شنید کا طریق اختیار کرنا چاہئے۔"

تقریر سے بالا تر ترتیب طرز تھا۔ مولانا عبد الوہاب صاحب نے بھی ایک بسیط تقریر اتحاد مضمون کی نمائی اور اختتام جلسہ کی ... خان بہادر مولوی محمد اختر صاحب وکیل نے بھی تقریر کی۔ اور بیانات موجودہ کتب بابت مذکورہ کو مسلمانوں کے لئے ضرر رساں بتلایا۔ آخر میں ذیل کی تجویز مکمل مولوی محمد صاحب وکیل نے پیش کی جو بلا اختلاف پاس ہوئی۔

"مسلمانان مظفرپور کا یہ جلسہ عام تفسیر القرآن و مقدس اسلام ذوقی اسلام و انسان کا ابتدائی مذہب کو نہایت نفرت کی نظر سے دیکھتا ہے کیونکہ اس میں خلاف وگمراہی باتیں مندرج ہیں جو اسلامی عقائد کے سراسر خلاف ہیں۔ اور مسلمانوں سے درخواست کرتا ہے کہ وہ ان کتابوں کو نہ خریدیں۔ اور نہ پڑھیں اور مصنف سے استدعا کرتا ہے کہ وہ اس کتاب کی اشاعت بند کر دیں۔"

(ڈاکٹر) محمد مغفور احمد اعجازی سکریٹری انجمن تائید الاسلام مظفرپور

مظفرپور میں اعلاء کلمۃ الحق کا پرجوش مظاہرہ
علمائے کرام کا ورود

انجمن تائید الاسلام عرصہ دراز سے مسلمانان مظفرپور کی ضروریات دینی کو برقرار رکھنے اور تعلیم اسلامی کے پھیلانے میں برابر سرگرم عمل رہی ہے تقریباً ہر سال یہ اپنا سالانہ اجلاس کر کے اور وقتی اور مقامی ضرورتوں میں علماء مدرسہ جامع العلوم کے مواعظ حسنہ سے مسلمانوں کو شمع ہدایت دکھاتی رہی ہے۔ اخبار بین حضرات سے پوشیدہ نہ ہوگا کہ پنڈت ذوالفقار علی صاحب جو مرتد ہو کر آریہ ہو گئے تھے دوبارہ اسلام لانے کے بعد ہی مبلغ بن کر دارد مظفرپور ہیں اور تبلیغی شکل میں گمراہیاں پھیلا رہے ہیں اس کا نمونہ ان کی تقریریں بالخصوص کتاب تفسیر القرآن پارہ الم و مقدس اسلام وغیرہ ہیں جن میں سراسر غلط ترجمہ و تفسیر لغو ترجیحہ و تطبیق مسائل دینیہ ... پڑی ہیں۔ ذمہ دار و مخلص مسلمانوں نے بہتیری کوشش کی کہ کم از کم ان کتابوں کی ...

بھوپال اندر اطبیہ کالج پٹیالہ میں جلسہ تعزیت

سہارنپور میں مسلمانوں کا اجتماع

بھوپال اندر اطبیہ کالج کا سالانہ اجلاس

اخبار الجمعیۃ کے لئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

ریاست گوالیار کے حکام اور مظلوم مسلمان
مساجد کی تعمیر بند کر دینے کا خوفناک اقدام
مہاراجہ صاحب اور ارکان کونسل کی توجہ کا طالب

اخبار ... کے ایک صاحب کے ... مضامین کا جواب دیتے ہوئے ... ہم ... انتہا میں کرتے ہیں کہ وہ ... لیا گیا ہے کیونکہ ضمیر کی آواز انسان کی تمام سچی ... کا پورا علاج ہے۔ آخر ... مظلوموں کو آہ و پکار پر آمادہ کیا ہے اگر ہماری تحریر سے کسی غلط فہمی پہنچی ہو تو خیر خواہان ریاست کو چاہئے کہ وہ ہم کو دیانت داری کے ساتھ سمجھا دیں اور ہماری غلط فہمیوں کو رفع فرما دیں۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ اب تک اخبارات کے صفحات پر ...

مہاراجہ جو آنجہانی کا حکم

اخبار الجمعیۃ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

ید اللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
بلال احمد زبیری (بی اے)

تاریخہائے اشاعت

جلد ۱۷ | دہلی۔ یوم پنجشنبہ ۷ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ مطابق یکم جون ۱۹۳۳ء | نمبر ۳۸

معاصرین کے افکار و آراء

صدر امریکہ کا پیغام امن (زمزم)

مسٹر روزویلٹ پریسیڈنٹ امریکہ نے دنیا کی تمام چھوٹی بڑی اقوام اور سلطنتوں کو جو پیغام امن دیا ہے اُس کا سب سے زیادہ قابل لحاظ فقرہ یہ ہے کہ اقوام اور سلطنتیں اپنی حدود سے باہر مسلح طاقت کو باہر بھیجنے سے پرہیز کریں ...

گاندھی جی کا برت (اہلحدیث)

گاندھی جی نے جب اپنے برت رکھنے کا اعلان کیا تھا تو عوام میں بہت بے چینی پیدا ہو رہی تھی ...

ہندو مسلم مفاہمت

تعلیم اور سلطان

ریاست الور اور گورنمنٹ

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

وادی لکتہ میں ہاشمی تلواروں کی جھنکار

امیر طارق کا مجاہدانہ خطبہ اور اسپین کی فتح

تدمیر کو پرشاہ اسپین کا دلگداز نوحہ

شاہ اسپین کی بے کسی

گھمسان کی جنگ

طارق کا جنگی خطبہ

اسپین کے آخری تاجدار کا نوحہ

(باقی آئندہ)

پورے اسلامی کتب خانہ کی برابر

ایک زبردست اسلامی انسائیکلوپیڈیا

جو ساٹھ اسلامی ضخیم کتابوں کی روح ہے اور جس میں دس ہزار سے زائد دینی اور دنیاوی مسائل ہیں

فلاح دین و دنیا

کتابت و طباعت لاجواب | مختصر فہرست مضامین فلاح دین و دنیا | کاغذ اعلیٰ تقطیع بڑی کتابی

نئی روشنی کے مسلمان مذہب سے ناواقف ہیں

خواجہ بک ڈپو نمبر ۳۲ جامع مسجد دہلی

مصفی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہو گیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کر کے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلا خوف تردید دعویٰ کرتا ہے کہ صفائی خون کے لئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کر سکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورہ سے جدید سائنٹفک طریق پر طیار کیا گیا ہے خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔ کھجلی۔ داد۔ پھنسیاں وغیرہ حتیٰ کہ سوزاک۔ آتشک اور جذام کا زہریلا مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے نابود ہو جاتا ہے۔ اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۲ خوراک کی شیشی ۱۲ر علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال: ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملا کر اور اگر مرض کا جوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے

پانچ ترجموں کا قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

جنت اور دوزخ

منیجر علمیہ بک ایجنسی ... دہلی

غریبوں کا خدا

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

القمر

آسٹریلیا کے صحرا میں خانہ بدوش مسلمانوں کی آبادی
یورپ کی مشہور خواتین کا قبول اسلام اور مسلمانوں سے ازدواجی تعلقات
انگریز سیاحوں کے مشاہدات وتاثرات

(ترجمۂ خصوصی برائے الجمعیۃ)

کچھ دن ہوئے آسٹریلیا کے صحرا میں بعض انگریزوں کو سفر کرنے کا اتفاق ہوا تو انہوں نے وہاں مسلمانوں کی کافی آبادی دیکھی اور ان کے حالات کا مشاہدہ کیا۔ آسٹریلیا کے جس صحرا میں مسلمانوں کی آبادی ہے وہاں حمل ونقل کے لئے اب تک اونٹوں کو کام میں لایا جاتا ہے اور ان ہی اونٹوں کے ذریعہ مسلمان اپنی بسر اوقات کرتے ہیں۔ اس صحرا میں اونٹوں کے ذریعہ جو کام لیا جاتا ہے وہ اس وقت سے جاری ہے جبکہ ایک شخص نے اس سرزمین میں ایک نئے راستہ کا انکشاف کیا تھا۔ آسٹریلیا کا اندرونی حصہ بہت خشک ہے جہاں پانی اور روئیدگی کا نام ونشان تک نہیں ہے۔ میلوں چلے جایئے آپکو پانی کا ایک قطرہ بھی میسر نہ آئے گا اور بارش کی قلت کی سب سے بڑی عدت میں محسوس کی جاتی ہے۔ بعض مقامات پر بڑی گہرائی میں پانی دستیاب ہوا مگر وہ کھاری اور انسانوں کے استعمال کے بالکل ناقابل نکلا۔

اونٹوں پر سفر

جس زمانہ میں آسٹریلیا کے مغربی حصہ میں سونا برآمد ہوا تھا تو اس وقت سب سے بڑا اور اہم سوال پانی ہی کا تھا۔ آئرلینڈ کے دو انجینیر سونے کی تلاش میں اس صحرا میں آئے تھے لیکن جب وہ ناکام رہے تو انہوں نے "کول گرڈی" کے مقام پر کھدائی شروع کی اور سینکڑوں فٹ زمین کی گہرائی میں ایسا پانی نکلا جو پینے کے قابل تھا جس وقت اس صحرا میں ریلیں تعمیر ہونے لگی تو ...

حالات میں بہت مشہور ہیں۔ ایک سفید عورت تو بہت مشہور ہے جو ایک ایسے شخص کی لڑکی ہے جو متعدد جہازوں کا مالک ہے۔ اس عورت نے ہندوستان کا بھی سفر کیا تھا اور اسلامی عقائد پر مائل ہوگئی تھی۔ ایک زمانہ میں یہی عورت سابق شاہ امان اللہ خاں کے بچوں کی نگران تھی۔ اس کے بعد وہ آسٹریلیا چلی آئی اور باوجود خاندان کی انتہائی مخالفت کے اس نے اس صحرا کے ایک نوجوان شیخ سے شادی کرلی اور مسلمان ہوگئی۔ آخر ایک سال اپنے خاوند کے ساتھ اس نے مکہ کا حج بھی کیا۔

فرانس کی لیڈی کا قبول اسلام

ایک اور سفید عورت (سفید عورت سے مراد یورپین لیڈی ہے) جو پیرس میں "ایڈرین ڈرائو" کے نام سے مشہور تھی مسلمان ہوگئی۔ تیس سال ہوئے اس نے اس صحرا کے ایک دولتمند مسلمان گل محمد سے شادی کرلی۔ گل محمد سینکڑوں اونٹوں کا مالک ہے اور افغانوں میں اعلیٰ حسب ونسب رکھتا ہے۔ اس وقت گل محمد اس صحرا میں بے تاج بادشاہ ہے۔ اور یہاں کے مسلمان اس کے بے حد اطاعت گزار ہیں۔ جس عورت نے گل محمد سے شادی کی وہ فرانس کے ایک اعلیٰ خاندان کی رکن ہے اور یہ خاندان سرمایہ اور دولت میں مشہور ہے۔

گل محمد اور اس لیڈی کی شادی اسلامی اور آسٹریلین قوانین کے مطابق عمل میں آئی۔ اس عورت نے بھی اپنے خاوند کے ساتھ مکہ کا حج کیا۔ گل محمد نہ صرف اونٹوں ...

... زندگی پر کسی قسم کی پابندی عائد نہیں کی جاسکتی۔ چونکہ صحرا میں کوئی سلسلہ معاش نہیں ہے اس لئے وہ اپنے اونٹوں کو کرایہ پر چلا کر روپیہ کماتے ہیں۔

آسٹریلیا کے صحرا میں جب یہ لوگ باہر سے آتے ہیں تو اپنی عورتوں کو بھی ساتھ ہی لے آتے ہیں۔ ان میں نوجوان مرد، سفید عورتوں سے شادیاں کرلیتے ہیں۔ بعض سفید عورتیں جنہوں نے صحرائی مسلمانوں سے شادیاں کیں اپنے معاشی ...

... ہیں۔ ایسے ایسے مقامات جہاں نہ گھوڑے سفر کرسکتے ہیں اور نہ موٹر کار یہی چل سکتی ہیں وہاں بھی اونٹ سفر کے کام آتے ہیں ان ہی اونٹوں کے ذریعہ آسٹریلیا کا پشم ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جاتا ہے اور ایک ایک اونٹ ۷ سو پونڈ تک بوجھ اٹھالیتا ہے۔

ترکی میں دیہاتی اصلاح کا نیا پروگرام
متحرک نمائش اور اخبار کے ذریعہ تعلیم کی اشاعت
ایک ترکی اخبار دیہات میں دیواروں پر چھپاں کیا جاتا ہے

(ترجمۂ خصوصی برائے الجمعیۃ)

ترکی میں دیہاتی آبادی اور مزارعین کو تعلیم دینے کیلئے ایک نیا قدم اٹھایا گیا ہے اس مقصد کی تکمیل کے لئے ایک نیا اخبار "کوائے دو گزٹ" کے نام سے جاری کیا گیا ہے جو دیہات وقصبات میں دیواروں پر چسپاں کیا جاتا ہے تاکہ خواندہ اشخاص اس کو با آواز بلند پڑھکر دوسروں کو سناسکیں اور تمام لوگ بھی اس کو دیکھ سکیں۔ یہ اخبار قسطنطنیہ کی ایک بڑی انجمن "پیپل کلب" کی طرف سے شائع کیا جاتا ہے جو کمال پاشا کے لیڈروں کی ہدایت کے مطابق مضامین شائع کرتا ہے۔ اس کلب کی شاخ ...

... جس میں ضروری سامان ہوتا کہ کلب اس کی مشکلات میں معاونت کرے۔ اخبار میں بچوں کی صحت اور زراعت کے لئے بھی ایک جگہ مخصوص ہے۔ اخبار میں انگورہ کی مجلس اسمبلی کا فوٹو بھی شامل ہے جس کی طرف مصطفےٰ کمال پاشا فوجی رفتار کے ساتھ جارہے ہیں (اب یہ اسمبلی پیپل کلب کا مرکز ہے) اخبار میں دیہاتیوں سے سفارش کی گئی ہے کہ وہ ہوائی قوت سے اغماض نہ کریں اور اس لئے وہ سرکاری لاٹریاں خریدیں اور اللہ کی مدد سے امیر ہوجائیں۔ اس اخبار کی کاپیاں صوبہ قسطنطنیہ کے تمام دیہات میں دیواروں پر چسپاں کی جاتی ہیں۔

متحرک نمائش کے ذریعہ تعلیم

اس اخبار کی اشاعت کے ساتھ ترکی میں ایک اور طریقہ بھی جاری کیا گیا ہے جو انجام کے اعتبار سے نتیجہ خیز ثابت ہوگا۔ یہ طریقہ تعلیمی نمائش کا ہے جو انگورہ سے بحر روم تک بذریعہ موٹر اختیار کیا گیا ہے۔ موٹر میں تین درجے ہیں۔ پہلے درجہ میں ایسی نمائش رکھی گئی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے ترکی جمہوریت نے تھوڑے ...

چالیس ہزار دیہات میں تعلیم

مسودۂ قانون رہنمایان زائرین حجاز
معلمین وغیرہ پر لائسنس کی پابندی اور خلاف ورزی کا جرم
تین ماہ قید اور جرمانہ

(ترجمۂ خصوصی برائے الجمعیۃ)

ذیل میں ہم حجاج کے متعلق اس آخری مسودۂ قانون کا مکمل ترجمہ درج کررہے ہیں جو سلیکٹ کمیٹی کی ترمیم کے بعد اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں بمقام شملہ پیش ہونے والا ہے اور جس کا ایک نسخہ ہمیں بھی بغرض اشاعت وتنقید موصول ہوا ہے۔ ہم نے اس مسودۂ قانون کے ترجمہ میں یہ التزام رکھا ہے کہ جہاں کہیں ترمیم ہوئی ہے وہاں ترمیم کے بعد جو الفاظ داخل کئے گئے ہیں ان کے ساتھ ساتھ ہم نے اصل مسودہ کے الفاظ بھی نقل کردیئے ہیں تاکہ سلیکٹ کمیٹی کی ترمیمات کا اصل مسودہ سے موازنہ کیا جاسکے اور یہ معلوم ہوسکے کہ اس مسودۂ قانون میں کیا ترمیم ہوئی ہے اور وہ کہاں تک مفید یا مضر ہے۔ اور اس سے قانون کے اصول پر کوئی اثر پڑتا ہے یا نہیں۔ اصل مسودہ کے الفاظ خط کے اوپر ہیں اور ترمیم شدہ الفاظ خط کے نیچے ہیں۔ (اس طرح

$\frac{\text{اصل مسودہ کے ابتدائی الفاظ}}{\text{ترمیم کے بعد موجودہ الفاظ}}$

) جہاں کہیں صرف اضافہ کیا گیا ہے وہاں اس کے مقابلہ میں اصل مسودہ کی جگہ خالی چھوڑ دی گئی ہے۔ اور

$\frac{\times\ \times\ \times\ \times\ \times}{\text{ترمیم کے بعد موجودہ الفاظ}}$

نشانات بنادیئے گئے ہیں اور علیٰ ہذا القیاس جہاں پہلے الفاظ کو محض خارج کیا گیا ہے اور ان کی جگہ نئے الفاظ داخل نہیں کئے گئے وہاں مترجمہ الفاظ کی جگہ خالی چھوڑ دی گئی اور

$\frac{\text{اصل مسودہ کے ابتدائی الفاظ}}{\times\ \times\ \times\ \times\ \times\ \times}$

نشانات بنادیئے گئے ہیں۔

ترمیم کے بعد اس مسودۂ قانون نے جو موجودہ شکل اختیار کی ہے اسپر تنقید کیلئے قارئین کرام مقالات مدیریہ کو ملاحظہ فرمائیں۔

ہرگاہ کہ ان اشخاص کی سرگرمیوں پر ضبط قائم کرنا ضروری ہے جو برطانوی ہند میں مسلم زائرین حجاز کو امداد دینے کے لئے اپنی خدمات پیش کرتے ہیں۔ اس لئے حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:-

عنوان، وسعت اور آغاز

تعریفات

خلاف ورزی شرائط کی سزا

دفعہ ۸۔ اگر کوئی لائسنس یافتہ معلم / رہنمائے زائرین ان شرائط میں سے کسی کی خلاف ورزی کرتا ہے جو اس کے لائسنس کیلئے ضروری ہیں تو وہ جرمانہ کی سزا کا مستوجب ہوگا جو دوسو روپیہ تک ہوسکتی ہے۔

معطل کرنے کا اختیار

تنسیخ لائسنس کا اختیار

لائسنس کی مقامی حدود

گورنر جنرل باجلاس کونسل کے اختیارات

لائسنس دینے والوں کا تقرر

مقامی حکومتوں کے اختیارات

اختیارات سماعت

لائسنس کے بغیر کام کرنے کی سزا

تنسیخ واستثنار

نیت کے متعلق قرینہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۷ صفر المظفر ۱۳۵۲ ہجری

موت العالم موت العالم
امام العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کا وصال

آج نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام عالم اسلامی میں صف ماتم بچھی ہوگی کہ دنیا کے سب سے بڑے محدث ومفسر نے جن کے علم وفضل کو دیکھکر علمائے متقدمین اور ائمہ صالحین کی یاد تازہ ہوتی تھی اور جن کی زندگی علوم ومعارف کا ایک بہتا ہوا دریا تھی جس سے ہزاروں لاکھوں انسان مستفید ہوچکے تھے اور ہورہے تھے اور جن کے زہد وتقویٰ میں قرون اولیٰ کی شان نظر آتی تھی دنیائے اسلام کو انتہائی رنج واندوہ میں چھوڑ کر سفر آخرت اختیار کیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

۲۹ مئی کو تقریباً ایک بجے دوپہر کے وقت مولوی محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند کا یہ تار خرمن ہوش وحواس پر بجلی بنکر گرا کہ گزشتہ شب حضرت علامۂ زماں امام دوراں، فقیہ کامل، مفسر جلیل محدث لاثانی، مولانا محمد انور شاہ صاحب کشمیری کا وصال ہوگیا۔ اگرچہ علامہ مرحوم کی علالت کے متعلق ایک عرصہ سے متوحش خبریں موصول ہورہی تھیں مگر ہم اس انتہائی خبر کو سننے کیلئے ہرگز تیار نہ تھے جو اچانک و دفعتہً ہمارے سامنے آگئی اور جس نے تمام عملۂ الجمعیۃ کو حزن وملال کے سمندر میں غرق کردیا۔

حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی اسقدر جامع والمکمل تھی کہ اخبارات کی گنجائشیں تو کجا ایک کتب خانہ بھی ان صفات کا مشکل سے احاطہ کرسکتا ہے جو قدرت نے اس ذات میں ودیعت کی تھیں۔ تبحر علمی کا یہ عالم تھا کہ جب بڑے بڑے جید علماء ان کے سامنے بیٹھکر کسی علمی مسئلہ پر گفتگو کرتے تو ایسا معلوم ہوتا کہ گویا سمندر کے کنارے بیٹھے ہوئے اپنی پیاس بجھا رہے ہیں۔ حافظہ کی یہ کیفیت تھی کہ بیشمار کتابوں کے حوالے بلاتکلف دیتے چلے جاتے تھے۔ احادیث کا تمام ذخیرہ اور انکی صحت وعدم صحت کے متعلق طویل بحثیں، اور رواۃ کے مدارج ومراتب اسطرح محفوظ تھے کہ طلبائے حدیث انکی خدمت میں حاضر ہوکر ایک مکمل لائبریری کا کام لیتے اور ان سوالات کا جواب معلوم کرتے جنکی تحقیق وجستجو اور ریسرچ کیلئے ایک پوری عمر درکار ہوتی ہے۔ پھر ہر جواب میں اسقدر جامعیت ہوتی تھی کہ اس موضوع پر کسی کتاب کو خواہ وہ مطبوعہ ہو یا قلمی دیکھنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی تھی۔

مرحوم کا یہ تبحر اور یہ حافظہ صرف علم حدیث تک ہی محدود نہ تھا بلکہ جملہ علوم عقلیہ ونقلیہ میں مرحوم کو یہی کمال حاصل ...

ہندوستان کے کامل ترین عالم ربانی کی وفات

آہ۔ قدرت کے زبردست ہاتھ نے حضرت مولانا العلامۃ الفاضل الکامل اکمل العلماء افضل الفضلاء النحریر المقدام البحر القمطام رحلۃ العصر قدوۃ الدہر استاذ الاساتذہ رئیس الجہابذہ محدث وحید مفسر فرید فقیہ یگانہ ماہر العلوم العقلیۃ والنقلیۃ مولانا المولوی السید محمد انور شاہ قدس سرہ کو آغوش رحمت میں کھینچ لیا اور ہم سے ظاہری طور پر ہمیشہ کیلئے جدا کردیا۔ دار العلوم دیوبند کے مہتمم صاحب کے تار سے یہ روح فرسا خبر معلوم ہوئی جس نے دنیا کو آنکھوں کے سامنے تیرہ کردیا۔

حضرت شاہ صاحب کی وفات بلاشبہ وقت حاضر کے کامل ترین عالم ربانی کی وفات ہے جنکا نظیر مستقبل میں متوقع نہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ طبقۂ علماء میں حضرت شاہ صاحب کا تبحر، کمال، فضل، ورع، تقویٰ، جامعیت، استغنا مسلّم تھا۔ اور مخالف وموافق ان کے سامنے تسلیم وانقیاد سے گردن جھکاتا تھا۔ حق تعالےٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں مقام اعلےٰ عطا فرمائے اور انکے صاحبزادے کو انکا صحیح جانشین کرے آمین۔

فقیر محمد کفایت اللہ کان اللہ لہٗ
۳ صفر ۱۳۵۲ھ

مسلمانان دہلی کا عظیم الشان جلسہ
سانحہ روح فرسا پر اظہار حزن وملال

حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب (صدر جمعیۃ علماء ہند) کی جانب سے حسب ذیل اعلان دہلی میں شائع ہوا ہے:-

نہ صرف ہندوستان بلکہ زمانہ حاضرہ میں تمام عالم اسلامی کے کامل ترین محدث۔ فقیہ مفسر اور تمام علوم وفنون کے مسلّم ماہر اور علماء ربانیین کی جماعت کے امام حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کشمیری۔ سابق صدر المدرسین دار العلوم دیوبند وحال شیخ الحدیث جامعۂ اسلامیہ ڈابھیل (ضلع سورت) نے ۲ صفر ۱۳۵۲ھ کو دار فانی سے رحلت فرمائی۔ مرحوم کا وصال تمام عالم اسلامی کیلئے عظیم ترین صدمہ ہے مسلمان ایک قدسی صفات بزرگ کی برکات سے ظاہری طور پر محروم ہوگئے۔

اس سانحہ روح فرسا پر اظہار حزن وملال اور متعلقین حضرت مرحوم کے ساتھ ہمدردی اور مرحوم کے واسطے دعائے مغفرت کے لئے مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ ...

حوادث واحکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

بسلسلہ کالم ہم

الجواب

استفتاء

الجواب

دہلی کے ماتھے پر کلنک کا ٹیکہ

آل انڈیا مسلم لیگ کے دفتر میں تہذیب و شرافت کا خون

حاجی رشید احمد کی انتہائی شرمناک حرکات

پریس کی موجودگی میں صدر لیگ کیساتھ خلاف انسانیت سلوک

۲۸ مئی کو شام کے ۵ بجے آل انڈیا مسلم لیگ کے دفتر واقعہ بلیماران میں نمائندگان پریس کے سامنے جو واقعات پیش آئے وہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے نہایت شرمناک ہیں۔ وہاں سے یہ اندازہ ہو سکتا ہے کہ اس وقت لیگ کی سیاسیات کس قسم کے لوگوں کے ہاتھ میں ہیں اور وہ قانون تہذیب، اخلاق، شرافت اور انسانیت کا کس طرح خون کر رہے ہیں۔

ملک برکت علی کا قانونی اعتراض

لیگ کا جلسہ نہیں ہے

تین تین ہزار روپیہ لیگا

تہذیب و شائستگی کا نمونہ

تشدد کا استعمال

آہ مولانا سید انور شاہ صاحب!!

دیوبند ۲۹ مئی۔ مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند نے ذیل کا رنج فرسا پیغام ارسال فرمایا ہے:۔

"میں دلی رنج و قلق کے ساتھ مطلع کرتا ہوں کہ آج رات کو حضرت مولانا سید انور شاہ صاحب کا وصال ہو گیا۔ دار العلوم بند کر دیا گیا اور قرآن خوانی ہو رہی ہے۔ میں تمام اسلامی مدارس اور دار العلوم دیوبند سے متعلق درسگاہوں سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ مولانا مرحوم کیلئے دعاء مغفرت کریں۔"

... اناللہ وانا الیہ راجعون۔

گاندھی جی کے برت کا اختتام

"خدا پر میرا یقین اور زیادہ ہو گیا ہے"

گاندھی جی کا پیغام

پونہ ۲۹ مئی۔ آج گاندھی جی نے اکیس روزہ کے بعد اپنا برت کھولا۔ برت کھولنے کا نظارہ روح افزا تھا۔ ٹھیک ساڑھے بارہ بجے چند لوگ گاندھی جی کے خاص چیمبر میں آ گئے۔ گاندھی جی سرسے پیر تک گدے میں لیٹے ہوئے تھے ...

الور میں پھر فساد ہو گیا

سرکاری خزانہ لوٹ لیا گیا!

پولیس کی ناکامی کے بعد فوج کی روانگی

الور ۲۶ مئی۔ ہندوستان ٹائمز کے نامہ نگار کا بیان ہے کہ حال ریاست کے سامنے اس وقت سب سے زیادہ مشکل صرف یہ ہے کہ وہ کس طرح ریاست کے اندر امن و امان قائم کرے ...

شاہ عراق کا سفر لندن

انگریزی عراقی معاہدہ میں ترمیم کرنیکی کوشش

باغیوں کا مشہور سردار گرفتار کر لیا گیا

برمی بغاوت کا کلی استیصال

حجاز اور برطانیہ کے مندوبین کا اجتماع

عقبہ اور معان کے مسئلہ پر گفت و شنید

تمام سیاسی قیدی رہا کئے جائینگے

مولوی محبوب عالم کا انتقال

اردو صحافت کا قدیم خادم چل بسا

دہلی میں روزانہ اموات میں اضافہ

سائیکل سواروں پر مصیبت

تین گھنٹہ میں پانچ سو گرفتاریاں

... کا لٹریچر ضبط

دہلی مارکٹ کا تازہ نرخ

مہاراجہ الور کے ہاتھی فروخت کر دئے گئے

دہلی کے سربرآوردہ علماء و عمائد کی مجلس مشاورت

تجویز التوائے حج کے خلاف مؤثر اقدام

ایک مقتدر کمیٹی کا انتخاب

۲۷ مئی کو شام کے وقت ... ایک جلسہ ... منعقد ہوا ...

تقریباً پونے نو بجے شب کو جلسہ حضرت صدر محترم کے شکریہ کے بعد ختم ہوا۔ (نامہ نگار)

بغداد کے اساتذہ اور طلباء کے اخلاق کی نگرانی

فحش مقامات اور ناچ گھروں میں داخلہ کی ممانعت

عراق کے محکمہ تعلیم کا مستحسن اقدام

معززین حیدر آباد کی اخلاقی اصلاح

خسرو دکن کا درد میں ڈوبا ہوا فرمان

والیان ریاست کیلئے اسوہ حسنہ

حکومت ہند کی دورخی پالیسی

برطانیہ اور جاپان کا تجارتی معاہدہ

بمبئی کے تجارتی حلقوں میں اضطراب

جاپان کا انکار

سوا ارب کا سونا ہندوستان سے باہر

قرآن شریف کے ایک نئے مفسر کا ظہور

چاپلوسی اور خوشامد کی حد ہو گئی

مسٹر غزنوی کا جوش وفاداری!!

جنگ کی صورت میں انگلستان کی حفاظت

برطانیہ میں ڈکٹیٹری کا اعلان کر دیا جائیگا

جنگ کے مخالفوں کو بھوکا مار دیا جائے گا

ایک گھرانے کے تین افراد کی بیک وقت موت

مولانا سید طفیل احمد صاحب کو صدمۂ عظیم

مذہبی فرائض اور اسلامی شریعت کو ہر چیز پر مقدم رکھو

تھیٹر اور سینما جانے والے مسلمانوں کو زبردست انتباہ

اعلیٰ حضرت حضور نظام کا شریعت پرور اعلان

حیدر آباد ۲۹ مئی ... اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) نے ایک فرمان جاری کیا ہے ...

منچوریہ کو چین کے ماتحت لانیکی سعی

جاپان کیخلاف چینی جنرل کا اعلان

برطانیہ جاپان کا مقابلہ کرنیسے عاجز ہے

وزیر ہند کی تقریر

نو آبادیات میں گولہ باری کرنے والے

ہوائی جہازوں کی ضرورت

کشمیر میں پھر ہنگامہ!

تماشہ ہوتے دو بم پھٹ گئے

اخبار الجمعیۃ

کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی و مذہبیت کا ثبوت بہم پہونچایئے۔

غدر ۱۸۵۷ء

چند شوریدہ سر فوجیوں کی سرکشی کا نتیجہ نہ تھا۔ بلکہ ہندوستانی محبان کے جذبۂ حریت کا ایک زرین کارنامہ تھا۔ ہندوستانی بہادروں نے غیر ملکی استبدادی زنجیروں سے رہا ہونیکے لئے جو دیوانہ وار کوشش کی اس کی سرگذشت خود انگریزوں کی زبان سے بیگناہ ہندوستانیوں کی داستان مظلومی اجنبی حکومت کے مظالم ناروا الشیخ حسام الدین بی۔ اے۔ امرتسری کے قلم سے قیمت ۱۲/

چہیتا بھائی

مرزا عظیم بیگ چغتائی مصنف شریر بیوی کے برادر معظم مرزا فہیم بیگ چغتائی کی شاہکار تصنیف آپ نے اپنے مخصوص طرز نگارش میں اپنے بچپن کے بعض واقعات اس خوش اسلوبی سے بیان کئے ہیں کہ باید و شاید۔ ممکن نہیں کہ کوئی شخص اس کتاب کو شروع کر کے ختم کئے بغیر اٹھ سکے۔ زبان ٹھیٹھ اردو ہر لفظ ہر فقرہ اور ہر لفظ۔ ہر فقرہ اور ہر جملہ آب کوثر سے دھلا ہوا۔ پھر سلاست اور شگفتگی سونے پر سہاگے کا کام دے رہی ہے حجم ۱۵۲ صفحات قیمت ۸/

ہوائی قلعہ

آج سے چار ہزار برس پہلے کے واقعات ہم کس طرح اپنی آنکھوں سے وقوع پذیر ہوتے دیکھ سکتے ہیں جنگ مہابھارت۔ تصویروں پر نہیں الفاظ میں نہیں بلکہ اصلی حالت میں نظر آ سکتی ہے مہاتما بدھ۔ مہاراج کرشن۔ کبیر داس۔ گورو گوبند سنگھ اپنے پاک مشن میں مشغول ملاحظہ کئے جا سکتے ہیں اسے جوتش۔ رمل یا مسمریزم کی کتاب نہ سمجھئے۔ بلکہ ایک از حد دلچسپ علمی تصنیف ہے۔ قیمت ۴/

چور اور گرہ کٹ ایم اسلم کی تازہ تصنیف۔ ایک نہایت دلچسپ قصہ بچوں کو ہنسانے والی کتاب قیمت ۳/

اردو بک اسٹال بیرون لوہاری گیٹ لاہور

نئی قسم کا بیمہ

ہر ایک کو موقع پر اگر معالج کے ہی جا نا پڑے یا اس کو بلانا پڑے تو سوچئے کہ کتنا خرچ کتنی تکلیف اور کتنی تشویش ہوتی ہے۔ نئی زمانہ معقول آمدنی والے ہی اس کو برداشت نہیں کر سکتے اس واسطے گھر میں ایسی قابل اعتبار بے ضرر مفید اشیاء ضرور رکھنی چاہئیں جو کہ وقت بے وقت یہ کام دے سکیں۔ یہ بات اب سب پر عیاں ہو چکی ہے کہ اگر امرت دھارا گھر میں ہمیشہ موجود رکھی جاوے تو ۹۰ فی صدی موقع ایسے ہوتے ہیں کہ آپ کو کوئی کسی دوسری دوا کی ضرورت نہ ہوگی اور اسی سے آرام ہو جاویگا لاکھوں عقلمند انسان ہمیشہ اس کو پاس رکھتے ہیں۔ امیر لوگوں کو بھی اس واسطے پاس رکھنی ضروری ہے کہ مان لیا کہ وہ ہر موقع پر معالج کو بلا سکتے ہیں خرچ کی ان کو پرواہ نہیں مگر پھر بھی تو ممکن ہے کہ معالج و دوائی پہنچنے تک بیماری تکلیف دہ ثابت ہو یا مہلک ہو جاوے۔ اچانک پیٹ درد۔ قے۔ متلی۔ ہیضہ۔ سانپ۔ بچھو وغیرہ کا ڈنک چوٹ۔ زخم بیسیوں۔ ایسے موقع ہو سکتے ہیں کہ بہت دار امیر بلکہ راجے مہاراجیاں سب امرت دھارا کو پاس رکھتی ہیں۔ نقلوں سے بچنا چاہئے صرف ٹنکٹ ٹھاکر دت شرما دید کی اصلی امرت دھارا بھی بھروسہ کرنا چاہئے۔

امرت دھارا کے علاوہ اگر آپ مندرجہ ذیل چند اور چیزیں ہر وقت گھر میں موجود رکھیں اور وقت ضرورت ان سے بھی کام لیں تو یقینی طور پر ۹۹ فی صدی امراض ہیں چاہئے وہ مردوں یا عورتوں کی۔ بوڑھوں۔ جوانوں یا بچوں کی ہوں۔ آپ بے وقت کی تکلیف۔ تشویش و خرچ سے بچ جاویں گے۔ قیمت امرت دھارا ۔۔۔ فی شیشی نصف شیشی ۔۔۔ نمونہ آٹھ آنے ۔۔۔

وہ ادویات یہ ہیں۔ گند عطار س۔ دست بچش۔ قے کے واسطے یہ نایاب دوائی ہے پہلی پوڑیہ سے آرام آتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ نمونہ دو آنے ۔۔۔ امرت دھارا مرہم۔ ہر قسم کے زخموں نیز داد۔ خارش چنبل وغیرہ کو مفید قیمت فی ڈبیہ ایک روپیہ۔

سب ادویات منیجر امرت دھارا لاہور کے پتہ سے منگوائی جا سکتی ہیں۔ نئی قسم کا بیمہ اس کے ساتھ یہ کیا جاتا ہے کہ سال بھر میں بھی اگر ان ادویات میں سے کوئی آپ کے برتنے میں نہ آوے۔ بند ہی پڑی رہے تو اس کی بجائے دوسری دوائی اتنی ہی قیمت میں منیجر امرت دھارا کو لکھنے سے مل جاوے گا۔

ابوالکلام لائبریری اترولی ضلع علیگڑھ

عالیجناب محمد موسیٰ خانصاحب رئیس دتاولی نے لائبریری کا معائنہ فرما کر اپنی مسرت کا اظہار کیا اور کارکنان کی ہمت افزائی فرمائی۔

حاجی صاحب نے ازراہ عنایت اپنی تصانیف کا ایک مکمل سٹ بھی عطا فرمایا ہے، اس لئے ہم حاجی صاحب کے بے حد شکر گذار ہیں۔

حال ہی میں جناب خواجہ حسن نظامی صاحب نے بھی اپنی تصانیف کا ایک حصہ ارسال فرمایا ہے، ہم خواجہ صاحب سے درخواست کرتے ہیں کہ بقیہ تصانیف سے بھی جناب لائبریری کی اعانت فرمائیں گے۔ دیگر علم دوست اور مخیر حضرات سے بھی توقع ہے کہ وہ بھی جلد از جلد اس طرف توجہ فرمائیں گے، اگر تھوڑی تھوڑی امداد فرمائی گئی تو یقیناً قلیل عرصہ میں لائبریری ایک مستقل شکل اختیار کرلے گی جو قصبہ کے مسلمانوں کے خوشگوار مستقبل کی ضامن ہوگی۔

اسلامی جرائد سے امداد کی ہم اپیل کرتے ہوئے دکھ محسوس کرتے ہیں اس لئے کہ اسلامی جرائد کا جس اقتصادی مشکل سے مقابلہ ہو رہا ہے وہ عام اپیل کرنے سے مانع ہے، تاہم ہمیں زیادہ سے زیادہ جس اعانت کا مستحق سمجھیں اس سے ازراہ کرم مطلع فرمائیں۔ ہم فی الحال عارضی امداد کے طالب ہیں مستقبل قریب میں انشاء اللہ ہم اسلامی جرائد سے کوئی اعانت طلب نہیں کرینگے بلکہ تمام موقر اسلامی جرائد کو اعانت پہونچانا ہمارا فرض ہوگا۔

(سید حسن علی آنریری اسسٹنٹ لائبریری)

مغربی پنجاب میں ایک جدید اسلامی درسگاہ کا افتتاح

مورخہ ۱۸ محرم الحرام ۱۳۵۲ھ کو محمدی میں حضرت مولانا سید غلام مرتضیٰ شاہ صاحب کے زیر صدارت جلسہ منعقد ہوا۔ تلاوت کلام اللہ و نعت خوانی کے بعد محمد ذاکر سیالوی نے درد و سوز میں ڈوبے ہوئے الفاظ سے محمدی میں تعلیمی و تبلیغی مرکز قائم کرنے کی غرض سے مدرسہ عربیہ اسلامیہ محمدی کے افتتاح پر مختصر تقریر کی ...

مسٹر سوباش بوس جرمنی جا رہے ہیں

... لنڈن اور برلن ... معلوم ہوا ہے کہ برطانی قنصل وائنا نے مسٹر سوباش بوس کو مطلع کیا ہے کہ بلیک فارسٹ میں علاج کرانے کے لئے ان کو جرمنی کا پاسپورٹ دیا جائے گا جس کی انہوں نے دفتر ہند سے درخواست کی تھی۔

سفید بال جڑ سے کالا ...

طلاء نامردی یعنی تحفہ عظیم ...

تین پیسے میں ایک سو چالیس صفحے ... ایجنسی نمونہ ٹریڈنگ کمپنی اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور ...

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

دوسری شادی ہر شب کو شب اول بنانے کے لئے آج ہی کی ڈاک سے تحفہ شباب یعنی طلسمی چٹکی ... ایک چٹکی استعمال کرنے سے آپ پر کل حقیقت ظاہر ہو جائے گی۔ طلسمی چٹکی کیا ہے ... عورتوں کا تحفہ اور خاوندوں کے لئے نعمت غیر مترقبہ ... قیمت فی شیشی ایک اونس ۱/- علاوہ محصولڈاک۔

نیو ٹریڈنگ کمپنی ۳۲ اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہرا پن کی دوا (روغن کرامات) تمام دنیا میں پہونچتی ہے۔ ہزارہا ڈاکٹر اور انگریز جس کی قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

کان بہنے اور طرح طرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے قیمت فی

نپٹ بہرا پن شیشی ایک روپیہ چار آنہ (۱۴/)

جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لا کر علاج کرا سکتے ہیں۔ دھوکہ دینے والوں۔ مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے۔

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)

مسلمانوں کی پبلک کمپنی جو امداد باہمی کا کاروبار کرتی ہے ۔ سرمایہ ایک لاکھ روپیہ جس میں ۳۰ ہزار کے حصص ریزرو اور باقی فروخت ہو رہے ہیں

THE PUNJAB MUSLIM CORPORATION LTD.

دی پنجاب مسلم کارپوریشن لمیٹڈ

ہیڈ آفس لائل پور پنجاب

شریعت اسلامیہ کے مطابق مضبوط بنیاد۔ اعلیٰ انتظام حصہ داروں و ممبروں کیلئے معقول منافع کی گارنٹی۔ غریبوں کی حامی۔ بیواؤں یتیموں و بیکسوں کی دستگیری کرنیوالی دی پنجاب مسلم کارپوریشن کا نام کبھی نہ بھولو۔ ہر جگہ مستقل ملازموں اور ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔

منیجنگ ایجنٹس

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

وہاں سے ایک کارڈ لکھ کر ... صحت و تندرستی کا گائیڈ ... مفت طلب فرما کر ملاحظہ کریں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

چند کتب نادر الوجود برائے فروخت

...



مشک، عنبر اور جواہرات کا ایک نفیس مرکب

دماغی کام کرنیوالوں کیلئے عجیب تحفہ ... تمام اعصاب پر اثر کرتی ہے۔ دوران خون کو درست اور غذا کی خواہش کو تیز کر دیتی ہے ... قیمت فی شیشی ... ایک روپیہ آٹھ آنے

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

جرمنی میں مجاہد اعظم سیدنا شیخ سنوسی کے وصال پر ماتم

مرحوم کی فوجی قابلیتوں کا تذکرہ۔ جرمنی جرنیلوں کی تقریریں

جرمنی کے خلاف یورپ میں ساز باز۔ فرانس اور جرمنی میں جنگ کی تیاریاں

(الجمعیۃ کے نامہ نگار خصوصی مقیم برلن کے قلم سے)

اس ہفتہ برلن میں دو بہت بڑے کارنامے مسلمانوں کے ظہور میں آئے موتمر اسلامی کا جلسہ ہوا اور اس میں کوشش کی گئی کہ اس دفعہ ہجری کا معاملہ تمام مسلمانان برلن کے سامنے پیش کیا جائے اور جس طرح تمام دنیا میں نوروز یعنی نئے سال کا پہلا دن بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے اسی طرح برلن کے مسلمانوں کو بھی منانا چاہئے بہت سخت مباحثہ کے بعد موتمر اسلامی نے اس بات کا فیصلہ کیا کہ ایسا کیا جائے ...

جو کہ جنگ عظیم میں ترب اور ترکی میں برطانیہ اور فرانس کے خلاف جنگ کرتا رہا ہے شلیب پاشا نے نہایت ہی عمدہ تقریر کی اور بتایا کہ مجھ کو حد سے زیادہ حیرت اس وقت ہوئی تھی جب کہ میں یہ دیکھتا تھا کہ یہ شخص پیسے معمولی اور گھٹیا ہتھیاروں سے ان برطانیوں اور فرانسیسی تازہ ہتھیاروں سے مقابلہ کرتا تھا اور پھر با وجود ان باتوں کے فتح حاصل کرتا تھا۔ اس کے علاوہ اور بہت سے جرمنوں نے اس میں نہایت ...

تمام جرمنی سے مزدوروں کے ... جہاز میں برلن لائے گئے اور ان سے ہٹلر اور فون ہنڈنبرگ نے مصافحہ کیا۔ اس میدان میں جہاں سب اکٹھے ہوئے تھے بہت جشن رہا۔ آتش بازی چھوڑی گئی اور تقریریں ہوئیں۔ ہٹلر نے بھی بڑی زبردست تقریر کی۔ ہٹلر نے اور بہت سی باتوں کے علاوہ یہ بھی کہا کہ ہم نہیں جانتے کہ اتحادی ہمارے ساتھ ایسا برتاؤ کریں جیسا کہ ہار نیوالی قوم کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ ہم ہر ایک صورت میں جانتے ہیں۔

ہٹلر کی تقریر

ہر ہٹلر نے جرمن رعایا کو مخاطب کر کے کہا کہ ہم کو سب سے پہلے چاہئے کہ ہم آپس میں تمام نفاق دور کریں ... جرمن قوم تجربہ کر کے خیال کرنا چاہئے کہ ہمارے آبا و اجداد کیا تھے اور انہوں نے کیسا عظیم الشان کام کیا ... ہم کوشش کرینگے کہ بیکاری میں ... ہماری امداد نہیں کرے گا۔

جرمنی کی جنگی تیاریاں

فون ہنڈنبرگ نے ... کہا کہ اس وقت جرمن قوم ... جرمن رعایا کے کان میں یہ بات ڈالی جا رہی ہے کہ تو جرمن ہے اور تو دنیا میں سب سے اعلیٰ ہے ...

اسلامیہ کالج پشاور میں دینیات سے افسوسناک اعتنائی

کارکنان کالج اور سر صاحبزادہ صاحب متوجہ ہوں

اخبارات میں ایک مضمون بعنوان "اسلامیہ کالج پشاور کی امداد کرو" شائع ہوا ہے جس میں کالج کو یونیورسٹی بنانے اور مختلف شعبہ جات کھولنے کے ارادے کو ظاہر کیا گیا ہے نیز عام امدادی اپیل کے علاوہ ایک دعوت قبول کرنے کی تجویز ہے ... ہم ارباب کالج کی توجہ کالج کے نام اور کام کی نسبت کی طرف مبذول کرانا اپنا فرض سمجھتے ہیں ... اس میں دوسرے کالجوں کی نسبت کونسی امتیازی خصوصیت ہے؟

یہ کتنا افسوسناک اور صبر آزما منظر ہے کہ تمام اسلامیہ کالج اور انتظامیہ کونسل کے ارکین مسلمان ... مسلمان لڑکوں کو ہر قسم کی تعلیم کی ضرورت ہے اگر ضرورت نہیں تو صرف مذہبی تعلیم کی۔ مغربی تعلیم کے زہریلے اور اسلامی روح کو فنا کرنے والے جراثیم کے پیش نظر توقع تھی کہ "اسلامیہ کالج" پشاور اپنے تعلیمی نصاب میں دین اور دنیا کے توازن کو قائم رکھتے ہوئے مذہبی تعلیم پر زیادہ توجہ دیگا ...

جرمنی کی عام حالت

بیکاروں کی امداد

بنگال میں عظیم الشان اسلامی جلسہ

ایجنٹ چاہئیے ...

ممک گولیاں رجسٹرڈ ...

... عصمت و سفید بالوں کا جوہر سیاہ کن ...

شربت روح افزا (رجسٹرڈ)

موسم گرما میں ہر قسم کی شکایت کیلئے اکسیر ہے۔ تمام ہندوستان میں اپنے خواص کیوجہ سے مقبول ہو چکا ہے۔ بڑے بڑے راجہ نواب اس کو ہمیشہ استعمال کرتے ہیں۔ فی بوتل ایک روپیہ چار آنے

دواخانہ ہمدرد یونانی دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تارکاپتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار
ہندوستان سے
سالانہ
ششماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
فی پرچہ ایک آنہ

سہ روزہ
الجمعیۃ
دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
مالک احمد بہری بی اے

تاریخ اشاعت

جلد ۱۷ | دہلی یوم دوشنبہ ۱۱ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ مطابق ۵ جون ۱۹۳۳ء | نمبر ۳۹

معاصرین کے افکار و آراء

سودیشی اور مسلمان (پیشوا)

جب سے ملک میں آزادی کا جذبہ پیدا ہوا ہے اس وقت سے ملکی مصنوعات کی خریداری کی بھی ترغیب دلائی جا رہی ہے اور خدا کا شکر ہے کہ اب ہندوستان اپنی ضروریات پوری کرنے کی کامیاب کوشش کر رہا ہے مگر افسوس ہے کہ...

بھائی پرمانند کی زہر افشانی

اللہ اور رسول پر بدترین تہمت

مجلس اقوام کو جرمنی کا انتباہ

(بسلسلہ صفحہ ۲ کالم ۴)

لیگ کو ناآہلوں سے بچاؤ

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

اسپین کے اندرونی شہروں پر عربوں کا قبضہ

شہر پناہ پر مصنوعی داڑھی والی عورتوں کی فوج

گورنر افریقہ کا خط امیر المومنین حاکم دمشق کے نام

اسپین میں گورنر افریقہ کا داخلہ

عورتوں کی ایک عجیب فوج

عیسائی حاکم کی اطاعت

طارق کی ناکامانہ پیشقدمی

"یہ کہنے کی بات کہاں تھی؟"

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب طبیب خاص اعلیٰ حضرت حضور نظام نے ملا واحدی صاحب ایڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک طلسمی نسخہ قوت کا عطا فرمایا تھا اس نسخے کی کیفیت یہ عبارت درج ہے:

معجون مددگار غدود ہے

ایک ضروری گذارش

معجون مددگار غدود طلب کرنے والے حضرات فرمائش کے ساتھ براہ کرم اپنا حال تحریر فرما دیا کریں تاکہ ہمیں اندازہ ہو جائے کہ جس مرض کو معجون مددگار غدود دور کرتی ہے وہی انہیں ہے یا کوئی دوسرا مرض لاحق ہے۔ اگر دوسرا مرض ہوگا تو ہم معجون مددگار غدود کی بجائے اس مرض کی دوا بھیجیں گے۔

ملنے کا پتہ: مینیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

ضرورت ہے

قابل اور بارسوخ ایجنٹوں کی لال بی بی سگریٹ کی فروختگی کے لئے ہر شہر میں ضرورت ہے۔ تجربہ کار اشخاص کو صرف درخواستیں کرنی چاہئیں۔ کمیشن معقول دیا جاتا ہے۔ درخواستیں بنام دی مینیجر ہندوستان ٹوبیکو کارپوریشن ۹۲ برانڈرتھ روڈ لاہور آنی چاہئیں

ہندوستانی ایجاد اور دنیا کو چیلنج

ہم دنیا کے ہر ایک کیمسٹ کو چیلنج دیتے ہیں کہ ہمارے ایجاد کردہ ریکارڈیلس سولیڈ شنٹر کو بیکار اور اس سے بہتر کوئی دوسرے ثابت کریں تو مبلغ پانچ سو روپیہ انعام حاصل کریں...

نوٹ: مقامی ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔ شرائط ایجنسی کے لئے خط و کتابت کریں۔

المشتہر
دی لوئل پرنس اینڈ سن جنرل آرڈر سپلائرز کنٹریکٹرز اوتھرائزڈ مینوفیکچرز رامادھونگر اوجین

آہنی رہٹ

آہنی خراس (بیل چکی)

قلیل سرمایہ سے معقول آمدنی پیدا کرنے کا بہترین طریقہ

آبپاشی کا بہترین کم خرچ اور کارآمد ذریعہ



فہرست مفت طلب کیجئے۔

آر ۔ ایس ۔ اینڈ سنز انجنیئرز بٹالہ (پنجاب)

دہلی کا آئینہ دیکھئے

اردو کا وہ بلند پایہ علمی ادبی باتصویر رسالہ جس نے دنیائے صحافت میں ہل چل ڈال دی ہے

ان گوناگوں خوبیوں پر قیمت سالانہ صرف عہ
ممالک غیر سے ۔ فی پرچہ ۔

ڈائریکٹر سید ابن الحسن نکہت ایم اے

آئینہ کی خریداری آپ کیلئے بھی باعث مسرت ہوگی
تاخیر نہ فرمائیے

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

مینیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلیماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶۷

دنیا کی سب سے آخری اور حیرت انگیز ایجاد

نلیگن کیپسولز برائے سوزاک نیا یا پرانا

نلیگن کیپسولز کی جس کی اعلیٰ خوبیوں کی بدولت مغربی ممالک کے لاکھوں نہیں کروڑوں وہ مریض جو برسوں سے اس خطرناک بیماری میں مبتلا تھے اور بعد مختلف علاجوں کے اس کی نجات سے بالکل ناامید ہو چکے تھے آج پھر خوش و خرم نظر آتے ہیں۔

ملنے کا پتہ: اے آر کپور اینڈ کمپنی پوسٹ بکس ۱۶۱ لاہور (دہنی رام روڈ) انار کلی

پانچ ترجموں کا قرآن مجید

ملنے کا پتہ: مینیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

غریبوں کا خدا

یہی وہ ہے جو امیروں کا ہے۔ جس طرح امیر مسلمانوں کے لئے خدا کی کتاب "قرآن مجید" کی تلاوت ضروری ہے۔ اسی طرح غریبوں کے لئے بھی ضروری ہے...

مینیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے...

ملنے کا پتہ: مینیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے...

مینیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۱۱ صفر المظفر ۱۳۵۲ ہجری

"سیرت محمد علیؒ" کے دو ابواب
علماء امت کے خلاف افسوسناک حملے
(۵)

اس سلسلہ کے گزشتہ آٹھ نمبروں میں "سیرت محمد علیؒ" کے اس باب پر کسی قدر تفصیل کے ساتھ بحث کی جا چکی ہے جو علماء کانفرنس کانپور کے انعقاد سے تعلق رکھتا ہے اور اس میں علماء کرام کے متعلق جو غلط تاریخی نظریئے قائم کئے گئے ہیں اور ناواقفی وگمراہ کن معلومات کی بنا پر جو بیانات منضبط ..... کئے گئے ہیں

تھا کہ مولانا محمد علی ..... کا صدر منتخب کیا جائے قانون ..... دکل ..... اور اس میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہ تھی اس ..... جمعیۃ کی نسبت بڑی اکثریت نے عذر کیا اور مولانا محمد علی مرحوم کے بجائے مولانا معین الدین صاحب اجمیری کو ..... اجلاس منتخب کر لیا۔ جلسہ میں جس قدر بحث .....

(باقی آئندہ)

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:

(۱) موضع ..... ضلع ..... کے پورانی مسجد میں مولوی ..... الدین ..... امامت کرتے ہیں۔ امام صاحب مذکور نماز مغرب وعشاء وفجر میں قرآن پاک کی قرأت کبھی ..... سے اکثر مقتدیوں کے سمجھ ..... کی غلطی بہت کرتے ہیں۔ ادائے ارکان و ترتیب ..... غلط .....

..... کو بھی مطلع کر دیا گیا تھا۔ ان مسودات میں سے دو مسودات بعض ..... اراکین جمعیۃ کی امداد و اعانت اور سر فضل حسین کی جد و جہد سے ..... ہو گئے۔ صرف ایک مسودہ باقی رہ گیا جسے حکومت نے اس وقت کا جوش و خروش دیکھ کر ملتوی کر دیا تھا اور جواب پھر شملہ کے برساتی اجلاس میں پیش ہونے والا ہے۔

ہم اس مسودۂ قانون کو مرمر صورت میں شائع کر چکے ہیں ..... سلیکٹ کمیٹی نے جو کچھ ترمیم اس مسودہ میں کی ہے اس سے کوئی بنیادی فرق پیدا نہیں ..... بلکہ بعض حیثیتوں سے اس کی موجودہ شکل اور بھی زیادہ ناقابل قبول اور مذہبی احکام پر کھلی ہوئی دست درازی اور تعدی کے مترادف ہے۔ اس مسودۂ قانون کے متعلق اصل اعتراض یہ تھا کہ مسلمان ان معلمین پر کوئی سرکاری پابندی برداشت نہیں کر سکتے جو ہندوستان سے حجاج کے ہمراہ جاتے ہیں اور انہیں سفر حج میں ہر قسم کی امداد پہنچاتے ہیں۔ کیونکہ یہ اقدام فریضۂ حج کی ادائیگی میں صریح مداخلت ہے علاوہ ازیں ان معلمین کے لئے جو ہندوستان آتے ہیں کسی قسم کے لائسنس کو لازمی قرار دینا گویا حکومت حجاز کے اندر حکومت برطانیہ کی مداخلت کے لئے راستہ صاف کر دینا ہے ..... اور اس کے ذریعہ سے حکومت اپنے نفوذ و اثر کو بہت بڑی حد تک کام میں لا سکتی ہے۔

جیسا کہ قارئین کرام نے ملاحظہ فرمایا ہوگا۔ جدید ترمیمات کے بعد بھی اس مسودہ میں یہ دو اعتراضات بدستور باقی رہتے ہیں۔ محض نام کی تبدیلی یا کسی ایک دفعہ میں مذہبی اعمال کا استثنا اس زہر کو تریاق نہیں بنا سکتا جو مسلمانوں کی خالص مذہبی زندگی میں داخل کیا جا رہا ہے .....

خلاف تہذیب خلاف قانون

تیسرا مسودۂ حج

گزشتہ سال حج کے متعلق ..... مسودات قانون ..... ہوئے تھے ..... ان کے خلاف تمام ہندوستان کے مسلمانوں نے ..... مساجد میں جلسے منعقد ..... پاس کیا تھا ..... اجلاس ..... مستقل علماء کرام کے اعلان ..... پر غور کرنے کے لئے ایک خاص ..... مذہبی

حضرت خاتم المحدثین مولانا محمد انور شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا عالم ملکوت کو انتقال

علم، تعلیم اور تقویٰ کی دنیا تاریک ہو گئی
اسلامیان بہاولپور کا اظہار حزن وملال

..... نے بہاولپور کے ایک طالب علم نے عربی زبان میں ایک ماتمی قصیدہ ..... مرتب کیا گیا تھا .....

موت العالم موت العالم
جامعہ صدیقیہ دہلی کا تعزیتی جلسہ

وما کان قیس هلکه هلک واحد ولکنه بنیان قوم تهدما

..... دیوبند ..... کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

ناقابل تلافی نقصان
اسلامیہ اسکول میں قرآن خوانی اور ایصال ثواب

"الجمعیۃ" میں یہ خبر پڑھ کر کہ حضرت مولانا انور شاہ صاحب کا وصال ہو گیا ہے دل کو بڑا صدمہ ہوا۔ حضرت مولانا جیسی بزرگ ہستی کا مسلمانوں سے جدا ہو جانا ایک ایسا نقصان عظیم ہے جس کی تلافی ناممکن ہے۔ مرحوم جس بلند پایہ کے عالم تھے اس کو دنیائے اسلام خوب جانتی ہے۔

ایصال ثواب کے لئے ..... روز جمعرات مورخہ ..... کو اسلامیہ ..... اسکول باڑہ ہندو راؤ میں تمام طلبا نے مل کر سورۃ الم اور کلمہ شریف اور کئی مرتبہ کلام پاک ختم کر کے مولانا ممدوح کی روح پر نور کو ثواب بخشا۔ امید ہے کہ اسی طرح تمام ہندوستان کے اسلامی مدارس ان کی تقلید کر کے مولانا مرحوم کے لئے ایصال ثواب کی کوشش کریں گے۔

نیاز مند ..... ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ..... اسکول جنگل والی مسجد باڑہ ہندو راؤ، دہلی

مسجد فتحپوری کے اساتذہ اور علماء کا اجتماع
عالم اسلامی کیلئے حادثہ کبری

خاتم المحدثین زبدۃ الکاملین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کشمیری رحمۃ اللہ علیہ سابق صدر الاساتذہ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل و سابق صدر المدرسین دار العلوم دیوبند کی وفات حسرت آیات پر ماتم کرنے کے لئے شنبہ ..... صفر المظفر ۵۲ھ کو مدرسہ عالیہ فتحپوری کے تمام اساتذہ وطلبہ کا ایک مشترکہ جلسہ منعقد کیا گیا ..... حضرت مرحوم کی بے وقت وفات کو دنیائے اسلام کا سخت ناقابل تلافی .....

مختلف مکاتب میں ختم قرآن

جامع مسجد دہلی میں ہزارہا مسلمانوں کا اجتماع
اظہار رنج وملال اور ایصال ثواب
حضرت مفتی اعظم صدر العلماء اور حضرت ناظم الجمعیۃ کی درد انگیز تقریریں

دہلی یکم جون ..... بعد نماز عشاء جامع مسجد دہلی میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ حضرت مولانا سید انور شاہ صاحب مرحوم و مغفور کے وصال پر اظہار رنج وملال اور ایصال ثواب کیلئے منعقد ہوا جس میں ہزارہا علماء اور عام مسلمان شریک ہوئے ..... سب سے پہلے حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ..... نے تحریک صدارت پیش کی ..... علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کا نام نامی صدارت کیلئے پیش کیا ..... مولانا سلطان محمود صاحب ..... مدرسہ فتحپوری ..... جلسہ کی ابتدا کلام پاک کی تلاوت سے کی گئی .....

نکات ولطائف

..... اب سوال یہ ہے کہ کیا ہوگا ..... دوسرا جواب یہ ہے .....

مؤلف "سیرت" کی ناواقفیت
علماء کرام اور سیاسیات حاضرہ

(از مولانا ابو المنافر محمد امیر حسن صاحب ..... مدرسہ ..... بنگلور)

مکرمی مدیر الجمعیۃ زاد کرم۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

"سیرت محمد علی" پر جو آپ تبصرہ فرما رہے ہیں میں بڑی دلچسپی سے مطالعہ کر رہا ہوں۔ آج سے چار ماہ قبل یہ کتاب میرے ہاتھ آئی تھی ..... اس کے مطالعہ کی نوبت اس وقت تک نہیں آئی ..... کی وجہ سے بہت ہی عدیم الفرصت رہتا ہوں۔ تاہم مولانا محمد علی مرحوم کی علمی وسیاسی زندگی کا جہاں جہاں تذکرہ ہے ..... سیرت محمد علی کے مؤلف نے سیرت کا مفہوم صرف یہ سمجھا ہے کہ صحیح یا غلط طور پر کسی کی خوب خوب تعریف وتوصیف کی جائے .....

..... آزاد نے الہلال کے ذریعہ مولانا محمد علی کو ..... سیاست ..... کی کشمکش کے بعد آخر مولانا محمد علی مرحوم کو سیاست کے میدان میں ..... مجھے افسوس ہے کہ مولانا محمد علی کی سیرت لکھی گئی مگر غلط لکھی گئی اور جس میں آپ کا تنکرہ ادا کرتا ہوں کہ آپ اس کی غلطیوں کو منظر عام پر لے آئے۔ زیادہ والسلام فقط

ابو المنافر محمد امیر حسن عفی عنہ

سیرۃ محمد علی اور علماء فرنگی محل
(از پیر روزنامہ حقیقت)

جہاں تک جمعیۃ العلماء اور مولانا محمد علی مرحوم کے اختلافات کا تعلق ہے معاصر الجمعیۃ اس کے متعلق برابر لکھتا رہتا ہے جس میں بعض اعتراضات بالکل معقول ہیں۔ لیکن سب سے زیادہ تعجب انگیز اور افسوسناک یہ ہے کہ علماء فرنگی محل سے ساتھ مولانا محمد علی کے روحانی تعلقات ..... ان کی زندگی .....

جامع مسجد میں عظیم الشان جلسہ
حضور نظام (خلد اللہ ملکہٗ) کو مبارکباد
اصلاحی فرامین پر اظہار استحسان اور استحکام دولت آصفیہ کیلئے دعا

۴ جون ۔ مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ جس کا اعلان شہر دہلی میں بذریعہ اشتہار کیا گیا تھا جس پر ہر خیال اور ہر طبقہ کے سربر آوردہ مسلمانوں کے دستخط ثبت تھے آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں منعقد ہوا۔ حاضرین کی تعداد نہایت کثیر تھی۔ سب سے پہلے حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کو باتفاق رائے صدر جلسہ منتخب کیا گیا۔

اس کے بعد جناب ہلال احمد صاحب زبیری ایڈیٹر انجمن نے حسب ذیل قرارداد پیش کی:۔

"دہلی کے مسلمانوں کا یہ عظیم الشان جلسہ اس امر پر دلی مسرت کا اظہار کرتا ہے کہ اعلیٰحضرت حضور نظام خلد اللہ ملکہٗ کو انگریزی حکومت نے ریزیڈنسی بازار واپس کر دیا۔ یہ جلسہ حضور نظام کی حکومت کو اس بات پر کہ اس کا ایک جائز حق اس کو مل گیا دلی مبارکباد دیتا ہے اور دعا کرتا ہے کہ سلطنت آصفیہ کو حق تعالیٰ ترقیات و استحکام کے منتہائے عالیہ پر پہنچائے اور امن و سکون و خوشحالی رعایا کی برکتوں سے مالا مال کرے۔"

جناب محرک نے ریزیڈنسی بازار کی وجہ تسمیہ بیان فرمائی اور ان واقعات کا ذکر کیا جو حضور نظام خلد اللہ ملکہٗ کے دار الحکومت میں ایک پورے ایک پر ریزیڈنٹ کی حکومت قائم ہو جانے کے سلسلہ میں پیش آئے ...

ساحل ہند پر فلسطینی وفد کا ورود مسعود
جامعہ اسلامیہ کی تعمیر کیلئے مسلمانان ہند سے اپیل
وفد کے ایک رکن کا بیان

دہلی ۴ جون ۔ فلسطین سے جامعہ اسلامیہ کی تعمیر کے سلسلہ میں جس وفد کے آنے کی اطلاع دی گئی تھی وہ یکم جون کو ساحل کراچی پر پہنچ گیا۔ وفد میں سید امین الحسینی مفتی اعظم فلسطین، محمد علی پاشا سابق وزیر اعظم مصر اور ذکی الغلایینی کے پرائیویٹ سکرٹری شامل ہیں۔ یہ وفد عنقریب دہلی پہنچے گا۔ شیخ ناظر حسن انصاری جو اس وفد کے رکن ہیں وہ پہلے ہی دہلی پہنچ چکے تھے انہوں نے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر اور مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند سے ملاقات کی اور کراچی روانہ ہو گئے۔ حسب ذیل بیان اخبارات کو دیا ہے:۔

جیسا کہ آپ کو خبروں سے معلوم ہو چکا ہے وفد فلسطینی جس میں فلسطین و مصر کی ممتاز ہستیاں ہیں کل کراچی پہنچ چکا ہے۔ میں آج بہت عجلت میں حضرت مفتی اعظم کے حسب الطلب شام کو کراچی واپس جا رہا ہوں اس لئے مجھے افسوس ہے کہ میں کوئی مفصل بیان اخبارات کو نہ دے سکا جو حقیقتاً اس لحاظ سے بہت ضروری تھا کہ مسلمانان ہندوستان کو اس وفد کے متعلق صحیح معلومات حاصل ہوں ...

کشمیر میں ہجوم پر تین مرتبہ فائر
ایس ایم عبد اللہ کی گرفتاری پر حکومت کا بیان
گولیوں سے چار اشخاص مجروح

سری نگر یکم جون ۔ دربار کشمیر نے حسب ذیل سرکاری اعلان شائع کیا ہے:۔

۱۳ مئی کو ایس ایم عبد اللہ اور ان کے دو ساتھیوں کو ساڑھے سات بجے شام گرفتار کر لیا گیا۔ عبد اللہ کے ساتھیوں نے گرفتاری کے وقت ہر ممکن طریقہ سے مزاحمت کی، لیکن آخر کار انہیں گرفتار کر لیا گیا ...

تحریک سول نافرمانی کا مستقبل
پونہ میں کانگریسی لیڈروں کی مشاورت
گاندھی جی اور وائسرائے کی ملاقات کا امکان

پونہ ۴ جون ۔ کل یہاں کانگریس کے لیڈروں میں سیاسی مسائل پر جو مشاورت ہوئی تھی اس کے متعلق مزید تحقیقات اور گفتگو سے معلوم ہوا ہے کہ اس وقت تقریباً تمام لیڈر ...

دہلی کے قریب ایک گاؤں پر پولیس کا چھاپہ
تلاشیاں اور گرفتاریاں

بنگال میں انقلاب پسندوں کی تلاش
دکلاء مختار اور سرکاری ملازموں کی تلاشیاں

سینٹ اسٹیفنس کالج دہلی میں مشاعرہ

پنڈت مالویہ ساتھ نہیں ہیں
متھرا کے چوبوں کا قیاس

مسجد کے سامنے باجہ بجانے پر جھگڑا
ایک مسلمان نے دوسرے مسلمان کو قتل کر دیا

سارداایکٹ کے قانونی نقائص
فرانسیسی علاقہ میں مقدمہ کی سماعت

جامعہ اقصیٰ کو چھ لاکھ کا عطیہ
اعلیٰحضرت خسرو دکن کی فیاضی

الور میں جدید انتظام کے نتائج
پنچائتی بورڈ توڑ دئے جائیں گے

رام گڈھ کے مقدمہ کی اپیل کا فیصلہ
ایک ملزم کی سزا بڑھا دی گئی

فوج اور پٹھانوں کا تصادم
متعدد پٹھان ہلاک و مجروح

اخبارات کو اشتہارات ملنے کی شرط

ایران میں جدید ریلوے لائن کی تعمیر

مسلم لیگ کی از سر نو تنظیم کی حمایت

یارقند اور ختن میں چینی فوج پسپا کر دی گئی
ایک سو چینیوں کا قتل اور مختلف شہروں پر حملے
عثمان علی اور تیموری کی فاتحانہ پیش قدمی

شملہ ۲ جون ۔ کاشغر پر کرغیزیوں، تنگنوں اور ترکیوں کے قبضہ کرنے کے متعلق جو مزید اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ کرغیزیوں کے لشکر نے ... کی طرف سے دریائے تومن کو عبور کر کے کاشغر کے قدیم شہر پر حملہ کر دیا اور دوپہر تک وہ شہر میں فاتحانہ داخل ہو گئے۔ چینی افواج اپنے مورچوں سے ہٹ کر ... کی طرف چلی گئیں ...

آخری اطلاع مظہر ہے کہ جانگ بیانگ نے شہر کو عثمان علی اور تیموری کے حوالہ کر دینے کا فیصلہ کر لیا ہے لیکن جنگ جاری ہو گی کیونکہ غالباً تنگنو ہتھیار رکھنے پر رضامند نہیں ہوں گے۔

ڈاکٹر مونجے نے ہندوستان کو آزاد نہیں ہونے دیا
فرقہ وارانہ مفاہمت میں مزاحمت
سر چمن لال سیتلواد کا بیان

شملہ ۳ مئی ۔ سر چمن لال سیتلواد نے نمائندہ پریس سے ملاقات کے دوران میں فرمایا "یہ امر نہایت افسوسناک ہے کہ ہندو مہا سبھا ڈاکٹر مونجے کی رہنمائی میں ہندو مہا سبھا کے نمائندے جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کے سامنے شہادت دینے کے لئے بھیج رہی ہے ..."

مسئلہ کی تفصیلات کے متعلق پہلی گول میز کانفرنس میں ہی بحث و تمحیص ختم کر دیتے اور ہندوستان کے لئے ایک ایسا لبرل آئین حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتے جیسا کہ ہم موجودہ رجعت پسند پارلیمنٹ سے حاصل کرنے کی امید نہیں کر سکتے ...

چرچل اینڈ کو کی ہندوستان دشمنی
انڈیا ڈیفنس لیگ کا قیام

لندن یکم جون ۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ انڈین ڈیفنس لیگ کے نام سے ایک انجمن وائی کاؤنٹ سمنر کی زیر صدارت قائم کی گئی ہے جس میں لارڈ لائیڈ، لارڈ فٹزالان، لارڈ ہاورڈ، لارڈ ... مسٹر ونسٹن چرچل ... جیسے مشہور قدامت پسند شامل ہیں۔ اس انجمن کا کھلا مقصد یہ ہے کہ ہندوستان کی آئینی ترقی کے متعلق موجودہ برطانوی پالیسی کی سر توڑ مخالفت کی جائے۔

حکومت کانگریس سے صلح کر لے
انگلستان کے ایک اخبار کا حکومت کو مشورہ

لندن ۳ مئی ۔ معاصر "مانچسٹر گارڈین" گاندھی جی کے برت کے اختتام پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ گاندھی جی نے تحریک سول نافرمانی کو ملتوی کر کے صلح کے لئے ایک اور پیشکش کی ہے ...

غیر ملکی کپڑا نہ منگایا جائے
امرتسر کے تاجران پارچہ کا فیصلہ

امرتسر ۳ مئی ۔ امرتسر کے تاجروں نے فیصلہ کیا ہے کہ اب بدیشی مال نہ منگایا جائے۔

چینی اور جاپانی افواج کی واپسی
خونریز جنگ کا باعزت خاتمہ

چین اور جاپان میں صلح ہو گئی
حکومت جاپان کا بیان

شملہ یکم جون ۔ جاپانی قونصل جنرل نے ... اطلاع موصول ہوئی ہے کہ کل گیارہ بجے چین اور جاپان نے صلحنامہ پر دستخط کر دئے۔

کلکتہ میں کانگریسیوں پر قوت کا استعمال
"اسٹیٹسمین" کا اعتراف حق

ملتان میں فرقہ وارانہ فساد کا نتیجہ
ایک مسلمان کو پھانسی کی سزا

امریکہ اور تاوان جنگ
برطانیہ اور فرانس فوری قسط ادا کریں

نیویارک ۳ مئی ۔ نیویارک ہیرلڈ ٹریبیون کا واشنگٹن کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ پریزیڈنٹ روزویلٹ نے برطانوی حکومت کو اطلاع دی ہے کہ جو قسط ۱۵ جون کو واجب ہوئی ہے اس کے بجائے وہ ایک جزوی رقم ادا کرنا قبول کرنے کے لئے تیار ہیں ...

کانگریس کے آئندہ پروگرام کیلئے پونہ میں مشاورتی کانفرنس
خان عبد الغفار خاں اور دیگر لیڈروں کو شرکت کی اجازت

شملہ ۴ جون ۔ اس بات پر غور کرنے کے لئے کہ کانگریس کا آئندہ پروگرام کیا ہو پونہ میں لیڈران ملک کی جو کانفرنس بلائی جا رہی ہے اس کے متعلق یہاں سرکاری حلقوں میں بڑی دلچسپی کا اظہار کیا جا رہا ہے ...

یو۔پی کا مشہور ڈاکو گرفتار کر لیا گیا
تعاقب کرنے میں چھ آدمی ہلاک

اگر قدامت پرستوں نے سفید کاغذ کو منظور نہیں کیا؟
مسٹر بالڈون مستعفی ہو جائیں گے

لندن ۲ جون ۔ قدامت پسندوں کی کونسل کی میٹنگ کو جو ۲۸ جون کو منعقد ہو گی بہت اہمیت دی جا رہی ہے ...

ملک معظم کی سالگرہ کی تقریب میں خطابات

نازیوں پر گولیوں کے فائر

ملک معظم کے بہت پرتار کول

سرینگر میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

لیڈی ولنگڈن انگلستان کو

مسلم لیگ میں دشنام طرازیوں کا طوفان
میں پارلیمنٹری لیگ کا صدر ہوں
میاں عبدالعزیز صدر لیگ کا بیان

ہوائی جہازوں سے بم برسانے کی ممانعت
امریکن نمائندہ کا مطالبہ

جنیوا ۔ اسپیشل کانفرنس تخفیف اسلحہ میں پولیس کے استعمال کے لئے ہوائی جہاز رکھنے کی برطانوی تجویز کی پرزور مخالفت کی گئی۔

ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے نمائندہ مسٹر ناریمن ڈیوس نے کہا کہ میری رائے میں ہوائی جہازوں سے بم برسانا کلیۃً خلاف ہے۔

حضرت مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی رہائی
سہارنپور اور صوبہ سرحد کے مسلمانوں کا ہدیہ عقیدت

پارلیمنٹری کمیٹی میں ملازمت کے مسئلہ پر بحث
برطانوی قدامت پسندوں کی ایک نئی چال

گاندھی جی کے نام سر آغا خاں کا تار
باہمی اتحاد کی سعی کے لئے اپیل

روس اور برطانیہ میں گفت و شنید
دارالعوام میں وزیر خارجہ کا بیان

مسلمانوں کو مشتعل کرنے کی نازیبا حرکت
بلکوہ کے ہندوؤں کی شرارت کا تازہ ثبوت!

انور اور کشمیر کے واقعات کے بے نقاب کردینے کا
میر نیرنگ کو مولانا شوکت علی کا جواب

پنڈت مالویہ پر مقدمہ نہیں چلایا جائیگا
دارالعوام میں وزیر ہند کا بیان

زہریلی گیس کے ذریعہ پھانسی

سلسلہ رحمانی کے متوسلین کیلئے

اعلان ترقی

اکسیر بال سیاہ

"طاقت بحال کرنے اور قبل از وقت سفید شدہ بالوں کو جڑ سے سیاہ کرنیوالی شرطیہ دوا"

ناظرین! ہندوستان میں قبل از وقت بال سفید ہونے کی بیماری بری طرح پھیلتی جا رہی ہے۔ نوجوانان وطن اس کے خطرناک اور مایوس کن نتائج سے بالکل ناواقف ہیں اور اس کے علاج و معالجہ میں غیر معمولی کاہلی اور غفلت سے کام لیکر اپنی آئندہ نسلوں کے لئے اس مرض کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں۔

…

ہم کو اپنے گذشتہ تجربات کی کامیابی کی بنا پر دعویٰ ہے کہ اکسیر بال سیاہ دو ڈھائی ماہ استعمال کرنے سے قبل از وقت سفید شدہ بال خواہ وہ کسی وجہ سے سفید ہو گئے ہوں ہمیشہ کے لئے سیاہ ہو جاتے ہیں۔

…

منیجر اکسیر ہاؤس کالی باغ بتیا (چمپارن)

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

بے روزگاروں کو خوشخبری

منیجر امپیریل موٹر ٹریننگ کالج نزد امپیریل بینک دہلی

مدرسہ اسلامیہ سیوہارہ

مسک گورایان

SHARBAT ROOHAFZA

شربت روح افزا

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

تین پیسے میں ایک سو چالیس صفحے

چند کتب نادر الوجود

اکسیرت فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

جامع اللغات

اردو زبان کا بہترین لغت

منیجر جامع اللغات کمپنی گوبند رام اسٹریٹ چمبرلین روڈ لاہور

ضرورت ہے

دوسری شادی

نیو انڈیا ٹریڈنگ کمپنی شاہ عالمی گیٹ لاہور

احمد اینڈ کو

بازار بلیماران دہلی

الحیاۃ

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۵۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
ممالک غیر کے لئے
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

الجمعیۃ دہلی

مسئول
مدیر
بلال احمد زبیری (بی اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

ایک نصف صفحہ
ایک کالم
۲ کالم
۳ کالم

جلد ۱۷ | دہلی - یوم جمعہ ۱۵؍ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ مطابق ۹؍ جون ۱۹۳۳ء | نمبر ۴۰

معاصرین کے افکار و آراء

"ہم بھی کیوں نہ لندن جائیں" (ملت)

گاندھی جی کا برت (الجمعیۃ)

مسلمان اور عمل (ہند جدید)

مسلم لیگ (اجمل)

عبادت اور تجارت (حمایت اسلام)

ترقیوں کا انجام (سچ)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

کوہستان ہندوکش سے ہرقل کے میناروں تک!

طارق اور موسیٰ ابن نصیر کی بے نظیر فتوحات

اسپین کے بقیہ شہروں پر عربوں کے کامیاب حملے

۲۵ بادشاہوں کے تاج

گورنر افریقہ کی فتوحات

شہر قرطبہ پر اسلامی پرچم

امیر طارق اور شہر طلیطلہ

(باقی آئندہ)

ضروری گزارش

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کے وقت اپنا نمبر خریداری ... ضرور دیا کریں۔

پورا اسلامی کتب خانہ کی برابر

ایک زبردست اسلامی انسائیکلو پیڈیا

جو ساٹھ اسلامی ضخیم کتابوں کی روح ہے اور جس میں دس ہزار سے زائد دینی اور دنیاوی مسائل ہیں

فلاح دین و دنیا

کتابت و طباعت لاجواب | مختصر فہرست مضامین فلاح دین و دنیا | کاغذ اعلیٰ تقطیع بڑی کتابی

باب اول عقائد — ذات و صفات الٰہی، ملائکہ کا مفصل بیان، آسمانی کتابیں اور صحیفے ...

باب دوم — ...

باب پنجم — ...

باب ہفتم حیات و ممات — ...

قیمت فی جلد تین روپیہ آٹھ آنہ

نئی روشنی کے مسلمان مذہب سے ناواقف ہیں

آپ کا گھر اس کتاب سے ہرگز خالی نہیں رہنا چاہیئے

خواجہ بک ڈپو نمبر ۳۲ پائیں مسجد دہلی

مصفی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہو گیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کرکے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلا خوف تردید دعوی کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کر سکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورہ سے جدید سائنٹفک طریق پر تیار کیا گیا ہے خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔

کھجلی - داد - پھنسیاں وغیرہ حتی کہ سوزاک - آتشک اور جذام کا زہریلہ مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے نابود ہوتا ہے۔ اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۲ خوراک کی شیشی ۱۲؍ علاوہ محصولڈاک۔

ترکیب استعمال :- ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملاکر اور اگر مرض کا خوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے

جنت اور دوزخ

مینیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

پانچ ترجموں کا قرآن مجید

مینیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں ...

قرابادین مفید عام ...

مینیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا

بھی وہی ہے جو امیروں کا ہے جس طرح امیر مسلمانوں کے لئے خدائی کتاب "قرآن مجید" کی تلاوت ضروری ہے۔ اسی طرح غریبوں کے لئے بھی ضروری ہے۔ لیکن غربت زیادہ ہونے کی وجہ سے قرآن مجید نہیں حاصل کر سکتے اس لئے ان کی آسانی کے خیال سے ایسا قرآن مجید شائع کیا گیا ہے ...

مینیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۱۵ صفر المظفر ۱۳۵۲ ہجری

"سیرت محمد علی" کے دو ابواب
علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۱۰)

علمائے کانفرنس کے سلسلہ میں بیتالیسویں باب کے متعلق ہمیں جو کچھ عرض کرنا تھا وہ مختصراً عرض کر چکے۔ اور گزشتہ اشاعت میں ان مقالات کا ایک خلاصہ بھی ہم نے درج کر دیا۔ اس کے متعلق اپنا نکتہ لکھ چکے ہیں۔ آج کی صحبت ...

غلط بیانی

یہاں تک تو علمائے کرام پر عدم نیت کے ساتھ حملے تھے "علماء میں سے کسی کو خیال بھی نہیں آیا" اور مسلمانوں میں کوئی حرکت پیدا نہیں ہوئی اور کسی قسم کی ...

علماء کی مفروضہ مخالفت

تخصیص پروپیگنڈا

معتدلین کی استدعا

فرقہ وارانہ گواہ

جمعیۃ العلماء اور جامعہ ملیہ

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

ریاست حیدرآباد اور انگریزوں کے تاریخی تعلقات
گزشتہ ڈیڑھ سو سال کی عبرت انگیز داستان
حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی بصیرت افروز تقریر

گزشتہ جمعہ کو جامع مسجد دہلی میں حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے استرداد ریزیڈنسی بازار کے متعلق اظہار ہیبت کی قرارداد پر جو بصیرت افروز اور پر از معلومات تقریر ارشاد فرمائی تھی اس کا خلاصہ ہم حسب وعدہ درج ذیل کرتے ہیں:-

صدر محترم اور معزز حاضرین! جو تجویز ابھی آپ کے سامنے مسٹر زبیری خانے پیش کی ہے اور جس کے متعلق فاضل مقرر اپنی تقریر میں تفصیل بھی بیان کر چکے ہیں میری خواہش تھی کہ میں اس تجویز کے متعلق آپ کے روبرو مزید تفصیل عرض کرتا اور آپ کو بتاتا کہ یہ ریزیڈنسی بازار کیا ہے اور اس کی واپسی کا کیا مطلب ہے۔ لیکن مجھے افسوس ...

اگر دہرائی جائے تو مسلمان اس کے سننے کی تاب نہ لا سکیں گے کاش آج میری طبیعت اچھی ہوتی تو میں بتاتا اور دہلی کے مسلمانوں کو ان تمام واقعات سے آگاہ کرتا جو دو سو برس سے متواتر جنوبی ہند میں عموماً اور نظام گورنمنٹ کے ساتھ خصوصاً انگریز کرتے رہے ہیں۔ میں آپ کو بتاتا کہ مہاراجہ چندو لال کو کس طرح ...

انگریزوں کی شہادتیں

اندرونی معاملات میں مداخلت

ملازمین ریاست کی حمایت

ریذیڈنسی بازار

ریذیڈنٹ کی حیثیت

بازار کی واپسی کیوں ہے؟

ظاہری آداب کا خاتمہ

فرانس میں ریل گاڑیوں کی ٹکر
۱۳ ہلاک اور ایک سو مجروح

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

والی حجاز کی جانشینی کا مسئلہ بھی حل ہو گیا
جلالۃ الملک کا برقیہ اپنے جانشین امیر سعود کے نام
وہ نصائح جو کتاب و سنت کی اساس و بنیاد ہیں

... رہوں گا۔ آپ کی وصیت پر عمل کرتا رہوں گا۔ بیعت کے متعلق جلالۃ الملک کا جو خیال ہے بہتر ہے اور میں تعمیل حکم کے لئے حاضر ہوں۔

(الابن سعود) ۹ محرم ۱۳۵۲ھ

چنانچہ اتوار کے روز بیت اللہ شریف میں تمام ارکان دولت داعیان حکومت جمع ہوئے اور جلالۃ الملک کے چھوٹے صاحبزادہ نے نیابتاً امیر سعود کے حق میں بیعت لی اور تمام لوگوں نے ان کو جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کا جانشین تسلیم کیا۔

(تمام واقعات کی تفصیل معاصر ام القریٰ میں آ گئی ہے۔ ہم نے بالاختصار صرف خطوط کو درج کر دیا ہے)

والی حجاز کا برقیہ

بڑوں کو باپ کے برابر سمجھو

ولی عہد کا جواب

(عبد العزیز)

تازہ مردم شماری کے مطابق یہودیوں کی تعداد
دنیا کے مختلف گوشوں میں ڈیڑھ کروڑ کی آبادی
وہ مٹھی بھر قوم جس نے بادشاہوں کو تابع بنا رکھا ہے

تازہ مردم شماری کے اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام دنیا میں یہودیوں کی آبادی ۱۴ء۱ ملین ہے (ایک ملین دس لاکھ) یہ آبادی ذیل کے شہروں اور ملکوں میں پھیلی ہوئی ہے:-

نام ملک	آبادی	نام ملک	آبادی
پولینڈ	۲۸۲۹۴۵۶	جبل الطارق	۱۴۰۰
روس	۲۶۲۴۶۶۷	گلزبرگ	۱۲۰۰
رومانیا	۸۳۴۴۰۰	مالٹا	۵۰
جرمنی	۶۴۳۰۰۰	ایشیائی روس	۱۴۰۸۱۳
ہنگری	۴۷۳۳۱۰	فلسطین	۱۵۰۰۰۰
زیکوسلوویکیا	۳۵۴۳۴۲	عراق	۹۰۰۰
برطانیہ عظمیٰ اور آئرلینڈ	۳۰۰۰۰۰	ایشیائی ترکی	۷۰۰۰۰
آسٹریلیا	[illegible]	ایران	۸۰۰۰۰
فرانس	۱۶۵۰۰۰	شام	۳۵۰۰۰
لیتھونیا	۱۶۰۰۰۰	عرب	۲۵۰۰۰
ہالینڈ	۱۱۵۲۲۹	ہندوستان	۲۲۵۰۰
یونان	۱۱۰۰۰۰	بخارا	۲۱۰۰۰
لٹویا	۱۰۵۰۰۰	افغانستان	۱۸۰۰۰
ترکی	۸۵۰۰۰	چین	۱۵۰۰۰
یوگوسلاویا	۸۰۰۰۰	عدن	۴۰۰۰
بلجیم	۶۰۰۰۰	جاپان	۵۰۰
بلگیریا	۵۰۰۰۰	ڈچ ایسٹ انڈیز	۲۰۰۰
اٹلی	۴۶۰۰۰	جزائر طایا (?)	۷۰۰
سوئٹزرلینڈ	۲۱۰۰۰	فلپائن	۶۰۰
سویڈن	۶۵۰۰	قبرص	۱۴۰
ڈنمارک	۶۰۰۰	انڈوچین	۱۰۰۰
استھونیا	۴۸۰۰	جنوبی افریقہ	۶۲۱۰۳
اسپین	۴۵۰۰	مراکو (علاقہ فرانس)	۱۲۵۹۸۱
ڈنزگ	۹۲۳۹	مراکو (علاقہ اسپین)	۲۴۵۰۰
پرتگال	۱۵۰۰	تنجیر	۱۰۰۰۰
فنلینڈ	۱۶۶۸	الجیریا	۸۵۰۰۰
ناروے	۱۴۵۷	ٹیونس	۶۵۰۰۰
ارجنٹائن	۲۰۰۰۰۰	مصر	۶۵۰۰۰
کناڈا	۱۲۶۱۹۶	حبش	۶۰۰۰۰
میکسیکو	۱۰۰۰۰	ٹریپولی	۱۹۰۰۰
برازیل	۲۷۰۰۰	امریکہ	۳۸۰۰۰۰۰
کوبا	۶۰۰۰	پیراگوئے	۲۰۰۰
چیلی	۴۰۰۰	آسٹریا	۲۱۶۲۲
ڈچ گائنا	۱۳۴۳	نیوزیلینڈ	۲۳۸۰
جمیکا	۱۲۵۰	میزان کل	۱۴۶۲۱۴۰۵

حکومت عراق کا ایک نیا اخلاقی قانون
قمار بازی اور ناچ کا امتناع

حکومت عراق نے قمار بازی کے اڈوں کے نام ایک حکم جاری کیا ہے کہ وہ آئندہ جوئے بازی کو بالکل بند کر دیں ورنہ ان کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے گی اور اس کے مطابق ان کو سزا ملے گی۔ اسی طرح ناچ کو بھی حکومت عراق نے ممنوع قرار دے دیا ہے کیونکہ اس سے لڑکوں، لڑکیوں اور عام لوگوں کے اخلاق خراب ہوتے ہیں اور اسلامی شرف اور عربی مجد تباہ ہوتا ہے۔ حکومت ان قوانین کو عملی شکل دینے کے لئے پولیس کے بعض افسروں کی خدمات حاصل کی ہیں جو قمار بازی کے اڈوں اور ناچ کی محفلوں کی نگرانی کریں گے اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار ...

اسلامی بینک کے نام ایک ہزار فرنک

حضرت مفتی صاحب اور حضرت ناظم الجمعیۃ کے اعزاز میں معززین شہر کو ایٹ ہوم

جمعیۃ شبان المسلمین دہلی کا اظہار عقیدت

دو سو سربرآوردہ حضرات کا اجتماع۔ سپاسنامہ اور اسکا جواب

گذشتہ اتوار کو شام کے ۶ بجے کمپنی باغ میں ارکین جمعیۃ شبان المسلمین کی جانب سے حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند اور حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کے اعزاز میں ایک نہایت پرتکلف ایٹ ہوم دیا گیا۔ شہر کے جملہ سربرآوردہ مسلمان معززین و سربرآوردہ حضرات کو دعوت نامے جاری کئے گئے تھے جن میں سے تقریباً دو سو مختلف الخیال حضرات نے شرکت فرمائی۔ ارکین جمعیۃ شبان المسلمین بالخصوص غازی محمد عثمان صاحب آزاد صدر جمعیۃ اور ڈاکٹر نور احمد صاحب سکرٹری جمعیۃ نے معزز مہمانوں کی خاطر و مدارات میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا۔ جو حضرات اس موقع پر شریک دعوت ہوئے ان میں سے حسب ذیل حضرات قابل ذکر ہیں:

ڈاکٹر سید محمود (سکرٹری آل انڈیا کانگریس کمیٹی) مسٹر آصف علی (بار ایٹ لا) مسٹر زبید الحق انصاری (بار ایٹ لا) لالہ دیش بندھو گپتا (ڈائرکٹر تیج) حاجی محمد صدیق ملتانی (میونسپل کمشنر) لالہ مدن موہن لال (میونسپل کمشنر) ...

سپاسنامہ

جس وقت حضرت مفتی صاحب اور حضرت ناظم الجمعیۃ تشریف لائے تو آپ کے استقبال کے لئے گولوں کی سلامی دی گئی اور تمام حاضرین نے آپ کا خیر مقدم کیا ... اس کے بعد ڈاکٹر نور احمد صاحب سکرٹری جمعیۃ شبان المسلمین دہلی نے حسب ذیل سپاسنامہ پڑھ کر سنایا:

آپ کی جماعت نے آپ کے جیل چلے جانے کے بعد جس طرح آپ کے پروگرام کو جاری رکھا اور گیارہ مہینے تک ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو ہندوستان کے مختلف گوشوں کے علماء جس دلیری اور جرأت کے ساتھ گرفتاری کے لئے اپنے آپکو خوشی خوشی پیش کرتے رہے اس سے صرف یہی نہیں کہ باشندگان دہلی میں زندگی کے آثار باقی رہے۔ بلکہ ہندوستان کی سیاسی جماعتوں میں جمعیۃ علماء ہند نے ایک خاص تفوق اور بلندی و برتری حاصل کر لی ...

حضرت مفتی صاحب کی تقریر

حضرت ناظم الجمعیۃ کی تقریر

فرقہ وارانہ مفاہمت کیلئے آل پارٹیز کانفرنس پھر منعقد کیجائیگی

سیاسی رہنما گاندھی جی سے مشورہ کرکے کانفرنس کو کامیاب بنائینگے

آئینی انقلابات کے مقابلہ کیلئے متحدہ محاذ کی ضرورت

بمبئی ۶ رجون۔ معلوم ہوا ہے کہ تحریک سول نافرمانی کے التوا کے بعد جو صورت پیدا ہوئی ہے اس پر غور و فکر کرنے اور کانگریس کے آئندہ طریق کار کا فیصلہ کرنے کے لئے پنڈت مالویہ گاندھی جی سے اس وقت ملاقات کریں گے جب وہ اس قابل ہو جائیں گے (اور ان کی صحت اس کی اجازت دیگی) جو کانگریسی لیڈر جیل سے باہر ہیں وہ بھی اس گفت و شنید میں حصہ لیں گے۔ اس بے ضابطہ جلسہ میں آل پارٹیز کانفرنس کو کامیاب بنانے اور فرقہ وارانہ مسائل کے تصفیہ کیلئے بھی پوری کوشش کی جائیگی۔ توقع ہے کہ ہندو اور مسلمان رہنماؤں کی ایک چھوٹی سی کمیٹی مقرر کی جائیگی جو اس مفاہمت کا مسودہ تیار کرے گی جو ہر دو فرقوں کے نمائندوں کو قابل قبول ہوگا۔

البونتی ایڈورٹائزر کا بیان ہے کہ جو مسلمان اس گفت و شنید میں حصہ لیں گے وہ کانگریس سے سول نافرمانی کی واپسی کا مطالبہ کریں گے۔

پنڈت مالویہ اور دیگر مسلم رہنما اس کوشش میں ہیں کہ الہ آباد اور کلکتہ کی اتحاد کانفرنسوں کے بقیہ اور غیر فیصل شدہ مسائل کو از سر نو شروع کیا جائے۔ تاکہ فرقہ وارانہ مفاہمت ایک عملی شکل اختیار کر سکے اور ہندو و مسلمان متحد ہو کر آئینی انقلابات کا خاطر خواہ مقابلہ کر سکیں۔

سیاسی اسیروں کی رہائی کا مطالبہ

کانگریس سے اشتراک عمل کرنیکی اپیل

ہندوستانی لیڈروں کا تار وزیر اعظم کے نام

الہ آباد ۵ رجون۔ مسٹر ذیل بجری تار برطانی وزیر اعظم (لارڈ بریذیڈنٹ آف دی کونسل) اور وزیر ہند کی خدمت میں ارسال کیا گیا ہے اس کی نقل گاندھی جی۔ ہز ایکسلنسی وائسرائے اور قائم مقام صدر انڈین نیشنل کانگریس کی خدمت میں بھی ارسال کی گئی ہے۔

"چونکہ انڈین نیشنل کانگریس نے تحریک سول نافرمانی ملتوی کر دی ہے اس لئے ہم آپ کو اپنے برادران وطن کے جذبہ سے جس کا جملہ طبقوں میں اظہار کیا جا رہا ہے بہرہ ور کرنا چاہتے ہیں وہ یہ ہے کہ ان سیاسی اسیروں کو جنہیں بلا مقدمہ چلائے محبوس کر دیا ہے یا جنہیں ایسے سیاسی جرائم کے ماتحت سزا دی گئی ہے جن میں تشدد کا عنصر موجود نہیں ہے بلا تاخیر رہا کر دیا جائے ..."

حرم شریف میں فلم کس طرح اتاری گئی

مسلمان کے بھیس میں ایک ڈچ پروفیسر کی شرارت

سلطان ابن سعود کا سخت احتجاج

۳۰ مئی۔ مکہ معظمہ کی زندگی، حج اور حرم محترم کے متعلق ایک فلم نہایت سنسنی خیز حالت میں تیار کی گئی ہے۔ ایک ڈچ پروفیسر کے سپرد یہ کام کیا گیا کہ وہ اپنے ساتھیوں کو مسلمانوں کے بھیس میں لے کر حرم محترم میں گھس جائے ...

سلطان ابن سعود شاہ حجاز نے اس فلم پر سخت احتجاج کیا ہے کیونکہ اس سے مسلمانوں کے شعار حج کی توہین ہوتی ہے ...

سفیر حجاز کو سلطان نے حکم دیا ہے کہ وہ اس فلم کو دیکھنے کی دعوت قبول نہ کریں۔

کلکتہ کے قریب پھر ریل لڑگئی

بہت سے مسافر زخمی ہوگئے

آسنسول سے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ای۔ آئی۔ آر۔ اطلاع دیتے ہیں کہ جس وقت نمبر ۶ ڈاؤن دہلی ایکسپریس کا انجن پیچھے لگنے کے لئے جا رہا تھا تو اس کا اس سے سخت تصادم ہو گیا جس سے متعدد مسافروں کے سخت چوٹیں آئیں ...

ہری پور جیل میں ایک مسلم سیاسی قیدی کا مقاطعہ جوعی

یکم مئی سے کھانا پینا ترک کر دیا ہے

حضرت صدر جمعیۃ علمائے ہند کے نام برقیہ اور اسکا جواب

عبدالقیوم صاحب ممبر لیجسلیٹو کونسل صوبہ سرحد نے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کے نام حسب ذیل برقیہ ارسال فرمایا تھا:

مولانا کفایت اللہ پریذیڈنٹ جمعیۃ علمائے ہند۔ دہلی

"معیات گل نے جو اتمان زئی کا ایک سیاسی قیدی ہے ہری پور جیل میں یکم مئی سے کل روزہ رکھا ہے۔ مقصد نامعلوم ہے۔ حالت نازک ہے تاریخ ۲۰ رجون مقرر ہے۔ بذریعہ تار اپنی ہدایات سے مطلع فرمائیے"

عبدالقیوم۔ ایم۔ ایل۔ سی

از مانسہرہ

حضرت مفتی صاحب کی جانب سے اس تار کے جواب میں حسب ذیل تار ارسال کیا گیا ہے:

"کوشش کیجئے کہ اس کا جائز مطالبہ پورا کر دیا جائے اور روزہ کھلوا دیا جائے۔ اور حیات گل کو بتائیے کہ اسلام اپنے جائز حق کے مطالبہ کو تو جائز قرار دیتا ہے لیکن کسی ایسے فعل کی اجازت نہیں دیتا کہ جس کا نتیجہ یقینی اور ارادی ہلاکت ہو"

محمد کفایت اللہ

۴ رجون ۱۹۳۲ء

ہندوستان میں سول نافرمانی کی رفتار

اپریل میں قیدیوں کی کل تعداد

شملہ۔ حکومت ہند کی طرف سے ایک اطلاع شائع ہوئی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ سول نافرمانی کے سلسلہ میں جن اشخاص کو سزائیں ہوئی ہیں۔ ان کی تعداد ماہ اپریل میں نقشہ ذیل کے مطابق تھی:

بمبئی	مرد ۲۶۱۶	عورتیں ۲۱۵
یو۔پی	۱۹۶۶	۱۳۲
صوبہ سرحد	۱۶۶۱	
بہار و اڑیسہ	۱۵۹۹	۵۵
بنگال	۱۱۶۱	۶۹
مدراس	۶۴۶	۵۰
پنجاب	۱۸۲	۸
آسام	۱۳۶	۱۳

چلتی ٹرین میں تین مسافروں کا قتل

کلکتہ۔ گذشتہ ہفتہ ایک چلتی ٹرین میں بڑا ہولناک حادثہ پیش آیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک پاگل مسافر نے تین مسافروں کو جن میں ایک بنگالی ایک نیپالی اور ایک مارواڑی شامل تھے قتل کر دیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک چوتھے شخص پر بھی جو بنگالی تھا حملہ کیا گیا۔ اور وہ اب تشویشناک حالت میں ہسپتال میں پڑا ہوا ہے۔ یہ حادثہ نیپا اور لال سنرسٹ کے درمیان پیش آیا ہے۔

بنگالیوں اور فوجی سپاہیوں میں جنگ

بندوقوں سے حملہ۔ ۷ بنگالی مجروح

حیدر آباد۔ گذشتہ جمعہ کی شام کو بنگالیوں اور فرانسیسی علاقہ کے ہندوستانی سپاہیوں کے درمیان جھگڑا ہو گیا جس میں سات بنگالی شدید طور پر مجروح ہوئے۔

جھگڑا جمعرات کی شام کو شروع ہوا جبکہ بنگالیوں نے سپاہیوں کا مذاق اڑایا اور ان کی توہین کی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ دوسرے روز سپاہیوں کی تمام رجمنٹ نے بندوقوں سے بنگالیوں پر حملہ کر دیا۔

تحقیقات ہونے تک سپاہیوں کو بارکوں میں بند کر دیا گیا۔

لاہور کے ایک جلسہ میں مسلمانوں میں جنگ

لاہور۔ گذشتہ ہفتہ یہاں مسلمانوں کا ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں آپس میں افسوسناک لڑائی ہوئی اور خوب سنگباری اور خشت باری ہوئی۔ تین آدمیوں کو چوٹیں آئیں لیکن زیادہ نہیں۔ پولیس موقع پر پہنچ گئی اور اس نے بیچ بچاؤ کیا اور لڑنے والوں کو منتشر کیا ورنہ خدا جانے کیا ہوتا۔

افریقہ میں صغر سنی کی شادی کا امتناع

ڈربن ۳ رجون۔ تارکان وطن کے تزویجی بل کے ماتحت جس کو اسمبلی نے منظور کر لیا ہے۔ ہندوستانی لڑکیوں کی شادی کے لئے ۱۳ سال کی عمر کی بجائے ۱۶ سال کی عمر مقرر کی گئی ہے۔

کشمیر میں بالکل امن وامان ہے

دربار کشمیر کا سرکاری بیان

سری نگر ۶ رجون۔ حکومت کشمیر نے مندرجہ ذیل اعلان شائع کیا ہے۔ "گذشتہ ۲۴ گھنٹہ کے اندر یہاں بالکل امن و امان رہا کل شام تقریباً ۵ بجے خانقاہ مولے میں مسلمانوں کا ایک جلسہ منعقد ہوا ہے جس میں تقریباً دو ہزار افراد نے شرکت کی جلسہ میں موجودہ صورت حالات پر غور کیا گیا۔ ..."

فلسطینی وفد کی وائسرائے سے ملاقات

جمعہ کے روز دہلی آجائیگا

فلسطینی وفد جو القدس میں ایک بین الاقوامی جامعہ اسلامیہ (یونیورسٹی) کے قیام کے لئے چندہ جمع کرنے ہندوستان آیا ہے۔ کراچی سے شملہ وائسرائے سے ملنے چلا گیا ہے۔ خیال ہے کہ وہاں سے آئندہ جمعہ تک دہلی میں وارد ہوگا۔ دہلی میں وفد غالباً دو دن قیام کرے گا اور یہاں کے سربرآوردہ مسلمانوں سے ملاقات کرکے فراہمی چندہ کی تجاویز پر غور کرے گا۔ ...

کانگریس کا آئندہ لائحہ عمل کیا ہوگا؟

پونہ میں لیڈروں کی کانفرنس اور گاندھی جی سے مشورہ

سول نافرمانی کے متعلق متضاد خیالات کا اظہار

پونہ ۶ رجون۔ معلوم ہوا ہے کہ آئندہ ہفتہ کے اختتام تک ہندوستان کے سرکردہ کانگریسی رہنماؤں کا ایک اجلاس پونہ میں منعقد ہوگا۔ باضابطہ اجلاس جون کے تیسرے ہفتہ کے وسط میں طلب کیا جائے گا اس وقت کانگریسی لیڈر تین قسم کے خیالات رکھتے ہیں جو گاندھی جی کے سامنے پیش کئے جائیں گے اور آپ ان کا آخری فیصلہ کریں گے جو سب کے لئے قابل قبول ہوگا۔ بعض لیڈر تو وہ ہیں جن کا خیال ہے کہ چونکہ حکومت نے گاندھی جی کی اپیل کا خاطر خواہ جواب نہیں دیا اس لئے سیاسی جدوجہد پھر شروع کی جائے اور تا فیصلہ عدم تعاون اور سول نافرمانی کی جنگ برابر جاری رہے۔

دوسرا گروہ وہ ہے جو حکومت کے جواب کو ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھتا ہے لیکن اس کا خیال ہے کہ سردست سول نافرمانی کی مہم کو غیر معین عرصہ کیلئے ملتوی کر دیا جائے نیز حکومت سے صلح کے سلسلہ کی اپیل نہ کی جائے اور ملک کے سامنے ایک نیا پروگرام رکھا جائے جو عوام کیلئے قابل عمل ہو اور جس سے تمام ملک میں سیاسی سرگرمی کی لہر دوڑ جائے۔

تیسرے گروہ کی رائے ہے کہ اگر ممکن ہو تو حکومت سے صلح کر لی جائے اور تحریک سول نافرمانی کو ترک کر دیا جائے اور جدید مجالس آئین ساز پر قبضہ کرنے کے ارادہ سے ملک کی تنظیم کی جائے۔

ان ہر سہ جماعتوں کی آراء گاندھی جی کے روبرو پیش کی جائیں گی اور آخری فیصلہ گاندھی جی کے اختیار میں ہوگا۔ خیال ہے کہ گاندھی جی کوئی سخت قدم اٹھانے کا مشورہ نہیں دیں گے کیونکہ وہ حکومت کو صلح کرنے کا موقعہ دینا چاہتے ہیں۔

الور میں میووں اور اہیروں کے درمیان سخت تصادم

چار اشخاص ہلاک اور متعدد زخمی

شملہ ۵ رجون۔ سرکاری اعلان مظہر ہے کہ حکومت ہند کو اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ۴ رجون کو ریواڑی سے گیارہ میل کے فاصلہ پر ریاست الور کے موضع ... میں میووں اور اہیروں میں فساد ہو گیا۔ چار آدمی ہلاک اور تقریباً ایک درجن آدمی زخمی ہوئے۔ فساد کی وجہ گذشتہ موسم سے جو یشیوں اور دونوں کی مسلسل چوری بیان کی جاتی ہے۔

برطانی فوج کے دستے اطلاع ملتے ہی جائے وقوعہ پر بھیجے گئے اور حالات پر قابو پا لیا گیا۔ احتیاطی تدابیر عمل میں لائی جا رہی ہیں۔ اسپیشل کمشنر اور ریاست کے انسپکٹر جنرل پولیس موقعہ پر موجود ہیں۔

دہلی کے چند افراد کی ایک ٹولی لیگ کے قابض نہیں ہو سکتی

میں شملہ میں ایک مخصوص اجتماع کرونگا

صدر آل انڈیا مسلم لیگ کا بیان

میاں عبدالعزیز بیرسٹر پشاوری صدر آل انڈیا مسلم لیگ نے اخبارات میں ایک طویل بیان شائع کرایا ہے جس میں آپ نے لیگ کے گذشتہ اجلاس کی بے ضابطگیوں اور ہنگامہ آرائیوں پر مفصل روشنی ڈالی ہے اور اس بیان کی پرزور تردید کی ہے جو مسلم لیگ کے بعض ارکان کی طرف سے شائع کیا گیا تھا۔ صدر صاحب اپنے بیان کے دوران میں فرماتے ہیں کہ:۔ ...

ڈاکہ زنی اور قتل کے مقدمہ کا فیصلہ

پھانسی اور عمر قید کی سزائیں

میرٹھ ۴ رجون۔ کل مسٹر ہی سی اگروال ایڈیشنل سشن جج میرٹھ نے اس مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا جس میں ۵ اشخاص ڈاکہ زنی اور قتل وغیرہ کے الزامات میں ماخوذ تھے۔

اس مقدمہ میں خاص ملزم کندن سنگھ ... ملزم محمد علی کو سزائے موت دی گئی۔ کندن سنگھ (سابق کانسٹبل پولیس) ... کو حبس دوام بعبور دریائے شور اور دیگر ملزموں کو ۱۱ اور پانچ سال کے درمیان قید سخت کی سزا دی گئی۔ ایک ملزم بری کر دیا گئے ہیں۔

موٹر اور ریل گاڑی کی خوفناک ٹکر

۸ مرد۔ عورت اور بچے ہلاک

کلکتہ ۶ رجون۔ ایسٹ انڈین ریلوے لائن پر آج صبح بارسی پور اور بھیبھوک اسٹیشنوں کے درمیان ایک موٹر لاری کا تیبول کراسنگ گیٹ میں اپ پسنجر ریل کے ساتھ تصادم ہو گیا جس سے ... آدمی ایک عورت اور دو بچے جو لاری میں سفر کر رہے تھے ہلاک ہو گئے ...

ایک ڈاکو گولی سے اڑا دیا گیا

لاہور ۳ رجون۔ موضع امید پور تحصیل شاہدرہ سے رپورٹ موصول ہوئی ہے کہ یہ اطلاع ملنے پر کہ ایک خطرناک ڈاکو جس کی کئی مقدمات میں ضرورت ہے موضع امید پور میں چھپا ہوا ہے۔ تھانیدار محمود اکیلے ہی اسے گرفتار کرنے کے لئے روانہ ہوئے۔ ڈاکو سنگھ جو ایک نوجوان ہیکل جوان ہے چھری سے مسلح تھا اس نے تھانیدار پر حملہ کر دیا۔ تھانیدار نے حفاظت خود اختیاری میں گولی چلا دی جس سے ڈاکو ہلاک ہو گیا ...

برلن میں افغانی سفیر قتل کر دیئے گئے

برلن ۶ رجون۔ ایک افغان طالب علم نے افغان سفیر کی قائم مقام سفارت میں داخل ہونے کی اجازت حاصل کرکے ان پر پانچ فائر کئے جس سے وہ شدید طور پر زخمی ہوئے اور ہسپتال میں جاکر جاں بحق ہو گئے۔

کوہ آتش فشاں پھٹ گیا!

آتشی اور سرخ چشمہ جاری ہوگیا

نیپلز ۴ رجون۔ دنیا کے سب سے بڑے کوہ آتش فشاں وسوویس کی آتش فشانی آج انتہا کو پہنچ گئی اور وہ پھٹ گیا۔ اور اس سے لاوا کا آتشی اور سرخ چشمہ چاروں طرف کو پھوٹ نکلا جس کی رفتار نو فٹ فی منٹ تھی ...

ہندوستان سے سونیکی برآمد

بمبئی ۳ رجون۔ آج بمبئی سے ... روپیہ کا سونا ممالک غیر کو روانہ کیا گیا ہے۔ جب سے برطانیہ نے طلائی معیار ترک کیا ہے اس وقت سے لے کر آج تک ... روپے کا سونا ممالک غیر کو جا چکا ہے۔

ایرانی خواتین میدان عمل میں

سرکاری دفاتر پر قبضہ

طہران کا ایک برقی پیغام مظہر ہے کہ وزارت تلغرات اور پوسٹ اور محکمہ محاسبات میں ایک نوجوان ایرانی خاتون کا تقرر ہوا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایران کی یہ پہلی خاتون ہیں جو حکومت کے انتظامی دفاتر میں داخل ہوئی ہیں۔ طہران کے اخبارات نے اس خاتون کے تقرر پر اپنی خوشی اور مسرت کا اظہار کیا ہے اور طویل مقالات لکھے ہیں۔ ...

تحریک سول نافرمانی کا مستقبل

حکومت گاندھی جی کے فیصلہ کی منتظر ہے

گاندھی جی دوبارہ سول نافرمانی شروع کریں گے یا نہیں گے۔ شملہ کے حلقوں میں آج کل زیر بحث مسئلہ ہے۔ جہاں تک حکومت کی روش کا تعلق ہے وہ خود گاندھی جی کے رویہ کی منتظر ہے۔ ...

امریکہ کی طرف سے چین کو پانچ کروڑ کا قرضہ

چین میں امریکن روئی اور گندم کی کھپت

واشنگٹن ۵ رجون۔ مسٹر ٹی۔ بی۔ سونگ وزیر مالیات چین نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ نے امریکن روئی گندم اور آٹا خریدنے کے لئے چین کو پانچ کروڑ ڈالر قرضہ دینا منظور کر لیا ہے ...

ہندوستان کا ہر طبقہ سفید کاغذ کی مذمت کرتا ہے

مسلم کانفرنس کے ایک نمائندہ کی تقریر

لندن۔ ایسٹ انڈین ایسوسی ایشن کے ایک جلسہ میں مسٹر یوسف علی نے ایک تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ... ہندوستان کا کوئی فرقہ بھی قرطاس ابیض کو قابل قبول نہیں سمجھتا ہے ...

عراق میں جاپانی مال کی درآمد

برطانیہ اور جاپان کی لوٹ کھسوٹ

لندن۔ دارالعوام میں مسٹر والٹر رنسی مین صدر تجارتی بورڈ نے سوالات کے جواب میں عراق کے اندر جاپانی مقابلہ کی ترقی کے اعداد و شمار بتائے ...

پارلیمنٹری کمیٹی کے روبرو شہادت

مسلم لیگ کے تین نمائندے انگلستان جائینگے

معتبر ذریعے سے معلوم ہوا ہے کہ کونسل وغیرہ انجمنوں کے پارلیمنٹری کمیٹی کے روبرو شہادت دینے کے لئے مسلم لیگ کے تین نمائندوں کو منتخب کر لیا گیا ہے ...

حضرت عیسیٰ کا نزول ۱۲ رجون کو ہوگا

بائبل کی بنا پر ایک عیسائی کی پیشگوئی

لندن کے ایک ہوٹل میں ایک شخص مسٹر آر نفرای اقامت گزیں ہے وہ اعلان کر رہا ہے کہ دنیا کا موجودہ دور ۱۲ رجون کو ختم ہو جائے گا ...

بحر العلوم مولانا سید انور شاہ صاحب کا ماتم

دارالعلوم دیوبند میں جلسہ تعزیت

(حضرت مولانا سید انور شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ کے وصال پر تمام ہندوستان میں ہر گیر ماتم کیا گیا ہے جس کی روئیداد میں دفتر میں موصول ہوئی ہیں۔ انشاء اللہ علی الترتیب آئندہ اشاعتوں میں یہ تمام کارروائیاں شائع کی جائیں گی۔ نامہ نگار حضرات مطمئن رہیں۔ "الجمعیۃ")

حضرت علامہ بخاری دوراں وحید عصر فرید دہر مولانا محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات ۳ صفر ۱۳۵۲ھ کو دیوبند میں اچانک واقع ہوئی کوئی معمولی حادثہ نہ تھا ... ۵ صفر ۱۳۵۲ھ بروز پنجشنبہ کو دارالحدیث کے بڑے ہال میں منعقد ہوا۔ ... حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب دام ظلہ شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند کو صدر جلسہ منتخب کیا گیا ...

اخبار گزشتہ اشاعت میں بیس کی غلطی سے کی عبارتیں بے ربط ہو گئیں اور مقالات پر اعتراض و سوالات ... کو مزید احتیاط کے لئے ہدایت کر دی گئی۔ انشاءاللہ آئندہ یہ شکایت پیدا نہیں ہو گی۔

"سیرت محمد علیؒ" کے دو ابواب

علماء امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۹)

اس سلسلہ کے گزشتہ آٹھ نمبروں میں سیرت محمد علیؒ کے اس باب پر بقدر تفصیل کے ساتھ بحث کی جا چکی ہے جو ... کانفرنس کانپور کے انعقاد سے تعلق رکھتا ہے اور اس میں علماء کرام کے متعلق جو غلط تاریخی نظریے قائم کئے گئے ہیں اور ... کی بنا پر جو بیانات ... ہیں ان پر ایک تنقیدی نظر ڈالی جا چکی ہے۔ آج کی اشاعت میں ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ اس باب کے متعلق اپنے تمام اعتراضات کو ایک جگہ جمع کر دیں تاکہ ...

تھا کہ مولانا محمد علیؒ کو سالانہ اجلاس کا صدر منتخب کیا جائے۔ قانون کے الفاظ بالکل صاف تھے اور اس میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہ تھی اس لئے جمعیۃ کی ... نے عذر کیا اور مولانا محمد علی مرحوم کے بجائے مولانا معین الدین صاحب اجمیری کو صدر اجلاس منتخب کر لیا ... جو لوگ مخالفت کر رہے تھے وہ بھی صاف طور پر یہ کہتے تھے کہ انہیں مولانا محمد علی سے کوئی ذاتی پرخاش نہیں ہے ...

خواب و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:

(۱) موضع ... ضلع مونگیر کے پورانی مسجد میں مولوی ... نماز پنجگانہ کی امامت کرتے ہیں۔ امام صاحب مذکور نماز مغرب و عشاء و فجر میں قرآن پاک کی قرات کبھی ... آہستہ جو اکثر مقتدیوں کے سمجھ و سماعت میں نہیں آتا ہے ...

ستے حاجی کے ہمراہ جاتے ہیں اور انہیں سفر حج میں ہر قسم کی امداد پہنچاتے ہیں ... حکومت حجاز کے اندر حکومت برطانیہ کی مداخلت کے لئے راستہ صاف کر دیتا ہے اور اس کے ذریعہ سے حکومت اپنے تسلط ... لا سکتی ہے۔

جیسا کہ ناظرین کرام نے ملاحظہ فرمایا ہوگا۔ جدید ترمیمات کے بعد بھی اس مسودہ پر وہ اعتراضات بدستور باقی رہتے ہیں ... تو بھی وہ ... ہی رہے گی اور اس کے مہلک اثرات میں ذرہ برابر فرق واقع نہ ہوگا۔

اب بھی اگر یہ قانون منظور ہو گیا تو ہر اس مسلمان کو جو اپنا مذہبی فرض سمجھ کر کسی حاجی کی اعانت کرے گا یا دوران سفر میں اس کی رہنمائی کرے گا ... مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش ہو کر قید یا جرمانہ کی سزا کا مستوجب قرار پائے گا ... قابل سزا ہے۔

... وہ نہیں سمجھ سکتے کہ خود حکومت حجاز اس قانون کو کیسے برداشت کرے گی ...

خلاف تہذیب خلاف قانون

...

تیسرا مسودۂ حج

گزشتہ سال حج کے متعلق جمعیۃ مقننہ میں جو تین مسودات قانون پیش ہونے تھے ان کے علاوہ تمام ہندوستان کے مسلمانوں نے اخبارات میں مضامین لکھ کر، مساجد میں جلسے منعقد کر کے اور بازاروں میں جلوس نکال کر سخت سے سخت احتجاج کیا تھا ...

(باقی آئندہ)

جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی میں دارالاقامہ کا آغاز شروع ہوتا ہے ... خاتون کے آجانے سے چھوٹے بچوں کی نگرانی اور تربیت کا بہترین انتظام ہو گیا ہے۔ معلومات حاصل کرنے کے لئے مہتمم جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی کو لکھئے

سرزمین حجاز کی تعمیر و ترقی

حجاز کی سرزمین کبھی کسی زمانہ میں بھی وہ عمرانی ترقی نہ کر سکی جس کی صلاحیت میں قدرت الٰہی نے رکھی تھی۔ خلافت راشدہ کا زمانہ مہم فتوحات میں گزر گیا اور خلفاء راشدین کو موقعہ نہ مل سکا کہ اس سرزمین کی آبادی کے لئے کوشش کر سکیں۔ بنی امیہ کا دور بھی جنگوں میں بسر ہو گیا عباسی خلافت پر چونکہ عجمیوں کا اقتدار تھا اس لئے حجاز کی طرف سے نصداً اعراض کیا گیا۔ حالانکہ عباسی عہد میں جہاد و جنگ کی کثرت نہ تھی۔ عباسیوں نے اور ان کے بعد تمام ... کی پالیسی یہی رہی کہ حجاز کے باشندوں کو اپنی خیرات پر زندہ رکھیں تاکہ ان میں کبھی خود مختاری کا جذبہ پیدا نہ ہو سکے۔

صدیوں خیرات پر زندگی بسر کرنے کا نتیجہ یہ نکلا کہ خود حجازیوں اور دوسرے مسلمانوں نے یقین کر لیا کہ حجاز کی زندگی خود مشیت الٰہی سے خیرات پر موقوف کر دی گئی ہے اور یہ کہ حجاز کی سرزمین جس حال میں حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے زمانہ میں دیسی ہی قیامت تک رہے گی۔ حالانکہ یہ خیال سراسر غلط تھا۔

عجیب بات یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث شریفہ میں ایسے اشارے موجود ہیں جن سے حجاز کی خاص طور پر اور تمام عرب کی عام طور پر عمرانی ترقی کا ...

لیکن معلوم ہوتا ہے اب اللہ تعالیٰ کو اپنے حرم پاک کی سرزمین کی تعمیر و ترقی منظور ہے۔ چنانچہ اس رحیم و حکیم پروردگار نے ابن سعود جیسا حکمران اس ملک کی خدمت کے لئے بھیج دیا ہے۔ ابن سعود نے باوجود صحرائی ہونے کے کمال تدبر سے کام لیا ہے۔ ابن سعود نے امریکن ماہرین ارض و معدنیات کو طلب کیا اور ملک کے مختلف حصوں کی تحقیقات شروع کرا دی۔

ان ماہرین کا فیصلہ ہے کہ حجاز کی سرزمین میں جابجا پٹرول کے چشمے موجود ہیں اور بہ آسانی نکالے جا سکتے ہیں۔ خصوصاً مقام "نجد" کے چشمے بہت اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ یہ مقام ساحل بحر احمر میں واقع ہے نیز بکثرت کان ... پہاڑوں اور میدانوں میں موجود ہیں۔ خاص طور پر تانبے کی بہت بہتات ہے۔

ابن سعود نے اسی قدر نہیں کیا، بلکہ جدہ اور مکہ کے مابین ریلوے بنانے کا بھی ٹھیکہ دے دیا ہے اور جلد ریلیں چلنا شروع ہو جائیں گی۔ اس کے بعد انشاءاللہ مکہ اور مدینہ کے مابین ریل بنے گی اور مدینہ سے ساحل ... تک پہنچ جائے گی۔ پھر اندرونی علاقوں تک اسے وسعت دی جائے گی یہاں تک کہ بحر احمر کو ریلوے کے ذریعے خلیج فارس سے متصل کر دیا جائے گا۔ ریلوے کی وسعت کے بعد صنعت و حرفت و تجارت کو بڑی ترقی ہو جائے گی۔

شاہ ابن سعود کو زراعت کا بھی بہت اہتمام ہے "احسا" کے علاقہ میں کاشت شروع کرا دی ہے اور کامیاب ہو رہی ہے۔

زراعت اور صنعت و حرفت کی راہ میں سب سے بڑی مشکل پانی کی قلت ہے۔ لیکن اس مشکل کو بہ آسانی سر کیا جا سکتا ہے۔ بکثرت مقامات میں تجربہ سے معلوم ہو گیا ہے کہ پانی بہ افراط موجود ہے، مگر زمین کے اندر بہت گہرائی میں ہے۔ زمین کو برما کر متعدد بڑے بڑے کنوئیں بنائے گئے ہیں اور اس سلسلہ کو مزید وسعت دی جائے گی۔ بارش بھی ملک عرب میں بکثرت ہوتی ہے۔ حجاز کی یہ بڑی خوش قسمتی ہے کہ وہ نشیب میں واقع ہے۔ یمن میں بھی کثرت سے بارش ہوتی ہے اور یمن کا پانی پہاڑوں سے گزرتا ہوا خود مکہ معظمہ تک پہنچ جاتا ہے بلکہ بہت آگے بھی نکل جاتا ہے۔ اس پانی کو تالاب بنا کر بیکار روکا جا سکتا ہے اور ان تالابوں سے آب پاشی ہو سکتی ہے۔

آزاد اسلامیہ ہائی اسکول اتمان زئی

سرحد کے غیور مسلمانوں سے دردمندانہ اپیل

مسلمانوں کی موجودہ حالت دیکھ کر اس حقیقت کا کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ مسلمان بچوں کے لئے تعلیم کی کس قدر سخت ضرورت ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ملک کی حالت کا اندازہ کرتے ہوئے لازماً ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ تعلیم کے متعلق گزشتہ نصاب تعلیم سے جو کچھ تجربہ ہم نے کیا وہ ناکام ثابت ہوا۔ موجودہ تعلیم کے نقائص کے متعلق کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ زمانہ خود پکار رہا ہے کہ اس تعلیم کی ہمیں ضرورت نہیں یہ تعلیم ہماری غیر طبعی ماحول میں نشو و نما کرتی ہے۔ اس خطرے کو محسوس کرتے ہوئے ملک کے مختلف مفکروں اور ایثار پیشہ ہستیوں نے ایسی درسگاہوں کی بنیاد ڈالی جس سے ہماری صحیح طریق پر نشو و نما ہو سکے ان کی زندگی قوم کے ساتھ وابستہ ہے۔

... خوشبختانہ حجاز کے اچھے دن آگئے ہیں اور آئندہ حجاز کے باشندوں کی زندگی حاجیوں کی خیرات سے نہیں بلکہ اپنی محنت سے چلے گی۔ (ہند جدید)

احمد علی سہارنپور

مجلس احرار اسلام سہارنپور کا جلسہ

...

سہارنپور کے مسلمانوں کا جلسہ عام

شہادت اہل بیت پر زبردست تقریر

سہارنپور ۲۰ محرم کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد سہارنپور میں مسلمانان سہارنپور کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں اول جناب مولانا حافظ عبدالغفار صاحب آزاد سہارنپوری نے ... زبردست و مدلل تقریر فرمائی جس کا حاضرین پر گہرا اثر ہوا۔ بعدہٗ جناب محترم مولانا ابوالفضل الفاروقی مولوی محمود حسن صاحب سیکرٹری مدرسہ عربی جدید مظاہر العلوم سہارنپور نے اپنا وہ بیان شہادت اہل بیت جو گذشتہ جمعہ ۱۳ محرم کو باقی رہ گیا تھا شروع فرمایا اسی وقت جناب مولانا المکرم مولوی عبدالقیوم صاحب مہتمم مدرسہ جدید مظاہر العلوم بھی تشریف فرما ہوئے اور ان کی صدارت میں ... مولانا ممدوح نے اپنے بیان شہادت اہل بیت میں مسائل حاضرہ کو اس طریقہ سے ثابت فرمایا کہ سامعین پر وجدی کیفیت واقع ہو رہی تھی ...

وہ خاتون

جس کی ماہواری گڑبڑ رہتی ہو، اولاد ہو کر مر جاتی ہو ... یا پیدا ہونے کے بعد کسی مرض کے شکار ہو جاتے ہوں ایسی معزز خواتین اور ان کے خاندان کو مبارک ہو کہ اس دکھ کا علاج اور اس آگ کی دوا **قرۃ العین** سو بیانت کر لی گئی ہے اور سالہا سال کے تجربوں سے شافی ثابت ہو چکی ہے۔ قرۃ العین رحم مادر میں ایسی خاص کیفیت پیدا کر دیتی ہے جس کی وجہ سے انسانی نطفہ باذن تعالیٰ لڑکے ہی کی شکل میں صورت پذیر ہوتا ہے ... نیز اس **معجون** میں ایسے اجزا بھی شامل کئے گئے ہیں جس کی وجہ سے بچہ نہایت حسین و جمیل اور توانا پیدا ہوتا ہے ... قیمت ... خوراک یعنی ایک تولہ صرف عہ/

حب مدنی طلائی دائمی نزلہ، زکام، پرانی کھانسی، جریان، سرعت انزال، امساک، تقویت باہ کے لئے سالہا سال کے تجربوں کے بعد اکسیر ثابت ہو چکی ہے۔

تریاق عجیب ...

ان کے علاوہ تمام مفرد و مرکب دوائیں صرف **صدیقی دواخانہ** سے خریدیئے جو سال ہا سال سے عالیجناب حضرت مولانا الحاج حکیم جمیل الدین صاحب ... استاد مسیح الملک مرحوم و ممتحن اعلیٰ جماعات طبیہ کالج دہلی کی سرپرستی میں نہایت دیانت و امانت کے ساتھ ملک کی بہترین خدمت انجام دے کر خراج تحسین وصول کر رہا ہے۔ فہرست مفت طلب فرمایئے۔

صدیقی دواخانہ نور گنج دہلی

اکسیر بال سیاہ

طاقت بحال کرنے اور قبل از وقت سفید شدہ بالوں کو جڑ سے سیاہ کرنے والی شرطیہ دوا

ناظرین! ہندوستان میں قبل از وقت بال سفید ہونے کی بیماری وبا کی طرح پھیلی جا رہی ہے ... دوا کا نام **اکسیر بال سیاہ** ہے جو انہیں سنیاسی بزرگ صاحب کا بنایا ہوا ہے **اکسیر بال سیاہ** عرصہ تین چار سال سے ہمارے زیر تجربہ ہے ...

منیجر اکسیر ہاؤس کالی باغ بتیا (چمپارن)

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

وہاں سے ایک کارڈ لکھ کر تحریر فرمادیں اور صحت و تندرستی کا خاکہ ... کی تجزیہ قواعد قدرت کی ... نہایت عمدہ مضامین سے مزین ۹۲ صفحات کی کتاب "کام شاستر" مفت طلب فرما کر ملاحظہ کریں۔

ویدیا شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سفید بال جڑ سے کالا

ایک آنہ کا تین روپے نصف تولہ سے زیادہ سرمہ کے تیل میں پچاس برس پہنچنے کا پکا بال کالا پیدا ہو۔ ساٹھ برس کی عمر تک کالا نہ رہے تو دونا دام واپس۔

بال کالا اسٹور ... درپھنگہ

ضرورت ہے

قابل و بارسوخ ایجنٹوں کی لال ہلی۔ بی سگریٹ کی فروختگی کیلئے ہر شہر میں ضرورت ہے تجربہ کار اشخاص کو صرف درخواستیں کرنی چاہئیں کمیشن معقول دیا جاتا ہے۔ درخواستیں بنام دی منیجر ... ٹوبیکو کارپوریشن ۹۳ برانڈرتھ روڈ لاہور آنی چاہئیں

ضرورت! ضرورت! ضرورت!

مسلمانان ہند کی پبلک کمپنیوں میں اپنی نوعیت کی سب سے پہلی کمپنی

دی پنجاب مسلم کارپوریشن لمیٹیڈ لائل پور کی

... معقول تنخواہ ... کمیشن کی ...

منیجنگ ایجنٹس دی پنجاب مسلم کارپوریشن لمیٹیڈ لائل پور

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تارکا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

ید اللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ
دہلی

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۷ | دہلی۔ یوم سہ شنبہ ۱۹ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۳ جون ۱۹۳۳ء | نمبر ۴۱

معاصرین کے افکار و آراء

قومی غدار اور ”شیخ“ دہلی (مدینہ)

ہر شخص جانتا ہے کہ ہم نے کبھی ان لوگوں کو اپنے نہیں معاف کیا کہ کسی مسلمان کے گھر پیدا ہوئے، اور مسلمان ہونے کے دعویدار ہیں۔ غزنوی۔ شفاعت احمد خاں۔ آغا خاں کا تو ذکر کیا ہم نے کبھی اقبال ایسے عظیم و جلیل انسان۔ شیخ عبداللہ ایسے قدیم رفیق سیاست۔ مولانا شوکت علی ایسے پرشکوہ رہنما کی بھی پرواہ نہیں کی اور جہاں تک سچائی کا معاملہ ہے …

آنکھ سے ٹپکنے والا لہو (مدینہ)

برت اور روزہ (تیج)

صوبہ متحدہ میں ہندی کی رفتار (حقیقت)

”ڈپلومیسی“ (زمیندار)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

اسپین میں عربی فتوحات کی تکمیل

شہر مریدہ کی فتح میں ڈاڑھی کا ایک دلچسپ واقعہ

فرانس پر حملہ کرنے کے لئے عربوں کی تیاریاں

گذشتہ الجمعیۃ میں …

صلح کرلیں اور ان سے کوئی مقابلہ نہ کریں ورنہ ہم کو سخت ذلت اٹھانی پڑے گی۔

اشبیلیہ کی بغاوت کا قلع قمع

چنانچہ حاکم شہر اور اس کے وزرا اس قصہ کو سن کر صلح پر آمادہ ہوگئے اور موسیٰ کے پاس صلح کی شرائط کو طے کرنے کے لئے آئے۔ بڑی رد و کد کے بعد ذیل کی شرائط پر فریقین میں مصالحت ہوگئی۔

شہر مریدہ کا محاصرہ

موسیٰ اور طارق میں ناچاقی

مغربی مؤرخین کا جواب

(باقی آئندہ)

SHARBAT ROOHAFZA

شربت روح افزا

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

چند کتب نادر الوجود برائے فروخت

منیجر رسالہ نظام المشائخ دہلی

تین پیسے میں ایک سو چالیس صفحے

منیجر رسالہ نظام المشائخ کوچہ چیلان دہلی

دنیا کی سب سے آخری اور حیرت انگیز ایجاد

NYLAGON

نئلگن کیپسول برائے سوزاک نیا یا پرانا

اے۔ آر۔ کپور اینڈ کمپنی پوسٹ بکس ۱۱۰ لاہور۔ دہلی رام روڈ انار کلی

(ایم۔ اے۔ رشید اینڈ سنز انجنیئرز بٹالہ (پنجاب))

گرمیاں آگئیں!

امرت دھارا

مینیجر امرت دھارا، امرت دھارا روڈ، لاہور

جامعہ جامعیہ ملیہ کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

منیجر رسالہ الجامعہ دہلی

مفرح مشکین

MUFARRAH MUSHKIN

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلیماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۳۷

پانچ ترجموں کا قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

غریبوں کی غذا

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

جنت اور دوزخ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

قرابادین مفید عام

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۹ صفر المظفر ۱۳۵۲ ہجری

"سیرت محمد علیؒ" کے دو ابواب
علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۱)

دوسرے باب کے متعلق جو امور تنقیح طلب ہیں ان کی ایک فہرست ہم گزشتہ اشاعت میں درج کر چکے ہیں۔ آج کی صحبت میں ہم صرف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ علمائے کرام کی خلافت اور مولانا محمد علی رحمۃ اللہ کے "مسلسل مقالات و مضامین" کے متعلق مؤلف سیرت نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے وہ کہاں تک صحیح ہے۔ ارشاد ہوتا ہے کہ:

"پہلے جب یہ بل اسمبلی میں پیش ہوا تو اس وقت علماء میں سے کسی کو خیال بھی نہ آیا لیکن محمد علی نے اسی وقت اس قانون کی مضرت کا اندازہ کر لیا تھا چونکہ ان کے نقطۂ نظر سے نہایت اہم تھیں اس لئے انہوں نے اسی وقت ہمدرد میں اس پر مسلسل مقالات و مضامین لکھے اور قوم کو متوجہ کیا۔"

مقالات و مضامین "ہمدرد" میں لکھے مگر علماء کو خیال بھی نہ آیا کہ اس قسم کا کوئی مسودۂ قانون پیش بھی ہوا ہے یا نہیں آپ بتائیے کہ آپ کے پاس اس کے خلاف کیا ثبوت ہے "تو ہمیں یقین ہے کہ دفتر جمعیۃ آپ کو اس وقت" علماء کی بیداری کا اتنا ثبوت بہم پہنچا دیتا کہ آپ کو حیرت رہ جاتی۔ مگر یہ تو کسی کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ آپ ... اخبارات کا مطالعہ کئے بغیر اس نتیجہ پر پہنچ جائیں گے جس کے لئے کوئی دلیل موجود ہے نہ ثبوت۔

مسلسل مقالات و مضامین

بہر حال ہم مؤلف سیرت کو اب یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ آپ کا یہ بیان بالکل غلط ہے ...

ہمدرد کا صرف ایک مضمون

علماء کی بیداری

حکومت بیان شائع کرے

گاندھی جی اور ڈاکٹر مونجے

ضروری گزارش

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی بصیرت افروز تقریر
(بسلسلہ صفحہ ۲)

پڑھی ہوئی ہو گی بلکہ اس کی عبارتیں کی عبارتیں اور صفحات کے صفحات شاہ صاحب کو حفظ یاد رہوں گے۔ کسی واقعہ کا تذکرہ شاہ صاحب کے سامنے کیا اور شاہ صاحب نے اُس کے تمام متعلقات بیان کرنے شروع کر دیے۔ مطبوعہ کتب کے علاوہ حضرت شاہ صاحب کو صد ہا قلمی کتب کی عبارتیں محفوظ تھیں جو آج تک پریس اور مطابع کی مرہون منت نہیں ہیں شاہ صاحب کو ان کے بھی صفحات حفظ تھے۔ شاہ صاحب سے کسی مسئلہ میں گفتگو کیجئے اور کسی وقت کیجئے آپ کو معلوم ہو گا کہ شاہ صاحب اس مسئلہ کیلئے بڑی دیر سے منتظر بیٹھے ہوئے اس امر کا انتظار کر رہے تھے کہ یہ مسئلہ کوئی مجھ سے دریافت کرے اور میں جواب دوں۔

زندہ لائبریری

معزز حاضرین! میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ نے دوشنبہ کی شام کو دیوبند کی خاک میں کسی انسان کو دفن نہیں کیا ہے بلکہ آپ نے ایک مکمل لائبریری کو سپرد خاک کر دیا ہے۔ آپ نے ایک ایسے گنجینہ کو خاک میں ملا دیا ہے جس میں ہر فن کی بے شمار کتابیں ...

وقت نہایت صفائی کے ساتھ یہ بتانا چاہیے کہ وہ خیالات و نظریات کے اس اختلاف میں گاندھی جی کی تائید کرتے ہیں یا ڈاکٹر مونجے کی۔ آیا ان کے نزدیک بھی ہندو مسلم اتحاد حصول سوراج کے لئے شرط اولین ہے یا نہیں؟ اور آیا وہ بھی یہ بتاتے ہیں کہ گاندھی جی کی مساعی کا نتیجہ ہے قوم کے لئے فی الجملہ مفید خیال کرتے ہیں یا نہیں؟ یہ مسائل نہایت اہم ہیں اور ان پر اخبارات کو جو قوم کی زبان ہوتے ہیں پوری آزادی کے ساتھ اظہار رائے کرنا چاہیئے تاکہ عام دنیا کو معلوم ہو سکے کہ ہندو گاندھی جی کے ساتھ ہیں یا ڈاکٹر مونجے کے ساتھ اور اس کے بعد ہر شخص ایک صحیح رائے قائم کر سکے۔ اسی طرح ہندو رہنماؤں کو بھی چاہیے کہ اگر وہ ڈاکٹر مونجے کو غلطی پر سمجھتے ہیں اور گاندھی جی کے مؤید ہیں تو ان مسائل پر لب کشائی کریں۔

جیسا کہ پچھلے دنوں سر چمن لال سیتلواد نے ہمیں بتایا تھا ہم خود بھی یہی سمجھتے ہیں کہ ہندو مہاسبھا تعلیم یافتہ ہندوؤں کی نمائندہ نہیں ہے اور سوائے ان متعصب و مجنون ہندوؤں کے جنہیں فرقہ وارانہ جذبات سے اپیل کر کے عارضی طور پر اپنا ساتھی بنا لیا جاتا ہے کوئی مستقل و معقول پسند جماعت مہاسبھا کی پشت پناہ نہیں ہو سکتی ہے ہمیں یقین ہے کہ ہندوؤں کی اکثریت گاندھی جی اور کانگریس کے ساتھ ہے اور وہ ڈاکٹر مونجے کی متبع نہیں ہے مگر ہم اس کا اعلان و اظہار ہندو اخبارات کے کالموں میں دیکھنا چاہتے ہیں جو اصول کی بنا پر مسلم فرقہ پرستوں کی مخالفت کیا کرتے ہیں اور جب کبھی ان کی طرف سے کوئی بیان اس قسم کا شائع ہوتا ہے تو اس پر اظہار نفرت و ملامت کرتے ہیں۔ اگر ہندو اخبارات نے اس وقت ڈاکٹر مونجے کے بیان کی مذمت نہ کی ...

وفات سے پہلے

حضرت شاہ صاحب کی موت کا صدمہ

حضرت مولانا سید انور شاہ رحمۃ اللہ علیہ
چمن ولی اللہی کے ایک بار آور و ثمر دار شجر تھے
آج ہم نے ایک مکمل لائبریری کو سپرد خاک کر دیا
حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی بصیرت افروز تقریر

دہلی کی جامع مسجد میں حضرت امام العلماء شیخ الحدیث سید انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے وصال پر اظہار حزن و ملال اور ایصال ثواب کی غرض سے جو عظیم الشان جلسہ زیر صدارت حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند منعقد ہوا تھا اس جلسہ میں حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے حسب ذیل تقریر ارشاد فرمائی تھی جسے ہم حسب وعدہ تمام و کمال درج کرتے ہیں:-

حضرات! ابھی آپ کے صدارت کی تحریک کے سلسلے میں عرض کیا تھا کہ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے صحیح حالات اور ان کے حقیقی اوصاف و کمال تو حضرت مفتی صاحب قبلہ ہی بیان فرمائیں گے کیونکہ قدر گوہر شاہ داند یا بداند جوہری ...

جیسے میری بزرگی۔ ایک ادنیٰ مسلمان پر اب آپ خیال کیجئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے ایک امتی پر کس قدر بلندی اور برتری حاصل ہے ...

حضرت شاہ صاحب

علمی فضیلت

عملی فضیلت

عربی اخبارات کے تراجم
خاص الجمعیۃ کیلئے

مراکش کے مسلمانوں کو عیسائی بنانے کی کوشش
ٹیونس اور شمالی افریقہ میں فرانس کے کارنامے
مسلمانوں کے ضمیر اور ایمان پر پادریوں کا شبخون

جب سے شمالی افریقہ میں حکومت فرانس نے اپنے قدم جمائے اس وقت سے اس کی کوشش یہی رہی ہے کہ دو کروڑ مسلمانوں کو دائرہ اسلام سے نکال کر ان کی گردنوں میں تثلیث کا پھندا ڈالا جائے اور ان کے معتقدات اور ان کی قومیت و مجد کو پامال کر دیا جائے۔ مسلمانوں کو ان کی آراضی سے محروم کیا گیا اور ترغیب و ترہیب کے تمام وسائل اختیار کر کے ان کی اسلامی روح کو فنا کیا گیا۔ ان دست اندازیوں ...

کو مراکش میں ظہیر بربری جاری کیا گیا جس کی رو سے محاکم شرعیہ کو توڑ دینا ضروری قرار دیا گیا۔ اور مذہبی تبلیغ و ارشاد سے مسلمانوں کو جبراً منع کیا گیا۔ اس کے ساتھ ہی مسلمانوں کو مجبور کیا گیا کہ وہ مسیحی مذہب کے بت پرستانہ مراسم اختیار کریں۔ عیسائی پادریوں کو عام اجازت دیدی گئی کہ وہ انجمنیں قائم کر کے اور ہر امکانی طریقہ کو اختیار کر کے مسلمانوں کو مرتد کرنے کی کوشش کریں۔ صلیب کو مساجد و جوامع پر نصب کر دیں اور انجیل کو ان کی کتاب قرار دیں۔

جب فرانس کو اس میں بھی کامیابی نہ ہوئی تو اس نے ٹیونس کے عرب مسلمانوں کو عربی قومیت اور اسلامی جنسیت سے نکالنے کا قانون نافذ کر دیا تاکہ مسلمان اس طریقہ سے ہی اپنے دین، اپنے ضمیر اور اپنی قوم سے نکل کر مسیحی بن جائیں۔ افریقہ میں فرانس کی اس اسلام دشمنی کے خلاف بغداد کی "ہدایت اسلامیہ" اور "جمعیۃ شبان" نے سخت احتجاج کیا ہے اور حکومت فرانس سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ جلد از جلد اس قانون کو منسوخ کر دے جس کا نتیجہ خود اس کے لئے بھی اچھا نہیں نکلے گا۔

والیٔ عراق کے مجسمہ کی نقاب کشائی
سرزمین عرب میں خانوادۂ نبوت کے کرتوت

گزشتہ ہفتہ شاہ فیصل والیٔ عراق کے مجسمہ کی نقاب کشائی کی رسم بڑی دھوم دھام سے ادا کی گئی۔ وزیر اعظم عراق نے اس رسم کو ادا کیا۔ اس موقعہ پر عراقی وزراء اور دیگر مشاہیر کے علاوہ برطانوی افسروں کی کافی تعداد موجود تھی۔ شاہ فیصل کا مجسمہ موجودہ صنعت کا ایک اعلیٰ نمونہ ہے۔ اس مجسمہ کا بنانے والا اٹلی کا مشہور آرٹسٹ سکونر پائیٹرو ہے۔ اس نے مصطفےٰ کمال پاشا کے مجسمہ کو بھی بنایا تھا جو انگورہ کے ایک پرفضا مقام میں نصب کیا گیا ہے۔ اسی موقعہ پر بغداد کے جنوبی دروازہ پر ایک دوسرے مجسمہ کی بھی نقاب کشائی ہوئی۔ یہ مجسمہ عبدالمحسن السعدون (سابق وزیر عراق) کا ہے۔ اس کے بعد پبلک باغ میں ایک دوسری رسم ادا کی گئی۔

(اسلام نے ازراہ دور اندیشی جن امور سے مسلمانوں کو سختی سے منع کیا تھا۔ آج خانوادۂ نبوت کا ایک فرد محض یورپ کی تقلید میں اس کا خوشی خوشی ارتکاب کر رہا ہے۔ انگورہ اور بغداد مغرب کی خواہ کتنی ہی تقلید کر لیں مگر وہ اس رفعت اور کمال کو حاصل نہیں کر سکتے جو احکام اسلام کی تعمیل سے مسلمان کو حاصل ہوتا ہے۔ عزت اقبال سے نہیں بلکہ ذاتی جوہروں سے حاصل ہوتی ہے۔ الجمعیۃ)

سوڈان کے مسلمانوں پر پادریوں کی یورش
برطانیہ، فرانس کے نقش قدم پر

مسلمانان "داؤ" (سوڈان) ہر سال مولد نبوی میں جمع ہو کر مذہبی مراسم ادا کرتے ہیں، اور ان کا امام مسلمانوں کو عبادات اور مذہبی امور کی تلقین کرتا ہے۔ امسال عیسائی مبلغین نے مولد نبوی کے اس اجتماع پر اعتراض کیا اور حکومت برطانیہ نے ان کے اعتراض کو تسلیم کرتے ہوئے اس اجتماع کو ممنوع قرار دیدیا۔ اب مسلمان برطانیہ کے اس حکم کے باعث اپنے دینی معاملات میں آزاد نہیں رہے اور نتیجہ یہ ہوا کہ وہ وعظ و ارشاد سے محروم ہو گئے۔ یہ استبداد صرف "داؤ" ہی تک محدود نہیں ہے بلکہ سوڈان کے تمام جنوبی حصوں میں مسلمانوں کے ساتھ یہی سلوک کیا جا رہا ہے اور پادری مختار کل بنے ہوئے حکومت سے جو چاہتے ہیں کرا لیتے ہیں۔

اب یہ علاقہ پادریوں پر (مراکش) کی طرح ہو گیا ہے۔ جہاں مسلمانوں کو مشنری پادریوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے اور حکومت برطانیہ بھی فرانس کے قدم بقدم چل کر مسلمانوں کی مذہبی روح کو کچلنے پر آمادہ ہو گئی ہے۔

مصری حکومت کی آمدنی میں اضافہ

مصری حکومت کے شائع شدہ اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ گزشتہ مارچ کے مہینے تک حکومت مصر کی آمدنی اخراجات کی نسبت ۰۰۰،۰۰۰،۴۳ گنی زائد رہی۔

ملک شام کی سرکاری رپورٹ مظہر ہے کہ ۱۹۳۳ء میں شامی حکومت کو ۰۰۰،۰۰۰،۴۸ لیرا کی آمدنی ہوئی۔ اور اسی مدت میں اخراجات کا تخمینہ ۰۰۰،۲۵۰،۱۷ ...

تخفیف اسلحہ کی مجلس میں سفیر افغانستان کی شرکت

ایک اطلاع کے مطابق آغا سلطان احمد خاں سفیر کبیر افغانستان متعینہ انگورہ کانفرنس تخفیف اسلحہ کی شرکت کیلئے انگورہ سے جنیوا روانہ ہو گئے ہیں۔

ترکی حکومت کا میزانیہ
۱۷ کروڑ لیرہ کا تخمینہ

ترکی حکومت کی وزارت مال نے بڑی بحث و تمحیص کے بعد ۱۹۳۳ء و ۱۹۳۴ء کا میزانیہ طے کر لیا ہے جو عنقریب مجلس ملی کبیر (گرانڈ نیشنل اسمبلی) میں تائید و تصویب کیلئے ارسال کر دیا جائے گا۔

۱۹۲۸ء میں ترکی حکومت کا میزانیہ ۲۴ کروڑ چالیس لاکھ سے زائد تھا۔ اس سال حکومت ترکیہ کا بہت سا سرمایہ بندرگاہ کی تعمیر اور ریلوے لائن پر خرچ ہوا۔ اس کے بعد ...

اقتصادیات کا خیال ہے کہ اگر تعمیرات کے کل کام بند بھی کر دیے جائیں تو اس مقدار سے کم میزانیہ مقرر نہیں ہو سکتا۔

انگلستان کی مطبوعات میں حیرت انگیز اضافہ
ایک سال میں ڈیڑھ لاکھ کتب کی طباعت

ہر قوم اور ہر ملک کی عمرانی، علمی ترقی کا حال اس کی مطبوعات سے لگایا جاتا ہے آج دنیا میں یورپ کو مطبوعات کے ذریعہ جو ترقی حاصل ہوئی ہے اس کا مقابلہ ایشیا کا کوئی اور ملک نہیں کر سکتا۔ اقتصادی بحران اور کساد بازاری کے باوجود یورپ معارف کی اشاعت میں گوئے سبقت لے گیا ہے اور سال ماسبق سے بھی زیادہ امسال مطبوعات کی اشاعت ہوئی ہے۔

۱۹۳۲ء میں صرف انگلستان کے مطابع نے ۱۴۸۳۴ کتابیں شائع کی ہیں گویا ۱۹۳۱ء کی نسبت ۱۹۳۲ء میں ۵۰۱ کتابیں زیادہ طبع ہو کر منظر عام پر آئی ہیں۔ اسی طرح ۱۹۳۲ء میں قصہ کہانی پر ۴۰۲۴ ناول طبع ہو کر شائع ہوئے ہیں۔ حالانکہ ۱۹۳۱ء میں اس قسم کی کتابوں کی تعداد ۳۶۴۶ تھی۔

حکومت حجاز کسی چیز کو رہن رکھنا نہیں چاہتی
گورنمنٹ حجاز کی طرف سے سرکاری اعلان

حکومت حجاز نے مندرجہ ذیل سرکاری اعلان شائع کیا ہے:-

"ممالک خارجہ میں حجاز کے متعلق یہ افواہ پھیلی ہوئی ہے کہ حکومت حجاز بعض قرضوں کی ادائیگی کیلئے اپنے دفاتر رہن رکھ رہی ہے۔ حکومت حجاز اس بے بنیاد خبر کی تردید کرتی ہے اور اعلان کرتی ہے کہ حکومت نے نہ تو کسی سے قرض لیا ہے اور نہ اس کی ادائیگی کے لئے حجاز کے دفاتر رہن رکھنے کا کوئی ارادہ کیا ہے۔ یہ خبر سراسر بے بنیاد ہے۔"

اسی کے ذیل میں مسٹر عبداللہ فلبی (نومسلم انگریز) اخبار ٹائمز اور الاہرام کی تردید کرتے ہوئے اعلان کرتے ہیں کہ تار کے جن الفاظ سے یہ مفہوم لیا گیا ہے ان کا ترجمہ غلط کیا گیا ہے اور اسی وجہ سے یہ غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے۔

انگلستان کے وزراء کی ادبی اور تحریری خدمات
مضامین نویسی کے صلہ میں لاکھوں پونڈ کی آمدنی

انگلستان کے وزراء نامہ نگاری اور کتب نویسی سے جس قدر رقم پیدا کرتے ہیں اتنی رقم شاید ان کو تنخواہ سے بھی نہیں ملتی۔ مسٹر چرچل نے اب تک مضامین نگاری میں ڈیڑھ لاکھ پونڈ کمائے ہیں۔ لارڈ اوکسفورڈ نے مختلف مضامین کے صلہ میں تیس ہزار پونڈ حاصل کئے۔ کتاب "مفکرات" کا حق المحنت آپ کو ۱۲ ہزار پونڈ ملا۔ کتاب "قوانین حرب" کو آپ نے ۸ ہزار پونڈ میں فروخت کیا اور وہ کتاب جو آپ نے پارلیمنٹ کے معاملات پر لکھی، ساڑھے چھ ہزار پونڈ میں فروخت ہوئی۔

مسٹر لائڈ جارج سابق وزیر اعظم انگلستان نے جو مقالات اخبارات کے لئے لکھے ان کے صلہ میں آپ کو ایک لاکھ پونڈ ملے۔ علاوہ ازیں جدید کتاب کی تصنیف پر بھی آپ کو اسی ہزار پونڈ ملے ہیں۔

کردستان میں پولیس کی جماعت پر حملہ

کردستان کے علاقہ برزان میں گزشتہ ہفتہ ایک ناگوار حادثہ پیش آ گیا۔ گو کردی بغاوت ترکی اور عراقی فوج کے ذریعہ فرو کر دی گئی مگر معلوم ہوتا ہے کہ ڈاکوؤں کی کوئی جماعت اب تک وہاں موجود ہے۔ برزان کے علاقہ میں پولیس کی چوکی اور ایک گشتی پارٹی پر حملہ کیا گیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ حملہ آور ڈاکو تھے جو باغیوں سے زیادہ خطرناک ہیں۔ حکومت نہایت احتیاط سے ان حوادث کا ہمیشہ کے لئے قلع قمع کرنا چاہتی ہے۔

لبنان میں پٹرول کے چشموں کا انکشاف

ڈاکٹر عطا نے لبنان کے حدود میں کھدائی کے بعد پٹرول کے چشمے معلوم کئے ہیں اب آپ چاہتے ہیں کہ کسی کمپنی کی امداد سے پٹرول کے اخراج کا کام شروع کیا جائے۔ اگر چشموں سے پٹرول کافی مقدار میں نکل آیا تو پھر لبنان خارجی پٹرول کی درآمد سے مستغنی ہو جائے گا۔

مدینہ منورہ اور نجف اشرف کے درمیان راستہ

مدینہ منورہ اور نجف اشرف کے درمیان خشکی کا جو راستہ تلاش کیا گیا ہے۔ اب اس کی تکمیل ہو گئی ہے اور حکومت عراق اس مسئلہ میں پوری دلچسپی کا اظہار کر رہی ہے۔ امید ہے کہ زائرین بیت اللہ الحرام کیلئے آئندہ سال یہ راستہ مکمل ہو جائے گا۔

دار الحکومت

طبیہ کالج نے پھر نازک صورت اختیار کر لی

پندرہ متولیوں کے نام کا اخراج

کالج کو ذاتی مناقشات سے پاک رکھنے کا عزم

طبیہ کالج کے جھگڑے گزشتہ دو سال سے جس طرح ناگفتہ بہ ہو رہے تھے ہمارا خیال تھا کہ اب وہ درست ہو گئے ہیں اور مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کی راہ میں کوئی مشکل نہ ہوگی اور دہلی کالج اور دواخانہ کے متعلق اطمینان سے کام کر سکیں گے لیکن معلوم ہوتا ہے کہ حکیم صاحب کے راستہ میں مشکلات حائل ہیں حکیم صاحب کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس وجہ کی توثیق بدستور ...

”ہندو مہا سبھا تعلیم یافتہ ہندوؤں کی نمائندہ جماعت نہیں ہے“

ڈاکٹر مونجے نے ہندو مسلم سمجھوتہ نہیں ہونے دیا

سر چمن لال سیتلواد کا دوسرا بیان!

شملہ ۹ر جون۔ پریس کے ایک نمائندہ کو بیان دیتے ہوئے سر چمن لال سیتلواد نے فرمایا:۔

میں ان الزامات کا یہاں جواب دینا نہیں چاہتا جو ڈاکٹر مونجے نے اپنے بیان میں مجھ پر عائد کئے ہیں البتہ میں صرف واقعات اور حقائق تک اپنے بیان کو محدود رکھنا چاہتا ہوں ...

میری ذاتی رائے یہ ہے کہ اگر مسلمانوں کے بقیہ مطالبات تسلیم کر لئے جاتے تو مسلم نمائندہ قومی مطالبات کی پرزور حمایت کرتے لیکن ڈاکٹر مونجے اور مسٹر جیکر نے مسلم مطالبات کو منظور کرنے سے انکار کر دیا ...

”ہندوؤں کو اتحاد کانفرنس سے علیحدہ رہنا چاہئے“

گاندھی جی نے دو زبردست غلطیاں کی ہیں

دشمن اتحاد ڈاکٹر مونجے کا ایک اور بیان

پونہ ۹ر جون۔ لندن کو روانہ ہونے سے پہلے ڈاکٹر مونجے نے مندرجہ ذیل بیان دیا ہے:۔

پہلی گول میز کانفرنس میں برٹش مدبروں نے فیڈریشن کا سراب دکھا کر ہندوستانی نمائندوں کو پھنسا لیا اور وہ مرکزی ذمہ داری کے شوق میں اس جال کے اندر پھنس گئے۔ ایک طرف تو برطانیہ نے ان سے یہ وعدہ لے لیا کہ فیڈریشن کے بغیر مرکزی ذمہ داری نہیں دی جائے گی دوسری طرف برطانیہ نے ہر ممکن کوشش اس امر کی کی کہ والیان ریاست فیڈریشن میں شامل نہ ہوں لیکن مہاراجہ الور اور بیکانیر وغیرہ ہندو والیان ریاست نے برطانیہ کی اس چال کو کامیاب نہ ہونے دیا۔ اور فیڈریشن میں شامل ہونے پر تیار ہو گئے۔ اس طرح انہوں نے برطانیہ کو ناراض کر دیا جس کا خمیازہ ان کو آج بھگتنا پڑ رہا ہے۔ ...

”اتحاد کانفرنس کی چال“

تدوین سیرۃ شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ

منتسبین و متوسلین امام العلماء، خاتم المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ اور اکابر دار العلوم دیوبند نے مشترکہ طور پر فیصلہ کیا ہے کہ سیرۃ شیخ الحدیث علیہ الرحمۃ کی تدوین کا کام جلد از جلد شروع کر دیا جائے ...

مسلم لیگ کے نام نہاد نمائندوں کا لندنی طواف

حکومت جھوٹے نمائندوں کے فریب میں آئے

مسلم لیگ کے صدر کا حکومت کو انتباہ

شملہ ۸ر جون۔ میاں عبد العزیز صدر آل انڈیا مسلم لیگ نے ایسوسی ایٹڈ پریس کو مطلع کیا ہے کہ انہوں نے حکومت ہند کے ریفارم کمشنر کے پاس مندرجہ ذیل تار ارسال کیا ہے:۔ ...

ایک دوسرے والیٔ ریاست پر نزلہ

بد انتظامی کی وجہ سے مہاراجہ دیواس کی علیحدگی

شملہ ۹ر جون۔ ایک اور والیٔ ریاست یعنی مہاراجہ دیواس (وسط ہند) کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ وہ ریاست سے اپنے لڑکے کے حق میں دستبردار ہو کر انگلستان جا رہے ہیں۔ ...

سکیبرہ میں ذبح گاؤ کے مقدمہ کا فیصلہ

روزانہ ذبح گاؤ کی اجازت

حضرت مولانا سید انور شاہ صاحب کا وصال

ہمدردوں کا شکریہ

حضرت قبلہ شیخ الاسلام علامہ سید محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے سلسلہ میں احقر کے نام اور عزیز حافظ محمد اظہر سلمہٗ (صاحبزادہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ) کے نام بے شمار تعزیتی خطوط اور سینکڑوں تار موصول ہوئے ہیں ...

احقر سید محفوظ علی عفا اللہ عنہ

از دیوبند ضلع سہارنپور، محلہ خانقاہ

پارلیمنٹری کمیٹی میں گاندھی جی کی شرکت

پونہ کانفرنس کے انعقاد میں تاخیر

مولانا سلطان احمد کو دہلی سے اخراج کا نوٹس

کانگریس کی مجلس عاملہ کے ارکان کو رہا کیا جائے

اسمبلی میں ایک تجویز

اسلام نے دنیا کو کس قدر آزاد کیا

افغانی سفیر کے قتل کا مقصد

افغانی طالب علم کا بیان

پابندی نماز کا زیادہ خیال رکھو

مولانا شوکت علی کی اپنی بیوی اور کارکنوں کو نصیحت

بنگال میں ستر ہزار تعلیم یافتہ بیکار

جاپان کیلئے زندگی اور موت کا سوال

بمبئی میں والیان ریاست کا اجتماع

حکومت بالادست کے اختیارات پر غور

جاپان بھی برطانوی مال پر محصول لگائے گا

جاپان ہندوستانی روئی کا بائیکاٹ کرے گا

امریکہ اور چین سے روئی خریدنے کا انتظام

”ہندوستانی روئی کے بائیکاٹ سے خود جاپان تباہ ہو جائے گا“

ٹوکیو ۸ر جون۔ معلوم ہوا ہے کہ جاپان کاٹن فیڈریشن نے انتظام کر لیا ہے کہ امریکہ کی ادنیٰ قسم کی معدنی چینی روئی میں ملا کر کپڑا تیار کیا جائے اس طریقہ سے جاپان کے کارخانہ دار ہندوستان کی روئی کا بائیکاٹ کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ ...

بمبئی ۱۰ر جون۔ کارخانہ جات پارچہ کے قائم مقام صدر نے جاپان کی دھمکی پر ایک بیان شائع کیا ہے جس میں مذکور ہے کہ جاپان نے ہندوستانی روئی کے بائیکاٹ کی دھمکی بھی دی ہے حالانکہ یہ بالکل لغو اور بے معنی ہے اور جاپان اس دھمکی کو عملی جامہ پہنانے کی جرأت نہیں کر سکتا کیونکہ اس طریقہ سے خود اس کی صنعت تباہ ہو جائے گی۔

گاندھی جی کی صحت کی رفتار

ڈاکٹروں کا معائنہ

پونہ ۱۰ر جون۔ ڈاکٹر اے۔ ای۔ ایرو کر متوطن بمبئی نے آج گاندھی جی کا معائنہ کیا آپ نے ان کی صحت کے متعلق مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے:۔

”گاندھی جی کی صحت بہت آہستہ آہستہ ترقی کر رہی ہے۔ کل سے آپ کے وزن میں کمی نہیں ہوئی ہے ابھی کچھ عرصہ تک جسمانی اور دماغی آرام کی ضرورت ہے۔ بہتر ہے کہ وہ کسی سے ملاقات تک نہ کریں۔“

ہندوستان کے ساتھ برطانیہ کے وعدے

خلف عہد کے لئے جدید دلائل

لندن ۸ر جون۔ ضمنی انتخاب کے قدامت پسند امیدوار سر ازلڈ ولسن کی حمایت میں ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کے ممبر لارڈ سیلیبری نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا: ”وہ لوگ جو ہندوستان کے نہایت اہم مسئلہ کو حل کرنے کی ضرورت سے زیادہ خواہشمند ہیں اور جلد بازی سے کام لینا چاہتے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ ہندوستان کے متعلق آپ نے فلاں پالیسی اختیار کرنے کا وعدہ کیا ہوا ہے۔“ ...

میاں عبد العزیز صدر مسلم لیگ اور سید عبد العزیز

ہوائی بمباری ترک کرنے کا مشروط اعلان

جاپانی نمائندہ کا بیان

گاندھی آشرم میں قرقی

گمشدہ کی تلاش

انتقال پر ملال

چار حکومتوں کے معاہدہ پر دستخط ہوگئے

وہ ملک جہاں انسانوں کی قربانی ہوتی ہے

بچوں کو کنوؤں میں پھینکنے کی رسم

مہذب امریکہ میں وحشیانہ حرکات

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی بصیرت افروز تقریر

(بسلسلہ صفحہ ۳)

حضرت شعبی کا قصہ

سعید بن جبیر

حاصل کلام

شاہ صاحب کا سیاسی عقیدہ

تنگ کی تحریک

(باقی آئندہ)

شیخ العرب والعجم حضرت مولانا سید انور شاہ صاحب کے وصال پر عالمگیر ماتم

علماء و طلبائے دہلی کا شاندار جلسہ تعزیت

حضرت مولانا احمد سعید صاحب و دیگر علماء کی رقت انگیز تقریریں

دہلی ۸ جون- آج بعد نماز عشاء جناب مولانا سلطان محمود صاحب صدر مدرس مدرسہ فتحپوری کی زیر صدارت خاتم المحدثین حضرت العلامہ مولانا سید محمد انور شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ کی وفات حسرت آیات پر اظہار غم و اندوہ کے لئے تمام مدارس عربیہ دہلی کے اساتذہ، طلبہ اور مقامی علماء کا ایک عظیم الشان جلسہ تعزیت مسجد فتحپوری میں منعقد ہوا۔ جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے کیا گیا اس کے بعد جناب مولانا محبوب الہی صاحب استاذ مولوی فاضل و منشی فاضل کلاس فتحپوری نے عربی میں اور چند دیگر حضرات نے فارسی اور اردو میں نہایت رقت انگیز اور پر درد مرثیے پڑھے۔ ان مراثی نے حاضرین پر غم و اندوہ کی ایک خاص کیفیت طاری کر دی۔ ازاں بعد مولانا عبدالوحید صاحب صدیقی منیجر اخبار الجمعیۃ و سابق ایڈیٹر نے خاتم المحدثین رحمۃ اللہ علیہ کے مناقب و فضائل پر ایک پر اثر اور درد انگیز تقریر فرمائی جس کے بعد جناب مولانا سید ... صاحب اکبرآبادی استاذ مولوی فاضل و منشی فاضل کلاس مدرسہ فتحپوری نے ایک پر درد اور عالمانہ تقریر میں حضرت مرحوم کی صفت جامعیت کو بیان کرکے رنج و غم کا اظہار فرمایا اور ذیل کی تجاویز پیش فرمائیں۔ ان کی تائید حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے نہایت ہی رقت انگیز اور درد آمیز تقریر کے ساتھ ...

... الفاظ میں توجہ بھی دلائی تھی۔ لہذا آپ کے تلامذہ و متوسلین کا فرض ہے کہ وہ اس اہم مقصد کو اپنی معمولات زندگی کا ایک اہم جز قرار دے لیں۔ اور امکانی ساعی سے کسی حال میں دریغ نہ کریں۔ (نامہ نگار)

ڈابھیل (سورت)

حضرت مولانا بشیر احمد صاحب کی ولولہ انگیز تقریر

ڈابھیل ۸ جون۔ سوموار ۲۹ مئی ۱۹۳۳ء کو بوقت دوپہر ۱۲ بجے دیوبند سے حضرت مولانا شبیر احمد مدظلہ کی خدمت میں تار پہونچا کہ حضرت شاہ صاحب نے ۲۹ مئی کو شب میں انتقال فرمایا یہ خبر آن کی آن میں طلبہ و مدرسین اور ارکان مدرسہ داخل بستی میں پھیل گئی ہر شخص اس سخت جانکاہ خبر اور اندوہناک سانحہ کو سن کر دم بخود رہ گیا جسکو دیکھو غم و اندوہ کی تصویر بنا ہوا گریہ و بکا میں مصروف اور ہوش و حواس باختہ نظر آتا تھا۔ اور پھر صبر و شکیب کی کوئی صورت میسر نہیں ہوتی اور جس قدر وقت گذر رہا ہے یہ الم انگیز صدمہ اور زیادہ دل کی گہرائیوں میں سرایت کرتا ہوا نظر آتا ہے۔

جامعہ تین روز تک بند رہا اور صبح و شام تمام طلبہ و مدرسین دار الحدیث و دوسری درسگاہوں میں جمع ہو کر قرآن خوانی اور کلمہ طیبہ کے ختم میں مصروف رہے اس وقت تک ایک لاکھ سے زیادہ ختم کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ اور ایصال ثواب کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ ...

[illegible]

سہارنپور

[illegible]

پشاور

[illegible]

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ "منیجر"

تین پیسے میں ایک سو چوالیس صفحے

... منیجر رسالہ نظام المشائخ ... چتلی قبر (؟) دہلی

خورد بنی خضاب

... پانچ روپیہ ... منیجر مفید عام دواخانہ نمبر ۲۳ دربھنگہ (دہار)

وہ خاتون

جس کی ماتا بھری گود پیاری اولاد اور خصوصاً نرینہ اولاد سے آباد نہ ہو ... اس کے لئے ہم ان کی معزز خواتین اور ان کے خاندان کو مبارکباد دیتے ہیں ... قرۃ العین ...

حب مدنی طلائی ... ثابت ہو چکی ہے ...

تریاق عجیب ...

ان کے علاوہ تمام مفرد و مرکب دوائیں صرف صدیقی دواخانہ سے ... حضرت مولانا الحاج حکیم جمیل الدین صاحب ...

صدیقی دواخانہ نورگنج دہلی

ماہوار رسالہ ترجمان القرآن

زیر ادارت ابو الاعلیٰ مودودی

تعلیمات قرآن کی اشاعت، علوم قرآنی کو عام کرنا، مسلمانوں اور غیر مسلموں کو قرآن کے سمجھنے میں مدد دینا، ان کے شکوک و شبہات کو حل کرنا، اور حالات حاضرہ میں قرآن کی ہدایت کو پیش کرنا اس پرچہ کے خاص مقاصد ہیں۔ مذہبی نزاعات اور مناظرہ و مجادلہ سے اس کا مسلک بالاتر ہے۔ جو لوگ قرآن حکیم کو سمجھنا اور اس کے معانی میں بصیرت پیدا کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے اس کا مطالعہ ضروری ہے۔ قیمت سالانہ ... اس رسالہ میں صرف ان کتابوں کے اشتہارات شائع ہو سکتے ہیں جو خصوصیت کے ساتھ قرآن مجید اور عمومیت کے ساتھ اسلام سے متعلق ہوں۔

پتہ: دفتر ترجمان القرآن خیرت آباد حیدرآباد دکن

... مشک، عنبر اور جواہرات ... کا ایک نفیس مرکب ... قیمت فی شیشی ...

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

اکسیر بال سیاہ

طاقت بحال کرنے اور قبل از وقت سفید شدہ بالوں کو جڑ سے سیاہ کرنے والی طلسمی دوا

ناظرین! ہندوستان میں قبل از وقت بال سفید ہونے کی بیماری بری طرح پھیلی جا رہی ہے۔ نوجوانان وطن اس کے خطرناک اور مایوس کن نتائج سے ابھی بالکل ناواقف ہیں اور اس کے علاج و معالجہ میں غیر معمولی کاہلی اور غفلت سے کام لے کر اپنی آئندہ نسلوں کے لئے اس مرض کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں اگر نوجوانان ملک کی غفلت کا یہی حال رہا اور انہوں نے ہمیشہ ہی موجودہ لاپروائیوں سے کام لیا تو بلا مبالغہ یہ بیماری کچھ ہی دنوں میں وبائے عام کی شکل اختیار کر لے گی اور ملک کا ہر فرد و بشر اس نامراد مرض (جو جوانی ہی میں بڑھاپا دکھاتی ہے) کا شکار ہو جائے گا اور جوانی ہی میں بڑھاپے کے آثار نظر آنے لگیں گے۔ ہم نے ملک کے اس عام وبا کو اس کے بیخ و بنیاد سے دور کرنے کے لئے بہت ہی محنت و جانفشانی سے کام لے کر ایک دوا اکسیری نسخہ ایک نیپالی سنیاسی بزرگ سے حاصل کیا ہے جو اس مرض کا جڑ سے قلع قمع کر دینے کے لئے کافی سے زیادہ آزمایا جا چکا ہے اور بفضلہ ہمیشہ اس کے استعمال کرنے میں اکسیر ثابت ہوا دوا کا نام اکسیر بال سیاہ ہے جو انہیں سنیاسی بزرگ صاحب کا بتایا ہوا ہے اکسیر بال سیاہ عرصہ تین چار سال سے ہمارے زیر تجربہ ہے۔ ہم کو اپنے گذشتہ تجربات کی کامیابی کی بنا پر دعویٰ ہے کہ اکسیر بال سیاہ دو ڈھائی ماہ استعمال کرنے سے قبل از وقت سفید شدہ بال خواہ وہ رنج و غم فکر و صدمہ۔ نزلہ و زکام دماغی محنت۔ اعصابی کمزوری کسی وجہ سے بھی سفید ہو گئے ہوں ہمیشہ کے لئے سیاہ ہو جاتے ہیں علاوہ اس کے اکسیر بال سیاہ اعضاء شکنی۔ ریڑھ۔ پشت۔ کمر اور پنڈلیوں کے درد کو دور کرکے تمام جسم میں چستی چالاکی اور جوانی کی امنگ پیدا کرتی ہے اس سے خون کی خرابی دور ہو جاتی ہے اور بدن کا رنگ کندن کی طرح نکھر جاتا ہے۔ جریان کی سالہا سال کی شکایت اس سے ...

[illegible]

پتہ صاف اور خوشخط تحریر فرمائیں۔ ملنے کا پتہ ... جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ آنا ضروری ہے۔

منیجر اکسیر ہاؤس۔ کالی باغ بتیا (چمپارن)

ممسک گولیاں (رجسٹرڈ)

... صوفی اینڈ کو رجسٹرڈ راولپنڈی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ "منیجر"

بے روزگاروں کو خوشخبری

اگر آپ بیکاری سے تنگ آگئے ہیں تو آپ موٹر کا کام ضرور سیکھیں یہ ایک ہنر ہے جس کی ہر جگہ ضرورت ہے اس کام کو سیکھنے کیلئے دہلی کے سب سے پرانے اور معتبر کالج میں داخل ہو کر اپنی ضرورت کو پورا کرو۔ اس کالج کے پاس شدہ ڈرائیور اور فٹر اپنی قابلیت کی وجہ سے ہر جگہ عزت کی نوکری کر رہے ہیں ... کالج گورنمنٹ سے رجسٹری شدہ ہے ... مفصل حالات کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کرو

دی منیجر امپیریل موٹر ٹریننگ کالج نزد امپیریل بنک دہلی

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ (یو۔پی)

نیا سیشن، ابتدائی ... سے شروع ہوگا متوسط الحال طبقہ کے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لئے بہترین درسگاہ ہے۔ دار الاقامہ میں یو۔پی کے علاوہ دوسرے صوبوں کے طلبہ کی بھی کافی تعداد ہوتی ہے۔

امتحان ہائی اسکول، بگر ... بورڈ آف ایجوکیشن یو۔پی سے ملحق ہے۔ انگریزی، ریاضی اور اردو کے علاوہ، تاریخ، جغرافیہ، فارسی، عربی، سائنس، ڈرائنگ، کامرس کی تعلیم کا اچھے پیمانے پر انتظام ہے۔

امسال طلباء کو بمبئی کے مدرسہ جہاز رانی کے امتحان داخلہ کی شرکت کے لئے تیار کرانے کا انتظام کیا گیا ہے۔

تعلیم دینیات کا بھی باقاعدہ انتظام ہے۔

قواعد و ضوابط اور داخلہ کے لئے درخواستیں جلد بھیجئے۔

محمد الطاف حسین ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ الجامعہ

... منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

سفید بال جڑ سے کالا

... پتہ: بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سری (دربھنگہ)

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلیماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

چند کتب نادر الوجود برائے فروخت

[illegible]

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

[illegible]

روزانہ مدینہ بجنور

[illegible]

ضرورت ہے

قابل اور باوسوخ ایجنٹوں کی لال لی سگریٹ کی فروخت کے لئے ہر شہر میں ضرورت ہے تجربہ کار اشخاص کو ضرور درخواستیں کرنی چاہئیں کمیشن معقول دیا جاتا ہے۔ درخواستیں بنام

دی منیجر نیو انڈیا ٹوبیکو کارپوریشن ۹۳ برانڈرتھ روڈ لاہور آنی چاہئیں

جامع اللغات

اردو زبان کا بہترین لغت

مصنفہ خواجہ عبد المجید ... جامع اللغات اردو لسانیہ متعلقہ ...

[illegible]

... خواجہ محمد اختر ... منیجر جامع اللغات کمپنی ... چیمبرلین روڈ۔ لاہور!!

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

شرح اجرت اشتہار
ایک صفحہ
نصف صفحہ
ایک کالم
نصف کالم

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
بلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۷ | دہلی یوم جمعہ ۲۲ صفر المظفر ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۶ جون ۱۹۳۳ء | نمبر ۴۲

آفتاب علم و عرفاں گشت در مغرب نہاں

ترکیب در مرثیہ قدوۃ السالکین زبدۃ الکاملین خاتم المحدثین استاذ الاساتذہ مولانا محمد انور شاہ کشمیری

ای خوش آں رہرو کہ در راہ از دل آگاہ شد   در قدومش چشم حور العین فرشِ راہ شد   رفت اگر از منزلے بیروں بصد عزت برفت   شد بجاوائے دگر داخل باوجِ جاہ شد
از عمل بردست بودش مشعلے افروختہ   کز فروغ او آسمانی رہش کوتاہ شد   تا نپرسی کیست آنکو باچنیں فر و شکوہ   از جہاں دل کندہ و سوی قیامت گاہ شد
جامعِ فضل و ہنر آں مخزنِ علم و کمال   وانکہ از ماہی بخوبی شہرتش تا ماہ شد   نبعِ فیضے کہ شرق و غرب سرشار وی ست   مہرِ عالمتاب یعنی نامش انور شاہ شد

ایں ندا ماں از جہانِ اہلِ اوفتاد و رفت   رفت اندر خون دل کیعلمے بنشاند و رفت

تا چہ شب بود آنشب از عالم کہ انور شاہ رفت   نخلِ ماتم سر زد از خاک و دواں تا ماہ رفت   ای بسا کوہ گراں لرزاں بخود زیں رستخیز   خود بخود پیچیدہ و از جا برنگِ کاہ رفت
عالمے را دادہ عمرے درسِ تفسیر و حدیث   تا بدار الخلد با علم و عمل ہمراہ رفت   بانداے ارجعی در راہ شد لبیک گو   سوی جاناں تن بجاں پرداخت او آنگاہ رفت
ایں نگویم مُرد و بلکہ از پئی اخذ حدیث   سوی فردوس بریں نزدِ رسول اللہ رفت   ایں نگویم نورِ چشمِ اہلِ دانش از میاں   رفت بلکہ از میانِ خیلِ انجم ماہ رفت

عالمِ اجسام از وچوں روی در اصلاح شد   از پئی تعلیم اندر عالمِ ارواح شد

بعد ازیں انور شہ و آں درس گفتنہا کجاست   طالبانِ لذت ذوقِ شگفتنہا کجاست   میتواں صد کوہ و ہاموں در طلب بشگافتن   موشگافیہا چہ شد واں لعل سفتنہا کجاست
خارہای شوق منزل را تواں فہمید و لیک   کعبۂ مقصود کو آسودہ خفتنہا کجاست   دوستاں زیں صدمۂ کامروز عالم پیاست   تابِ ضبطِ گریہ و دردِ دل نہفتنہا کجاست
از من از پست و بلند شعر پرسیدن خطاست   از الم رنجیدہ را سنجیدہ گفتنہا کجاست   فرض کردم درد دل گفتن زمن آید ہمے   لیک گوش ہوش را تاب شنفتنہا کجاست

آبروی ہند و فخر قوم و آں سر خیل کو   آں فروغ "دیوبند" و رونق "ڈابھیل" کو

آں پناہِ ملت و دیں آبروی مؤمناں   ماحیِ آثارِ بدعت آرزوی مؤمناں   خادمِ دینِ محمد مرجعِ اہلِ کمال   باغبانِ باغِ مسلم رنگ و بوی مؤمناں
اَیُّہَا الْقَوْمُ عَلَیْکُمْ لُبْسُ ثَوْبٍ اَسْوَدٍ   از چناں مرگیکہ واقع شد بکوی مؤمناں   میسزد در ماتم آں مقتدای مسلمیں   حشر اگر برپا شود از ہای و ہوی مؤمناں
سالہا باید کہ گردد آسماں گرد زمیں   تا رحق آید دگر چوں او بسوی مؤمناں   کس در علم و ادب نکشود در آخر زماں   رحمت مرحوم بچوں او بروی مؤمناں

زندگی شاید بسلک زندگانی اینچنیں   یافتن باید حیات جاودانی اینچنیں

مہر و مہ را تا درینعالم گزر افتاد باد   ای فلک ایں دور دورانی ترا ہم یاد باد   تاکہ از خاکِ عدم برخیزد آدم در وجود   جوہرش تا قابلِ صد گونہ استعداد باد
زانس و جن ہر دم دعای خیر بر روحش رساد   تاکہ باہم اختلاطِ عالمِ اضداد باد   بزمِ ہستی تا چنیں از مبدأ فیض ست گرم   قصرِ علم از سعیِ شاگردانِ او آباد باد
در بسیطِ خاک در ہر خطہ از فیضِ او   تا قیامت قائم از دانش یکے بنیاد باد   مردِ تقوی و عمل از صحبتِ صدر کبار   یا الٰہی روح او در صدرِ جنت شاد باد

ایں نہ انور شاہ از عالم گزشت ای دوستاں   آفتابِ علم و عرفاں گشت در مغرب نہاں

تا قضا خطِ فنا در جبہۂ آدم نوشت   زاں جہان الشجو زاور درینعالم نوشت   مرگ را فرمود دامنگیرِ جانِ پاکِ او   ہم زخود بیگانہ و ہم با خودش محرم نوشت
بر سر یکعالمے امروز اندر انس و جن   از وفاتِ شاہ انور نامۂ ماتم نوشت   مختصر ایں حادثہ چنداں نہ جاں فرساستی   تا مطول شرحِ او بتوانم ای ہمدم نوشت
دیدہ درخونِ دل بنشاندہ دارم از الم   حرف نتواند کسے با دیدۂ پر نم نوشت   بیدل بیچارہ خستہ در زمانہ یادگار   سال تاریخ وفاتش (پادشاہِ عالم) نوشت ۱۳۵۲ھ

مفت او باد ابہشت از حضرت رب الجلیل   سایۂ طوبیٰ و حور العین و جامِ سلسبیل

ملہ بصورت تخرجہ دل بیچارہ کہ پادراز الف اوست از پادشاہ عالم دور کردہ شود ہزار و سہ صد و پنجاہ و دو ہجری ہویدا میگردد ہیں ست ۔ مراد از بیدل بیچارہ بادشاہ عالم نوشت ۱۲

رقیمۂ احقر حسن خاں بیدل ... متعلم ... فتحپوری دہلی

پورے اسلامی کتب خانہ کی برابر

ایک زبردست اسلامی انسائیکلوپیڈیا

جو ساٹھ اسلامی ضخیم کتابوں کی روح ہے اور جس میں دو ہزار سے زائد دینی اور دنیاوی مسائل ہیں

فلاح دین و دنیا

کتابت و طباعت لاجواب | مختصر فہرست مضامین فلاح دین و دنیا | کاغذ اعلیٰ تقطیع بڑی کتابی

باب اول عقائد ... باب دوم ... باب سوم ... باب چہارم ... باب پنجم ... آداب مریدین

نئی روشنی کے مسلمان مذہب سے ناواقف ہیں

آپ کا گھر اس کتاب سے ہرگز خالی نہیں رہنا چاہیئے

خواجہ بک ڈپو نمبر ۳۲ جامع مسجد دہلی

مصفی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہوگیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کرکے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلا خوف تردید یہ دعویٰ کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کرسکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورہ سے ... سائنٹفک طریق پر تیار کیا گیا ہے۔ خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔

کھجلی۔ داد۔ پھنسیاں وغیرہ حتیٰ کہ سوزاک۔ آتشک اور جذام کا زہریلا مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے نابود ہوتا ہے۔ اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور ... انفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۱۲ خوراک کی شیشی ۱۲؍ علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال :- ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملاکر اور اگر مرض کا جوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے نہایت تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومن ان کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کرکے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کردیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام دوزخ کا کھٹکا ہے اور جس میں جنت کی بشارتیں ہیں اس کا نام جنت کی کنجی ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ایک روپیہ اور جنت کی کنجی کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف دو روپیہ لی جائے گی دونوں حصوں میں کل ۹۹۳ احادیث درج ہیں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

پانچ ترجموں کا قرآن مجید

اب اتنا مشہور اور مقبول ہوچکا ہے کہ اس کے تعارف کیلئے لمبی چوڑی عبارت کی حاجت باقی نہیں رہی ہے۔ مختصر یہ ہے کہ اتنی خوبیوں کا قرآن مجید ہندوستان کیا ہندوستان سے باہر بھی کہیں شائع نہیں ہوا۔ خوشخطی۔ طباعت اور صحت کا غیر معمولی اہتمام کیا گیا ہے۔ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر اردو چڑھی ہوئی ہے۔ انہیں خوبیوں کی وجہ سے حضور نظام نے اس قرآن مجید کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمالیا ہے۔ حضرت شیخ سعدی کا حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب کا حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب کا اور حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ جیسے بزرگوں کے ترجمے بین السطور درج کئے گئے ہیں۔

... مصری کاغذ غیر مجلد ... علاوہ محصولڈاک مجلد چرمی نقرئی ...
... ولایتی کاغذ سفید چکنا غیر مجلد ... علاوہ محصولڈاک مجلد چرمی ...
فرمائش کے ساتھ کم از کم دو روپے پیشگی ضرور ارسال فرمائیں۔

پتہ
منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

قرآبادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے ... اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے اردو قرآبادین کی شدید ضرورت محسوس کی جارہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرآبادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کردیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دواؤں کو خراب کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند فرمایا ہے اور شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرآبادین مفید عام کا ہر اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ... صفحات ہے لیکن اس کو زیادہ عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ ... علاوہ محصول

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا

بھی وہی ہے جو امیروں کا ہے۔ جس طرح امیر مسلمانوں کے لئے خدائی کتاب "قرآن مجید" کی تلاوت ضروری ہے۔ اسی طرح غریبوں کے لئے بھی ضروری ہے لیکن قیمت زیادہ ہونے کی وجہ سے قرآن مجید نہیں حاصل کرسکتے اس لئے ان کی آسانی کے خیال سے ایسا قرآن مجید شائع کیا گیا ہے۔ جس کا ہدیہ تو برائے نام ہے۔ لیکن خوبیوں میں بے نظیر ہے۔ یہ نورانی قرآن مجید ہے جسے ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس نے لکھا ہے۔ عالموں اور حافظوں کی ایک جماعت نے صحت کی ہے چھپائی اتنی اچھی کہ ہر لفظ سوتی کی طرح چمکتا ہے ہر حرف کا اعراب ٹھیک اسی حرف پر لگا ہوا ہے۔ ... سب آسانی سے ملاوت کرسکتے ہیں ہدیہ بلا جلد صرف ایک روپیہ ہے۔ مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے اور مجلد چرمی نقرئی دو روپے ... علاوہ محصولڈاک۔ نورانی قرآن مجید۔ مولانا اشرف علی صاحب کے ترجمے کا بھی شائع کیا گیا ہے۔ اور ٹائیٹل نہایت خوشنما رنگین ہے۔

... سفید کاغذ ... مجلد پارچہ ... علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۲۲ صفر المظفر ۱۳۵۲ ہجری

سیرت محمد علی کے دو ابواب
علمائے امت کے خلاف افسوسناک حملے

(۲)

سادا بل کا ابتدائی دور

الجمعیۃ نے ساردا بل کے ابتدائی دور ہی میں لکھا تھا کہ

"اس معاملہ کا جہاں تک ہندوؤں سے تعلق ہے اگر ان کی معاشرتی اصلاح کے لئے ایسا کوئی قانون بنا دیا جائے تو ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہ ہوگا مگر مسلمانوں کے لئے اس قسم کا قانون بنانا شریعت اسلامیہ میں صریح مداخلت ہے جس پر ہم سختی کے ساتھ احتجاج کریں گے۔ اسلامی شریعت میں محرمات شرعیہ کے سوا ہر مرد کا نکاح ہر عورت سے ہو سکتا ہے اس میں عمر کی کوئی قید نہیں ہے اور خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل سے ثابت ہے کہ ایک ۵۳ سال کا مرد ایک ۹ سال کی لڑکی سے نکاح کر سکتا ہے۔

کی تھی۔ حضرت موصوف نے اپنے مضمون میں تحریر فرمایا تھا کہ

"منجملہ مسائل عقد نکاح کے ایک مسئلہ یہ بھی ہے جو بدقسمتی سے آپ کی دلچسپی کا مرکز ہو گیا ہے اس کا مفہوم صرف اس قدر ہے کہ صغیر اور صغیرہ کے اولیا اگر مناسب سمجھیں اور لڑکی یا لڑکے کے لئے مفید خیال کریں تو بلوغ سے قبل ہی ان کا نکاح کر سکتے ہیں۔ بالغ ہونے کے بعد اگر لڑکا اپنے اولیا کے تصرف کو ناپسند کرے تو لڑکی کو طلاق دے سکتا ہے۔ اسی طرح اگر لڑکی کو بھی یہ تصرف ناپسند ہو تو لڑکی باپ اور دادا کے علاوہ دیگر اولیا کے کئے ہوئے نکاح کو بلوغ کے وقت فسخ کر سکتی ہے ...

حضرت صدر جمعیۃ علمائے ہند کا محولہ بالا مکتوب اور حضرت ناظم جمعیۃ کے مندرجہ بالا اقتباسات اور الجمعیۃ کے مذکورہ بالا مقالات ۱۹۲۸ء کے آغاز کی تحریریں ہیں جو سلیکٹ کمیٹی کی شہادتوں سے پہلے لکھی گئی تھیں ... الجمعیۃ نے کیا اور معترضین کے جوابات علمائے کرام نے دئے مگر سیرت محمد علی کے مولف فرماتے ہیں کہ علماء پر سکوت طاری تھا! (باقی آئندہ)

... ہوا ہے جس میں مولانا محمد علی؟ پر بھی حملے کئے گئے ہیں تو مولانا احمد سعید صاحب نے اس مضمون کا اور مولوی محمد یعقوب صاحب کے مضمون کو سامنے رکھ کر ایک تفصیلی بحث فرمائی تھی جس میں تمام معترضین کو جوابات دئے گئے تھے ہم اس مقالہ کے چند اقتباسات درج ذیل کرتے ہیں۔ تاکہ یہ اندازہ ہو سکے کہ آغاز کار ہی سے اکابر جمعیۃ بالخصوص حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کے کیا خیالات تھے۔ اور انہوں نے اس مسودہ قانون کی کس طرح مخالفت ...

انڈمان میں مقاطعہ جوعی

انڈمان میں ۱۲ مئی سے بہت سے سیاسی قیدی بھوک ہڑتال کر رہے ہیں جن میں سے ایک قیدی مر چکا ہے۔ حکومت ہند کے ہوم ممبر سر ہیری ہیگ نے ان سیاسی قیدیوں کی بھوک ہڑتال کے متعلق جو بیان شائع کیا ہے اور صوبہ متحدہ کے اراکین جمعیۃ مقننہ کے وفد کو جواب دیتے ہوئے جو تقریر کی ہے ہم نے اسے شروع سے آخر تک پڑھا اور ہمیں نہایت افسوس کے ساتھ یہ عرض کرنا پڑتا ہے کہ ہم حکومت کی جانب سے اس قسم کے بیانات کو ہرگز اطمینان بخش نہیں سمجھتے انسانی زندگی خواہ وہ مجرموں ہی کی زندگی کیوں نہ ہو۔ ان بیانات میں جس قدر کم اہمیت دی گئی ہے اور جس بے دردی کے ساتھ اس کا ذکر کیا گیا ہے ہم سمجھتے ہیں کہ اس کا کوئی بہتر اثر نہیں پڑے گا۔ حکومت اگر اس باب میں دانشمندی اور تدبیر سے کام لینا چاہتی ہے تو اس کا فرض ہے کہ ان لوگوں کی شکایات کے متعلق جو اپنی جانیں پر کھیل رہے ہیں ایک تحقیقاتی کمیشن ضرور مقرر کرے اور اس کمیشن کی سفارشات کے مطابق عمل کرنے کا وعدہ کرے ...

حکومت دہلی کی ادھا دھند کارروائی

ہم آج کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کا بیان شائع کر رہے ہیں جو حضرت مولانا نے مولوی سلطان احمد صاحب نائب مفتی جمعیۃ علمائے ہند کے دہلی سے اخراج پر اخبارات کو دیا ہے اس بیان کو پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مولوی سلطان احمد صاحب کے سپرد صرف یہ کام تھا کہ دفتر جمعیۃ میں مختلف مذہبی مسائل کے متعلق جو سوالات موصول ہوتے رہتے ہیں ان کا جواب لکھ دیا کریں۔ چنانچہ موصوف فتویٰ نویسی کے سوا ...

کے متعلق نوٹس میں کوئی وضاحت نہیں ہے بلکہ صرف اس قدر الفاظ لکھے ہوئے ہیں کہ "چونکہ چیف کمشنر کو اس کا اطمینان حاصل ہو گیا ہے کہ تمہارے خلاف بجا طور پر کارروائی کی جائے اس لئے تم کو حکم دیا جاتا ہے کہ تم دہلی سے چلے جاؤ" اس کا کوئی ذکر نہیں ہے کہ یہ اطمینان کیونکر حاصل ہوا ہے اور اس کے لئے کیا ثبوت پیش کیا گیا ہے ...

مسودہ قانون امتناع مسکرات

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

انتقادات

ترجمان القرآن

ماہانہ زیر ادارت مولوی ابوالاعلیٰ مودودی، مقام اشاعت حیدرآباد دکن، سائز ۲۰×۲۶، حجم ۷۲ صفحات، کاغذ سفید چکنا، ٹائیٹل رنگین، کتابت و طباعت اعلیٰ، قیمت سالانہ صہ فی پرچہ آٹھ آنے۔ ملنے کا پتہ منیجر ماہنامہ ترجمان القرآن حیدرآباد دکن۔

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کی ذات گرامی قارئین الجمعیۃ کے لئے محتاج تعارف نہیں ہے۔ الجمعیۃ کی زندگی کے ابتدائی دور میں مولانائے موصوف نے تین سال تک جس اعلیٰ قابلیت اور بلند معیار کے ساتھ جمعیۃ علمائے ہند کے اس ترجمان خصوصی کی ادارت کے فرائض انجام دئے اس سے تمام باخبر حضرات اچھی طرح واقف ہیں۔ الجمعیۃ سے علیحدگی اختیار کرنے کے بعد سے آج تک آپ کا قیام حیدرآباد دکن میں ہے اور آپ کا تمام وقت علمی مشاغل میں صرف ہو رہا ...

میونسپل ریویو

مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

"سیرت محمد علی" اور جمعیۃ العلماء
گمراہ کن اتہامات کی تردید

محترم مدیر الجمعیۃ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ سیرت محمد علی پر جو تنقید آپ فرما رہے ہیں حقیقت میں آپ اس کے لئے بہت بہت شکریہ کے مستحق ہیں کیونکہ آپ نے قریب قریب وقت ہی پر قوم کو صحیح حقیقت سے روشناس کرا دیا۔ بیشک آپ نے اپنا فرض ادا کر دیا ہے مگر قوم بھی تو صحیح رہنمائی کا شکریہ اپنا فرض سمجھتی ہے۔

آپ کو معلوم ہوگا کہ آج کل سچ میں مولانا محمد علی صاحب کے وہ پرائیویٹ خطوط ...

گرتے مردے

چینی ترکستان یا انقلابات کی سرزمین
موجودہ "بغاوت" کے اسباب و علل پر ایک چینی اخبار کا بیان
روس اور چین کا الزام برطانیہ پر

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

چینی ترکستان کے قدیم و جدید حالات پر مشتمل ایک مضمون اخبار "پیپلز ٹریبیون" میں مسٹر نیک گوڈون کے قلم سے شائع ہوا ہے۔ ہم ناظرین کرام کیلئے اس کا ترجمہ ذیل میں شائع کرتے ہیں۔

مضمون نگار نے چینی ترکستان کے مسلمانوں کو بار بار "باغی" کے مکروہ نام سے یاد کیا ہے جو تحریک حریت کے پیش نظر ایک بے معنی اور توہین آمیز لفظ ہے لیکن ہم نے اس لفظ کو ترجمہ میں باقی رکھا ہے تاکہ مضمون نگار کا مقصد قارئین کرام پر ظاہر ہو جائے ...

۱۸۴۷ء میں حکومت برطانیہ نے کشمیر پر قبضہ جما لیا۔ کشمیر کے مسلمانوں نے، جو پہلے چین کے محکوم تھے، چینی ممالک پر حملے کرنے شروع کر دئے اور لداخ اور دیگر شہروں کو فتح کرتے ہوئے چینی ترکستان میں پہنچ گئے۔ کشمیر کا علاقہ حکومت ہند کے ماتحت آ گیا۔

تیل کے چشمے اور معدنیات

سنکیانگ (چینی ترکستان) کے جنوب مغرب میں قیمتی معدنیات کا کافی ذخیرہ ہے ...

انقلابات کی سرزمین

چینی ترکستان کی قدیم عظمت

بغاوت کا سبب

برطانیہ پر الزام

تمیں لاکھ مسلم آبادی

عہد بہ عہد حکمرانیاں

... نے (اور بھی چینیوں) اور منچوؤں نے حکومت کی آخر الذکر قوم کے افراد نے اپنی قوت کو اس سرزمین میں ٹھہرایا اور ۱۸۶۶ء تک اس پر قابض رہے۔

۱۸۵۰ء میں روس اپنی قوت کو وسط ایشیا کے جنوب اور ہندوستان کے شمال میں بڑھاتا ہوا چینی ترکستان کی سرحد تک پہنچ گیا۔ ۱۸۵۱ء میں جاپان اور روس کے درمیان ایک تجارتی معاہدہ ہوا۔ ۱۸۶۵ء میں روس نے تاشقند کو فتح کر لیا اور ۱۸۶۶ء میں خوقند اور ۱۸۶۸ء میں سمرقند کو بھی فتح کر ڈالا۔

... نصف حصہ ہیں۔ ان عناصر نے مل کر چین کے خلاف ایک ایسی اکثریت حاصل کر لی ہے جس کا مقابلہ مشکل ہے۔ غرض چینی ترکستان جس کا قدیم اور اصلی نام سنکیانگ ہے اور جو چین کا ایک قدیم ترین ملک ہے وہ آج چین کے ہاتھوں سے نکل گیا ہے۔ ڈوبو تو برمقام پر اب جاپانی خطرات سے نئی چین کو دو چار ہونا پڑے گا۔ گویا سیاسی مفکر صلح اور برادرانہ تعلقات اور ایک نئے آرڈر کے قیام کی بابت خیال آرائیاں کر رہے ہیں!

سابق شاہ امان اللہ خاں کے موجودہ مشاغل
فٹ بال کے میچ میں شرکت

روم میں اینگلو اٹالین فٹ بال کا میچ بڑے زور شور سے ہوا جس میں اٹلی کے ڈکٹیٹر سنیور مسولینی اور سابق شاہ امان اللہ خاں نے بھی شرکت کی۔ ... برابر شاہ امان اللہ خاں کی کرسی بھی بچھائی گئی اور وقت سے پہلے یہ دونوں اپنی اپنی کرسیوں پر جا بیٹھے۔ کھیل کے دوران میں ایک کھلاڑی نے گیند پر کک لگائی اور گیند بہت بلند ہو کر آوٹ ہو گئی۔ اتنے میں لوگوں نے دیکھا کہ ایک شخص اپنی کرسی سے اٹھا جس کی نگاہ گیند پر جمی ہوئی تھی۔ اس نے گیند پر ایک کک لگائی اور اسکو میدان میں بھگا دیا۔ یہ شخص سابق شاہ امان اللہ خاں تھے ...

ہنگری کے ایک شخص نے وزیراعظم ہنگری کو سگریٹ رکھنے کیلئے لکڑی کا ایک بکس دیا ہے اس بکس میں ایک دیا سلائی بھی رکھدی ہے جس میں کمال یہ کیا ہے کہ دیا سلائی پر وزیراعظم کی وہ پوری تقریر لکھ دی ہے جو انہوں نے "فوجی ملازمت" کے عنوان پر کی تھی اور جس میں ملازمتوں کا پورا خاکہ کھینچا تھا۔ یہ تقریر ۷۶ الفاظ پر مشتمل ہے۔ لکھنے والے نے دیا سلائی پر اس پوری تقریر کو اس خوبی اور صفائی سے لکھا ہے کہ پڑھنے والا بآسانی پڑھ سکتا ہے۔ لکھنے والے کا بیان ہے کہ یہ کام اس نے تین مہینوں کی محنت کے بعد پایۂ تکمیل کو پہنچایا ہے۔ (اسٹیٹسمین)

دنیا کو حیرت میں ڈالنے والا طبی تجربہ
ایک شخص کا دل نکال کر پھر اسکی جگہ رکھدیا گیا

دیا سلائی پر ۷۶ الفاظ کی تقریر

دہلی گورنمنٹ کی غیر ذمہ دارانہ اور بے دردانہ حرکت

مولانا سلطان احمد کا دہلی سے اخراج کس جرم پر مبنی ہے؟

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا اعلان

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے حسب ذیل بیان اخبارات کو بغرض اشاعت دیا ہے :۔

عالمگیر اقتصادی کانفرنس میں ملک معظم کی تقریر

۶۷ سلطنتوں کے نمائندوں کا عدیم النظیر اجتماع

وزیر اعظم کی صدارت میں دو کمیشنوں کا تقرر

لندن ۱۲ جون ۔ یہاں لندن میں ملک معظم نے عالمگیر اقتصادی کانفرنس کا افتتاح کیا جس میں ۶۷ سلطنتوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

دار الحکومت

بارہ ہندو راؤ دہلی میں مشاعرہ

پریڈ کے میدان میں ایک پٹھان کا قتل

پانچ مسلم طلباء کے خلاف مقدمہ کی سماعت

تعلیمی نظام میں اصلاح کی ضرورت

ریاست الور کے نظم و نسق میں تبدیلیاں

اخراجات میں تخفیف کی جائیگی

ترکی میں بلغاریوں کے خلاف زبردست مظاہرے

مسلمانوں کی قبروں کو توڑنے کی مذموم حرکت

شہداء کے لئے ایصال ثواب کی مجلسیں

کلکتہ کی بندرگاہ پر جہاز میں آتشزدگی

کوششوں کے باوجود آگ مغلوب نہ ہوسکی

دہلی میں گردن توڑ بخار کی شدت

اس خوفناک مرض سے بچنے کا علاج

افغانی سفیر کے قتل پر حیرت کا اظہار

ہز ایکسلنسی علی محمد خاں وزیر تعلیمات کا بیان

مسلم لیڈروں کی گرفتاری کے خلاف احتجاج

کشمیر کے مسلمانوں کا زبردست جلسہ

کرنل میکڈانلڈ کی قبر کی بے حرمتی

پشاور کے ایک گاؤں پر سرکاری جرمانہ

مسلم لیگ کا کوئی جائنٹ سکرٹری نہیں ہے

آل انڈیا مسلم لیگ کے صدر کا اعلان

اسمبلی میں التواء اجلاس کی تحریک

اقلیتوں کیلئے آسامیوں کا مسئلہ

دہلی مارکیٹ کا تازہ نرخ

پانچ مکانات کی بیک وقت تلاشی

سازش کے سلسلہ میں چھ نوجوانوں کی گرفتاری

جموں میں پانچ مسلمانوں کی گرفتاری

تقریر کرنے کا الزام ۔ دو کو سزا

سیاسی مباحث میں گاندھی جی حصہ لیں گے؟

ڈاکٹروں کی رپورٹ کا انتظار

عالمگیر اقتصادی کانفرنس میں شرکت سے انکار

وزیر ہند کو سر پرشوتم داس کا کورا جواب

برطانیہ کے توہین آمیز رویہ پر احتجاج

کالے پانی میں سیاسی اسیروں کی موت

بھوک ہڑتال کے باوجود مطالبات منظور نہیں کئے جاسکتے

حکومت ہند کے ہوم ممبر کا بیان

برطانیہ اور ہندوستان میں سمجھوتہ ناممکن ہے

تحریک سول نافرمانی کا التواء ایک مصیبت ہے

لندن میں سوباش چندر بوس کی تقریر

اسپین میں راہبوں اور گرجاؤں پر آفت

گرجاؤں کی قیمتی اشیاء ضبط

افغانستان میں نوجوانوں کی فوجی تربیت

مختلف اقوام و قبائل کے جوانوں کو دعوت عمل

قیامت کہاں آئی؟

ہندوستان کے توہم پرستوں کی طفلانہ حرکت

جاپانی اور ہندوستانی نمائندوں کی کانفرنس

حکومت ہند نے جاپان کو اطلاع دیدی

جرمن میں نازیوں کا استبداد

وائس چانسلر بھی جان بچا کر بھاگے

ایران میں امریکن روئی کی کاشت

محکمۂ زراعت کی جدت پسندی

گاندھی جی کے فرزند کی شادی

شادی کیلئے دلہن، دولہا کے گھر پر

آئرلینڈ میں فوجی نقل و حرکت

روس سے توپوں کی برآمد

کانگریس اور حکومت میں صلح

لندن میں موافقوں اور مخالفوں کی کوششیں

آفتاب اسلام کی ضیاء پاشیاں

سابق نام	اسلامی نام	عمر
مسمی خزان	عبد السلام	۲۵ سال
بندو	عبد الکریم	۲۹ سال
مسماۃ تونگی	کنیز فاطمہ	۱۶ سال
اوڑھی	آمنہ	۲۰ سال
مسمی آنند شرپ	عبد اللہ	۴۰ سال
مسماۃ بھاگیتی	محبوبہ	۱۶ یا ۱۷ سال

اقتصادی کانفرنس کے اجلاس میں گڑبڑ

امریکن نمائندوں کا عدم تعاون

کارخانہ کے مزدوروں پر حملہ

جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور کے چھوٹے ڈکٹیٹر کی رہائی

باشندگان ہند کے مذہب میں مداخلت نہ کیجائے

پنڈتوں اور شاستریوں کی یادداشت

امریکہ نے برطانیہ کی قسط کو ٹھکرا دیا

جرمنی میں بیکاروں کی تعداد میں کمی

جامعہ اسلامیہ ڈابھیل میں

درس بخاری شریف کا جدید انتظام

فخر المحدثین شیخ الحدیث حضرت مولانا انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا سانحہ ارتحال اس دور آخر میں سارے عالم اسلامی کے لئے عموماً ایسا عظیم ترین حادثہ ہے کہ جس نے تمام مسلمانوں کے قلوب کو غمگین و افسردہ کردیا ہے لیکن کارکنان جامعہ اسلامیہ ڈابھیل اس سانحہ روح فرسا سے خصوصیت کے ساتھ اس تعلق کی بناء پر جو حضرت شاہ صاحب علیہ الرحمۃ کو جامعہ کے ساتھ تقریباً پانچ سال سے تھا، بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ کارکنان مدرسہ و طلبا حدیث اس انتظار و اشتیاق میں چشم براہ تھے کہ عنقریب حضرت شاہ صاحب علیہ الرحمۃ ڈابھیل تشریف لاکر تشنگان علوم و معارف نبوی کو سیراب فرمائیں گے۔ لیکن قضاء و قدر کے فیصلوں کے سامنے تمام عالم سرنگوں و درماندہ ہے اللہ تعالیٰ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو فردوس اعلیٰ میں مقیم فرمائے اور جملہ پسماندگان بہجور کو صبر جمیل کی توفیق ارزانی فرمائے۔

...

نے بخاری شریف کا درس شروع کرادیا ہے حق تعالیٰ حضرت مولانا مدظلہ کے فیوض و برکات کو مدت دراز تک ہمارے اور سب مسلمانوں کے اوپر قائم رکھے آمین۔

احمد بزرگ مہتمم مدرسہ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل ضلع سورت

رہنمائے حجاج کے نام سے ایک نیا بل

حکومت ہند کی غلط اندیشی

ہندوستانی حجاج کو جن تکالیف سے سامنا کرنا پڑتا ہے وہ سالہا سال سے حکومت سن رہی ہے مگر ٹس سے مس نہیں ہوتی جو تجویز بھی حجاج کے آرام اور راحت کیلئے پیش ہوتا ہے حکومت اس کو کسی عذر سے ٹال دیتی ہے۔ اپریل سنہ میں باوجودیکہ اسلامی پریس نے اس پر احتجاج کیا ایک غیر مفید تکلیف دہ قانون منظور کرالیا گیا اب غریب لوگوں پر پابندیاں بڑھانے کیلئے جو حج کیلئے لوگوں کو دعوت دیتے ہیں ایک نیا بل اگست میں پیش ہوگا تاکہ دعوت حج کے راستہ میں مزید مشکلات پیدا ہو جائیں یہ بل اس وقت میرے سامنے ہے حکومت کوئی مثال ایسی پیش نہیں کرسکتی جس سے یہ ثابت ہو کہ ہند میں حجاج کو دعوت حج دینے والوں نے یہ دھوکہ دیا۔ یا مال لوٹا۔ اگر ایسی کوئی مثال موجود ہے تو حکومت اس کو پیش کرے جمعیۃ علمائے ہند نے اور اسلامی پریس نے اس بل کی مخالفت کی تھی اور ہر وہ شخص جو حکومت ہند کی حجازی پالیسی سے واقف ہے یا جس کے دل میں اسلامی ارکان حج کی وقعت ہے وہ اس کی مخالفت کرے گا۔ میں تمام اسلامی اخباروں اور اسلامی مجالس نیز جمعیت علمائے ہند سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ فوراً اس کے خلاف موثر آواز اٹھائیں تاکہ یہ حج روکنے والا بل اسمبلی میں پیش نہ ہو۔

آنریبل سر میاں فضل حسین صاحب نے یہ فیصلہ کرلیا ہے کہ اپنے عہد وزارت کے دوران میں ایسے درخشاں کارہائے نمایاں حج کے مسئلہ میں کرجائیں جس کو مسلمان کبھی برداشت نہ کریں مصائب و مشکلات کے بڑھانے میں کوئی کسر باقی نہ رہے۔ کاش آپ اس عہدے کی بجائے اپنی ضمیر اسلام اور قومی بھلائی کی آواز کو سنتے۔

...

حکومت پنجاب نوٹ کرلے

پراونشل حج کمیٹی کا قیام!!!

...

مسلمانان پلکھوہ کا نمائندہ جلسہ

تعزیری پولیس کی میعاد میں توسیع کا مطالبہ

سلکھوہ کے واقعات سے اخباری دنیا واقف ہوچکی ہے یہاں ان کے اعادہ کی ضرورت نہیں۔ ...

... راجپوتوں اور ہندوؤں کو شہ دی اور حکومت کی قائم کردہ دفعہ ۱۴۴ کو توڑا وہ بدستور اپنی شرارتوں میں منہمک ہیں اور حکومت نے اب تک کوئی بازپرس نہیں کی مسلمانوں کا یہ جلسہ حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ ان فسادی ہندوؤں کو گرفتار کرکے جلد از جلد امن و امان کو قائم کرے۔

رحیم الدین پلکھوہ ضلع میرٹھ

ابوالکلام لائبریری اترولی ضلع علی گڈھ

جناب حاجی محمد موسیٰ خانصاحب رئیس دناولی نے لائبریری کا معائنہ فرماکر اپنی مسرت کا اظہار فرمایا اور کارکنان کی ہمت افزائی کی۔ حاجی صاحب نے ازراہ عنایت اپنی تصانیف کا ایک مکمل سٹ بھی عطا فرمایا ہے جس کے لئے ہم حاجی صاحب کے بے حد شکر گذار ہیں۔

حال ہی جناب خواجہ حسن نظامی صاحب نے بھی اپنی تصانیف کا ایک حصہ ارسال فرمایا ہے۔ ہم خواجہ صاحب سے درخواست کرتے ہیں کہ بقیہ تصانیف سے بھی جناب لائبریری کی اعانت فرمائیں گے۔

...

اگر خفوڑی خفوڑی امداد فرمائی گئی تو یقیناً قلیل عرصہ میں لائبریری ایک مستقل شکل اختیار کرے گی جو مسلمانوں کے خوشگوار مستقبل کی ضامن ہوگی۔

اسلامی جرائد سے امداد کی ہم اپیل کرتے ہوئے دکھ محسوس کرتے ہیں اس لئے کہ اسلامی جرائد کا جس اقتصادی مشکل سے مقابلہ ہو رہا ہے وہ عام اپیل کرنے سے مانع ہے تاہم وہ جس قدر زیادہ سے زیادہ جس اعانت کا مستحق سمجھیں اس سے مطلع فرمائیں ہم فی الحال عارضی امداد کے طالب ہیں۔ عنقریب میں انشاء اللہ ہم اسلامی جرائد سے کوئی اعانت طلب نہیں کریں گے بلکہ ہر موثر اسلامی جریدہ کو اعانت پہنچانا ہمارا فرض ہوگا۔

سید رضا حسن علی۔ آنریری اسسٹنٹ لائبریرین

میرٹھ میں جھٹکا مارکیٹ کے خلاف احتجاج

۱۷ اپریل ۳۳ء یوم جمعہ کو جامع مسجد میرٹھ میں بعد نماز جمعہ ایک عظیم الشان جلسہ بصدارت حکیم حافظ سید محمد مشتاق علی صاحب کیشوری منعقد ہوا جس میں میونسپل بورڈ میرٹھ کی جھٹکا مارکیٹ اور دست مارکیٹ بنانے کی تجویز کے خلاف آواز بلند کی گئی جو ماہ حال میں ارکان میونسپل بورڈ نے مسلم رائے عامہ کے خلاف پاس کی تھی حالانکہ مسلمانان میرٹھ نے اپنی تجویز کو اب سے کئی سال پہلے ہی ٹھکرا دیا تھا اور اب بھی اس تجویز کے خلاف جوش پھیلا ہوا ہے اور مسلمان کسی طرح اپنی گوشت کی دوکانوں کو شہر سے باہر مارکیٹ کی صورت میں دیکھنا ایک لمحہ کے لئے گوارا نہیں کرتے۔ چنانچہ اس جلسہ میں ارکان میونسپل بورڈ کے اس طرز عمل سے اظہار ناراضگی کرتے ہوئے لوکل سلف گورنمنٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپنے اختیار خصوصی سے اس تجویز کو جلد سے جلد مسترد کردے۔

بازار ریزیڈنسی کی واپسی پر اظہار مسرت

مرجون ۳۳ء دفتر انجمن مرکزی اصلاح البہشتیان بلیماران دہلی میں ایک جلسہ زیر صدارت حافظ شہاب الدین صاحب ۸ بجے شب منعقد ہوا حسب ذیل تجویز پاس ہوئی۔

مرکزی انجمن اصلاح البہشتیان کا یہ جلسہ اعلیٰ حضرت حضور نظام حیدرآباد دکن کے ریزیڈنسی بازار رکھنے پر مبارکباد دیتا ہے اور اظہار مسرت کرتا ہے ...

...

شیخ العرب والعجم حضرت مولانا سید انور شاہ صاحب کے وصال پر عالمگیر ماتم

فرخ آباد

نماز جمعہ کے بعد جامع مسجد فرخ آباد میں جمعیۃ علماء فرخ آباد کے زیر اہتمام مسلمانوں کا جلسہ ہوا۔ جلسہ کی صدارت حضرت مولانا عبداللطیف صاحب خطیب جامع مسجد نے فرمائی۔

آج کل لندن میں دول عالم کی جو اقتصادی کانفرنس منعقد ہو رہی ہے اس میں تمام دنیا کی سو حکومتیں شامل ہیں اور ان کی نمائندگی کے لئے مندوبین کی ایک کثیر تعداد شریک ہو رہی ہے۔ یہ سب مندوبین مل کر یہ سوچ رہے ہیں کہ اس وقت عام کساد بازاری اور تجارت کی تباہ حالی کے جو اسباب و علل ہیں ان پر کس طرح قابو پایا جائے اور جو حالات روبہ تنزل ہیں انہیں کیونکر درست کیا جائے ...

مسلمانوں کی مجالس

اینٹی کمیونل لیگ

کیا پونا کانفرنس کوئی آخری فیصلہ کرسکتی ہے؟

چند قابل غور امور

جب سے کہ گاندھی جی کا برت ختم ہوا ہے اور سول نافرمانی دوبارہ چھ ہفتے کے لئے ملتوی کی گئی ہے۔ ملک کے سیاسی حلقوں میں پونا کی مجوزہ کانفرنس سے قبل مختلف خیالات کا اظہار کیا جا رہا ہے اور مسٹر آصف علی کے اس مکتوب نے تو بحث و نظر کا ایک جدید راستہ کھول دیا ہے ...

اتحاد پیدا کرنے کی کوشش کرے۔ ممکن ہے کہ موجودہ حالات میں جبکہ دستوری مسودہ عنقریب پارلیمنٹ میں پیش ہونے والا ہے۔ فوراً کسی صاف و صریح اعلان پر اصرار نہ کیا جائے۔ مگر حکومت کی موجودہ اور آئندہ پالیسی کے متعلق ...

اخلاقی ذمہ داری

آئینی دشواری

کونسلوں میں داخلہ

ملکی حقوق کا مسئلہ

حکومت پر ذمہ داری

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

برلن میں سفیر افغانستان کے قتل کی تفصیلات

لاہور کے مرزائیوں نے مسجد کو قہوہ خانہ بنا دیا ہے

موجودہ "احمدی" امام کے دلچسپ کارنامے

(از نامہ نگار خصوصی مقیم برلن)

(دہلی کے مکتوب جرمنی میں سفیر افغانستان کے قتل کے سلسلہ میں جن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے، اڈیٹر الجمعیۃ کا ان سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔ الجمعیۃ)

مرزائی لڑکوں کی لفت پریں

جرمنی پولیس کی اطلاع

نسل انسانی کیلئے توحید کے مبلغ اعظم کا پیغام

تمام انسانوں کا خدا ایک ہے اسلئے انسانوں کو بھی ایک ہونا چاہئے

اتحاد اقوام، مساوات اور اخوۃ انسانی کا پہلا مبلغ

(از ادارہ)

گزشتہ تین نمبروں میں ہادی عالم، خاتم المرسلین، سرور کونین، محبوب رب العالمین صلے اللہ علیہ وسلم کی پاک زندگی کا جو مختصر نقشہ پیش کیا گیا ہے اس سے ناظرین کرام حضور کی سیرۃ کی اہمیت و عظمت کو اچھی طرح سمجھ گئے ہوں گے ...

نسل انسانی کا ایک ہی خدا

الحمد للہ رب العالمین۔ سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام عالمین کا رب ہے۔

اتحاد اقوام اور مساوات

سب انسان برابر ہیں

عالمگیر اخوۃ کا نقشہ

ذات و صفات کی حقیقت

عالمگیر ربوبیت

تمام قومیں

حکومت اور کانگریس میں باعزت سمجھوتہ کیلئے گاندھی جی کا اقدام

آخری قدم اٹھانے سے پہلے پونہ کانفرنس میں تعاون کے مسئلہ پر غور

سول نافرمانی کی واپسی کیلئے پنڈت مالویہ کا اظہار خیال

وائسرائے سے ملاقات کیلئے گاندھی جی شملہ جائینگے؟

ملاقات کی پہلی شرط یہ ہے کہ سول نافرمانی کو دوبارہ شروع نہ کیا جائے

الہ آباد اور فیض آباد جیل سے قبل از میعاد سیاسی قیدیوں کی رہائی

الہ آباد ۲ جولائی - گزشتہ چند ہفتوں میں الہ آباد ڈسٹرکٹ جیل سے سول نافرمانی کرنے والے قیدیوں کو رہا کردیا گیا ہے ...

شملہ ۲ جولائی - معاصر اسٹیٹسمین کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ اطلاع دیتا ہے کہ سول نافرمانی کے التوا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے شاید گاندھی جی وائسرائے سے ملاقات کرنے کے لئے شملہ تشریف لائیں ...

دار الحکومت

دہلی کی توسیع کیلئے ایک مکمل اسکیم

کشادہ اور صحت بخش مکانوں کی تعمیر

دہلی سیونسپل کمیٹی کا مبارک اقدام

دہلی اور یوپی میں بارش کی کثرت

سینکڑوں مکان گر پڑے گنگا میں طغیانی

جان و مال کا کثیر نقصان

حکومت یوپی اور سول نافرمانی

سیاسی قیدی اور ضبط شدہ عمارات

ہندوستان سے چاندی کی نو ہزار سلیں امریکہ کو

اقتصادی کانفرنس میں چاندی کا مسئلہ

ہندوستانی اور امریکن مندوبین میں اختلاف

دوسرے ممالک کا الٹیمیٹم

اچھوتوں کی تعلیم پر دس لاکھ روپیہ

یوپی کونسل نے تجویز منظور کرلی

مولانا داؤد غزنوی بھی نظر بند کردیئے گئے

تین اشخاص غرق ہونے سے بچائے گئے

مہذب یورپ کا اخلاقی معیار

شراب نوشی کی حمایت

بلا محصول ہندوستان میں چاندی کی درآمد

چاندی کی کثیر مقدار ضبط کرلی گئی

نظر بند بنگال رہا کردیئے جائینگے؟

اسمبلی کا آئندہ اجلاس

چار اشخاص کو پھانسی کی سزا

۲۲ مسلمانوں کو قتل کرنے کا جرم

اعلان تعطیل

ڈیڑھ ارب کا سونا غیر ممالک کو

ریلوے ملازمین میں تخفیف کا کلہاڑا

بھرتپور میں ہلچل

لگان وصول کرنے کیلئے فوج کی روانگی

ٹوکیو میں ۴۰ نوجوان لڑکیوں کی گرفتاری

جرمنی میں کیتھولک انجمنیں بند

لندن سے سر سپرو کی واپسی

امام یمن اور برطانیہ میں سمجھوتہ

گاندھی جی ہندو مسلم مسئلہ کو حل کرنے کیلئے تیار نہیں ہوتے

تحریک اچھوت ادھار غیر مناسب وقت پر شروع کی گئی ہے

مسٹر آصف علی کی تائید میں ڈاکٹر محمود الدین صاحب کا بیان

نئی دہلی ۳۰ جون - ڈاکٹر محمود الدین جنرل سکرٹری اتحاد کانفرنس نے ذیل کا بیان شائع کرایا ہے ...

تحریک دلت ادھار کی بنیادی کمزوری

گاندھی جی اور مہاسبھا

گاندھی جی کی غلطی

شیر برطانیہ کی گرج نے سوویٹ روس کو مرعوب کردیا

سفیر روس اور سر سائمن کی گفتگو کے بعد برطانوی انجنیروں کی رہائی

روس اور برطانیہ میں تجارتی تعلقات پھر قائم ہوگئے

لندن ۲ جولائی - شیر برطانیہ کی چنگھاڑ سے مرعوب ہو کر آخر کار روس نے اپنے ہتھیار ڈال دیئے - مسٹر تھورنٹن اور میکڈانلڈ ... کو رہا کردیا گیا ...

صوبہ سرحد کی خبریں

ایک کارکن کو تین سال قید کی سزا

ایک موضع پر جرمانہ

کانگریسی تحریک

مسٹر بالڈون کی لنکا شائر کو تنبیہ!

ہندوستان کو تحریک بائیکاٹ سے روکا نہیں جا سکتا

اسی میں خیر ہے کہ ہندوستان کو راضی کیا جائے

روس کو آخر برطانیہ سے دبنا پڑا

برطانی انجنیئر رہا کردیئے جائینگے

جرمنی میں بیکاری کو دور کرنے کی اسکیم

ہر ہٹلر کا جدید اقدام

اقتصادی کانفرنس کی کارروائی بند

فرانسیسی وزراء مایوس ہوگئے

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(بسلسلہ صفحہ اول)

ازبلا کی پشیمانی

تلامذۂ خاتم المحدثین کے اجتماع کی ضرورت

ایک برمحل اور پسندیدہ تجویز

انجمن سعادت بخارا و ترکستان کا اجلاس

علامہ سید محمد انور شاہ اور سردار عبد العزیز خاں کے وصال پر اظہار ملال

ہندوستانی مسلمانوں پر سر آغا خاں کے دورے

برطانیہ سے تجارتی رشتہ قائم کرنے کا مشورہ

شیکسپیئر کا پہلا ایڈیشن ۵ ہزار پونڈ کو فروخت ہوا

غیر ملکیوں سے برطانوی خواتین کی شادی

طوفان باد و باراں میں پانچ جانیں تلف ...

مسلمانان پنجاب کے اتحاد و امن پر کاری ضرب

ہائی کورٹ کا ایک خطرناک فیصلہ

پنڈ دادن خاں ضلع جہلم میں ایک مسجد کھجوری والی کے نام سے موسوم ہے۔ اس مسجد کے بانی سے لیکر آج تک امام اور مقتدی اہل سنت ہی چلے آتے ہیں۔ وہاں شیعوں نے مسلمانوں کے امن کو برباد کرنے کے لئے اس مسجد پر عمل و دخل حاصل کرنا چاہا اور مسجد کے اندر اپنے علیحدہ مذہبی مراسم ادا کرنے پر زور دیا اور سینیر سب جج کی عدالت میں دعوے کر کے اپنے حق میں فیصلہ حاصل کیا۔ اہل سنت نے سب جج کے فیصلہ کے خلاف عدالت سشن جج جہلم میں اپیل دائر کیا۔ سشن کورٹ نے اہل سنت کے حق میں فیصلہ دیا۔ سشن جج نے ہائی کورٹ میں اپیل کیا کئی سال کے بعد جسٹس جے لال جسٹس عبدالرشید نے شیعوں کے حق میں فیصلہ دے دیا ہے۔ اخبارات کے مطالعہ سے معلوم ہوا ہے کہ فاضل ججان نے اپنے فیصلہ میں لکھا ہے کہ مسلمان ہر مسجد میں نماز پڑھ سکتا ہے۔ اس فیصلہ سے ملحد بے دین۔ بے نماز۔ اور منفرنج، مسلمانوں کا ایک گروہ خوشی ومسرت کا اظہار کر رہا ہے یہ لوگ مساجد کو بھی میونسپل پارک یا کمپنی باغ سمجھ رہے ہیں۔ جن لوگوں کو عمر بھر مسجد میں باجماعت نماز پڑھنے کا موقع نہ ملا ہو۔ ان کو اس فیصلے کے مضر نقصان اور تباہ کن اثر کا احساس نہیں ہو سکتا یہ فیصلہ عبادت کی اصلی غرض اور ساجدین و راکعین کے اطمینان قلب کو برباد کردیگا مسلمانوں کی اجتماعی حیات کا سوال تو درکنار بلکہ اس فیصلے کے ذریعے ہرجگہ باہمی مقدمہ بازی۔ قتل وغارت۔ نفرت وعداوت کا بازار گرم ہوگا ایک مسجد کے اندر مرزائیوں۔ سنیوں۔ شیعوں۔ چکڑالویوں وغیرہ کی علیحدہ علیحدہ اذانیں ہوں گی شیعہ اذان میں اشہد ان علیا ولی اللہ وخلیفہ رسول اللہ بلا فصل کے الفاظ کہکر اپنی جماعتی تبلیغ کا حق ادا کریں گے مرزائیوں کا اردو لی گروہ اشہد ان احمد جری اللہ فی حلل الانبیاء کہکر مرزا کے صاحب شریعت نبی ہونے کا اعلان کرے گا چکڑالوی اپنا علیحدہ راگ گائیں گے تین تین چار چار جماعتیں علیحدہ ہوں گی جماعتوں کے پہلے یا پیچھے ہونے پر باہمی تکرار ہوگا مصلے پر کھڑا ہونے کے لئے ہر فرقہ کا امام جدوجہد کرے گا شیعوں کے نزدیک اصحاب ثلاثہ رضوان اللہ علیہم اجمعین پر سب وتبرا کرنا ورد وشریف پڑھنے سے افضل ہے ان کی ہر دعا اور نماز میں اس افضل ترین عبادت پر عمل ہوگا اہل سنت اس سے نالاں ہو کر مشتعل ہونگے۔ الغرض امت مسلمہ کو مزید افتراق وتشتت تباہی وبربادی۔ مقدمہ بازی اور فرقہ بندی کا سامنا کرنا پڑیگا نماز کی ادائیگی سے بے نیاز اور مساجد میں داخل ہونے سے پرہیز کرنے والے سیاست کے دلدادہ اور دین سے بے خبر مسلمان لیڈر جو دن رات فرقہ بندی کے خلاف چلاتے رہتے ہیں آج بالکل خاموش ہیں اور غالباً اپنے دل میں مسرور وشاداں ہوں گے۔ مگر ان ملحدین کو یاد رکھنا چاہیے کہ مساجد کو باہمی لعن وطعن اور جھگڑوں کا مرکز بنا کر اور فساد کی بنیاد قائم کر کے یہ لوگ بدترین دشمن اسلام ثابت ہو رہے ہیں تمام اہل اسلام کا فرض ہے کہ ہرجگہ جلسے کر کے گورنر پنجاب اور اخبارات کے نام ریزولیوشن بھیج کر اس مداخلت فی الدین کے خلاف صدائے احتجاج بلند کریں۔ لاکھوں اور کروڑوں روپیہ کے سرمایہ سے اہل سنت والجماعت کی تیار کردہ مساجد میں صحابہ کرام پر لعن وطعن کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی اور مستقل فتنہ کا دروازہ نہیں کھولا جا سکتا اور اہل سنت اپنی نماز وعبادت کے سکون واطمینان کو کسی قیمت پر بھی ترک کرنے پر آمادہ نہیں ہو سکتے ہر فرقہ کی اپنی مساجد ہرجگہ موجود ہیں کیا وجہ ہے کہ صرف اہل سنت کو ہی عبادت کے حق سے محروم کیا جا رہا ہے اس فیصلہ کا اثر پنڈ دادن خاں کی مسجد کھجوری والی پر نہیں بلکہ تمام مساجد پنجاب کی آزادی وطہارت پر پڑیگا اور مساجد میدان کارزار بن جائینگی۔

ظہور احمد بگوی صدر مجلس مرکزیہ حزب الانصار بھیرہ پنجاب

مسلمانان نصیرآباد کی بیداری

اسلامی بیت المال کا قیام

حضرت العلامہ مولانا معین الدین قبلہ مدظلہم الاقدس نے ۲۵ مئی کو اپنے دوران وعظ میں اسلامی بیت المال کی اہمیت اور ضرورت پر ایسی روشنی ڈالی کہ مسلمانان نصیرآباد پر یہ منکشف ہوگیا کہ کوئی مذہبی یا اسلامی تحریک اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتی جب تک مسلمانوں کے پاس ان کا اسلامی بینک نہ ہو اور جناب مولانا کے ولولہ انگیز بیان نے ایک عملی روح پیدا کر دی اور چند ہی دنوں کے بعد بیت المال کی بنیاد پڑ گئی اور مسلمانوں نے قومی مہمات اور مذہبی ضروریات کے لئے رقمیں جمع کرنا شروع کر دیں الحمد للہ علی ذلک۔

میدان عمل میں سب سے پہلے آنے والی اور عام مسلمانان نصیرآباد کو بیت المال کی ضرورت واہمیت کی طرف توجہ دلانے والی جماعت مسلم ینگ مین ایسوشی ہے اس جماعت نے علاوہ ان خدمات کے دائمی طور پر ... منتخب کئے ہیں سب کچھ عملہ دو دو عیان کی اور خیر کی طرف سبقت ہے اور ان سب میں تازہ روح پھونکنے والی جو ہستی ہے وہ عبدالرحمن (زخرت) چھوٹے صاحب ہی ہیں خدا ان سب کے ارادوں میں استقلال میں برکت عطا کرے۔ اسمائے گرامی اراکین بیت المال حسب ذیل ہیں۔

(۱) جناب نظام قادر صاحب صدر (۲) جناب سید منصور علی صاحب سکریٹری (۳) جناب بابو مقبول احمد صاحب امین۔

الراقم بشیر احمد نصیرآباد محلہ دو دھیان راجپوتانہ

عربی مرثیہ کے ترجمہ کی تصحیح

۔۔۔ مورخہ ۔۔۔ کے الجمعیۃ میں صفحہ اول پر مولانا قاری محمد یامین صاحب کا جو عربی مرثیہ شائع ہوا تھا اس کے ترجمہ میں بعض غلطیاں ہوگئی ہیں جن کی تصحیح خود مولانا موصوف نے لکھ کر ارسال فرمائی ہے ناظرین کرام ان غلطیوں کی اصلاح فرمالیں۔

شعر نمبر ۔۔ میں "پس گویا کہ وہ (جفون) زور سے برسنے والے بادل کی طرح ہیں جو زور سے برس رہا ہے۔"

" نمبر ۱۵ میں "جن کے لئے آج خطہ کشمیر لقعداد بنا ہوا ہے۔"

" نمبر ۲۳ میں "اور صلحا کی پیشانی کا نور ظاہر ونمایاں ہی ہوتا ہے۔"

" نمبر ۔۔ میں "کتنے ہی علوم کے مسائل مشکلہ میں آپ سے ان کا ایسا اطمینان بخش حل میسر ہوگیا جس نے نفوس کو شفا دیدی۔"

" نمبر ۲۷ میں "اور علماء اسلام میں (آپ کے مجددی خصائص کے لحاظ سے) آپ کی کوئی نظیر نہیں پائی جاتی۔"

شعر نمبر ۲۶ میں "ان کو قبر نے چھپالیا اور ان کے عظام سے ایسی مٹی مل گئی جو جسد اطہر کے باعث مہک رہی اور منور ہو رہی تھی۔"

" نمبر ۔۔ میں "تعجب ہے کہ چار ہاتھ طول اور پانچ بالشت عرض کے حفرۂ قبر نے ایک جبل عظیم ومرتفع کو اپنے اندر سما لیا۔"

" نمبر ۲۸ میں "حق تعالیٰ ان کو اپنی خوشنودی اور مقام خوشنودی سے نوازے جس کی راحت وآسائش بہترین وپاکیزہ ہے۔"

یوم النبی کی تقریریں براڈکاسٹ کیجائیں گی

سکریٹری صاحب سیرت کمیٹی پٹی ضلع لاہور اطلاع دیتے ہیں کہ اس سال بمبئی اور کلکتہ کے براڈکاسٹنگ اسٹیشنوں سے یوم النبی کی تقریریں تمام دنیا میں مشتہر کی جائیں گی ۴ جولائی کی رات کو کلکتہ سے نواب صدر یار جنگ کی تقریر اور بمبئی سے حضرت مفتی اعظم کی تقریر براڈکاسٹ کی جائے گی کلکتہ اسٹیشن کا پروگرام جس میں تقریرات اور نعت خوانی شامل ہے ۴ جولائی کو چھ بجکر ۔۔ منٹ (شام کو) شروع ہوجائیگا بمبئی اسٹیشن والوں نے صبح اور شام کے دونوں پروگراموں میں تلاوت قرآن، نعت اور تقریرات کو شامل رکھا ہے ہم دونوں مذکورہ صاحبان کی اس بے غرض انسانی خدمت کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ جناب عبدالرحمن صاحب سکریٹری اسلامیہ لائبریری کلکتہ جن کی مساعی ...

نظر نواز! خوبصورت حمائل دلکش!
جلد سنہری قیمتی ایپل، خوشنما پاکٹ سائز، کاغذ خوش رنگ، اغلاط سے محفوظ ...
دفتر اشاعت القرآن بیت الشفاء امروہہ یو پی

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے لیکن کدھر؟
ڈاکخانہ کی طرف آکیوں کس لئے؟
ویدشاستری جام کرم کا کٹھیا واڑ

انتقادات
پیشوا کا رسول نمبر
ماہانہ رسالہ زیر ادارت سید عزیز حسن صاحب ...

بے روزگاروں کو خوشخبری
دی نیشنل اسپیشل سٹیٹینگ کمپنی ... ایمپیریل بنک دہلی

اپنی آنکھوں کا علاج احتیاط سے کیجئے
نور انجن
ملنے کا پتہ: منیجر امرت دھارا ... لاہور

عراق ریلوے
عراق ریلوے مسلمانوں کی متبرک ساجد نجف، کربلا، کاظمین اور سامرہ کی بابت کیلئے سب سے زیادہ تیز آرام دہ اور سستا سفر پیش کرتی ہے

دنیا کی سب سے آخری اور حیرت انگیز ایجاد
نیلکن کیپسول برائے سوزاک نیا یا پرانا
... لاہور ... انارکلی

حضرت مولانا انورشاہ صاحب کے وصال پر ماتم

فخر المحدثین سراج المفسرین حضرت علامہ مولانا سید محمد انور شاہ صاحب مرحوم ومغفور کے وصال پر ہندوستان کے علمی طبقہ میں جس قدر حزن وملال کا اظہار کیا گیا ہے وہ ان اجتماعات سے ناظرین کرام کو معلوم ہوگیا ہوگا جن کی رودادیں الجمعیۃ کے متعدد نمبروں میں شائع ہوچکی ہیں۔ ہندوستان کے مختلف گوشوں میں تعزیتی جلسوں کا سلسلہ برابر جاری ہے۔ جن کی اطلاعیں ہمارے پاس برابر موصول ہو رہی ہیں۔ ہم ذیل میں ان مقامات کے نام اور جلسوں کی مختصر کارروائی درج کرتے ہیں جن میں مرحوم کے وصال پر اظہار غم وافسوس کیا گیا۔

ویلور - مولوی قاری عبدالرحیم صاحب نے جامعہ باقیات الصالحات کو بند کر کے ایصال ثواب کے لئے ایک مجلس منعقد کی جس میں قرآن خوانی ہوئی اس کے بعد آپ نے حضرت مولانا انورشاہ صاحب کے حالات زندگی پر روشنی ڈالی۔

حبیب محمد عرب مدرس مدرسہ

ضلع پورنیہ - مدرسہ نوریہ ... ضلع پورنیہ میں حضرت مرحوم کے وصال کی خبر سنکر تمام لوگ جمع ہوئے اور تلاوت کلام مجید کے بعد حضرت کی روح پُرفتوح کو ایصال ثواب کیا گیا۔ اس کے بعد مولوی احمد النبی صاحب مدرس مدرسہ ہذا نے حضرت مرحوم کے تقدس اور حافظہ پر ایک مختصر تقریر فرمائی۔

محمد نارونی

رانچی - مولانا محمد شجاعت علی صاحب ... کی صدارت میں حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے اوصاف وکمال پر ایک پُر درد تقریر ہوئی جلسہ میں ایک تجویز بھی منظور ہوئی جس میں مرحوم کے وصال پر اظہار حزن وملال کیا گیا۔

امیر احمد

شام پور - نماز جمعہ کے بعد شیبہ مسجد میں مسلمانوں کا ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں مولانا ابو یوسف محمد یعقوب صاحب نے حضرت مولانا انور شاہ صاحب کے علمی اور عملی کمالات پر روشنی ڈالی اس کے بعد تمام مجمع نے مغفرت کی دعا کی اور ایک تجویز بھی پاس کی۔

جھنگ - حضرت مولانا انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کی خبر سن کر مسجد ... میں ایک عام جلسہ کیا گیا جس میں مولانا محمد بخش نے مرحوم کے علمی کمالات وفیوض پر ایک مدلل تقریر فرمائی ایصال ثواب کے لئے دو قرآن شریف ختم ہوئے۔ دوسرے روز ۹ مرتبہ قرآن حکیم کا ختم کیا گیا اور کئی ہزار کلمہ شریف پڑھے گئے۔

(نامہ نگار)

نکات زکوٰۃ

الحمد کا شکر ہے کہ "ریاض توحید" کا نمبر ا رسالہ "نکات زکوٰۃ" شائع ہوگیا یہ تحفہ ایسے بالغ سوز دلائل کا حامل ہے جن کا مطالعہ مسلمانوں کے لئے شمع ہدایت سے کچھ کم ثابت نہیں ہو سکتا۔ یورپ اور امریکہ کی طرف سے تعلیم اسلام پر ... گداگری کے اتہام کا دندان شکن جواب دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔

"ریاض توحید" کے تمام رسائل فی سبیل اللہ مفت تقسیم ہوتے ہیں ٹکٹ ۔۔ روپیہ کے ٹکٹ بھیجئے یا بیرنگ منگا لیجئے۔ پانچ تولہ کے پیکٹ میں دو رسالے جا سکتے ہیں۔

عبدالوکیل - فاضل دینیات (الہ آباد) فاضل ادب (لکھنؤ) منتظم "ریاض توحید" نواب گنج دہلی

صدارت مشاعرہ اور فرمانروائے جاورہ

درگاہ شریف اجمیر میں ۵ جولائی ۱۲ ربیع الاول کو منعقد ہونے والے آل انڈیا مشاعرہ نعت کی صدارت کے لئے کمیٹی نے ہز ہائینس فرمانروائے جاورہ بالقابہ کی مقتدر ذات کا انتخاب کیا تھا لیکن حال ہی میں مولانا خواجہ مفتی اجمیری کو ریاست جاورہ کے چیف سکریٹری صاحب کی تحریر موصول ہوئی کہ امسال ناسازی مزاج ہمایوں اور شدت گرما کی وجہ سے حضور ممدوح مشاعرہ میں شریک نہ ہو سکیں گے لہٰذا اب ایک دوسری مقتدر ہستی کو دعوت صدارت دی گئی ہے جس کا اعلان عنقریب میں کیا جائیگا۔

راجپوتانہ اور مالوہ نیز ہندوستان کے اکثر مقامات سے مشاہیر شعرا کی نظمیں موصول ہو رہی ہیں اور اکثر شعرائے کرام کی شرکت کے خطوط آرہے ہیں۔

سکریٹری شعبہ نشر واشاعت مشاعرہ نعت

مبلغ امارت شرعیہ کی صحت کیلئے دعا

آج ستر ہ یوم سے اخی مکرم مولانا عبدالرزاق صاحب مبلغ امارت شرعیہ بہار بعارضہ بخار مبتلا ہیں بخار آج تک نہیں رکا۔ صحت وعدم صحت دونوں مطلق کے ہاتھ میں ہے ناظرین الجمعیۃ سے عموماً اور واقفین سے خصوصاً ملتمس ہوں کہ دعا صحت فرمائیں۔ احباب کے خطوط کا جواب لکھنا یا فرداً فرداً علالت کی اطلاع مجھ جیسے تیماردار کے لئے مشکل ہے۔

عبدالجلیل برادر مولانا
ازکیا پوسٹ جوگیارہ

اسلامیہ ہائی سکول اٹاوہ (یو۔پی)
نیا سیشن ۔ ا جولائی ۳۳ء سے شروع ہوگا متوسط الحال طبقہ کے بچوں کی تعلیم وتربیت کے لئے بہترین درسگاہ ہے دارالاقامہ میں ...
محمد الطاف حسین ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ

آفتاب اسلام طلوع ہونے کو ہے
... سالانہ چندہ صرف دو روپے (عہ) ہے
المشتہر علی خاں کاہنوری منیجر رسالہ الاسلام چک جھنگ برانچ ضلع لائل پور پنجاب

اکسیر بال سیاہ
طاقت بحال کرنے اور قبل از وقت سفید شدہ بالوں کو جڑ سے سیاہ کرنیوالی مشہور دوا
منیجر اکسیر ہاؤس کالی باغ بنیالہ (جہلم)

وہ خاتون!
... صدیقی دواخانہ نور گنج دہلی

ریاض الاطہر ... بارہ چمن منظوم

سفید بال جڑ سے کالا

شک شہزادہ جہیز ... کا ایک قصہ ...
... محمد ... نیلا ... سرکی

جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی میں داخلہ یکم اگست سے شروع ہوگا۔ ماہر فن جرمن خاتون کے آجانے سے چھوٹے بچوں کی نگرانی اور تربیت کا بہترین انتظام ہوگیا ہے معلومات حاصل کرنے کے لئے مہتمم جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی کو لکھیے

جامع اللغات اردو زبان کا بہترین لغت شائع ہوگیا

مصنفہ خواجہ عبد المجید بی۔ اے

الفاظ و محاورات کا مخزن۔ پچیس ہزار سے زائد ضرب الامثال و اقوال۔ مشاہیر عالم کی سوانح عمریاں۔ ملکوں اور شہروں وغیرہ کے حالات ایک بے بہا خزانہ ہے جو ماہوار چار حصوں میں شائع ہو رہا ہے۔

قیمت فی حصہ ایک روپیہ علاوہ محصول ڈاک

حصہ پنجم بھی شائع ہوگیا

المشتہر۔ خواجہ ایم محمود اختر منیجر جامع اللغات کمپنی گوبند رام اسٹریٹ لاہور

کہتی ہے خلق خدا اسم کو غائبانہ کیا

جناب خان بہادر نواب محمد مزمل اللہ خاں صاحب نواب آف کرنال۔ ایسی جامع لغت ہنوز اردو ادب میں موجود نہ تھی فاضل مولف واقعی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ جناب خان بہادر نواب مظفر خاں صاحب۔ جامع اللغات اردو زبان کا بہترین لغت ہے جناب حافظ محمود شیرانی صاحب پروفیسر اورینٹل کالج لاہور۔ جامع اللغات اردو کی تالیف واقعی نہایت عظیم الشان کارنامہ ہے۔

دوا وہ جو بول اٹھے کہ تاثیر اسکو کہتے ہیں
بدن کندن بنا دیتی ہے اکسیر اسکو کہتے ہیں

اکسیر حیات

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

جس کا ہر گھر بلکہ ہر شخص کے پاس سفر و حضر میں رہنا ضروری ہے کیونکہ اکسیر حیات سر سے پیر تک کی بیماریوں کا حکمی اور فوری علاج ہے۔ اندرونی بیماریوں میں ایک دو قطرے پانی یا مصری میں کھلانا اور بیرونی امراض میں مرض پر لگانا فوراً تسکین دے کر مرض کو اچھا کر دیتا ہے بڑے بڑے حکیموں اور ڈاکٹروں اور معززین نے اکسیر حیات کو ہمیشہ بہ منفعت پایا ہے۔ پیٹ کے درد وغیرہ امراض معدی میں اور پلیگ، بخار، ملیریا، نمونیہ، سل، دق، دمہ، کھانسی، نفس، یرقان، نامردی، آتشک، سوزاک، نافع نقرس اور عورتوں کے زنانہ امراض، بچوں کے امراض وغیرہ اور دنیا کی پھوڑے پھنسی کھجلی زخم اور کان کے درد وغیرہ میں آزمایا اور بہت مفید پایا ہے۔ گویا ایک شیشی میں پورا دواخانہ بند ہے پس کم از کم ایک بار آپ بھی ضرور آزما کر قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں مفصل پرچہ ترکیب استعمال دوا کے ساتھ دیا جاتا ہے

قیمت نمونہ والی شیشی خوردنی فی عدد ۸ ارتی درجن صہ محصول ڈاک علاوہ

شرط۔ فائدہ نہ ہونے کی صورت میں حلفیہ بیان آنے پر قیمت واپس کر دی جائے گی۔

ملنے کا پتہ

مولانا حکیم محمد عبد الہادی صاحب پھلواری شریف ضلع پٹنہ

نوری خضاب

اب خضاب لگانے کی تکلیف نہ اٹھاؤ

منیجر منبع فیض عام دواخانہ نمبر ۱۳ دربھنگہ (بہار)

تین پیسے میں ایک سو چوالیس صفحے

منیجر رسالہ نظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

اخبار الجمعیۃ

میں

اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجیے

مصفی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہوگیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کرکے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلاخوف تردید یہ دعوی کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کر سکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورہ سے جدید سائنٹفک طریقہ پر تیار کیا گیا ہے۔ خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔

کھجلی۔ سواد۔ پھنسیاں وغیرہ حتی کہ سوزاک۔ آتشک اور جذام کا زہریلہ مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے نابود ہوتا ہے۔ اس کی خوراک چار رتی کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۱۲ خوراک کی شیشی ۱۲ ر علاوہ محصول ڈاک

ترکیب استعمال:۔ ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملا کر اور اگر مرض کا خوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجیے

احمد اینڈ کو

ٹھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلیماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

سچائی خود بخود کر دیتی ہے شہرت زمانے میں
منافع جا بجا اتنا نہیں جتنا ہو کھانے میں!!

دولت مند بنانیوالی تجارت

میسرز سومن لال کمیٹیو جی جنرل کٹ پیس مرچنٹ اینڈ کمیشن ایجنٹ نیپیر روڈ کراچی

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور فن عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسی اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدر آبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کر دیا ہے۔

قرابادین مفید عام

نیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر مسلمان جنت کا طالب اور دوزخ سے پناہ مانگتا ہے۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

پانچ ترجموں کا قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

ممالک غیر کے لئے

نمونہ مفت

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم ۵ ۹ ۱۳ ۱۶ ۲۰ ۲۴ کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر

جلد ۱۸ | دہلی یوم پنجشنبہ ۱۹ ربیع الاول ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۳ جولائی ۱۹۳۳ء | نمبر ۳

معاصرین کے افکار و آراء

کونسلوں پر قبضہ (البشیر)

گاندھی جی کے برت رکھنے کی وجہ سے قانونی نافرمانی کی تحریک کو صدر کانگریس نے ڈیڑھ ماہ کے لئے ملتوی کر دیا تھا۔ اس مدت کے گزرنے کے بعد اس عذر پر کہ گاندھی جی میں ابھی ایسی طاقت نہیں آئی کہ وہ ملک کی حالت پر گفتگو کر سکیں ڈیڑھ مہینے کے لئے اور ملتوی کر دیا گیا۔ اور تجویز کیا گیا کہ چند مخصوص لوگوں کی مجلس مشاورت ۱۲ جولائی کو ہونا قرار پائی ہے۔ اس میں ان لوگوں کو شرکت کی اجازت ہوگی جن کو مدعو کیا گیا ہے۔ اور نہ پریس کے نمائندوں کو شرکت کی اجازت ہوگی۔

بہرحال جو کچھ بھی نتیجہ ہو یہ امر واقعہ ہے کہ کانگریس والے تھک چکے ہیں ان کے پاس سرمایہ باقی نہیں رہا۔ اور بغیر روپیہ کے اس زمانہ میں کوئی تحریک کامیاب نہیں ہوسکتی۔ اس وجہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کانگریس والوں کی خواہش ہے کہ کسی طرح گورنمنٹ سے باعزت سمجھوتہ ہو جائے۔ اس وجہ سے گورنمنٹ کانگریس سے سمجھوتہ کرنے کو تیار نظر نہیں آتی لیکن گورنمنٹ آہستہ آہستہ سیاسی قیدیوں کو رہا کر رہی ہے۔ عام طور پر کانگریسیوں کی رائے ہے کہ قانونی نافرمانی کی تحریک چونکہ ناکامیاب ثابت ہوئی ہے۔ لہذا اس کو بند کیا جاوے اور جو جدوجہد کی جاوے وہ کانگریسیوں کو کونسل اور اسمبلی پر قبضہ کرنے کے لئے کی جاوے لیکن قرطاس ابیض میں جو اختیارات اور تحفظات کی جو بھرمار ہے لہذا اگر کانگریس والے قانون ساز مجلس میں گئے بھی تاہم تحفظات کی وجہ سے ملک کو کوئی فائدہ نہیں پہونچا سکتے۔ غالباً اس سے ان کا منشاء یہ ہے کہ اس پرامن تحریک کی وجہ سے کانگریس کے کارکن بیکار نہ بیٹھیں گے۔ اور چونکہ بیکاری خود بہت سی خرابیوں کا باعث ہوتی ہے۔ اس لئے یہ تحریک کانگریسی کارکنوں کو کام میں رکھنے کا ذریعہ ہوگی۔ اس عرصہ میں کانگریس کو دوبارہ قوت حاصل کرنے کا موقع مل جائے گا اور دس برس کے بعد جو تحریک بھی کانگریس شروع کرے گی وہ پچھلی تحریکوں کے مقابلے میں زیادہ ہنگامہ خیز ہوگی۔

کانگریس کو کیا کرنا چاہئے؟ (ہند جدید)

ہماری رائے میں کانگریسی لیڈروں کو کوئی ایسا پروگرام بنانا چاہئے جس پر اُن کا اتحاد قائم رہے۔ ظاہر ہے پروگرام بہ لحاظ عمل کے متعدد میدان تجویز ہوں گے اور یہ بآسانی ممکن ہے کہ تنظیم عمل کے اصول پر مختلف لوگ اپنے لئے علیحدہ علیحدہ میدان پسند کریں لیکن باہمی تعاون برقرار رہنا چاہئے اور پورا پروگرام کانگریس ہی کی انتظامی جماعت کی نگرانی و رہنمائی میں جاری ہونا چاہئے۔

ہم نے کئی ماہ پہلے سے کہنا شروع کر دیا ہے کہ آئندہ کے لئے کونسلوں کا بائیکاٹ مناسب نہیں ہے پچھلے تجربے ثابت کر چکے ہیں کہ وطن پروروں کی کونسلوں سے علیحدگی غداروں کے لئے نعمت عظمیٰ بن جایا کرتی ہے اور حکومت بھی اس سے بہت خوش ہوتی اور بہت فائدہ اٹھاتی ہے۔ اسے موقع مل جاتا ہے کہ اپنی ہر بات آسانی سے منوالے اور قانون بنا دے لیکن اگر کونسلوں میں وطن پروروں کی قوت بھی موجود ہو تو حکومت بآسانی کوئی زبردست حرکت نہ کر سکے گی۔ لہذا آئندہ انتخابات میں کانگریس کو پوری قوت سے شریک ہونا چاہئے۔ اس لئے نہیں کہ حکومت کی مدد کی جائے بلکہ اس لئے کہ ملک کو ان مضرتوں سے بچایا جائے جو ان نام نہاد کونسلوں کے ذریعہ اسے پہنچتی رہی ہیں اور آئندہ بھی پہنچتی رہیں گی یہاں تک کہ حکومت کی مشین وطن پروروں کے ہاتھ میں آجائے۔ لیکن صرف کونسلوں میں جانا ہی پورا کام نہیں ہے یہ اصلی کام بھی نہیں ہے۔ اصل کام کونسلوں کے باہر ہی ہے۔ مگر یہ کیا ہے؟ گاندھی جی اور ان کے رفقاء شاید سمجھتے ہوں کہ وہ کام صرف اچھوتوں کی خدمت ہے۔ لیکن ہم ان کی اس رائے سے متفق نہیں ہیں۔

ممالک غیر اور مقاصد ہند (مدینہ)

اگر آپ ایک ماہ قبل کے واقعات پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ برما کونسل کے صحیح حالات کی اطلاع پبلک ہی کو نہیں بلکہ خود وزیر ہند کو بھی اطلاع نہیں دی گئی۔ دو ہفتہ قبل حکومت بنگال نے کلکتہ کانگریس اور پولیس کے سلسلے میں جو رپورٹ شائع کی ہے اس کے مطالعہ سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ واقعات کو کس طرح مسخ کرکے پیش کیا گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ باہر کی دنیا کو ہندوستان کے صحیح حالات کا علم ہی نہیں ہونے دیا جاتا اور اس کے لئے خاص انتظام کیا گیا ہے۔ مسٹر پٹیل کے دورۂ امریکہ کے تجربات نے جس کا اظہار موصوف نے لندن آکر کیا تھا اس راز کو اچھی طرح فاش کر دیا ہے اور ابھی مسٹر سوباش چندر بوس نے بھی ان ہی باتوں سے متاثر ہوکر بین الاقوامی پروپیگنڈے کی اہمیت اور ضرورت پر زور دیا ہے۔ آپ کے مکتوب مورخہ ۷ جولائی میں دلائل کے ساتھ بتایا گیا ہے کہ جب تک غیر ملکوں میں ہندوستان کے صحیح نمائندے موجود نہ ہوں گے اس وقت تک ہندوستان کو عالمگیر ہمدردی حاصل نہیں ہوسکتی جس کے بغیر ہندوستان کی آزادی ایک خواب سے زیادہ حقیقت نہیں رکھتی۔ مسٹر بوس کے ان خیالات سے ہم اولاً تا آخر متفق ہیں۔ اور کانگریس کے ذمہ دار حضرات سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اس سلسلے میں جلد از جلد قدم اٹھائیں۔ اکثر غیر ممالک میں ہندوستانیوں کی کافی تعداد موجود ہے۔ اگر اس سلسلے میں ان سے امداد لی جائے تو بآسانی یہ اہم ضرورت پوری ہوسکتی ہے۔

کشمیر میں پھر سول نافرمانی (الحدیث)

اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے۔ چند عرصہ سے کشمیر کے متعلق پھر ناخوشگوار اطلاعیں آرہی ہیں۔ مگر ان میں ایک نئی حالت یہ ہے کہ پہلے تو وہ صرف حکومت سے اپنے حقوق کیلئے برسر پیکار تھے۔ مگر اب آپس ہی کی نااتفاقی کی وجہ سے باہم دست و گریبان ہیں۔ ان حالات کو دیکھ کر ہمیں بہت رنج ہوتا ہے کہ اتنی قربانیاں کرنے کے باوجود اپنے کئے کرائے پر پانی پھیر رہے ہیں۔ چنانچہ معلوم ہوا ہے کہ اس فساد کو فرو کرنے کی خاطر گورنمنٹ کشمیر نے عملی قدم اٹھایا ہے۔ اور دفعہ ۱۴۴ نافذ کر دی ہے۔ اگر باہمی اتفاق سے کام لیتے تو غیر کو دست اندازی کرنے کا موقع نہ ملتا۔ اس لئے ہم ان کو قرآن مجید کے حکم پر عمل پیرا ہونے کا مشورہ دیتے ہیں جو درج ذیل ہے۔ ولا تنازعوا فتفشلوا وتذهب ریحکم۔

ضرورت وقت (منشور)

کانگریس دیکھ چکی ہے کہ ہندوستان کی تمام انجمنوں اور جماعتوں کو اتحاد و آشتی کے ڈوروں میں پروئے بغیر اس کی تمام کوششیں رائیگاں جا رہی ہیں۔ پھر وہ تحریری کارروائیوں کی بجائے عملی اقدام کیوں نہیں کرتی۔ ضرورت وقت اس امر کی مقتضی ہے کہ ملک کی تمام آل انڈیا انجمنوں کو ایک ہی آل انڈیا فیڈریشن کی وحدت میں بنا دیا جائے خواہ فیڈریشن کانگریس کے نام سے موسوم ہو یا کسی جدید نام سے لیکن یہ امر ضروری ہے کہ تمام وحدتیں متحد ہوں ورنہ خانہ جنگی کا اندیشہ ہے۔ اگر ہندو یہ سمجھتے ہیں کہ مطلق العنانی سے لیگ کوئی نعرہ لگا کر اپنا دل خوش کر سکتے ہیں تو کیا مسلم لیگ یا سکھ لیگ اس سے دس گنا زیادہ وزنی رجز خوانیاں نہیں کر سکتے۔ اس کا نتیجہ سوائے اس کے کیا ہوسکتا ہے۔

مالی تحفظات (مدینہ)

بالآخر گاندھی جی نے گول میز کانفرنس میں تحفظات کی ضرورت کو تسلیم کیا ہے لیکن ان کے الفاظ یہ ہیں کہ یہ تحفظات ہندوستان کے مفاد کے لئے ہونے ضروری ہیں۔ ان کے معنی یہ ہیں کہ برطانیہ کو ہندوستان سے ناجائز فوائد حاصل نہ ہونے چاہئیں۔ اس خیال سے کامل طور پر اتفاق ہے۔

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

"محمدی" کافروں کو ضرور بپتسمہ دیا جائے

قرطبہ کے باغ میں ازبلا اور عمر لخمی کی ایک تجویز

اسپین کی ایک مسیحی خاتون کا مبارک اقدام

گزشتہ اشاعت میں آپ قرطبہ کے باغ میں عمر لخمی اور معاذ کو گفتگو کرتے چھوڑ آئے ہیں۔ اسی باغ میں لڑکی ازبلا بھی موجود ہے جو خاموشی کے ساتھ ان دونوں ہم عالموں کی علمی بحث کو سن رہی ہے۔ عمر لخمی اور معاذ کی بقیہ گفتگو حسب ذیل ہے:۔

عمر لخمی:۔ ہماری گفتگو کس نے سنی؟ کیا بغیر ہماری گفتگو سنے پادریوں میں یونہی کھلبلی مچ گئی؟

معاذ:۔ آخر کھلبلی مچنے کی کوئی وجہ؟ کیا ہمارے اعتراض کو پادریوں نے پہلی بار سنا ہے؟

عمر لخمی:۔ وجہ تو میں بھی نہیں بتا سکتا۔ البتہ کل جو کچھ سنا اور جس چیز نے عیسائی حلقوں میں ایک کھلبلی سی مچا دی ہے۔ وہ ہمارا ہی اعتراض تھا کیونکہ پادریوں میں اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے متعدد مجلسیں ہو چکی ہیں۔ اس واقعہ کی خبر مجھے عیسائیوں کے ذریعہ پہونچی ہے۔

معاذ:۔ صرف ایک ہی اعتراض پر عیسائیوں میں کھلبلی مچ گئی؟ حالانکہ عیسائیوں کے تمام عقائد خود آفرینی کی آپ ہی مثال ہیں۔ کیا یہ مسئلہ کہ گناہ کیا آدم نے اور سزا ملی سب کو اور ان کی وجہ سے تمام انسان گناہگار ہو گئے کچھ کم مضحکہ خیز ہے؟ کیا یہ مسئلہ بھی اپنے اندر کچھ معقولیت رکھتا ہے کہ گناہگاروں کے بدلے میں ایک بے گناہ انسان کو سزا دی جائے اور ان گناہوں کو اٹھانے کے لئے خدا کا بیٹا دنیا میں آئے اور صلیبی موت مرے کیا ایک کمزور اور ضعیف انسان کو خدا بنا دینا بھی کچھ کم کمال ہے؟ اگر ان تمام اعتراضوں کا جواب عیسائیوں کے پاس ہے تو وہ آئیں اور ہم کو ان نامعقول باتوں کو سمجھائیں۔

باغ میں ایک تجویز

عمر لخمی:۔ (قہقہہ لگا کر) اگر یہ نامعقول باتیں عیسائی ایجاد نہ کریں تو ان کا کمال کس طرح ظاہر ہو۔ معقول باتیں تو سب ہی کہتے ہیں مگر نامعقول اور بے سر و پا باتیں بنانا اور ایجاد کرنے والا بھی تو کوئی ہو۔

معاذ:۔ میرا خیال ہے ہم کو اس کھلبلی سے فائدہ اٹھانا چاہئے اور اعلان کر دینا چاہئے کہ جو عیسائی شریعت اور لعنت کے باہمی تعلق کو سمجھا دیگا ہم اس کے ہاتھ پر بپتسمہ لے لیں گے۔

عمر لخمی:۔ تجویز بہت معقول ہے مگر اس کے ساتھ یہ بھی ہو کہ وہ تمام نامعقول باتیں بھی لکھ دی جائیں جو عقل، نقل اور فطرت انسانی کے خلاف ہیں۔

معاذ:۔ بہت ٹھیک۔ میرے خیال میں یہ طریقہ تمام اسپین کے عیسائیوں میں کھلبلی مچا دیگا۔

باغ کے ایک گوشے میں قریب ہی لڑکی ازبلا اور اس کی دو سہیلیاں اس گفتگو کو بڑے غور سے سن رہی تھیں اور مارے غصہ کے دانت پیس کر رہ جاتی تھیں آخر ازبلا نے معاذ کے ان الفاظ کو سن کر "جو عیسائی شریعت اور لعنت کے باہمی تعلق کو سمجھا دیگا ہم اس کے ہاتھ پر بپتسمہ لے لیں گے" اپنی ایک ہم سبق سہیلی سے کہا۔

ازبلا کی حیرانی

ازبلا:۔ اگر شریعت اور لعنت کے باہمی تعلق کو سمجھنے کے بعد یہ لوگ عیسائی ہوسکتے ہیں تو ہم ان کو سمجھانے کی کوشش کیوں نہ کریں۔ یسوع مسیح ان کو اپنی طرف کھینچ لیں اور روح القدس ان کی دستگیری فرمائے۔ اگر یہ لوگ اس مسئلہ کو سمجھ کر عیسائی ہو گئے تو اسپین کے عیسائیوں کی یہ ایسی زبردست فتح ہوگی کہ پھر مسلمان سر نہ اٹھا سکیں گے۔ (آسمان کی طرف دیکھ کر) اے خداوند! ان کافروں اور دین حق کے دشمنوں کو اپنی طرف کھینچ تا تیری بزرگی کا ڈنکا بجے۔

سہیلی:۔ یہ کافر مسلمان ہیں۔ ابلیس یعنی شیطان کو چھوڑ کر خداوند یسوع مسیح کا دامن کس طرح پکڑ سکتے ہیں مگر خرابی یہ ہے کہ ہمارے پادری بھی ان لوگوں سے ڈرتے ہیں کل ہی کی بات ہے کہ میں نے تمہاری تشویش کو دیکھ کر شریعت اور لعنت کے اعتراض کو اپنے حلقہ کے پادری صاحب کے سامنے پیش کیا تو انہوں نے کہا کہ ہم کو ان کافروں کی باتوں پر ہرگز توجہ نہیں کرنی چاہئے ان کا علاج بحث و مباحثہ نہیں بلکہ تلوار ہے۔ بھلا جب ہمارے پادریوں کا یہ حال ہو تو پھر یہ مسلمان ہم پر کیوں شیر نہ ہوں؟

دوبدو گفتگو کیلئے آمادگی

ازبلا:۔ بات یہ ہے کہ ہمارے پادری ان کافروں کے منہ لگنا نہیں چاہتے اور خاموش ہو جاتے ہیں ان کی خاموشی کا مطلب یہ نہیں کہ وہ ان دشمنان دین کے سوالات کو حل نہیں کر سکتے۔ البتہ جب انہیں یہ معلوم ہوگا کہ اس سوال کے حل کرنے کے بعد یہ مسلمان عیسائی ہونے کے لئے تیار ہیں تو وہ بڑی خوشی سے ان کے سوالات کا جواب دیں گے۔

سہیلی:۔ اچھا تو پھر ان مسلمانوں سے ایک تحریر لے کر ان کی اپنے پادریوں سے دوبدو گفتگو کرا دینی چاہئے تاکہ ایک طرف مسیحی علماء جواب دینے پر مجبور ہو جائیں تو دوسری طرف یہ کافر ہمارا مذہب قبول کر لیں۔

ازبلا:۔ بہت خوب! اگر ایسا ہو جائے تو کیا کہنا مگر یہ مسلمان اس پر تیار ہو سکیں گے؟

سہیلی:۔ کیوں نہیں۔ ابھی تم نے ان کی زبان سے کیا سنا؟

ازبلا:۔ تو پھر تاخیر مناسب نہیں ان کو ابھی مطلع کر دو کہ وہ ہمارے پادریوں سے گفتگو کرنے کے لئے تیار ہو جائیں۔ لو میں ایک تحریر لکھ دیتی ہوں تم جا کر ان کو دیدو۔ دیکھو وہ کیا جواب دیتے ہیں۔

سہیلی:۔ پہلے اپنے علماء سے تو دریافت کر لو۔ ایسا نہ ہو کہ یہ کافر تو تیار ہو جائیں اور ہمارے پادری تیار نہ ہوں۔

تحریری وعدہ

ازبلا:۔ اگر یہ لوگ تحریر دے دیں گے کہ ہم جواب ملنے پر عیسائی ہو جائیں گے تو ہمارے علماء ضرور ان سے بحث کریں گے۔

اس کے بعد ازبلا نے ذیل کی تحریر لکھی جس کو سہیلی نے جا کر عمر لخمی کو دیدی تحریر یہ تھی:۔

"معاف فرمایئے آپ کی پرائیویٹ گفتگو کو ہم نے سنا مگر چونکہ ہم کو بھی مذہبی مسائل سے دلچسپی ہے اس لئے آپ کو ہماری مداخلت بیجا معلوم نہ ہوگی۔ آپ نے ابھی اپنے ساتھی سے فرمایا ہے کہ اگر عیسائی پادری شریعت اور لعنت کے تعلق کو سمجھا دیں گے تو ہم عیسائی ہو جائیں گے جس کے لئے آپ چیلنج بھی دینا چاہتے ہیں۔ لہذا ہم جو خداوند یسوع مسیح کی خادمہ ہیں آپ کے اس چیلنج کو قبول کرتی ہیں بشرطیکہ آپ بھی اس امر کا تحریری وعدہ فرمائیں۔"

(مسیحی دین کی ایک خادمہ)

سہیل نے جا کر اس تحریر کو عمر لخمی کے حوالہ کیا (اس زمانہ میں عیسائی اور مسلمانوں کا خلط ملط بہت زیادہ تھا اور سلسلہ مناکحت نے عیسائی اور مسلمانوں کو تہذیب و معاشرت کے اعتبار سے بالکل ایک کر دیا تھا) عمر لخمی نے فوراً یہ پرچہ معاذ کو دکھایا اور خوش ہوکر ذیل کا جواب دیا:۔

"آپ کی تکلیف فرمائی کا شکریہ۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اگر آپ کے بزرگوں نے شریعت اور لعنت کے گورکھ دھندے کو سلجھا دیا تو میں مع اپنے ساتھیوں کے عیسائی ہو جاؤں گا۔ فرمایئے کہ ہم کہاں اور کس وقت گفتگو کیلئے حاضر ہوں۔"

(اسلام کا ایک ادنیٰ خادم عمر لخمی۔ محلہ قصر الملوک)

ازبلا نے اس تحریر کو پڑھ کر یہ جواب دیا۔ "وقت اور مقام کے متعلق کل میں خود حاضر ہوکر اطلاع دوں گی۔" (خادمہ)

(باقی آئندہ)

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کرتے وقت اپنے نمبر خریداری کا (جو کہ ان کے نام سے پہلے پتہ کے شروع میں لکھا ہوا ہوتا ہے) حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۱۹ ربیع الاول ۱۳۵۲ ہجری

پونا میں زعماء ہند کا اجتماع

سول نافرمانی کا التواء اور آئندہ پروگرام پر غور

پونا میں ۱۲ جولائی کو جو مجلس مشاورت منعقد ہو رہی ہے اور جس کے لئے تمام ہندوستان کے سربرآوردہ ہندو مسلم زعماء اور قومی کارکنوں کے نام کافی تعداد میں دعوت نامے جاری کئے جا چکے ہیں اس کے متعلق ہم نے ۵ جولائی کی اشاعت میں اظہار خیال کیا تھا اور بتایا تھا کہ اس اجتماع کی حیثیت کیا ہے اور آخری اور قطعی فیصلہ کس صورت میں ہو سکتا ہے ہمارا خیال تھا اور ہم اب تک اسی رائے

اپنے مبلغ حضرت گاندھی جی کے مسٹر سی کی تنگ و تاریک کوٹھریوں میں رہنا گوارا کیا۔ حکومت نے اپنے تشدد میں کوئی کمی نہیں کی۔ گرفتاریوں سے لے کر لاٹھی چارج اور گولیوں تک جس قدر مراحل ہو سکتے تھے سب طے کئے گئے اور پھر بھی عوام کے جوش و خروش میں کمی واقع نہیں ہوئی للّٰہ الحمد۔ نتیجہ یہ ملا کہ جبکہ خود کام کرنے والوں میں کشمکش کو زیادہ عرصہ تک جاری رکھنے کے لئے قوت برداشت

[illegible]

مشنری شفاخانوں اور درسگاہوں کے کرتوت

تمام دنیا میں عیسائی مشنریوں اور ان کے اداروں کی طرف سے جو شفاخانے درسگاہیں اور یتیم خانے قائم ہیں وہ لوگوں کو دھوکہ دینے کا نہایت ہی خوشنما جال ہیں بظاہر تو ہمدردی اور بنی نوع انسان کیلئے یہ ادارے قائم کئے جاتے ہیں مگر بباطن ان کا مقصد وحید عیسائیت کی تبلیغ اور مستعمرین کے سیاسی اغراض کی تکمیل ہوتی ہے حال میں مشنری درسگاہوں اور شفاخانوں کے متعلق اس قسم کے دو واقعات منظر عام پر آئے ہیں جنہوں نے نہ صرف مقامی مسلمانوں میں اضطراب اور ہیجان پیدا کر دیا ہے بلکہ دور دور تک ان واقعات نے ایک آگ سی لگا دی ہے۔ ایک واقعہ تو پورٹ سعید کے مشنری اسکول کا ہے جو مصر میں ایک مدت سے قائم ہے اس اسکول میں ایک مسلمان لڑکی کو زبردستی عیسائی بنا لیا گیا جس نے تمام ممالک اسلامیہ میں مخالفانہ جذبات و ہیجان کے شرارے بلند کر دئے ہیں دوسرا واقعہ لدھیانہ کے مس براؤن شفاخانہ کا ہے۔ اس شفاخانہ میں بھی ایک ذی عزت مسلم خاندان کی ایک لڑکی کو جبراً عیسائی بنا لیا گیا ہے اور اس کو اس قدر پوشیدہ رکھا گیا ہے کہ اب تک یہ بھی معلوم نہ ہو سکا کہ وہ کہاں اور کس جگہ رہتی ہے۔ اس افسوسناک بلکہ شرمناک واقعہ نے تمام لدھیانہ کے ہندو مسلمانوں کو آتش زیر پا بنا دیا ہے اور غیور مسلمان سخت اضطراب اور پریشانی میں مبتلا ہو گئے ہیں عیسائیوں کی اس فریب کارانہ چال کا راز فاش کرنے کے لئے

[illegible]

ہیں کہ وہ اس قسم کے واقعات کا گہری نظر سے مطالعہ کرے اور اگر کچھ نہیں تو قیام امن کی خاطر ہی مشنریوں کی ان حرکات کا تدارک کرے ورنہ اس قسم کے واقعات سے مسلمانوں میں جس قدر بھی اضطراب اور ہیجان پیدا ہوگا اس کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور مذہبی کارکن مشنریوں کی گردن پر عائد ہوگی۔

ڈپٹی محمود الحسن خاں صاحب کا انتقال

یہ خبر دہلی کے ذی اثر طبقے میں نہایت افسوس کے ساتھ سنی جائے گی کہ ۹ جولائی شب کو [illegible] جناب ڈپٹی محمود الحسن خاں صاحب پنشنر نے اس عالم فانی سے دار آخرت کی طرف رحلت فرمائی۔ مرحوم دہلی کے پرانے لوگوں میں سے تھے۔ نہایت کریم النفس سلیم الطبع با مروت خوش خلق پابند۔ ہر معاملہ میں محتاط اور وسیع اخلاق کے مالک تھے۔ ان کے احباب کا حلقہ بہت وسیع تھا۔ نہر کے محکمہ سے آپ نے ایک عرصہ کی ملازمت کے

[illegible]

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:-

(۱) تقلید شخصی واجب ہے یا جائز۔ بر تقدیر اول کیا ہر مسلمان پر واجب ہے۔ اگر کوئی شخص معمولی علم سے تقلید شخصی کو ضروری نہ سمجھیں۔ اور امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی شان میں گستاخانہ الفاظ استعمال کرے ان پر کیا حکم ہے۔ ایسے شخص کے پیچھے اقتداء کرنا صحیح ہوگا یا نہیں؟

(۲) تکبیرات جنازہ میں ہاتھ اٹھانا مذہب حنفی میں جائز ہے یا نہیں؟

(۳) تکبیر قنوت میں ہاتھ اٹھانا احناف کے نزدیک کیسا ہے؟

(۴) جو شخص ائمہ اربعہ میں سے کسی کا مقلد نہ ہو اور آمین بالجہر کہتا ہو اس کے پیچھے نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب

(۱) تقلید شخصی اگرچہ فی نفسہ واجب نہیں مگر اس کا ترک کر دینا باہمی نزاع

[illegible]

استفتاء

[illegible]

الجواب

[illegible]

استفتاء

[illegible]

الجواب

[illegible]

استفتاء

[illegible]

"عظیم الشان زندگی اور اعلیٰ مقاصد کا سرچشمہ"

عزم و ہمت کے بغیر صرف دعاؤں اور آرزوؤں پر تکیہ کرنا بیکار ہے

سیرۃ نبوی پر حضرت مفتی اعظم فلسطین کا فاضلانہ خطبہ

ذیل میں مفتی اکبر فلسطین کا وہ فاضلانہ خطبہ [illegible] درج کیا جاتا ہے جو موصوف نے سیرۃ نبوی کے اجتماع پر فرمایا۔ آپ کا یہ خطبہ آلہ نشر الصوت (ریڈیو) کاسٹ کے ذریعہ تمام دنیا کے اہم مراکز میں پہنچایا گیا۔ (الجمعیۃ)

الحمد للہ الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ وکفیٰ باللہ شہیدا۔ والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد المبعوث رحمۃ للعالمین وخاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین۔

مشرق و مغرب میں ذکر پاک

[illegible]

کتاب قرآن حکیم کی طرف آؤ۔ اپنے قدموں کو اپنے صراط مستقیم پر حرکت دو۔ اور یقین رکھو کہ جن امور سے ہمارے اسلاف نے عروج پایا تھا۔ اب آخر والوں کو بھی انہی سے برتری حاصل ہوگی۔

اے برادران اسلام! اپنے رسول مقبول کے اخلاق کریمہ کی پیروی کرو۔ اسلام کے صحیح عقائد پر کاربند ہو جاؤ غفلت و بے ہمتی کی عادت ترک کرو۔

[illegible]

عدم احساس کی وجہ

[illegible]

خدا کا وعدہ پورا ہوا

[illegible]

تعاون و تناصر

[illegible]

سلطنت اور حکومت کی بنیاد

[illegible]

غافل اور بھگوڑوں کی علامت

[illegible]

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

یورپ میں عورتوں کی غلامی سے نجات دلانے والا کلب

عورتوں کی آزادی نے مردوں کا ناک میں دم کر دیا

[illegible]

حکومت جاپان کے احکام عشرہ

رعایا کو قدامت پسندی کی تلقین

حکومت جاپان نے چین سے معرکہ آرائی کے بعد تمام رعایا کیلئے دس نصیحتیں کی ہیں جن کا ترجمہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ حکومت نے تمام اساتذہ اور مدرسین پر لازم کر دیا ہے کہ وہ طلباء کے ذہن میں ان دس نصیحتوں کو اچھی طرح بٹھا دیں اور روزانہ ان کی تکرار ہوتی رہے۔ دس نصیحتیں یہ ہیں:-

(۱) تمام فضائل کا خلاصہ یہ ہے کہ جاپانی رعایا اپنے شہنشاہ کے ساتھ اخلاص و محبت رکھے اور جہاں تک ہو سکے اپنے عزیز وطن کی خدمت کرتی رہے۔

(۲) تمام رعایا پر فرض ہے کہ وہ اپنے والدین کی خدمت کرتی رہے اور ان کے خلاص و محبت کو کبھی فراموش نہ کرے۔

(۳) بھائی بہن کے لئے لازم ہے کہ وہ آپس میں نہایت محبت و اخلاص سے زندگی بسر کریں۔

(۴) تمام رعایا کیلئے لازم ہے کہ وہ غیروں کی امداد کیلئے ہمیشہ تیار رہے اور اس میں آشنا اور غیر آشنا کی کوئی تمیز نہ کی جائے۔

(۵) فریب سے بچو اور سچائی پر قائم رہو کیونکہ یہ علم و ترقی کی بنیاد ہے۔

(۶) اپنے ماضی کا مطالعہ کرتے رہو تاکہ حاضر کو سمجھ سکو (یعنی قدامت کو کسی حال میں نہ چھوڑو کہ ترقیوں کی بنیاد یہی ہے)

(۷) مظلوموں اور بے بسوں کی امداد کرتے رہو۔

(۸) کھانے اور پینے میں اعتدال مدنظر رکھو کیونکہ تمام قسم کی بیماریاں منہ سے ہی داخل ہوتی ہیں۔

(۹) اپنے دلوں میں تقدم اور ترقی کا احساس پیدا کرو خواہ تمہاری حالت کتنی ہی ردی ہو۔

(۱۰) اپنے بزرگوں کی نصیحتوں کو سنو اور ان پر عمل کرو۔

امریکہ میں ام الخبائث کے خوفناک نتائج

قانونی اجازت کے بعد جرائم کی کثرت

[illegible]

عربی اخبارات کے تراجم

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں عراق کا مطالبہ

قبائل پر بمباری کی اجازت دی جائے

[illegible]

شرق اردن کی کانفرنس کا اجلاس

حجاز ریلوے کو اسلامی وقف قرار دیا جائے

عمان میں مؤتمر اردن کا ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں ۱۰۰ سو سے زائد نمایندوں نے شرکت کی۔ کانفرنس میں صیہونی تحریک کے خلاف پرجوش تقریریں کی گئیں

[illegible]

ملکی صنعت و حرفت کیلئے حکومت ترکیہ کی سعی

پانچ سال میں غیر ملکی کپڑے سے بے نیازی

[illegible]

فرانس کو ترکی میں منڈیوں کی تلاش

حکومت کو ۳۰ کروڑ فرانک قرض دینے کا ارادہ

[illegible]

قندھار میں قدیم آثار کا انکشاف

قندھار سے ایک میل کے فاصلہ پر ایک محلہ سے زمین کی کھدائی کے بعد بعض قدیم آثار کا انکشاف ہوا ہے۔ زمین کی گہرائی سے پہلے تو تمبر برآمد ہوئے اور بعد ان تمبروں میں چاندی اور مٹی کے منقوش برتن نکلے۔ ان برتنوں میں انسان کی بوسیدہ ہڈیاں بھری ہوئی تھیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ شاید کسی زمانہ میں لوگ [illegible]

نداء الحکومت

احاطہ کدا راہیں کلام پاک کا ختم

پونا کانفرنس کی شرکت کیلئے صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند کو دعوت

"ہندو مسلم سمجھوتہ کے بغیر کوئی پروگرام کامیاب نہیں ہو سکتا"

صدر، ناظم اور ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کے تار صدر کانگریس کے نام

دہلی ۱۱ر جولائی - پونا میں کانگریسی لیڈروں کی جو کانفرنس منعقد ہو رہی ہے اس کی شرکت کے لئے مسٹر ... صدر کانگریس نے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر ... اور مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کو دعوت دی تھی ... مندرجہ ذیل دیا گیا ہے :-

صدر جمعیۃ علماء ہند کا برقیہ

مجھے افسوس ہے کہ میں اپنی بیماری اور ایک دوسرے خطرناک مریض کی نگہداشت میں مشغولی کی وجہ سے پونا کانفرنس میں شریک ہونے سے محروم رہا طور ... کرتا ہوں کہ خدا آپ کو ملک کے ماحول کے مطابق فیصلہ کرنے کی توفیق دے اور آپ ہندو مسلم اتحاد قائم کرنے میں کامیاب ہوں۔

محمد کفایت اللہ - دہلی

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا تار

مجھے افسوس ہے کہ میں کانفرنس میں شریک نہیں ہو سکتا ... احمد سعید

ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کا جواب

... عبدالحق ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند

ڈاکٹر انصاری پونا کانفرنس میں شریک نہیں ہوئے

... اس کی ضرورت ہوا سے ایک سیاسی حیثیت دی جائے ...

سب سے پہلے فرقہ وارانہ ذہنیت کو تبدیل کرو

ڈاکٹر عالم کا اظہار خیال

لاہور ۹ر جولائی - ڈاکٹر محمد عالم نے جو کانگریسی لیڈروں کی کانفرنس میں شریک ہونے کے لئے پونا جا رہے ہیں ... فرمایا کہ ہمارا یقینی ہے کہ گاندھی جی کا رسوخ زائل نہیں ہوا ہے ...

جاپانی چٹائیوں پر پیغمبر اسلام کی تصویر

جاپانی سفیر کی طرف سے تدارک کا وعدہ

... دفتر خارجہ کی طرف سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا ہے۔

کاشغر میں ایک ہزار مجاہدین کی آمد

آپس میں خانہ جنگی کا اندیشہ

شملہ ۹ر جولائی - ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ کاشغر کی تازہ ترین اطلاعات سے پایا جاتا ہے ...

شادیوں میں بیجا اسراف کا انسداد

ریاست اندور میں ایک مسودہ قانون

بلند شہر میں خوفناک ہندو مسلم فساد

پولیس نے گولی چلا دی

کراچی میں بھی ہندو مسلم فساد ہو گیا

مسجد کے سامنے باجہ بجانے کی شرارت

ایک مسلم لڑکی کو جبراً عیسائی بنانے کی کوشش

سر سائمن کا بے پروا جواب

گاندھی جی کی ہیپٹری اور سوال فرمائی کا حشر

مسٹر تصدق احمد خاں شیروانی کا بیان

پنجاب کا فرقہ وارانہ فارمولا شائع ہو گیا

مشترکہ انتخاب کی حمایت اور نشستوں کی تقسیم

پنجاب کونسل کے ممبران کا پسندیدہ حل

لاہور ۹ جولائی - جس پنجاب فارمولا کا پچھلے چند دنوں سے اخبارات میں تذکرہ ہو رہا ہے اس کا مسودہ آج ذیل میں شائع کیا جا رہا ہے ...

مسودہ

مسلمان ہونے پر ہندو لڑکی کی شادی فسخ نہیں ہو سکتی

ملتان کے ایک مشہور مقدمہ کا فیصلہ

صوبہ بہار کے کانگریسی فاتح کی واپسی

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا ضروری اعلان

... احمد سعید ناظم جمعیۃ علماء ہند

حکومت کو مالویہ جی کا تیسرا چیلنج

وزیر ہند واقعات کی تحقیقات کرائیں

مسجد کے سامنے باجہ بجانے اور گائے ذبح کرنے کی آزادی

ریاست مانگرول کا تازہ فیصلہ

میواتیوں پر تشدد کرنے کی تلقین

الور میں آرڈیننس کے نفاذ کا مطالبہ

ایک ہفتہ میں ۶۵ لاکھ کا سونا باہر چلا گیا

پارلیمنٹری کمیٹی کے روبرو حاجی رشید احمد اور یعقوب کی شہادت

مسلم لیگ کی جانب سے انکو شہادت دینے کا کوئی اختیار نہیں ہے

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی سے مسلم لیگ کی درخواست

لاہور ۱۰ر جولائی - کل ملک برکت علی کی قیام گاہ پر آل انڈیا مسلم لیگ کی کونسل کا اجلاس منعقد ہوا ... اجلاس نے میاں صاحب کے بیان پر اظہار پسندیدگی کیا ...

پونہ کانفرنس میں ۳۵۰ کانگریسی نمائندوں کا اجتماع

گاندھی جی کی وائسرائے سے ملاقات کی درخواست اور وائسرائے کا انکار

کانفرنس کے نتائج پر غور کرنے کیلئے عمال حکومت کا اہم اجتماع

بمبئی ۱۰ر جولائی - پونہ کے سیاسی حلقوں میں اس امر کا اظہار خیال کیا جا رہا تھا کہ کانگریسی لیڈروں کی اکثریت سول نافرمانی کی تحریک کو ختم کر دینے کے حق میں ہے ...

۳۵۰ لیڈروں کو دعوت

صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند کو دعوت

کانفرنس دو روز ہوگی

کانگریس کے پروگرام میں تبدیلی

جریدہ امارت سے ضمانت کی طلبی

حکومت بہار و اڑیسہ کا حکم

ایک ہزار روپیہ داخل کرو

اخراجات کی آڑ میں صوبہ جات کی پامالی

صوبہ جات کی آزادی خطرہ میں

پارلیمنٹری کمیٹی میں سرسیموئل ہور کی تقریر

جامع مسجد راولپنڈی میں احرار کانفرنس کا جلسہ

صوبے کی طرف سے انعقاد کی ممانعت

احراری لیڈروں کو نوٹس

راولپنڈی - سید عطاء اللہ شاہ بخاری، شیخ حسام الدین، مولانا حبیب الرحمن ...

مہاراجہ الور کا مسلمانوں پر الزام

مجھے حکومت نے کس طرح نکالا

بنگال میں کتنے باغیانہ قتل ہوئے؟

منتخب کمیٹی میں مسٹر ہیچ کرافٹ کا بیان

لندن سے گاندھی جی کا بلاوا

وزیر ہند کا اتفاق اور حکومت ہند کا اختلاف

چین میں ساٹھ ہزار قزاق

دو لاکھ قزاقوں کی کمی

ضلع سہارنپور کے سیاسی قیدیوں کی رہائی

کشمیر کمیٹی سے قادیانی عنصر کا اخراج

مختصرات

افغانستان - کی ایک خبر مظہر ہے کہ بعض قبائلی مقامات پشتونستان اور ... خلاف شورش پھیلائی جا رہی ہے ...

الہ آباد - ...

لندن - ...

ماسکو - ...

پشاور - ...

ملتان - ...

جالندھر - ...

برلن - ...

لندن - ...

امرتسر - ...

شملہ - ...

لندن - ...

رانی گنج - ...

کانپور - ...

الور - ...

کراچی - ...

الہ آباد - ...

ترکی - ...

غریب مسلمان طالب علموں کیلئے کم خرچ میں اچھی تعلیم کا انتظام
خان بہادر مولوی بشیر الدین صاحب کی ایک نہایت مفید اسکیم

ایک حد تک تعلیمی مصارف روز افزوں بڑھ رہے ہیں سکولوں کے تعلیم پانے والے لڑکوں کی مختلف فیس کا غذ کاپی اور کتابوں کا خرچ اوسطاً پانچ روپیہ ماہوار سے کسی طرح کم نہیں ... جو تا خوراک ... حجام لڑکوں کی دھلائی تفریح مصارف تعلیمی خرچ ماہوار اس کے علاوہ ہیں یعنی اس پر مسلمانوں کا ... مسلمانوں کی جائداد مسلمانوں کے ہاتھوں سے ایک کثیر تعداد میں نکل گئی ہیں ... مسلمانوں میں زیادہ تر زمیندار طبقہ کی ...

(۲) تعطیل کلاس میں جب بورڈر اپنے گھروں کو جائیں گے تو اس زمانے کی بابت ایک روپیہ بجائے پانچ روپیہ ماہوار کے فیس لی جاوے گی۔

(۳) جو بورڈر تعطیل کلاس میں مکان جائیں گے وہ سوائے کتابوں کے ... بورڈنگ کی طرف سے ان کو دیا جائے گا۔ اس کو وہ مکان پر نہیں لے جا سکتے۔

انتباہ

(۱) پانچ روپیہ ماہوار فیس ہر مہینے کے پندرہ تاریخ تک آ جانی لازمی ہے۔ اگر نیدرہ تاریخ تک فیس نہ آوے گی تو ایک آنہ یومیہ کے حساب سے جرمانہ دینا ہوگا۔

(۲) پانچ روپیہ ماہوار فیس پیشگی وصول کی جائے گی۔

(۳) اگر آخر مہینے تک کسی طالب کا فیس وصول نہ ہوگی تو لڑکے کو کرایہ دیکر مکان بھیج دیا جائیگا اور جب تک بقایا فیس جرمانہ اور سفر خرچ کا جو روپیہ دیا گیا ہے وہ وصول نہ ہوگا۔ اس وقت تک لڑکے کو بورڈنگ ہاؤس میں داخل ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔

(۴) زمیندار اور کاشتکاری پیشہ اصحاب جن کی ماہواری آمدنی نہیں ہوتی بلکہ فصل پر آمدنی ہوتی ہے ان کے لئے جرمانہ اور سفر خرچ سے محفوظ رکھنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ وہ جس طرح ممکن ہو چھ ماہ کی پیشگی فیس جمع کر دیں۔

(۵) لڑکوں کے نام کوئی خرچ براہ راست نہ بھیجنا چاہئے۔

(۶) جن طلباء کو گورنمنٹ یا ڈسٹرکٹ بورڈ یا میونسپل بورڈ یا اسلامیہ ہائی کی طرف سے اسکالرشپ ملیں گے۔ ان کو علاوہ پانچ روپے کے اسکول فیس بھی دینا ہوگی۔

لباس نیوا دیا جائیگا اس کے بعد کوئی لڑکا سوائے اس لباس کے جو بورڈنگ کی طرف سے دیا جائے گا کوئی دوسرا لباس پہننے کا مجاز نہ ہوگا۔

(۶) ہر لڑکا اپنے کپڑے خود دھونے پر مجبور ہوگا۔ کپڑے دھونے کا صابن یا کسی قیمت کے بورڈنگ کی طرف سے دیا جائے گا۔

(۷) اگر کوئی کپڑا مرمت طلب ہو جائے گا تو اپنے کپڑوں کی مرمت خود لڑکوں کو اپنے ہاتھ سے کرنا ہوگی۔

(۸) بورڈنگ کی طرف سے جو کپڑے دیئے جائیں گے ان کو سلیقہ اور حفاظت سے رکھنے کے ذمہ وار خود بورڈر ہوں گے۔

بورڈروں کو خود اپنے تمام کام خود اپنے ہاتھ سے کرنے ہونگے

کوئی خدمت گار یا بیرا اس بورڈنگ ہاؤس میں نہ دیا جائے گا بلکہ اس بورڈنگ ہاؤس کے رہنے والوں طالب علموں کو اپنا تمام کام خود کرنا ہوگا مثلاً جھاڑو دینا۔ اپنے کھانے کے برتنوں کو مانجھنا۔ چارپائی باہر نکالنا، چارپائی کی ادوان کسنا، لالٹین کی چمنی صاف کرنا اور دوسرے کام جو اپنے متعلق ہوں ان کو خود انجام دینا ہوگا۔

کھیل

ہر بورڈر کو کوئی ہندوستانی ورزشی کھیل کھیلنے پر مجبور کیا جائیگا جس سے پوری پوری ورزش جسمانی ہو جاتی ہے۔

پیشے کی تعلیم

(۱) علاوہ اسکول کی معمولی تعلیم کے جہاں تک وسائل اجازت دیں گے ہر طالب علم کو اس کی عمر صحت اور ذہنی حالت کے مطابق کسی نہ کسی ایسے پیشہ اور کام میں لگایا جائیگا کہ اگر اسے ملازمت نہ ملے تو وہ شرافت اور عزت کے ساتھ اپنی معاش خود پیدا کر سکے۔

(۲) کون کونسے پیشے یا کام ان بورڈروں کو سکھائے جائیں گے اس کا فیصلہ آئندہ کیا جائیگا۔

تعلیم

(۱) اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ میں ہائی اسکول اگزامینیشن تک تعلیم ہوتی ہے۔

(۲) انگریزی کے علاوہ ریاضی تاریخ جغرافیہ سائنس ڈرائنگ، کامرس، عربی، فارسی اردو اور ہندی کی تعلیم کا انتظام ہے۔

(۳) مسلمانوں کے واسطے بقدر ضرورت مذہبی تعلیم کا بھی انتظام ہے۔

(۴) مذکورہ بالا مضامین میں بعض مضامین لازمی ہیں اور بعض اختیاری۔

(۵) اختیاری مضامین کا انتخاب طالب علم خود اپنی میلان طبیعت کے مطابق کریں گے۔

پابندی نماز اور درستی اخلاق

(۱) ہر طالب علم کو باجماعت نماز پڑھنا لازمی ہوگی زبانی فہمائش اور جسمانی سزا کے بعد اگر کوئی طالب علم پانچوں وقت کی نماز نہ پڑھے گا۔ یا کسی بدچلنی یا بد اخلاقی کا باعث ہوگا تو اس کا نام بورڈنگ ہاؤس سے خارج کر دیا جائے گا۔

(۲) شیعہ بورڈر جماعت کی پابندی سے مستثنیٰ ہوں گے۔ لیکن پانچوں وقت پابندی کے ساتھ نماز پڑھنے پر مجبور ہوں گے۔

(۳) ہر بورڈر مجبور ہوگا کہ وہ پابندی اوقات کے ساتھ تعلیم اور دوسرے فرائض کو انجام دے۔

(۴) کسی بورڈر کو بغیر اجازت نگراں کے ودمت بورڈنگ ہاؤس ...

محمد بشیر الدین نیجر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ (یوپی)

اسلامیہ ہائی اسکول کے متعلق
ایک کم خرچ بورڈنگ ہاؤس
مقاصد

...

آفتاب اسلام کی ضیا پاشیان
ایک عیسائی اور دو ہندوؤں کا قبول اسلام

دہلی میں حضرت مولانا مولوی عبد اللطیف صاحب امپی اجراوی بیٹھیا نام کٹرہ نہر پرور کے دست حق پرست پر ایک بنگالی نوجوان جگدیش چندر بنشو اور ایک عیسائی مسٹر جوزف نے برضا و رغبت اسلام قبول کیا ہندو کا اسلامی نام محمد علی اور عیسائی کا محمد یوسف رکھا گیا۔

(۲) ... دو معزز متمول اور تعلیم یافتہ ہندو نوجوان ... مولانا عبد المومن کے دست مبارک پر مشرف با یمان ہوئے ... اللہ تعالیٰ ان تمام نو مسلموں کو استقامت اور خدمت اسلام کی توفیق بخشے آمین۔

میواڑ میں تباہ کن باد و باران

علاقہ میواڑ میں سخت بارش ہو رہی ہے میں تائی میں بارش کے ساتھ طوفان باد بھی آیا جس کے باعث بہت سے جانور ہلاک ہو گئے بے شمار درخت جڑ سے اکھڑ گئے۔ قرب وجوار کے دیہات بہہ گئے اور بہت سے آدمی ندی میں بہہ گئے۔

عراق ریلوے

عراق ریلوے مسلمانوں کی متبرک مساجد نجف۔ کربلا۔ کاظمین اور سامرا کی زیارت کیلئے سب سے زیادہ تیز آرام دہ اور سستا سفر پیش کرتی ہے

مکہ شریف جاتے وقت عراق میں متبرک درگاہیں دیکھیں

زائرین کیلئے خاص کرایہ ٹکٹیں جو ۵۰ دن تک کارآمد ہونگے اور ۵۰ کلو اسباب معاف ہوگا مندرجہ ذیل نرخوں پر مل سکتے ہیں

(الف) بمراستہ سفر (بصرہ) کربلا۔ بغداد کاظمین۔ سامرا اور واپسی ...

درجہ سوئم ... درجہ دوئم ...

...

مسلمانوں سے ایک سوال

... علماء کرام کو کتابی علم مبارک ہے ... تالیف و تصنیف میں کتابوں پر کتابیں لکھتے چلے جائیں ... دار الاصلاح کی بنیاد قوم کی مندرجہ بالا خامیوں یا کمزوریوں کو مدنظر رکھ کر ڈالی گئی اور ملی و دینی خادم بنانے کے لئے شریف خاندان مفلوک الحال اور یتیم بچے اور بچیاں لی گئیں ...

سول ہسپتال دہلی میں بد عنوانیاں

دہلی کے سول ہسپتال کے متعلق پبلک کو مدت سے شکایات چلی آ رہی ہیں لیکن کچھ دنوں سے ان شکایات میں روز افزوں اضافہ ہوتا جا رہا ہے اور انچارج اور ڈپوٹی کے ڈاکٹروں کے طرز عمل سے پبلک بے حد نالاں ہے۔ جو مریضوں کے ساتھ نہایت لاپرواہی اور بسا اوقات حد درجہ اہانت آمیز معاملہ کرتے ہیں معلوم ہوا ہے کہ بعض ڈاکٹر ہسپتال کے نزدیکی اوقات اپنے گھروں پر رہتے ہیں جس کی وجہ سے دو مریضوں کا ہسپتال میں صحیح معائنہ نہیں کر سکتے ...

حافظ نبی احمد کی شادی

... جون بروز دو شنبہ ... شادی میں حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب ... خواجہ حسن نظامی دہلوی ...

رہائی یافتہ مجاہدین مالابار کا عظیم الشان استقبال

... آج صبح ۶ مجاہدین ملابار بارہ سال کی قید کی مشقت جھیلنے کے ...

الجمعیۃ کی گزشتہ اشاعت میں ایڈیٹر الامان کی خفیہ سرگرمیوں اور علمائے کانپور کے نام سے حکومت کے روبرو پیش ہونے والے ... کی تفریح کے لئے سعی و جہد کا جو راز سربستہ میں نے کھولا تھا اس کا اعتراف اب الامان کے صفحات پر بھی کر لیا گیا ... الامان کی ایک تازہ اشاعت میں ... جو مضمون درج کیا گیا ہے اس میں صاف طور پر اس امر کا اعلان موجود ہے کہ جمعیۃ علمائے کانپور کی طرف سے شہادت کے لئے ایک نہیں بلکہ تین نام بھیجے گئے تھے اور ایڈیٹر الامان نے ان ناموں کو منظور کرانے کی سرتوڑ کوششیں کی تھیں۔ اس اعتراف سے میرا کام بہت آسان ہو گیا اب کم سے کم ایڈیٹر الامان اس حقیقت سے تو منکر نہیں ہو سکتے کہ انہوں نے حکومت سے پارلیمنٹری کمیٹی کے سامنے علمائے کانپور کی طرف سے شہادت دینے کی درخواست کی تھی ...

ناقابل تردید واقعات

چند سوالات

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:-

(۱) ڈرامہ کرنا مسلمانوں کے لئے کیسا ہے؟

(۲) ڈرامہ سے جو بھی رقم ہاتھ آئے اس سے کوئی نیک کام کر سکتے ہیں یا نہیں۔ مثلاً اس روپیہ سے مسلمان بچوں کی تعلیم کے لئے انجمن اسکول جس میں پہلے انگریزی اور اردو کی بھی تعلیم دی جاتی ہے جائز ہے یا نہیں؟

(۳) مسلمان عورتیں ڈرامہ دیکھ سکتی ہیں یا نہیں؟

(۴) فاحشہ عورتوں کا مسلمان پردہ دار عورتوں کے سامنے بیٹھ کر گانا گانا سنانا کیسا ہے اور فاحشہ عورتوں سے یا طوائفوں سے پردہ کرنا کس حد تک جائز ہے؟

(۵) جنازے کے سامنے کچھ قصائد کے طور پر پڑھتے جانا کیسا ہے؟

(۶) قبر پر اذان دینا شرعاً جائز ہے یا نہیں یعنی میت کو قبر میں اتارنے کے بعد اذان دینا کیسا ہے؟

(۷) بے نمازی اور بلا طہارت والے کا ذبیحہ کھانا درست ہے یا نہیں اور اگر درست بھی ہے تو کن کن صورتوں میں:

(۸) بے ڈاڑھی والے کی امامت جائز ہے یا نہیں؟

الجواب

(۱) ڈرامہ میں رقص و سرود لہو و لعب کی باتیں ہوتی ہیں اس لئے اس کا کرنا اور دیکھنا دونوں حرام ہیں۔

[illegible]

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:-

[illegible]

الجواب

[illegible]

محمد کفایت اللہ غفرلہ
نائب مفتی جمعیۃ علماء ہند

معلمین حجاج کا مسودۂ قانون

حکومت نے حجاج کے فائدہ کیلئے کوئی قدم نہیں اٹھایا

مسودہ کا مقصد معلمین کو آلۂ کار بنانا ہے

(از مولانا اسماعیل غزنوی)

اخبار انقلاب مورخہ ۱۸ جولائی میں اس مسودہ کی تائید میں ایک مضمون شائع ہوا ہے۔ اس لئے مہربانی فرما کر میری چند گزارشات بھی شائع فرماویں، تاکہ قوم کے سامنے دونوں نقطۂ نگاہ آ جائیں۔

۱۔ حکومت ہند نے حج تحقیقاتی کمیٹی کی ان سفارشات کو اب تک نافذ کرنے کا فیصلہ نہیں کیا جن میں حجاج کا فائدہ تھا۔ مثلاً

(الف) ریلوے کے رعایتی ٹکٹ۔

(ب) کراچی اور بمبئی کے جہازوں اور مسافر خانوں کی اصلاح۔

(ج) جہازوں پر جگہ کی قلت (بلکہ سفارشات کے خلاف قانون پاس کر لیا)۔

(د) جہازوں کے کرایہ میں تخفیف۔

(س) قیس قرنطینہ بجائے دس روپیہ کے پانچ روپیہ اور اس میں سے نصف دو روپیہ حکومت کے باقی تین روپیہ حجاج کی اصلاح پر خرچ کیجئے خرچ کرے۔

(ص) ایگزیکٹو افسروں کا تعین۔

ایسی درجنوں مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں جو حجاج کے لئے مفید تھیں اور ان کو نظر انداز کر دیا گیا اور سفارشات کے نفاذ پر اصرار ہے جس کو میں کمیٹی کی محض غلطیاں اور حکومت کے ایماء کی ہوئی تجاویز یقین کرتا ہوں۔

۲۔ کیا سارے ہندوستان میں حکومت کوئی ایسی مثال پیش کر سکتی ہے کہ معلم نے حاجی کو دھوکہ دیا، فریب دیا اور حاجی نے عدالت کو اطلاع دی۔ اور دھوکہ باز کو سزا ہوئی۔ کیا حکومت ہند اپنے سارے انگریزی دور کے زمانے میں ایک ایسی مثال سارے ہندوستان سے پیش کر سکتی ہے۔

ایسی کوئی مصدقہ اطلاع اور مثال حکومت پیش کرنے سے قاصر ہے۔ سنے سنائے قصوں سے سہارا لینا اور افسانوں کو ثبوت میں پیش کرنا مضحکہ خیز بات نوادر کیا ہے۔

۳۔ اگر صرف یہ دلیل پیش کی جائے کہ حج تحقیقاتی کمیٹی کے مسلمان اراکین کی رائے ہے تو میں اس کے مقابلہ میں عرض کرتا ہوں جمعیۃ العلماء جیسی ذمہ دار جماعت اور دوسرے تمام ذمہ دار مسلمانوں اور اسلامی پریس نے اس کی زبردست مخالفت کی اور اب تک اس کی پرزور مخالفت کر رہے ہیں۔ پھر حکومت کو مسلمانوں کی مخالفت کے باوجود اس کے نفاذ پر کیوں اصرار ہے اور حجاج کو دھوکہ، فریب سے بچانے پر اصرار کیوں، جبکہ مسلمان خود اس علاج کو ناپسند کرتے ہیں۔

۴۔ اصل وجہ یہ ہے کہ حجاز مقدس میں ایک ہزار سے زائد معلمین ہیں جن کا ذریعۂ معاش اور زندگی کا انحصار صرف حجاج کے آنے اور ان کی خدمت کے صلہ پر ہے۔ اور اسی طبقہ کا زیادہ تعلق حجاج سے ہے۔ حکومت ہند یا عرصہ سے اس فکر میں تھی کہ اس طبقہ پر پورا قابو ہونا چاہئے۔

اس کے لئے پہلا طریقہ تو یہ موجود تھا کہ معلم یا اس کا ملازم اگر ہندوستان آنا چاہے۔ تو انگریزی سفارت خانہ سے اجازت حاصل کرے۔ اور میں ایسی مثالیں پیش کر سکتا ہوں کہ اجازت صرف ان معلمین یا ان کے ملازمین کو ملتی تھی جو انگریزی اثر کو قبول کرتے ہیں جس نے ذرا بھی انکار کیا یا بے نیازی برتی اس کو ہندوستان جانے سے روک دیا۔ اور جس کو روک دیا جائے اس کی تجارت، اس کی آمدنی، اس کا ذریعہ معاش بند ہو گیا۔ میں ایک معلم کو جانتا ہوں جو صرف آنے کے روکے جانے کی وجہ سے تباہ ہو گیا۔ اور اسی غم میں فوت ہو گیا۔

مگر بعض معلم ایسے تھے جو بحرین وغیرہ کی طرف سے آ جاتے تھے تو حکومت نے اپنے خاص احباب سے یہ تجویز پیش کروائی کیونکہ جب لائسنس کا قانون بن گیا پھر تو معلمین کی عبودیت میں کوئی شک نہ ہوگا جو انگریزی اقتدار سے ہر نا چنے سے انکار کرے گا یا حجاز مقدس میں آلۂ کار بنے گا اس کو لائسنس نہیں ملیگا اگر ملا تو منسوخ کر دیا جائے گا۔ اگر ضرورت پڑی تو قید کر دیا جائے گا۔ اس قانون کے بعد کس معلم کی طاقت اور جرأت ہے کہ وہ اپنے ایمان کے مطابق حجاز مقدس میں امن سے رہے اور برطانوی مقاصد کی تکمیل سے انکار کر سکے۔ یہ قانون حجاج کو دھوکہ بازوں سے بچانے کے لئے نہیں بلکہ حجاز مقدس کے ایک بہت بڑے گروہ کے گلے میں عبودیت کی رسی ڈالنے کا ہے۔ اس لئے میں تمام اسلامی اخبارات، مجالس سے خصوصاً جمعیۃ العلماء سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ متفقہ طور پر اس کی مخالفت کر کے اپنے فرض کو ادا کریں۔

[illegible]

آرڈیننس ختم ہونے پر سزا نہیں دیجا سکتی

الہ آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ

الہ آباد ۱۲ جولائی۔ کل الہ آباد ہائی کورٹ کی مکمل بنچ نے جو سر سلیمان سر لال گوپال مکرجی اور مسٹر ہاس کنگ پر مشتمل تھی ایک اہم قانونی نکتہ کے متعلق اپنا فیصلہ سنا دیا۔

مسٹر منیس گوپال منتوطن فتح پور نے جس کو انتقامی نوٹس کی خلاف ورزی کرنے اور ایک خلاف قانون انجمن یعنی ضلع کانگریس کمیٹی کو تقویت پہنچانے کے الزام میں سزا ہوئی تھی ماتحت عدالت کے فیصلہ کے خلاف اپیل کی تھی پہلے الزام کے متعلق ان کا کہنا یہ ہے کہ جب کہ ان کے خلاف مقدمہ کی سماعت ہو رہی تھی اس آرڈیننس کی میعاد ختم ہو گئی جس کے ماتحت ان کو سزا دی گئی۔ قانونی نقطہ یہ ہے کہ جبکہ آرڈیننس کی میعاد ختم ہو گئی تو اس کے ماتحت جرم کی سزا کیسے دی جا سکتی ہے۔ دوسرے الزام کے متعلق ان کا کہنا یہ ہے کہ چونکہ ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی کا وجود ثابت کرنے کے لئے کوئی قانونی ثبوت موجود نہیں تھا۔ اس لئے اس الزام میں بھی ان کو سزا نہیں دی جا سکتی۔ جج صاحبان موصوف نے فرمایا کہ پہلی دلیل واقعی ٹھیک معلوم ہوتی ہے اس لئے انہوں نے پہلے جرم کی سزا کو منسوخ کر دیا لیکن دوسرے میں مداخلت کرنے سے انکار کر دیا۔

دو وکیلوں کا تعطل

سول نافرمانی میں شرکت کا جرم

کلکتہ ۱۸ جولائی۔ کلکتہ ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس ایس ایس گوہا اور مسٹر جسٹس بارٹلے نے آج دو پلیڈروں میسرز ستیش چندر رائے اور گوپال چندر پال کو یکم اگست سے چھ ماہ کے واسطے پریکٹس سے معطل کرنے کا حکم دیا۔ اس تعطل کی وجہ یہ ہے کہ ان کو تحریک سول نافرمانی کے سلسلہ میں ۱۹۳۲ء اور ۱۹۳۳ء میں خلاف قانون انجمن کے ممبر ہونے اور یوم آزادی منانے کے الزام میں سزا ہوئی تھی۔

واقعات مقدمہ اس طرح بتائے جاتے ہیں کہ انہوں نے اپنی رہائی کے بعد اپنے سارٹیفکیٹوں کی تجدید کے لئے ڈسٹرکٹ جج سلہٹ سے درخواست کی جج موصوف نے اس معاملہ کو ہائی کورٹ کے سپرد کر دیا جس نے آج اپنا فیصلہ سنا دیا۔

فاضل ججوں نے اپنا فیصلہ سناتے ہوئے فرمایا کہ جن الزامات کی بناء پر پلیڈروں کو سزا ملی ہے ان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ان کے چال چلن میں شدید نقص تھا اور قانون شکنی میں مصروف تھے۔ عدالتوں اور قانون دانوں کا یہ فرض ہے کہ وہ قانون قائم رکھیں۔

۱۳۱ مسلمانوں کی گرفتاری

بلاڑانگ کے ہندو مسلم فسادات کا نتیجہ

بہرامپور ۱۹ جولائی۔ بلاڑانگ میں حالات بہتر ہو رہے ہیں پولیس کے کچھ آدمی اور ایسٹرن فرنٹیر رائفلز کے تمام جوان ہیڈ کوارٹر بھیج دئے گئے ہیں اب تحقیقی طور پر معلوم ہو گیا ہے کہ نو یوکھریہ میں تقریباً ساٹھ مکان جلائے گئے وہاں کی یونین کا دفعدار لاپتہ ہے کل تین ہندو ہلاک ہوئے بہرامپور میں ایک مسلمان کی بھی لاش لائی گئی ہے خبر ہے کہ اسے فساد کے دوران میں گولی لگی تھی اس لئے وہ اپنے مکان میں چھپ گیا لیکن بعد میں ہلاک ہو گیا اب تک کل ۱۳۱ آدمی گرفتار ہوئے ہیں اور یہ تمام مسلمان ہیں ۲۶ پولیس کیس اور ۱۳ استغاثے دائر کئے گئے ہیں استغاثے مسلمانوں نے دائر کئے ہیں اور پولیس کیس زخمی ہندوؤں کے کہنے پر قائم کئے گئے ہیں۔

کراچی میں سڑکوں پر گھٹنوں تک پانی

بارش کی وجہ سے مکانات کا انہدام

کراچی ۱۸ جولائی۔ آج صبح جب اہالیان شہر سو کر اٹھے ان کو یہ دیکھ کر سخت حیرت ہوئی کہ سڑکیں جو شب کو ان کے سونے کے وقت تک خالی پڑی ہوئی تھیں اب پانی سے بھری ہوئی ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ تمام رات اس قدر زبردست بارش ہوئی کہ سڑکوں پر گھٹنوں سے بھی زیادہ پانی آ گیا نشیبی علاقوں سے کئی مکانوں کے گر جانے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ مکانات گرنے کی وجہ سے تین اشخاص ہلاک اور کئی مجروح ہوئے جن کو ہسپتال پہنچا دیا گیا ہے۔

حکام میونسپلٹی سیلاب زدہ علاقوں کا معائنہ کر رہے ہیں اور مصیبت زدگان کو امداد پہنچا رہے ہیں۔ بارش کی کثرت کی وجہ سے ٹیلیفون بیکار ہو گئے تاجروں کو اس کی وجہ سے سخت نقصان پہنچا ہے ان کے گیہوں کے بورے جو کہ کھلی ہوا میں پڑے ہوئے تھے سو سلا دھار بارش کی وجہ سے بالکل بھیگ گئے۔

گاندھی جی کی فتح میں قوم کی توہین

مسلمانوں کو نہ پونا سے سروکار ہے نہ حکومت سے

بمبئی ۱۹ جولائی۔ نمائندہ ایسوسی ایٹڈ پریس سے انٹرویو کے دوران میں مولانا شوکت علی صاحب نے فرمایا کہ پونا کانفرنس سے گاندھی جی کی فتح ہوئی ہے لیکن اس سے قوم کی توہین بھی ہوئی ہے۔ قوم کے مفاد کے لئے دانشمندی یہ ہے کہ حکومت کے طرز عمل کا خیال کئے بغیر سول نافرمانی واپس لے لی جائے کیونکہ اس کے بعد ملک تعمیری پروگرام مرتب کرنے اور زیادہ ضروری مسائل حل کرنے کے لئے آزاد ہوگا۔ آپ نے مزید فرمایا کہ جہاں تک مسلمانوں کا تعلق ہے وہ نہ حکومت کی طرف کھینچیں گے اور نہ پونا کانفرنس کے فیصلہ کی طرف البتہ وہ آپس کے اختلاف مٹانے کا تہیہ کر چکے ہیں۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ کانگریس اور حکومت دونوں ہماری مدد کریں۔ اگر وہ ہماری مدد نہیں کر سکتے تو ہمیں آزاد چھوڑ دینا چاہئے۔

شمالی بنگال کے مسلح ڈاکہ کا مقدمہ

۱۴ اشخاص کو سزا۔ ایک بری

راجشاہی ۱۷ جولائی۔ آج مسٹر ایس سی آچاریہ سپیشل مجسٹریٹ نے شمالی بنگال کے مقدمہ سازش اسلحہ جات کا فیصلہ سنا دیا۔ مجسٹریٹ موصوف نے جیبتی موجمدار کو جو کہ ملزموں کا سرغنہ بتلایا جاتا ہے۔ دو سال قید سخت اور امولیا شاہ کو ڈیڑھ سال بینو رائے کو ایک سال قید سخت اور دو کو ایک سال قید اور چھ کو تین ماہ سے چھ ماہ تک کی مختلف سزائیں دیں مس شانتی رائے اور دیگر ملزموں کو جنہوں نے صحت جرم تسلیم کر لیا تھا عدالت برخاست ہونے تک ٹھہرنے کا حکم دیا اور مادھو سندر سین کے خلاف مقدمہ واپس لے لیا گیا اور اسے رہا کر دیا گیا۔

ملزموں کو راہ گرہ میں ڈاکہ ڈالنے کے الزام میں سزائیں دی گئی ہیں۔

مکہ مکرمہ میں بجلی کا کارخانہ

حاجی ابراہیم جیون بخش ملوی کی مساعی

ہندوستان کے مشہور تاجر سیٹھ حاجی ابراہیم جیون بخش صاحب ملوی جو کلکتہ میں جاپانی مال کے سب سے بڑے تاجر ہیں وہ حکومت حجاز سے گفتگو کر رہے ہیں کہ مکہ شریف کے شہر کے لئے ایک بہت بڑا پاور ہاؤس قائم کریں چند شرائط کے تصفیہ کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ یہ ضرورت بھی پوری ہو جائے گی۔

عسیر کی بغاوت کا کلی استیصال

ہندوستان کے بعض خبر لوگوں نے بغاوت عسیر کو جو در اصل ایک غداری کا ایک ادنیٰ کرشمہ تھا مجاہدین کی پیش قدمی سے تعبیر کیا تھا ان لوگوں نے عسیر کے نام پر چندہ بھی جمع کرنا شروع کر دیا تھا ان کو اس خبر سے سخت مایوسی ہوگی کہ خدا کے فضل و کرم سے عسیر میں کامل امن و امان ہو گیا اور اب شاہ نے مجرمین کو معافیاں بھی دیدی ہیں دشمنان اسلام کا یہ منصوبہ بھی خاک میں مل گیا۔ فالحمد للہ علی ذالک۔

پبلک کی شکایات کا ازالہ

اسمبلی کے ایک مسلم ممبر کا اعلان

اگر پبلک کو کوئی ایسی شکایات ہوں جن کا تعلق اسمبلی سے ہے وہ مجھے تحریر فرمائیں۔ میں بڑی خوشی سے اسمبلی میں سوال کروں گا لیکن واضح رہے کہ ایسے سوالات کہ الف کو۔ ا کو رد پیشے تنزل کیوں ہوئے اور ب کی کیوں ترقی ہوئی دریافت کرنے کی اجازت نہیں ہے معاملات صرف ایسے ہونے چاہئیں جن کا پبلک مفاد سے تعلق ہو۔

شیخ صادق حسن

جنامکیس کے مقدمہ کا فیصلہ

ملزم عبد الستار کو دو سال قید سخت

دہلی ۲۰ جولائی۔ کل مسٹر ایف۔ بی پول ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے جنامکیس کے مشہور مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا۔ ملزم عبد الستار کو دو سال قید سخت کی سزا دی گئی۔

کئی ماہ ہوئے جمنا کے پل پر ایک مجروح ملا تھا جس کے دونوں ہاتھ اڑے ہوئے تھے اس کو عدالت سے سزائے قید دی جا چکی ہے۔ اس نے عدالت میں بیان کیا تھا کہ ملزم عبد الستار نے اس کو چند آتشگیر اشیا پہنچانے کے واسطے دی تھیں جن میں بجائے آگ لگ جانے کے باعث اس کے دونوں ہاتھ اڑ گئے ملزم عبد الستار اس کو جمنا کے پل پر چھوڑ آیا تھا اور اس کو ہدایت کر دی تھی کہ وہ پولیس کو یہ بیان لکھا دے کہ ۳۰۷ نمبر کی موٹر میں دو بنگالی بیٹھے ہوئے جا رہے تھے انہوں نے اس کو ایک بکس دیا تھا اور یہ کہا تھا کہ وہ ان کے ہوتے ہوئے لے لیں گے۔ بکس اس کے ہاتھ سے گر پڑا اور وہ شدید زخمی ہو گیا۔

مسٹر رشید احمد نے مجروح آدمی کو سزا دیتے ہوئے فیصلہ میں تحریر کیا تھا کہ ملزم عبد الستار بھی اس مقدمہ میں ماخوذ ہے۔ اس پر علیحدہ قانون مادہ آتشگیر کے ماتحت مقدمہ چلانا چاہئے۔ چنانچہ عبد الستار پر مقدمہ چلا کر مندرجہ بالا سزا دی گئی۔

جامعہ ملیہ دہلی کا زبردست اعلان

مسلمان بندوں کے حق کو خدا کے حق سے کم نہیں سمجھتے اجمل خاں اور محمد علی کا مسلمانوں پر بڑا حق ہے۔ یہ حق اس طرح ادا ہوگا کہ ان کی یادگار زندہ رکھی جائے ان دونوں کی محبوب یادگار جامعہ ملیہ اسلامیہ ہے۔ جامعہ ملیہ کی مدد کیجئے۔ حلقہ ہمدردان جامعہ میں شریک ہو جائیے۔

افغانستان میں غازی امان اللہ خاں کا پروپیگنڈا

آفریدیوں کو حمایت کرنے کی ترغیب

پشاور کے اخبار "سرحد" کو کل تیراہ سے اطلاع ملی ہے کہ ۸ ارجون کو ہوائی فقیر کی پارٹی کے چار آدمی آفریدیوں کے علاقہ تیراہ میں پہنچے اور وہاں کے سرکردہ اشخاص کو بلا کر غازی امان اللہ خاں کے نام سے انہوں نے امداد و اعانت کرنے کی کوشش کی بہت دیر تک یہ لوگ غازی امان اللہ خاں کا ذکر کرتے رہے۔

لیکن آفریدیوں نے کہا کہ غازی امان اللہ خاں اگر تخت کے دعویدار ہیں تو ان کو خود میدان میں آنا چاہئے یہ کیا ہے کہ کبھی ایک شخص آتا ہے اور کہتا ہے کہ غازی امان اللہ خاں آ رہے ہیں میری امداد کرو۔ کبھی دوسرا شخص آتا ہے اور کہتا ہے کہ غازی امان اللہ خاں کا بھائی میرے ساتھ ہے لیکن اس بھائی کو کوئی آنکھوں سے نہیں دیکھتا اور وہ امداد کا طالب ہوتا ہے۔

مولانا شوکت علی، وائسرائے اور گاندھی جی کی ملاقات کرا دیں

وائسرائے نے ملاقات سے انکار کر کے شدید غلطی کا ارتکاب کیا ہے

شیخ عبد المجید صاحب سندھی کا بیان

کراچی ۱۹ جولائی۔ شیخ عبد المجید صدر مرکزی خلافت کمیٹی نے ایسوسی ایٹڈ پریس کے نام ذیل کا بیان شائع کیا ہے:-

"مسلمان کانگریس سے اپنے اختلافات رکھتے ہیں۔ اور جب تک کانگریس مسلمانوں سے باہمی سمجھوتہ نہ کرے گی اس وقت تک برابر کانگریس کو ہی فرقہ وارانہ خیال سمجھتا رہوں گا۔ میرے خیال میں گاندھی جی کی ملاقات سے انکار کرنا وائسرائے کی غلطی ہے۔ تحریک سول نافرمانی کو مسلسل بارہ ہفتہ تک ملتوی کر کے کانگریس نے اس کا ثبوت دیا ہے کہ وہ سچے دل سے تحریک کا خاتمہ کرنے کی خواہشمند ہے۔ اگرچہ وائسرائے بار بار گاندھی جی سے ملاقات کرنے سے انکار کر رہے ہیں۔ لیکن گاندھی جی کے بیان سے یہ صاف طور سے ظاہر ہے کہ موجودہ التواء سول نافرمانی کے زمانہ انتہا میں جب صدر کانگریس یہ اعلان کریں گے کہ عمومی سول نافرمانی کو ترک کر دیا گیا صرف انفرادی سول نافرمانی کی اجازت رہے گی۔ عملاً اس کے معنی تحریک سول نافرمانی کے خاتمہ کے ہیں۔ میں اب تک امید کرتا ہوں ... گاندھی جی کو ملاقات کے لئے بلائیں تاکہ ہندوستان کے سیاسی اور فرقہ وارانہ مسئلہ پر باعزت سمجھوتہ کے لئے کوئی راہ نکالی جا سکے۔ دونوں پارٹیاں ایک مغالطہ میں مبتلا ہیں۔ اور ملک کی بہت بڑی تعداد کا نقصان ہو رہا ہے۔ کیونکہ اکثریت فوری صلح اور تعمیری پروگرام چاہتی ہے تاکہ لاکھوں آدمیوں پر جو قحط کی بلا نازل ہوئی ہے۔ اقتصادی کساد بازاری اور انتظامی ڈھیلا پن جو چند صوبوں میں پایا جاتا ہے ان سب کا انسداد ہو سکے۔

کراچی ۱۸ جولائی۔ شیخ عبد المجید صاحب صدر مرکزی خلافت کمیٹی نے مولانا شوکت علی کو تار بھیجا ہے کہ وہ وائسرائے پر گاندھی جی سے ملاقات کرنے کے لئے اپنا اثر ڈالیں اور وائسرائے کو یہ یقین دلائیں کہ اس ملاقات سے سول نافرمانی کا خاتمہ اور صلح کا قیام عمل میں آئے گا۔

۱۳ پشاوری قیدیوں کو پھانسی کی سزا

جیل میں بلوہ کے ایک مقدمہ کا فیصلہ

ڈیرہ اسمٰعیل خاں ۱۹ جولائی۔ سنٹرل جیل میں ۵ جنوری ۱۹۳۲ء کو شدید بلوہ ہو گیا جس میں تقریباً ایک سو پشاوری قیدیوں نے چھ مدت قیدی ہلاک کر دئے بلوائیوں نے وارڈروں کو گھیر لیا تھا اور تقریباً ایک گھنٹہ تک طوفان برپا کر دیا تھا۔ پولیس نے نہایت دلیری سے کام لیا۔ وہ مسلح اور قاتل بلوائیوں کے درمیان ۵ فٹ اونچی دیوار پھاند کر پہنچی اور امن قائم کیا۔ جج نے آج ان کے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا تیرہ قیدیوں کو سزائے موت پانچ کو حبس دوام بعبور دریائے شور کی سزا دی اور پانچ کو بری کر دیا۔

آئرلینڈ کا صدر اور ہندوستان

دبلے پتلے انسان پر سب کی نظریں

ہندوستان کا جذبہ آزادی غیر متزلزل ہے

لندن ۱۸ جولائی۔ ہندوستانی نمائندہ اخبار سے ملاقات کے دوران میں مسٹر ڈی ویلرا صدر آئرش پارلیمنٹ نے کہا کہ میرے لئے ہندوستان کے مسائل پر ایک عام اعلان کرنا تضیع اوقات کے مترادف ہے جبکہ آئرلینڈ کی مثال کو حکومت برطانیہ ہر وقت برائے بحث لایا کرتی ہے۔ مسٹر ڈی ویلرا سے ملاقات دس منٹ تک ہوتی رہی لیکن خاص طور پر مسٹر ڈی ویلرا نے گاندھی جی کی صحت کے متعلق دریافت کیا اور ہندوستان کی سیاسی فضا پر چند سوالات کئے اور کافی دلچسپی کا اظہار کیا۔ نمائندہ اخبار کا تعارف آئرش پریس کے ایڈیٹر سے کرایا گیا جس نے اسے میکسوئنی کے برت کے متعلق ایک کتاب دی کہ وہ گاندھی جی کی خدمت میں پیش کی جائے۔ نمائندہ اخبار نے مسٹر ڈی ویلرا کو ایک کھدر کا رومال دیا جو انہوں نے بڑی خوشی سے لے لیا۔ "آئرش پریس" اپنی تازہ ترین اشاعت میں لکھتا ہے کہ تمام دنیا کی آنکھیں اور دل دبلے پتلے انسان یعنی "گاندھی" کی طرف لگی ہوئی ہیں۔

[illegible]

وائسرائے اپنے فیصلہ میں ترمیم کریں

لندن میں سر سپرو اور اینڈریوز کا تار

لندن ۱۱ جولائی۔ فرینڈس ہاؤس میں ایک جلسہ میں ایک قرارداد منظور کی گئی جس میں وزیر اعظم اور سر سیموئیل ہور پر زور دیا گیا ہے کہ وہ وائسرائے کے فیصلہ پر نظر ثانی کریں۔ (جس میں انہوں نے گاندھی جی سے ملاقات کرنے سے انکار کر دیا ہے)۔

[illegible]

متشددانہ تحریک تمام ہندوستان میں پھیل رہی ہے

لارڈ لائیڈ کی تقریر

لندن ۱۸ جولائی۔ لارڈ لائیڈ نے ایک تقریر کے دوران میں حکومت سے اپیل کی کہ وہ ہندوستان کی صورت حالات کے متعلق پارلیمنٹ اور پبلک کا اعتماد حاصل کرے۔

انہوں نے کہا کہ حکومت کے پاس جو اطلاعات موجود ہیں اگر وہ ان کو عوام پر ظاہر کر دے تو پبلک کو یہ معلوم ہو جائے گا کہ تحریک دہشت انگیزی صرف بنگال تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ نہایت تیزی سے تمام ہندوستان میں پھیل رہی ہے۔

لندن میں علیحدگی سندھ کی مخالفت

وہی اقتصادی خطرات کا اندیشہ

[illegible]

کشتی کے الٹنے سے آٹھ آدمی غرقاب

[illegible]

فرانس اور جرمنی کو متحد کرنے کی کوشش

[illegible]

تحصیل ہاپوڑ کے ہندوؤں کا مذموم رویہ

[illegible]

حکومت کو چالیس لاکھ کا خسارہ

[illegible]

وائسرائے کے افسوسناک انکار کے بعد گاندھی جی کا پہلا بیان

تحریک سول نافرمانی بند کردیگی

کونسی حکومت، باغی رعایا سے گفت و شنید نہیں کرتی

وائسرائے کے جواب نے خطرات پیدا کر دیئے ہیں

پونا ۱۸ جولائی۔ گاندھی جی نے برت کے بعد آج پہلا بیان دیا۔ آپ کے خطوط و انتخاب آپ کے گرد و پیش جمع تھے۔

[illegible]

وائسرائے کی جدت پر افسوس

[illegible]

کانفرنس کیوں منعقد کیگئی

[illegible]

سول نافرمانی ترک کرنے کی نوعیت

[illegible]

آئندہ سول نافرمانی بند

[illegible]

تحریک ہریجن سے وابستگی

[illegible]

وزیر ہند کے بیان پر مدلل تبصرہ

صلح کا دروازہ ابھی تک بند نہیں ہوا

گاندھی جی کا دوسرا اہم بیان

[illegible]

نامناسب تجویز

[illegible]

فی الحال صلح کا کوئی امکان نہیں رہا

کانگریس کی تمام انجمنیں توڑ دی جائینگی

ڈیلی ہیرلڈ کے جواب میں گاندھی جی کا بیان

[illegible]

جامعہ اسلامیہ ڈابھیل میں علما کا اجتماع
علامہ سید سلیمان صاحب ندوی کی تشریف آوری

مسلمانان ریاست بڑودہ کی درخواست پر علامہ ممدوح سیرت نبی کے جلسہ میں تقریر کرنے کے لئے تشریف لائے تھے۔ راندیر کے مسلمانوں نے اس موقع کو غنیمت سمجھ کر اصرار راندیر تشریف لانے کی دعوت دی۔ بڑودہ سے آپ نے گجرات کے مشہور تاریخی شہر بہروچ میں وہاں کے مسلمانوں کے اصرار پر ایک دن قیام فرمایا۔

۵ ربیع الاول یکشنبہ کو آپ راندیر تشریف لائے۔ اسی روز وہاں ایک تقریر فرمائی دوسرے دن مدرسہ محمدیہ حسینیہ کے طلبا کے سامنے ایک خطبہ ارشاد فرمایا۔ ۷ ربیع الاول سہ شنبہ کو ضلع سورت میں آپ کی تقریر کا اعلان تھا اسی دن آپ کے تمام راندیر کی اطلاع ڈابھیل بھیجی شیخ التفسیر مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی کے ایما پر مولانا عبید صاحب ... [illegible]

... [illegible]

والد ارعلی حیدر آبادی۔ ناظم مجلس دعوت ارشاد جامعہ اسلامیہ ڈابھیل

ندوۃ العلماء کی مسجد اور خواتین کا فرض
اسلامی بہنوں سے ایک خاتون کی اپیل

میری مسلمان بہنو! آپ کو معلوم ہوگا کہ دارالعلوم ندوۃ العلماء ... [illegible]

... [illegible] مسلمانوں نے ... [illegible]

الیہ خواجہ سید فرید الدین چشتی مرحوم

سکندر آباد میں جشن میلاد النبی

... [illegible]

منتظم مسجد جامع نامہ گذاد سکندر آباد۔ دکن

طلبی ضمانت کے خلاف مقدمہ

پٹنہ بارہ جولائی۔ آج مولانا سید شاہ محمد عثمان غنی صاحب ایڈیٹر امارت نے ایک شرارہ کے مطالبہ ضمانت کو ناجائز قرار دیتے ہوئے گورنمنٹ بہار کے خلاف پٹنہ ہائی کورٹ میں مقدمہ دائر کر دیا ہے۔ ... [illegible]

(نامہ نگار۔ از پٹنہ)

سوئیوالان کا تعزیہ
ایک غلط بیانی کی تردید

... [illegible]

فریق کو ہر چند صاحبان شیعہ کے روادارانہ مذہبی مراسم پر کوئی اعتراض نہیں اس معاملہ پر اعتراض کرنا پڑا جس سے بوئے فساد آتی ہے ... [illegible]

(نامہ نگار از دہلی)

مسلمانان شیخوپورہ کا زبردست اجتماع
سکھوں کی سفیہانہ حرکات کے خلاف احتجاج

مورخہ ۴ جولائی بوقت ۵ بجے شب مسلمانان شیخوپورہ کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت مولانا مولوی محمد عبداللہ صاحب فاضل دیوبند و مولوی فاضل، مدرس مدرسہ عربیہ حنفیہ شیخوپورہ منعقد ہوا جس میں غریب وفادار مسلمان ... [illegible]

(۱) مسلمانان شیخوپورہ کا یہ جلسہ عام بزور الفاظ میں تجویز کرتا ہے کہ ... [illegible]

ب۔ یہ جلسہ بالاتفاق تجویز کرتا ہے کہ ضلع کے ڈپٹی کمشنر صاحب بہادر سپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر پولیس کی توجہ اس چیز کی طرف خاص طور پر دلا کر ... پوری پوری امداد کریں بصورت عدم توجہی جلسہ ہذا اعلان کی جانب کرتا ہے کہ وہ غاصبانہ دست و برد کے خلاف اپنی مذہبی آزادی کے حاصل کرنے میں ہر ممکن کوشش کو عمل میں لائیں گے۔

جنرل سکرٹری انجمن اہل سنت والجماعت شیخوپورہ

مملکت آصفیہ کی مجالس نبویہ
حجاز مقدس میں مسافر خانوں کا قیام

مملکت آصفیہ جس طرح اپنی دیگر خصوصیات میں ممتاز ہے بالخصوص جشن میلاد مبارک کے اہتمام میں بھی وہ اپنی ایک اعلیٰ شان رکھتی ہے۔

مملکت آصفیہ کا شاید ہی کوئی ایسا گوشہ ہو جہاں عاشقان بارگاہ رسالت مجالس مقدس کا کافی اہتمام ذکر تے ہوں بارہویں تاریخ کو حیدر آباد دکن میں جس عظیم الشان پیمانہ پر انتظامات کئے جاتے ہیں ... مقام مسرت ہے کہ اسی سال ہندوستان کے مشہور خطیب حضرت مولانا عبدالحامد صاحب قادری بدایونی کے قیام کی وجہ سے ان محافل میں اور بھی رونق پیدا ہو گئی ہے ... [illegible]

۱۹ ربیع الاول کو سرونگر کے مسلمانوں نے عقیدت و محبت کے ساتھ مولانا موصوف کو اپنے جلسہ میں مدعو کیا ... [illegible] ... سید محمد مسلم بی اے

جنوبی افریقہ کے مسلمانوں کا حزن و ملال
مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کے وصال کی اندوہناک خبر

بروز جمعرات یہاں پر جوہانسبرگ سے بذریعہ ٹیلیفون یہ اندوہناک جگر خراش خبر ملی کہ علامۃ الزماں ... جناب حضرت مولانا الحاج سید محمد انور شاہ کشمیری نور اللہ مرقدہ صدر مدرس مدرسہ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل ضلع سورت اس دار فانی سے دار بقا کی جانب رحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اس اندوہناک خبر کا سننا تھا کہ یکایک ہر جانب سکون طاری ہو گیا ... [illegible]

خدا مرحوم کی ان بابرکت ذات کو جنت الفردوس میں جگہ نصیب کرے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمادے ... [illegible]

جنوبی افریقہ کے باشندے حضرت علامہ الزماں شیخ الحدیث جناب مولانا الحاج سید محمد انور شاہ صاحب کشمیری صدر مدرس مدرسہ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل حضرت وفات پر اظہار افسوس کرتا ہے اور اس اندوہناک معاملہ میں مرحوم کے خویش و اقارب اور ان کے متعلقین کے غم میں خلوص قلب سے شریک ہوتے ہوئے خلوص دل سے دعا کرتا ہے کہ وہ پاک ذات اپنے فضل سے ان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحوم کو جنت الفردوس نصیب کرے۔

احقر محمد ابن اسمٰعیل نانا عفا اللہ عنہ سلکی فدرسے

عراق ریلوے

عراق ریلوے مسلمانوں کی متبرک مساجد نجف کربلا، کاظمین اور سامرا کی زیارت کیلئے سب سے زیادہ تیز آرام دہ اور سستا سفر پیش کرتی ہے

مکہ شریف جاتے وقت عراق میں متبرک درگاہیں دیکھیں

زائرین کیلئے خاص کوپن ٹکٹیں جو ۶۰ دن تک کارآمد ہونگے اور ۵۰ کلو اسباب معاف ہوگا مندرجہ ذیل نرخ پر مل سکتے ہیں

	درجہ سوم	درجہ دوم
بک (الف) برائے سفر (البصرہ) کربلا۔ بغداد کاظمین۔ ماگل۔ سامرا اور واپسی ماگل	۱۴-۰-۰	۲۴-۰-۰
بک (ب) برائے سفر ماگل (بصرہ) کربلا بغداد کاظمین اور واپسی ماگل	۱۲-۸-۰	۲۰-۰-۰

زائرین کی ان کتابوں کی قیمت ۹ جون سے بہت کم کر دی گئی ہیں آئندہ صرف تیسرے درجہ کے زائرین کی کتابیں ہندوستان میں مل سکیں گی درجہ دوم کے زائرین کی کتابیں ماگل میں پہنچنے پر خریدی جا سکتی ہیں

ہمارا زیارت کا ایجنٹ تمام زائرین کا استقبال ماگل (بصرہ) میں کرے گا تین سال کے بچوں کا کرایہ معاف ہوگا اور بارہ سال سے کم عمر کے بچوں کا کرایہ نصف لیا جائے گا۔ ہر روز تمام قصبوں کے درمیان گاڑیاں چلیں گی۔ بغداد سے دمشق تک صحرا سے موٹر کار راستہ دو دن میں طے ہوتا ہے کرایہ کی نگرانی حکومت عراق کے اختیار میں ہے) دمشق سے جدہ اور مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ تک

درجہ دوم ۱۹۰-۰-۰

درجہ سوم بلا خوراک ۹۵-۰-۰

جملہ معلومات اور ٹکٹیں مندرجہ ذیل پتہ سے مل سکتے ہیں

(۱) مولوی محمد باقر حاجی دیوجی جمال مسافر خانہ جیل روڈ عمر کھاڑی بمبئی (۲) مسٹر اے۔ ای لوٹیا منڈوی کولی واڑی بمبئی (۳) مسٹر حبیب حاجی رحمت اللہ خادار دو کراچی (۴) آنریری جائنٹ سکرٹری فیض پنجتنی پالا گلی بمبئی (۵) آنریری سکرٹری فیض پنجتنی کوئن گارڈن کراچی (۶) مسٹر عبدالعلی علی جی بندر روڈ کراچی

(۱) ایک ہی جہاز ... سے بذریعہ بصرہ کو سفر کرنے والے زائرین کے کرایہ میں کمی کے سوال پر غور کیا جائیگا

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے
لیکن کدھر؟
ڈاکخانہ کی طرف! کیوں؟ کس لئے؟

... [illegible]

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

خوبصورت حمائل "دلکش"

... [illegible]

دفتر اشاعت القرآن بیت الشفا امروہہ یو۔پی

کایاپلٹ
ہندوستانی سارسا پریلا

... [illegible]

منیجر ینگ انڈیا فارمیسی نگاں محلہ اسٹریٹ ... دہلی

زنان بازاری کا انسداد
دہلی میونسپلٹی سے اپیل

انجمن اتحاد المسلمین دہلی کا ایک عام جلسہ بازاری عورتوں کے انسداد کیلئے بتاریخ ۱۷ جولائی ۳۳ء بعد نماز عشاء بمقام مسجد کلاں سرچیاں اجمیری دروازہ زیر صدارت حضرت مولانا نور محمد صاحب منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجویز بالاتفاق منظور ہوئی "انجمن اتحاد المسلمین دہلی کی مجلس عام اور مسلمانان بازار اجمیری دروازہ کا یہ جلسہ عام میونسپل کمیٹی دہلی کو توجہ دلاتا ہے کہ بازاری عورتیں علانیہ سرے بازار مساجد کے سامنے نیز شریف اور غریب مسلمانوں کے محلوں میں خفیہ اور علانیہ طریقے سے آباد ہیں۔ اگرچہ میونسپل کمیٹی دہلی چاوڑی بازار اور اجمیری دروازہ کو بازاری عورتوں کے لئے ناجائز قرار دے چکی ہے لیکن ابھی تک کثیر تعداد میں آباد ہیں۔ اگر میونسپل کمیٹی نے جلد ان کے انسداد کے لئے کوئی عملی کارروائی اختیار نہ کی تو ہم مسلمانان بازار اجمیری دروازہ ان کے انسداد کے لئے پرامن مناسب کوشش کے لئے تیار ہوں گے۔

محمد اکرام الدین سکرٹری

مضامین توحید

رسالہ الفلاح کا توحید نمبر یکم ستمبر ۳۳ء کو شائع ہوگا جس ہندوستان کی ہر قوم مسلمان۔ سکھ۔ آریہ سناتنی وغیرہ کے مضمون توحید پر شائع ہونگے جن کے حصول کے لئے ہر قوم کے تعلیمیافتہ اہل قلم سے درخواست کی گئی ہے اور اعلان عام ہے کہ مسئلہ توحید پر اہل علم و قلم دماغ کا اظہار فرمائیں بہترین مضمون شائع ہوں گے۔ عجیب و غریب مقابلہ ہوگا جن کے مضامین دلائل ادب۔ اور سلاست کے لحاظ سے اول و دوم و سوم ہوں گے ان کی خدمت میں یہ نمبر بلامعاوضہ ارسال ہوگا مضمون نگاروں کو چاہئے کہ پورا پتہ تحریر فرمائیں مضامین اپنی مذہب کی رو سے توحید۔ فلسفہ توحید۔ سالوبان مذہب کی توحید، زمانہ حاضرہ کی توحید، مقصد توحید، وغیرہ مضامین ۵ اگست ۳۳ء تک دفتر میں پہنچ جانے چاہئیں۔

محمد عبدالغفار الخیری اڈیٹر الفلاح فرو باغ دہلی

دارالحدیث رشیدیہ میں ایک جلسہ

۱۷ جولائی ۳۳ء بعد نماز جمعہ دارالحدیث رشیدیہ اجمیری دروازہ دہلی میں ایک جلسہ ہوا مولوی حافظ عبدالوکیل صاحب خطیب مولوی فاضل نے تقریر میں مسلمانوں کو بتایا کہ دہلی برابر علمی گہوارہ رہا ہے اس کی شان ہر معاملہ میں اور مقامات سے ممتاز و اعلیٰ ہے۔ یہاں علمائے دین کا اجتماع ... [illegible]

سمن بغرض انفصال مقدمہ

(آرڈر ۵ قواعد ۱ و ۵ مجموعہ ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ عیسوی)

نمبر مقدمہ ... بمقدمہ بقایا منافع موضع ... پرگنہ رامپور ... بعدالت مولوی عبدالحمید صاحب بہادر اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول ضلع سہارنپور ... [illegible]

... ہے لہٰذا تم کو حکم ہوتا ہے کہ تم بتاریخ ۸ ماہ اگست ۳۳ء بوقت دن کے دس بجے بمقام سہارنپور اصالتاً یا معرفت وکیل کے جو مقدمہ کے حالات سے قرار واقعی واقف کیا گیا ہو اور جو کل امور اہم متعلقہ مقدمہ کا جواب دے سکے یا جس کے ساتھ کوئی اور شخص ہو کہ جواب ایسے سوالات کا دے سکے حاضر ہو اور جوابدہی دعویٰ کی کرو اور ہرگاہ وہی تاریخ جو تمہاری حاضری کے لئے مقرر ہے واسطے انفصال قطعی مقدمہ کے تجویز ہوئی ہے پس تم کو لازم ہے کہ اسی روز اپنے جملہ گواہوں کو جن کی شہادت پر نیز جملہ دستاویزات جن پر تم بتائید اپنے جوابدہی کے استدلال کرنا چاہتے ہو پیش کرو۔

اور تم کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر بروز مذکور تم حاضر نہ ہوگے تو مقدمہ بغیر حاضری تمہارے مسموع اور فیصل ہوگا۔

بثبت میرے دستخط اور مہر عدالت کے آج بتاریخ ۵ ماہ جولائی ۱۹۳۳ء

(دستخط) بخط انگریزی

اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول

(مہر عدالت)

ہے اس شہر میں باطل عقائد کی نشر و اشاعت ناممکن تھی چنانچہ مرزائی دہریہ جماعت) شیعہ کا کبھی زور نہ ہوا بلکہ مرزائی ہر طرح ناکام رہے لیکن اب نہ معلوم ہماری کن شامت اعمالیوں کی وجہ سے ہر جدید فرقہ یہاں زور پکڑ رہے ہیں حالانکہ ان کے اصول کمزور ان کی اخلاقی حالت قابل ماتم جب خود مرزا آنجہانی نے اپنے نہ ماننے والوں کو "ذریۃ البغایا" درزانیہ کی اولاد کا خطاب دیا تو کیا مرزائی سے اچھی امید پیدا کی جاسکتی ہے ہرگز نہیں مرزائی حضرات اپنی اخلاقی کمزوریوں کا مظاہرہ اکثر کرتے رہتے ہیں چنانچہ ۱۷ جولائی ۳۳ء کو ختم ریاض توحید دہلی کو ایک خط موصول ہوا ہے جس کی کوئی سطر کوئی جملہ مرزا آنجہانی کے دیئے ہوئے خطاب سے کم نہیں جب کی اخلاقی حالت اتنی کمزور ہو اس کا استیصال کوئی مشکل کام نہیں۔

حضرات شیعہ جو خلفائے ثلاثہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو برا کہتے ہیں وہ نہایت شرمناک حرکت ہے۔ مسلمانو! اپنے فرائض مذہبی و زندگی کو محسوس کرو۔ تاکہ اسلامی زندگی کا نمونہ بن سکو۔

محمد ابراہیم دہلوی

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

انتقادات

پیشوا کا رسول نمبر

ماہانہ رسالہ زیر ادارت سید عزیز حسن صاحب بقائی سائز ۳۰×۲۰/۸ حجم ۱۵۲ صفحے کاغذ سفید چکنا قیمت سالانہ دو روپے (قسم اعلیٰ) ایک روپیہ (قسم دوم) قیمت خاص نمبر ایک روپیہ ملنے کا پتہ:- منیجر رسالہ پیشوا دہلی

پیشوا کا رسول نمبر اپنی امتیازی خصوصیت کے ساتھ ہر سال شائع ہوتا ہے اور سید عزیز حسن صاحب بقائی جو پیشوا کے ایڈیٹر بھی ہیں اور مالک بھی اس نمبر کو خاص اہتمام کے ساتھ مرتب کرتے ہیں اور اس کی اشاعت سے مہینوں قبل لائق و فاضل اہل قلم سے مضامین حاصل کرنے اور انہیں بہترین کتابت و طباعت کے ساتھ اچھے کاغذ پر بروقت شائع کرنے میں خاص انہماک رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ پیشوا کے رسول نمبر کو کافی شہرت حاصل ہو گئی ہے اور اس موقع پر اس کا انتظار کیا جاتا ہے اس مرتبہ جو خصوصی پرچہ شائع ہوا ہے اس میں تقریباً چالیس مضامین اور اکیس نظمیں ہیں اور ان کے علاوہ نہیں فوٹو بلاک ہیں تمام مضامین میں سرورکائنات حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں سے بحث کی گئی ہے مضمون نگاروں میں مولانا حافظ الرحمن صاحب مولانا عبدالماجد صاحب قادری، اشتیاق حسین صاحب قریشی ایم۔ اے ریڈر دہلی یونیورسٹی ... صاحب ایم۔ اے پروفیسر اندرا کالج بمبئی) مولوی سعید احمد صاحب ... علامہ سید سلیمان صاحب ندوی ... [illegible]

... ایک ہی رسالہ سے وہ سوال ہوتی ہے ہمیں امید ہے کہ مسلمانان ہند بقائی صاحب کی اس محنت و قابلیت کی قدر کریں گے اور پیشوا کے خریدار بن کر ان کی ہمت افزائی فرمائیں۔

تین پیسے میں ایک سو چالیس صفحے

رسالہ نظام المشائخ جو چھبیس سال سے ماہ داعی صاحب کی ایڈیٹری میں پابندی وقت کے ساتھ ماہوار نکل رہا ہے اس کا نمونہ آپ صرف تین پیسے کا کارڈ لکھ کر بالکل مفت منگا سکتے ہیں محصول بھی ہم اپنے پاس سے لگائیں گے نظام المشائخ کے ہر پرچہ میں ۳۰×۲۰/۸ سائز کے بہتر صفحے ہوتے ہیں جو کتابی سائز کے ایک سو چالیس صفحوں کے برابر سمجھنا چاہئے نظام المشائخ کے ایک مضمون کو پڑھ کر آپ بے اختیار کہیں گے کہ دلچسپ بھی ہے اور مفید بھی۔ المشتہر

منیجر رسالہ نظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

مصفی
طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہو گیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کر کے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلاخوف تردید دعویٰ کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کر سکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورے سے جدید سائنٹفک طریق پر تیار کیا گیا ہے خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔

کھجلی۔ داد، پھنسیاں وغیرہ حتیٰ کہ سوزاک۔ آتشک اور جذام کا زہریلا مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے نابود ہوتا ہے اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی در حقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۱۲ خوراک کی شیشی ۲؍ علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال:- ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملا کر اور اگر مرض کا جوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے

آزمائشی اعلان

آزمائش و اعتبار کا ایک نادر و لاجواب موقعہ ۳۱ جولائی ۱۹۳۳ء تک

یاد رکھیئے ۳۱ جولائی یا اس سے پہلے جو فرمائش کریں گے وہی اس اعلان کے مستحق ہوں گے اطبائے قدیم کے مرکبات اور وہ مجربات جو ہند کے فقرا اور نامور طبیبوں سے منقول چلے آتے ہیں جن کی اشتہاری دوا فروشوں کو ہوا بھی نہیں لگی۔ محض آزمائش اور اعتبار کے لئے مذکورہ بالا تاریخ تک مفت کے برابر لٹائے جائیں گے۔ منگایئے اور آزمایئے۔ کھوٹا کھرا پرکھنا آپ کا کام ہے۔

ناظرین اخبار ہذا ایک آپ اشتہاری دواؤں سے بالکل بے اعتبار ہیں اس لئے ہم یہ خاص مجرب اور مخفی نسخے جو ذاتی مریض کے لئے اکسیر ہیں تیار کرا کر آپ کی خدمت میں بطور تحفہ اور آزمائش پیش کرتے ہیں جو کچھ قیمتیں اسوقت آزمائش کے لئے رکھی ہیں ان کو دواؤں کی قیمتیں نہ سمجھئے بلکہ محض ان اخراجات کے لئے جو ان کے مشہور اور آزمائش کرانے میں صرف ہوتی ہیں مثلاً چھپائی اشتہار، شیشیاں، بکس تیار کرائی ادویات وغیرہ وغیرہ تاکہ یہ اخراجات ان میں سے نکل آئیں۔ ادویات کی آزمائش و اعتبار ہو جائے اس لئے ۳۱ جولائی کا دن ان کی آزمائش کے لئے مقرر ہے لہٰذا جس کارڈ یا لفافہ پر ۳۱ جولائی تک کی ڈاکخانہ کی مہر ہوگی۔ وہی اس رعایت کے مستحق ہوں گے اس کے بعد پھر یہ موقع ناظرین اخبار ہذا کو نہ ملے گا۔ وہ دوائیں بھی پوری مقدار میں ایک ہی مریض کے لئے نہیں بلکہ بعض دوا تو کئی کئی مریضوں کے استعمال کے لئے کافی ہوگی۔ ناظرین اخبار ادویات کے متعلق کچھ تعریفی الفاظ لکھ کر اپنے منہ میاں مٹھو بننے کی ضرورت نہیں جس وقت آپ ادویات مندرجہ اشتہار ہذا کو منگا کر نظری و عملی طور پر جانچیں گے تو آپ کو خود معلوم ہو جائے گا۔

نوٹ:- چونکہ بعض دوا کی قیمت اتنی کم ہے کہ محصولڈاک دوا کی قیمت سے زیادہ ہوگا۔ اس لئے کئی آدمیوں کو مل کر فرمائش کرنے سے محصولڈاک وغیرہ میں کفایت ہوگی۔ محصولڈاک پیکنگ وغیرہ کا خرچ بذمہ فرمائش کنندہ ہوگا پتہ صاف و خوشخط لکھیئے۔ ورنہ تعمیل نہ ہوگی۔

... [illegible]

تاریخ صقلیہ جلد اول

از

مولوی سید ریاست علی ندوی رفیق دارالمصنفین سب ایڈیٹر معارف

مسلمانوں نے سسلی پر ڈھائی سو برس تک حکومت کی اور اسپین کی طرح اس کو اسلامی خیر و برکت کا سرچشمہ بنایا اور تقریباً پانچ برس تک اس سے وابستہ ہے مگر افسوس ہے کہ اس کی کوئی تاریخ اردو انگریزی میں کیا عربی میں بھی موجود نہ تھی مصنف نے چھ سات برس کی مسلسل محنت اور تلاش اور تحقیق کے بعد دو ضخیم جلدوں میں اس کی تاریخ مرتب کی ہے جو اردو کیا مشرقی زبان میں سسلی کی سب سے پہلی اسلامی تاریخ ہے۔ اس کی پہلی جلد شائع ہو گئی ہے جو سیاسی سرگذشت پر مشتمل ہے اس میں صقلیہ کے جغرافیائی حالات، سسلی اور جزائر سسلی پر اسلامی حملوں کی ابتداء اسلامی حکومت کا قیام عہد بہ عہد کے دوروں کا عروج اسلامی حکومت کا خاتمہ اور صقلیہ اور جزائر صقلیہ میں مسلمانوں کے مصائب اور جلاوطنی کا تفصیلی مرقع دکھایا گیا ہے اور اسی سے یہ بھی معلوم ہوگا کہ صلیبی لڑائیوں کی ابتداء کیونکر ہوئی اور ان کا محرک اول کون تھا۔ ضخامت مجموعی ۴۷۵ صفحے علاوہ متعدد رنگین نقشہ جات کاغذ اور لکھائی چھپائی اعلیٰ قیمت ... [illegible]

منیجر دارالمصنفین اعظم گڑھ

... [illegible]

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

بدُ اللہِ علی الجماعۃ

روزنہ

الجمعیۃ دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
بلال احمد زبیری (بی۔اے)

تاریخہائے اشاعت
بحساب عیسوی ماہانہ
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
چوتھائی کالم

جلد ۱۸ | دہلی یوم جمعہ ۴ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۸ جولائی ۱۹۳۳ء | نمبر ۷

معاصرین کے افکار و آراء

سندھ کی علیحدگی کا مسئلہ (زمیندار)

صلح کی بنیاد غائب ہے

فلسطین میں برطانیہ کی پالیسی

وائسرائے کا جواب (ہند جدید)

گاندھی جی نے اگرچہ وہ روش اختیار کی ہے جو ہمارے خیال میں خودداری کے خلاف تھی، لیکن تسلیم کرنا پڑے گا کہ گاندھی جی اور کانگریس نے امن و امان اور مصالحت کی خاطر سب کچھ انگیز لینا گوارا کر لیا، مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

پرستاران صلیب کے لئے زبردست شکنجہ

قرطبہ کے کیتھڈرل میں بلال و صلیب کا پیکر

پادریوں کی گرفتاری اور ازبلاکی بو بھاڑ

بڑی مشکل سے ازبلا کو ہوش میں لایا گیا۔ دریافت کرنے پر اس نے کہا کہ مجھ پر ایک ماہ سے غشی اور بیہوشی کے دورے پڑ رہے ہیں۔ آپ فکر نہ کیجئے اور بحث و نظر کی کارروائی کو جاری رکھیئے۔ بعض پادریوں کو شبہ ہو گیا تھا کہ شاید ازبلا پر اسلام کا کچھ اثر پڑ گیا ہے۔ مگر ازبلا کی اس تصنع آمیز گفتگو سے بہت شبہ

ایک زبردست شکنجہ

تاریخہائے وفات حضرت مولانا انورشاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

(از جناب قاضی ظہور الحسن صاحب ناظم سیوہاروی)

مات الانور فی حب اللہ السمیع الاطہر
۱۳۵۲ھ

دیگر

آسمان راحق بود گر خون ببارد بر زمین
آنچنان گنجینہ اندر ہجر او اندوہگین
شیخ عالیش بنگر کردہ رحلت زین جہان
ابن تاریخ زد عرش الٰہی ابن ندا

بر وفات حضرت انور امام المسلمین
کس مبادا در جہان ہرگز گرفتار اینچنین
چون قدم اندر جنان بنہاد روح آن فطین
مرحبا اے آفتاب حلم و وقر و علم و دین
۱۳۵۲

(از جناب قاضی محمد امین صاحب منظر سیوہاروی)

کیا دار البقا کو دار فانی سے سفر اکدم
سن رحلت کی جب کی فکر منظر نے کہا فوراً

جناب شاہ انور شیخ کل بحر معارف نے
خدا کا نیک بندہ آگیا جنت میں ہاتف نے
۱۳۵۲ھ

(باقی صفحہ پر ملاحظہ ہو)

شربت روح افزا
(رجسٹرڈ)
موسم گرما میں ہر قسم کی شکایت کیلئے
اکسیر ہے۔ تمام ہندوستان میں
اپنے خواص کی وجہ سے مشہور و مقبول
ہو چکا ہے۔ بڑے بڑے راجہ، نواب
اس کو ہمیشہ استعمال کرتے ہیں
فی بوتل ایک روپیہ چار آنے
دواخانہ ہمدرد یونانی دہلی

ایجنٹوں کی ضرورت ہر شہر اور ہر قصبہ میں

"کیلاش" کے واسطے جو ہندوستان میں سب سے زیادہ فروخت ہو رہا ہے

آزادی کے ساتھ کسی کاروبار میں پانچ روپے سے پندرہ روپیہ تک پیدا کرنے کا یہ ایک نادر موقع ہے جس سے مستقبل کے شاندار ہونے کی توقع کی جا سکتی ہے ہم آپ کو کام سکھائیں گے اور آپ کی رہنمائی کریں گے بالوں اور دماغ کے لئے یہ ایک مقوی تیل ہے جو دنیا میں سب سے زیادہ پہلے ایجاد کیا گیا ہے جو بالوں کو حیرت انگیز طریقہ پر مضبوط کرتا اور بڑھاتا ہے اور دماغ کے نشو و ارتقا میں امداد دیتا ہے اس تیل کا نام "کیلاش" ہے جو چودہ مخفی بوٹیوں سے تیار کیا گیا ہے اور جس میں نہایت خوشگوار خوشبو ڈالی گئی ہے۔

ایک مستقل کاروبار

ارادہ یہ ہے کہ عنقریب ہر مکان میں روزانہ کی متعدد ضروری اشیاء کو رائج کر دیا جائے جیسے ہی کہ آپ اپنے علاقہ میں جہاں کی ایجنسی آپ کے پاس ہوگی ہر گھر کے اندر "کیلاش" کو داخل کر دیں گے آپ کو اسی طرح ایک دوسری چیز دی جائے گی کہ اسے رائج کریں اور اس کے بعد دیگر اشیاء کا سلسلہ جاری رہے گا اس لئے آپ کو یہ سمجھنا چاہئے کہ کیلاش کی ایجنسی ایک بہت بڑے کاروبار کا پیش خیمہ ہے اور آپ اپنے قصبہ یا شہر میں کوئی دوکان رکھکر جو فائدہ حاصل کر سکتے ہیں اس سے کہیں زیادہ فائدہ اس ایجنسی میں ہے جس کے اندر کچھ زیادہ سرمایہ لگانے کی بھی ضرورت نہیں ہے اور کسی دفتر یا دوکان کے مصارف بھی برداشت نہیں کرنے پڑینگے۔

کثیر الاشاعت اشتہار سے آپ کو امداد ملیگی

اخبارات میں نہایت وسیع پیمانہ پر اشتہار دینے کی اسکیم تیار کی گئی ہے جس میں پچیس ہزار روپیہ سالانہ صرف کیا جائے گا اس وسیع اشتہار کے ذریعہ پبلک کو کیلاش کی خوبیوں سے آگاہ کیا جائے گا اور ان اشتہارات میں مقامی ایجنٹوں کے نام اور پورے پتے دیئے جائیں گے۔

ایجنٹوں کیلئے بیوپاری نرخ

قیمت واپس کر دینے کی ضمانت

غیر محدود امکانات

اپنے حلقہ اثر میں کیلاش کے ایجنٹ ہو جاؤ

کیلاش کے متعلق رائیں

مزید تصدیق

خط و کتابت صرف انگریزی میں کی جائے

ٹیلیفون
فیکٹری ۸۹۲۰۰
آفس ۲۳۱۰۵
تار کا پتہ "چارم" بمبئی

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے

غیبیوں کا خدا

منیجر کتب خانہ علمیہ بلیماران دہلی

سفید بال جڑ سے کالا

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

پانچ ترجموں کا قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

جب حیدرآباد سے محبت ہر مسلمان کو ہے

الاعظم ہفتہ وار

منیجر الاعظم پتھر گھٹی حیدرآباد دکن

بال جیون گھی

حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ سے رجسٹرڈ

مفت لو

المشتہر: منیجر بال جیون کارپالیہ علی گڑھ شہر یو۔پی

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کا خطبہ صدارت

منیجر کتب خانہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

یمن اور حجاز میں کامل اتفاق ہے
ممالک عربیہ اجنبی فسوں کاریوں سے کس طرح محفوظ رہ سکتے ہیں
یمن کے ایک تاجر کا باطل سوز انکشاف

بعض اخبارات میں یہ خبر اڑائی گئی تھی کہ امام یحییٰ والی یمن اور جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کے درمیان اختلاف پیدا ہو گیا ہے یہاں تک کہ دونوں تو نبرد آزما ہو گئی ہیں اور امام یحییٰ کے لڑکے نے نجران کو بھی فتح کر لیا ہے۔ اس خبر نے ان لوگوں کو سخت پریشانی میں مبتلا کر دیا جو اتحاد عرب کی تحریک سے دلچسپی لے رہے تھے اور جن کو یقین تھا کہ یہ دونوں عربی قوتیں ممالک عربیہ کیلئے مرکز ثقل ہیں لیکن تحقیقات سے معلوم ہوا کہ یہ خبر بے بنیاد اور دشمنان اسلام کی اڑائی ہوئی تھی۔ یمن کے دار الحکومت صنعاء سے ایک عرب تاجر حال ہی میں دمشق وارد ہوئے جن سے عربی ...

سوال کیا گیا کہ اگر اجنبی ریشہ دوانیوں اور دسیسہ کاریوں کا یہی حال رہا تو اس کا مستقبل پر کیا اثر پڑے گا۔ تاجر مذکور نے جواب دیا کہ بے شک اجنبی فسوں کاریاں کبھی نہ کبھی رنگ ضرور لایا کرتی ہیں لیکن اگر یمن، حجاز اور دیگر قبائل میں اس کا احساس رہا تو مخالفوں کے منصوبے خاک میں مل جائیں گے اور عرب اپنے قدموں پر آپ کھڑے ہو کر تمام حالات کا مقابلہ کر سکیں گے۔

آپ نے مزید فرمایا کہ ابھی تک نیا لی حلقوں میں اس کا امکان ہے کہ وہ اجنبی فسوں کاری کا معمول نہ بن جائیں کیونکہ وہ استعماری نشیب و فراز سے کوئی واقفیت نہیں رکھتے اور وہ جلد گمراہ ہو جاتے ہیں۔

ٹیونس کے تین عربی اخباروں کا تعطل
نوجوان عربوں پر حکومت فرانس کی ایک اور ضرب

ٹیونس میں نوجوان عربوں کی صحافت حکومت فرانس نے ختم کر دی ہے کیونکہ ان کے ذریعہ مسلمانوں میں حریت فکری و عملی کی روح پھونکی جاتی تھی اور شعائر اسلام کی محافظت اور مدافعت ان کے فرائض میں داخل تھا۔ حکومت فرانس سے نوجوان عربوں کی یہ مساعی برداشت نہ ہو سکیں اور اس نے ایک پرانے قانون مطابع کے حربہ کو استعمال کر کے ان کی آواز کو ہمیشہ کیلئے بند کر دیا۔ چنانچہ فی الحال تین عربی اخبارات کو حکومت نے بند کر دیا ہے جن میں سے ایک "صوت الشعب" اخبار بھی تھا۔ ان اخبارات کے تعطل سے تمام ٹیونس میں ایک ہیجان سا پیدا ہو گیا ہے اور حکومت ہر اس تحریک کے مٹانے پر تلی ہوئی ہے جس سے اسلامی مفاد وابستہ ہے۔

موصل میں تیل نکالنے کا کام شروع ہو گیا
تیل کے چشموں کی کثرت

اس ماہ کے آخر میں موصل کی سرزمین سے تیل کا اخراج عمل میں آئے گا جس کمپنی نے موصل کے تیل کا ٹھیکہ لیا ہے اس کے کارندے اور انجینئر موصل پہنچ گئے ہیں اور ابتدائی کام شروع کر دیا ہے۔ ان لوگوں کا خیال ہے کہ موصل میں تیل کے چشمے بہت کثرت سے ہیں۔ اگر کام پورے طور پر کیا گیا تو کرکوک کے برابر تیل کے ذخائر کی تعداد پہونچ جائے گی۔

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(بسلسلہ صفحہ اول)

[illegible]

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

یورپ میں عورتوں کی آزادی کے خلاف احتجاج
عورتوں نے مردوں کا ناک میں دم کر رکھا ہے
فرانسیسی اکاڈمی کے صدر کا ذمہ دارانہ بیان

فرانس کی اکاڈمی میں علماء فرانس کا ایک شاندار اجتماع ہوا جس میں مسیو بالڈی صدر اکاڈمی نے حالات حاضرہ پر ایک بصیرت افروز تبصرہ فرمایا۔ آپ نے یورپ کی نسوانی تحریکات پر بھی گوشہ التفات مبذول کیا اور فرمایا کہ یورپ میں آزادی نسواں نے ایک بڑے حصہ کی راحت کو دائمی رنج و الم میں تبدیل کر دیا ہے۔ اگر انقلاب ماہیت کا نظریہ صحیح ہے تو تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ یورپ میں انقلاب ماہیت ہو چکی ہے، یعنی یہاں کے مرد، عورتیں اور عورتیں مرد بن گئی ہیں۔ یورپ میں دو تہائی مرد، عورتوں کے غلام ہیں۔ کوئی دن نہیں جاتا کہ عورتیں اپنے خاوندوں کو ذلیل ...

... عذاب سے نجات پانے کے قابل ہو سکیں۔

(کہاں ہیں آزادی نسواں کے حامی جو یورپ کی اندھی تقلید میں مشرق کو بھی اس جہنم میں جھونکنا چاہتے ہیں! کہاں ہیں وہ "نئی روشنی" کے نقاب پوش! وہ آئیں اور اپنے مقتداؤں کے ان کلمات کو سنیں۔ مشرقی تہذیب اور اسلامی تعلیم کا مضحکہ اڑانے والے بہت جلد اسی دنیا میں اپنی غیر معتدل تحریکات کا خمیازہ بھگتنے کیلئے تیار ہو جائیں۔ الجمعیۃ)

شاہ انگلستان روزانہ بائبل کا مطالعہ کرتے ہیں
یورپ زدہ ملحدین کیلئے ایک لمحۂ فکریہ

ناروچ کے بشپ نے لندن کے ایک اخبار میں ملک معظم جارج پنجم کے متعلق ایک مضمون شائع کرایا ہے جس کا عنوان ہے "ملک معظم بحیثیت مبلغین اور عیسائی" اس میں بشپ مذکور اعلان کرتے ہیں کہ ملک معظم جارج پنجم روزانہ بائبل کا مطالعہ کرتے ہیں۔ بشپ نے ایک واقعہ درج کیا ہے کہ جب ملک معظم شاہزادہ جارج تھے اس وقت آپ نے اپنے بڑے بھائی ڈیوک آف کلارنس کے ہمراہ ایک آسٹریلین بشپ کے حلقہ کا گشت کیا۔ وہاں چند لوگوں نے اس بات کی اجازت حاصل کر لی کہ وہ ان دونوں شہزادوں کی خدمت میں ہدیتاً بائبل پیش کریں۔ کئی سال کے بعد آسٹریلین بشپ نے شاہ ایڈورڈ کی خدمت میں حاضر ہو کر ایک بائبل پیش کی۔ شاہ ایڈورڈ نے فرمایا "کیا یہ بائبل بھی آپ کے علاقہ سے پیش کی گئی ہے؟ اسی حلقہ سے میرے دو لڑکوں کو بھی چند لوگوں نے بائبل کے دو نسخے دئے تھے"۔ بشپ نے کہا "جی ہاں"۔ اس پر بادشاہ نے کہا "اچھا آپ کو واضح رہے کہ اس وقت سے آج تک میرے لڑکے برابر اس بائبل کا مطالعہ کر رہے ہیں"۔

ناروچ کے بشپ نے مزید کہا کہ ہم ملک معظم جارج پنجم کی ہفتہ واری عبادت کو خوب جانتے ہیں (یعنی آپ ہر اتوار کو گرجا میں جا کر برابر نماز پڑھتے ہیں) آپ کی ذات عیسائی مذہب کی جامع ہے اور مذہب سے روگردانی کرنے والوں کیلئے نمونۂ عمل!!! (کہاں ہیں وہ مغرب زدہ ملحد مسلمان جو یورپ کو مذہب کا دشمن تصور کر کے خود بھی مذہب سے آزاد ہونا چاہتے ہیں۔ کیا ان کو جرأت ہے کہ وہ ملک معظم کو ندامت پرست، دقیانوسی اور مذہبی دیوانہ قرار دیں؟ لیکن اگر یہی چیز کسی مسلمان کی طرف سے عمل میں آئے اور وہ تلاوت قرآن کے "جرم" کا مرتکب ہو تو فوراً اسکو ملا، تنگ خیال، اور مذہبی دیوانہ کا خطاب مل جاتا ہے! الجمعیۃ)

کیا پارلیمنٹری کمیٹی نے ایک فرضی جمعیۃ کی درخواست کو نہیں ٹھکرا دیا؟
علماء اسلام کی توہین و تذلیل کرانے والے ایڈیٹر کا خفیہ فائل
الامان کی سراسیمگی و پریشانی اور مولانا فقیر اللہ کا بیان

(از نامہ نگار خصوصی)

مختصر تاریخ

الجمعیۃ مورخہ ۱۶ جون میں نامہ نگار خصوصی نے لکھا تھا کہ مولوی "مظہر الدین" ایڈیٹر الامان نے خفیہ طریقوں سے اپنے آپ کو علماء کی جمعیۃ کا ذمہ دار ظاہر کر کے پارلیمنٹری کمیٹی کے سامنے نمائندگی حاصل کرنے اور سرکاری روپیہ پر لندن جانے کی کوشش کی جسے ایڈیٹر الامان کی گری ہوئی حیثیت کا خیال رکھتے ہوئے حکومت نے مسترد کر دیا اور پارلیمنٹری کمیٹی کے سکرٹری نے ایسا کورا جواب دیا جس سے علم اور علماء کی سخت توہین ہوئی اور جسے ایڈیٹر الامان نے چھپا لیا۔ الامان نے صرف آخری واقعہ کی تردید کی اور سنڈا نہ گی اشاعتوں میں بہت سی گالیوں کے بعد یہ لکھا کہ ابھی یہ معاملہ زیر غور ہے اور اس قسم کا کوئی خط موصول نہیں ہوا۔ نامہ نگار ...

سنگین الزامات

[illegible]

دوسرا موقع

[illegible]

جھوٹا دعویٰ

[illegible]

ازالۂ حق گوئی

[illegible]

(باقی صفحہ ۳ ملاحظہ فرمائیے)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم جمعہ ۴ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ

مسٹر اینے کا اعلان
سول نافرمانی کی واپسی اور حکومت کا فرض

مسٹر اینے کا وہ متوقعہ اعلان جس کے لئے پونا کانفرنس منعقد کی گئی تھی اور جس کا انتظار تمام ملک میں بے چینی کے ساتھ کیا جا رہا تھا بالآخر شائع ہو گیا۔ اس اعلان میں مسٹر اینے نے صدر کانگریس کی حیثیت سے اور ان اختیارات کے ماتحت جو انہیں قانوناً حاصل ہیں اجتماعی سول نافرمانی کے پروگرام کو جس پر تقریباً ڈیڑھ سال سے عمل ہو رہا تھا اور جس کے مطابق ہزارہا ہندوستانی جیلوں میں گئے، ...

اسے کانگریس کے صدر نے غیر مشروط طریقہ پر واپس لے لیا اور کانگریس کمیٹیوں کو بھی توڑ دیا۔ ... لارڈ ولنگڈن وائسرائے ہند کا ... ان تمام قوانین کی منسوخی کا اعلان کر دیں ...

ایک مذکرہ

[illegible]

اجتماعی اور انفرادی سول نافرمانی

[illegible]

کانگریس کمیٹیاں

[illegible]

ہنگامی قوانین کی واپسی

[illegible]

صاف و صریح اعلان

[illegible]

سین گپتا کی وفات

مسٹر جے۔ ایم۔ سین گپتا کی موت نے ہم سے ایک ایسا قابل اور بہادر رہنما چھین لیا ہے جسے آئندہ صدیوں تک یاد رکھے گی اور جس کے درخشاں کارنامے زریں حروف سے صفحہ قرطاس پر لکھے جائیں گے۔ مسٹر سی۔ آر۔ داس آنجہانی کی موت سے جو شدید نقصان تمام ہندوستان کو عموماً اور صوبہ بنگال کو خصوصاً پہنچا تھا اس کا جبر ایک حد تک مسٹر سین گپتا کی ذات سے ہو گیا تھا اور انہوں نے اپنے قابل قدر کاموں سے یہ ثابت کر دکھایا تھا کہ وہ اپنے مرنے والے لیڈر کے صحیح جانشین ہو سکتے ہیں۔ ان کی ہمت و جرأت، ان کی قابلیت و اہلیت ان کا ایثار و تدبر، ان کا ضبط و تحمل اور ان کا فہم و تدبر ایسا تھا کہ ان کے دشمن بھی ان کی غیر معمولی خوبیوں کا اعتراف کرنے پر مجبور رہتے۔ انہوں نے بنگال کی سیاسیات میں ہمیشہ اپنے آپ کو قوم پرور اور وطن دوستی کا مجسمہ ثابت کیا اور وہ ہمیشہ فرقہ وارانہ تعصبات اور جماعتی تنگ نظری سے بالاتر رہے۔ ...

فرقہ وارانہ حج اور حکومت ہند

[illegible]

مسلمانوں کے نکاح و طلاق کا فیصلہ

[illegible]

مسلم لیگ کے ناجائز جلسے

[illegible]

علماء اسلام کی توہین و تذلیل کرانے والے ایڈیٹر کا خفیہ فائل

(بسلسلہ صفحہ ۲)

بھیجے۔ اور اگر وہ جواب حکومت کی طرف سے آیا ہو جو اس نے شائع کیا ہے تو یہ جھوٹا اور نہ الجمعیۃ جھوٹا اور اس کو جھوٹا کہنے والے "بوسیدہ" اور بجز اس کی کافی سزا جمعیۃ کو ملنی چاہیے۔"

سب سے پہلے تو یہ بات قابل لحاظ ہے کہ ایڈیٹر الامان کی خود ساختہ اور فرضی اخباری جمعیۃ کو "مرکزی جمعیۃ علمائے ہند" لکھا گیا ہے اور اس کے دفتر کو "دفتر مرکزی جمعیۃ علمائے ہند دہلی" لکھ کر مغالطہ انگیزی کا جال بچھایا گیا ہے جو کھلی ہوئی فریب کاری ہے۔ اس کے بعد یہ امر قابل غور ہے کہ "جمعیۃ" مذکور کا کوئی ممبر عہدہ اختیار کر سکتا ہے۔ کسی بھی آدمی کو اس قدر "ذمہ داری" کے ساتھ نزدیکی کی جرأت نہیں ہو سکتی۔ ... الجمعیۃ کی اتنی حیثیت کہاں کہ وہ جانشین شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی اور حضرت مولانا معین الدین صاحب اجمیری کو اپنا وکیل بنا سکے۔ اور ان بزرگوں کو اپنے ضروری کاموں اور قومی مشاغل سے اتنی فرصت کہاں کہ وہ ایڈیٹر الامان کے دفتر میں جا کر تصنیع اوقات کریں ...

فرد فرد اور حرم

[illegible]

سول نافرمانی تحریک عدم ادائے لگان اور کانگریس ختم

کانگریس کے دفاتر توڑ دئے گئے اور خفیہ طریقہ بند کر دئے گئے

صدر کانگریس مسٹر اینے کا زبردست اعلان

پرسوں ہفتہ کے دن شام کو مسٹر اینے نے اپنا بیان شائع کر دیا جو تار میں رک جانے کی وجہ سے دہلی میں تاخیر سے پہنچا۔ یہ بیان حسب ذیل ہے:-

"پونہ میں حال میں جو نیم ضابطہ کانفرنس ہوئی تھی اس کی سفارشات پر اچھی طرح غور کرنے نیز کانفرنس میں شریک ہونے والے اور بیرونی کانگریسی لیڈروں سے تبادلہ خیال کرنے نیز گاندھی جی کی ہدایت کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ ملک کا بہترین مفاد اسی میں ہے کہ مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کیا جائے۔

سول نافرمانی کی عام تحریک جس میں عدم ادائے لگان کی تحریک بھی شامل ہے، سوسپنڈ بند کی جاتی ہے۔ انفرادی حق البتہ بشرطیکہ وہ خود ہر مصیبت برداشت کرنے کے لئے تیار ہو، اس سے مستثنیٰ ہے جو لوگ انفرادی طور پر سول نافرمانی کریں گے وہ بھی اپنی ہی ذمہ داری پر کریں گے اور کانگریس سے کسی قسم کی امداد کی توقع نہ رکھنی چاہئے۔

اس وقت تک کانگریس نے جو خفیہ طریقے اختیار کر رکھے تھے وہ سب بند کئے جاتے ہیں۔

کانگریس کا سارا انتظام جس میں آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا دفتر بھی شامل ہے فی الحال بند کر دیا جائے گا لیکن شرط یہ ہے کہ ہر صوبہ میں اسی طرح ایک آل انڈیا ڈکٹیٹر رہے گا۔

تمام کانگریسی کارکنوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ کانگریس کا ایسا تعمیری کام کریں گے جو ان کے لئے موزوں ہو۔

...

حدود افغانستان میں شورش اور بے چینی کے آثار

بارہ سال کے ایک لڑکے کی سرکردگی میں ایک ہزار اشخاص کا حملہ

بالائی مہمندیوں اور علیم زئی قبیلہ میں زبردست معرکہ آرائی

شملہ ۲۸ر جولائی۔ ۱۸ر جولائی کو بالائی مہمند کے ایک ہزار افراد ایک بچہ کی سرکردگی میں جس کا نام غلام نبی ہے اور جس کی عمر صرف ۱۲ یا تیرہ سال کی ہے، افغان سرحد کو عبور کر کے علیم زئی رقبہ میں داخل ہو گئے ...

حکومت ہند کے پولیٹیکل ایجنٹ مقیم لنڈی کوتل نے خان آف کمار با جوڑی چیف کو الٹی میٹم دیا ہے کہ وہ اپنے ان تین اشخاص کو جن پر حکومت افغانستان کو فساد اور بغاوت برپا کرنے کا شبہ ہے آئندہ اتوار تک حکومت کے حوالہ کر دیں ورنہ ان کے خلاف فوری کارروائی کی جائے گی ان تینوں اشخاص میں سے دو اشخاص پر کچھ عرصہ ہوا سابق شاہ امان اللہ خاں کے رشتہ دار ہونے کا شبہ کیا جاتا تھا لیکن ابھی تک ان کو شناخت نہیں کیا جا سکا۔

اسیران میرٹھ کی اپیل کی سماعت

وکیل صفائی کے زبردست دلائل

الہ آباد ۲۶ر جولائی۔ کل مقدمہ سازش میرٹھ کے اسیروں کی اپیل کی مزید سماعت شروع ہونے پر ڈاکٹر کٹجو نے ہندوستان کی کمیونسٹ پارٹی کی سالانہ رپورٹ بابت ۱۹۲۷ء پڑھ کر سنائی اور اس کے پروگرام پر بحث کی۔ ...

مہمندیوں کے قبائل میں زبردست لڑائی

امان اللہ خاں کے حامیوں کو پناہ دینے کا الزام

حکومت سرحد کی طرف سے ہوائی تاخت کی دھمکی

پشاور ۲۲ر جولائی۔ گزشتہ شب گندا ب میں زیرین اور بالائی مہمندی قبائل میں خوب لڑائی ہوئی۔ یہ مقام پشاور سے شمال مغرب میں چالیس میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ ...

غازی امان اللہ خاں کے حامی

...

ہوائی تاخت کی دھمکی

...

غیر پارسیوں سے پارسی لڑکیوں کی شادی

ایسی لڑکیوں کا بائیکاٹ فضول ہے

بمبئی ۲۸ر جولائی۔ گزشتہ ہفتہ میں پارسیوں کا جو جلسہ منعقد ہوا تھا اس میں ایک کمیٹی مقرر کی گئی تھی تاکہ وہ ان پارسی لڑکیوں سے جو غیر پارسیوں سے شادی کرتی ہیں بائیکاٹ کرنے کے سوال پر غور کرے۔ ...

حکومت مقبوضہ مساجد کو بحال کر دے

اسمبلی میں شیخ صادق حسن کے سوالات

امرتسر ۲۶ر جولائی۔ شیخ صادق حسن صاحب ایم۔ ایل۔ اے نے اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں مندرجہ ذیل سوالات پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے:-

(۱) یہ اسمبلی گورنر جنرل باجلاس کونسل سے سفارش کرتی ہے کہ حکومت کے قبضہ میں جس قدر مساجد ہیں مسلمانوں کو بحال کر دی جائیں ...

(۲) یہ اسمبلی گورنر جنرل باجلاس کونسل سے سفارش کرتی ہے ...

(۳) یہ اسمبلی گورنر جنرل باجلاس کونسل سے سفارش کرتی ہے ...

چینی ترکستان میں پھر گڑبڑ

امیر ختن کا کاشغر پر حملہ

شملہ ۲۲ر جولائی۔ ...

بنگال کے قائد اعظم کا انتقال

قومی اور سیاسی حلقوں کا ناقابل تلافی نقصان

مسٹر جے۔ ایم سین گپتا کی حرکت قلب بند ہو گئی

...

ٹرکی میں زبردست زلزلہ

استنبول ۲۱ر جولائی۔ ...

دار الحکومت

کنیز فاطمہ کے مقدمہ کی سماعت

دہلی ۲۲ر جولائی۔ ...

دہلی کے ہندو مسلمانوں کا جلسۂ عام

مسٹر سین گپتا کی وفات پر اظہار تعزیت

...

کلکتہ میں خطرناک میگزین کا انکشاف

اسلحہ کو انقلابیوں میں تقسیم کرنے کا ارادہ

پولیس کا زبردست انتظام

کلکتہ ۲۲ر جولائی۔ ...

آپ نے اہل مصر سے اپیل کی کہ اگر آپ اپنے ملک کو ان آفتوں سے بچانا چاہتے ہیں تو آپ کا فرض ہے کہ سینماؤں سے افعی سانپ کی طرح بچتے رہو جو قریب آنے والے کو بغیر ڈسے نہیں چھوڑتا۔ مغرب تو ایک نہ ایک روز تباہ ہوگا مگر ڈر ہے کہ کہیں اس کے نقال بچے اور اندھے مقلد بھی اس رو میں نہ آ جائیں۔ آپ کی تقریر پر نوجوان طلباء نے چیرز دئے اور عام پبلک پر اس کا بہت اچھا اثر پڑا۔

شمالی افریقہ پر تثلیثی فوج کا حملہ

فرانس نے قبیلہ جبلیہ کو زبردستی عیسائی بنالیا

شمالی افریقہ میں فرانسیسی حکومت اسلام اور مسلمانوں کے خلاف جو شرمناک کارروائیاں ...

چین کے مسلم علماء کیلئے ایک دستور العمل

قاضی ونقیب۔ بیت المال اور درسگاہوں کا قیام

جامع ازہر کی طرف سے ایک وفد چین روانہ کیا گیا ہے تاکہ وہاں کے مسلمانوں میں شعور مذہبی اور روح ملی پیدا کی جائے اور ان کو اسلامی تعلیم کی تحصیل کی رغبت دلائی جائے۔ شیخ جامع ازہر نے چین کے علماء اسلام اور زعماء ملت کے نام دستی خطوط بھی ارسال کئے ہیں جن میں وفد کے اغراض و مقاصد کی توضیح کی گئی ہے اور چین کے مسلمانوں کے لئے تعلیم کی جس قدر ضرورت ہے اس کا اظہار کیا گیا ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ شیخ ازہر نے دستی خطوط میں ضروری باتوں میں سے مندرجہ ذیل باتیں بھی لکھی ہیں۔

(۱) چین کے نوجوان مسلمانوں کو اسلامی تعلیم کے حصول کیلئے ہرسال جامع ازہر ارسال کیا جائے۔

(۲) چین کے کسی مناسب مقام میں ایک اسلامی جامعہ (یونیورسٹی) قائم کیا جائے جہاں وہ چینی علماء جو اب تک جامع ازہر سے تعلیم پاکر گئے ہیں عام چینی مسلمانوں کو قرآن و حدیث اور اسلامی فقہ و اصول کی تعلیم دے سکیں۔

(۳) چین کے مختلف حصص میں قاضی اور نقیب مقرر کئے جائیں جو مسلمانوں کے مذہبی فرائض کی نگرانی کرتے رہیں اور ناواقفوں کو اسلامی احکام اور مسائل بتلاتے رہیں۔

(۴) ایک اسلامی بیت المال قائم کیا جائے جو اسلامی پریس اور اسلامی کتب خانہ کیلئے مخصوص ہو اور اس کے ذریعہ مذہبی رسائل اور اخبارات جاری کئے جائیں اور مذہبی کتب کی طباعت کا بھی انتظام ہو۔

ترکی میں محافل سیرۃ نبوی

جامع ایاصوفیہ میں ترکوں کا اجتماع

امسال ترکی میں ولادت نبوی صلے اللہ علیہ وسلم کی تقریب میں بکثرت مجلسیں ہوئیں جن میں عام ترکوں کے علاوہ ارکان حکومت نے بھی شرکت کی اور سرور انبیاء کے ذکر مبارک سے انہوں نے اپنی روح کو تازہ کیا۔ اکثر مسجدوں میں ترکوں نے قرآن خوانی کا انتظام کیا تھا جہاں قرآن شریف ختم کئے گئے، اور تقریب ...

ترکی اخبارات کا بیان ہے کہ سالہائے ماسبق سے زیادہ امسال یہ تقاریب پرشوکت رہیں۔

سرزمین مشرق پر مسیحی مشنریوں کا جال

تنخواہ دار مبلغین کی حیرت انگیز تعداد

عیسائی مشنریوں نے تبلیغ کا جو جال دنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیلا رکھا ہے اس کا اندازہ ذیل کے اعداد و شمار سے کیا جا سکتا ہے۔

چین میں مشنریوں کی تعداد	۱۷۰۴
افریقہ میں " "	۵۰۶
مصر میں " "	۳۰۱
الجزائر اور تیونس میں " "	۱۱۳
سماٹرا اور جزائر ملایا میں " "	۱۸۰۳
عراق میں " "	۳۰۰
فلسطین اور شام میں " "	۳۰۰۲
ترکی میں ۱۹۱۴ء کے اندر " "	۵۰۰۰
ہندوستان میں " "	۱۲۰۰

یہ صرف ان مشنریوں کی تعداد ہے جو مختلف کلیساؤں کی طرف سے باقاعدہ مشاہرہ پاتے ہیں اور جو آنریری کام کرتے ہیں یا جن کا تعلق براہ راست یورپ سے ہے ان کی تعداد علیحدہ ہے۔

(باقی تراجم ملاحظہ ہوں صفحہ ہذا کالم ۳ کے نیچے)

بغداد کی معلمات پر پابندیاں

پوڈر اور ہونٹوں پر سرخی لگا کر نہ نکلیں

بغداد میں طلبا کی اخلاقی نگرانی شدومد سے ہو رہی ہے اور ان تمام باتوں کو ممنوع قرار دیا جا رہا ہے جو نوجوانوں نے مغربی اثرات سے متاثر ہو کر اختیار کرلی تھیں۔ وزیر معارف نے ایک جدید قدم یہ اٹھایا ہے کہ اسکولوں کی استانیاں چہرہ پر پوڈر لگا کر اور ہونٹوں کو سرخ کر کے باہر نہ نکلا کریں۔ (استانیاں، مغربی لیڈیاں ہیں) ان کو یہ بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ طالبات سے دوستی نہ کریں اور نہ بغیر ضرورت کے ان کے گھروں پر جائیں، تعطیل کے دنوں میں ان کی تفریح کے لئے وہ خود کوئی انتظام نہ کریں کیونکہ ان کی معاشرت اور بیہودگی سے بغداد کی طالبات پر اخلاقی سو اثر پڑتا ہے۔ (لیکن جب تک وہ مدرسوں میں معلمی کے فرائض انجام دیتی رہیں گی اس وقت تک ان تدابیر کا کوئی خوشگوار نتیجہ کس طرح برآمد ہو سکتا ہے؟ بہتر ہے کہ زنانہ مدارس میں ان معلمات کا تقرر عمل میں لایا جائے جو اپنی عملی زندگی سے طالبات پر اخلاقی اثر ڈال سکیں۔)

ان اصلاحات کے علاوہ عراقی پارلیمنٹ کے ارکان ہوڈر و غیرہ کی سخت مخالفت کر رہے ہیں اور چاہتے ہیں کہ آئندہ اس لعنت سے بھی بغداد کو پاک کر دیا جائے۔ مگر خرابی یہ ہے کہ ہوڈر و غیرہ پر برطانیہ کا سرمایہ بھی لگا ہوا ہے اس لئے اس کا بغیر کسی سخت مقابلہ کے نیاز ہو جانا ناممکن امر ہے۔

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا

اراکین اسمبلی وکونسل آف اسٹیٹ کے نام

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے حسب ذیل تار ممبران اسمبلی اور کونسل آف اسٹیٹ کے نام روانہ کیا ہے:۔

"آزاد قبائل پر بمباری کی وجہ سے مسلمانوں میں سخت بے چینی اور اضطراب پھیل رہا ہے مہربانی فرما کر گورنمنٹ کی اس پالیسی کو تبدیل کرانے کے لئے اپنے اثر اور رسوخ کو استعمال کیجئے"۔

عیسائی مبلغین کی مساعی کا ردعمل

مصر میں جمعیۃ شبان المسلمین کے دفتر میں ایک زبردست اجتماع ہوا جس میں عیسائی مبلغین کی کوششوں کے ردعمل کے لئے متعدد تجاویز پر غور کیا گیا۔ آخر میں طے پایا کہ ایک انجمن قائم کی جائے جو مسیحی مبلغین کا تعاقب کرے اور اس کی شاخیں مصر کے تمام حصوں میں کھولدی جائیں۔

ٹیونس میں عربوں کی کانفرنس

باوجود گرفتاریوں اور بے پناہ داروگیر کے ٹیونس کے مسلمانوں نے عظیم الشان کانفرنس کے منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس میں عربی زبان کے احیاء، فرانسیسی وسیسہ کاریوں کے ردعمل اور مسیحی مبلغین کی چیرہ دستیوں کے خلاف مدافعانہ تجاویز پر غور کیا جائے گا۔

سرحد کے آزاد قبائل کا مستقبل

کیا فیڈریشن کے قیام کے ساتھ آزاد علاقہ پر قبضہ کرلیا جائے گا

اخبار اسٹیٹسمین کے معنی خیز مقالات

آج کل باجوڑ کے علاقہ میں آزاد قبائل پر جو بمباری ہو رہی ہے اس نے تمام ہندوستان کی توجہ شمال مغربی سرحد کی طرف منعطف کرا دی ہے اور اخبارات میں ایک مرتبہ پھر ان مباحث پر گفتگو شروع ہو گئی ہے جو حکومت کی سرحدی پالیسی سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس احتجاج کے علاوہ جو آزاد علاقہ پر بم برسانے کے خلاف کیا جا رہا ہے حکومت کے جارحانہ اقدام اور فارورڈ پالیسی پر بھی اخبارات بحث کر رہے ہیں اور خصوصیت کے ساتھ دہلی نے۔ اینگلو انڈین اخبار اسٹیٹسمین نے جسے عام طور پر نیم سرکاری اخبار سمجھا جاتا ہے اس مسئلہ کو پوری اہمیت کے ساتھ پبلک کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ ۳۰ راگست کے اسٹیٹسمین میں "ماؤس" کا ایک مضمون "جرنل آف دی یونائیٹڈ سروسز انسٹی ٹیوشن آف انڈیا" سے نقل کیا گیا تھا جس کا عنوان "سلطنت کا خطرناک مقام" (یعنی سرحد) تھا اور جس میں حکومت کو آزاد علاقہ پر پوری طرح قبضہ کر لینے کا مشورہ دیا گیا تھا۔ اس کے بعد ۶ اگست کے اسٹیٹسمین میں ایک مقالہ افتتاحیہ شائع کیا گیا ہے جو مذکورہ بالا مضمون کی تائید میں ہے۔ ہم اسٹیٹسمین کے اس مقالہ کا ترجمہ درج ذیل کرتے ہیں اس کو پڑھ کر قارئین کرام یہ اندازہ لگا سکیں گے کہ اس وقت سرحد کے آزاد قبائل کے متعلق کیا منصوبے باندھے جا رہے ہیں۔ اور سرحد کی موجودہ بدامنی کا اس پالیسی کے ساتھ کس حد تک تعلق ہے جس کا ذکر اسٹیٹسمین میں کیا گیا ہے:۔

دوسرے معاملات میں انہماک کے باعث ہندوستان کی شمالی مغربی سرحد کو حملوں سے محفوظ کر دینے کا مسئلہ ایک عرصہ سے تشنۂ توجہ ہے۔ ۱۹۳۰ء میں کھجوری میدان پر جو توجہ تاخت ہوئی تھی اور آج کل علاقہ باجوڑ میں جو ہو رہا ہے ایسے ہی مواقع پر ہندوستان کے سامنے کبھی نہ کبھی جبراً یہ حقیقت آ جاتی ہے کہ اس کی سرحد کے قریب ہی ہمسایے آباد ہیں وہ وحشی اور مجنون ہیں مگر جب عارضی طور پر امن قائم ہو جاتا ہے اور قبائل دوسرے دن جنگ آزما ہونے کے لئے واپس چلے جاتے ہیں تو شمالی مغربی سرحد کو ہندوستان ...

ہندوستان حقیقت کے اعتبار سے کسی کوہ آتش فشاں کے قریب زندگی بسر کر رہا ہے۔ "جرنل آف دی یونائیٹڈ سروسز انسٹی ٹیوشن آف انڈیا" کی تازہ اشاعت میں "ماؤس" نے ایک مضمون لکھا ہے جس کے اقتباسات ہم اپنے کالموں میں درج کر چکے ہیں۔ اس مضمون میں موجودہ نام نہاد فارورڈ پالیسی "جارحانہ حکمت عملی" پر بحث کی گئی ہے اور جو نتائج اخذ کئے گئے ہیں وہ اس کے مستحق ہیں کہ ایسے وقت میں جبکہ فیڈریشن قائم ہونے والا ہے ان نتائج پر وہ تمام حضرات غور کریں جو ہندوستان کی آئندہ قسمت کو بنانے ...

... غیر مسلح کر دے۔ اس مقالہ کے مصنف نے ایک اسکیم کا خاکہ پیش کیا ہے جسے وہ "دو بہت بہتر اسکیم" کہتا ہے۔ اس اسکیم کے متعلق اس کی مجوزہ پالیسی کو پانچ پانچ سال کے چار دوروں میں کہا جا سکتا ہے۔ اس وقت سخت اور تیز پالیسی اختیار کرنے کے جواز میں مصنف نے جو دلیل پیش کی ہے وہ یہ ہے کہ ہندوستان کا فیڈریشن عنقریب قائم ہونے والا ہے اور اس فیڈریشن کے لئے ایک پرامن و پرسکون سرحد کی سخت ضرورت ہے ورنہ سرحد پر کسی جنگ کی صورت میں (جس کا ہونا یقینی ہے) بہت خطرناک حالات پیدا ہو جائیں گے۔ ہندوستان میں فیڈریشن کے قیام کے بعد جو حالات رونما ہوں گے ان کے متعلق اس مضمون کے مصنف نے جو تخیلات پیش کئے ہیں وہ نہایت دلچسپ ہیں۔ اسی سلسلہ کے آخر میں اس نے پاکستان کی ریاست کے قیام کا ذکر بھی کیا ہے جس پر ہم کچھ عرصہ ہوا کہ انہی کالموں میں روشنی ڈال چکے ہیں اس کا خیال ہے کہ پنجاب، صوبہ سرحد، کشمیر، سندھ، اور قبائلی علاقہ کو ملا کر ایک متحدہ اسلامی ریاست بنائی جائے گی جس کے تعلقات سرحد پار کے علاقہ سے نہایت گہرے ہوں گے۔ اس کا تعلق سرحد کے مسئلہ سے بہت زیادہ ہے اور چونکہ ہندوستانی مسلمانوں کے دماغ میں قدیم مغل روایات ہمیشہ موجود رہتی ہیں اس لئے یہ تخیل اس قدر ممکن الوقوع ہے کہ اسے آسانی کے ساتھ نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔

ایک سخت دشواری

... کو مجتمع کرلیں گے۔ قبائلی علاقہ کو پرامن کرنے میں بہت زیادہ ترقی کی جا چکی ہے اور سڑکوں، شفاخانوں اور تہذیب و تمدن کے دوسرے فوائد کو قبائل اچھی طرح محسوس کرنے لگے ہیں لیکن پچھلے علاقوں میں مسلح قبائل کی موجودگی ان لوگوں کو متفکر کئے بغیر نہیں رہ سکتی جو سرحد کے جنگی حالات سے واقف ہیں۔

حکومت افغانستان کا طرز عمل

ہمارا خیال ہے کہ ان قبائل کو غیر مسلح کرنے کے لئے جو تدابیر بھی اختیار کی جائیں گی حکومت افغانستان ان کا خیرمقدم کرے گی۔ گزشتہ موسم سرما میں جو واقعات پیش آئے ان کی یاد حکومت افغانستان کے دماغ میں تازہ ہوگی اور وہ اغلباً اس معاملہ میں حکومت ہند کے ساتھ تعاون کرنے پر آمادہ ہوگی اور خود بھی اپنی طرف کے علاقہ میں قبائل کو غیر مسلح کر دے گی۔ قبائل کو غیر مسلح کرنے کا عمل اس سرحدی پالیسی کے بغیر بھی مکمل ہو سکتا ہے یا نہیں جو "ماؤس" نے پیش کی ہے اس کا فیصلہ کرنا حکومت کے فوجی اور سیاسی محکموں کا کام ہے۔ یہ ایک قدیم اختلاف ہے کہ کون سے خط پر ہمیں اپنی سرحد قائم کرنی چاہیئے۔ اب چونکہ نئی سیاسی تبدیلیاں ہونے والی ہیں اس لئے بدلے ہوئے حالات کی روشنی میں تمام مسئلہ پر دوبارہ غور کرنے کی ضرورت ہے"۔

ٹائمز آف انڈیا کا نیا انکشاف

بمبئی ٹائمز آف انڈیا کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ:۔

یہ معاملہ یقیناً بے حد اہم ہے افغانستان کا بچہ بچہ اس بات پر متفق ہے کہ قدرت نے حدود افغانستان کو امان اللہ خاں کے وجود سے پاک کر دیا۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ کرنا بھی کچھ زیادہ صحیح نہیں ہوگا کہ افغان ہر قسم کی بے چینی کو دبانے پر آمادہ ہیں۔ حال ہی میں مجھے ایک کابلی دوست سے ملاقات کا موقع ملا تھا یہ دوست متواتر کئی برسوں تک افغانستان میں رہ چکا ہے اس نے افغانستان کی حالت کو سکاٹ لینڈ کے مشابہ قرار دیا اور کہا کہ جیسی ۱۷۴۵ء کی بغاوت کے بعد حالت ہوگئی تھی۔ بعینہ افغانستان کی بھی وہی کیفیت ہے یعنی ہر شخص جسے ذرہ برابر بھی شکایت ہوتی ہے وہ امان اللہ خاں کی علیحدگی پر اظہار افسوس شروع کر دیتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۱۶ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ ہجری

معلمین کا مسودۂ قانون

اسمبلی کے شملوی اجلاس کا نیا تحفہ

(۳)

الجمعیۃ کی گزشتہ دو اشاعتوں میں ہم اس مسودۂ قانون پر جو اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں پیش ہونے والا ہے کسی قدر تفصیل کے ساتھ بحث کر چکے ہیں۔ آج کی صحبت میں ہم اس بحث کو ختم کرنا چاہتے ہیں اور جن وجوہات کی بنا پر ہمارے نزدیک مسلمانوں کے لئے یہ مسودۂ قانون ناقابل قبول ہے ان کا ایک خلاصہ پیش کئے دیتے ہیں تاکہ حکومت اور اراکین اسمبلی کو اس باب میں مسلم نقطۂ نگاہ کے متعلق کوئی غلط فہمی باقی نہ رہ جائے اور اسمبلی کا اجلاس شروع ہونے سے قبل ہی اسلامیان ہند کے جذبات و احساسات ان تک پہنچ جائیں۔

مداخلت فی الدین

سب سے پہلی بات جو مسلمانوں کے نزدیک قابل اعتراض ہے اور جسے وہ سب سے زیادہ اہم سمجھتے ہیں وہ یہ ہے کہ ان اشخاص کے متعلق حکومت کی جانب سے کسی قسم کی قانونی ...

غیر ضروری و غیر مفید

تیسرا اعتراض ہمیں اس مسودۂ قانون کی ضرورت کے متعلق ہے۔ جیسا اس مسودۂ قانون کی تمہید میں کہا گیا ہے ہمیں اس سے قطعاً اختلاف ہے کہ حجاج کی خاطر معلمین پر پابندیاں عائد کرنا ضروری ہیں۔ حکومت اس کے جواز میں کوئی دلیل پیش نہیں کر سکتی بلکہ ہمارے پاس اس کی شہادتیں موجود ہیں کہ مسلمانوں نے اس تجویز کی ہمیشہ مخالفت کی ہے، اور حکومت سے کوئی تحریک نہیں کی ہے کہ وہ اس قسم کا مسودۂ قانون وضع کر کے جبراً نافذ کرے اور نہ خود حکومت اپنے سرکاری ریکارڈ سے اس قانون کی ضرورت کو واضح کر سکتی ہے۔ اگر حکومت کے ریکارڈ میں کسی مسلم ادارے کی کوئی قرارداد یا عرضداشت یا کسی معلم کے خلاف کسی عدالت کا کوئی مقدمہ ہو تو اسے پیش کرے۔ ہم یقین ...

مولانا اسمعیل غزنوی پر دعوےٰ

بمبئی کے روزنامہ ہلال میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ گزشتہ جمعرات کے روز مسٹر سی رینالڈس ڈپٹی کمشنر پولیس بمبئی نے چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ کی عدالت میں مولانا اسمعیل غزنوی کے خلاف ازالہ حیثیت عرفی کا فوجداری دعوےٰ دائر کر دیا ہے اور مولانا موصوف کے نام تین سو روپیہ کی ضمانت کا وارنٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ ناظرین کرام کو یاد ہوگا کہ یہ وہی دعویٰ ہے جس کے متعلق پہلے بھی اخبارات میں بہت کچھ لکھا جا چکا ہے اور جس کی دھمکی ایک عرصہ سے مولانا اسمعیل غزنوی صاحب کو دی جا رہی تھی۔ بہرحال اب معاملہ عدالت میں آگیا ہے اور مولانا اسمعیل غزنوی کو یہ موقع مل گیا ہے کہ وہ اپنا مقدمہ پوری طرح پیش کریں اور ۲ مارچ کے جن واقعات کی اطلاع انہوں نے دی تھی انہیں مستند شہادتوں سے صحیح ثابت کر دیں۔ ہم اس موقع پر یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ حکومت بمبئی نے اس مقدمہ کو چلانے کا فیصلہ کر کے اپنے تدبر و دانشمندی کا ثبوت نہیں دیا ہے بلکہ سخت غلطی کی ہے۔ حج کے معاملہ میں پہلے ہی مسلمانوں کے اندر حکومت کے طرز عمل کی طرف سے گہرے شکوک و شبہات ہیں اس مقدمہ سے ان شبہات میں اور زیادہ اضافہ ہو جائے گا بالخصوص شیخ صادق حسین ایم۔ ایل۔ اے کے اس مکتوب کے بعد جو انہوں نے ہوم ممبر حکومت ہند کو بھیجا تھا اور جسے ہوم ممبر نے حکومت بمبئی کے پاس روانہ کر دیا تھا یہ اقدام صد درجہ افسوسناک ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ تمام مسلمانان ہند اس مقدمہ کی کارروائی کو دلچسپی کے ساتھ پڑھیں گے اور اس کے فیصلہ کا بے چینی کے ساتھ انتظار کریں گے۔

مقدمہ سازش میرٹھ کا فیصلہ

میرٹھ کے مقدمۂ سازش میں جن ملزمین کو نہایت سخت سزائیں ہوئی تھیں انہوں نے الہ آباد ہائیکورٹ میں مرافعہ دائر کر دیا تھا جس کا فیصلہ ۳ اگست کو سنا دیا گیا۔ فاضل چیف جسٹس نے نو ملزمین کو قطعاً بری کر دیا، اور پانچ ملزمین کی فوری رہائی کا حکم صادر کیا۔ ایک ملزم کی سزا صرف سات مہینے رہ گئی ہے آٹھ ملزمین ...

پارلیمنٹری کمیٹی میں علماء کی توہین کرنے والا ایڈیٹر

الزامات کا جواب اور چند ضروری تصریحات

(از نامہ نگار خصوصی)

بالآخر ایڈیٹر "الامان" کو مجبوراً میرے الزامات کے جواب میں ایک ذمہ دارانہ تحریر شائع کرنا ہی پڑی، لیکن چونکہ پارلیمنٹری کمیٹی کے سلسلہ میں میرے بیان کردہ واقعات ... "نصر اللہ از گوڑگانوہ" کے مراسلہ سے قبل الامان مورخہ ۳ اگست میں شائع ہوا ہے اور جس کے لئے اخبار کے دو صفحات مخصوص طور پر بڑھا کر دس صفحہ کی اشاعت کا اخبار نکالا گیا ہے سوائے "جھوٹ اور فریب" کے کچھ بھی نہیں ہے۔

اس سے قبل کہ میں اس بیان کے بعد ایک آخری اور فیصلہ کن تحریر شائع کروں یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ایڈیٹر الامان پر سنگین الزامات کے جوابات دئے گئے ہیں ان کا ایک خلاصہ پیش کر دیا جائے اور ان جوابات کے متعلق بعض تصریحات طلب کر لی جائیں۔ میں ان سوالات کا جواب ملنے کے بعد ایک اس قسم کا بیان شائع کروں گا کہ اس کی صداقت میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہ ہوگی اور وہ خود اپنا ثبوت ہوگا۔

پہلا الزام

میرے پہلے الزام کے جواب میں جو حسب ذیل تھا:۔

"ایڈیٹر الامان نے علمائے کانپور لکھنؤ آرہ اور مرکزی جمعیۃ علمائے ہند دہلی کے نام سے حکومت کو دھوکہ دینے کی ناکام کوشش کی اور تین ہفتہ تک اس امر کی سعی جاری رکھی کہ انہیں لندن جانے کے لئے سرکاری ردبیہ مل جائے اور وہ علماء کی طرف سے شہادت دینے کے لئے قبول کر لئے جائیں اور پھر اس کوشش کی کوئی اطلاع اخبارات میں شائع نہیں کرائی بلکہ دہلی سے شملہ تک خفیہ ریشہ دوانیوں کے جال بچھائے"۔

...

گاندھی جی کے صاحبزادے دیوداس گاندھی گرفتار کرلئے گئے

چیف کمشنر کی طرف سے دہلی اسٹیشن پر نوٹس کی تعمیل

دیوداس کا خط چیف کمشنر دہلی کے نام

دہلی ۸ راگست۔ آدھی رات میں مسٹر دیوداس گاندھی گاندھی جی کے صاحبزادے کو دہلی ریلوے اسٹیشن پر گرفتار کرلئے گئے۔ مسٹر دیوداس گاندھی بڑودہ سے بذریعہ فرنٹیر میل اپنی اہلیہ کے ساتھ دہلی پہونچے اور گرفتار کرلئے گئے آپ گاڑی سے اترنے بھی نہ تھے کہ آپ پر چیف کمشنر دہلی کی طرف سے ایک نوٹس کی تعمیل کی گئی۔ ...

اس خط کا کوئی جواب چیف کمشنر کی طرف سے موصول نہیں ہوا اور دیوداس گاندھی جواب کا انتظار ۱۱ بجکر ۵۰ منٹ تک ریلوے پلیٹ فارم پر کرتے رہے چونکہ آپنے نوٹس کی تعمیل جس دہلی کو خیرباد نہیں کہا تھا اس لئے آپ کو اسٹیشن پر ہی گرفتار کرلیا گیا۔ جہاں سے آپ کو نوا لی لائے گئے۔ آپ کی اہلیہ کو گرفتار نہیں کیا گیا۔

ترکی حدود سے برطانی نمائندہ کا اخراج کیوں عمل میں آیا

گرفتاری اور اخراج کے حالات، سفیر برطانیہ کا بیان

اسیرین قبائل کو گولی سے اڑا دینے کی دھمکی

صوفیہ ۵ راگست رکی دوسری جگہ اطلاع دی گئی ہے کہ حکومت ترکی نے برطانوی نمائندہ مسٹر ٹی۔ ای لینڈ کو ترکی حدود سے خارج کردیا ہے۔ اس نمائندہ پر الزام یہ ہے کہ وہ حکومت ترکی کے خلاف کسی سازش میں مبتلا تھا۔ ...

پناہ گزینوں کو ترکی گورنمنٹ کی دھمکی

بغداد ۵ راگست۔ ...

دارالحکومت کے

قدرت خدا کا کرشمہ

ایک عورت کے بطن سے پانچ بچے پیدا ہوئے

دہلی ۶ راگست۔ ... یہ پانچوں بچے مرگئے اور تھوڑی دیر بعد ان کی ماں نے بھی انتقال کیا۔ ...

حکیم محمد جمیل خاں کو صدمہ

جمعہ کے روز شریف منزل میں جناب حکیم محمد جمیل خاں صاحب کے دولت کدہ پر ... اللہ تعالیٰ ان کو اور ان کی ہمشیرہ کو صبر دے اور انکو اس بچہ کا نعم البدل عطا فرمائے۔ آمین

دہلی سے دو نوجوانوں کا اخراج

ایک عورت نے خودکشی کرلی

سکھوں اور مسلمانوں میں جنگ

پانچ اشخاص ہلاک اور متعدد مجروح

روس اور برطانیہ میں پھر گفتگو

چینی ترکستان میں خانہ جنگی شروع ہوگئی

ترکی کمانڈر نے جانب بیگ کو گرفتار کرلیا

یارقند میں ترکی فوجوں کی کمک

چینی حکومت سے تعاون

لکھنؤ میں مسلم زعماء کا مشاورتی جلسہ

مولانا شوکت علی صاحب کی شرکت

بمبئی میں پکٹنگ کا آغاز

۹ مرد اور خواتین گرفتار

جرمن میں جلسے کرنے اور وردیاں پہننے کی ممانعت

گاندھی جی ایک سال کیلئے حکومت کے مہمان

نوٹس کی تعمیل۔ گرفتاری اور سزا

عدالت میں گاندھی جی کا زبردست بیان

غیر منصفانہ سلوک

عدالت کا خطاب

سکوت اور مشیہ

گاندھی جی کا اہم بیان

نور حرم پر احراری رضاکاروں کا پکٹنگ

۲۳ رضاکاروں کو تین تین ماہ قید سخت کی سزا

مقدمہ سازش میرٹھ کی اپیل کا فیصلہ

۱۴ ملزمین رہا، باقیوں کی سزا میں تخفیف

یورپ میں زبردست جنگ

توپوں اور ہوائی جہازوں سے حملہ

کوٹکی پر دو روز تک ہوائی جہازوں سے بمباری

باجوڑ پر ۲۴ ہوائی جہازوں کا مظاہرہ

بالائی مہمندیوں میں افغانی افسروں کی آمد

شملہ ۵ راگست۔ سرحد کی اطلاعات مظہر ہیں کہ پرسوں ہوائی جہازوں کے دو دستوں نے کوٹکی پر بم باری کی ہوائی جہازوں پر قبائل کی طرف سے کوئی حملہ نہیں کیا گیا۔ گذشتہ چار روز سے مخالف لشکروں کا کوئی نشان نظر نہیں آیا۔ ...

پیشتر کی اطلاع

خان عبدالغفار خاں

وائسرائے کے نام کھلی چٹھی

افغانوں کا خیال

پٹھانوں اور جنوبی افغانیوں کی شکایت

ایک ہندو لیڈر کا احتجاج

ہندوؤں، مسلمانوں، سکھوں اور عیسائیوں سے اپیل

اجین ریاست گوالیار میں ایڈیٹر الامان کی لوٹ کھسوٹ

غریب مسلمانوں پر پانچ سو روپیہ کا چھاپہ

جامع مسجد اجین میں "مدینہ" اور "پیشوا" پڑھ کر سنائے گئے

اظہار نفرت و ملامت کا متفقہ اعلان

بخدمت ایڈیٹر صاحب الجمعیۃ۔ دہلی

شاید آپ کو اخبارات کے ذریعہ معلوم ہوا ہوگا کہ آپ کی دہلی سے ایک مولوی ناخلف منشی مظہر الدین شیرکوٹی یہاں اجین آئے تھے لیکن شاید ان کی آمد کے متعلق آپ کو صحیح واقعات کی اطلاع نہ ہو اس لئے میں حسب ذیل واقعات برغرض اشاعت بھیجتا ہوں۔ ...

سرحد پر بم باری کیوں کی گئی؟

صرف خوفزدہ اور پریشان کرنے کے لئے

شورش پسند نادر خاں کے خلاف ہیں برطانیہ کے

حقوق رائے دہی میں خواتین کا حصہ

قرطاس ابیض کی معنی خیز حمایت

مسلم لیگ اور مسلم کانفرنس کے نمائندوں کی شہادت

"مجھے کامیابی کی کوئی صورت نظر نہیں آتی"

چرچل پارٹی کامیاب ہوگئی ہے

پارلیمنٹری کمیٹی کے متعلق سر سپرو کا بیان

شامی قبائل کو بھی غیر مسلح کردیا گیا

یونان میں خوفناک آتشزدگی

سینٹ پال کا مشہور گرجا بھی تباہ ہوگیا

انقلابی تحریک کس طرح ختم ہوسکتی ہے؟

۲۰ جانیں دریائے گنگا کی نذر

ایک مصری قیدی کی عزت افزائی

قید معاف۔ ایک ہزار پونڈ انعام

قاہرہ ۵ راگست۔ مصری دہشت انگیز ابراہیم فلاح کو گذشتہ ماہ ستمبر میں ۱۵ سال قید کی سزا دی گئی تھی اپنے شاہی فرمان کے ماتحت رہا کردیا گیا ہے۔ اور ایک ہزار پونڈ مصری بطور انعام دئے گئے ہیں۔ ...

پٹنہ ریلوے اسٹیشن پر بم

ترکی سے برطانی نمائندہ کا اخراج

دہلی میں انجمن ضیاء الاسلام کا قیام
انگریزی خواں طلباء کا شاندار کارنامہ

دہلی ۱۹ اگست دہلی کے باہمت اور دردمند انگریزی خواں طلباء نے اسلامی حقائق پر عبور حاصل کرنے کے لئے ایک انجمن "ضیاء الاسلام" قائم کی ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ انگریزی داں طبقہ میں اسلام کی صحیح اور بے لوث تعلیم کی نشر و اشاعت کی جائے اور بجائے یورپین مصنفین کی خوشہ چینی اور زلہ خواری کے براہ راست قرآن و حدیث اور تاریخ سے علم و بصیرت پیدا کی جائے۔ نیز جو انگریزی داں طلبہ انجمن میں شریک ہوں ان کو تقریر و خطابت کی مشق کرائی جائے تاکہ وہ اچھے اسلوب سے اپنا مافی الضمیر ادا کر سکیں اور اپنے خیالات کی ترجمانی پر ان کو قدرت حاصل ہو جائے۔

دہلی کے انگریزی داں طلباء کا یہ وہ مبارک اقدام ہے جو صد ہزار تحسین و آفرین کا مستحق ہے اور جو امید ہے کہ ہندوستان کے دیگر شہروں کے انگریزی ...

غازی مصطفٰے کمال پاشا اور عربی زبان
سمرنا کے کرنل غازی محمد ذکریا کی تصریحات

... ساحل مالابار پر آئے گا انشاء اللہ غازی صاحب کی تقریر آپ کی خدمت میں روانہ کروں گا۔

(ایم اے صدیقی ٹیلی چری مدراس)

کی کل کو احمدی جماعت یہ بھی اعلان کر دے کہ مرزا صاحب کے مکذبوں یا مکفروں کو اپنے پیچھے ہی نماز پڑھنے دو۔ احمدیوں کا عقیدہ غالباً یہی ہے کہ رب العزت تک نماز پہنچانے والا امام ہی ہوتا ہے اگر وہ احمدی ہوگا تو نماز اللہ میاں تک پہنچ جائے گی ورنہ بصورت دیگر اندیشہ ہے کہ امام صاحب کہیں احمدیوں کی نماز کو انگریزی مولانا کا تنبار اللہ کے دفتر میں نہ گھسیٹ لیجائیں۔ احمدی دوستو انہی نے تو لنکن اور ہیڈ پارک میں اسلام کا جھنڈا بلند کیا ہے کیا وہاں ایسے ہی فاسد خیالات کی اشاعت تو نہیں کر رہے ہو؟

یہ لیجئے ایک اور لطیفہ

کے تحت عنوان تحریر ہے کہ اخبار اہل حدیث نے یہ بدعت تراشی ہے کہ مرتے ہی نماز کا اعلان نہیں کیا۔ بلکہ دوسری نماز پر روشنی ڈالی ہے جس کا رب العزت نے اپنے کلام پاک میں جا بجا ذکر کیا ہے۔ ...

کمترین عثمان غنی۔ آر جگر دہر لپور بی۔ این ریلوے

ہندوستان میں نئے نئے "مجتہدین" کا ظہور
غازی محمود دھرمپال کے ملحدانہ خیالات
علماء دیوبند اور اہل حدیث کی خدمت میں استفسار

غازی محمود دھرمپال بی اے نے ایک کتاب بنام اساس الاسلام تصنیف کی ہے جو رسالہ حنفیت کی صورت میں "کفر و اسلام" کے عنوان سے ۱۹۳۳ء میں ماہوار شائع ہوا ہے ...

پاک احمدی اور غیر احمدی دونوں ختم نبوت کے منکر ہیں۔ جب ان منکرین ختم نبوت کو اب دوبارہ چیلنج دیتا ہوں کہ اگر ان کے پاس اپنے اس عقیدہ کی تائید میں قرآن پاک کی کوئی آیت یا کوئی لفظ یا شوشہ تک بھی موجود ہو تو وہ اس کو پیش کریں ...

اہل حدیث اور اہل قرآن کا جھگڑا

وہابی اور حنفی کا جھگڑا

اسلامی انجمنوں کو اطلاع

علماء دیوبند کو چیلنج

عراق ریلوے

نجف۔ کربلا معلے۔ کاظمین اور سامرہ کے مقدس شہروں کی زیارت کیلئے عراق ریلوے کے ذریعہ آرام۔ تیز رفتاری اور بہت ہی سستا کرایہ سے سفر کریں

مختلف درجوں کی زیارتی کوپن کی کتابیں جو ۱۵۰ دن تک کار آمد ہونگے نیچے درج ہیں اور ۵۰ کیلو سامان ہر کتاب کے عوض میں اپنے ہمراہ مزید کرایہ کے بغیر لے جا سکتے ہیں

	درجہ دوم	درجہ سوم
کوپن بک (الف) برائے سفر بصرہ سے کربلا کاظمین سامرا اور واپسی بصرہ	۔/۔/۲۰	۔/۔/۱۴
کوپن بک (ب) برائے سفر بصرہ سے کربلا کاظمین اور واپسی بصرہ	۔/۔/۱۴	۱۲/۸/۔

تین سال سے کم عمر کے بچہ کا کرایہ معاف اور بارہ برس سے کم عمر کے بچوں کا نصف کرایہ لیا جاتا ہے

بمبئی اور کراچی سے ہر ہفتہ جہازات بصرہ کے بندرگاہ معقل کو جاتے ہیں جہاں ریلوے کے افسران زائرین کو ان کے آرام اور زیارت کو جانیوالی گاڑیوں میں جگہ کا انتظام کرنے کے لئے استقبال کرتے ہیں

زائرین جو مکہ معظمہ کی زیارت کرنا چاہتے ہوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ عراق کے راستہ سے سفر کریں اور اس طرح سے ایک ہی ...

صوبہ سرحد کی خبریں

قبل از میعاد رہائی

بنوں ۲۲ اگست۔ کامریڈ چمن لال بنوں کے نوجوان کانگریسی رکن جو کہ اپنی سزائے قید ۳ سال ۳ ماہ ہری پور سنٹرل جیل میں کاٹ رہا تھا بتاریخ ۲۹ کو ہری پور سنٹرل جیل سے رہا ہو کر بنوں پہنچ گیا صاحب موصوف کو اپنی میعاد قید سے پیشتر ہی رہا کر دیا گیا۔

کامریڈ چمن لال گذشتہ سول نافرمانی میں ایک بارہ ماہ قید ہوئے تھے دوسری بار ۹ ماہ قید ہوئے تھے جو کہ وہ کاٹ چکے ہیں اب تیسری بار ۳ سال ۳ ماہ میں سے ۱½ سال سزائے قید کاٹ چکے تھے کہ اچانک بھی رہا کر دئے گئے آپ ایک سیاہ پوش خدائی خدمتگار ہیں۔

کامریڈ حبیب شاہ بھی رہا ہو گئے

انجمن حمایت بے روزگاران

سین گپتا کا ماتم

پشاور جیل کے اسیروں کی حالت

... سردار رام بی اے سابق سکرٹری فرنٹیر پراونشل کانگریس کے وزن میں ۱۶ پونڈ حاجی میر مختار صاحب کے وزن میں ۱۴ پونڈ اور مختار خان ہیڈ ماسٹر اتمان زئی آزاد سکول کے وزن میں ۱۱ پونڈ کی کمی ہو گئی ہے۔ انسپکٹر جنرل جیلخانہ جات کو چاہئے کہ انہیں پشاور سنٹرل جیل سے تبدیل کرکے ڈسٹرکٹ جیل بنوں بھیجدیں تاکہ ان کی صحت درست ہو جائے۔

لائل پور میونسپلٹی کا اجلاس
مخلوط انتخاب کی قرار داد منظور ہو گئی

لائل پور ۱۶ اگست۔ مقامی ٹاؤن ہال میں پولیس کے مسلح پہرہ کے اندر میونسپلٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں لالہ رام نرائن نے مخلوط انتخاب کے حق میں تجویز پیش کی رائے شماری پر مخالفین و موافقین کی تعداد برابر نکلی صدر صاحب نے اپنے کاسٹنگ ووٹ کے ذریعہ تجویز منظور کر دی جس پر تمام مسلم ممبران واک آوٹ کرکے باہر چلے گئے۔

ناظرین کو یاد ہوگا کہ ۱۳ جولائی کو کمیٹی نے بعض سرکردہ ممبران کی غیر موجودگی میں جداگانہ انتخاب کے حق میں ایک قرار داد منظور کی تھی جو خلاف قانون قرار دی گئی۔

کمپنی باغ میں مسلمانان دہلی کا عظیم الشان جلسہ

حکومت نے معلمین حجاج پر پابندیاں عائد کرنے کیلئے جو مسودہ قانون ...

اعلان تعطیل

تحقیقاتی حج کمیٹی کی خفیہ رپورٹ پر حکومت ہند کا مراسلہ
حجاز مقدس کے اوقاف کیلئے عظیم اور زبردست خطرہ
مسلمانان ہند کے جذبہ ایمان کا امتحان

گذشتہ سال حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نے اخبارات میں دہلی سے ایک اعلان شائع کیا تھا جس کا مفہوم یہ تھا کہ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ اسمبلی کی تجویز کے ماتحت حکومت ہند نے جو ایک تحقیقاتی حج کمیٹی بنائی تھی اس نے اس رپورٹ کے علاوہ جو اسمبلی میں پیش ہو کر شائع ہو چکی ہے ایک خفیہ رپورٹ میں کیا باتیں لکھی ہیں اس لئے اسمبلی کے ممبروں کا فرض ہے کہ وہ اسمبلی میں سوالات پیش کرکے اس رپورٹ کو منظر عام پر لائیں تاکہ مسلمانوں کو معلوم ہو کہ اس کمیٹی کے ممبروں نے کیسے کیسے زرین یا سیاہ کارنامے انجام دئے ہیں لیکن ایک سال کا زمانہ گذر گیا مگر غیر معلوم ...

نظم جائداد ہائے وقف بمقام سعودی عربستان وقف کردہ برائے فوائد حجاج ہندی۔ یہ کہ تحقیقاتی حج کمیٹی نے اپنی خفیہ رپورٹ کی سترھویں دفعہ میں سعودی عربستان کی وقف جائداد جو قواعد حجاج ہند کے لئے کئے گئے ہیں ان کے نظم کے متعلق حسب ذیل رائے ظاہر کیا ہے:۔

(۱) جائداد ہائے وقف۔ اس سلسلہ میں ہم لوگ بتلا دینا چاہتے ہیں کہ ہم لوگوں کے پاس یقین کے لئے وجوہات کافی ہیں کہ جدہ۔ اور مکہ و دونوں مقامات میں چند وقف جائداد میں ہندوستانی حاجیوں کے فوائد ...

بہت سے متولیان ان جائدادوں کو اپنی خاص جائداد تصور کرتے ہیں اور جیسا جی چاہتا ہے ویسا ہی اس کا مصرف لیتے ہیں نتیجہ اس کا یہ ہوتا ہے کہ حجاج اس کا بہت ہی مختصر فائدہ اٹھاتے ہیں قبل اس کے کہ جس مطلب کے لئے یہ جائدادیں وقف کی گئی تھیں اس مصرف کے لئے واپسی کی ترکیب سوچی جائے یہ امر ضروری ہے کہ وقف مذکور کی پوری تفصیل حاصل کی جائے لہذا حکومت ہند ممنون ہوگی اگر ان دو وقف جائدادوں کے متعلق جو درج کئے جاتے ہیں ایسی تفصیل علاوہ دیگر معلومات کے جو واقف خواہ ان کی اولاد کے ذریعہ تحقیقات سے معلوم ہو سکے۔ حکومت ہند کو بہم پہونچائی جائے۔

(۱) مکہ میں پانچ بہنوں کی رباط (مسافر خانہ) واقف پٹنہ کی پانچ بہنیں معرفت شاہ معین الحق پٹنہ

(۲) مدینہ میں مولانا ابو البرکات کی رباط (مسافر خانہ) جس کے ساتھ دو کرایہ کے مکانات بھی ہیں پٹنہ کا کوئی شخص ہے۔

[چونکہ اصل مراسلہ کا ترجمہ صوبہ بہار کی خاص زبان میں کیا گیا ہے اس لئے غالباً قارئین الجمعیۃ کو اس کے سمجھنے میں دقت ہوگی۔ ہم ایڈیٹر نقیب سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اصل خط ہمارے پاس بھیجدیں تاکہ ہم اس کا ترجمہ دوبارہ شائع کر سکیں۔ ایڈیٹر]

... کوئی اہم قدم نہیں اٹھایا۔ اگر مسلمانوں نے کوئی بہتر اور اسلامی نقطہ نظر سے اس مقصد کو پورا کرنے والا ہو۔ پیش بھی کیا تو حکومت نے مخالفت کرکے پاس نہ ہونے دیا۔

الغرض سرسید مرحوم سے لیکر اس وقت تک تمام نرم و گرم مسلمانوں کی آواز جو بڑے بڑے پلیٹ فارموں سے بلند ہوئی مجالس قانون ساز کے ایوانوں میں گونجی حکومت کے دل میں اثر نہ کر سکی لیکن حجاز مقدس کے اوقاف کے متعلق ایک بے حقیقت اور دلچسپی سی آواز جس کو حکومت ہند کے سوا اور کوئی سن نہ سکا کیونکر اس درجہ موثر ہوئی کہ جو حکومت پبلک مفاد کے کاموں میں بے حس اور سست رفتار مشہور ہے وہ بھی بے چین ہو گئی اور تیز گامی اختیار کرکے منزل مقصود تک پہنچنے کی کوشش کر رہی ہے "اوقاف حجاز" اور "اوقاف ہند" کی بابت حکومت کے رویہ میں اس قدر صریح تضاد کیوں ہے۔ کیا اس معمہ کو حل کرکے مسلمانوں کو مطمئن کرنے کی کوشش کی جائے گی؟ (ایڈیٹر نقیب)

حکومت ہند کے مراسلہ کی جو نقل نقیب نے شائع کی ہے وہ حسب ذیل ہے:۔

حکومت ہند کا مراسلہ

نقل خطاب الف ۱۴۵۷ء جی مورخہ ۸ اپریل ۱۹۳۳ء منجانب حکومت ہند بنام چیف سکرٹری حکومت بہار و اڑیسہ۔ محکمہ سیاسی

ہندوستان کے مسلمان کس غفلت میں سرشار ہیں؟
قانون حج اور قرآن خواں بچوں پر پابندیاں

خدا کی شان ہے ہندوستان کے مسلمان اپنے آپ کو سب سے زیادہ منظم سب سے زیادہ غیرت مند اور سب سے زیادہ مذہب دوست ظاہر کرتے ہیں مگر جہاں تک واقعات کا تعلق ہے ہندی مسلمان زوال حکومت کے بعد ان صفات سے محروم ہو چکے ہیں اور ان کی وہ عبرت ناک حالت ہو چکی ہے جس کو تو جیہ اور مذہب سے پیدا کیا تھا آج ہندوستان میں مسلمانوں کے مقدس مذہب میں، مداخلت کی جا رہی ہے مگر وہ اپنے بستر استراحت پر کروٹ بھی نہیں لیتے ان معاملات کو جانے دیجئے جہاں مذہب اور سیاست کی سرحدیں ملتی ہیں اور ریاست کا کابوس ہمارے سروں پر مسلط ہو جاتا ہے میں صرف ان معاملات کی طرف اشارہ کر رہا ہوں جو خالص مذہبی ہیں اور مسلمانوں سے ہی ان کا تعلق ہے۔ ...

صوبہ سرحد میں تعمیری کام کی ضرورت
حکومت سرحد کیلئے ایک نادر موقعہ

(ایک درمند سرحدی)

ندوہ کی مسجد اور طلبائے ندوہ
مسجد کی تعمیر کا مصمم ارادہ

اس سلسلہ میں طلبائے دار العلوم ندوہ کا ایک عام جلسہ ۱۰ جولائی ۱۹۳۳ء کو منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجویزیں بالاتفاق پاس ہوئیں۔ ...

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

الجمعیۃ
روزنامہ — دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ …
ششماہی …
سہ ماہی …
ممالک غیر کے لئے
سالانہ …
ششماہی …
نمونہ
قیمت فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) …
نصف صفحہ …
ایک کالم …
½ کالم …
¼ کالم …

معاون: محمد عثمان فارقلیط
مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۸ | دہلی یوم چہارشنبہ ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۶ اگست ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۱

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے
(از معاون)

لاٹ پادری کی ترکی تمام
محبت اور توحید پر ایک معرکۃ الآراء مکالمہ

[illegible]

ایک قدیم شاعر کی توحید
[illegible]

لاٹ پادری کی الٹی منطق
[illegible]

خدا کی محبت کا ایک معیار
[illegible]

"معذرت پاپ کا ادا ہے"
[illegible]

(باقی سلسلہ بے بر آبملہ فرمائیں)

معاصرین کے افکار و آراء

حکومت ہند کی مہم طلبی
(زمیندار)
[illegible]

تجربہ پر تجربہ
(ہمدم)
[illegible]

ریجکٹیلی کی خفیہ رپورٹ
(زمیندار)
[illegible]

اسلامی سرحدوں پر قبائلی جھگڑے
[illegible]

گورنر بمبئی کی تقریر
(الجمعیۃ)
[illegible]



SHARBAT ROOHAFZA
شربت روح افزا
(رجسٹرڈ)
موسم گرما میں ہر قسم کی شکایت کیلئے
اکسیر ہے۔ تمام ہندوستان میں
اپنے خواص کی وجہ سے مشہور و مقبول
ہو چکا ہے۔ بڑے بڑے راجہ، نواب
اس کو ہمیشہ استعمال کرتے ہیں
فی بوتل ایک روپیہ چار آنے
دواخانہ ہمدرد یونانی دہلی

نئی قسم کا جہیز
آج کل لڑکیوں کو جہیز میں قیمتی زیور، قیمتی پوشاکوں کے ساتھ ایک بیش بہا کتاب بھی دیجاتی ہے اس کتاب کا نام حیات نسواں ہے جس میں عورتوں کے لئے ان کی ابتداء عمر سے آخر عمر تک کی ضروریات بتائی گئی ہیں … مجلس النساء یعنی تعلیمیافتہ عورتوں کی کانفرنس کی روداد … ملنے کا پتہ: منیجر اتحاد بک ڈپو امروہہ (یو پی)

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے لیکن کدھر؟ ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے
وہاں سے ایک کارڈ لکھ کر تحریر فرمادیں … کی کتاب کام شاستر مفت طلب فرماکر ملاحظہ کریں۔
وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ سے رجسٹرڈ
بال جیون گھٹی
… مفت لو …
المشتہر: منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر یو پی

اخبار الجمعیۃ
میں
اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

تین پیسے میں ایک سو چوالیس صفحے
رسالہ نظام المشائخ … المشتہر منیجر رسالہ نظام المشائخ کوچہ چیلان دہلی

نظر نواز! خوبصورت حمائل "دلکش"
… دفتر اشاعۃ القرآن بیت القرآن امروہہ (یو پی)

سفید بال جڑ سے کالا
[illegible]

ردِ مرزائیت کی معاون
مرزا غلام احمد قادیانی کے جانشینوں کی طرف سے اسلام کے خلاف جو زہر اگلا جارہا ہے اور مسلمانوں کے دین کو جس گندم نما جو فروشی سے نقصان پہنچانے کی کوشش کی جارہی ہے … لہذا اس فتنہ کے قلع قمع کرنے کے لئے آپ کتبہ علمیہ کی حسب ذیل کتابیں پڑھ کر مرزائیوں کے دام تزویر سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔
ختم نبوت فی القرآن … عقائد قادیانی منظوم … معیار صداقت … حقیقت رسائل اعجازیہ …
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

فتنۂ مرزائیت کا صحیح علاج
[illegible]
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کا خطبۂ صدارت
[illegible]
منیجر کتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

تاریخ صقلیہ جلد اول
از
مولوی سید ریاست علی ندوی رفیق دار المصنفین و سب ایڈیٹر معارف
[illegible]
منیجر دار المصنفین اعظم گڑھ

جب حیدرآباد سے محبت ہر مسلمان کو ہے
[illegible]
الاعظم ہفتہ وار
منیجر الاعظم پتھر گٹی حیدرآباد دکن

جنت اور دوزخ
[illegible]
منیجر کتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا
[illegible]
منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید
[illegible]
منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

یہ قانون نہ صرف ناقص رہ جائے گا بلکہ متعدد جہتوں سے مضرت رساں اور نقصان دہ ثابت ہوگا۔ اس لئے ہم مسلم اراکین مجلس مقننہ بہار و اڑیسہ سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس مسودۂ قانون کو ان ترمیمات کے بغیر ہرگز منظور نہ کریں اور مسلمانان بہار سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ امارت شرعیہ کے اعلان کے مطابق ہر جگہ بروقت مناسب جلسے کر کے ان تجاویز کو منظور کر کے ان سے حکومت کو قبل از وقت آگاہ کر دیں گے۔

دنائت کی انتہا

اخبار مدینہ کے معزز و محترم مالک مولوی مجید حسن صاحب نے ایک اعلان اپنے اخبار میں مولوی منظر الدین شیر کوٹی کو ملازم رکھ کر جس طرح ابھر کر نمایاں ہونے کا موقعہ دیا تھا اسی کا یہ نتیجہ ہے کہ آج "الامان" و "وحدت" کی کوئی اشاعت خالی نہیں جاتی جس میں مالک و ایڈیٹر مدینہ کے خلاف بہتان و الزامات نہ تراشے جاتے ہوں اور ان مخلص حضرات کو جو اپنے حلقۂ اثر میں قوم اور مذہب کی بہترین خدمات انجام دے رہے ہیں انتہائی سوقیانہ انداز میں کذب و افترا کے ساتھ سب و شتم دکیا جاتا ہو۔ ہر اس شخص کے لئے جو حنظل کا مزہ چکھ کر کسی شیریں و لطیف پھل کی توقع رکھتا ہے ... یہ مثالی عبرت انگیز و سبق آموز ہے۔ ہندوستان کے اکابر علماء نے اس شخص کے ساتھ جو کچھ کیا وہ ظاہر ہے اور اس کے بعد جو تجربہ حاصل کیا وہ بھی دنیا کو معلوم ہے۔ اس کے بعد یہ دنی الطبع انسان اگر اپنے ایک دیرینہ محسن کو گالیاں دے رہا ہو تو اس پر کون تعجب کرے گا۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اندریں مسئلہ کہ ایک جماعت بدعتی عالم و جاہل بنام مولوی مولانا مقرر و اعظ و جماعت قوال و پیر و فقیر مرشد کا سرقہ دعویٰ کرنے والے عام محفل میں اکثر زن و مرد نوجوان و امردوں کے اجتماع کرتے ہیں۔ ایسی مجلسوں میں شعر و اشعار غزل و مثنوی و قوالی وغیرہ حسن صوت و حسن صورت کے ساتھ پڑھتے ہیں اور سنتے سناتے ہیں شرعاً کیا حکم ہے؟ بینوا بالدلائل ماشاء اللہ فتوجروا عند اللہ۔

الجواب

ایسی مجلس کی شرکت جس میں رقص و سرود و لہو و لعب کی باتیں ہوں حرام ہے ...

نے حج اور حجاز مقدس کے متعلق حکومت کی موجودہ سرگرمیوں کے خلاف آواز بلند کر کے اپنا مذہبی و ملی فرض ادا کر دیا۔ اب تمام ہندوستان کے مسلمانوں کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر ہر شہر اور ہر ہر قصبہ میں اسی عظیم الشان جلسے منعقد کریں اور ان جلسوں کے اندر اسی قسم کی تجاویز منظور کر کے حکومت کو اپنے مذہبی جذبات سے آگاہ کر دیں تاکہ آئندہ یہ نہ کہا جا سکے کہ جب اسمبلی میں اس قسم کے قوانین وضع کئے جا رہے تھے، اور مولانا اسمٰعیل غزنوی کو حج سے روکا جا رہا تھا اور خفیہ رپورٹ کے متعلق اخبارات میں خبریں آ رہی تھیں تو مسلمان کہاں جا کر سو گئے تھے۔ اور انہوں نے کیوں ان کارروائیوں پر کوئی احتجاج نہیں کیا تھا۔ حکومت خود اپنے بیان کے مطابق اس وقت مسلمانوں کی رائے عامہ معلوم کرنا چاہتی ہے۔ پھر کوئی وجہ نہیں ہے کہ مسلمان خاموش بیٹھے رہیں اور حکومت کو یہ نہ بتائیں کہ ان کے جذبات کیا ہیں اور وہ کیا چاہتے ہیں۔

بمباری

گزشتہ ہفتہ کی اطلاعات سے یہ بتاتی ہیں کہ کوٹکی کا پورا گاؤں تباہ و برباد کر دیا گیا۔ اب وہاں کا کام مکمل ہو گیا۔ اس کے بعد یہ دیکھا جائے گا کہ کسی اور مقام سے شورش پھیلانے والوں کے پوشیدہ ہونے کی خبر آتی ہے یا نہیں۔ جہاں کہیں معلوم ہوگا کہ یہ لوگ پوشیدہ ہیں وہیں پھر بمباری شروع کر دی جائے گی ...

مسلمانان اجمیر

مسلمان وقف بل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ ہجری

مسلمانان دہلی کا احتجاج

فریضۂ حج کے معاملہ میں ایک عرصہ سے حکومت نے جو رویہ اختیار کر رکھا ہے اس کے متعلق اب ہندوستان کے مسلمانوں میں بے چینی و اضطراب روز بروز بڑھتا جا رہا ہے، اور وہ یہ محسوس کر رہے ہیں کہ مذہبی اعمال و دینی عبادات کی آزادی اب حرف غلط کی طرح مٹائی جا رہی ہے اور رفتہ رفتہ حکومت کا جبر و استبداد اور حکم و اقتدار ...

بنا پر مذہبی اعمال کی ادائیگی سے نہیں روکا جا سکتا۔ اس موضوع پر حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے کمپنی باغ میں ۱۰ اگست کی شام کو جو تقریر ارشاد فرمائی ہے اس کے بعد کسی شخص کو ذرہ برابر بھی یہ شبہ باقی نہیں رہ سکتا کہ حکومت کے لئے مولانا اسمٰعیل غزنوی کو حج سے ...

خفیہ رپورٹ

حج کے متعلق مسودۂ قانون

ادائیگی حج کی مخالفت

مسلمانان ہند کا فرض

حکومت ہند حجاز مقدس میں مداخلت کا راستہ نکال رہی ہے

معلمین کا مسودۂ قانون مسلمانوں کی مرضی کے بغیر پیش کیا گیا ہے

مولانا اسمٰعیل غزنوی کو حج سے روکنے پر زبردست احتجاج

حج تحقیقاتی کمیٹی کی خفیہ رپورٹ کو شائع کرنے کا مطالبہ

مسلمانان دہلی کے جلسۂ عام کی کارروائی

دہلی ۱۱ اگست۔ حجاز مقدس سے ہر سال حاجیوں کو لیجانے اور ان کو آرام و آسائش پہنچانے کی غرض سے جو معلم ہندوستان تشریف لاتے ہیں اور جن کی رہنمائی میں ہندوستان سے ہر سال حاجی اپنا فریضۂ حج ادا کرنے کے لئے حجاز جاتے ہیں ان معلمین پر پابندیاں عائد کرنے کی غرض سے حکومت ہند نے جو مسودۂ قانون رائے عامہ حاصل کرنے کے لئے ملک میں شائع کیا ہے اور جس کو اسی سال بغرض منظوری اسمبلی میں پیش کیا جانے والا ہے اس پر غور کرنے کیلئے مسلمانان ...

اعلان مذہبی آزادی کی خلاف ورزی

اس کے بعد حضرت صدر محترم نے حسب ذیل قرارداد صدارت کی طرف سے پیش کی اور مولانا اسمٰعیل غزنوی کو حج سے روکے جانے پر شریعت اسلامیہ کی روشنی میں ایک مدلل تقریر ارشاد فرمائی۔

"مسلمانان دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ حکومت کے اس اقدام کو کہ اس نے مولانا اسمٰعیل غزنوی کو سفر حج سے روکا، کھلا ہوا مذہبی مداخلت ..."

مسودۂ قانون رہنمایان حجاج

"مسلمانان دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ اس مسودۂ قانون پر غور کرنے کے بعد جو معلمین حجاج کو لائسنس دینے اور ان پر پابندیاں عائد کرنے کیلئے حکومت ہند نے شائع کیا ہے اور جو اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں بغرض منظوری پیش ہونے والا ہے حسب ذیل نتیجہ پر پہنچا ہے کہ:

(الف) یہ مسودۂ قانون مسلمانوں کی ایک نہایت اہم اسلامی عبادت اور فریضہ کی ادائیگی سے تعلق رکھتا ہے مگر مسلمانوں کی خواہش کے بغیر اور ان کی مرضی کے خلاف پیش کیا گیا ہے۔

(ب) اس مسودۂ قانون کے ذریعہ سے حجاز مقدس میں ایک اسلامی فریضہ کی ادائیگی اور اس کی آزادی میں حکومت کی مداخلت لازم آتی ہے۔

(ج) اس مسودۂ قانون کے ذریعہ سے حجاز مقدس میں انگریزی حکومت کی مداخلت کا راستہ نکالنا اور باشندگان حجاز کے ایک بڑے طبقہ کو انگریزی حکومت کا دست نگر بنانا ہے ...

(د) اس مسودۂ قانون کے ذریعہ سے گورنر جنرل باجلاس کونسل اور صوبہ کی حکومتوں اور لائسنس دینے والے افسروں کو معلمین حجاج پر بہت سے اختیارات اور حاکمانہ اقتدارات حاصل ہو جاتے ہیں۔

(ہ) اس قانون کی وجہ سے بہت سے وہ افراد اور مخلص مسلمان جو حجاج کی اعانت و امداد کرتے ہیں ان کی خدمات سے محروم ہو جائیں گے ...

ان وجوہات سے یہ جلسہ حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ مسلمانوں کی رائے عامہ کا لحاظ کرتے ہوئے اس مسودۂ قانون کو واپس لے ..."

اس قرارداد کی تائید مولانا عبدالحلیم صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی اور مولانا محمد اسمٰعیل صاحب غزنوی نے فرمائی اور قرارداد بالاتفاق رائے منظور ہوگئی۔

خفیہ رپورٹ اور خفیہ خط و کتابت

"مسلمانان دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ اس مراسلہ کو دیکھ کر جو معزز اخبار 'نقیب' پھلواری شریف نے شائع کیا ہے اور جو سرکاری حکومت کی طرف سے حکومت بہار کے صیغۂ سیاسیات کے چیف سکریٹری کے نام ہے اس نتیجہ پر پہنچا ہے کہ تحقیقاتی حج کمیٹی نے کوئی خفیہ رپورٹ حکومت کے سامنے پیش کی ہے ..."

اس قرارداد کی منظوری کے بعد حضرت صدر محترم کا شکریہ ادا کیا گیا اور جلسہ تقریباً ۱۱ بجے ختم ہوا۔

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

امریکہ میں زارو آغا کی ایک رقیبہ کا ظہور

۲۰۰ سال عمر پوری ہونے کے بعد مقابلہ کا ارادہ

آج تمام دنیا میں زارو آغا کو معمر ترین انسان تسلیم کر لیا گیا ہے۔ یہ شخص ترکی ہے اور اس کی عمر دو سو سال ہے ...

انگلستان کے اخبارات میں شاہ فیصل کی مدح سرائی

دجلہ و فرات کی گردن پر حکومت کرنے والا بادشاہ

لندن کے اخبار ڈیلی ٹیلیگراف نے شاہ فیصل والی عراق کی سیاحت پر متعدد مقالات سپرد قلم کئے ہیں جس میں وہ شاہ عراق کی مدح سرائی کرتا ہے ...

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

اجنبی اشخاص ایک سال میں اپنے پیشوں سے دستبردار ہو جائیں

بعض پیشے ترکی باشندوں کیلئے مخصوص کر دئے گئے

ترکی حکومت نے ملکی خدمت گزاروں کی سہولت اور بے روزگاری کے انسداد کے لئے ایک قانون وضع کیا ہے جس کا نفاذ بھی ہو گیا ہے۔ اس قانون کے مطابق حدود ترکی میں بعض پیشے غیر ملکیوں کیلئے ممنوع قرار دیئے گئے ہیں جن کی فہرست حسب ذیل ہے: ...

ریفی مسلمان بپھر گئے

جامع اعظم کی واپسی کیلئے پرزور مطالبہ

بہت دنوں سے ریف کے مسلمانوں کے حالات سے عربی اخبارات خالی تھے ...

شرق اردن اور حجاز کے معاہدہ کی حقیقت

برطانیہ کی مداخلت سے تشویش

سلطان ابن سعود اور شرق اردن میں برطانیہ کی وساطت سے جو گفت و شنید ہوئی ہے اس کو عربی ممالک کے سیاسی مفکرین تردد اور تشویش کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں ...

کوئی عرب ناچ گھروں میں نہ جائے

امام یحییٰ والی یمن کا فرمان

دمشق میں چار روز تک جشن میلاد النبی

مردوں اور عورتوں کو عنین اور بانجھ بنانے کی اسکیم

جرمنی حکومت کا "مردمی آزار" قانون

سرحد عراق پر شامی عیسائیوں سے جنگ

عراقیوں کے ۲۰ اور شامیوں کے ۹۵ سپاہی ہلاک

بغداد ۵ اگست۔ رائٹر کی ایک اطلاع موصول ہوئی ہے کہ سرحد عراق کی شمالی سرحد پر حکومت عراق کی افواج اور شام کے عیسائیوں کے درمیان جو سال ہی میں عراق سے نکل کر شام چلے گئے تھے، جنگ شروع ہو گئی ہے ...

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(بسلسلہ صفحہ اول)

سیلاب اور طغیانی کے باعث ریلوں کی آمدورفت بند

پل، آراضی اور مکانات زیر آب۔ تاروں کے کھمبے اکھڑ گئے

بڑودہ۔ احمد آباد، سورت اور رتلام میں قیامت خیز بارش

خاپاک کے قریب مہمندوں اور حلیم زئیوں میں دست بدست جنگ

پانچ گھنٹہ تک معرکہ کارزار گرم رہا

باجوڑ پر بم باری بند کردی گئی ہے

بالائی مہمندوں اور حلیم زئیوں میں معرکہ آرائی

فوجی کمانڈر اور ڈپٹی کمشنر کا دورہ تحقیقات

حاجیوں کیلئے قواعد و ضوابط

جہاز میں کھانے کے ہمراہ جانیکا انتظام

سزائے تازیانہ کا بل منظور ہو گیا

بمبئی کونسل میں غیر سرکاری ترمیمات گر گئیں

کانگرس کے صدر کا تازہ اعلان

مسٹر ستیہ مورتی کے زبردست اعتراضات

یو پی میں حج کمیٹی کا قیام

سرکاری اور غیر سرکاری ارکان کا انتخاب

مس خورشید نوروجی کا داخلہ سرحد

گرفتاری کے بعد فوراً ایک سال کی سزا

لکھنؤ میں ایک دلچسپ اجتماع

اتحاد کانفرنس منعقد کرنے کا ارادہ

کیا گاندھی جی اپنی زندگی ختم کر دینگے؟

بمبئی کے کانگرسی حلقوں میں تشویش

یرودا جیل میں گاندھی جی کی حالت

ترکی سے برطانوی نمائندہ کا اخراج

اخراج کے متعلق ترکی حکومت نے رپورٹ پیش کردی

سکرٹری کانگرس کمیٹی کو سزا ہو گئی

حکومت بمبئی کے حکم کی خلاف ورزی

۵۵ دیہاتی سوتے سوتے بہہ گئے

ترکی حکومت ایکسٹین چاندی خریدیگی

ایک مکان میں بم پھٹ گیا

آئرلینڈ میں خانہ جنگی کے آثار

جنرل اوڈفی کیلئے فوجی ہیڈ پر بحث

بمبئی کے دو ہزار مزدوروں نے کام چھوڑ دیا

سرحد کے آزاد قبائل پر بم باری کے خلاف شدید احتجاج

ہندوستان کے مختلف اخبارات کی رائیں

"پرتاپ"

"بلال"

"ویر بھارت"

"سرفراز"

"دستور"

"مدینہ"

"ملت"

"حقیقت"

"زمیندار"

"تیج"

آزاد قبائل پر بم باری کے متعلق اسمبلی میں سوالات

ایک مسلم وفد کی وائسرائے سے ملاقات کیلئے اجازت

لاہور میں اظہار تشویش

"انقلاب"

"اجمل"

بم باری پر احتجاجی جلسے کے اعلان کی ضبطی

لاہور پولیس نے رضاکاروں کو گرفتار کر کے چھوڑ دیا

سرحدی بم باری پر ملک کے طول و عرض میں ہیجان

مختلف مقامات پر احتجاجی جلسے

انجمن امداد الاسلام دیوبند کا احتجاج

مسلمانان سہارنپور کا جلسہ

سجادہ نشین سیال شریف کا تار

ہندوستان اور جاپان میں تجارتی گفتگو

جاپانی وفد لندن روانہ ہو گیا

آدم خیل۔ آفریدیوں پر سی۔ آئی۔ ڈی پولیس کا چھاپہ

ڈائنامیٹ۔ بم۔ رائفلوں اور آتشیں اسلحہ کی برآمد

پشاور ۱۰ اگست۔ سال رواں میں سی۔ آئی۔ ڈی افسروں کی کوشش سے آتشیں اسلحہ کی بڑی مقدار کوہاٹ سے آگے پکڑی گئی ہے جو آدم خیل آفریدی اپنے دو خچروں کو لئے ہوئے چلے جارہے تھے کہ سی۔ آئی۔ ڈی نے ان کو گرفتار کرکے خچروں کی تلاشی لی جن پر متعدد تھیلے لٹکے ہوئے تھے ان تھیلوں سے مندرجہ ذیل اسلحہ برآمد ہوئے۔

صدر میکاڈو کے خلاف ہوانا میں زبردست مظاہرہ

وحشی ہجوم نے ۲۱ اشخاص ہلاک اور دو سو زخمی کردیئے

صدر کے مکانات اور سرکاری دفاتر کو تباہ کردیا گیا

ہوانا ۱۳ اگست۔ ہوانا میں صدر میکاڈو کے خلاف زبردست مظاہرہ ہوا اور سخت ہنگامہ برپا ہوگیا جس میں ۲۱ آدمی ہلاک اور ۲۰۰ زخمی ہوئے پولیس اور فوج قیام امن کے لئے کوئی کوشش نہیں کررہی ہے جنرل میکاڈو کے پرائیوٹ مکانات اور ان کے مال و اسباب کو ہجوم نے برباد کردیا مکان کے رہنے والے سب بھاگ گئے میکاڈو کے مکانات کا فرنیچر گلیوں میں پھینک دیا گیا اور قیمتی کپڑے اور سامان کو لوٹ لیا گیا۔ حکومت کے دفاتر اور سرکاری اخبار "ہیرالڈ ڈی کوبا" کے دفتر کو بھی تباہ کردیا گیا۔ یہ بھی افواہ ہے کہ مسٹر ارکورڈ میر ہوانا کو قتل کردیا گیا ہے۔ میکاڈو کی حکومت کے زوال کی خوشی میں وحشی ہجوم نے صدر کے محل کو تباہ کردیا اور ساتھ ہی خفیہ پولیس کے ۵ آدمیوں کو قتل کردیا۔ خود میکاڈو پایہ تخت سے علیحدہ ایک دوسری جگہ مقیم ہوگیا ہے جہاں امن کی سخت حفاظت کی جارہی ہے مواصلات کے تمام سلسلوں کو تباہ کردیا گیا ہے۔

بعد کی اطلاع مظہر ہے کہ جنرل میکاڈو ہوائی جہاز کے ذریعہ نسو کو فرار ہوگئے ہیں۔

دار الحکومت

دہلی سول لائن میں مسلح ڈاکہ

گھر والوں کو مارتے مارتے بے ہوش کردیا

فوجداری مقدمات کی تعداد میں اضافہ

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا اعلان

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا ایک بہت ضروری جلسہ ۲۰، ۲۱ اگست کو مراد آباد میں منعقد ہوگا۔ دفتر سے اراکین کے نام ایجنڈا جاری کردیا گیا ہے۔ معاملات کی اہمیت اور موقع کی نزاکت کو مد نظر رکھتے ہوئے تمام اراکین سے درخواست ہے کہ وہ ضرور شرکت فرمائیں۔ اپنی تشریف آوری کی صحیح تاریخ اور وقت سے مولانا فخر الدین صاحب صدر مدرس مدرسہ شاہی مسجد مراد آباد کے پتے پر اطلاع دینی چاہئے۔

(مولانا) احمد سعید

نئی دہلی پر مزید ڈیڑھ کروڑ کا صرفہ

شملہ۔ دار السلطنت (نئی دہلی) کو وسعت دینے کی جو اسکیم ہے اس کے بارے میں مزید تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ ڈیڑھ کروڑ روپیہ کا صرفہ ہوگا اس میں سے پچاس لاکھ روپیہ حال ہی میں کلرکوں کے کوارٹر اور افسروں کے بنگلوں کی تعمیر میں صرف ہوگا۔ بقیہ روپیہ کی منظوری جدید اصلاحات کے سلسلہ میں ہوئی ہے اس سے فیڈرل لیجسلیچر کے ممبروں کے کوارٹر بنیں گے اس کے علاوہ صفائی کی بہتری سرکاری دفاتر، ٹینس کا میدان اور ایک بڑے ہسپتال کی تعمیر بھی ہوگی۔

گاندھی جی کے صاحبزادے کو چھ ماہ قید کی سزا

بلا ٹکٹ سفر کرنے والوں کو سزا

کیوبا میں زبردست بغاوت

فوج کی گولیوں سے پندرہ اشخاص ہلاک

سرحد عراق خطرہ میں

حکومت عراق کا جمعیۃ اقوام سے احتجاج

تمام رات لڑائی

کیوبا میں زبردست بغاوت

جنرل میکاڈو کے محل پر بم گرانے کی دھمکی

جرمنی میں اشتراکیوں پر تباہی

سینکڑوں اشتراکی گرفتار کرلئے گئے

جاپان میں افغانی سفیر کا تقرر

کابل سے ایک اطلاع موصول ہوئی ہے کہ سردار حبیب اللہ خان طرزی وزیر خارجہ کابل کو حکومت افغانستان نے جاپان میں سفیر مقرر کیا ہے وہ عنقریب اپنے عہدہ کا چارج لینے کی غرض سے ٹوکیو کو روانہ ہوجائیں گے۔ (اصلاح کابل)

امریکہ میں سنیما کی لعنت

یورپین افسروں کو قتل کرنے کی سازش

شیشی میں زہریلی گیس

فرانس کی احتیاطی تدابیر

پیرس کو مسلح کرنے کی تجویز

معلمین حجاج کے مسودہ قانون کے خلاف

ہندوستان کے مسلمان متفقہ احتجاج کریں

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا اعلان

نقیر احمد سعید کان اللہ لہ
ناظم جمعیۃ علماء ہند دہلی

جعلی سکہ بنانے والوں کی منظم سازش

چار ہزار جعلی سکے ضبط کرلئے گئے

آزاد قبائل پر بمباری کے خلاف

مسلمانان دہلی کا احتجاج

مسلمانان دہلی کا ایک عام جلسہ زیر سرپرستی جمعیۃ علماء ہند ۱۶ اگست چہارشنبہ کے روز شام کو آٹھ بجے آزاد قبائل پر بمباری کے خلاف احتجاج کرنے کی غرض سے کمپنی باغ (آزاد پارک) میں منعقد ہوگا۔ عوام کی اطلاع کے لئے پوسٹر شائع کیا جارہا ہے۔ امید ہے کہ اس جلسے میں مسلمان کثرت سے شریک ہوں گے۔

نقیر احمد سعید کان اللہ لہ

حکیم جمیل صاحب کو دوسرا صدمہ

ہمشیرہ صاحبہ کا انتقال پرملال

شاہ مسعود احمد صاحب رکن اسمبلی

جمعیۃ علماء ہند کے دفتر میں

گاندھی جی کی رہائی کا مطالبہ

اسمبلی کے اجلاس میں لیلا دھر کا نوٹس

مراکش میں فرانسیسی افواج اور مسلم قبائل میں معرکہ آرائی

ایک پیشوائے دین میدان میں لڑتے لڑتے شہید ہوگئے

مراکشی مسلمانوں کی زمین پر فرانسیسی افواج کا قبضہ

فرانسیسی لفٹننٹ کی ہلاکت

صوبہ بہار کا مسلمان وقف بل

وقف کمیٹی امارت شرعیہ کی رپورٹ

بغیر ضروری ترمیمات کے مسودہ قانون ناقابل قبول ہے

"زکوٰۃ کے چندے کی روٹیاں"

ایڈیٹر الامان کو دنداں شکن جواب

یوم وقف

ارکان وقف کمیٹی

نجی افواج کو ممنوع قرار دینے کا ارادہ

مسٹر ڈی ویلرا کا پیغام

جاپان اور ہندوستان کی گفت و شنید

یو۔ پی میں سول نافرمانی کی رفتار

معاملات اجین

پانچ سو روپیہ لیکر غائب ہوجانے کی مزید تصدیق

مجلس احرار کا جلسۂ عام

۲۳ اگست ۳۳ء کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں زیر اہتمام مجلس احرار اسلام سہارنپور زیر صدارت خان محمد محمود علی خاں صاحب منعقد ہوا۔ مولانا مشتاق احمد صاحب جنرل سکرٹری نے راولپنڈی کے حادثہ پر ایک معرکۃ الآرا تقریر فرماتے ہوئے حسب ذیل تجویز پیش کی۔

"مسلمانان سہارنپور کا یہ عام جلسہ اُن لوگوں پر جنہوں نے راولپنڈی کے اراکین مجلس احرار اسلام پر ناجائز حملہ کرکے اُن کو زخمی کیا اظہار نفرت کرتا ہے اور مجروحین سے اظہار ہمدردی کرتا ہے۔ اور حکومت پنجاب سے مطالبہ کرتا ہے کہ مجرموں کا پتہ لگا کر ان کو فوراً واقعی سزا دے۔"

اس تجویز کو جوش و خروش کے ساتھ منظور کیا گیا۔

مولانا محمود الحسن صاحب نے حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی صدر مجلس احرار اسلام ہند کا بیان پڑھکر سنایا اور دعا کے بعد جلسہ بخیر و خوبی اختتام پذیر ہوا۔

دارالعلوم ندوۃ العلماء میں تعمیر مسجد

مسلم خواتین کا فیاضانہ اقدام

دارالعلوم ندوہ میں سرمایہ کی کمی کے سبب سے مسجد کی تعمیر کا کام مدتوں سے پڑا تھا۔ خدا کا شکر ہے کہ اس نے محض ارکان ندوہ کو ہمت عطا کی، اور انہوں نے پوری محنت اور جانفشانی سے اس کام کو شروع کر دیا۔ مخصوص عطیوں کے حصول کے علاوہ اس کی تکمیل کے لئے دو تجویزوں پر عمل کیا گیا ہے۔

اس بل میں جو سب سے اہم تبدیلی ہم لوگوں نے کی ہیں، وہ صرف تین ہیں:-

اوّل یہ کہ وقف بورڈ کو منتخب شدہ مسلم ممبران کونسل منتخب کریں اور حکومت کی نامزدگی نہ ہو۔ یہ وہ طریقہ ہے جو سب سے کم تر ہے اور امید قوی ہے کہ بہار کونسل اور حکومت بہار کو اس کے قبول کرنے میں کوئی تامل نہ ہوگا۔ اوّلاً اس لئے کہ بورڈ کے انتخاب اور بورڈوں کے انتظام میں حکومت کا ایک پیسہ خرچ نہ ہوگا۔ ثانیاً یہ کہ مسلمانوں کے خالص مذہبی انتظام کے لئے اس قسم کے بورڈ کے انتخاب کو اسی طریق سے اسمبلی اور حکومت ہند عملاً تسلیم کر چکی ہیں چنانچہ پورٹ حج کمیٹیوں کے منتخب ممبروں کے انتخاب کا حق اسمبلی اور حکومت ہند نے صرف ان مسلمان ممبروں کو دیا ہے جو اسی علاقہ کی طرف سے اسمبلی کونسل ڈسٹرکٹ بورڈ، کارپوریشن میں منتخب شدہ ممبر ہوں، بلاشبہ پورٹ حج کمیٹیوں میں چند سرکاری ممبر بھی نامزدگی سے رکھے گئے ہیں اور وہ محض اس وجہ سے کہ جہاز راں کمپنیوں اور پورٹ انجینئروں کی نمائندگی ہو سکے کیونکہ پورٹ حج کمیٹی کے معاملات کو اُن سے نہایت گہرا تعلق ہے، لیکن اسلامی اوقاف کی نگرانی میں مسلمانوں کے سوا کسی دوسرے کو عموماً تعلق نہیں ہے اس لئے وقف بورڈ میں نامزدگی کی قطعاً ضرورت نہیں ہے۔

دوئم یہ کہ "وقف بورڈ" کو ان تمام اوقاف پر نگرانی کا حق دیا گیا ہے جو اسلامی قانون کے ماتحت اوقاف ہیں یا ہو سکتے ہیں۔ اوّلاً اس لئے کہ پرائیوٹ وقف کو وقف بورڈ کی نگرانی سے خارج کر دینا ان اشخاص پر ظلم ہوگا جن کے لئے وقف ہے کیونکہ پرائیوٹ اوقاف کے متولی بھی خائن ہو سکتے ہیں۔ ثانیاً اس لئے کہ ہر پرائیوٹ وقف کا کسی وقت پبلک وقف ہونا بہت ممکن ہے اس لئے تمام پبلک پر اس کی حفاظت لازم ہے۔ ثالثاً یہ کہ اسلامی قانون سے ہر قسم کے اوقاف کی حفاظت یکساں واجب ہے۔ رابعاً یہ کہ کوئی پرائیوٹ وقف ایسا نہیں ہوتا جس میں عموماً کچھ نہ کچھ حصہ پبلک وقف کا نہ ہو، ایسی صورت میں پرائیوٹ وقف کو بورڈ کے احاطہ اقتدار سے خارج کرنے کے کوئی معنی نہیں ہیں۔

ایسی حال کا واقعہ ہے کہ ایک عورت مسماۃ الٰہ جلائی کو ان لوگوں نے زبردستی آریہ بننے کے لئے مجبور کیا۔ غریب الٰہ جلائی کی روداد ستم حد درجہ افسوسناک ہے وہ ایک مارواڑی کے مکان میں قید کی جاتی ہے اور اس طرح قید کی جاتی ہے کہ اپنی روداد قفس جو نہ صرف خلاف قانون ہے بلکہ حد درجہ خطرناک بھی ہے کسی کو سنا سکی ہیں زندان بلا کے اندر وہ بدنصیب عورت اپنے محبوب دین حق کی گود میں وہ پلی مرتد ہو کر زبردستی آریہ دھرم قبول کرنے کے لئے مجبور کی جاتی ہے۔ فرد اقرار نامہ پر زبردستی اس کا نشان انگوٹھا لیا جاتا ہے اور خفیہ طور سے کسی ناروا اغراض کے لئے سرنگیر انا لفافہ روانہ کر دی جاتی ہے وہاں کچھ دنوں تک محبوس و مقید رہ کر پھر بیگو سرائے اسی مارواڑی کے مکان میں کسی نامعلوم غرض کیلئے مقفل کر دی جاتی ہے۔ ابھی یہ مشورے ہو ہی رہے تھے کہ الٰہ جلائی کو جالندھر روانہ کر دیا جائے اور وہاں کے آریہ سماجی قید خانہ میں ہمیشہ ہمیشہ کیلئے محبوس کر دیا جائے۔ کہ یکایک خداوند قدوس نے جو ہر گرتوں کو سنبھالنے والا ہے ہمارے محترم دوست مولوی سید منظور احسن صاحب کو اس مظلوم قیدی کی رستگاری کیلئے میدان میں لاکر کھڑا کر دیا۔ وکیل صاحب موصوف جن کے سینے کے اندر قومی درد اور مذہبی جوش کا دریا موجزن رہا کرتا ہے اور ہمیشہ ایسے ایسے مواقعات پر دلیری کے ساتھ غریبوں اور بیکسوں کی دستگیری کے لئے خواہ وہ کسی مذہب و ملت کا ہو اپنے کو سرگرم عمل کر دیتے ہیں اس دردناک واقعہ کی اطلاع پاتے ہی فوراً پولیس کی اعانت سے الٰہ جلائی کو زندان ستم سے رستگاری دلاتے ہیں بلاشبہ یہ وکیل صاحب کی کمال ہوشمندی اور قومی محبت کا نتیجہ تھا کہ تمام واقعات نہایت خوبصورتی سے انجام پا گئے بوجہ اس کے کہ وکیل صاحب موصوف میں ایک فطری طاقت ہے جس کی وجہ سے اُن کو مسلمانان بیگوسرائے پر ایک خاص دوستانہ اقتدار حاصل ہے اور کسی طرح کا نقص امن جو ایسے مواقعات پر عام طور سے ظہور پذیر ہو جاتے ہیں پیدا نہ ہو سکا۔ میں وکیل صاحب موصوف کی خدمت میں مسلمانان بیگوسرائے کی طرف سے اُن کی اس قومی اور مذہبی خدمت کی انجام دہی کے لئے ہدیہ مبارکباد پیش کرتا ہوں اور خداوند عالم سے دعا کرتا ہوں کہ خدا ہمیشہ اُن کو مذہب و ملت کی خدمت اور مظلوموں و بے نواؤں کی دستگیری کے لئے قائم رکھے اور آخرت میں جزائے خیر دے۔ آمین۔

سید حسن وکیل بیگو سرائے۔

اوجین میں جشن میلاد النبیؐ

مورخہ ۱۲ ربیع الاول مطابق ۶ جولائی حسب اعلان بروز جمعرات جامع مسجد میں جشن ولادت منایا گیا بعد نماز فجر تلاوت قرآن شریف شروع ہوئی ۸ بجے سے ۹ بجے تک نعت خوانی ہوتی رہی ۹ بجے سے ۱۰ بجے تک مقامی علماء اوجین نے تقریر فرمائی۔ حکیم محمد عبدالغنی صاحب ٹونکی مقیمی اوجین نے سیرۃ رسول پر روشنی ڈالکر مسلمانان اوجین کو خاص طور پر متفق رہنے کی تلقین فرمائی سب سے زیادہ آپ نے اتفاق ہی کو مد نظر رکھ کر بتلایا کہ موجودہ حالت کو دیکھئے اور زمانہ رسالت کو دیکھئے کیا وجہ تھی کہ مسلمانان ایک فاتح قوم دنیا میں شمار تھی مگر افسوس کہ آپس کی ہی خانہ جنگیوں نے اسلام کو کمزور بنا رکھا ہے ہم کو سیرۃ رسول سے ہر ایک معاملہ میں سبق لینے کی ضرورت ہے۔ مولوی محمد زکریا صاحب ماٹڈوی نے نعت شریف اسی مضمون پر روشنی مولانا مولوی محمد عبدالکریم صاحب جیوڑی حال مدرس مدرسہ اسلامیہ قصبہ بھرونگڈھ ضلع اوجین نے مختصر روشنی ڈال کر صلوٰۃ و سلام پر مجلس صد مبارک کو ختم کیا۔

۹ جولائی بروز اتوار ایک جلسہ عظیم الشان جامع مسجد اوجین میں بیاد گار ولادت رسول مقبول صلعم دوبارہ منایا گیا اس جلسہ کے لئے مسلمانان اوجین کو اور خصوصاً غیر مسلم حضرات کو شرکت کے لئے دعوت دی گئی۔ مسلمانان اوجین کے تمام طبقوں نے نہایت ذوق و شوق کے ساتھ شرکت کی برادران ہنود میں سے اکثر معزز افراد و عمال حکومت نے شرکت فرماکر اپنی وسیع الخیالی کا ثبوت دیا جس میں قابل ذکر حضرات یہ ہیں۔ ڈاکٹر کیلوکر صاحب سول سرجن مالوہ۔ گور ٹو صاحب ڈسٹرکٹ انجینئر ریلی ڈنلیے بھی ضلع اوجین بالو ستی ٹیچر صاحب وغیرہ وغیرہ

جلسہ کا افتتاح ۸ بجے صبح سے ہوا اور مسلسل ۱۱ بجے تک رہا جلسہ کی ابتداء تلاوت کلام پاک سے ہوئی حافظ محمد یسین صاحب لشکری نے ایک رکوع تلاوت فرمایا۔ اس کے بعد مولوی محمد نعیم الدین صاحب نے تقریر شروع کی۔ فاضل مقرر نے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی پاک زندگی کو نہایت فاضلانہ طریقے سے واضح کیا مولانا موصوف کی فاضلانہ تقریر مسلسل دو گھنٹہ تک ہوتی رہی

اسی سلسلہ میں شب کو جامع مسجد میں دوبارہ جلسہ ہوا اور دوسرے دن علی الصبح قصبہ بھرونگڈھ اوجین میں تیسرا جلسہ منعقد ہوا۔ چوتھا جلسہ شب کو مادھو گنج روڈ نواڑہ پر ہوا جس میں معراج شریف کے متعلق نہایت زبردست مدلل عقلی و کتابی دلائل سے بیان فرمایا۔

غرض یہ چاروں جلسے نہایت زبردست ہوئے اور بے حد کامیاب رہے شائقین کا مجموعہ ہزار ہا افراد سے متجاوز ہو رہا تھا۔ (نامہ نگار)

انجمن اسلامیہ سنتاہار کی مختصر رپورٹ

آج مورخہ پہلی اگست کو بعد انجمن اسلامیہ سنتاہار کی جنرل میٹنگ منعقد ہوئی جس میں تقریباً ۰۰ ممبر حاضر تھے۔ پہلے جو چندہ کے مقام سنتاہار و اطراف و جوانب سے ہمارے محترم مسٹر ڈی جی مودی صاحب بہادر و سکرٹری منشی میر محمد صاحب برادر اکاؤنٹنٹ ماسٹر عبدالرزاق صاحب ناظم و معزز اکمی بابو عبدالاحد صاحب و عبداللطیف صاحب سوداگر و شبہ بیت جمیع ممبران کے ایک روز برائے امداد مظلومین میلی ڈانگہ کے مسلمانوں کے لئے وصول کیا تھا جس کی کل رقم مبلغ ایک سو ساٹھ روپیہ تھی اس زر نقد کو جناب پریسیڈنٹ صاحب بہادر نے چار جگہ تقسیم کیا مبلغ ایک سو روپیہ مظلومین مسلمانان میلی ڈانگہ بنام جناب اکرام الحق صاحب خان بہادر کے نام سے ارسال کیا۔ اور مبلغ ۔۔ روپیہ جامع مسجد میں جو واقع بابو پارا مقام سنتاہار ہے اس کی طرف روانہ کیا اور مبلغ ۔۔ روپیہ مسلم سنتاہار اسکول کو مرحمت فرمایا۔ اور مبلغ ۔۔ منشی عبدالرحمن ...

وتیم ہوں وہ شوق سے اگر تعلیم حاصل کر سکتے ہیں پہلے بذریعہ خط وکتابت حالات سے ... کر دینا ہوگا اور اس پتہ پر خط وکتابت ارسال کر سکتے ہیں۔ مسٹر ڈی۔ بی مودی صاحب بہادر پریسیڈنٹ انجمن اسلامیہ سنتاہار ضلع بوگرہ۔ اس وقت انجمن ہذا کی ماہوار آمدنی مبلغ ... روپیہ کی ہے یہ رقم ماہانہ وصول کی جاتی ہے۔

سنگرور میں علم و عرفان کی بارش

حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند کا ورود مسعود

سنگرور ریاست جیند میں اس سال پہلا موقعہ ہے کہ بتقریب عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم علم و عرفان کی بارش اس درجہ نزہت آفریں ہوئی۔ رئیس المتکلمین زعیم الملت حضرت مولانا الحاج الحافظ احمد سعید صاحب مدظلہ العالی ناظم جمعیۃ العلماء ہند ۱۰ ربیع الاول کو ورود فرمائے سنگرور ہوئے شہر بھر کے مسلمان جوق در جوق اسٹیشن کی طرف دوڑے چلے جا رہے تھے جو لوگ گاڑی آنے سے قبل نہ پہنچ سکے وہ راستے میں شامل جلوس ہوگئے۔ باوجودیکہ جلوس کا کوئی اہتمام نہ کیا گیا تھا پھر بھی مشتاقین زیارت کے ہجوم نے ایک ضابطہ مگر شاندار جلوس کی شکل پکڑ لی۔ رات کو مولانا نے محمد دوج نے ایک بصیرت افروز اور حیات بخش وعظ فرمایا جس سے سامعین کے قلوب پر عمل تسخیر کا سا اثر ہوا یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کے ہر پہلو کو اس عمدگی اور جامعیت کے ساتھ بیان فرمایا کہ سننے والے حد درجہ محظوظ ہوئے از بسکہ تقریر کا وہ حصہ جو صرف مسلمانوں اور دین فطرت سے متعلق تھا باقی رہ گیا تھا اور تین گھنٹہ کی مسلسل تقریر کے باوجود تشنگان ذکر حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی پیاس نہ بجھی تھی اس لئے اگلے روز بعد از نماز جمعہ مسجد جامع میں آپ نے اپنے وعظ کا باقی حصہ بیان فرمایا اور اس کے بعد رات کو ایک اور موثر تقریر مختصر اصلاح معاد کے موضوع پر فرمانے کے بعد مراجعت فرمائے دہلی ہوگئے۔ جزاہم اللہ عنا و عن سائر المسلمین

عبداللطیف

دہرہ دون میں جلسہ میلاد النبی

مسلمانان دہرہ دون کی خواہش اور متواتر مراسلات روانہ کرنے پر آج یوم جمعہ صبح ۱۰ بجے ابو الفاخر میرٹھی منصب دار وعظ خاص سلطنت آصفیہ حیدرآباد دکن تشریف لائے نماز جمعہ کے بعد آپ نے ... بازار میں ایک مختصر لیکن بہت جامع تقریر فرمائی قرآن کریم کی ایک سورۃ کی تفسیر فرماتے ہوئے معارف و حقائق کا اظہار فرمایا اسی روز بعد نماز عشاء اسی مسجد جامع میں ایک عالمانہ، سوز و درد سے لبریز وعظ فرمایا پھر ۵ اگست ۳۳ء کو شب کے دو بجے تک جناب مرزا جن بیگ صاحب کے مکان پر جو انہوں نے نیا تعمیر کرایا ہے نہایت موثر انداز میں وعظ فرمایا ۶ اگست ۳۳ء کو آپ مراجعت فرمائے وطن ہوئے آپکی ان تقاریر سے یہاں کے لاکھوں کے سینے نور ایمان والقان سے روشن اور منور ہوگئے۔

مہربان علی شفیق دہرہ دون

یورپ کے متعلق ہر قسم کی معلومات پوچھیں

پروفیسر حقی نے اہل ہند کو یورپ کے تجارتی، تمدنی، علمی، مذہبی، اخلاقی حالات اور دیگر امور سے واقف کرانے کے لئے ایک دفتر قائم کیا ہے، ضرورتمند اصحاب یورپ جانے سے پہلے، اخراجات، قیام، کرایہ مکان وغیرہ کی تفصیلات دریافت فرما سکتے ہیں۔ تاجروں اور طالب علموں کو بھی ایسی ہی معلومات بہم پہنچائی جاتی ہیں، تمام سوالات کا جواب مفت بھیجا جائے گا۔ خط وکتابت کا پتہ:-

Prof. K. I. S. Haqqi
15, Rue Bonalf
Paris X

مدرسہ نسواں کیلئے معلمات کی ضرورت

ایک مڈل پاس دوسرے درجہ چار پاس ہو مدرسہ نسواں سوال ضلع ... کے لئے ضرورت ہے درخواست کے ساتھ سارٹیفکٹ ضرور آنا چاہیے خط وکتابت کا پتہ یہ ہے:-

(مولانا) بشیر احمد مدرس مدرسہ دارالعلوم میرٹھ

مدرسہ حیات الاسلام اسمٰعیل نگر کا امتحان

مورخہ ۲۹ جولائی ۱۹۳۳ء مطابق ۵ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ جامع المعقول والمنقول جناب قاضی صاحب سلطان محمود برائے امتحان مدرسہ ہذا صبح ۸ بجے کو جلوہ افروز ہوئے تمام اراکین جمعیت خدام الشریعت بوقت امتحان تشریف آور ہوئے۔

امتحان ۸ بجے سے شروع ہو کر ۱۲ بجے سرانجام ہوا مہتمم صاحب کے انتہائی کوشش کی بدولت تمام طلباء کامیاب رہے۔ بلکہ اکثر طلباء کو انعامات ملے جناب قاضی صاحب مذکور۔ اور جناب مولانا صاحب عزیز اللہ ...

یو۔پی میں مسلم لڑکیوں کیلئے جبریہ تعلیم

مسلمانوں میں شدید اضطراب و ہیجان

دارالعلوم دیوبند میں احتجاجی جلسہ

روزانہ اخبار تیج دہلی مورخہ ۲۰ جولائی ۳۳ء کی اس شائع شدہ اطلاع پر کہ ممالک متحدہ کی کونسل کے اجلاس منعقدہ ۲۰ فروری ۳۳ء میں صوبہ متحدہ کیلئے مسز کیلاس سرکواستو نے لڑکیوں کی جبریہ تعلیم کے متعلق تجویز پیش کی اور حکومت کی طرف سے ان کو ... فقت میں ایک کیونک شائع کیا گیا جس میں ممالک ...

بیگوسرائے میں فتنہ ارتداد

ایک بیکس مسلم خاتون کی دردناک داستان

(مجموعہ عبد اللہ)

بتاریخ ۱۷ اگست ۳۳ء بسلسلہ لازمی تعلیم زنانہ جامع مسجد کھجوراؤں میں ...

اختر شاہ مدرس مدرسہ امداد الاسلام میرٹھ

یو۔ پی کے پانچ مقام

۱۸ اگست ۳۳ء یوم جمعہ بعد نماز مغرب بصدارت منشی برکت اللہ خاں صاحب ایک جلسہ بمقام قصبہ دریاپور منعقد ہوا۔ یوسٹر انجمن ہذا پہلے پڑھکر سنایا گیا اس کے بعد چند تقریریں ہوئیں اور بتلایا گیا کہ فی نفسہ ہمکو جبریہ تعلیم سے اختلاف نہیں ہے مگر حکومت اور میونسپلٹی کے عمال نے جو روش مسلمانوں کے ساتھ اختیار کر رکھا ہے اس سے مسلمان سخت بیزار ہیں اس جبریہ تعلیم سے قرآن مجید جیسی ضروری اور اہم تعلیم سے مسلمان بچوں کو روکا جا رہا ہے ...

ہم باواز بلند کہتے ہیں کہ آج جو صاحب ہماری بہرا پن کی دوا (روغن کرامات) کی برابر کوئی دیگر ایسی مجرب اور شہرہ دوا بتلا دیں کہ جس نے ہماری دوا کے برابر شہرت اور سارٹیفکٹ حاصل کئے ہوں اور ہماری دوا کے برابر کان کی تمام بیماریوں اور نیٹ بہرا پن پر ایسی مفید ثابت ہوئی ہو تو ہم مبلغ پچاس روپے نقد انعام دیں گے جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ یہاں بھی جب چاہیں تشریف لاکر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والے ٹھگ اور مکاروں سے بچنا آپ کا فرض ہے آرڈر کے وقت اپنا پورا پتہ معہ نام صاف لکھیے۔

نیٹ بہرا پن کا مختصر طریق علاج

کان بہنے، زخم، کم سننے، کان بند یا بھاری رہنے، بھنبھنی، ناسور، کیڑے پڑجانے، درد طرح بطرح کی آوازیں ہونے پردوں کی کمزوری اور کان کی تمام بیماریوں کی ایک مجرب و اکسیر بےخطا دوا۔

بابو اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ) تین شیشی ایک ساتھ طلب کرنے پر محصولڈاک و پیکنگ معاف

ہماوری سرمہ: ضعف بینائی۔ سرخی دیرینہ ککرے۔ نزول اور ڈھلکہ کی خاص دوا ہے۔ ہر عمر اور ہر موسم میں قابل استعمال ہے فی شیشی چار آنے (۴ر)

کان کی دوا بابو اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔پی)

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

تعطیل کلاں کے بعد ۲۸ ستمبر ۳۳ء کو کھلے گا۔ داخلہ ۲۸ ستمبر ۳۳ء سے یکم اکتوبر ۳۳ء تک ہوگا۔ سال اول میں داخلہ کی درخواستیں پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کے نام ۱۵ ستمبر ۳۳ء تک پہنچنا چاہیئے اس کے بعد کوئی درخواست نہ لی جائے گی۔ داخلہ کے متعلق قواعد و ضوابط کی کتاب پرنسپل طبیہ کالج سے مفت مل سکتی ہے۔

پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

عراق ریلوے

نجف۔ کربلا معلی۔ کاظمین اور سامرہ کے مقدس شہروں کی زیارت کیلئے عراق ریلوے کے ذریعہ آرام تیز رفتاری اور بہت ہی سستا کرایہ سے سفر کریں

مختلف درجوں کی زیادتی کوپن کی کتابیں جو ۵۰ دن تک کارآمد ہونگے نیچے درج ہیں اور ۵۰ کیلو سامان ہر کتاب کے عوض میں اپنے ہمراہ مزید کرایہ کے بغیر لیجا سکتے ہیں

	درجہ دوئم	درجہ سوئم
کوپن بک (الف) برائے سفر بصرہ سے کربلا کاظمین سامرہ اور واپسی بصرہ	۲۰-۰-۰	۱۴-۰-۰
کوپن بک (ب) برائے سفر بصرہ سے کربلا کاظمین اور واپسی بصرہ	۱۴-۰-۰	۱۲-۸-۰

تین سال سے کمتر کے بچہ کا کرایہ معاف اور بارہ برس سے کم عمر کے بچوں کا نصف کرایہ لیا جاتا ہے

بمبئی اور کراچی سے ہر ہفتہ جہازات بصرہ کے بندرگاہ معلل کیا جاتے ہیں۔ جہاں ریلوے کے افسران زائرین کا کے آرام اور زیارت گاہوں کو جانیوالی گاڑیوں میں جگہ کا انتظام کرنے کے لئے استقبال کرتے ہیں

زائرین جو مکہ معظمہ کی زیارت کرنا چاہتے ہوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ عراق کے راستہ سے سفر کریں اور اس طرح سے ایک ہی وقت میں اس ملک کی زیارتگاہوں کی بھی زیارت کے مواقع مل جائیں

لہٰذا دمشق کو بذریعہ موٹر ۴۸ گھنٹہ میں سفر کیا جاسکتا ہے دمشق سے جدہ۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کا کرایہ حسب ذیل ہے

درجہ دوئم ۱۹۰-۰-۰ روپیہ، درجہ سوئم بلا خوراک ۹۵-۰-۰

ہندوستان میں عراق ریلوے کے ٹکٹ اور کوپن کی کتابیں بمبئی اور کراچی میں مختلف ایجنٹوں سے خریدے جاسکتے ہیں

(۱) مولوی محمد باقر صاحب مسافر خانہ حاجی دیو جی جمال جیل روڈ عمرکھاڑی بمبئی
(۲) امام نذیری حاجی جائنٹ سیکرٹری فیض پنچتنی پائی گلی بمبئی
(۳) مسٹر آئی۔ امی۔ لوٹیا۔ مانڈوی کولی واڑا بمبئی نمبر ۳
(۴) جیب حاجی رحمت اللہ صاحب کھارادر کراچی
(۵) ...

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے
لیکن کدھر؟
ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے؟

وہاں سے ایک کارڈ پر لکھ کر فرمائیں اور صحت وتندرستی کی گائیڈ ۔۔۔ کی ٹیچر قواعد قدرت کی بحفاظت نہایت عمدہ مضامین سے مزین ۔۔ صفحات کی کتاب "کام شاستر" مفت طلب فرما کر ملاحظہ کریں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

مصیبت کے وقت

جبکہ وبائیں پھیلی ہوں جبکہ کسی بیماری کا اچانک حملہ ہوا اور جب کوئی حادثہ پیش آئے۔ اُس وقت

امرت دھارا

ایک صادق دوست اور مکمل معالج کی طرح آپ کی مدد کرے گی!

سدا پاس رکھو

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنہ (عہ) نصف ایک روپیہ چار آنہ (عہ) نمونہ آٹھ آنے (۸ر) ملنے کا پتہ۔ منیجر امرت دھارا آفس ۔ لاہور

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

بچوں کی ہر بیماری کی شرطیہ دوا
حکیم تسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ ہند سے رجسٹرڈ

بال جیون گھٹی

قیمت ... رجسٹرڈ

بچوں کی بخار، کھانسی، اسہال، بادی، دودھ ڈالنا، پیٹ پھولنا، پسلی چلنا، دست ہونا، دست میں کیڑے نکلنا، مرگی، ہچکی، قبض، مروڑ وغیرہ ہر ایک بیماری کو دور کرنے اور لاغر و کمزور بچوں کو موٹا تازہ تندرست و طاقتور بنانے کیلئے مشہور معروف شرطیہ گھٹی دوا ہے۔ میٹھا ہونے سے بچے اسکو خوش ہو کر پی لیتے ہیں۔ سب جگہ عطاروں، پنساریوں، دیسی انگریزی دوا فروشوں، جنرل مرچنٹوں کمیشن ایجنٹوں کے یہاں فروخت ہوتی ہے۔ لیکن نقلی سے بچکر حکیم تسی پرشاد کی اصلی بال جیون گھٹی دیکھکر لو۔ قیمت فی شیشی ۵ ر فی درجن ۱۲ ر سوداگروں کو نہایت ہی معقول کمیشن، ایک ... سوداگر و ایجنٹ نمونہ مفت طلب کریں۔

ہر بیماری کا مجرب علاج بتانے والا رسالہ چراغ صحت مفت منگا کر پڑھو

المشتہر۔ منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر یو۔پی

نمک جالینوس رجسٹرڈ

معدے اور آنتوں کو قوت دیتا اور اُن کو ردی مواد سے پاک و صاف رکھتا ہے۔ بدہضمی اور دائمی قبض کو دفع کر کے غذا کو صحیح طور پر ہضم کر کے صالح ... بخشتا ہے۔ خون صالح پیدا کر کے چہرہ کو خوش رنگ بنا دیتا ہے۔ قیمت فی شیشی صرف آٹھ آنے

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

ایم۔ اے رفیع تاجر عطر قطب روڈ دہلی سے خالص اور اعلیٰ قسم کی بسی ہوئی تلی کے تیار کردہ خوشبودار تیل اور پائدار خوشبو کے عطریات خرید فرمائیں۔

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

يد الله على الجماعة

سہ روزہ

الجمعیۃ
دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۶ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۸ | دہلی یوم یکشنبہ ۲۷ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۰ اگست ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۲

معاصرین کے افکار و آراء

مسلم کانفرنس کا التواء

(مرتزو)

لندن کی مرکزی ہند سوسائٹی

نزاع بے سبب

سرحدی پالیسی

سرحد پر بمباری

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معدن)

مکالمات و مخاطبات کے بعد ازلی کی حالت

قرطبہ میں زیاد بن عمرو کی مجلس

سفید بال جڑ سے کالا

ایک آنہ لیکا تین روپے نصف تک ... زیادہ ... کے تیل میں پچاس برس سے نیچے کا ایک بال کالا نہ ہو ساٹھ برس کی عمر تک کالا نہ رہے تو دونا دام واپس۔
پتہ :- بال کالا اسٹورس پوسٹ گنسی ...

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کا
خطبہ صدارت

حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے آپ نے جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس منعقدہ پشاور میں جو منظم خطبہ بحیثیت صدر اجلاس پڑھا تھا اسکے متعلق صرف اس قدر کہہ دینا کافی ہے کہ آج تک اس قدر معلومات سیاسیہ و مذہبیہ پر کوئی خطبہ جمعیۃ علماء ہند کے پلیٹ فارم پر نہیں پڑھا گیا مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ بے حد ضروری ہے یہ خطبہ صدارت مباحث ذیل پر مشتمل ہے۔

اس خطبہ کی بہت کم جلدیں رہ گئی ہیں اگر فرمائش بھیجنے میں تاخیر کی تو پھر اس نایاب خطبہ کا حاصل کرنا بہت مشکل ہو جائے گا۔
لکھائی چھپائی اور کاغذ نہایت عمدہ ... ظاہری اور باطنی محاسن کا مجموعہ
قیمت صرف ۱۲ محصول ڈاک خریدار کے ذمہ ہوگا۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار لیلیاران دہلی

فتنہ مرزائیت کا صحیح علاج

اگر آپ کو اسلام اور داعی اسلام سے سچی محبت ہے اور اگر آپ چاہتے ہیں کہ دشمنان اسلام کے حملوں اور ان کی بیخ کنی سے اسلام کو بچائیں تو مکتبہ علمیہ سے مندرجہ ذیل کتابیں منگا کر پڑھیے جن میں مرزائیوں کی حقیقت کا انکشاف انکی غلط بیانی کی تردید کے ساتھ ان کے خیالات باطلہ کی پول کھول کر دکھائی گئی ہے اور نبی امی صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کو قرآن و حدیث کی روشنی میں پیش کیا گیا ہے۔

آئینہ کمالات مرزا ... قیمت ۳ر
دین مرزا اکفر خالص ... قیمت صرف ۱ر
نامہ حقانی در کذب مسیح قادیانی ... قیمت ۵ر
مسیح قادیان کی حالت کا بیان ... قیمت ۳ر
صحائف رحمانیہ ...
اطلاع رحمانی ... قیمت ۸ر

منیجر مکتبہ علمیہ بازار لیلیاران دہلی

حیات محمود

منیجر مکتبہ علمیہ بازار لیلیاران دہلی

غیر یوں کا خدا

منیجر اخبار الجمعیۃ لیلیاران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ لیلیاران دہلی

جنت اور دوزخ

منیجر مکتبہ علمیہ لیلیاران دہلی

حیدر آباد سے محبت ہے مسلمان کو

الاعظم ہفتہ وار

منیجر الاعظم ... حیدر آباد دکن

علیسائی مشن بائیبل کو مقبول بنانے کے لیے اس کے نئے نئے ایڈیشن دلفریب صورتوں میں شائع کر رہا ہے مسلمانوں کو تلاوت کا عادی بنانے کے لیے ہم

خوبصورت حمائل

کی اشاعت کی طرف متوجہ ہوئے ہیں جلد سنہری فیشن ایبل خوشنما پاکٹ سائز اغلاط سے محفوظ اعلیٰ خوشخط تحریر کے عکسی بلاک بنا کر طبع کی گئی ہے ہر صفحہ کا حاشیہ ایک نازک بیل سے مرصع ہے خصوصیت سے عصر جدید کے نفاست پسند طبقہ کیلئے تیار کی گئی ہے نئی روشنی کے فیشن ایبل نوجوانوں کو تلاوت کا عادی بنانے کے لئے خوبصورت حمائل ایک کامیاب ذریعہ ہے نوخیز لڑکے اور لڑکیاں اس کے ظاہری حسن و نزاکت سے متاثر ہو کر تلاوت کی طرف مائل ہو سکتی ہیں ... اور دورہ پر رہنے والے ملازمین کے پاس اس کا موجود رہنا بہت ضروری ہے پاکٹ سائز ہونے کے باوجود بھی پڑھنے میں بالکل بلا زحمت ہے مسلمان انگریزی خواں طلبا کی جیب میں انگلش پاکٹ ڈکشنری کے بجائے یہ حمائل تشریف ہونا چاہئے ایک نو لڑنگ بکس میں پیک کر کے نہایت احتیاط سے روانہ کی جاتی ہے ...

دفتر اشاعت القرآن بیت الشفا امروہہ یو۔پی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے (منیجر)

مصفی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہوگیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کر کے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلاخوف تردید دعویٰ کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آج تک ایشیا پیش کر سکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورہ سے جدید سائنٹفک طریق پر طیار کیا گیا ہے خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے۔ کھجلی۔ داد۔ پھنسیاں وغیرہ حتیٰ کہ سوزاک۔ آتشک اور جذام کا زہریلا مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے نابود ہو جاتا ہے اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۱۲ خوراک کی شیشی ۱۲ر علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال:- ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملا کر اور اگر مرض کا جوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۴۴ دہلی سے طلب کیجئے

رد مرزائیت کی معاون

منیجر مکتبہ علمیہ بازار لیلیاران دہلی

مراکو میں کوہ اطلس پر فرانسیسی افواج اور مسلم قبائل کا مقابلہ

مشین گنوں۔ توپوں اور رائفلوں سے زبردست آتشباری

پہاڑ کی ۱۲ سو فٹ گہرائی میں فرانسیسی تہذیب کا خونی مظاہرہ

(ترجمہ خصوصی)

مراکو میں فرانسیسی افواج سے مسلم قبائل کا جو تصادم ہوا ہے اس کی غیر مصدقہ اطلاعات اخبارات میں شائع ہوتی رہی ہیں ان اطلاعات سے مراکو کی اس جنگ کی حقیقی نوعیت کا پتہ نہیں لگایا جا سکتا اور نہ جنگ کے تاریخ وار اطلاعات سے کوئی روشنی پڑتی ہے۔ حال میں ایک انگریزی اخبار میں جنگ مراکو کے متعلق ایک عینی شاہد کا بیان شائع ہوا ہے جس سے مراکو میں فرانسیسی اقدام اور قبائل کی مدافعانہ سرگرمیوں کا حال معلوم ہوتا ہے۔ ذیل میں اس بیان کا ترجمہ قارئین کرام کی اطلاع کیلئے شائع کیا جاتا ہے۔

تین ہزار فٹ بلندی پر جنگ

[illegible]

گھاٹی پر پہونچ گئی۔ اس کے بعد ۱۲ سو فٹ کی گہرائی میں مشین گنوں نے زور شور سے فائر کئے جس کے بعد پہاڑی لوگ بہت کمزور اور مقابلہ کے ناقابل ہو گئے۔ یہاں سے قبائل بھاگ کر گھاٹی کے اس حصہ کی طرف چلے گئے جس پر فرانسیسی فوج کے ایک حصے نے پہلے ہی سے قبضہ کر رکھا تھا۔ اس مقام پر بھی قبائل سے زبردست جنگ ہوئی اور فرانسیسی فوج تمام دن آگے بڑھتی رہی۔ آخر کار فرانسیسی فوج پا پیادہ لڑتی ہوئی گھاٹی میں گھس گئی۔ کرنل ٹریکیوٹ کی فوج بلندی سے رائفل کے فائر کر رہی تھی اور اس کے ساتھ ہی قبائل پر توپوں سے گولہ باری شروع کر دی گئی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ زبردست بمباری کے بعد قبائل کو اپنا مستقر چھوڑ کر ...

مشین گنوں سے قبائل کا صفایا

[illegible]

آخری نتیجہ

[illegible]

... فہرست سے معلوم ہوا کہ فرانسیسی فوج کے بہت سے سپاہی کام آئے۔ (مراکو میں قبائل اور فرانسیسی فوج کی جنگ برابر جاری ہے جس کی ایک اطلاع گزشتہ الجمعیۃ میں بسلسلہ مخابرات دی جا چکی ہے)

توپوں کی گولہ باری اور مشین گنوں کے فائر

ایک مختصر لڑائی کے بعد قبائل نے فوراً شکست دے دیا اور فرانسیسی فوج ...

عربی جرائد کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

فلسطین میں نوجوان عیسائی عربوں کی نئی اسکیم

ارض مقدس سے یہودیوں کو نکالدیا جائے

مسلمان نازی حکومت کی پالیسی سے خوفزدہ ہیں

جرمنی حکومت کی نازی پالیسی (کہ تمام یہودیوں کو جرمنی سے نکالدیا جائے) کو بیت المقدس کے نوجوان عیسائی عرب بھی قبول کرتے جا رہے ہیں اور انہوں نے بھی اسی کیا نہ پر یہودیوں کو فلسطین سے نکالدینے کی تدابیر پر عمل شروع کر دیا ہے۔ یہ نوجوان فلسطین میں قیصیسٹ پارٹی قائم کرنا چاہتے ہیں۔ فلسطین کے عیسائی عربوں نے ہر ہٹلر کی پالیسی کو صرف اس حد تک تسلیم کیا ہے کہ یہودیوں کو بھی جرمنی کی طرح فلسطین سے نکالدیا جائے۔ حال میں اس جماعت کے ایک نوجوان لیڈر نے اعلان کیا ہے کہ "ہم کو ایسے فلسطین کی ضرورت ہے جو یہودیوں کے وجود سے پاک ہو" اس نے یہ بھی اعلان کیا ہم نازی حکومت کی مخالف یہودیت پالیسی کو تسلیم کرتے ہیں کیونکہ تمام خرابیوں کی جڑ یہی لوگ ہیں۔ فلسطین میں یہودیوں کے خلاف بہت زیادہ کام کی ضرورت ہے کیونکہ جرمنی سے زیادہ ان کا انتشار فلسطین میں ہے۔

فلسطین کا ایک عربی اخبار یہودیوں کے معاملہ میں نازی حکومت کی حکمت عملی کی پرزور تردید کرتا ہے کیونکہ جرمنی سے یہودیوں کے اخراج کے یہ معنے ہیں کہ ان کو جرمنی سے نکالکر فلسطین میں آباد کیا جائے اور وہ مجبور ہو کر ارض مقدس کا رخ کریں اور اس طرح قومی وطن کے خواب کی تعبیر ان کو حاصل ہو جائے۔ اس اخبار نے کھلے الفاظ میں اعلان کیا ہے کہ "یہودیوں کے خلاف ہٹلر کی سرگرمیاں ہم عربوں کیلئے قطعاً مفید نہیں ہیں" کیونکہ جرمنی سے یہودیوں کو نکالدینے کے معنے یہ ہیں کہ وہ آکر فلسطین میں آباد ہو جائیں۔

ترکی حکومت کو مطلوبہ قرضہ سے زائد وصول ہو گیا

ارغانہ اور اناطول میں ریل کی تعمیر

ترکوں کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ حکومت نے جو قرض طلب کیا تھا وہ مدت معینہ میں بچاس فیصدی اضافہ کے ساتھ وصول ہو گیا۔ یہ قرض اس لئے وصول کیا گیا ہے کہ اس کے ذریعہ جدید ریلوے تعمیر کی جائے تاکہ ارغانہ کی کانوں کے تانبے کے استخراج اور حمل و نقل میں سہولت ہو۔ حکومت ترکیہ اناطول کی کانوں سے بھی تانبہ کا استخراج کرنا چاہتی ہے۔ اور اس مقصد کیلئے اس نے جرمنی کے متعدد ماہرین بھی طلب کئے ہیں جو معادن اور ریلوے کی تعمیر میں حکومت کو مفید مشورے دینگے۔

مصری بنک کی طرف سے بحری جہازوں کی خریداری

حال ہی میں مصر کے ایک بنک نے دو بحری جہاز خریدے ہیں جن میں سے ایک جہاز موسم حج میں مصری حاجیوں کو جدہ پہونچائے گا اور دوسرا جہاز مصر اور یورپ کے درمیان بار برداری کا کام کرے گا۔ اسی طرح وزارت حربیہ نے دس ہوائی جہازوں کی خریداری کا آرڈر دیا ہے جو چار ماہ کے اندر تکمیل کے بعد مصر پہونچ جائیں گے۔

مصری حکومت کی نصاری پرستی

مجلس دفاع اسلامی کو جلسے کرنے کی ممانعت

مصر میں عیسائی مشنریوں نے جو دھم مچا رکھا ہے اور جن خفیہ طریقوں سے وہ مسلمان لڑکوں اور لڑکیوں کو مرتد کر رہے ہیں اس نے مصر کے تمام حلقوں میں ہلچل مچا دی ہے اور ہر جگہ مشنریوں کی ان فریب کاریوں کے خلاف مظاہرے شروع کر دئے گئے ہیں۔ عیسائیوں کی جارحانہ کارروائیوں کے خلاف مسلمانوں نے مجلس دفاع اسلامی بھی قائم کر دی ہے جو تمام عیسائیوں کے خفیہ طریقوں سے اہل مصر کو آگاہ کر رہی ہے لیکن مصری حکومت کی عیسائیت پروری کا یہ عالم ہے کہ وہ عیسائیوں کی خفیہ اور علانیہ کارروائیوں کو تو نہیں روکتی لیکن مجلس دفاع اسلامی کو مدافعت اسلام کے فریضہ سے باز رکھنے کے لئے آمادہ ہو گئی ہے۔

کفر الذیاب میں فرانسسکن مشن پر کسی نے حملہ کر دیا تھا اس کی بنا پر حکومت مصریہ نے مشنریوں کے خلاف مظاہروں کو روکنے کے لئے سخت تدابیر اختیار کرنی شروع کر دی ہیں۔ حکومت نے دفاع اسلامی مجلس کو عام جلسے منعقد کرنے کی ممانعت کر دی ہے کیونکہ اس کے بعض اراکین کی تقریروں سے یہ ثابت ہوتا تھا کہ مشنری ایک خطرناک جرائم رکھتے ہیں جن کو ممالک سے نکالدینا چاہئے۔

مکہ مکرمہ میں کارخانہ پارچہ بافی

غلاف کعبہ حجازی نوجوان تیار کریں گے

قارئین کرام کو یاد ہوگا کہ حکومت حجاز نے ۱۳۴۶ھ میں مکہ مکرمہ کے اندر پارچہ بافی اور نساجی کا ایک کارخانہ کھولا تھا جو حجاز میں اپنی قسم کا پہلا کارخانہ تھا۔ اس کارخانہ کو چلانے کے لئے حکومت کو باہر سے آدمی بلانے پڑے تھے کیونکہ حجاز میں اس فن کے ماہرین مفقود تھے مستقبل میں اس کمی کو پورا کرنے کے لئے حکومت نے اس کارخانہ میں حجازی نوجوانوں کو کام سکھلانے کے لئے داخل کر دیا تھا تاکہ وہ ملک کی اس صنعت کو خود ہی چلانے کے قابل ہو جائیں اور حکومت کو باہر سے آدمیوں کو بلانے کی ضرورت لاحق نہ ہو۔ اب معاصر ام القریٰ نے یہ خوشخبری سنائی ہے کہ حجازی نوجوانوں نے اس فن میں مہارت حاصل کر لی ہے چنانچہ سال رواں میں غلاف کعبہ کی تیاری اور تکمیل کا کام انہی کے سپرد کر دیا گیا ہے اور وہ بڑی سرگرمی سے اس کام میں مشغول ہو گئے ہیں۔

چین میں حزب اسلامی کا قیام

جاوا کا اخبار "البدیٰ" رقمطراز ہے کہ شہر کا بمر کے چینی مسلمانوں نے "حزب اسلامی" کی بنیاد ڈالدی ہے جو اپنی نوع کی پہلی انجمن ہے۔ اس کے صدر سید "روی ربیع جن" منتخب کئے گئے ہیں جو عربی زبان کے ماہر اور اسلامی علوم میں کافی درک رکھتے ہیں۔ "حزب اسلامی چینی" کا ایک اجلاس بھی منعقد ہو چکا ہے ۶۰۰ سے زائد چینی مسلمانوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ان تدابیر پر غور کیا گیا جن کو اختیار کر کے ممالک چین میں اشاعت اسلام کے کام کو احسن طریق پر انجام دیا جا سکتا ہے۔

فلسطین میں دو ہزار یہودیوں کا داخلہ

گزشتہ ماہ فلسطین میں جن اجنبی اشخاص کا داخلہ ہوا ان کی تعداد ۱۵۸ ۲ ہے جن میں سے ۱۸۵۴ یہودی، ۲۷ عیسائی اور ۵ مسلمان ہیں۔

سرحدی قبائل پر بمباری کے خلاف مسلمانان دہلی کا احتجاج

آزاد پارک میں عظیم الشان جلسہ

حکومت سے سرکاری بیان کا مطالبہ اور مسلمانان ہند سے اپیل

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

۱۹ راگست کی شام کو تقریباً ۶ بجے کمپنی باغ (آزاد پارک) میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ انعقاد جلسہ کا اعلان حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب (صدر جمعیۃ علمائے ہند) اور حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب (ناظم جمعیۃ علمائے ہند) کی جانب سے ایک روز قبل ہی ذریعہ پوسٹر کر دیا گیا تھا جیسا کہ اس پوسٹر میں بھی ظاہر کیا گیا تھا یہ جلسہ جمعیۃ علمائے ہند کے زیر سرپرستی تھا اور اس کی غرض یہ تھی کہ حکومت کی اس پالیسی کے خلاف احتجاج کیا جائے جو اس نے ہندوستان کی شمالی مغربی سرحد کے آزاد مسلمان قبائل پر ہوائی جہازوں ...

سوائے اس کے اور کوئی تدبیر نہیں ہے کہ امن و سکون کے ساتھ ایک جگہ جمع ہو کر اپنے دلی جذبات سے حکومت کو آگاہ کر دیں اور اس زمانہ میں آئینی احتجاج اور اظہار رائے عامہ کے جو طریقے مقرر ہیں ان کے مطابق اپنی آواز کو بلند کریں تاکہ آئندہ کبھی حکومت یہ نہ کہہ سکے کہ جب سرحد پر بمباری ہو رہی تھی اور اس بمباری سے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہو رہے تھے تو ہم تک یہ آواز کیوں نہ پہنچائی گئی۔ ہم آج یہاں صرف اس لئے جمع ہوئے ہیں کہ پوری ایمانداری کے ساتھ لارڈ ولنگڈن کو ان کی ایگزیکٹو کونسل کے ممبروں کو چیف کمشنر دہلی کو اور سپرنٹنڈنٹ پولیس کو یہ بتا دیں کہ اس خبر سے جو سرحد کے آزاد مسلمان قبائل پر بمباری کے متعلق آتی ہے مسلمانوں کے دلوں میں ناسور پڑ رہے ہیں ...

تقریر صدارت

[illegible]

پہلی قرارداد

[illegible]

قبائل پر بمباری کے خلاف احتجاج

نوشہرہ میں جلسہ

[illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۷ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ

سرحدی قبائل پر بمباری

"ہم آج یہاں صرف اس لئے جمع ہوئے ہیں کہ پوری ایمانداری کے ساتھ لارڈ ولنگڈن کو ان کی ایگزیکٹو کونسل کے ممبروں کو چیف کمشنر دہلی کو اور سپرنٹنڈنٹ پولیس کو یہ بتا دیں کہ اس خبر سے جو سرحد کے آزاد مسلمان قبائل پر بمباری کے متعلق آتی ہے مسلمانوں کے دلوں میں ناسور پڑ رہے ہیں۔ اگر ہم ان جذبات کو ظاہر نہ کریں تو ہم حکومت کو دھوکے میں رکھیں گے۔ ہمارے دل دکھے ہوئے ہیں، ہمیں اپنی مجبوریوں کا ..."

تین مطالبات

سرحد کے آزاد علاقہ میں جو کارروائی کی جا رہی ہے اس کے متعلق مسلمانان دہلی نے اپنی قرارداد میں صرف تین مطالبات پیش کئے ہیں اور ان مطالبات کے ضمن میں جو معقول دلائل ہو سکتے ہیں ان کی طرف اشارہ بھی اسی قرارداد میں کر دیا ہے۔ یہ تین مطالبات حسب ذیل ہیں:۔

(۱) حکومت سرحد کے آزاد مسلمان قبائل پر بمباری کو فوراً بند کر دے۔

[illegible]

بمباری کی پالیسی

[illegible]

اظہار رائے کا موقعہ

[illegible]

سرکاری بیان

[illegible]

مسلمانوں کی مجبوریاں

[illegible]

گاندھی جی کا برت اور حکومت کی ذمہ داری

[illegible]

حوادث و احکام

استفتاء

[illegible]

الجواب

[illegible]

مراکو میں کوہ اطلس پر فرانسیسی افواج اور مسلم قبائل کا مقابلہ

مشین گنوں۔ توپوں اور رائفلوں سے زبردست آتشباری

پہاڑ کی ۱۲ سو فٹ گہرائی میں فرانسیسی تہذیب کا خونی مظاہرہ

(ترجمہ خصوصی)

مراکو میں فرانسیسی افواج سے مسلم قبائل کا جو تصادم ہوا ہے اس کی غیر مصدقہ اطلاعات اخبارات میں شائع ہوتی رہی ہیں ان اطلاعات سے مراکو کی اس جنگ کی حقیقی نوعیت کا پتہ نہیں لگایا جا سکتا اور نہ جنگ کے نتائج ہی معلوم ہوتے ہیں ...

گھاٹی پر پہونچ گئی۔ اس کے بعد ۱۲ سو فٹ کی گہرائی میں مشین گنوں نے زور شور سے فائر کئے ...

۱۳ جون کو جنرل گرایاند کے پاس قبائل کی طرف سے یہ اطلاع پہنچی کہ اب ان میں مزید مقابلہ کی تاب نہیں رہی۔ اس جنگ میں فرانسیسی فوج کے کل ۲ سپاہی مارے گئے اور تین زخمی ہوئے لیکن بعد میں مقتولین و مجروحین کی آخری فہرست سے معلوم ہوا کہ فرانسیسی فوج کے بہت سے سپاہی کام آئے۔

(مراکو میں قبائل اور فرانسیسی فوج کی جنگ برابر جاری ہے جس کی ایک اطلاع گزشتہ الجمعیۃ میں بسلسلہ خبرات دی جا چکی ہے)

توپوں کی گولہ باری اور مشین گنوں کے فائر

ایک مختصر لڑائی کے بعد قبائل نے فاتحانہ دے دیا اور فرانسیسی فوج ...

سرحدی قبائل پر بمباری کے خلاف مسلمانان دہلی کا احتجاج

آزاد پارک میں عظیم الشان جلسہ

حکومت سے سرکاری بیان کا مطالبہ اور مسلمانان ہند سے اپیل

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

۱۶ راگست کی شام کو تقریباً ۷ بجے کمپنی باغ (آزاد پارک) میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ انعقاد جلسہ کا اعلان حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب (صدر جمعیۃ علمائے ہند) اور حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب (ناظم جمعیۃ علمائے ہند) کی جانب سے ایک روز قبل ہی بذریعہ پوسٹر کر دیا گیا تھا ...

سوائے اس کے اور کوئی تدبیر نہیں ہے کہ امن و سکون کے ساتھ ایک جگہ جمع ہو کر اپنے دلی جذبات سے حکومت کو آگاہ کر دیں اور اس زمانہ میں آئینی احتجاج اور اظہار رائے عامہ کے جو طریقے مقرر ہیں ان کے مطابق اپنی آواز کو بلند کریں ...

آخر میں حضرت مولانا احمد سعید صاحب نے دعا فرمائی اور اس کے بعد جلسہ ختم ہو گیا۔

تقریر صدارت

مسلمانان ہند اور ارکان اسمبلی سے اپیل

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی تقریر

قبائل پر بمباری کے خلاف احتجاج

نوشہرہ میں جلسہ

گیارہ اگست کو نماز جمعہ کے بعد مسلمانان نوشہرہ کلاں کا ایک جلسہ زیر اہتمام جمعیۃ العلماء نوشہرہ جامع مسجد میں منعقد ہوا۔ راقم الحروف نے خطبہ میں پہلے مسلمانوں کی موجودہ تکالیف اور مصائب کے اصل اسباب پر روشنی ڈالتے ہوئے مسلمانوں کو باہمی اخوت اور رواداری کی طرف توجہ دلائی تھا ... بعد مولانا عبدالرؤف صاحب قائم مقام خطیب اور ناظم مقامی جمعیۃ نے ایک پرجوش تقریر فرمائی جس میں سرحدی بمباری کو خلاف آئین اور بعید از انصاف ثابت کرنے کے علاوہ حضرت مسیح علیہ السلام کی تعلیم کے سراسر منافی بتایا۔

حسن اتفاق سے مولانا ... صاحب صدر جمعیۃ العلمائے صوبہ سرحد تشریف لائے تھے جناب ناظم کے تعارف کے بعد آپ نے ایک مبسوط تقریر فرمائی جس میں مسلمانوں کی باہمی ہمدردی کو لازم اسلام قرار دیا اور موجودہ مشکلات کا واحد اتباع قرآن بتلایا۔ اور مندرجہ ذیل تجویز بالاتفاق منظور ہوئی

مسلمانان نوشہرہ کلاں کا یہ جلسہ حکومت کے اس رویہ کی پرزور مذمت کرتا ہے جو سرحدی آزاد قبائل کے خلاف تشدد اور پالیسی اور بمباری کی صورت میں اختیار کیا گیا ہے اور حکومت سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ جلد از جلد اس ...

طبیعت کے خلاف ہی فوراً کہتے ہیں کہ "جناب یہ بیسویں صدی ہے اس میں یہ خلاف تہذیب اصول جائز قرار نہیں پا سکتا" وہ لوگ آئیں اور دیکھیں کہ اسی بیسویں صدی میں جس کا تہذیب ... گن گائے جا رہے ہیں، سرحد کے آزاد علاقہ پر گولے برسا کر کس طرح تہذیب و انسانیت کا خون کیا جا رہا ہے کیا اسی کا نام بیسویں صدی کی تہذیب ہے اور یہی تہذیب اسلام سے مقابلہ کرنے کے لئے نکلی ہے جس نے آج سے تیرہ سو برس قبل اس قانون کا اعلان کر دیا تھا کہ خدا کی مخلوق کو آگ کا عذاب دینا بندوں کے لئے کسی طرح جائز نہیں ہے۔ ... تو آج اسلام ہی کا اصول تہذیب و انسانیت کے صحیح معیار پر پورے اتر سکتے ہیں۔ ان مسلم نوجوانوں کے لیے جن کی آنکھیں مغربی تہذیب کی ظاہری جگمگاہٹ سے خیرہ ہو جاتی ہیں یہ واقعات حقیقتہً ایک تازیانہ عبرت ہیں۔

مسلمانوں کے جذبات

اس کے بعد حضرت مولانا نے فرمایا کہ آج ہندوستان کے مسلمان جن کی گزشتہ تاریخ شاندار کارناموں سے بھری ہوئی ہے ہر طرح کمزور و ناتواں ہو چکے ہیں۔ زمانہ کی گردش نے جو ابتدائے آفرینش سے آج تک بے شمار بادشاہوں کو فقیر بنا چکی ہے مسلمانوں کی قوت و سطوت کا بھی خاتمہ کر دیا ہے ...

مصری حکومت کی نصاریٰ پرستی

مجلس دفاع اسلامی کو جلسے کرنے کی ممانعت

مصر میں عیسائی مشنریوں نے جو ادھم مچا رکھا ہے اور جن خفیہ طریقوں سے وہ مسلمان لڑکوں اور لڑکیوں کو مرتد کر رہے ہیں اس نے مصر کے تمام حلقوں میں ہلچل مچا دی ہے اور ہر جگہ مشنریوں کی ان فریب کاریوں کے خلاف مظاہرے اور جلسے شروع کر دئے گئے ہیں۔ عیسائیوں کی جارحانہ کارروائیوں کے خلاف مسلمانوں نے مجلس دفاع اسلامی بھی قائم کر دی ہے جو تمام عیسائیوں کے خفیہ طریقوں سے اہل مصر کو آگاہ کر رہی ہے۔ لیکن مصری حکومت کی مسیحیت پروری کا یہ عالم ہے کہ وہ عیسائیوں کی خفیہ اور علانیہ کارروائیوں کو تو نہیں روکتی لیکن مجلس دفاع اسلامی کو مدافعت اسلام کے فریضہ سے باز رکھنے کے لئے آمادہ ہو گئی ہے۔

کفر الدیاب میں فرانسکن مشن پر کسی نے حملہ کر دیا تھا اس کی بنا پر حکومت مصریہ نے مشنریوں کے خلاف مظاہروں کو روکنے کے لئے سخت تدابیر اختیار کرنی شروع کر دی ہیں۔ حکومت نے دفاع اسلامی مجلس کو عام جلسے منعقد کرنے کی ممانعت کر دی ہے کیونکہ اس کے بعض ارکین کی تقریروں سے یہ ثابت ہوتا تھا کہ مشنری ایک خطرناک جرثیم رکھتے ہیں جن کو ممالک سے نکال دینا چاہئے۔

مکہ مکرمہ میں کارخانہ پارچہ بافی

غلاف کعبہ حجازی نوجوان تیار کریں گے

قارئین کرام کو یاد ہوگا کہ حکومت حجاز نے ۱۳۴۶ھ میں مکہ مکرمہ کے اندر پارچہ بافی اور نساجی کا ایک کارخانہ کھولا تھا جو حجاز میں اپنی قسم کا پہلا کارخانہ تھا۔ اس کارخانہ کو چلانے کے لئے حکومت کو باہر سے آدمی بلانے پڑتے تھے کیونکہ حجاز میں اس فن کے ماہرین مفقود تھے مستقبل میں اس کمی کو پورا کرنے کے لئے حکومت نے اس کارخانہ میں حجازی نوجوانوں کو کام سکھلانے کے لئے داخل کر دیا تھا تاکہ وہ ملک کی اس صنعت کو خود ہی چلانے کے قابل ہو جائیں اور حکومت کو باہر سے آدمیوں کو بلانے کی ضرورت لاحق نہ ہو۔ اب معصر ام القریٰ نے یہ خوشخبری سنائی ہے کہ حجازی نوجوانوں نے اس فن میں مہارت حاصل کر لی ہے چنانچہ سال رواں میں غلاف کعبہ کی تیاری کا اور تکمیل کا کام انہی کے سپرد کر دیا گیا ہے ... مشغول ہو گئے ہیں۔

چین میں حزب اسلامی کا قیام

جاوا کا اخبار "الہدیٰ" رقمطراز ہے کہ شہر کانٹن کے چینی مسلمانوں نے "حزب اسلامی" کی بنیاد ڈالدی ہے جو اپنی نوعیت کی پہلی انجمن ہے۔ اس کے صدر سید "روحی ربیع جن" منتخب کئے گئے ہیں جو عربی زبان کے ماہر اور اسلامی علوم میں کافی درک رکھتے ہیں "حزب اسلامی چینی" کا ایک اجلاس بھی منعقد ہو چکا ہے ۷۰۰ سے زائد چینی مسلمانوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ان تدابیر پر غور کیا گیا جن کو اختیار کر کے مملکت چین میں اشاعت اسلام کے کام کو احسن طریق پر انجام دیا جا سکتا ہے۔

فلسطین میں دو ہزار یہودیوں کا داخلہ

گزشتہ ماہ فلسطین میں جن اجنبی اشخاص کا داخلہ ہوا ان کی تعداد ۱۵۸ ... جن میں سے ... ۱۶۵۷ یہودی ۷۷ عیسائی اور ... مسلمان ہیں ...

عربی جرائد کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

فلسطین میں نوجوان عیسائی عربوں کی نئی اسکیم

ارض مقدس سے یہودیوں کو نکالدیا جائے

مسلمان نازی حکومت کی پالیسی سے خوفزدہ ہیں

جرمنی حکومت کی نازی پالیسی (کہ تمام یہودیوں کو جرمنی سے نکالدینا چاہئے) کو بیت اللحم کے نوجوان عیسائی عرب بھی قبول کرتے جا رہے ہیں اور انہوں نے بھی اس پیمانہ پر یہودیوں کو فلسطین سے نکال دینے کی تدابیر پر عمل شروع کر دیا ہے۔ یہ نوجوان فلسطین میں فیسسٹ پارٹی قائم کرنا چاہتے ہیں۔ فلسطین کے عیسائی عربوں نے ہٹلر کی پالیسی کو صرف اس حد تک تسلیم کیا ہے کہ یہودیوں کو بھی جرمنی کی طرح فلسطین سے نکالدینا چاہئے۔ حال میں اس جماعت کے ایک نوجوان لیڈر نے اعلان کیا ہے کہ "ہم کو ایسے فلسطین کی ضرورت ہے جو یہودیوں کے وجود سے پاک ہو" اس نے یہ بھی اعلان کیا ہم نازی حکومت کی مخالف یہودیت پالیسی کو تسلیم کرتے ہیں کیونکہ تمام خرابیوں کی جڑ یہی لوگ ہیں فلسطین میں یہودیوں کے خلاف بہت زیادہ کام کی ضرورت ہے کیونکہ جرمنی سے زیادہ ان کا انتشار فلسطین میں ہے۔

فلسطین کا ایک عربی اخبار یہودیوں کے معاملہ میں نازی حکومت کی حکمت عملی کی پرزور تردید کرتا ہے کیونکہ جرمنی سے یہودیوں کے اخراج کے یہ معنی ہیں کہ ان کو جرمنی سے نکال کر فلسطین میں آباد کیا جائے اور وہ مجبور ہو کر ارض مقدس کا رخ کریں اور اس طرح قومی وطن کے خواب کی تعبیر ان کو حاصل ہو جائے۔ اس اخبار نے کھلے الفاظ میں اعلان کیا ہے کہ "یہودیوں کے خلاف ہٹلر کی سرگرمیاں ہم عربوں کیلئے قطعاً مفید نہیں ہیں" کیونکہ جرمنی سے یہودیوں کو نکالدینے کے معنے یہ ہیں کہ وہ آکر فلسطین میں آباد ہو جائیں۔

ترکی حکومت کو مطلوبہ قرضہ سے زائد وصول ہو گیا

ارغانہ اور اناطول میں ریل کی تعمیر

ترکوں کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ حکومت نے جو قرض طلب کیا تھا وہ مدت معینہ میں پچاس فیصدی اضافہ کے ساتھ وصول ہو گیا۔ یہ قرض اس لئے وصول کیا گیا ہے کہ اس کے ذریعہ جدید ریلوے تعمیر کی جائے تاکہ ارغانہ کی کانوں کے تانبے کے استخراج اور حمل و نقل میں سہولت ہو۔ حکومت ترکیہ اناطول کی کانوں سے بھی تانبہ کا استخراج کرنا چاہتی ہے اور اس مقصد کیلئے اس نے جرمنی کے متعدد ماہرین بھی طلب کئے ہیں جو معادن اور ریلوے کی تعمیر میں حکومت کو مفید مشورے دینگے۔

مصری بنک کی طرف سے بحری جہازوں کی خریداری

حال ہی میں مصر کے ایک بنک نے دو بحری جہاز خریدے ہیں جن میں سے ایک جہاز موسم حج میں مصری حاجیوں کو جدہ پہونچائے گا اور دوسرا جہاز مصر اور یورپ کے درمیان باربرداری کا کام کرے گا۔ اسی طرح وزارت حربیہ نے دس ہوائی جہازوں کی خریداری کا آرڈر دیا ہے جو چار ماہ کے اندر تکمیل کے بعد مصر پہونچ جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۷ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ

سرحدی قبائل پر بمباری

"ہم آج یہاں صرف اس لئے جمع ہوئے ہیں کہ پوری ایمانداری کے ساتھ لارڈ ولنگڈن کو ان کی ایگزیکٹو کونسل کے ممبروں کو چیف کمشنر دہلی کو اور سپرنٹنڈنٹ پولیس کو یہ بتا دیں کہ ہر اس خبر سے جو سرحد کے آزاد مسلمان قبائل پر بمباری کے متعلق آتی ہے مسلمانوں کے دلوں میں ناسور ..."

تین مطالبات

سرحد کے آزاد علاقہ میں جو کارروائی کی جا رہی ہے اس کے متعلق مسلمانان دہلی نے اپنی قرارداد میں صرف تین مطالبات پیش کئے ہیں اور ان مطالبات کے تحت میں جو معقول دلائل ہو سکتے ہیں ان کی طرف اشارہ بھی اسی قرارداد میں کر دیا ...

... تصفیہ کرانے میں کامیاب ہو چکی ہے۔ کسی ایک قبیلہ کی حمایت کر کے دوسرے قبیلہ پر فوج کشی کر دینا ہوائی جہازوں سے بم برسانا باہمی نزاعات کا تصفیہ نہیں کر سکتا بلکہ اس کے لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ خود قبائل کے جرگے طلب کر کے ان ہی کے ارباب حل و عقد سے تصفیہ کرایا جائے۔ قبائل اس طریقہ کے ...

... واقفیت حاصل کرنا چاہتی ہے تو وہ ان تینوں مطالبات سے ظاہر ہو جاتے ہیں اور اگر وہ ان جذبات کا احترام کرنا چاہتی ہے تو اسے یہ مطالبات منظور کر کے اپنی سرحدی پالیسی پر دوبارہ غور کرنا چاہئے۔

مسلمانوں کی مجبوریاں

سرکاری اعلان

گاندھی جی کا برت اور حکومت کی ذمہ داری

گذشتہ بدھ کے روز سے گاندھی جی نے جو برت شروع کیا ہے اس کی خبر بالکل اچانک موصول ہوئی۔ کیونکہ اس سے قبل اخبارات میں کوئی اطلاع گاندھی جی کے اس ارادہ کے متعلق نہیں آئی تھی۔ سب سے پہلی مرتبہ، ۱۶ راگست کی صبح کو یہ معلوم ہوا کہ گاندھی جی نے ان مراعات کے دوبارہ نہ ملنے کی وجہ سے جو انہیں رہائی سے قبل ہریجن تحریک کے سلسلہ میں حاصل تھیں برت رکھا ہے۔ مگر حکومت کی طرف سے ان کا مطالبہ منظور ہو جانے کے بعد انہوں نے اس برت کو ختم کر دیا۔ صبح کے تمام اخبارات میں یہی اطلاع شائع ہوئی تھی مگر ۱۷ راگست کو دوپہر تک جو اطلاعات ایسوسی ایٹڈ پریس اور فری پریس کے ذریعہ موصول ہوئیں ان سے معلوم ہوا کہ ...

یہ کیا کہ انہیں رہا کر کے ایک ایسا نوٹس دیدیا جس کی پابندی وہ نہیں کر سکتے تھے اور جس کے متعلق حکومت بھی یہ جانتی ہوگی کہ وہ اسے توڑ دیں گے اس نوٹس کو توڑنے پر انہیں دوبارہ گرفتار کیا گیا اور ان پر اس نوٹس کی خلاف ورزی کا مقدمہ چلایا گیا اور انہیں ایک سال کی سزا دیدی گئی۔

اب حکومت انہیں ہریجن تحریک کے سلسلہ میں وہ مراعات دینے کو آمادہ نہیں ہے جو پہلے ملی ہوئی تھیں اور وجہ یہ بتائی ہے کہ گاندھی جی اب شاہی قیدی نہیں ہیں بلکہ "معمولی قیدی" ہیں کیونکہ انہوں نے خود قانون کی خلاف ورزی کر کے اپنے آپ کو گرفتار کیا ہے ...

... سے بچنے کے معنی یہ ہوں گے کہ وہ گاندھی جی کو اپنی زندگی قربان دینے پر مجبور کر رہی ہے۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اہل سنت والجماعت اس مسئلہ میں کہ ایک شخص ق کی دو عورتیں (بیویاں) خ و ف ہیں۔ اس میں سے ایک عورت (خ) سے ایک لڑکا (ل) ہے۔ اور دوسری عورت (ف) سے ایک لڑکی (ج) ہے۔ اور پھر اس لڑکی (ج) کی ایک لڑکی (ح) ہے اور اس لڑکی ح کی ایک لڑکی (ی) ہے تو اس لڑکے (ل) کا عقد اس لڑکی (ی) کے ساتھ ہو سکتا ہے یا نہیں۔

یعنی خ و ف آپس میں سوتین ہیں یعنی ایک مرد ق کی دونوں بیویاں ہیں۔ لڑکا (ل) و لڑکی (ج) آپس میں بہن بھائی ہیں۔ باپ ایک ہے۔ مائیں علیحدہ علیحدہ ہیں۔ لڑکی ح اس کے لڑکے ل کی بھانجی ہے۔ اور لڑکی ی اس کی بھانجی لڑکی ح کی لڑکی ہے اس لحاظ سے لڑکی ی اس لڑکے ل کی نواسی ہوتی ہے خیر کچھ بھی ہو ...

شرع اسلام اس کے متعلق جو کچھ مسئلہ ہو شائع فرما کر ناواقف مسلمانوں کو ارتکاب گناہ سے بچائیں۔

الجواب

لڑکے (ل) کی بہن (ج) کی اولاد اور اولاد کی اولاد (ل) کے لئے اسی طرح حرام ہے جس طرح اس کی حقیقی بہن کی اولاد اور اولاد کی اولاد اس حرمت میں حقیقی بہن اور علاتی بہن (باپ شریک بہن) کا ایک حکم ہے خلاصہ یہ کہ (ل) کی شادی (ی) سے ناجائز ہے۔ واللہ اعلم

محمد مظفر اللہ عفی عنہ نائب مفتی جمعیۃ العلماء ہند

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مردہ کو قبر میں لٹانے کے بعد اس کا منہ یعنے چہرہ کفن سے نکال کر لوگوں کو دکھانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب

قبل پٹاؤ ڈالدینے کے میت کا منہ کفن سے کھول کر دیکھنا دکھانا جائز ہے فقط واللہ اعلم

حبیب المرسلین عفی عنہ نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

گاندھی جی نے اپنی جان کی بازی پھر لگادی

حکومت اور گاندھی جی میں خط و کتابت اور برت کا فیصلہ

گاندھی جی کو حکومت ہند کا آخری جواب

شملہ ۱۸ اگست۔ گاندھی جی نے قید ہونے کے بعد حکومت سے درخواست کی تھی کہ انہیں ہریجن ادبار کا کام کرنے کی غیر مشروط اجازت دی جائے اور انہیں وہی مراعات دی جائیں جو انہیں شاہی قیدی کی حیثیت سے پیشتر حاصل تھیں ملاقاتیوں پر کسی قسم کی پابندی عائد نہ کی جائے اور اسی طرح خط و کتابت کی بھی پوری آزادی دی جائے اس معاملہ پر حکومت ہند حکومت بمبئی اور وزیر ہند سے مراسلت ہوتی رہی اور کل گاندھی جی کو اطلاع دی گئی کہ خاص اچھوت ادبار کے کام کے لئے انہیں ذیل کی سہولتیں دی جائیں گی۔ ...

امیر المومنین سلطان مراقش کا دم واپسین

مجاہدین پر توپ کے گولوں اور مشین گنوں کی بارش

فرانس کا دعویٰ ہے کہ مجاہدین کو دس ہزار فٹ کی بلندی پر بھگادیا

رابطہ (مراکو) ۶ اراگست۔ سالہا سال کی غیر مرتب اور چھپ چھپ کر حملہ کرنے کی لڑائی کے بعد فرانسیسی فوجیں مراقش کی باغی (مجاہد) اقوام کو دبانے میں کامیاب ہوگئی ہیں اور اب مارشل ہونے کے اس خواب کی تعبیر پوری ہوجائے گی کہ مراقش کو فرانسیسی امن و امان کا خطہ بنادیا جائے۔ ...

دار الحکومت

پولیس اور ڈاکوؤں میں جنگ

تین ڈاکوؤں کی گرفتاری

دہشت انگیز سرگرمیوں کے خلاف کارروائی

دہلی کی خفیہ پولیس مقدمہ چلائیگی

نئی دہلی میں ٹاؤن ہال کا افتتاح

وائسرائے کی طرف سے سپاسنامہ کا جواب

ساردا ایکٹ کے مقدمہ کا فیصلہ

دو سو روپے جرمانہ کی سزا

لکھنؤ میں غیر ملکی مال کے بائیکاٹ کا جلوس

جان پر کھیل کر مطالبہ منظور کرالیا

گاندھی جی جان دینے پر آمادہ ہوگئے تھے

جیل کے اندر اچھوتوں کے لئے کام

سابرمتی آشرم کے دوسرے جتھہ کو سزا

مسٹر اینے صدر کانگریس کو سزا ہوگئی

گیارہ ساتھیوں کو چھ چھ ماہ قید سخت

برطانیہ کا جدید سفیر انگورہ میں

کراچی اور انگلستان کا اتصال

مسٹر دیوداس گاندھی کی گرفتاری کا راز

اسمبلی میں حکومت سے سوالات

شملہ ۱۳ اگست۔ مسٹر گیا پرشاد سنگھ ایم۔ ایل۔ اے اسمبلی کے آئندہ اجلاس کے لئے ذیل کے سوالات پیش کئے ہیں:۔

دریاپور میں ہندو مسلم فساد

دو ہلاک ۱۲ مجروح آٹھ گرفتار

بجلی گرنے سے بیس بھینسیں ہلاک ہوگئیں

ریلوں کی آمدنی میں خسارہ

پارچہ کی برآمد میں کمی

ہندوستان میں سول نافرمانی کا احیاء

کانگریسیوں کی گرفتاری اور سزا

بمبئی کے بیس ہزار مزدوروں پر نزلہ

دس کارخانوں کے کاریگروں کو نوٹس

قانون نمک کی خلاف ورزی

ہجوم پر پولیس کا لاٹھی چارج

لڑکیوں کیلئے جبریہ تعلیم منظور ہوگئی

لکھنؤ میونسپلٹی کا فیصلہ

سرحدی قبائل پر گولہ باری برابر جاری ہے

مخالف قبائل کی طرف سے ہوائی جہازوں پر فائر

سرکاری فوج اور قبائل میں جنگ۔ ایک سپاہی ہلاک

شملہ ۱۸ اراگست۔ سرحد کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ گشتی ہوائی جہازوں پر مخالف قبائل نے کل حملہ کیا اور خاپاک دروں کے درمیان ان پر گولیاں چلائیں۔ ...

بالائی مہمندوں کا قتل

برطانوی سپاہی کا قتل

پیشتر کی اطلاعات

برطانوی فوج اور قبائل میں جنگ

حج بل کے خلاف مسلمانان بہار کا زبردست احتجاج

حکومت سے حج تحقیقاتی کمیٹی کی خفیہ رپورٹ کو شائع کرنے کا مطالبہ

مولوی شفیع داؤدی پر عدم اعتماد کا اظہار

بتیا کے مسلمانوں کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت مولانا محمد حسین صاحب منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجاویز منظور کی گئیں۔

(۱) مسلمانوں کا یہ عظیم الشان جلسہ حج بل کی شدید مذمت کرتا ہے اور اس کے خلاف پر زور احتجاج کرتا ہے۔ ...

(۲) یہ جلسہ حج تحقیقاتی کمیٹی کی خفیہ رپورٹ کو سخت خطرناک تصور کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس رپورٹ پر کوئی کارروائی کرنے سے قبل عام لوگوں کی آگاہی کے لئے اس خفیہ رپورٹ کو جلد از جلد شائع کردے۔ ...

مولوی شفیع داؤدی پر عدم اعتماد

مسلمان وقف ایکٹ

علاقہ سرحد میں سرخپوشوں کی سرگرمیاں

مردان سے فوجوں کی روانگی

سرحد اور لاہور میں ہوائی جہازوں کو حادثہ

ایک ہواباز ہلاک دوسرا مجروح

سرحد کے دو گاؤں پر جرمانہ

گورنر اجلاس کو نقص امن کا اندیشہ

لندن کی عیش پرستیوں کا اثر

جس کا کھائے اسی کا گائے

سر یعقوب کا بیان

اشوری قبائل پر لندن کے ایک اخبار کا تبصرہ

حکومت عراق کو کسی نئی مصیبت میں مبتلا کرنیکا منصوبہ

باغیوں کی حمایت اور عراق گورنمنٹ پر الزام

سرحدی بمباری کے خلاف کلکتہ میں احتجاج

مولانا ابو الکلام کی زیر صدارت جلسہ

کلکتہ ۱۰ اگست۔ مسلمانوں کا ایک جلسہ مولانا ابو الکلام آزاد کی زیر صدارت البرٹ ہال میں کل شام کے وقت منعقد ہوا جس میں سرحد کے آزاد قبائل پر بمباری کرنے کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی گئی۔ ...

امرتسر

سرحد عراق پر اشوریوں کی فتنہ پردازیاں

حکومت عراق پر برطانیہ کا غیظ و غضب

سفیر عراق کی واپسی۔ وزیر اعظم برطانیہ کی فوری طلبی

لندن ۱۰ اگست۔ حکومت برطانیہ نے سرحد عراق پر اشوریوں کے قتل کے خلاف سرکاری طور پر حکومت عراق سے احتجاج کیا ہے اور اپنے سفیر کو واپس بلالیا ہے۔ ...

قابل اعتراض فلموں کو بند کردیا جائے

اسمبلی میں حکومت سے سوالات

بادل پھٹنے سے ۵۰ اشخاص کی ہلاکت

آئرلینڈ میں خانہ جنگی کا زور شور

ڈی ویلرا مختار مطلق بنا دئے گئے

ڈبلن ۱۵ اگست۔ آئرلینڈ کی فری اسٹیٹ اب عملاً مارشل لاء کی حالت میں ہے۔ مسٹر ڈی ویلرا کو ڈکٹیٹر کے کامل اختیارات حاصل ہیں، اور بلاشبہ وہ انہیں استعمال کریں گے۔ اسی اثنا میں نیلی قمیص والوں (آئرش فرسٹ) اور کاسگریو کی پارٹی میں ایک متحدہ محاذ بنانے کی تجویز پر جو اس وجہ سے غور ہو رہا تھا کہ جلد ہی عام انتخاب ہونے والا ہے، اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا کیونکہ مسٹر کاسگریو اپنے سابقہ وزیروں میں سے اکثر اس مطالبہ پر متفق نہیں ہیں کہ جنرل اوڈوفی نے نیشنل گارڈ کی پریڈ کو آئندہ التواء کے لئے ملتوی کر دیا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ گرجا گھر کے قانون کی رو سے ایسی پریڈ گرجا گھر کے حدود میں نہیں کی جا سکتی، لیکن مقامی کمانڈر کے انتظام کے بموجب نیشنل گارڈ کی پریڈ وقت مقررہ پر آس پاس ہوگی۔

فری اسٹیٹ کے کانسٹی ٹیوشن میں ایک اضافہ کا نفاذ کیا گیا ہے کہ آئرش گزٹ میں اعلان کرکے عارضی عدالتیں قائم ہوں گی۔ پولیس کو یہ اختیار دیدیا گیا ہے کہ وہ شبہ میں گرفتار کر لے، اس شبہ میں ان لوگوں کی گرفتاری بھی ہو سکتی ہے جو کسی خلاف قانون انجمن کے ممبر ہوں، پبلک جلسے بھی اسی ضمن میں لئے جا سکتے ہیں۔

سوئزرلینڈ کے علاقہ پر جرمنی کی یورش

بین الاقوامی مسائل میں پیچیدگی

جنیوا ۱۴ اگست۔ گزشتہ ہفتہ سوئزرلینڈ کے علاقہ باسل میں نازیوں نے جو دھاوا کیا تھا اس کے بعد ایک اور واقعہ گزرا ہے جس پر سوئزرلینڈ کے اخبارات اظہار تشویش کر رہے ہیں۔ کل رات کو جرمنی کے جنگی وصول کرنے والے افسروں نے سوئزرلینڈ کے دو مزدوروں کو گرفتار کر لیا جو دریائے رائن کے کنارے باسل کے قریب خورد و نوش کر رہے تھے۔ اس جزیرہ میں داخلہ کے خلاف کوئی نوٹس نہیں ہے یہ بھی مشکوک ہے کہ یہ جزیرہ واقعی کس قوم کا ہے۔ سوئزرلینڈ کے دو مزدوروں کے پاس کمیونسٹوں کا لٹریچر تھا جو جرمنوں کے قید خانہ میں پہنچا دئے گئے۔ سابقہ واقعہ کے متعلق جرمنی لوگ معافی مانگ چکے تھے۔ اس کے بعد ایسے ...

ہر ہٹلر مرتے مرتے بچ گئے

موٹر کو شدید حادثہ

میونخ ۱۶ اگست۔ ہر ہٹلر جب آسٹریا اور بویریا کی سرحد پر بذریعہ موٹر گزر رہے تھے تو وہ ایک حادثہ سے بال بال بچ گئے۔ ابھی تک تفصیلات معلوم نہیں ہوئی ہیں لیکن ہر ہٹلر کی موٹر کار کے پیچھے جو کار آ رہی تھی اس کو سخت حادثہ پیش آیا۔ ایڈجوٹنٹ بریکز کار سے باہر جا پڑے اور ان کا ایک ہاتھ ٹوٹ گیا۔ ان کے اندرونی چوٹ بہت آئی ہے اور صحتیابی مشکوک معلوم ہوتی ہے۔ ہر ہٹلر کی بہن اور بھائی کو بھی چوٹ آئی ہے، لیکن ایسا خیال نہیں ہے کہ جان بوجھ کر کسی نے شرارت کی ہو کیونکہ ہر ہٹلر نے چلنے سے فوراً ہی پیشتر ارادہ ظاہر کیا تھا اور ان کے سیاسی دشمنوں کے لئے ان کا پتہ لگانا مشکل تھا۔

ہندوستان کی موسمی حالت

مختلف مقامات سے بارش کی اطلاعات

پونہ ۱۴ اگست۔ پنجاب کی پہاڑیوں کے قریب بارش کم ہو جائے گی کشمیر اور سرحد میں بارش بڑھ جائے گی۔ صوبجات متحدہ میں بارش کا امکان۔ مغربی صوبجات متحدہ میں عام بارش ہوئی اور مشرقی صوبجات متحدہ اور وسط ہند میں مقامی طور پر بارش ہوئی۔ اور مشرقی صوبجات متوسط میں صرف ترشح ہوئی۔

ڈیرہ دون میں ۲ء۸ انچ، مسوری ۵ء۱ انچ، گورکھپور ۱ء۷ انچ اور بھوپال میں ۳ء۱ انچ بارش ہوئی۔ صوبجات متحدہ میں آسمان ابر آلود ہے۔ مغربی صوبجات متحدہ میں رطوبت زیادہ ہے۔ وسط ہند اور صوبجات متوسط میں رطوبت کم ہے۔ مشرقی و شمالی پنجاب میں بارش عام ہوئی۔ گجرات اور راجپوتانہ میں صرف ترشح ہوئی۔ انبالہ ۳ء۲ انچ، سیالکوٹ ۳ء۱ انچ، شملہ ۱ء۱ انچ، احمد آباد میں ۵ء۰ انچ بارش ہوئی۔ پنجاب، کشمیر، مشرقی راجپوتانہ میں آسمان ابر آلود ہے۔ سرحد اور زیریں سندھ میں آسمان پر بادل نظر آئے۔ سرحد اور راجپوتانہ میں رطوبت زیادہ ہے۔ گرمی اور سردی دونوں کے لحاظ سے درجہ حرارت غیر معمولی رہا۔ اس علاقہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ...

مراکو میں فرانسیسیوں سے جنگ

فرانسیسی فوجوں پر گولیوں کی بارش

طنجہ ۱۴ اگست۔ کل کوہستان اطلس میں فرانسیسی فوجوں نے بربروں کی شکست کا بدلہ لینے کے لئے ... امیر البحر کے صاحبزادے لفٹنٹ ... قتل ہوئے تھے ... اس وقت تک خاموش رہے جس وقت تک فرانسیسی فوجیں ... اس کے بعد انہوں نے گولیوں کی بوچھاڑ شروع کر دی۔

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

جرمنی میں عمومی تعلیم اور اخبارات کی کثرت

بیس بیس لاکھ کی تعداد میں شائع ہونے والے اخبارات

جرمنی میں سوباش بابو کی تشریف آوری

(الجمعیۃ کے نامہ نگار خصوصی مقیم برلن کے قلم سے)

سو فی صدی تعلیم

جرمنی ایک ایسا ملک ہے کہ جہاں پر اخبار بینی کا شوق بہت زیادہ لوگوں میں پڑھا ہوا ہے اول تو اس کی وجہ یہ ہے کہ جرمنی میں ایسا کوئی فرد و بشر نہیں جو خواندہ نہ ہو چاہے لڑکا ہو یا لڑکی۔ چھ سال کی عمر سے مدرسے جانا لازمی ہوتا ہے اور چودہ سال تک ضروری تعلیم ہر ایک کو دی جاتی ہے۔ ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ کسی وجہ سے ...

حالت ہی بالکل ویسی ہی ہے جیسی کہ زمین دوز گاڑیوں کی۔ ان گاڑیوں میں تمام حضرات اخبار بینی میں مشغول ہوتے ہیں۔ آخری سواری بس ہے۔ بس صرف شہر ہی شہر میں گشت کرتی رہتی ہے۔ زیادہ تر دو منزلہ بس ہیں ان میں بھی یہی عالم ہوتا ہے کہ اگر اندر داخل ہو جائیے تو کوئی نہ کوئی ضرور اخبار بینی میں مشغول ہوگا۔ یہ تو سواری کا عالم ہے جہاں پر اخبار بینی کا اتنا زور ہے اس کے علاوہ ...

بوس صاحب کا لیکچر

بوس صاحب کا ۲۸ جولائی کو ہندوستان کی موجودہ حالت پر لیکچر ہوگا جس میں صرف ہندوستانیوں کو اجازت ہوگی۔ اس کے بعد وہ برلن سے روانہ ہو جائیں گے اب تک یہ فیصلہ نہیں ہوا کہ وہ کہاں جائیں گے۔

مسلمانان ہندوستان کا نام وفد فلسطین کا پیغام

ہر قسم کی ستائش خدائے برتر کے لئے ہے جس نے تمام دنیا کے مسلمانوں کے درمیان عالمگیر برادری کا رشتہ قائم فرما کر انہیں باہمی تعاون اور تناصر کی تعلیم دی:

انما المؤمنون اخوۃ، وتعاونوا علی البر والتقوی۔ (القرآن الحکیم)

اور صلوٰۃ و سلام ہو اس سرور کائنات رسول اللہ صلعم پر جس نے مسلمانوں کے رابطہ اخوت اور اشتراک عمل کو باہم محبت اور رواداری کی مضبوط زنجیر میں منسلک فرما کر ان کے تعلقات و روابط کو بنیان مرصوص اور جسم واحد سے تعبیر فرمایا "مثل المؤمنین فی تراحمہم وتوادہم وتعاطفہم کمثل الجسد اذا اشتکی منہ ..."

مجلس دعوت و ارشاد ڈابھیل کی اہم تجویزیں

حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کی دوامی یادگار

ڈابھیل ۔ ۷ اگست۔ حسب معمول مجلس دعوت و ارشاد جامعہ اسلامیہ ڈابھیل و سملک کا ہفتہ واری اجلاس منعقد ہوا جس میں طلبائے جامعہ کی کامیاب تقریروں کے بعد حسب ذیل تین تجویزیں پیش ہو کر متفقہ طور پر پاس ہوئیں۔

(۱) مجلس دعوت و ارشاد کا یہ جلسہ مولانا حکیم محفوظ علی صاحب کی خدمت میں گذارش کرتا ہے کہ شیخ الاسلام مولانا سید محمد انور شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ کی یادگار کی تجویز کو جلد سے جلد جامہ عمل پہنائیں نیز یہ جلسہ اس معاملہ میں تاخیر کو غیر مناسب سمجھتے ہوئے مشاہیر علماء اور حضرت مرحوم کے جملہ منتسبین سے پر زور درخواست کرتا ہے کہ وہ مولانائے موصوف کی تجویز کے مطابق کسی ایک مقام پر جمع ہو کر حضرت مرحوم کی دائمی یادگار کی تجویز کو قوت سے فعل میں لائیں۔

(۲) مجلس دعوت و ارشاد ڈابھیل و سملک کا یہ جلسہ شیخ الاسلام حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے تمام تلامذہ، بشمار عقیدتمند اور جملہ ...

... دیا۔ نیز یہ جلسہ مولانا سید محمد احمد رضا صاحب بجنوری ناظم مجلس علمی ڈابھیل و سملک کا بھی شکریہ ادا کرتا ہے کہ انہوں نے اپنی مجلس کی تمام مطبوعات کا ایک ایک نسخہ مجلس دعوت و ارشاد کے دار المطالعہ کے لئے عنایت فرما کر طلباء کی ہمت افزائی فرمائی۔

(ناظم مجلس دعوت و ارشاد جامعہ اسلامیہ ڈابھیل ضلع سورت)

مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس علی گڈھ میں

انجمن اسلامیہ علی گڈھ کی انتظامیہ کمیٹی کا جلسہ ۱۱ اگست ۳۴ء کی صبح کو مولوی عبد الخالق صاحب چیرمین میونسپل بورڈ کے مکان پر موصوف کی صدارت میں منعقد ہوا۔ قرار پایا کہ پراونشل مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کو علی گڈھ میں جلسہ کرنے کے لئے مدعو کیا جائے اور کانفرنس کا اجلاس دیوالی کی تعطیلات میں بتاریخ ۱۸-۱۹-۲۰ اکتوبر ۳۴ء مسلم یونیورسٹی سٹی ہائی اسکول کی عمارت میں منعقد کیا جائے۔ اور دعوت نامہ خان بہادر مولوی محمد بشیر الدین صاحب منیجر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ و سکرٹری کانفرنس کی خدمت میں بھیجا جائے۔ استقبالیہ کمیٹی کے صدر مولوی محمد عبد الخالق صاحب ایڈوکیٹ علی گڈھ قرار پائے اور بعجہ اس کے کہ سٹی اسکول میں جلسہ ہونا قرار پایا نیاز مند کو سکرٹری اور خان بہادر شیخ محمد یونس صاحب رئیس علی گڈھ کو جائنٹ سکرٹری مقرر کیا گیا۔ ... امید ہے کہ اس کے کاموں میں دلچسپی لے کر اجلاس کو بارونق اور کامیاب بنانے میں مدد دیں گے۔

محمد زبیر ہیڈ ماسٹر سٹی اسکول و سکرٹری استقبالیہ کمیٹی علی گڈھ

مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور کی علمی خدمات

مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور اپنی دیانت کی بنا پر جو اعلیٰ ترین علمی و دینی خدمات سر انجام دے رہا ہے وہ ارباب بصیرت سے مخفی نہیں اور بلاشک یہ تمام کامیابی حضرت مولانا حافظ عبد اللطیف صاحب صدر مہتمم کے حسن انتظام اور اخلاق حسنہ کی مرہون منت ہے جنہوں نے اپنی زندگی کے تمام ترحصہ کو مظاہر علوم کی ترقی ...

... یاد رکھیں گے کیونکہ یہی وہ مدارس ہیں جنہوں نے روایات اسلامی اور دینی تعلیم کو خوش اسلوبی کے ساتھ دنیا کے سامنے پیش کیا ہے لہٰذا ہر فرزند اسلام کا یہ اہم فرض ہے کہ مدارس اسلامی کے مفاد و استحکام کی پوری سعی کریں۔

حکیم سید مشتاق علی نعیم بھاجوارہ ضلع میرٹھ

(شعبہ اول) (۶) بی اعبد الغفار صاحب (۵) محمد لقمان صاحب (۵) حاکم علی صاحب (۵۰) محمد ہارون الرشید صاحب (۶۰) عبد الجلیل صاحب (۴۰)

شعبہ دوم (۱۰) لطیف الدین صاحب (۴۰) عبد الخالق صاحب (۵۸) محمد ابو الخیر صاحب (۵۵) برکت اللہ صاحب (۶۰) محمد اکبر صاحب (۵۰)

عبد اللہ ٹونکی (مولوی عالم) جنرل سکریٹری

مسلمانوں کو تنظیم کیلئے دعوت عمل

ایک دردمند مسلمان کا مفید مشورہ

اسلام نام ہے اس نظام کا جو قدرت ربانی نے نسل انسانی کو عطا کیا ہے تاکہ تمام نسل انسانی بھائی بھائی بن کر امن و امان سے زندگی بسر کرے اور سب مل کر خدا کی رسی کو مضبوطی سے پکڑ لیں۔

مسلمان اس کے عامل قرار دئے گئے تھے اور اس کے باعث مسلمانوں کو خلافت عظمیٰ جیسی طاقت عطا کی گئی تھی۔ مسلمان اس سبق کو بھول گئے اور انہوں نے خدا کی اس رسی کو چھوڑ دیا جس سے وہ منتشر ہو گئے ہیں۔

... ہو کر رہ گئے۔

یا تو قوم بے حس تھی۔ یا تڑپ مکمل نہ تھی یا وقت مناسب نہ تھا مگر جب مسلمانوں کو تحریک سیرت کے جزء اول کی دعوت دی گئی تو تمام دنیائے اسلام نے بغیر کسی تاخیر کے لبیک لبیک کی صدا بلند کی جس سے معلوم ہوا کہ مسلمان بے حس نہیں ہیں کام کرنے والوں میں بھی سچی تڑپ تھی مگر تنظیم المساجد کے لئے وقت نامناسب تھا۔

اب میں ان سب کو جن کے دلوں کے اندر اسلام کی اصلی اور صادقانہ تڑپ ہے کہتا ہوں کہ وہ اٹھیں اور تمام مسلمانوں کو تنظیم المساجد کے پروگرام کے لئے تیار کریں۔

تنظیم المساجد کا پروگرام جلد شائع کیا جائے گا مگر شائع ہونے کے قبل زمین کا تیار ہونا ضروری ہے۔ اس لئے مسلمانوں کے دلوں کی حالت کو پروگرام شائع ہونے کے قبل دیکھنا چاہتا ہوں تاکہ معلوم ہو کہ کون لبیک کہتا ہے اور کس کے دل میں ملت کی تنظیم کرنے کے لئے اصلی اور صادقانہ تڑپ ہے۔

خادم: کشفی نظامی

مولانا بہلول خاں کے مقدمہ کی اپیل خارج

روئداد جرم پر ایک غیر جانبدارانہ تبصرہ

جبلپور ۳ اگست۔ عدالتی محمد بہلول خاں صاحب کی اپیل جیف کورٹ جبلپور نے نامنظور کر دی آج جناب بہادر خاں مختار عام مولانا محمد بہلول خاں صاحب دانا کی اپیل کو نامنظور کئے جانے کی اطلاع کورٹ میں شادی گئی ... عدالت سے فیصلہ سننے کی استدعا کی ... سب لوگ مولانا موصوف کی بریت کے فیصلہ کو سننے کے امیدوار تھے کیونکہ مولانا نے روئداد میں ...

قدیم اور بے مثال کتب خانہ

سرزمین دکن کی ایک بے نظیر یادگار

پتوں پر ہزاروں برس کا علمی ذخیرہ

ناظرین کرام! میں آپ کا تعارف ایک ایسے کتب خانہ سے کرانا چاہتا ہوں جس سے آپ کو تعجب ہوگا کہ سرزمین ہند میں ایک ایسا کتب خانہ بھی ہے جو قلمی کتب کا خزانہ اور علمی سربستہ اسرار کا معدن اور اپنی قدامت کے لحاظ سے دنیا کا پہلا اسلامی کتب خانہ ہے جس کی نظیر اس وقت دنیا میں ملنی مشکل ہے سب سے اول آپ کا تعارف مالک کتب خانہ سے کرانا چاہتا ہوں۔ کتب خانہ کے مالک و مورث جناب مولوی سید محمد قاسم صاحب ماہر سمیات و ملازم علاقہ نظام سرکار دکن ہیں۔ آپ کے آباء و اجداد خاص سادات ملک عرب سے اس زمانہ میں تشریف لائے تھے جب سلطنت عادل شاہی بیجاپور میں قائم ہوئی تھی۔ عادل شاہیوں کے سلطان اول سلطان یوسف عادل شاہ سے تا ختم حکومت عادل شاہی کے آخری سلطان سکندر عادل شاہ تک ...

کیکاؤس وغیرہ کے ہاتھوں کی تحریرات بھی موجود ہیں جن کو ۱۰۰ ہجری میں بیجاپور پہنچا دیا گیا۔

تار برقی اور وائرلیس کی کتابیں

بعض قلمی کتب اور کتبوں میں ذیل کی ایجادات بنانے کے لئے ہدایات اور فرمودہ طریقے لکھے ہیں۔ مثلاً تار برقی کیسے بنائی جاوے وائرلیس جو ہزاروں میلوں کی خبریں بلا سلسلہ بہم پہنچائے کس طرح بنائی جائے پتھر کے چھوٹے چھوٹے ذرات یا نگڑے دن سے یا توت زمرد وغیرہ کس طرح طیار کئے جاویں۔ ایسا مصالحہ یا چراغ کس طرح طیار کیا جاوے جو ایک تالاب یا حوض کے پانی کو گرمیوں میں سرد اور سردیوں میں گرم رکھے۔ (دہلی کا مشہور حمام اس کی تصدیق کرتا ہے) تحت الارض مخفی اسرار کو بتانے والا آلہ کس طرح ایجاد کیا جائے مردہ کی لاش اور بلا تاریخ کو ہزاروں برس کس طرح محفوظ رکھا جاوے۔ ایسی بجلی جو کم صرف اور جس کا ایک ہنڈا کئی میل تک رات کو دن بنا دے۔ دریا کو آگ کس طرح لگائی جائے۔ (راجہ رامچندر اور راون کے جنگ میں ایسا سنا جاتا تھا کہ لنکا کو آگ لگا دی گئی تھی) یہ واقعہ اس ایجاد کی تصدیق کرتا ہے۔ ایسا طلسم جس کے ذریعہ انسان ہوا پر اڑے اور پانی پر چل سکے وغیرہ وغیرہ غرضیکہ ...

... ایک قدیم بادشاہ کی مہر لگی ہوئی تھی جس سے اس کی اہمیت اور عظمت کا پتہ چلتا تھا نیز مالک کتب خانہ کا بیان ہے کہ سیدنا ابو البشر آدم علیہ السلام، نوح علیہ السلام، ابراہیم علیہ السلام اور دیگر اولو العزم پیغمبروں کے ہاتھ کے نامہ مبارک لکھے ہوئے بھی موجود ہیں۔ جالینوس بطلیموس افلاطون ...

جمعیۃ الخطابۃ کا شاندار انعامی اجلاس

... ہے اس بیسویں صدی میں جب دنیا جدید حقوق کے ذریعہ سے امن و آزادی ڈھونڈ رہی ہے ان کو حقوق سے وہ محروم نہ ہونے دیں جو ان کے اجداد کے زمانے سے چلے آ رہے ہیں۔

(نامہ نگار)

ہندوستان کے ہر یونانی دواخانہ سے زیادہ اصلی تجربات کا خزانہ دواخانہ حکیم جمیل خاں بلی ماران دہلی میں ہے جو زیر سرپرستی مسیح الملک حکیم جمیل خان صاحب خلف الصدق مسیح الملک حکیم اجمل خان صاحب مرحوم خدمت خلق کر رہا ہے۔ ضرورت اور تکلیف بیان فرما کر لکھیں۔ منیجر دواخانہ حکیم جمیل خان دہلی۔

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

روزنہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ

دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... ششماہی ... سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۱ ۲۵ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ...
نصف صفحہ (") ...
ایک کالم (") ...
½ کالم (") ...
¼ کالم (") ...

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر
ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۸ | دہلی یوم پنجشنبہ ۲ جمادی الاول ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۴ اگست ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۳

معاصرین کے افکار و آرا

ریاست جاوره میں محکمہ شرعیہ کا قیام (زمیندار)

شریعت حقہ اسلامیہ نے انسان کے شخصی اور مدنی حقوق کے تحفظ کے لئے جو قواعد مرتب کر رکھے ہیں ان کی نظیر دنیا کے کسی ضابطہ قانون میں نہیں ملتی اس شریعت کے رو سے اگر مرد کو بعض حالات میں بیوی کو طلاق دینے کی اجازت حاصل ہے تو عورت کو بھی بعض حالات کے اندر شوہر سے خلع حاصل کرنے کا حق عطا کیا گیا ہے لیکن مسلمانان ہند کے بعض طبقوں کے عمل نے اپنی عورتوں سے خلع کا حق چھین رکھا تھا گجرات کاٹھیاواڑ کی اسلامی ریاست جاوره کا یہ اقدام مستحق تحسین ہے کہ اس نے عورت کے استحقاق حق کے لئے محکمہ شرعیہ قائم کر کے وقت کی ایک بہت بڑی ضرورت پوری کر دی ہے۔ اور مسلمان عورت کا یہ شرعی حق قانونی طور پر تسلیم کر لیا ہے کہ حسب ذیل شرعی صورتوں کے پیدا ہونے کی صورت میں وہ اپنے شوہر سے خلع حاصل کرنے کے لئے عدالت سے ڈگری لے سکتی ہے۔

(۱) خاوند کا عدم پتہ ہو جانا خواہ وہ اپنی بیوی کے اخراجات کا انتظام کر گیا ہو یا نہ ...

(۲) عورت سے خاوند کی مسلسل بے پروائی۔

(۳) خاوند کا عرصہ دراز کے لئے قید ہو جانا۔

(۴) عورت سے بدسلوکی (مثلاً اسے بھیک مانگنے یا کسی ناجائز ذریعہ معاش کے لئے مجبور کرنا)

(۵) کئی عورتیں رکھنا جبکہ وہ سب کے ساتھ مساوی سلوک نہ کر سکتا ہو۔

اس قانون کا نفاذ ایک مفتی کی عدالت سے ہوگا۔ جسے عدالت العالیہ کے سب اختیارات حاصل ہوں گے ... صاحب شاہی خاندان کے دو ارکان اور ایک ماہر قانون شرعی ...

اس سے زیادہ بڑی عبادت کا تصور ہی نہیں ہو سکتا۔

حجاز ریلوے (شہیر)

سلطان ابن سعود اور برطانیہ کے درمیان جو مسائل مابہ النزاع ہیں۔ ان میں ایک مسئلہ حجاز ریلوے کے قبضہ و ملکیت کا بھی ہے۔ مثلاً اگر ترکی کو چھوڑ دیا جائے اور ایک آزاد اسلامی سلطنت کی حیثیت سے اس کے ساتھ حجاز ریلوے کے ترکی حصے کے متعلق علیحدہ گفت و شنید کی جائے تو پھر اس ریلوے کے دو ہی حصے باقی رہ جاتے ہیں، ایک فلسطینی حصہ۔ دوسرا شامی حصہ، شام فرانس کے انتداب میں ہے۔ اور فرانس اس امر پر آمادگی ظاہر کر چکا ہے کہ حجاز ریلوے کا شامی حصہ مسلمانوں کی تولیت میں دیدے۔ سارا نزاع حقیقت میں اسی حصہ کے متعلق ہے، جو فلسطین میں واقع ہے فلسطین حکومت برطانیہ کی عملداری میں ہے۔ اگر حکومت مذکورہ بھی اس حصے کی حوالگی پر آمادہ ہو جائے تو سارا مسئلہ حل ہو جاتا ہے حجاز ریلوے کو وقف اسلامی قرار دینے میں موتمر عالم اسلامی بھی ایک ...

دو تین ماہ ہوتے رائل سنٹرل ایشین سوسائٹی لندن کے زیر اہتمام ایک جلسہ میں علامہ عبداللہ یوسف علی نے نہایت پر زور الفاظ میں مطالبہ کیا کہ حجاز ریلوے کے تمام انجن اور رولنگ اسٹاک کو مسلمانوں کے اہتمام میں دیا جائے۔ آپ نے فرمایا کہ اگر حجاز ریلوے پھر ایک دفعہ درست ہو کر مسلمانوں کے زیر اہتمام آ گئی تو مدینہ منورہ کا تعلق شمالی دنیائے اسلام سے ہو جائیگا اور اگر سلطان ابن سعود کی یہ تجویز بھی تکمیل پا گئی کہ اس ریلوے کو مکہ معظمہ اور جدہ تک توسیع دیدی جائے تو پھر اسلامی شمالی ملکوں کا تعلق نہ صرف بحیرۂ احمر بلکہ بحیرہ مذکورہ کے مشرقی اسلامی ممالک کے ساتھ بھی ہو جائے گا۔

ملت کے نام سے سرکاری حلقوں میں گونج

دو بہری شکوی

خطرناک غلط فہمی

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

ایک نورانی مجلس میں ازبلا کی شرکت

پادری کے روبرو ازبلا کا اعتراف گناہ

مسیحی مجلسوں کی خفیہ کارروائیوں کا انکشاف

(ازصادق)

گزشتہ اشاعت میں زیاد بن عمر کی مجلس میں ازبلا تشریف آوری کا حال آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں اور یہ بھی دیکھ چکے ہیں کہ لفظ "مقدس باپ" پر زیاد بن عمر نے کس طرح ازبلا کو نصیحت فرمائی آج آگے ملاحظہ فرمائیے:-

ازبلا (شرما کر) اب آپ ہی مجھے تلقین فرمائیے کہ میں آپ کو اور دیگر پیشوایان اسلام کو کن الفاظ و القاب سے خطاب کروں میں چونکہ ناواقف ہوں اس لئے آپ میری غلطی کو معاف فرمائیے۔

زیاد بن عمر - نہیں بیٹی میں نے تو صرف نصیحت کی ہے کہ آئندہ ایسے الفاظ ...

ازبلا - بہت اچھا آئندہ میں آپ کے ہر حکم کی تعمیل کروں گی۔ یا سیدی! یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ اس نے اپنی اس کنیز کو حق و سداد کا راستہ دکھایا اور تثلیث ...

ہمراہ مذہبیں تو میں انور (میکائیل کی لڑکی کا نام) کو تو ضرور اپنے ہمراہ لاؤں گی۔

اسلام خلوص اور سچائی کا طلبگار ہے

زیاد بن عمر - بیٹی! میں تم سے پھر کہتا ہوں کہ تمام شبہات کو دور کر کے اسلام قبول کرنا۔ کسی لالچ یا فریب میں آکر ہرگز مسلمان نہ ہونا۔ اس لئے کہ اسلام تو خلوص کو چاہتا ہے اور قرآن حکیم کہتا ہے کہ ایک مسلمان کی زندگی اور موت، عبادت اور ریاضت، نشست و برخاست، سونا اور جاگنا، غرض ہر چیز اللہ کے لئے ہو اور اسی کی خوشنودی اور رضامندی ہماری زندگی کا نصب العین ہو۔

ازبلا - یا سیدی! میں اللہ تعالیٰ کو گواہ کر کے کہتی ہوں کہ میں کسی لالچ اور طمع سے مغلوب ہو کر اسلام کے آستانہ پر نہیں آئی اور نہ میرا منشا حصول دولت اور جاہ و حشمت ہے۔ آج تمام قرطبہ بلکہ تمام اسپین میں میرے باپ کو جو عزت حاصل ہے وہ آپ بھی جانتے ہیں۔

زیاد بن عمر - جزاک اللہ! اللہ تعالیٰ تم کو استقامت بخشے اور تم پر اپنی رحمتیں نازل کرے۔ (آمین)

پادریوں کو گناہ بخشنے کا اختیار

ازبلا - (مسکرا کر) میرے تمام گناہ تو ہفتہ وار ہمارے قرطبہ کے پادری صاحب جو محکمہ احتساب (انکویزیشن) کے انچارج ہیں معاف کر دیتے ہیں اسلئے میں (سر جھکا کر) معصوم اور بے گناہ پہلے ہی سے ہوں!

زیاد بن عمر - یہ محکمہ احتساب کیا ہے؟ اور پادری صاحب کا گناہوں کو بخشنا ...

گرجا میں اعتراف گناہ

دہرمپال تحریک سے ہلچل

بھاگلپور میں جدید مذہب کی ترویج

جناب ایڈیٹر صاحب اخبار الجمعیۃ بعد سلام مسنون گذارش ہے کہ سطور ذیل اپنے اخبار گہر بار میں طبع فرما دیں تاکہ عالم اسلام کو واقفیت ہو جائے محمود دہرمپال صاحب مونگیر یا بھاگلپور جب تشریف لائے بڑا ہنگامہ ہوتا گیا اس مرتبہ بھی ان کی بھاگلپور میں آمد ہی چند روز کے اختفا کے بعد آئے لیکن پہلے تزک و احتشام سے نہیں بلکہ بحالت کسمپرسی حالانکہ پہلے جم غفیر کے نعرہ تکبیر کے ساتھ آتے تھے۔ اصل یہ ہے کہ ان کی الحادی تقریر اور زندیقانہ تحریر سے قوم مسلم برہم ہو گئی اور محمود نامی دہرمپال صاحب کے ہمنام نے ان کے خلاف میں تجویزیں نکال کر مسلمانوں کو ان کی زہریلی تقریروں اور تحریروں سے آگاہ کر دیا تھا مزید برآں امارت شرعیہ کے مبلغ مولانا حفیظ الحسن صاحب نے دلائل شرعیہ سے دہرمپال صاحب کی گمراہ کن تقریروں کو باطل قرار دیکر مسلمانوں کو ہدایت کی۔

اب پھر بھاگلپور جناب دہرمپال صاحب تشریف لائے اور ایک میدان میں جہاں والنٹیروں کے پہرے لگے ہوئے تھے تقریر کی اور ہر آنے والے سے یہ دریافت کیا جاتا تھا کہ ہمارے پارٹی کے ہیں یا نہیں اگر ہوتا تو جلسہ میں جانے دیتے ورنہ نہیں۔ اسی اثنا میں چند مسلمان تقریر سننے کی غرض سے داخل ہونا چاہتے تھے دروازے پر پہرہ دار ٹکٹ دے رہے تھے ان مسلمانوں نے نہایت سہولت و نرمی سے شرکت جلسہ کی اجازت چاہی اس پر جاہل اور بدمعاش پہرہ داروں نے لاٹھیوں سے ان غریب مسلمانوں پر حملہ کر دیا جس سے دو مسلمان زخمی بھی ہو گئے ان کو فوراً اسپتال لے جایا گیا تقریر میں یہ کہا گیا کہ جس طرح حنفی شافعی مالکی حنبلی وغیرہ شیعہ وہابی غالیانی کو حق تو سیع مذہب کا ہے اسی طرح ہم کو بھی حق حاصل ہے کہ جس طرح ہم نے اسلام کو سمجھا ہے قوم کو اس کی دعوت دیں اور دو ورقی پرچے بھی جلسہ میں بانٹا گیا جس میں انجمن ابرار ہند کا میثاق درج ہے اس کے بارہ نمبر ہیں ان میں ایک نمبر میں بھی نماز، زکوٰۃ، روزہ، حج کا متعلق ذکر نہیں ہے اس پر حلفیہ دستخط لئے جانے کا ذکر ہے اس طرح ایک جدید مذہب کی بنیاد پڑی دیکھئے خدائے پاک ہم کو کیا کیا دکھاتا ہے۔

ارشد علی خاں دھام نگری مقیم بھاگلپور سٹی

آئمہ مساجد اور نادار طلباء سے گذارش

پیشوا اگست کے پیشوا نمبر میں قارئین پیشوا کی خدمت میں یہ تحریک کی ہے کہ وہ پیشوا کا ایڈیشن شوقین اور نادار طلباء اور مساجد کے غریب امام صاحبان کے نام اپنے خرچ سے جاری کرائیں۔ خدا کا شکر ہے کہ یہ اسکیم مقبول ہو رہی ہے۔ اور قارئین پیشوا کی ایک جماعت نے پیشوا کی قیمت دیکر مساجد کے بڑے بڑے امام صاحبان اور مدارس عربیہ کے نادار طلباء کے نام پیشوا مفت جاری کرانا چاہتے ہیں۔

لہذا میں بہت شکرگذار ہونگا۔ اگر پیش امام صاحبان اور مستحق طلباء اپنے پتے مفصل بھیجیں۔ دفتر رسالہ پیشوا دہلی میں ارسال فرمائیں۔

عزیز حسن بقائی ایڈیٹر پیشوا دہلی

نظر نواز! خوبصورت حمائل "دلکش"

بلیاد ... ایل ... خوشنما پاکٹ سائز کاغذ خوش رنگ اغلاط سے محفوظ ... خوشخط تحریر کے عکسی بلاک بنوا کر طبع کی گئی ہے ہر صفحہ کا حاشیہ ایک ... سے ... ایک خوبصورت نواز نگ کیس میں پیک کر کے نہایت احتیاط سے روانہ کی جاتی ہے ... نہایت مختصر فی جلد ایک روپیہ ... پانچ جلد پر آٹھ آنہ رعایت دس جلد پر ایک حمائل نادر۔

دفتر اشاعت القرآن ...

سفید بال جڑ سے کالا

ایک ... سفید بال ... کالا ... پیدا ہو ... ورنہ دام واپس۔

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑیئے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

وہاں سے ایک کارڈ لیکر تحریر فرما دیں اور صحت و تندرستی کی گائیڈ ...

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ



بچوں کی ہر بیماری کی شرطیہ دوا

حکیم ... گورنمنٹ ہند سے رجسٹرڈ

بال جیون گھٹی

المشتہر منیجر بال جیون کارخانہ علی گڑھ شہر یو۔ پی۔

ردِ مرزائیت کی معاون

مرزا غلام احمد قادیانی کے جانشینوں کی طرف سے اسلام کے خلاف جو زہر اگلا جا رہا ہے اور مسلمانوں کے دین کو جس گندم نما جو فروشی سے نقصان پہونچانے کے لئے ... کوششیں کی جا رہی ہیں بہت سے بھولے بھالے اور سادہ لوح ناواقف مسلمانان بسا اوقات ان کے جال میں پھنس جاتے ہیں لہذا اس فتنہ کے قلع قمع کرنے کے لئے آپ مکتبہ علمیہ کی حسب ذیل کتابیں پڑھ کر مرزائیوں کے دام تزویر سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

آئینہ کمالات مرزا۔ اس رسالہ میں مرزا غلام احمد کی پیشینگوئیاں اور الہامات کا سر بسر جھوٹ ثابت کیا گیا ہے جس کے پڑھنے سے ہر شخص مرزا کی غلط بیانی سے بخوبی واقف ہو سکتا ہے۔ قیمت ۳؍

عقائد قادیانی منظوم۔ اس مختصر رسالہ میں مرزا کے عقائد باطلہ اور کفریہ کو مسدس کی شکل میں پیش کیا گیا ہے جس کو دیکھ کر آسانی سے مرزائیت کی حقیقت کا انکشاف ہو جاتا ہے۔

دین مرزا کفر خالص۔ یہ رسالہ دیکھنے کے بعد آپ کو مرزائیوں کے کفر و ارتداد کا پورا یقین حاصل ہو جائے گا اور پھر آپ ہرگز ان کے پھندے میں نہ آسکیں گے

معیار المسیح۔ اس میں ان آیتوں سے جن سے کہ مرزا کی صداقت ثابت کی جاتی ہے ان کا کاذب ہونا ثابت کیا ہے قیمت ۳؍

نامہ حقانی در کذب مسیح قادیانی۔ اس رسالہ کو پڑھکر آپ مرزائیوں کے فریب سے اچھی طرح واقف ہو سکیں گے ... قیمت ۵؍

دوسری شہادت آسمانی۔ میں نہایت فصاحت کے ساتھ مرزا کے جھوٹ کو ... قیمت ۳؍

محکمات ربانی۔ میں قادیان کا مکمل جواب ہے جس میں مصنف نے وہ مضامین جمع کئے ہیں جن سے مرزائیوں کی کارروائیوں کا پردہ فاش کر کے سیدھے سادے مسلمانوں کو ان کے فریب سے بچایا گیا ہے قیمت ۶؍

مسیح قادیان کی حالت کا بیان۔ اس کتاب کے دیکھنے سے قادیانیوں کی حقیقت کا پورا پورا نقشہ آپ کے سامنے آجائے گا قیمت ۳؍

صحائف رحمانیہ۔ ... قیمت تین روپے دس آنے

ہدیہ عثمانیہ میں آصفیہ اور اس کے مصنف کی حالت کو آفتاب کی طرح روشن کر کے دکھایا گیا ہے قیمت صرف ۳؍

انوار ایمانی میں عبدالماجد قادیانی کی کذب بیانی کا نقشہ کھینچ کر دکھایا گیا ہے ... قیمت ۳؍

اطلاع ربانی۔ یہ کتاب ان نو سوالوں کے جواب کا مجموعہ ہے ... قیمت ۸؍

حقیقۃ المسیح اس رسالہ میں مسیح کی علامات اور مسیح کاذب کی حالت کو نہایت روشن طریقہ سے واضح کیا گیا ہے۔ جس کا دیکھنا مسلمانوں کو نہایت ضروری ہے۔ قیمت ۳؍

ختم نبوت فی القرآن۔ اس کے پڑھنے سے آپ کو آیات قرآنی کے ذریعہ صاف صاف معلوم ہو جائے گا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی پیدا ہی نہیں ہوا قیمت ۱۲؍

ختم نبوت فی الحدیث۔ ...

حیات محمود

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کا خطبہ صدارت

حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے آپ نے جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس منعقدہ پشاور میں جو بے نظیر خطبہ صدارت پڑھا تھا اس کے متعلق صرف اس قدر کہہ دینا کافی ہے کہ آج تک اس قدر معلومات سیاسیہ اور مذہبیہ سے لبریز کوئی خطبہ جمعیۃ علماء ہند کے پلیٹ فارم پر نہیں پڑھا گیا مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ بے حد ضروری ہے یہ خطبہ صدارت مباحث ذیل پر مشتمل ہے:-

(۱) ضرورت نظام ملی و تفصیل (۲) اولی الامر کی تشریح (۳) مسئلہ ختم نبوت (۴) اہل اسلام کا رابطہ دینی (۵) معاہدہ مسلمین با غیر مسلمین (۶) دارالاسلام دارالحرب دارالامان کی بحث (۷) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہود مدینہ کے ساتھ معاہدہ (۸) صوبہ سرحد کی سیاسی حالت (۹) دہلی کی تجویز مفاہمت (۱۰) دارالقضاء کی ضرورت (۱۱) مسلمان عورتوں کی بے کسی اور فتنہ ارتداد (۱۲) منتخب امیر یا قاضی کے اختیارات (۱۳) فریضہ تبلیغ و اصول تبلیغ (۱۴) تربیت نو مسلمین (۱۵) عورتوں کی میراث سے محرومی (۱۶) لڑکیوں پر روپیہ لینا (۱۷) تحفظ اوقاف۔

اس خطبہ کی بہت کم جلدیں رہ گئی ہیں اگر فرمائش بھیجنے میں تاخیر کی تو پھر اس نایاب خطبہ کا حاصل کرنا بہت مشکل ہو جائے گا۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ نہایت عمدہ ہے ظاہری اور باطنی محاسن کے باوجود قیمت صرف ۲؍ ہے محصول ڈاک خریدار کے ذمہ ہوگا۔

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کر کے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کر دیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں ان کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی ہے اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ایک روپیہ اور جنت کی کنجی کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف دو روپے لی جائے گی دونوں حصوں میں کل ۹۳۳ احادیث درج ہیں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے۔

دلائل الخیرات اوراد و وظائف کی مشہور اور بہترین کتاب قیمت ... مجلد ...

تحفۃ المحبین

شائقین زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے بہتر اور کیا موقع ہوگا کہ خود آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ پر عمل کر کے آپ کی زیارت سے مشرف ہوں لہذا اگر آپ کو رسول اکرم علیہ تحیۃ الاسلام سے سچی محبت ہے اور آپ چاہتے ہیں آپ کی تعلیم سے مستفیض ہوں تو تحفۃ المحبین منگا کر پڑھیئے جس میں جالیس حدیثیں آیۃ ان اللہ وملائکتہ کی تفسیر بزرگان دین کے واقعات اور درود شریف کے فضائل نہایت تفصیل کے ساتھ ذکر کئے گئے ہیں اور خصوصیت سے درود کو دو شریف بنایا گیا ہے جس کے پڑھنے سے آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت خواب میں نصیب ہوتی ہے۔ آخر میں صلوٰۃ التسبیح کا طریقہ سمجھایا گیا ہے جس کی احادیث میں بے حد تعریف مذکور ہے۔ باوجود ان اوصاف کے قیمت صرف ۳؍

تعلیم الاسلام

مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کیلئے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی بہترین تصنیف ہے۔ جو کثرت سے اسلامی مدارس کے ابتدائی درس میں داخل ہو چکی ہے سوال و جواب کے پیرایہ میں نہایت مختصر طریقہ پر اسلامی معلومات کے دریا کو کوزہ میں بھر دیا ہے اس کتاب کے چار حصے ہیں ... مکمل سٹ کی قیمت صرف ۳؍

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا

کیا وجہ ہے جو امیروں کا ہے جس طرح امیر مسلمانوں کے لئے خدائی کتاب قرآن مجید کی تلاوت ضروری ہے اسی طرح غریبوں کیلئے بھی ضروری ہے لیکن غریب زیادہ ہونے کی وجہ سے قرآن مجید نہیں حاصل کر سکتے اس لئے ان کی آسانی کے خیال سے ایسا قرآن مجید شائع کیا گیا ہے جس کا ... بے نظیر ہے یہ نورانی قرآن مجید ہے ... ہر حرف کا اعراب ٹھیک اسی حرف پر لگا ہوا ہے ... قیمت ... علاوہ محصول ڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

اب اتنا مشہور اور مقبول ہو چکا ہے کہ اس کے تعارف کیلئے طویل چوڑی عبارت کی حاجت باقی نہیں رہی مختصر یہ ہے کہ اتنی خوبیوں کا قرآن مجید ہندوستان کیا ہندوستان سے باہر بھی کہیں شائع نہیں ہوا خوشخطی طباعت اور صحت کا غیر معمولی اہتمام کیا گیا ہے حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر اردو چھپی ہوئی ہے انہیں خوبیوں کی وجہ سے حضور نظام نے اس قرآن مجید کو اپنے ... کے لئے مخصوص فرما لیا ہے۔ حضرت شیخ سعدی حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ جیسے بزرگوں کے ترجمے درج ہیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

ایم اے رفیع تاجر عطر قطب روڈ دہلی سے خالص اور اعلیٰ قسم کی بسی ہوئی تلی کے تیار کردہ خوشبودار تیل اور پائیدار خوشبو کے عطریات خرید فرمائیں

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرعِ متین مسائلِ ذیل کے بارے میں:

الجواب

حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء

الجواب

سرحد کی جنگ

سرحد کے متعلق تازہ اطلاع یہ ہے کہ وہاں اب کامل امن و سکون قائم ہو گیا ہے اور سڑک اور پل کی تعمیر نہایت اطمینان کے ساتھ جاری ہے۔ آج کے ہندوستانی انگریزی اخبارات نے اس خبر کو بنیاد بنا کر یہ سمجھا ہے کہ گویا سرحد پر پھر سے امن قائم ہو گیا۔ مگر آج کا اسٹیٹسمین اپنے ایک شذرہ میں اس غلط فہمی کو دور کرتے ہوئے لکھتا ہے:

مراعات یا رہائی

گاندھی جی کے برت کو آج آٹھ دن ہو چکے ہیں اور سول ہسپتال میں ان کی طاقت رفتہ رفتہ رخصت ہو رہی ہے۔ ابھی تک حکومت کی طرف سے ان کو مطلوبہ مراعات دینے یا غیر مشروط طریقہ پر رہا کر دینے کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔

حادثۂ ارتحال

الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یوم پنجشنبہ ۲ر جمادی الاول ۱۳۵۲ھ ہجری

جمعیۃ علمائے ہند کا آئندہ پروگرام

۱۹۲۰ء سے لے کر آج تک جمعیۃ علمائے ہند نے ملک اور قوم کی جو عظیم الشان خدمات انجام دی ہیں ان سے ہندوستان کا بچہ بچہ واقف ہے اور تمام سیاسی طبقات میں عام طور پر اس کا اعتراف کیا جاتا ہے کہ مسلمانانِ ہند کی یہی ایک جماعت ہے جس نے ہمیشہ ایثار و قربانی کی بہترین مثالیں پیش کی ہیں اور دنیا کی نگاہ میں مسلمانوں کی عزت اور ان کے وقار قومی کو برقرار رکھا ہے۔ گزشتہ تیرہ سال کے عرصہ میں بارہا ایسے مواقع آئے ہیں کہ مسلمانوں کے وہ سیاسیئین جو اپنے آپ کو سیاسیات کا ماہر خصوصی سمجھتے ہیں اور مسلمانوں کی ضروریات اور ان کے حقوق و مطالبات کی ترجمانی کو بلا شرکت غیرے اپنا مخصوص اور امتیازی حق جانتے ہیں۔ آزادیٔ ہند کے طے شدہ مسلک سے منحرف ہو گئے ہیں اور اپنی قوتِ عمل اور اپنے جذبۂ حق پرستی پر بھروسہ کرنے کے بجائے دوسروں کے دعاوی اور امداد و اعانت پر انحصار کر بیٹھے ہیں اور تمام مسلمانوں کو من حیث القوم خوشامد و چاپلوسی کا سبق پڑھانے لگے ہیں، مگر جمعیۃ علمائے ہند ہی وہ جماعت ہے جس کے بوریہ نشین اراکین نے مغرب کی شاندار درسگاہوں اور یونیورسٹیوں میں سیاسیات کی تعلیم حاصل نہ کرنے کے باوجود ہندوستان کی عملی سیاسیات کو ہمیشہ صحیح روشنی میں سمجھا ہے اور گرد و پیش کے حالات و واقعات

والیسرائے کا جواب

معلمین کا مسودہ قانون

مسلح فوج کے قیام کی ممانعت

حجاز، شرق اردن اور برطانیہ کے باہمی تعلقات

عقبہ و معان اور حجاز ریلوے کیلئے والی حجاز کی تگ و دو

جزیرۃ العرب میں برطانوی اقتدار کے افسوسناک نتائج

(ترجمہ خصوصی)

حکومت حجاز کے وکیل وزارت خارجہ فواد حمزہ بک گفت و شنید کی غرض سے بیت المقدس جاتے ہوئے مصر پہونچے تو متعدد نمائندوں نے آپ سے ملاقات کی اور الاہرام کے نمائندۂ خصوصی نے آپ سے متعدد سوالات کئے۔ پہلا سوال عقبہ و معان کے متعلق تھا کہ آپ نے اس معاملہ میں حجازی حکومت کے صحیح موقف کے متعلق ارشاد فرمایا کہ سابق شاہ حسین مرحوم کے عہد حکومت میں عقبہ اور معان شرق اردن میں مدغم کر دئیے گئے تھے اور حکومت شرق اردن کی جانب سے ...

وحدۃ عربیہ

جزیرۃ العرب کی سیاسیات احاسیہ کے اندرونی حالات پر اظہار خیال کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ جزیرۃ العرب میں زوال حکومت عثمانیہ کے بعد کئی حکومتیں قائم ہوئیں۔ چھوٹی چھوٹی امارتوں کا یہ حال ہو گیا تھا کہ ان کو استقلال کے ساتھ قائم رکھنا سخت دشوار ہو گیا۔ جب یہ حالت ہوئی تو وحدۃ عربیہ کے پیش نظر عربوں نے مناسب سمجھا کہ ان چھوٹی چھوٹی حکومتوں کو بڑی حکومتوں اور امارتوں میں مدغم کر کے جزیرۃ العرب میں حریت عمل اور استقلال حیات کی روح پھونکی جائے اور ان میں وحدت و اتحاد قائم کیا جائے۔ چونکہ وسعت اور آبادی کے اعتبار سے مملکت عربیہ سعودیہ سب سے بڑی حکومت ہے اسلئے جلالۃ الملک سلطان ابن سعود نے اس سلسلہ میں قدم بڑھایا۔

جزیرۃ العرب میں برطانیہ کا نفوذ

جزیرۃ العرب میں دوسرے درجہ پر حکومت یمن ہے۔ مملکت حجاز اور مملکت یمن میں زبردست اور محکم تعلقات قائم ہیں۔ اسی قسم کے تعلقات شرق اردن سے ہیں۔ الغرض عراق اور تمام اقطاع عرب سے بھی ہمارے تعلقات دوستانہ اور خوشگوار ہیں۔

عقبہ اور معان کے متعلق پہلی گفتگو

دوبارہ گفت و شنید

حجاز ریلوے کا مسئلہ

(۱) دونوں حکومتوں کے درمیان دوستی، امن و امان اور صلح کے تعلقات قائم رہیں گے۔

(۲) کوئی حکومت کسی حکومت کے خلاف کسی قسم کی کاروائی نہ کرے گی اور نہ اپنے ملک میں اس کے خلاف سازشیں ہونے دیگی۔

(۳) اگر کسی حکومت کو معلوم ہو جائے کہ اس کے ملک میں کوئی شخص دوسری حکومت کے خلاف سازش کر رہا ہے تو وہ اسے سزا دیگی۔

(۴) ایک حکومت دوسری حکومت کی رعایا کو اپنے ملک میں آ کر آباد ہونے کی ترغیب نہیں دیگی۔

(۵) مابہ النزاع سرحد بہت جلد تعین کر دی جائیں گی۔

معلوم ہوا ہے کہ اس معاہدہ میں عقبہ اور معان کا ذکر نہیں آیا ہے جس کا حال ابھی تک معلوم نہیں ہوا۔

حیفا کانفرنس کا حشر

جاپان، ہندوستان کے بجائے ایران سے روئی خریدیگا

نو سو روئی کے بنڈل طہران سے خرید لئے گئے

لنکاشائر ہندوستان سے روئی خرید کر پھر ہندوستان روانہ کریگا

بمبئی ۲۰ر اگست۔ ہندوستانی روئی کا بائیکاٹ کرنے کے بعد جاپان نے خام روئی کی خریداری کے لئے ایران کو منتخب کیا ہے اور اس نے تجربتاً طہران کے مارکیٹ سے ۹۰۰ روئی کے گٹھے خرید لئے ہیں جو بذریعہ جہاز روانہ کر دئے گئے ہیں۔ اگرچہ ہندوستانی روئی کے ٹھیکہ کی میعاد ابھی باقی ہے مگر جاپان نے بمبئی کے مارکیٹ کو روئی کے ایک گٹھہ کے لئے بھی آرڈر نہیں دیا۔ دوسری طرف جاپان کو ایرانی مارکیٹ سے روئی کے خریدنے میں سخت دشواریاں بھی ہیں۔

جدید ہندوستانی اور برطانوی تعاون کی اسکیم کے ماتحت اس امر کا انتظام کیا جا رہا ہے کہ ہندوستانی روئی کے ... گٹھے برطانیہ کو برآمد کئے جائیں تاکہ لنکاشائر ان کا کپڑا تیار کر کے پھر ہندوستان کو روانہ کر دے۔

جاپان ہندوستانی روئی کا بائیکاٹ برابر جاری رکھیگا اور جب تک شملہ میں جاپانی اور برطانوی نمائندوں میں کوئی تسلی بخش تصفیہ نہ ہو جائے اس وقت تک جاپان کے رویہ میں کوئی تبدیلی نہ ہوگی۔

ہندوستان اور جاپان میں تجارتی گفت و شنید

جاپانی نمائندوں کے نام شائع ہو گئے

شملہ ۱۹ر اگست۔ جاپانی قنصل جنرل مقیم شملہ نے آج ان جاپانی نمائندوں کے نام برائے اشاعت پریس کو بھیجے ہیں جو حکومت ہند کے نمائندوں سے ہندوستان اور جاپان کے تجارتی تعلقات کے متعلق گفت و شنید کرنے کے لئے شملہ آئیں گے۔ ان نمائندوں کے نام حسب ذیل ہیں:۔

جنگ کرنے والی حکومتوں کا بائیکاٹ

کلیسا کے نزدیک جنگ کو روکنے کی تدابیر

صادقانہ جذبہ میں باطل کی ملاوٹ

لندن تازہ اتحاد کے بعد بینیوڈ سٹ چرچ کا جلسہ عنقریب ہونے والا ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ یہ اجلاس حسب ذیل اعلان شائع کرے گا:۔

"ہر اس حکومت کو مدد دینے سے انکار کر دیا جائے جو کسی دوسری حکومت سے اپنے اختلاف کو بین الاقوامی عدالت کے ذریعہ پر امن طریقہ سے طے کرنے سے انکار کر دے۔"

چرچ کی رائے میں ضروری ہے کہ فوراً ہتھیار بندی کم کر دی جائے اور ہتھیاروں کی فروخت پر بھی سخت پابندیاں عائد کی جائیں تاکہ تدریجی ہتھیار بندی موقوف ہو جائے۔ چرچ کو ضمیر کی آزادی کے اصول پر پختہ یقین ہے۔

انگلستان کی معاشرتی زندگی کا ایک نمونہ

چار سو پونڈ لیلو مگر مجھ سے شادی نہ کرو

لندن ۱۹ اگست۔ یہاں عدالت نے ایک دلچسپ مقدمہ کا فیصلہ کیا ہے جس میں ایک شخص سے اس کی منگیتر کو چار سو پونڈ عدالت نے دلوا دیا ہے۔

انگلستان میں جرمنی مال کا بائیکاٹ

برطانی مزدوروں سے انجمن تجارت کا مطالبہ

لندن ۱۹ر اگست۔ ٹریڈ یونین کانگریس (برطانیہ) کی جنرل کونسل کا اجلاس ستمبر کے شروع میں برائٹین میں ہونے والا ہے۔

عدن کے انتظامات کو منتقل نہ کیا جائے

حکومت کے پیش کردہ دلائل کا جواب

بمبئی ۱۹ر اگست۔ حکومت کا ارادہ ہے کہ عدن کے سول انتظامات کو ہندوستان سے منتقل کر کے نوآبادیات کی حکومت کے قبضہ میں دیدیا جائے۔

حکومت آسٹریا کا نیا حکم

دشمنوں کی امداد کرنیوالوں کی جائداد ضبط

ویانا ۱۹ر اگست۔ آج آسٹرین لوگوں کے لئے ایک نوٹس جاری کیا گیا ہے کہ اگر کسی شخص نے آسٹریا کے دشمنوں کو کسی قسم کی امداد دی یا بغیر پروانہ راہداری کے اس مقصد کے لئے سفر کیا تو اس کو شہری حقوق سے محروم کر دیا جائیگا اور اس کی کل جائداد ضبط کر لی جائیگی۔

جرمنی میں اسٹارم ٹروپ کا ایک سپاہی گرفتار

برلن ۱۹ر اگست۔ امریکن ڈاکٹر ڈاینل پر اسٹارم ٹروپ نے سلام نہ کرنے پر جو حملہ کیا تھا اس کے نتیجہ میں آج اس کو گرفتار کر لیا گیا اور معمول پولیس کو ہدایت کر دی گئی کہ وہ اس پر مقدمہ چلائے۔

مستقبل کے مختار کل!

ڈکٹیٹری کے مستحق کون لوگ ہوتے ہیں؟

جاپانی صنعت نے تمام حکومتوں کو شکست دیدی

جدید ہسپانیہ کا قابل تعریف کارنامہ

ایک ماہ میں دس لاکھ پونڈ کا تمباکو پیدا کیا گیا

حکومت ترکیہ کی دسویں سالگرہ

محصول ڈاک اور ریل کے کرایہ میں تخفیف

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ کے اہم فیصلے

ڈکٹیٹر دوازدہم کے بیان کی تصدیق اور سول نافرمانی کے پروگرام کا التوا

آئندہ لائحہ عمل کی ترتیب کیلئے سب کمیٹی بنادی گئی

قرطاس ابیض کی مذمت، بمباری کے خلاف احتجاج، قوانین حج کی مخالفت

گاندھی جی کو وائسرائے کے جواب پر اظہار رائے

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ کا ایک نہایت اہم وضروری اجلاس ۱۹، ۲۰، ۲۱ اگست کو مرادآباد میں منعقد ہوا جس میں حسب ذیل حضرات نے شرکت فرمائی:

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند۔ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند۔ حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی۔ حضرت مولانا حفظ الرحمان صاحب سیوہاروی۔ حضرت مولانا بشیر احمد صاحب۔ حضرت مولانا محمد نعیم صاحب لدھیانوی۔ حضرت مولانا شاہ عبدالصمد صاحب مونگیری۔ حضرت مولانا شاہ لطف اللہ صاحب۔ حضرت مولانا فخر الدین صاحب مرادآبادی۔ اراکین مجلس عاملہ کے علاوہ مجلس منتظمہ کے اراکین میں سے بھی حضرت مولانا محمد میاں صاحب۔ حضرت مولانا محمد اسمٰعیل صاحب۔ حضرت مولانا قاری محمد عبداللہ صاحب اور دیگر حضرات نے مجلس کے مباحث میں حصہ لیا۔

حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار نے جو مقامی مشغولیتوں اور مجبوریوں کے باعث شرکت نہ فرما سکے اپنا ایک مفصل بیان مجلس عاملہ کے غور ونظر کی غرض سے ارسال فرمایا جسے مجلس کے سامنے پڑھ کر سنایا گیا۔

مجلس عاملہ کی آئینی حیثیت

آئندہ پروگرام پر طویل بحث وغور

مسائل حاضرہ پر اظہار رائے

فرقہ وارانہ سمجھوتہ کی سعی

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ کا یہ جلسہ اس امر پر انتہائی رنج وافسوس کا اظہار کرتا ہے کہ باوجود مسلسل وپیہم کوششوں کے فرقہ وارانہ مسائل کا باہمی سمجھوتہ نہیں ہوسکا اور اس وجہ سے حکومت برطانیہ کے وزیر اعظم نے فرقہ وارانہ حقوق کا ایک مستبدانہ فیصلہ کردیا۔

اس جلسہ کی رائے میں ہندوستان کی مختلف قوموں کے لئے اب بھی موقعہ ہے کہ آپس کے معاملات متنازعہ کا باہمی رضامندی سے خوشگوار اور پائیدار فیصلہ کرلیں جس سے آئندہ حکومت چلانے اور امن وامان کی زندگی بسر کرنے کی امید قائم ہو اور ان لوگوں کے لئے فساد اندازی کا کوئی موقعہ باقی نہ رہے جو ہندوستان کی مختلف قوموں کو آپس میں لڑا کر اپنی مقصد براری اور کامیابی کی راہ نکالتے ہیں۔

قوانین حج پر احتجاج

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ کا یہ جلسہ ان دو مسودات حج کی اسمبلی میں منظوری کے خلاف سخت احتجاج کرتا ہے جو بندرگاہوں کی حج کمیٹیوں اور حجاج کی آرام وآسائش کے متعلق ہیں اور حج کمیٹیوں پر حکومت ہند اور صوبجاتی حکومتوں ...

امور اور اخلاق وانسانیت کے معمولی اصول کے ماتحت قابل مذمت سمجھتا ہے۔

سول آبادی پر بم برسانے سے بے گناہ عورتوں، بچوں، کمزوروں، ضعیفوں، بوڑھوں اور اپاہجوں کی جانیں بھی ضائع ہوجاتی ہیں اور جو بغیر کسی کھلے نوٹس ایسی ہولناک کارروائی کے لئے وجہ جواز نہیں بن سکتا۔

یہ جلسہ حکومت سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس بمباری کو فوراً بند کرے اور ان نتائج کو جو اس وقت تک بمباری سے پیدا ہوئے ہیں سرکاری بیانات کے ذریعہ سے منظر عام پر لائے اور سرحدی قبائل کے ساتھ معاملات سلجھانے کے لئے مصالحانہ جرگوں کا طریقہ اختیار کرے۔

نیز یہ جلسہ اخوت اسلامی کی بناء پر حکومت افغانستان سے پرزور استدعا کرتا ہے کہ وہ اپنے اثر ورسوخ کو کام میں لاکر انگریزی حکومت کو غیر مصافی آبادی پر بم برسانے سے باز رکھے اور اس سلسلہ میں بے گناہ عورتوں، بچوں، ضعیفوں، اپاہجوں کی جانیں بچاکر اپنا اسلامی اور انسانی فرض کو ادا کرے۔

یہ جلسہ مسلمانان ہند کو توجہ دلاتا ہے کہ اپنے اپنے مقامات پر بڑے بڑے جلسے منعقد کرکے اس جابرانہ کارروائی کے خلاف پرزور احتجاج کریں اور حکومت پر واضح کردیں کہ اس کی یہ کارروائی انسانیت کے خلاف جنگ ہے اور اس سے تمام اہل ہند بالخصوص مسلمانوں کے قلوب پارہ پارہ ہوگئے ہیں اگر اس نے اس بہیمانہ کارروائی کو فوراً بند نہ کیا تو اسکے ہولناک نتائج کی تمامتر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔

... کے خلاف ہیں یا اس نے کسی پمفلٹ میں حکومت کے خلاف نکتہ چینی کی ہے مذہبی اعمال کی ادائیگی سے باز رکھنے کے لئے وجہ جواز نہیں ہوسکتا اس بناء پر جلسہ کی رائے میں حکومت کا یہ فعل صریح طور پر مذہبی امور میں مداخلت ہے اور جلسہ اس کے خلاف پرزور صدائے احتجاج بلند کرتا ہے۔

دہلی میں پیدائش واموات

محکمہ حفظان صحت کی رپورٹ

دہلی کے محکمہ حفظان صحت کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ جون ۱۹۳۲ء میں ... اسی مہینہ میں ۱۳۸ اموات ہوئیں۔

سال رواں کے ماہ جون میں ایک سال کے مرنے والے بچوں کی تعداد ۸۲ تھی اور گزشتہ سال اسی مہینہ میں ۱۲۴ بچے ضائع ہوئے۔

۱۲ اگست ۱۹۳۲ء کے ہفتہ ختمہ تک ایک ہفتہ کے اعداد وشمار سے معلوم ہوتا ہے کہ اس دوران میں ۹۶ اموات ہوئیں اور اس سے پہلے ہفتہ میں اموات کی تعداد ۴۵ تھی اس حساب سے روزانہ اموات کا اوسط ۴۲ ہوتا ہے۔ اس ہفتہ رقبہ شہترہ میں نہ تو کوئی پیدائش ہوئی اور نہ موت۔ نئی چھاؤنی میں ۴ بچے پیدا ہوئے اور ایک موت واقع ہوئی۔ رقبہ شہترہ۔ سول لائن دہلی میں ۲۸ پیدائش اور ۱۵ اموات واقع ہوئیں۔ نئی دہلی میں ۱۲ بچے پیدا ہوئے اور ۹ مرے۔

مقدمہ سازش دہلی کا اختتام

تین ملزموں کو قید سخت کی سزا

دہلی ۲۲ اگست۔ سابق مقدمہ سازش دہلی کے ملزمان میں سے صرف تین ملزمان کا مقدمہ عدالت سشن میں اور باقی تھا۔ اس مقدمہ میں مسٹر بمل پرشاد جین۔ مسٹر دانسائن اور مسٹر پالورام گپتا ملزمان تھے۔ ان کے خلاف مادہ آتشگیر تیار کرنے اور جھنڈے والان بم فیکٹری میں کام کرنے کا الزام تھا۔ آج عدالت سشن نے اس مقدمہ کا فیصلہ سنادیا۔ ہر سہ ملزمان کو پانچ پانچ سال قید ...

دریائے راوی کی طغیانی میں اضافہ

۴ فٹ پانی چڑھنے کا امکان

آفریدیوں کے ہاتوں دو سپاہیوں کا قتل

گاندھی جی کو رہا کیا جائے

گاندھی جی کے برت کا چھٹا دن

وزن میں کمی آواز کمزور پڑ گئی

جیل میں کستوری بائی کی آمد

پونہ ۲۱ اگست۔ آج گاندھی جی کے برت کا چھٹا دن ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ آج اُن کی صحت بہت گری ہوئی نظر آتی ہے اور وہ بہت دھیمی آواز میں بات چیت کرتے ہیں۔ ان کو بات چیت کرنے میں کسی قدر زور لگانا پڑتا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ ان کے وزن میں ایک پونڈ کی مزید کمی ہوگئی ہے اب اُن کا وزن صرف ۹۴ پونڈ رہ گیا ہے۔ ان کی عام حالت اطمینان بخش بتلائی جاتی ہے آج دوپہر کو بارہ بجے انہوں نے اپنا مون برت توڑ دیا۔

ریورنڈ اینڈریوز نے آج دوپہر ۱ بجے سے ۲ بجے تک گاندھی جی سے گفت وشنید کی وہ گفت وشنید کو قطعی صیغہ راز میں رکھے ہوئے ہیں اور یہ بتلانے سے انکار کرتے ہیں کہ اُن کے اور گاندھی جی کے درمیان کس مسئلہ پر بات چیت ہوئی ہے۔ گزشتہ دنوں کی مانند آج انہوں نے حسب معمول گاندھی جی سے ملاقات کے بعد یا اس سے قبل مسٹر میکسویل ہوم سکرٹری حکومت بمبئی سے گفت وشنید نہیں کی۔ وہ جب گاندھی جی سے ملنے جانے لگے تو محض اجازت طلب کرنے کے لئے سکرٹری یوسف کے کمرہ میں گئے اور اجازت لے کر چلے آئے ان کا کہنا ہے کہ جب تک موجودہ جمود ختم نہیں ہوگا وہ پونہ ہی میں قیام کریں گے۔

گاندھی جی کی اہلیہ ہسپتال پہونچتے ہی گاندھی جی کے پاس پہونچیں مسٹر منصور داس ٹریکم جی نے آج اس خیال سے گاندھی جی سے ملاقات کرنے ...

اسمبلی کے اجلاس کا افتتاح

گاندھی جی کے متعلق سوالات کی بھرمار

سوالات کی بھرمار

گاندھی جی ہسپتال میں داخل کرتے گئے

جبریہ خوراک دینے کی سرکاری تردید

گاندھی جی کی اہلیہ رہا کردی گئیں

اسمبلی کے مسلم ممبران کی وائسرائے سے ملاقات

سرحد کی بمباری پر گفت وشنید

حلیم زئی اور بالائی مہمندوں کے نمائندوں کا اجتماع

فوجوں کی واپسی کیلئے حکومت کی طرف سے ایک شرط

علاقہ گنداؤ سے مہمندی قبائل منتشر ہوگئے؟

شملہ ۱۷ اگست۔ سرحد کی تازہ ترین اطلاعات مظہر ہیں کہ ۱۵ اگست کو بالائی مہمندوں کے سرکردہ ملکوں نے حکومت سے درخواست کی کہ اگروہ خونریزی سے بچنا چاہتے ہیں تو غنداؤ سے اپنی فوجیں واپس بلالیں۔ سرکاری حکام کی طرف سے ان کو یہ جواب دیا گیا کہ جب تک مخالف لشکر (یعنی مہمندی) منتشر نہ ہوجائیگا اور حکومت کو یہ اطمینان نہ ہوجائے گا کہ اب قبیلہ حلیم زئی پر حملہ کا کوئی اندیشہ اور امکان نہیں ہے اس وقت تک فوجیں واپس نہیں بلائی جائیں گی۔ اس کے بعد ۱۸ اگست کو بالائی مہمندوں اور قبیلہ حلیم زئی کا ایک مشترکہ جرگہ منعقد ہوا جس میں کئی قبیلوں کے تین سو افراد شریک ہوئے حلیم زئی کے نمائندوں نے کہا کہ ہم وعدہ کرتے ہیں کہ اگر بالائی مہمند غنداؤ سے منتشر ہوجائیں گے۔ تو ہم وہاں سے سرکاری فوجوں کی واپسی کیلئے حکومت سے اصرار کریں گے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ بالائی مہمندوں نے غنداؤ سے منتشر ہونا منظور کرلیا اور اپنے وعدہ کے مطابق منتشر ہوگئے۔

باشندگان کلکتہ کا جلسہ

سرحد کے متعلق تجاویز کی منظوری

کلکتہ کے جس جلسہ کی کارروائی صفحہ ۲ پر درج کی گئی ہے اس میں جو تجاویز منظور ہوئیں وہ درج ذیل ہیں۔

(۱) باشندگان کلکتہ کا یہ جلسہ عام اس جنگی کارروائی کے خلاف سختی سے صدائے احتجاج بلند کرتا ہے ...

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے صدر گرفتار کرلئے گئے

آئندہ کانگریس کا کوئی صدر نہ ہوگا

لاہور ۱۸ اگست۔ کانگریس کے قائم مقام صدر سردار سردول سنگھ کویشر ۔۔۔ کانگریسی والنٹیروں کے ہمراہ آج شام انارکلی بازار میں بدیشی کپڑے کی دکانوں پر پکٹنگ کرنے کے الزام میں گرفتار کرلئے گئے۔ ان کو قانون ترمیم ضابطہ فوجداری پنجاب کی دفعہ ۷ کے ماتحت گرفتار کیا گیا ہے۔

کلکتہ میں تلاشیاں اور گرفتاریاں

مسلح ڈاکہ کا سراغ

مدراس بم کیس کا فیصلہ

دو ملزموں کو حبس دوام کی سزا

صدر کانگریس کو ۱۸ ماہ قید کی سزا

گورنمنٹ ہاؤس میں داخل ہونیکی سعی

مقدمہ سازش گیا کا نیا روپ

۱۴ ملزمین نے جرم کا اقرار کرلیا

شیخ عبداللہ کی گرفتاری کا امکان

سینما پر مجلس احرار کا دوبارہ پکٹنگ

دیہاتیوں اور پولیس کے درمیان لڑائی

۵ افراد ہلاک متعدد مجروح

سرحد پر ایک مخبر کی ہلاکت

کارخانوں میں صرف آٹھ گھنٹے کام

تین ہندو سمندر کی نذر

گاندھی جی کے وزن میں کمی اور تسلی کی علامات

مسٹر انڈریوز سے ملاقات

حکومت بمبئی کی تشویش

پونہ ۱۹ اگست۔ اگرچہ گاندھی جی کی صحت کے متعلق ابھی تک کوئی خاص تشویش کی بات ظاہر نہیں ہوئی ہے۔ لیکن کل کے مقابلہ میں وہ آج بہت زیادہ کمزور نظر آتے ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ کل کے مقابلہ میں ان کا وزن آج نصف پونڈ کم ہوگیا ہے۔ ان کا موجودہ وزن ۹۶ ½ پونڈ ہے بالفاظ دیگر اس مرتبہ جیل آنے کے بعد ان کے وزن میں ۵ پونڈ کی کمی ہوچکی ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ کل ہی سے آج ان کو متلی کی بھی شکایت ہوئی اگرچہ زیادہ زور نہیں رہا حسب ضرورت ان کو ملی امداد بہم پہنچائی گئی۔ ... آئی۔ ایم۔ ایس اپنے ماتحتوں کے گاندھی جی کی تیمارداری کررہے ہیں۔ ... ہروقت ان کے پاس رہتے ہیں اور وہ قیدی بھی ہروقت ان کی خدمت کرتے رہتے ہیں۔

ریورنڈ اینڈریوز نے آج بھی گاندھی جی سے ملاقات کی لیکن یہ ملاقات اس قدر دیر تک جاری نہ رہی جتنی کہ کل رہی تھی۔

گاندھی جی کے پوتے مسٹر منصور داس ٹریکم جی نے گاندھی جی سے روزانہ ملاقات کرنے کی اجازت حکومت بمبئی کے ہوم سکرٹری سے طلب کی تھی لیکن انہیں کہا گیا ہے کہ ہوم سکرٹری نے اس امر کی اجازت دینے سے انکار کردیا۔ انہیں آج بھی گاندھی جی سے ملاقات کرنے کی اجازت نہیں ملی ...

ایکسپریس ٹرین دریا میں غرق

۹ فوجی سپاہی ہلاک

کمشنر کی عدالت پر خدائی خدمتگاروں کی پکٹنگ

دارالعلوم میرٹھ میں خصوصی اجتماع

سرکاری فوج کا دستہ قبائلی علاقہ میں

میگزین میں ڈائنامیٹ کے کئی چوری ہوگئے

غیر ملکی پارچہ کی دوکانوں پر پکٹنگ

مسلمانانِ کلکتہ کی طرف سے بمباری اور سرکاری پالیسی پر احتجاج

ایشیا کا مفاد آزاد علاقہ کی آزادی سے وابستہ ہے

مسئلہ سرحد پر حضرت مولانا ابو الکلام صاحب آزاد کی تقریر

کلکتہ ۱۹ر اگست۔ کل رات کو آٹھ بجے مسلمانانِ کلکتہ کا عام جلسہ البرٹ ہال میں منعقد ہوا۔ سرحد کے معاملہ نے اس وقت جو نہایت نازک و خطرناک صورت حال اختیار کر لی ہے، اس کے دیکھتے ہوئے یہ بالکل قدرتی تھا کہ مسلمانان کلکتہ بھی دوسرے مقامات کے باشندوں کی طرح پر جوش مسلمان، جن کے دلوں میں اپنے سرحدی بھائیوں کی مصائب کی وجہ سے زخم پڑ گئے ہیں، جوق جوق جمع ہو گئے۔

اسٹیج پر جو حضرات نمایاں تھے اُن کے اسماء گرامی حسب ذیل ہیں:- مولانا ابو الکلام صاحب آزاد، مولانا حکیم عبد الرؤف صاحب دانا پوری ...

... کی آزادی و تباہی کا سبب بن جائیں۔ آپ نے نہایت مدلل طور پر اس معاملہ کو واضح کرتے ہوئے فرمایا کہ آزاد علاقہ کے باشندوں کا کوئی قصور بھی نہیں ہے جس کی وجہ سے ان پر گورنمنٹ آف انڈیا کو فوج کشی کی ضرورت پیش آئی۔ ان کا قصور اگر کچھ ہے تو صرف اس قدر ہے کہ وہ آزاد ہیں۔

پھر آپ نے فرمایا کہ ۱۹۲۰ء کے آخر میں گاندھی جی نے اور میں نے راولپنڈی میں آزاد علاقہ کے بعض سرداروں سے کہا تھا کہ تم اپنی روش بدل دو۔ جب تم سے اور انگریزی حکومت سے جنگ پیش آتی ہے تو تم برطانوی علاقہ میں ...

یہودی راج

اٹلی والے صرف اسی کو کافی نہیں سمجھتے کہ خود عربوں پر ظلم کر رہے ہیں بلکہ یہودیوں کو بھی ان پر مسلط کیا جا رہا ہے، چنانچہ آج کل شہر طرابلس میں یہودی عربوں پر چھاپے مارتے رہتے ہیں اور مقامی حکومت ان سے کوئی تعرض نہیں کرتی لیکن اگر عرب اپنی حفاظت کے خیال سے کبھی یہودیوں کے مقابلہ میں جا کھڑے ہوتے ہیں تو فوراً گرفتار کر لئے جاتے ہیں اور انہیں سخت سے سخت سزائیں دی جاتی ہیں۔

زمینوں پر قبضہ

اٹلی کا ظلم کسی حد پر رکنا نہیں چاہتا۔ تازہ واقعہ یہ ہے کہ علاقہ فریان کی نہایت زرخیز زمینوں پر اٹالین حکومت نے قبضہ کر لیا ہے اُن کے مالک عربوں کو مار کر نکال دیا گیا اور یہ زمینیں آوارہ گرد اٹلی کے لوگوں کو دیدی گئیں جو حال ہی میں نہایت کثیف کپڑے پہنے اور بڑی بری حالت میں سسلی سے طرابلس پہنچے ہیں۔

مفتی طرابلس

ہندوستان کی طرح طرابلس الغرب میں بھی اجنبی حکومت کی وجہ سے بعض غدار پیدا ہو گئے ہیں ان غداروں کا سردار محمد ابو الاسعاد ہے یہ شخص عالم دین ہونے کا مدعی ہے اور اٹالین حکومت نے اسے طرابلس کا مفتی اعظم ...

اندریں صورت، سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا ان کے حامل ہو جانے کے بعد اس علاقہ کو انگریزی فوجیں خالی کر دیں گی؟ اگر خالی کر دیں گی تو پھر یہ سڑکیں تیار ہو جانے کے بعد انگریزی حکومت اُن کی حفاظت کے لئے اس علاقہ میں اپنی فوج ہمیشہ کے لئے رکھنے پر مجبور ہو جائے گی؟

قرائن سے ہمیں اس بات کا سخت اندیشہ پیدا ہو گیا ہے کہ غالباً آزاد علاقہ کے بارے میں برطانیہ کی قدیم پالیسی بدل گئی ہے اور ایک نئی پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے۔

ہماری رائے میں ہندوستان کی تمام سیاسی جماعتوں کو اس حد درجہ نازک و خطرناک مسئلہ پر جلد از جلد توجہ کرنی چاہیئے۔

(ہمدرد جدید)

طرابلس الغرب پر اٹلی کے دردناک مظالم

عربوں کی تذلیل و توہین اور انکی زمینوں پر قبضہ

ان کالموں میں اس سے پہلے ہی بتایا جا چکا ہے کہ اٹلی کی ملک گیر سلطنت طرابلس الغرب میں اسلام پر اور مسلمانوں پر کیسے سخت ظلم توڑ رہی ہے اب تازہ عربی اخباروں سے مزید مظالم کا حال معلوم ہوا ہے۔ کمونہ چند کا ذکر ذیل میں ...

عربوں کی تذلیل

آل انڈیا کانگریس کی تجویز

قوموں کی بدنصیبی

مسجد ندوہ کیلئے دورہ

راجہ صاحب جہانگیر آباد کی فیاضی

(عبد العلی ناظم ندوۃ العلماء)

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

سرحد کا اہم مسئلہ

عراق ریلوے

نجف، کربلا معلیٰ، کاظمین۔ اور سامرہ کے مقدس شہروں کی زیارت کیلئے عراق ریلوے کے ذریعہ آرام، تیز رفتاری اور بہت ہی سستا کرایہ سے سفر کریں۔

مختلف درجوں کی زیادتی کوپن کی کتابیں جو ۱۵۰ دن تک کارآمد ہونگے۔ نیچے درج ہیں اور ۵۰ کیلو سامان ہر کتاب کے عوض میں اپنے ہمراہ مزید کرایہ کے بغیر لے جا سکتے ہیں

	درجہ دوئم	درجہ سوئم
کوپن بک (الف) برائے سفر بصرہ سے کربلا، کاظمین، سامرہ اور واپسی بصرہ	۲ ـ ۰ ـ ۰	۱ ـ ۴ ـ ۰
کوپن بک (ب) برائے سفر بصرہ سے کربلا، کاظمین اور واپسی بصرہ	۱ ـ ۰ ـ ۰	۱ ـ ۲ ـ ۸ ـ ۰

تین سال سے کم عمر کے بچہ کا کرایہ معاف اور بارہ برس سے کم عمر کے بچوں کا کرایہ نصف لیا جاتا ہے

(۲) آنریری جائنٹ سکریٹری فیض پنجتنی، پالا گلی، بمبئی
(۳) مسٹر ای۔ ای لوبٹا۔ مانڈوی کولی واڑا بمبئی نمبر ۳
(۴) حبیب حاجی رحمت اللہ صاحب کھارادر کراچی
(۵) مسٹر عبد العلی شیخ عیسیٰ جی معرفت میسرز یوسف علی علی بھائی کریم جی اینڈ کمپنی نیپیر روڈ کراچی
(۶) آنریری سکریٹری فیض پنجتنی معرفت حاجی جیٹھا بھائی گوکل۔ کوڈی بازار کراچی

ہندوستان کے ہر یونانی دواخانہ سے زیادہ اصلی مجربات کا خزانہ دواخانہ حکیم جمیل خاں بلی ماران دہلی میں ہے جو زیر سرپرستی مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب خلف الصدق مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم خدمت خلق کر رہا ہے۔ ضرورت اور تکالیف میں پتہ یاد رکھو: منیجر دواخانہ حکیم جمیل خان دہلی

بغداد میں سیرۃ النبی کا شاندار اجلاس

وزیر اعظم عراق اور سفرائے دول کی شرکت

ملک عراق کے دار الخلافہ شہر بغداد میں ہندوستانی مسلم اصحاب نے مذہب اسلامیہ کے دینی اور خیراتی امورات اجتماعی صورت میں ادا کرنے کے لئے ایک انجمن بنام "جمعیۃ الاسلامیہ" بغداد قائم کر رکھی ہے جو امورات مذکورہ بالا کی تکمیل کے علاوہ اپنے نو وارد ہموطن برادران کی ہر ممکن خدمت بلا معاوضہ کرتی رہتی ہے اور جس کے ممبران کی یہ خاص تمنا ہے کہ ان کے ہموطن برادران ایمانی اس غیر ملک میں آکر اپنے ہموطن بھائیوں کو نہ صرف اپنی زیارات و ملاقات سے مشرف فرمائیں بلکہ خدمت کرنے کا موقع عطا فرما کر عند اللہ ماجور ہوتے ہوئے پردیس کی تکالیف سے حتی المقدور امان حاصل کر سکیں۔

جمعیۃ موصوفہ نے سالہائے گذشتہ کی طرح اس سال بھی بتاریخ ۹ر جولائی ۱۹۳۳ء اپنے نبی برحق کا یوم ولادت بڑی شان و شوکت کے ساتھ جلسہ کی صورت میں بوقت ۶ بجے شام زیر صدارت نشست اول ہز ایکسلنسی حضرت رشید عالی بے الکیلانی وزیر اعظم حکومت عراق و مولانا سید لطافت حسین صاحب دہلوی صدر نشست دوئم تقریباً ایک ہزار نمائندگان حاضرین کی معیت میں منایا ...

بالیکر ملک سید پر دانشزر ہندی اور ناسٹر فضل الدین صاحب کو محب جمعیۃ الاسلامیہ بغداد کا تمغہ امتیازی پیش کیا گیا۔ دوران جلسہ میں حاضرین کی شربت سگرٹ سے تواضع کی گئی۔ اور جلسہ کے اختتام پر شیرینی تقسیم کی گئی۔

(از دفتر جمعیۃ اسلامیہ بغداد ملک عراق)

مدرسہ امدادیہ دربھنگہ کے کوائف

نظام تعلیم طلباء کی خدمات اور جدید اصلاحات

مدرسہ امدادیہ کو ۱۳۱۰ھ میں بحکم حضرت شیخ العرب والعجم مولانا حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی قدس اللہ سرہ جناب مولوی حاجی منور علی صاحب مرحوم نے جاری کیا مخدوم العلماء حضرت مولانا الحاج سید مرتضیٰ حسن صاحب مدفیضہ کی زیر نگرانی عرصہ دراز تک چلتا رہا۔ اور اب جناب عبد الوہاب صاحب مدظلہ العالی مہتمم مدرسہ کے زیر اہتمام چل رہا ہے اضلاع صوبہ بہار کے علاوہ صوبہ بنگال کے سینکڑوں علماء و حفاظ مستفیض ہو کر دینی و قومی خدمات انجام دے رہے ہیں چنانچہ مدرسہ امدادیہ کے جملہ کارکنان جو تقریباً بارہ ہیں سب کے سب اسی مدرسہ کے فیض یافتہ ہیں۔ حضرت مولانا الحاج سید محمد علی صاحب ...

ہیں جو محض فضل خداوندی سے عام چندوں سے پورے ہو جاتے ہیں مدرسہ کی مستقل آمدنی اتنی بھی نہیں ہے کہ ایک ہفتہ تک بھی مدرسہ چل سکے۔

ایک مجلس انتظامیہ قائم ہے جس میں شہر کے معززین اور وکلاء اور بیرون شہر کے ہمدردان شریک ہیں جن کی تعداد بندرہ ہے اور صدر جناب حاجی ... صاحب موصوف ہیں۔ کساد بازاری نیز پے در پے سیلاب ... سے مدرسہ کی آمدنی نصف سے بھی کم ہو گئی ہے چنانچہ اس وقت مدرسین و ملازمین کی تنخواہیں باقی ہیں کارکنان مدرسہ نہایت ہی پریشان ہو رہے ہیں اللہ تعالیٰ فضل فرما دیں۔ خوراک طلبہ وغیرہ انتظامات کا انصرام بڑی مشکلوں سے ہو رہا ہے۔

(محمد ذکریا محمدی مدرس مدرسہ امدادیہ لہریا سرائے)

سرحد میں علماء کرام کا دورہ

فتنہ مرزائیہ کے خلاف لسانی جہاد

خدا تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔ کہ علماء احمد نے ایک انجمن کا قیام فرمایا جس کا نام استقلال العلماء لاہور رکھا۔ اس نے عہد کیا ہے کہ ہمارا اولین فرض ہے کہ ہم اپنی تمام طاقتوں کو اس فتنہ قادیان کے بیخ و بنیاد اکھاڑنے میں صرف ...

ہز ہائنس بیگم صاحبہ ریاست جونا گڑھ کی فیاضی



نمک جالینوس

رجسٹرڈ

دواخانہ ہمدرد یونانی دہلی

بچوں کی ہر بیماری کی شرطیہ دوا

بال جیون گھٹی

منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر (یو۔ پی)

دونوں مٹھی باندھکر زور سے دوڑیئے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

وہاں سے ایک کارڈ لکھ کر تحریر فرما دیں اور صحت و تندرستی کی گائڈ و دوا ساز کی مجرب تیار عمدہ مضامین سے مزین ۹۰ صفحات کی کتاب "ہمام شاستر" مفت طلب فرما کر ملاحظہ فرمائیں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سفید بال جڑ سے کالا

پتہ: بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سری (دربھنگہ)

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

تعطیل کلاں کے بعد ۱۸ر ستمبر ۱۹۳۳ء کو کھلے گا۔ داخلہ ۱۸ر ستمبر ۱۹۳۳ء سے یکم اکتوبر ۱۹۳۳ء تک ہوگا۔ سال اول میں داخلہ کی درخواستیں پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کے نام ۱۵ر ستمبر ۱۹۳۳ء تک پہونچنا چاہئیے اس کے بعد کوئی درخواست نہ لی جائے گی۔ داخلہ کے متعلق قواعد و ضوابط کی کتاب پرنسپل طبیہ کالج سے مفت مل سکتی ہے۔

پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

اکسیر بدن

ہر قسم کی کھانسی کا جادو اثر علاج

تپ دق کے مریضوں کو اور ان بیماروں کو جو دمہ۔ ذات الجنب۔ ذات الریہ اور خشک کھانسی میں مبتلا ہوں۔ اُن کو فوراً آرام پہنچاتی ہے۔ یہ

پھیپھڑوں کی ٹانک بھی ہے

قیمت فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنے (عہ۱)

ملنے کا پتہ: منیجر امرت دھارا لاہور

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

حضرت شاہ ولی اللہ، حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب اور حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ جیسے بزرگوں کے ترجمے ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

عیسائی مشن، بائبل کو مقبول بنانے کے لئے اس کے نئے نئے ایڈیشن دلفریب صورتوں میں شائع کر رہا ہے، مسلمانوں کو تلاوت کا عادی بنانے کے لئے ہم

خوبصورت حمائل

دفتر اشاعت القرآن بیت الشفاء امروہہ یو۔ پی

تارکا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ
سہ روزہ — دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... شش ماہی ... سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... شش ماہی
نمونہ مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳ ۱۶ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

معاون: محمد عثمان فارقلیط
مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۸ | دہلی۔ یوم دوشنبہ ۶ جمادی الاول ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۸ اگست ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۴

معاصرین کے افکار و آراء

مسلم کانفرنس کی حقیقت (مدینہ)

اگر مسلم کانفرنس والوں کے نازک اور ناز پرورد ناخنوں کو ناگوار نہ ہو تو ہم پوچھ سکتے ہیں کہ اس کانفرنس کی اب حقیقت کیا رہ گئی ہے، اس کی حقیقت ... حکومت ہند اور حکومت برطانیہ، اس کے ارکان اور ارباب ... اقتدار ... بارگاہ جلال میں نوازتی اور اعتماد و وقار سے سرفراز کرتی ہے ... کسی اسلامی جماعت کو عوام الناس کے ... کی ضرورت ہے ... مسلم کانفرنس جس وقت عالم وجود میں آئی تھی تو وہ جمعیۃ علمائے ہند، مسلم لیگ، احرار، مجلس خلافت کے مجموعہ کا نام تھی ... [illegible]

مسودہ رہنمایان زائرین حجاز (نقیب)

[illegible]

آل پارٹیز کانفرنس (ملت)

[illegible]

بنگال کونسل میں ایک عجیب مسودہ قانون (رہنما)

[illegible]

اسلام کی بنیاد

[illegible]

توپ سے تہذیب کی اشاعت

[illegible]

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے
(از صبا)

رہبان اور راہبات کی کہانی ازبلا کی زبانی
معصیت اور ہوسناکی کے شرمناک مناظر
زیاد بن عمرو کی علمی مجلس کے بقیہ حالات

گزشتہ الجمعیۃ میں ازبلا نے گرجاؤں میں گناہوں کی معافی دئے جانے پر اپنے تجربات کا تذکرہ کیا تھا ... [illegible]

یادری گناہ نہیں کرتے؟

[illegible]

رہبان اور راہبات

[illegible]

تجرد کے نتائج اور اسلام

[illegible]

رہبانیت کے مضرات

[illegible]

راز درون پردہ

[illegible]

مذہبی، علمی و تاریخی کتابیں

خطبات صدارت

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب رح — حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے آپ نے جمعیۃ علمائے ہند کے سالانہ اجلاس منعقدہ پشاور میں جو بے نظیر خطبہ بحیثیت صدر اجلاس پڑھا تھا اس کے متعلق حضرت امین ... سے بڑھ کر کوئی خطبہ جمعیۃ علمائے ہند کے پلیٹ فارم پر نہیں پڑھا گیا ... یہ خطبہ صدارت مباحث ذیل پر مشتمل ہے ...

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نقشبندی نائب امیر شریعت صوبہ بہار جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۱۵-۱۶-۱۷ جمادی الاخر ۱۳۴۳ھ مراد آباد میں پڑھا گیا قیمت ۸/

خطبہ صدارت حضرت مولانا شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ جو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ۹ اکتوبر ۱۹۲۰ء کو پڑھا گیا۔ قیمت ۲/

خطبہ صدارت حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی جو ۳۰ اگست کو باڑو دی ہاؤس دہلی میں پڑھا گیا۔ قیمت ۱/

خطبہ صدارت جانشین حضرت شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۹ دسمبر ۱۹۲۳ء بمقام کوکناڈا میں پڑھا گیا۔ قیمت ۵/

خطبہ صدارت بطل حریت حضرت مولانا ابو الکلام صاحب آزاد جو اجلاس خصوصی انڈین نیشنل کانگریس منعقدہ ۱۵ ستمبر ۱۹۲۳ء کو دہلی میں پڑھا گیا قیمت ۳/

مضامین ابو الکلام آزاد حصہ اول — مولانا ابو الکلام آزاد کی معرکۃ الآرا بیان جو آپ نے مجسٹریٹ کلکتہ کی گواہی میں دیا ... تازہ مضامین ابو الکلام آزاد ۱۲/

حیات محمود و سفرنامہ اسیر مالٹا [illegible]

حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب عثمانی کا خطبہ صدارت جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ... دسمبر ۱۹۲۲ء گیا میں پڑھا گیا ... قیمت صرف ۲/

فتنہ مرزائیت کا صحیح علاج

مرزا غلام احمد قادیانی کے جانشینوں کی طرف سے اسلام کے خلاف جو زہر اگلا جا رہا ہے اور مسلمانوں کے دین کو جس گندم نما جو فروشی سے نقصان پہنچانے کے لئے در پردہ کوشش کی جا رہی ہے بہت سے بھولے بھالے اور سادہ لوح ناواقف مسلمان بسا اوقات ان کے جال میں پھنس جاتے ہیں لہذا اس فتنہ کے قلع قمع کرنے کے لئے آپ مکتبہ علمیہ کی حسب ذیل کتابیں پڑھ کر مرزائیوں کے دام تزویر سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

صحائف رحمانیہ — ... کتاب کا رکھنا نہایت ضروری ہے جس میں قرآن و حدیث و واقعات اور خود مرزا قادیانی کے جھوٹے الہامات سے مرزا کا جھوٹا ہونا ثابت کیا گیا ہے ... قیمت تین روپے

ختم نبوت فی القرآن — اس کے پڑھنے سے آپ کو آیات قرآنی کے ذریعہ صاف صاف معلوم ہو جائے گا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی پیدا ہی نہیں ہو سکتا قیمت ۱۲/

ختم نبوت فی الحدیث — ... احادیث صحیحہ کو پیش کر کے بتلایا گیا ہے ... قیمت ۱۲/

اطلاع رحمانی — یہ کتاب ان سو سوالوں کے جواب کا مجموعہ ہے ... قیمت ۸/

حقیقت رسائل اعجازیہ [illegible]

دوسری شہادت آسمانی [illegible]

ابطال اعجاز مرزا [illegible]

محکمات ربانی [illegible]

عقائد قادیانی منظوم [illegible]

معیار صداقت [illegible]

ہدیہ عثمانیہ [illegible]

انوار ایمانی [illegible]

حقیقۃ المسیح [illegible]

ناصح حقانی و رد کذب مسیح قادیانی — اس رسالہ کو پڑھ کر آپ مرزائیوں کے فریب سے اچھی طرح واقف ہو سکیں گے اور پھر اس کی چال ... بازی سے محفوظ رہ سکیں گے قیمت ۵/

مسیح قادیان کی حالت کا بیان — اس کتاب کے دیکھنے سے قادیانیوں کی حقیقت کا پورا پورا نقشہ آپ کے سامنے آ جائے گا قیمت ۳/

سیرۃ الحبیب

اگر آپ دنیا کے مصلح اعظم کے صحیح اور سچے حالات سے واقفیت حاصل کرکے اپنی زندگی کو صحیح طریقہ پر اسلام کی روشنی میں بسر کرنا چاہتے ہیں تو سیرۃ الحبیب کا مطالعہ کیجئے جس کی اردو نہایت سلیس و شستہ ہے اور مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے بھی اس کی تحسین فرمائی ہے۔ قیمت صرف ۱۲/

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا کرتی ہے نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائیگا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کرکے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کر دیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی ہے اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ایک روپیہ اور جنت کی کنجی کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف دو روپیہ لی جائے گی۔ دونوں حصوں میں کل ۲۱۰۷ احادیث درج ہیں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں۔ کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے۔

اعجاز القرآن

حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی کی معرکۃ الآرا تقریر ہے جس میں آپ نے وحی الہی کی ضرورت اس کے پیرایہ معجزہ اور اس کی حقیقت کی تفصیل بیان فرماتے ہوئے مدلل طور پر بتایا ہے کہ قرآن پاک بذات خود ایک معجزہ اور وحی الہی ہے اس کے بعد کسی کو اس میں شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہتی۔ اس کے پڑھنے سے قرآن پاک کے نقائص و معارف کا دروازہ آپ پر کھل جائے۔ کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے قیمت صرف ۶/

تفسیر مظہری

مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی رح کی مشہور تصنیف تفسیر مظہری کے پہلے دو پارہ الم ... کی صرف چند جلدیں باقی رہ گئی ہیں عربی زبان میں قاضی صاحب نے قرآن پاک کی بڑی خدمت انجام دی ہے۔ طلباء عربی کو خصوصیت سے فوری اس طرف توجہ کرنے کی ضرورت ہے ... قیمت ہر دو پارہ ۱۶/

تفسیر جلالین شریف اردو پہلا پارہ

جلالین شریف کی عبارت اور متن کو ممتاز طریقہ پر اعراب لگا کر اس کا ترجمہ آسان اور سلیس بامحاورہ اردو میں کیا گیا ہے نیز مذاہب کے اعتراضات کے جواب نہایت متانت اور سنجیدگی سے دیئے گئے ہیں ... طلباء اور عوام سب کے لئے معتبر ہے فرمائش بھیجکر اپنا نام فہرست خریداران پر درج کرا لیجئے تاکہ طبع ہوتے ہی آپ کو کتاب مل سکے۔

تعلیم الاسلام

مسلمان بچوں کو مذہبی معلومات کے لئے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی بہترین تصنیف ہے جو کثرت سے اسلامی مدارس کے ابتدائی درس میں داخل ہو چکی ہے سوال و جواب کے پیرایہ میں نہایت مختصر طریقہ پر اسلامی معلومات کے دریا کو کوزہ میں بھر دیا ہے اس کتاب کے چار حصے ہیں اور ایک قاعدہ ہے مکمل سٹ کی قیمت صرف ۱۴/

فتاوی رشیدیہ

حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے رشد و ہدایت ... مولانا ممدوح کے فتاوی کا مجموعہ فتاوی رشیدیہ تین حصوں میں جمع کیا گیا ہے جس میں قریب قریب ہر مسئلہ کو مدلل طریقہ پر بیان کیا گیا ہے ہر مسلمان کو اس کے مطالعہ کی ضرورت ہے تاکہ مذہبی ضرورت سے پوری پوری واقفیت حاصل ہو جائے تینوں حصوں کی قیمت عام

تحفۃ المحبین

شائقین زیارت جمال نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے بہتر اور کیا موقع ہوگا کہ ... اس میں چالیس حدیثیں ... درود شریف کے فضائل نہایت تفصیل کے ساتھ ذکر کئے گئے ہیں ... قیمت صرف ۴/

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر

اس کے پڑھنے سے سوانح عالمگیر اور اس کے تدبر علمی قابلیت اور ملکی نظام کا پورا نقشہ آپ کے سامنے آ جائے گا۔ قیمت ۶/

صراط مستقیم

یہ اسم بامسمی کتاب ہر مسلمان کی رہنمائی کا کافی ذریعہ ہے قیمت صرف ۴/

ابدی نجات

میں آریہ سماج کے بانی دیانند جی کی دس دلیلوں کے نہایت مدلل اور تحقیقی جواب جو ستیارتھ پرکاش میں نجات کے محدود اور عارضی ہونے پر لکھی گئی ہیں ... قیمت ۲/

اطلاع: ایک روپیہ سے کم قیمت کی کتاب کیلئے اس کی قیمت کے ٹکٹ بھیجنے ضروری ہیں۔

پاک زندگی

یہ بھی حضرت العلامہ مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کے ان تین عالمانہ مضامین کا مجموعہ ہے جس میں آپ نے حضرت سلیمہ حیات طیبہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پر نہایت آسان اور دلچسپ پیرایہ میں روشنی ڈالی ہے قیمت ۳/

دلائل الخیرات

اوراد و وظائف کی مشہور اور بہترین کتاب قیمت ۱۰/ مجلد ۱۲/

خاموش تبلیغ

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء کا دلچسپ تبلیغی مضمون جس کو آپ نے ناولانہ انداز کے ساتھ نہایت دلچسپ پیرایہ میں بیان فرمایا ہے دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ قیمت ۸/

مصور فطرت خواجہ حسن نظامی کی تصنیف
عام فہم تفسیر

پارہ الم ۸/ والمحصنت ۸/ یعتذرون ۸/

المشتہر
مینیجر مکتبہ علمیہ بلیماران دہلی

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:-

(۱) جبکہ برضامندی عام مسلمانان ایک حافظ مسجد کا امام مقرر ہے جو ضروری مسائل سے واقف ہے اور اس میں بظاہر کوئی سقم شرعی بھی نہیں ہے تو کیا اس کی بلا اجازت کے اس کے بجائے کسی دوسرے شخص کو جسے کہ اکثر شراب خواری کا مرتکب پایا گیا ہے اور جو ہمیشہ فتنہ و فساد کا بانی ہے اس کے شرکار کار کا اس سے امامت کے لئے کھڑا کر کے اس کے پیچھے نماز پڑھنا فعل جائز ہے یا نہیں۔ اور عام مسلمانوں کی نماز ایسے شخص کے پیچھے جو صفت متذکرہ بالا مذموم خصائل سے متصف بھی نہیں بلکہ نماز کے مسائل سے بخوبی واقف نہیں اور قرأت مسنون بقدر ضرورت سے بھی نابلد ہے جائز ہے یا نہیں۔

(۲) پینتی امام تنخواہ سے ملازم رکھنا جائز ہے یا نہیں۔ بہ نصوص قرآن کریم احادیث مصطفوی و فقہ ائمہ مجتہدین اہل سنت والجماعت اس کا جواب عنایت فرمایا جائے نیز اجتہاد ذاتی بھی ہو۔ بینوا و توجروا۔

الجواب

[illegible]

زیادہ عرصہ نہیں گذرا کہ ایک مستقل کانفرنس اسی غرض کے لئے پنجاب میں منعقد کی گئی تھی اور اس میں باشندگان بلوچستان کے مطالبات پیش کئے گئے تھے جس کی تائید تمام ہندوستان میں ہوئی تھی۔ اس کے علاوہ خود اس اتحاد کانفرنس میں جو بمقام الہ آباد منعقد ہوئی تھی اور جس کی کارروائی مکمل نہ ہو سکی بلوچستان کے متعلق دیگر اقوام ہند کے باہمی سمجھوتہ سے یہ قرار پایا گیا تھا کہ اس کے موجودہ طرز حکومت کو بدلا جائے اور جس قسم کی اصلاحی حکومت ہندوستان کے دیگر صوبوں میں نافذ ہے اس سے بلوچستان کو بھی متمتع ہونے کا موقع بہم پہنچایا جائے مگر حکومت ابھی تک مسلمانوں کی اس خواہش ہی سے بے خبر ہے۔ کیا اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ آخر زمانہ میں مسلم کانفرنس والوں کا سکوت اس اہم مسئلہ کے متعلق اسی لئے تھا کہ حکومت اس کا قطعی فیصلہ پہلے سے کر چکی تھی؟ بہر حال مسلم کانفرنس والوں کا مکتوب خواہ کسی وجہ سے ہو فارن سکریٹری کا یہ جواب ہر طرح نامعقول اور خلاف واقعہ ہے۔ مسلمان اخبارات اور جماعتیں اپنے اس مطالبہ کا پوری قوت کے ساتھ اعلان کر چکے ہیں اور آج تک اس پر مصر ہیں۔ حکومت نے اگر یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ بلوچستان کو نئی اصلاحات میں علیحدہ درجہ نہ دے گی تو یہ فیصلہ مسلمانوں کے ایک نہایت بالشان مطالبہ پر کاری ضرب ہے۔

مسودۂ قانون رہنمایان حجاج

گذشتہ سال جب تین مسودات حج پر غور کرنے کے لئے ایک کمیٹی شملہ میں بیٹھی ہے اور اراکین جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس مشاورت منعقدہ مراد آباد کی مفصل [illegible]

لندن سے واپس آنے والے

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۶ جمادی الاول ۱۳۵۲ھ ہجری

گاندھی جی کی رہائی کے بعد
تلافی مافات کا ایک اور موقع

ہم نے گزشتہ اشاعت ہی میں غالباً اس وقت جبکہ گورنر بمبئی اور وزیر ہند کے درمیان ہنوز گفتگو ہو رہی تھی اور کوئی آخری فیصلہ ہونے والا تھا اپنی اس قطعی رائے کا اظہار کیا تھا کہ حکومت کے لئے اب سوائے اس کے اور کوئی چارہ کار نہیں ہے کہ وہ یا تو گاندھی جی کو غیر مشروط طور پر فوراً رہا کر دے۔ یا انہیں وہ مراعات دیدے جو پہلے حاصل تھیں اور جن کا مطالبہ ان کی طرف سے کیا جا رہا تھا۔ ہمیں اندیشہ تھا کہ اگر حکومت نے ایسا نہ کیا اور ان دو فیصلوں میں سے کسی فیصلہ تک پہنچنے میں دیر لگا کر گاندھی جی کی حالت کو اس درجہ خراب کر دیا کہ ان کا جیل سے باہر آنا بھی ان کی زندگی کو بچانے کیلئے بیکار ثابت ہوا تو نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام دنیا میں تہلکہ مچ جائے گا اور یہ المناک حادثہ حکومت کی پیشانی پر ایک ایسا کلنک کا ٹیکہ ہوگا جسے وہ صدیوں تک دور نہ کر سکے گی۔ آج ہمیں یہ دیکھ کر مسرت ہوتی ہے کہ ہمارا یہ اندیشہ غلط ثابت ہوا اور حکومت نے ان دونوں صحیح راستوں میں سے جن کا ہم نے ذکر کیا تھا وہ راستہ اختیار کیا جو زیادہ مفید اور زیادہ بہتر تھا اور جس پر ہم اسے مستحق مبارکباد سمجھتے ہیں۔

غیر متوقع رویہ

اگر خدا نخواستہ وہ رائے غالب آتی جو حکومت ہند کی رائے بتائی جاتی ہے یعنی گاندھی جی کی رہائی کا فیصلہ اس وقت کیا جاتا جبکہ وہ قطعی طور پر خطرہ میں گھر جاتے اور ان کی زندگی کی کوئی امید باقی نہ رہتی تو یہ ایسی سخت غلطی ہوتی جس کی تلافی ممکن ہی نہ ہوتی۔ وزیر ہند کی منظوری کے بعد حکومت بمبئی کا یہ فیصلہ کہ گاندھی جی کو بغیر مزید تاخیر کے فوراً رہا کر دیا جائے یقیناً یہ ظاہر کرتا [illegible]

خمیازہ سب سے زیادہ خود حکومت کو اٹھانا پڑے گا۔ جیسا کہ صاف ظاہر ہے موجودہ کشمکش کو جاری رکھ کر حکومت چین سے نہیں بیٹھ سکتی۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس کشمکش کو دور کیا جائے اہل ملک کی رضامندی کو حاصل کیا جائے اور اس کے بعد ملک پر حکومت کی جائے۔ دنیا کی جو حکومت اس اصول کو بالائے طاق رکھ کر حکومت کرنا چاہے گی وہ حکومت نہیں کر سکے گی۔ یہ کام خواہ سر سی ایف اینڈریوز کے ذریعہ سے ہو یا سر تیج بہادر سپرو یا کسی اور شخصیت کے ذریعہ سے حکومت کو کرنا ہی پڑے گا بشرطیکہ وہ صحیح سیاسی اصولوں پر چلنے کی حامی ہو اور جان بوجھ کر ملک کے امن و امان کو تباہ و برباد کرنے پر مصر نہ ہو۔

رائے عامہ کی اہمیت

حکومت کے ارباب حل و عقد اچھی طرح جانتے ہیں کہ آج کل کے طرز حکومت میں رائے عامہ کو کیا درجہ حاصل ہے۔ رائے عامہ کو بہت بڑی حد تک اپنے ساتھ لئے بغیر کوئی حکومت زیادہ عرصہ تک قائم نہیں رہ سکتی۔ یہ ہو سکتا ہے کہ ہنگامی طور پر سال دو سال کے لئے حکومت اپنی قوتوں پر بھروسہ کر کے رائے عامہ کو نظر انداز کرتی ہوئی چلی جائے بلکہ اس کے خلاف ہر قسم کی سخت سے سخت کارروائیوں پر اتر آئے مگر یہ صورت حال مستقلاً جاری نہیں رکھی جا سکتی۔ پھر حکومت کو اپنی قوت کے بے پناہ مظاہروں کے بعد پھر عوام الناس ہی کی طرف متوجہ ہونا پڑے گا اور ان ہی کی عملی رضامندی حاصل کر کے حکومت کے نظام کو چلانا پڑے گا۔ ہم مانتے ہیں کہ سول نافرمانی بند ہو گئی ہے اور [illegible]

صلح کی آواز

[illegible]

دوسرے میثاق کی امید

[illegible]

بدنصیب بلوچستان

[illegible]

مولوی محمد شفیع داؤدی صاحب کی قومی و ملی خدمات
چند ناقابل انکار حقائق کا اظہار

(از جناب مولانا سید محمد عثمان غنی صاحب مدیر امارت)

مولوی محمد شفیع صاحب داؤدی کے اخبار میں تعزیہ پرستی کی حمایت میں ایک مضمون شائع ہوا تھا۔ اس کے جواب میں ابو صالح صاحب نامہ نگار نے امارت میں ایک مضمون لکھا تھا جس کا عنوان "تعزیہ پرستی کا جاہلانہ ثبوت" ہے۔ اس مضمون نے مولوی محمد شفیع صاحب داؤدی کو برہم کر دیا ہے اور انہوں نے اپنے قلم سے اپنے اخبار کے ۲ اگست ۳۳ء کے پرچہ میں "جریدۂ امارت کی دریدہ دہنی" کے عنوان سے [illegible]

۲۔ آپ صوبہ سرحد جاتے ہوئے اعلان فرمایا تھا کہ آزاد تحقیقات کے لئے جاتے ہیں۔ اور وہاں پہنچ کر بھی آزاد تحقیقات کا اعلان فرمایا۔ مگر واقعہ اس کے برعکس تھا۔ آپ چیف کمشنر کی ماتحتی میں کام کر رہے تھے، اور آپ بالکل اسی کی ہدایت کے پابند تھے۔ سرکاری خطوط سے اس کی تصدیق ہو گئی۔

۳۔ صوبہ سرحد میں آپ کی موجودگی میں بھی دو مرتبہ مسلمانوں پر گولی چلائی گئی [illegible]

حجاج کے مصائب کی ذمہ داری

۷۔ حکومت نے سفر حجاز اور خاص کر حاجیوں کے متعلق مسودہ قانون مرتب کیا جو حاجیوں کو مصیبت میں مبتلا کرنے والا تھا [illegible]

عملی کارنامے

ان کے اس بیان کی روشنی میں نامہ نگار امارت کی اطلاع پر یقین کر کے جلسہ کو ناکام سمجھنے میں ہم نے یقیناً غلطی نہیں کی۔

مولوی شفیع صاحب کا یہ الزام کہ "مدیر امارت کا مقصد مولوی شفیع صاحب کو محض ذلیل کرنا ہے" کسی طرح صحیح نہیں ہے [illegible]

اعمال نامے کی مختصر فہرست

[illegible]

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

جنیوا کی کانفرنسیں کامیاب کیوں نہیں ہوتیں
دنیا کا ایمان بین الاقوامی کانفرنسوں سے متزلزل ہو چکا ہے
ہر ملک کو اپنے فائدہ کا خیال

یورپ میں آئے دن مختلف قسم کی کانفرنسیں ہوتی رہتی ہیں جو بڑی دھوم دھام [illegible]

(اسٹیٹسمین)

بالشویک روس میں فن صحافت کا عروج
بیس بیس لاکھ کی اشاعت والے اخبار
۹۰ فیصدی باشندے تعلیم یافتہ ہو چکے ہیں

سویٹ روس میں اخبار بینی کا شوق روز بروز بڑھتا جا رہا ہے [illegible]

اس وقت ۹۰ فی صدی روسی باشندے تعلیم یافتہ ہو چکے ہیں اور بقیہ فیصدی کے لئے کوشش برابر جاری ہے۔

(مانچسٹر گارجین)

مجلس اقوام کا چندہ ہضم کرنے والی حکومتیں
تقاضوں کے باوجود چندے ادا نہیں کئے جاتے

گذشتہ سال دسمبر تک مجلس اقوام کی ......۱۰ پونڈ رقم مختلف حکومتوں کے ذمہ باقی رہی اور مجلس کے بار بار کے تقاضوں کے باوجود حکومتوں کی طرف سے یہ رقم ادا نہیں کی گئی۔ [illegible]

زندگی کے چھ اصول
سرکاری افسروں کو مسولینی کی ہدایات

سگنور مسولینی (اٹلی کے ڈکٹیٹر) نے میلان کی فیسٹ پارٹی اور دیگر سرکاری افسران کے نام ایک مکتوب ارسال کیا ہے جس میں حسب ذیل کے ماتحت چند ہدایات دی گئی ہیں:-

(۱) رات کو اور دن کو بھی ہوٹلوں اور تھیٹروں میں بہت کم جاؤ۔

(۲) جہاں تک ہو سکے ہر کام کو پیادہ سفر کر کے انجام دو۔ اگر موٹر کار پر سفر کرنے کی ضرورت ہو تو صرف موٹر سائیکل کو استعمال کرو۔

(۳) [illegible]

روس میں ۲۸ ہزار متکلم اور خاموش سینما
کل دنیا میں سینماؤں کی تعداد

[illegible]

انگورہ کی شاندار اکاڈمی

[illegible]

جمعیۃ العلماء کی مجلس عاملہ کے فیصلے

دہلی کے قوم پرور اخبارات کا خیر مقدم

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ کے فیصلے دہلی کے اردو انگریزی اخبارات میں شائع ہو چکے ہیں اور ان کے متعلق اظہار رائے بھی کیا جا رہا ہے۔ عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ جمعیۃ العلماء نے مراد آباد میں جو قدم اٹھایا ہے وہ ملکی و قومی مصالح اور سیاسی و مذہبی ضروریات کے اعتبار سے موجودہ حالات کے عین مطابق ہے اور اس کے فیصلوں میں مسلمانان ہند کی صحیح رہنمائی کی گئی ہے۔ دہلی کے نیشنلسٹ پریس نے مجلس عاملہ کے فیصلوں کا خیر مقدم نہایت جوش کے ساتھ کیا ہے۔ چنانچہ مسلم نیشنلسٹ اخبار روزنامہ ملت رقمطراز ہے:۔

"آج ہی کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ ہم جمعیۃ علماء ہند کی ان تجاویز کو شائع کر رہے ہیں جو اس کی مجلس عاملہ کے تازہ اجلاس منعقدہ ۱۹، ۲۰، ۲۱ اگست میں منظور ہوئی ہیں۔ ملک کے عام سیاسی حالات نیز مسلمانوں کی قومی زندگی میں عالمگیر افسردگی اس امر کی متقاضی تھی کہ جمعیۃ ایک ایسا قدم اٹھائے جس سے نہ صرف مسلمانوں کی رہنمائی ہو بلکہ عام سیاسی حالات میں جو پیچیدگی پیدا ہو گئی ہے اس کے کھلنے کی کوئی صورت نکلے ہم جمعیۃ العلماء اور اس کے ارکان کو جو مراد آباد میں جمع ہوئے اس کے ان اہم فیصلوں پر مبارکباد دیتے ہیں جن پر عمل کرنے کے بعد ہمیں توی امید ہے کہ مسلمانوں میں صحیح سیاسی زندگی ..."

وائسرائے سے ملاقات کے لئے گاندھی جی پھر کوشش کرینگے؟

"میں اس غیر متوقع آزادی کو صلح کے کام میں لگاؤنگا"

رہائی کے بعد گاندھی جی کا بیان

پونہ ۲۵ اگست۔ نمائندہ پریس سے دوران ملاقات میں گاندھی جی نے کہا کہ اس مرتبہ میری رہائی غیر متوقع طور پر ہوتی ہے۔ مجھے اس بات کا علم نہیں کہ صحت یابی کے بعد اپنی سرگرمیوں کو کیا شکل دونگا اس لئے میں ان ہی الفاظ کو دہرا سکتا ہوں جو متعدد بار کہہ چکا ہوں کہ میں رہنمائی اور روشنی کے لئے دعا کر رہا ہوں گا۔ میں اتنا ضرور کہہ سکتا ہوں کہ پہلے کی نسبت صلح کے لئے اب میں زیادہ کوشش کرونگا اور چونکہ برت کو اختیار کرنے کا پھر امکان ہے اس لئے میں اس مرتبہ غیر متوقع آزادی کو صلح کے ذرائع تلاش کرنے کے لئے استعمال کرونگا۔ ایک سوال کے جواب میں گاندھی جی نے کہا کہ سول نافرمانی میری زندگی کا حصہ ہے اور میں اس کے اظہار میں کوئی شرم محسوس نہیں کرتا۔ اس سوال کے جواب میں کہ کیا آپ وائسرائے سے پھر گفتگو کی سلسلہ جنبانی کرینگے آپ نے فرمایا اس وقت میں اس کے متعلق قطعی طور پر کچھ نہیں کہہ سکتا لیکن اغلب ہے کہ میں گفتگو کے لئے درخواست کروں۔ اگر حکومت نے صلح کی خواہش کی اور کانگریس بھی اس کے لئے تیار ہوئی تو صلح کوئی مشکل امر نہیں ہے۔ صلح کی شرائط کے متعلق میں ابھی کچھ نہیں کہہ سکتا۔

گاندھی جی رہا کر دیئے گئے

برت کھول کر پرن کٹی پہونچ گئے

کمزوری کی وجہ سے حکومت گھبرا گئی

پونہ ۲۴ اگست۔ (وقت چار بجے شام) گاندھی جی کل اچانک بعد سہ پہر پونے چار بجے غیر مشروط طور پر رہا کر دیئے گئے۔ مسٹر اینڈریوز آپ کو بذریعہ ایمبولینس کار پرن کٹی لیجانے کے انتظامات کر رہے ہیں۔

غیر مشروط طور پر رہائی کی خبر پانے ہی گاندھی جی نے ہسپتال ہی میں سنگترے کے رس سے اپنا برت کھول لیا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ آج صبح گاندھی جی کی کمزوری بہت زیادہ بڑھ گئی تھی جس سے سرکاری ڈاکٹروں کو ان کی جان کے متعلق کسی قدر تشویش لاحق ہو گئی تھی۔ جس وقت حکومت کو اس کا علم ہوا تو اس نے فی الفور گاندھی جی کی رہائی کے احکامات جاری کر دیئے۔ چنانچہ ٹھیک پونے چار بجے اطلاع دیدی گئی کہ اب وہ قیدی نہیں ہیں۔

پونہ ۲۳ اگست۔ گاندھی جی کی صحت کے متعلق عام حالات میں نمایاں تبدیلی ہو رہی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ رات مقابلۃً آرام کے ساتھ گذری۔ حسب معمول لفٹننٹ کرنل کنڈی اور اس کے بعد ڈاکٹر گھارپورے آئی جی سرجن سیسون ہسپتال نے گاندھی جی کا طبی معائنہ کیا۔

چالیس ہزار مکانات منہدم ہو گئے

کٹک میں خوفناک بارش کے نتائج

نقب زنی کی ۶۵ وارداتیں

بم اور پستولوں کی برآمد

جزیرہ انڈمان کے نظربندوں کا حال

بنگال کی جیلوں میں مسجد بنانے کا مسئلہ

ریاست اندور کا ایک مفید قانون

ایک پٹھان کو سزائے موت

ایک طالبعلم کو قتل کرنے کی سزا

ریاستوں کے تحفظ کیلئے ایک مسودہ قانون

اخبارات کیلئے ایک اور شکنجہ

عراق میں نازی پارٹی قائم کرنے کا ارادہ

حکومت عراق نے اجازت دیدی

گاندھی جی اب بخیریت ہیں

ناظم جمعیۃ علماء ہند کے نام پرن کٹی کا تار

انجمن ترغیب الصلوٰۃ شملہ کا تاسیسی اجلاس

"بنگال کی کونسل عوام کی ترجمان نہیں ہے"

ساہو کارہ بل پر بحث

۵۸ ہزار روپیہ وصول ہو گیا

منڈا پور کے باشندوں پر ٹیکس

دیوبند اس گاندھی کی رہائی کا امکان

حیدرآباد میں ۱۴۴ کا نفاذ

ایک ہندو لڑکی کے مسلمان ہونے پر خطرہ

مزدوروں کے معاوضہ کا مسودہ قانون

دیسی مال فروخت کرنے کا عہد

غیر ملکی کپڑوں پر پکٹنگ

جاپانی فوج نے ڈیڑھ سو باغی ہلاک کر دیئے

چینی ترکستان کی سیاسیات نے پھر پلٹا کھایا

ترکی فوج کے کمانڈر تیمور کو مخالف فوج نے ہلاک کر دیا

کاشغر پر مخالفوں کا قبضہ۔ یارقند میں اضطراب

شملہ ۲۴ اگست۔ ایک سرکاری کمیونک مظہر ہے کہ کاشغر سے حال میں جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ ماچان یانگ کا شفر کے تنگن لیڈر پر حملہ کرنے کے لئے ترکستان کے کمانڈر تیمور نے ترکی لیڈر عثمان علی کو مدعو کیا ہے اور وہ بہت سی فوج لیکر کاشغر میں آگئے ہیں۔ اسی غرض سے تنگن لوگوں کے ہتھیار چھین لئے جائیں ترکی لوگوں نے بغیر امداد کے کام کرنے سے انکار کر دیا ہے اور تیمور اپنی فوج کو اس کام میں لگانا نہیں چاہتے نتیجہ یہ ہوا کہ ترکستانی اور ترکی طبقوں کے تعلقات بہت کشیدہ ہو گئے ہیں اور عثمان علی مع اپنی فوج کے کاشغر سے واپس چلے گئے۔ تب تیمور نے تمام فوجوں کو جمع کیا اور ترکیوں کا پیچھا کیا تاکہ ان کے پہاڑوں میں پہونچنے سے پہلے ان کے ہتھیار چھین لئے جائیں مسٹر ماجانگ سانگ نے جو موقعہ پایا تو تیمور کی عدم موجودگی میں دوسرے روز صبح کو کاشغر کے قدیم شہر پر قبضہ کر لیا۔ جب تیمور کاشغر میں واپس آئے تو تنگن فوجوں نے انہیں پکڑ کر قتل کر دیا۔ اب کاشغر کے بازار میں ان کے سر کی نمائش کی جا رہی ہے۔ اس وقت کاشغر کے قدیم اور جدید دونوں شہروں پر تنگن قابض ہیں اور ماچار سانگ فی الحال برسر اقتدار ہے۔ یارقند میں پھر بدامنی شروع ہو گئی ہے، لیکن ابھی تک تفصیلات موصول نہیں ہوئی ہیں۔

مجلس اقوام کے نام حکومت عراق کا برقیہ

اشوریوں کے قتل کے اسباب و علل کی وضاحت

عراقی فوج نے عورتوں اور بچوں کو قتل نہیں کیا

جنیوا ۲۳ اگست۔ حکومت عراق کی جانب سے لیگ اقوام کو ایک تار بھیجا گیا ہے، جس میں اشوری مسلح بغاوت کے فرو کرنے کی وضاحت کی گئی ہے۔ جس کا سرغنہ مار شمعون تھا۔ اس تار کے ذریعہ مخالفانہ پروپیگنڈا کے خلاف احتجاج کیا گیا ہے کہ پولیس میں جو قتل اور زخمی ہوئے ہیں وہ جنگجو باغی تھے، کہیں بھی سرکاری فوجوں نے ان پر حملہ نہیں کیا جو جنگ میں شامل نہ تھے۔ اس تار میں یہ بیان دیا گیا ہے کہ خود باغیوں ہی نے ... کی شکلیں بگاڑ دیں اور بچوں اور بیویوں کو زخمی اور ہلاک کر دیا۔ شہری باشندوں کی اکثریت حکومت عراق کی موافقت میں ہے، کیونکہ حکومت نے لوٹ اور چوری کو روکنے کے لئے تدابیر اختیار کیں۔ حکومت یہ ظاہر کرتی ہے کہ اب امن و امان قائم ہے، اور فوجیں اپنے مستقل مقامات پر واپس بھیجدی گئیں۔

فوجی سپاہیوں کی پنشن کا مسئلہ

حکومت ہند کا اعلان

سرحد پر سکون ہو گیا

پشاور کا دستہ دیکھ بھال میں مشغول ہے

مسٹر ہنری فورڈ اور موٹر کی تجارت

کھلے بازار میں مقابلہ کرنے کا ارادہ

ایک بیوہ اپنی تین لڑکیوں کے ساتھ غرق

لکھنؤ ۲۳ اگست۔ موضع نفیر آباد ضلع جالے بریلی سے ایک ہولناک اطلاع موصول ہوئی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک بیوہ عورت اس کی تین ...

دہرہ دون سے پنڈت جواہر لال نہرو کا تبادلہ

فوجی دستہ واپس آ گیا

پونا میں کانگریس توڑ دی جائیگی

گندم کے متعلق سمجھوتہ

نیلی قمیص خلاف قانون قرار دیدی گئی

آئرلینڈ میں فوجی عدالت کا قیام

اشوری قبائل کے قتل عام کی تردید

سفیر عراق مقیم لندن کا بیان

جزائر مالدیپ میں مارشل لا

بوہروں کو جلاوطن کر دیا گیا

نوجوان لڑکی کی موت سے وقف میں اضافہ

مولوی محمد شفیع داؤدی صاحب کی قومی و ملی خدمات

(سلسلہ صفحہ ۳)

پولینڈ کی سرحد پر جرمنی جہازوں کی پرواز

ترکی میں جرمن کے خلاف ہیجان

ریلوے کمپنی کا ٹھیکہ منسوخ

امریکہ سے گاندھی آشرم کے تبرکات کی طلبی

تاریخی ہستیوں کی یادگار

تحفظات کم کئے جائیں

سر ہری سنگھ گوڑ کا اظہار خیال

پارلیمنٹری کمیٹی کے نمائندوں کی واپسی

ہری پور میں فرنٹیئر پولیس ایکٹ کی توسیع

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس کو جاری رکھا جائے

مدراس میں سیاسی اسیروں کی رہائی

سرحد کے آزاد قبائل پر بمباری
حکومت افغانستان کا اسلامی فرض
قونصل جنرل افغانستان کے نام مکتوب

(از جناب مولانا مفتی محمد نعیم صاحب رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند)

۹ اگست کو میں نے مندرجہ ذیل تحریر کی انگریزی کاپی اخبارات نیز قونصل افغانستان کی خدمت میں شملہ روانہ کرکے ۱۷ اگست تک جواب کا مطالبہ کیا تھا جس کا جواب ۱۸ اگست ۱۹۳۳ء کو دفتر قونصل جنرل کی طرف سے موصول ہوا۔ جواب کا حاصل یہ ہے کہ جنرل موصوف جشن استقلال کے لئے افغانستان تشریف لے گئے ہیں جواب میں مذکور تھا کہ جناب کا مکتوب بعینہٖ جنرل موصوف کی خدمت میں کابل روانہ کر دیا گیا ہے اور ان سے جلد جواب کی خواہش کی گئی ہے۔ لیکن ابھی تک کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ امید ہے کہ دفتر قونصل جنرل کی طرف سے جلد جواب عنایت فرما کر مسلمانان ہند کو مطمئن کیا جائے گا۔ مکتوب حسب ذیل ہے:۔

ملت ابراہیمی اور دین قیم کے زریں اصول "انما المومنون اخوۃ" کے مطابق تمام دنیا کے مسلمان انسان واحد کی طرح ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا کے تمام مسلمانوں کا رنج و غم آرام و راحت ایک ہے۔ دنیا کے کسی حصہ میں اگر کوئی مسلمان کسی مصیبت میں مبتلا ہے تو بقیہ مسلمانوں کا اپنی اخوت اسلامی کی وجہ سے اس تکلیف کو محسوس کرنا ایک قدرتی امر ہے جس سے کوئی ایسا شخص کبھی انکار نہیں کر سکتا جسے اسلامی روایات سے ادنیٰ درجہ کی بھی واقفیت حاصل ہے۔

بنا بریں حکومت انگریزی کے پراسرار ملنگ اور اس کے ساتھیوں کی حوالگی کے ضمن میں جس کے کرنل لارنس جیسی پراسرار شخصیت ہونے کی کوئی تردید ...

[illegible]

... کیا مسلمانان ہند اور افغانستان کی ... اس ناقابل معافی خاموشی کے باوجود آپ کو اپنا رہنما تسلیم کریں گے۔ ... مرحومہ کا خدا ہی حافظ و ناصر ہے وہ پردۂ غیب سے خود اپنے بندوں کی ضرور امداد فرمائے گا اور اس امتحان سے منافق و مومن کا امتیاز قائم فرما کر اپنے بندوں کو منافقین کے شر سے ہمیشہ کے لئے محفوظ کر دے گا۔ آخر میں ہم جمعیۃ علماء ہند کے ناظم صاحب سے یہ پر زور درخواست کرتے ہیں کہ جس طرح آپ نے اپنی سابقہ روش کے مطابق آٹھ کروڑ مسلمانان ہند کے دلی جذبات سے دنیائے اسلام میں سب سے پہلے حکومت وقت کو اس کے جبر و تشدد سے آگاہ فرما کر اپنا نیز اپنی جماعت کا اسلامی فرض ادا فرمایا ہے اسی طرح بہت جلد مجلس عاملہ کا ایک ضروری اجلاس طلب فرما کر مسلمانان سرحد نیز دیگر ملکی معاملات میں نہ صرف مسلمانان ہند بلکہ تمام باشندگان ہند کو اپنے اور اپنی جماعت کے صحیح ارادوں سے مطلع فرما کر ان کی رہنمائی فرمائیں۔

جن لوگوں نے اس خطرہ کو محسوس فرما کر باشندگان سرحد سے اپنی ہمدردی کا اظہار ہے جن میں مدراس کونسل کے معزز ارکان اور پنجاب کے علامہ سر اقبال و مولانا ظفر علی خان و دیگر جرائد ہند شامل ہیں ہر حالت میں شکریہ کے مستحق ہیں۔ کیونکہ الہندن نے بروقت اپنے انسانی اور اسلامی فرض کے احساس کا سب سے پہلے ثبوت پیش کیا ہے۔

بالشویک روس میں مساجد کا انہدام
سینکڑوں مدارس اور مساجد کو بند کر دیا گیا
ایک روسی مسلمان کی پر درد داستان

[illegible]

نجف گڈھ کے ہیلتھ اور میڈیکل ڈیپارٹمنٹ میں برہمن گردی
چیف میڈیکل آفیسر صاحب اور دیگر حکام توجہ فرمائیں

نجف گڈھ (صوبہ دہلی) کے ہیلتھ اور میڈیکل ڈیپارٹمنٹ میں کچھ عرصہ سے برہمن نوازی اور مسلم کشی کا جو افسوسناک مظاہرہ جاری ہے انھوں نے اب آتنی تاریک اور ناقابل برداشت صورت اختیار کر لی ہے کہ مزید خاموشی ناممکن ہو گئی ہے۔

نجف گڈھ ایک ایسا علاقہ ہے جس میں کم و بیش نصف آبادی مسلمانوں کی ہے اور ہندوؤں کی ہی طرح مسلمان بھی ہیلتھ اور پبلک ڈیپارٹمنٹ کے فیوض اور برکات سے فائدہ اٹھانے کے مستحق ہیں لیکن جیسے وہاں ایک برہمن ڈاکٹر صاحب متعین ہوئے ہیں مسلمانوں کے حقوق کو نہایت بیدردی کے ساتھ پامال کیا جا رہا ہے مسلمان پبلک کے آرام اور آسائش کے لئے ان دونوں محکموں میں جو مسلمان ملازم تھے وہ ایک ایک کرکے تقریباً سب کے سب برطرف کئے جا چکے ہیں جہاں پہلے تیرہ چودہ ملازموں میں سے نصف ملازم مسلمان تھے۔ وہاں اب بمشکل دو یا تین ملازم مسلمان رہ گئے ہیں اور معلوم ہوا ہے کہ انہیں بھی علیحدہ کرنے کی تاک ہیں بیرہ جی جا رہی ہیں بلکہ غالباً بعض کو برطرفی کا نوٹس بھی دیا جا چکا ہے۔

مندرجہ ذیل نقشہ سے معلوم ہوگا کہ اس وقت سرحدہ محکمہ جات میں ملازمین کا تناسب کیا رہ گیا ہے۔

[illegible]

... سہارنپور اور اپنی خوشی سے قاضی ظہور احمد آنریری مجسٹریٹ کے یہاں مسلمان ہوگئی اس کے بعد پولیس انسپکٹر تھانہ کوٹ ضلع سہارنپور نے لڑکی کو گرفتار کرکے آریہ سماج کے حوالہ کر دیا اور آریوں نے اسکو جبراً آریہ بنا کر اس کے پھیرے ایک آریہ لڑکے سے کروا دئے۔ یہیں تک بس نہیں بلکہ انسپکٹر نے دس بارہ مسلمانوں کو گرفتار کر لیا جو ضمانت پر چھوڑ دئے گئے۔ پندرہ روز کا عرصہ ہو چکا ہے پولیس نہ تو ان لوگوں کا چالان کرتی ہے اور نہ ضمانت منسوخ کرتی ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ آریہ لڑکی پر دباؤ ڈال کر شرفا کو پھنسانا چاہتے ہیں چونکہ تمام افسر ہندو ہیں اس لئے مسلمانوں پر یہ مظالم توڑے جا رہے ہیں۔ اگر لڑکی مسلمان رہنا چاہتی ہے تو اسکو مسلمانوں کے سپرد کر دیا جائے ورنہ گرفتار شدہ مسلمانوں کو رہا کر دیا جائے۔

(نامہ نگار از سہارنپور)

مولانا اختر کا دورہ ضلع ہزارہ میں
فتنۂ مرزائیت کے خلاف عظیم الشان جہاد

آخر انتظار شدید کے بعد وہ وفد ضلع ہزارہ میں پہنچ گیا جس کا اخباروں میں اعلان ہو چکا تھا مگر بعض وجوہ کی بنا پر ارکان وفد صرف دو حضرات تھے مولانا نور الحق صاحب اور مولانا لال حسین صاحب اختر ۱۲ اگست ۱۹۳۳ء کو بمقام ایبٹ آباد مولانا اختر صاحب کی زبردست تقریر ہوئی اگلے دن ۱۳ اگست کو پھر بمقام کمپنی باغ زیر صدارت مولانا غلام غوث صاحب مبلغ اسلام عظیم الشان جلسہ ہوا جس میں مرزائی مذہب کی قلعی کھول دی گئی اسی رات کو انجمن نصرت الاسلام مانسہرہ کے وفد مولانا عبد الحق صاحب مولانا غلام محی الدین صاحب کے ہمراہ ...

[illegible]

بھوپال کے اسکولوں میں طلبا پر فیس کا بار

[illegible]

مسودہ قانون معلمین کے خلاف جلسہ

[illegible]

امرتسر سے ایک نئے روزنامہ کا اجراء

[illegible]

ایک ہندو لڑکی کا قبول اسلام پر آریوں کا شور

[illegible]

دارالعلوم روح الاسلام سیدپور کیلئے
کلکتہ میں معاون مجلس

دارالعلوم روح الاسلام سیدپور ضلع رنگپور کی بنیاد بزرگان دین اور معززین قوم نے اس خیال سے ۱۹۲۳ء میں رکھی تھی کہ یہ بنگال کی سب سے بڑی اسلامی آبادی کیلئے بڑا مذہبی مرکز ہوگا۔ ارادہ تھا کہ اس میں اعلیٰ درجہ کی مذہبی تعلیم کا انتظام کیا جائے گا اور ...

[illegible]

مدوہ کی مسجد کیلئے مسلمانوں سے اپیل

[illegible]

انجمن قریشیان ہند کا خصوصی اجلاس
متعدد قرار دادوں کی منظوری

۱۳ اگست ۱۹۳۳ء یسیجر ڈاکٹر نور احمد صاحب قریشی پروفیسر میڈیکل سکول امرتسر کے زیر صدارت شریف بلڈنگ بیرون دروازہ رام باغ میں انجمن قریشیان ہند امرتسر کا سپیشل اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کے انتظامات وغیرہ صرف ایک ہی ہفتہ میں کئے جانے کے باوجود حاضری کافی اور خاصی تھی۔ تلاوت قرآن مجید کے بعد محمد یوسف صاحب بدر قریشی ایم اے جنرل سکریٹری نے انجمن قریشیان ہند کی سہ سالہ رپورٹ پڑھ کر سنائی ...

[illegible]

بلیک گستاخ پادری کی دریدہ دہنی
مسلمانوں کا احتجاجی جلسہ

[illegible]

یوپی حکومت اور جبریہ تعلیم نسواں
مسلمانان امروہہ کا احتجاج

آج ۱۸ اگست ۱۹۳۳ء بروز جمعہ امروہہ میں متعدد مقامات پر قانون جبریہ تعلیم نسواں اور تعلیم قرآن کے روکنے کے سلسلہ میں جلسہ کئے گئے۔ بالاتفاق تمام مسلمانوں نے حکومت کے اس رویہ سے اظہار بیزاری کیا ...

[illegible]

نظر نواز خوبصورت حمائل دلکش

[illegible]

دفتر اشاعۃ القرآن بیت الشفاء امروہہ (یوپی)

دونوں سمتی باندھ کر زور سے دوڑیے لیکن کدھر؟ ڈاکخانہ کی طرف آخر کیوں کس لئے

[illegible]

مفرح مشکین MUFARRAH MUSHKIN

مشک عنبر اور جواہرات کا اکسیر مرکب

[illegible]

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

بچوں کی ہر بیماری کی شرطیہ دوا

بال جیون گھٹی

[illegible]

سفید بال جڑ سے کالا

[illegible]

اقدام کا دور جدید

[illegible]

منیجر اقدام پشاور

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

غریبوں کا خدا

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

[illegible]

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

ہندوستان کے ہر بیماری دواخانہ سے زیادہ مجربات ... حکیم محمد اجمل خاں صاحب مرحوم ...

[illegible]

منیجر دواخانہ حکیم جمیل خاں دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

بید اللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ
دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... ششماہی ... سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... ششماہی ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳ ... ۲۰ ۲۴ ۲۹ ...
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ...
نصف صفحہ (،) ...
ایک کالم (،) ...
نصف کالم ...
چوتھائی کالم ...

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (دہلی)

جلد ۱۸ | دہلی۔ یوم جمعہ ۱۰ جمادی الاول ۱۳۵۲ھ مطابق یکم ستمبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۵

معاصرین کے افکار و آراء

جمعیۃ علمائے ہند کا مستحسن فیصلہ (زمیندار)

ایک تازہ اطلاع مظہر ہے کہ جمعیۃ علمائے ہند نے جو مسلمانوں کی ایک فعال اور حریت پرور جماعت ہے، سول نافرمانی کے پروگرام پر خط تنسیخ کھینچنے کا فیصلہ کر لیا ہے...

انگلستان میں جائز اور ہندوستان میں جرم (حقیقت)

انگلستان میں شاہی خاندان اور وزراء سے لیکر عام لوگوں تک...

ملازمت کا سوال (ملت)

حقیقت یہ ہے کہ فرقہ وارانہ جھگڑے کی ساری بنیاد صرف یہ ہے کہ سرکاری ملازمتیں کس کو کتنی ملیں گی...

ایک ہندو کی فیاضی (حقیقت)

گرہن کے موقع پر اہل ہنود خیرات کرنے کے عموماً عادی ہیں...

مشکل راہ (ہمدم جدید)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(انمعاون)

عیسائی گناہ کے ارتکاب پر کیوں دلیر ہوتے ہیں؟

اسلام اور عیسائیت حق و انصاف کی میزان میں

ازبلا کے قلب صافی پر اسلام کا ایک اور رنگ

پطرس رسول کی اخلاقی حالت

انبیاء پر بہتان

گندہ عقیدہ

عیسائیوں پر قرآن کریم کا احسان

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

خطبات صدارت

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب — حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے آپ نے جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس منعقدہ پشاور میں جو بے نظیر خطبہ بحیثیت صدر اجلاس پڑھا تھا اس کے متعلق...

دنیائے ادب کے ماہر **سید سلیمان صاحب ندوی**...

حضرت مولانا شاہ معین الدین صاحب اجمیری کا خطبہ صدارت جو جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس منعقدہ ... میں پڑھا گیا...

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نقشبندی

خطبہ صدارت حضرت مولانا شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ

خطبہ صدارت جانشین حضرت شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابوالکلام صاحب آزاد

مولانا ابوالکلام صاحب آزاد کا آخری پیغام

خطبہ صدارت حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی

فتنہ مرزائیت کا صحیح علاج

مرزا غلام احمد قادیانی کے جانشینوں کی طرف سے اسلام کے خلاف جو زہر اگلا جا رہا ہے اور مسلمانوں کے دین کو جس گندم نما جو فروشی سے نقصان پہونچانے کی در پردہ کوشش کی جا رہی ہے...

ختم نبوت فی القرآن ... ختم نبوت فی الحدیث ... ابطال اعجاز مرزا ... دین مرزا کفر خالص ... خامہ حقانی در کذب مسیح قادیانی ... صحائف رحمانیہ ... حقیقت رسائل اعجازیہ ... اطلاع رحمانی ... عقائد قادیانی ... معیار صداقت ... انوار ایمانی ... حقیقۃ المسیح ... مسیح قادیان کی حالت کا بیان

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرما دیا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بناء پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کر کے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کر دیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی ہے اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ایک روپیہ اور "جنت کی کنجی" کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف دو روپیہ لی جائے گی۔ دونوں حصوں میں کل ۲۱۰۷ احادیث درج ہیں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے۔

سیرۃ الحبیب

اگر آپ دنیا کے مصلح اعظم کے صحیح اور سچے حالات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی زندگی کو صحیح طریقہ پر اسلام کی روشنی میں بسر کرنا چاہتے ہیں تو سیرۃ الحبیب کا مطالعہ کیجئے...

تعلیم الاسلام

اعجاز القرآن

تفسیر مظہری

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر

صراط مستقیم

سر توڑ

رد کفر

علم الکلام

پاک زندگی

ابدی نجات

خاموش تبلیغ

حیات محمود و سفرنامہ اسیر مالٹا

فتاوی رشیدیہ

تحفۃ المحبین

دلائل الخیرات

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

اقطار عالم میں آزادی نسواں کی رفتار

مردوں پر سبقت لیجانے کی عالمگیر تحریک

مختلف ممالک کی خواتین کا موازنہ

اسکندریہ کے ایک مسلمان عرب حال میں اپنی طویل سیاحت کو ختم کر کے اپنے وطن واپس ہوئے ہیں آپ نے حجاز مقدس، ترکی، ایران، فرانس، جرمنی، انگلستان، چین جاپان اور امریکہ کی سیاحت میں کامل سات سال خرچ کئے ہیں۔ اب آپ نے اپنی سیاحت کے مشاہدات قسط وار ایک ترکی اخبار میں شائع کرنے شروع کر دئے ...

ایک سال میں ایک کروڑ بائبل کی اشاعت

وائسرائے ہند کی صدارت میں بائبل سوسائٹی کا جلسہ

یورپ کو دہریہ بتانے والے ملحدین غور سے پڑھیں

برٹش اینڈ فارن بائبل سوسائٹی کے سالانہ اجلاس کی صدارت ۲۵ اگست کو بعد دوپہر ہز ایکسلنسی وائسرائے بہادر نے فرمائی۔ برٹش اینڈ فارن بائبل سوسائٹی عیسائیوں کا وہ زبردست ادارہ ہے جس نے تمام ہندوستان میں تبلیغ مسیحیت کا زبردست جال پھیلا رکھا ہے۔ یہی ادارہ ہندوستان کے مختلف ...

ہندوستان میں بیکاروں کی تعداد تین کروڑ

سوویٹ روس کا مزدور کس طرح چین کرتا ہے

طرابلس کی ایک خبر

دس لاکھ چینی عورتوں اور بچوں پر تباہی

برطانوی اور افغانی معاہدات کی مفصل تاریخ

۱۵۶۱ء سے لیکر ۱۹۱۸ء تک کے واقعات پر تبصرہ

برطانوی اور افغانی معاہدات و تعلقات کی ابتدا ۱۵۶۱ء میں ہوئی جو تا حال قائم ہے۔ حکومت افغانستان کے مختلف ادوار میں برطانیہ سے جو معاہدات ہوئے وہ مستقل تاریخ کی حقیقت رکھتے ہیں۔ ایسے وقت میں جبکہ ہندوستان کی شمالی مغربی سرحد پر آزاد قبائل پر حکومت برطانیہ بمباری کر رہی ہو ناظرین کیلئے افغانی و برطانی معاہدات کا مطالعہ خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ ذیل کے بسیط مضمون میں ان تمام معاہدات کی تاریخ درج کی جاتی ہے۔ امید ہے کہ قارئین کرام بغور ملاحظہ فرمائیں گے۔

ایرانی اور برطانوی تعلقات کی ابتداء

احمد شاہ ابدالی بانی مملکت افغانستان کے بعد اس کا بیٹا تیمور شاہ مسند نشین ... حکومت افغانستان کو انواسی زمانے سے انگریزوں کا افغانستان کے ساتھ سیاسی تعلق سمجھنا چاہئے کیونکہ شاہ زماں شمالی ہندوستان پر حملہ کرنا چاہتا تھا اس وجہ سے انگریزی مدبرین کو افغانستان کی طرف سے ایک طرح کا خدشہ ...

عام طور پر افغانی سردار اس کو نفرت کی نظر سے دیکھنے لگے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ... میں تمام افغانستان میں ایک عالمگیر بغاوت رونما ہوئی۔ باغیوں کے سرغنہ وزیر خاں نے شاہ شجاع کو شکست دی اب شاہ موصوف نے افغانستان چھوڑ کر ہندوستان میں اول اول رنجیت سنگھ کے ہاں پناہ لی لیکن رنجیت سنگھ نے بجائے خاطر مدارات کے شاہ شجاع کے ساتھ بد سلوک ...

معاہدۂ اول

معاہدۂ دوم

معاہدۂ سوئم

غازی امان اللہ خاں ترکی میں

سیاسیات سے علیحدگی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۱۰ جمادی الاول ۱۳۵۲ ہجری

حکومت کی سرحدی پالیسی

مسلم اراکین اسمبلی کے وفد کو وائسرائے کا جواب

سرحد کے آزاد علاقہ پر بمباری کے سلسلہ میں مسلم اراکین اسمبلی کا جو وفد وائسرائے سے ملاقات کرنے کے لئے جانے والا تھا اس کی درخواست کے جواب میں وائسرائے کے پرائیویٹ سکرٹری نے جو کچھ لکھا ہے وہ مسلمانوں کے لئے اپنے اندر ہزاروں عبرت آموز سبق پوشیدہ رکھتا ہے اور اگر اس کے بعد بھی گم کردہ راہ مسلمان اپنی آنکھیں نہ کھولیں اور حقائق سے واقفیت حاصل نہ کریں تو ان سے زیادہ غفلت شعار اور نافہم قوم دنیا کے پردہ پر اور کوئی نہیں ہو سکتی۔

ہندوستان کے ایک سرے سے لیکر دوسرے سرے تک حکومت کی سرحدی پالیسی کے خلاف جن جذبات کا اظہار مسلمانوں کی طرف سے کیا جا رہا ہے وہ ہز ایکسلنسی وائسرائے کے نزدیک اتنی بھی اہمیت نہیں رکھتے جتنی کہ رجسٹری کے ڈر یا حکومت کے کسی دوسرے معمولی سے معمولی مشغلہ کو حاصل ہے۔ بمباری کے متعلق بار بار کہا گیا ...

زمہریر بلاہل

خفیہ رپورٹ

معلمین کا مسودۂ قانون ملتوی

مسلمانان ہند کی ”بہترین ترجمانی“ و ”رہنمائی“

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ کے فیصلوں سے کامل اتفاق

مجاہد ملت حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا بصیرت افروز بیان

حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علمائے ہند نے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت ارسال فرمایا ہے:

”مجھے افسوس ہے کہ میں اپنی بعض ناگزیر مجبوریوں کے باعث جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ منعقدہ مراد آباد میں شریک نہ ہو سکا لیکن مجلس مذکور نے مسلمانوں کی سیاسی و مذہبی ضروریات کو ملحوظ رکھتے ہوئے جو فیصلے کئے ہیں میں اپنے آپ کو ان کے ساتھ وابستہ کرنا اپنا ایک اہم فرض سمجھتا ہوں۔ سرحد کی بمباری، جج تحقیقاتی کمیٹی کی خفیہ رپورٹ، وائٹ پیپر و سپارلیمنٹری کمیٹی کی کارروائیاں، حکومت کے موجودہ رویہ، اور دیگر مسائل کے متعلق جمعیۃ کی مجلس عاملہ نے مسلمانان ہند کی جو صحیح ترجمانی کی ہے وہ ان توقعات کے عین مطابق ہے جو ہندوستان کے علما و صلحا کی ایک آزاد جماعت سے وابستہ ...

جمعیۃ علمائے ہند کے گرانقدر و اہم فیصلے

معلمین کا مسودۂ قانون ملتوی کر دیا گیا

جمعیۃ کا آئندہ پروگرام

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

ضروری گذارش

برطانی فوج کا دستہ علاقہ غلانائی میں ابتک گشت کر رہا ہے

ڈانڈا اور غلانائی کی سڑک کا کام بدستور جاری ہے

صوبہ سرحد پر امن وامان کی اطلاع

شملہ ۲۸ اگست۔ سرحد کے حالات میں کوئی نئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے اور وہاں مکمل امن وامان ہے۔ آج پشاور بریگیڈ کے ایک پیدل دستہ نے علاقہ غلانائی کے شمال مغرب میں قلندہ نالہ کے گرد گشت کی اس دستہ کا مقابلہ نہیں کیا گیا۔ ڈانڈے سے غلانائی تک ایم ٹی روڈ پر کام تسلی بخش طریقہ پر جاری ہے۔ البتہ موسم کے خراب ہونے کے باعث کام کی تکمیل میں تاخیر ہو رہی ہے۔ کل زبردست بارش کے باعث سڑک کا کچھ نقصان ہوگیا اور گذاب میں آمد ورفت دو دن تک ملتوی رہی۔ سرحد پر بمباری کے سلسلہ میں جو مسلم وفد وائسرائے سے ملاقات کرنی چاہتا تھا وائسرائے نے ملاقات سے انکار کردیا ہے سکرٹری آل انڈیا مسلم کانفرنس نے شملہ سے اعلان کیا ہے کہ مجالس قانون ساز مسلم ارکان کا ایک جلسہ ۳۰ اگست کو گرانڈ ہوٹل شملہ میں منعقد ہوگا جہاں خان بہادر حفیظ خاں سکو دعوت جائے دی جائیگی۔ اس جلسہ میں دیگر امور کے علاوہ سرحدی بمباری کے معاملہ پر بھی غور کیا جائے گا۔

ملیالم کے ایک خبیث پادری کی گندہ ذہنی

روحانی دنیا کے پیشوائے اعظم کے خلاف شرمناک بدزبانی

ٹراونکور کی اسمبلی میں سوالات

پالگہاٹ کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ جدید ترتیب یافتہ اسمبلی (ٹراونکور) کے اجلاس میں جو حال ہی میں منعقد ہوا ہے مسٹر ابن عبد الرحمن مسلم نمایندہ نے چیف سکرٹری سے استفسار کیا کہ آیا طاس کا تفنن کی کتاب "ستیان وتیشام" جس میں مقدس پیغمبر اسلام صلے اللہ علیہ وسلم کی شان میں بدزبانی سے کام لیا گیا ہے کے خلاف حکومت کو مسلمانوں کی طرف سے عام احتجاجی بیانات اور تحریریں موصول ہوئی ہیں اور آیا اس شدید اضطراب کے پیش نظر جو اس کتاب کی اشاعت سے مسلمانوں کو پہنچی ہے حکومت ٹراونکور نے اس مذموم اقدام کے تدارک کے لئے کوئی کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا ہے؟

چیف سکرٹری نے جواب میں رکن موصوف کو مطلع کیا کہ "ستیان وتیشام" کے خلاف حکومت کو کثیر التعداد بیانات احتجاج موصول ہوئے ہیں لیکن چونکہ حکومت نے اس کتاب کو ہنوز نہیں پڑھا ہے اس لئے وہ کسی فیصلہ پر نہیں پہنچ سکی چیف سکرٹری نے یہ بھی کہا کہ آج ہی حکومت کو کتاب کا ایک نسخہ موصول ہوا ہے۔

دار الحکومت

دہلی میں چھ روز سے مسلسل بارش

۴۵ انچ پانی برس چکا

غازی محمد عثمان صاحب آزاد پر نوٹس

انقلابی پوسٹروں کی اشاعت کے متعلق شبہ!

معلوم ہوا ہے کہ مقامی سی آئی ڈی پولیس نے غازی محمد عثمان آزاد (شبان المسلمین کے صدر) کو حلقہ کے تھانہ میں طلب کیا تھا اور ان کی تحریر کی شناخت کے لئے ان سے ایک تحریر بطور نمونہ لکھوائی ہے۔ ان پر دفعہ ۳۰۲، ۱۱۵، ۱۱۷ کے ماتحت نوٹس کی تعمیل کی گئی تھی۔

مصالحت کی گفتگو کا امکان

مسٹر اینڈریوز کی مساعی

بمبئی ۲۸ اگست۔ گاندھی جی نے ایسوسی ایٹڈ پریس کے نمایندے سے ملاقات کے دوران میں جن خیالات کا اظہار کیا تھا، ان کی روشنی میں توقع کی جاتی ہے کہ انفرادی سول نافرمانی کو بھی کلیتاً ملتوی کر دینے کا اعلان کیا جائے گا۔

ہندوستانی صنعت پارچہ بافی کا تحفظ

موجودہ قانون کی میعاد میں توسیع

اسمبلی میں سر جوزف بھور کا بیان

شملہ ۲۸ اگست۔ سر جوزف بھور نے آج اسمبلی میں قانون تحفظ صنعت سوتی پارچہ بافی بابت ۱۹۳۰ء میں مزید ترمیم کا بل پیش کیا۔

جامعہ ملیہ میں ایک دلچسپ مباحثہ

کنیز فاطمہ کے مقدمہ کی سماعت

عدالت میں ملا مظہر الدین کا چالان

مسافر گاڑی کو تباہ کرنے کی کوشش

مدراس کے قریب ٹرین بال بال بچ گئی

اینگلو انڈین اخبارات کا رویہ

گاندھی جی کے برت پر شدید حملہ

پریوی کونسل میں اپیل

مقدمہ سازش میرٹھ کی مدافعت

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی عیادت

جدہ سے مکہ تک ریلوے لائن

تعمیر کا کام تین سال میں مکمل ہو جائے گا

انجمن تہذیب الکلام کا اجلاس

حکومت بمباری کی پالیسی کو ترک کرے

سفید کاغذ کے سوا اور کچھ نہ ملیگا

سر ابن ابن سرکار کی تقریر

حیدر آباد میں میلاد النبی کی تقریبات

فرمانروائے دکن کا فرمان

شملہ میں انجمن ترغیب الصلوۃ کا جلسہ

مقتدر علماء کرام کی شرکت

ایک مسلم طالب العلم کی حوصلہ افزائی

ڈیڑھ ارب کا سونا باہر جا چکا

فرانس اور روس میں معاہدہ

بزم نشاط دہلی کا جلسہ

برطانی مال کی درآمد میں اضافہ

ریاستوں کو حملوں سے روکنے کیلئے جدید بل

اخبارات اور اشخاص کے لئے شکنجہ

شملہ ۲۸ اگست تین روز کی تعطیلات کے بعد اسمبلی کا اجلاس منعقد ہوا۔ مسٹر گیا پرشاد سنگھ کے سوال کے جواب میں سر جوزف بھور نے فرمایا کہ معاہدہ اٹاوہ کے نتیجے کے طور پر ہندوستان سے چاول کی برآمد کو بڑا زبردست فائدہ پہونچا ہے اور برطانیہ سے سوتی پارچہ ادنی پارچہ موٹر کاروں اور فلموں کی برآمد میں نمایاں اضافہ ہوگیا ہے۔ ایک اور سوال کے جواب میں سر جوزف بھور نے کہا کہ مجھے اطلاع ملی ہے کہ جاپان میں ہندوستانی روئی کا بائیکاٹ مؤثر ثابت نہیں ہوا ہے اور سیلوں کے ساتھ ٹیرف کے متعلق باہمی ترجیحی سلوک کے بارے میں گفت وشنید ابھی تک ختم نہیں ہوئی ہے۔ سر ہیری ہیگ نے سردار گیان سنگھ کے سوال کے جواب میں کہا کہ برطانی ہندمیں ایسا کوئی واقعہ نہیں ہوا کہ ساردا ایکٹ سے بچنے کے لئے کوئی شخص شادی کرنے کے لئے کسی ریاست یا چندر نگر گیا ہو۔

سر ہیری ہیگ نے آج اسمبلی میں ہندوستانی ریاستوں کے تحفظ کا بل پیش کیا اس بل کے اغراض ومقاصد کا بیان درج ذیل ہے۔

موجودہ چند سال کے تجربہ سے بظاہر ہوتا ہے کہ معمولی قانون ہندوستان کی دیسی ریاستوں کو ان کارروائیوں سے محفوظ رکھنے میں قاصر ہے جو برطانی ہند میں ایسی ریاستوں کے انتظامات میں مداخلت کرنے یا بدامنی پیدا کرنے یا انہیں الٹ پلٹ کرنے کی غرض سے کی جاتی ہیں۔

اشوری بغاوت عالمگیر جنگ میں تبدیل ہو جائیگی

ایک ہمسایہ حکومت باغیوں کی مدد کر رہی ہے

حکومت عراق نے اسلحہ کی تیاری کیلئے جاپان کو آرڈر دیدیا

حکومت عراق نے اشوری قبائل کی بغاوت فرو کردی ہے۔ اشوری بغاوت کو کچل کر واپس آنے والی فوجوں کا بغداد میں شاندار استقبال کیا گیا۔ ہزار ہا اچھلتے کودتے اور گاتے ہوئے فوج کے آگے آگے چل رہے تھے اور پردہ نشین عورتیں مکانوں کی چھتوں اور برآمدوں سے پھول برسا رہی تھیں جب شاہ فیصل نے اپنے محل کے برآمدے سے فوجوں کا استقبال کیا تو لوگوں نے پرجوش تالیوں سے ان کا خیر مقدم کیا۔

لندن کے اخبارات ابھی تک حکومت عراق پر اشوریوں کے بچوں اور عورتوں کے قتل کا الزام لگا رہے ہیں۔ لندن کی ایک خبر مظہر ہے کہ اشوریوں کی ایک تعداد نے حکومت عراق کے سامنے ہتھیار ڈالدئے ہیں لیکن ان میں سے اکثر ابھی عذرپر قائم ہیں وہ حکومت عراق کے خلاف زبردست قدم اٹھانے کا ارادہ رکھتے ہیں وہ فوج اکٹھی کر رہے ہیں اور ایک ہمسایہ سلطنت سے امداد بھی طلب کر رہے ہیں۔ اگر کسی ہمسایہ حکومت نے ان کی مدد کی تو یہ لڑائی عالمگیر جنگ میں تبدیل ہو جائے گی۔

معلوم ہوا ہے کہ حکومت عراق نے اسلحہ کی تیاری کے لئے جاپان کو آرڈر دیدیا ہے۔ اس خبر سے برطانیہ میں بے چینی پھیلی ہوئی ہے کیونکہ یہ معاہدہ کی خلاف ورزی ہے۔

مالگزاری میں تخفیف

حکومت یوپی کی جدید تجویز

لکھنؤ ۲۹ اگست۔ مقامی حکومت نے جو نئی اسکیم تجویز کی ہے کہ اراضی کی حیثیت اور لگان کی بیشی کے مطابق سرکاری مطالبہ میں خود بخود کمی بیشی ہو جایا کرے وہ اب قریب قریب مکمل ہوگئی ہے۔ سرکاری مالگزاری حیثیت اراضی اور پیداوار کے مطابق خود بخود گھٹ بڑھ جایا کرے گی۔ اس اسکیم کو عمل میں لانے کے لئے اسپیشل افسر مقرر ہونگے۔

دو طوائفوں کی سنگدلی

قائم مقام صدر پر اعتراض

ڈاکٹر کھرے کا تقرر خلاف آئین ہے

شیاک کا برفانی پشتہ پھر ٹوٹ گیا

۵۰ فٹ تک پانی کا چڑھاؤ

اسمبلی میں ڈاکٹروں کے متعلق قانون

سمندر میں کشتی غرق

مدراس میں پلیگ کی وبا

سمندر کو عبور کرنے سے ناپاک ہو گئے

ایک عورت کی ہوشیاری

ٹرین کو تباہ ہونے سے بچا لیا

ایک جریدہ نگار مسلم خاتون شملہ میں

ہندوستان کی معاشرتی زندگی کا مطالعہ

سیاسی مجرمین کو ترکی میں آنے کی اجازت

سابق وزیر اعظم بھی واپس جائینگے؟

قبائل پر بمباری اور وائسرائے سے گفتگو

نائب الحکومت نے ملاقات سے انکار کر دیا

کالے پانی میں کتنے دہشت انگیز ہیں

نازی پروپیگنڈہ سے فرانس کی سراسیمگی

روس اور جاپان کی جنگ

ملازموں کو کھدر استعمال کرنے کا حکم

شکاگو میں مذاہب عالم کی کانفرنس

مہاراجہ بڑودہ کو صدارت کی پیشکش

جنگ کے خطرہ سے فرانسیسی چھاؤنیوں کا معائنہ

معلمین کا مسودہ قانون اور حج تحقیقاتی کمیٹی کی خفیہ رپورٹ

ہندوستان بھر میں عظیم الشان احتجاجی مظاہرے

وقف کمیٹی امارت شرعیہ صوبہ بہار کی تجاویز کی پرزور حمایت

سہارنپور ۲۰ جمادی الاول۔ آج بعد نماز جمعہ مسلمانان سہارنپور کا ایک جلسہ زیر سرپرستی جمعیۃ علمائے سہارنپور زیر صدارت مولانا الحاج محمد اسمٰعیل صاحب مدرس مدرسہ شاہی منعقد ہوا۔ حضرت مولانا کی پراثر تقریر کے بعد حسب ذیل تجویزیں بالاتفاق رائے پاس ہوئیں۔

(۱) مسلمانان سہارنپور کا یہ جلسہ سرحد کے آزاد قبائل پر حکومت کی بمباری کے خلاف پرزور احتجاج کرتا ہے اور اس کو بین الاقوامی مسلم شدہ امور اور اخلاق ...

... کو سفر حج سے روک دینے کے خلاف پرزور احتجاج کرتا ہے حکومت کا یہ فعل ملکہ وکٹوریہ اور ان کے جانشینوں کی طرف سے بہم مذہبی آزادی کے اعلان کے سراسر منافی ہے حج خواہ فرض ہو یا نفل بہرحال ایک اسلامی عبادت ہے اور اس کے لئے سفر عبادت کا سفر ہے ایسے سفر سے حکماً باز رکھنے کا اس کے سوا کوئی مطلب نہیں کہ مذہبی عبادت سے حکماً روکا جائے۔

اسی طرح کسی شخص پر یہ الزام کہ اس کی سیاسی سرگرمیاں حکومت برطانیہ ...

(۵) مسلمانان سہارنپور کا یہ جلسہ حکومت کی جانب سے مولانا اسمٰعیل ...

... کے خطرناک نتائج کی ذمہ دار حکومت ہوگی۔

(۱) مسلمان وقف ایکٹ ۱۹۲۳ء میں حسب ذیل اصول کے ماتحت ترمیم ضروری ہے

(۲) مسلمانوں کے اوقات کا نظم صرف مسلمانوں کے منتخب نمائندوں کے ...

ونبیال

سہار (بہار)

بختیار پور

دربھنگہ

کاندھلہ

جھریا

قصبہ پھلواری

سفید بال جڑ سے کالا

... پتہ ... بال کالا اسٹورس ...

دونوں مٹھی بادام روزانہ کھانے سے

... ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے ...

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

تعطیل کلاں کے بعد ۸ ستمبر ۱۹۳۳ء کو کھلے گا۔ داخلہ ۸ ستمبر ۱۹۳۳ء سے یکم اکتوبر ۱۹۳۳ء تک ہوگا۔ سال اول میں داخلہ کی درخواستیں پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کے نام ۳۰ ستمبر ۱۹۳۳ء تک پہونچنا چاہیئے اس کے بعد کوئی درخواست نہ لی جائے گی۔ داخلہ کے متعلق قواعد و ضوابط کی کتاب پرنسپل طبیہ کالج سے مفت مل سکتی ہے۔

پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے



بچوں کی ہر بیماری کی شرطیہ دوا

بال جیون گھٹی

... نئے سوداگر واجب نمونہ مفت طلب کریں ...

ہر بیماری کا مجرب علاج بتانے والا رسالہ چراغ صحت مفت منگا کر پڑھو

المشتہر: منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڈھ شہر یو۔ پی

بہلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز بہلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہرا پن کی (روغن کرامات) تمام دنیا میں پہونچتی ہے ہزارہا ڈاکٹر اور انگریز جس کی قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز بہلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

کان بہنے اور درد بفضلہ کی آواز ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے

بہرا پن چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ ...

جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لاکر علاج کرا سکتے ہیں یا دھوکہ دینے والوں مکاروں ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے ہمارا پتہ یہ ہے۔

کان کی دوا بلب اینڈ سنز بہلی بھیت (یو۔ پی)

ہندوستان کے ہر یونانی دواخانہ سے زیادہ اصلی مجربات کا خزانہ دواخانہ حکیم جمیل خاں بلی ماران دہلی میں ہے جو زیر سرپرستی مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب خلف الصدق مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم خدمت خلق کر رہا ہے۔ ضرورت اور تکلیف میں پتہ یاد رکھو۔ منیجر دواخانہ حکیم جمیل خاں دہلی۔

انجمن اسلامیہ قصبہ کہاتونی کا اجلاس

اصل حسب اعلان مورخہ ۱۱، ۱۲، ۱۳ اگست ۱۹۳۳ء کو اسلامی جلسہ نہایت شاندار اور غیر معمولی طور پر کامیاب رہا جلسہ کے لئے قصبہ کا ایک وسیع اور موزوں میدان تھا جس میں عالیشان اور نفیس خیمے نصب کئے گئے تھے برقی روشنی اور برقی پنکھوں سے پنڈال آراستہ تھا۔ اس جلسہ میں ہر طبقہ کے لوگ ہر مذہب و ملت کے معزز افراد شامل تھے ہمارے علاقہ کے مسلم مشاہیر رؤسا اور شرفا نے بھی اپنی تشریف آوری سے جلسہ کو زینت بخشی اور اجلاس میں مسلسل اپنی شرکت اور دلچسپی قائم رکھی اس خوشنما منظر نے یہ دکھا دیا کہ اسلام نہ صرف غربا کی نظروں میں عزیز ترین ہے بلکہ امرا کا طبقہ بھی اپنے مذہب کا شیدا ہے اس جلسہ کی تیسری نشست میں رضاکاران کو ان کی حسن کارگذاری پر سرٹیفکیٹ تقسیم کئے گئے اور نمبر اول کارکنندہ کو علاوہ سرٹیفکیٹ کے تمغہ نقرئی بھی دیا گیا ...

... اس جلسہ کی مجلس عاملہ (ورکنگ کمیٹی) کے پریسیڈنٹ جناب حکیم حافظ محمد تسلیم الدین صاحب صدیقی فاضل الطب والجراحت رئیس کہاتونی تھے یہ آپ ہی کی مساعی جمیلہ اور ہمدردی کا شاندار مظاہرہ تھا آپ کا خطبہ صدارت جامع اور صحیح معنی میں موجودہ ضروریات کا حامل تھا علمائے کرام ...

اور پبلک نے اسکو بہت ہی پسند فرمایا۔

عبدالغفار (سکریٹری) جنرل مرچنٹ و ممبر ٹاؤن ایریا قصبہ کہاتونی

جبریہ تعلیم سے مسلم لڑکیوں کو مستثنیٰ کرانے کی ضرورت

دنیا کا قاعدہ ہے کہ ہر مقصد کے حصول کے واسطے ذریعہ و وسیلہ کی ضرورت ہوتی ہے بغیر ذریعہ کے ایک دنی کام کا حاصل غیر ممکن ہے اسی واسطے اطاعت الٰہی کا ذریعہ و وسیلہ علم قرار دیا گیا شیخ سعدی مصلح الدین شیرازی کا قول ہے کہ بے علم نتواں خدا را شناخت۔

کوئی مذہب ہو اگر اپنے مذہب کی کتاب نہ پڑھیگی مذہب کی باریکیاں تو درکنار نفس مذہب کا جاننا مشکل ہے اسی واسطے مذہب اسلام نے علم عربی خاص کر قرآن شریف کا پڑھنا ہر مسلمان کے لئے فرض اولین قرار دیا ہے خواہ مرد ہو یا عورت حکم نبوی صلعم ہے تعلموا القرآن فاقرءوہ یعنی قرآن کو سیکھو اور پھر اسکو پڑھو مخبر کہ من تعلم القرآن وعلمہ یعنی بہتر ...

... کا بنایا گیا ہے اگر مسلمان لڑکوں و لڑکیوں کو جبریہ اسکول میں بھرتی کیا گیا اور مکاتیب و مدارس اسلامیہ بند کرلئے گئے تو یہ مداخلت فی الدین ہوگا اور ملکہ وکٹوریہ کے اس اعلان کے کہ میری رعایا مذہب کے بارے میں آزاد رہے گی صریح مخالفت ہوگی کہاں ہیں وہ ارکان و اعیان حکومت جو قوم اور پبلک کی رہبری و راہنمائی کے لئے ...

ڈیوٹی ڈپوٹیشن علی گڈھ

بھوپال کے بعد ہم لوگ اجین آئے۔ وہاں چار یوم کے قیام میں ہم نے چھ سو روپے سے کچھ زیادہ وصول کئے۔ اجین میں ہم کو منشی نظام الدین ...

ہر طرح کی سہولتیں بہم پہونچا کر ہمیشہ کے لئے اپنا گرویدہ بنا لیا ہے انشاء اللہ ان کی یاد ہمیشہ ہمارے قلوب میں باقی رہے گی ان حضرات کو علیگڈھ سے ایک خاص محبت ہے اور خدا سے دعا ہے کہ ہمیشہ محبت و ودادن کے دلوں میں قائم رہے۔ (محمد سعد زبیری ممبر مسلم یونیورسٹی ڈیوٹی ڈپوٹیشن)

امرت دھارا صابن

جراثیم اور گندگی سے آپکی حفاظت کرنے کے لئے اور تمام جلدی تکالیف کو دور کرنے اور جلدی ارحق کی صحت یابی میں مدد پہنچانے کے لئے یہ صابن امرت دھارا کی طرح مفید ہے۔

سنگار اور دوا دونو کے کام آتا ہے

روزانہ استعمال کے لئے بھی بہت اعلیٰ چیز ہے۔ گرمیاں شروع ہیں۔ پت۔ پتی۔ خارش۔ سب کا قلع قمع کرے گا۔ قیمت فی بکس چودہ آنے (۱۴/) فی ٹکیہ ...

ملنے کا پتہ:۔ منیجر امرت دھارا ۴۵ لاہور

عراق ریلوے

نجف۔ کربلا معلیٰ۔ کاظمین اور سامرہ کے مقدس شہروں کی زیارت کیلئے عراق ریلوے کے ذریعہ آرام۔ تیز رفتاری اور ...

عیسائی مشن بائبل کو مقبول بنانے کے لئے اسکے نئے نئے ایڈیشن دلفریب صورتوں میں شائع کر رہا ہے مسلمانوں کو تلاوت کا عادی بنانے کے لئے ہم

خوبصورت حمائل

کی اشاعت کی طرف متوجہ ہوئے ہیں جلد سنہری فیشن ایبل خوشنما پاکٹ سائز اغلاط اعلیٰ خوشخط تحریر کے عکسی بلاک بنوا کر طبع کی گئی ہے ہر صفحہ کا حاشیہ ایک نازک بیل سے مرصع ہے خصوصیت سے عصر جدید کے نفاست پسند طبقہ کے لئے تیار کی گئی ہے۔ نئی روشنی کے فیشن ایبل نوجوانوں کو تلاوت کا عادی بنانے کے لئے خوبصورت حمائل ایک کامیاب ذریعہ ہے نوخیز لڑکے اور لڑکیاں اس کے ظاہری حسن و نزاکت سے متاثر ہو کر تلاوت کی طرف مائل ہو سکتی ہیں ... ہر مسلمان انگریزی خواں طلبا کی جیب میں انگلش پاکٹ ڈکشنری کے بجائے یہ حمائل شریف ہونا چاہئے ایک فولڈنگ بکس میں پیک کر کے نہایت احتیاط سے روانہ کی جاتی ہے ہدیہ نہایت مختصر فی جلد ... پانچ جلد پر ... رعایت دس جلدوں پر ایک حمائل نذر

دفتر اشاعت القرآن بیت الشفا ڈاکخانہ امروہہ (یو۔پی)

مصفی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہو گیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کر کے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلا خوف تردید دعویٰ کرتا ہے کہ صفائی خون کے لئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایشیا پیش کرسکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک ثانی محمد احمد خاں صاحب کے مشورہ سے جدید سائنٹفک طریق پر طیار کیا گیا ہے خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے کھجلی۔ داد پھنسیاں وغیرہ حتیٰ کہ سوزاک۔ آتشک اور جذام کا زہریلا مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے نابود ہو جاتا ہے اس کی خوراک چار کا ایک چمچہ ہے اور بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیری چیز ہے۔

قیمت ۱۲ خوراک کی شیشی ۱۲/ علاوہ محصولڈاک

ترکیب استعمال:۔ ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملا کر اور اگر مرض کا جوش زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے۔

غریبوں کا خدا

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

ایم۔ اے۔ رفیع تاجر عطر قطب روڈ دہلی سے خالص اور اعلیٰ قسم کی بسی ہوئی تلی کے تیار کردہ خوشبودار تیل اور پائدار خوشبو کے عطریات خرید فرمائیں!

تارکا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ
ششماہی
سہ ماہی

ممالک غیر کے لئے

سالانہ
ششماہی

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۶ ۲۰ ۲۴ ۲۹

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ (")
ایک کالم (")
½ کالم (")
¼ کالم (")

الجمعیۃ

سہ روزہ

دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

مسئول مدیر

ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون

محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۸ | دہلی۔ یوم سہ شنبہ ۱۴ جمادی الاول ۱۳۵۲ھ مطابق ۵ ستمبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۶

معاصرین کے افکار و آراء

حکومت کی پہلوتہی (زمیندار)

اسمبلی کے مسلمان ارکان نے وائسرائے سے ملاقات کر کے اس مسئلہ پر تبادلۂ خیالات کرنے کی درخواست کی تاکہ مسلمانان ہند کا وہ بڑا نقصان ...

[illegible]

مزدوروں کیلئے نیا مسودہ قانون (ریاست)

ہمیں یہ معلوم کر کے مسرت ہوئی کہ اسمبلی کے اجلاس شملہ میں مزدوروں کے ...

[illegible]

سب سے بڑی وجہ مسلمانوں میں سود دینے کی عادت ہے جس کی وجہ سے مسلمانوں کی دین اور دنیا دونوں تباہ اور برباد ہو گئیں ...

[illegible]

فرانس اور مغربی اسلامی افریقہ (مدینہ)

یہ ظاہر ہے کہ عیسویت کی تبلیغ یورپ کی سیاسی اور عسکری پالیسی ...

[illegible]

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

لاٹ پادری کے مکان پر پھر ایک اجتماع

ازبلا کے مائل باسلام ہونے کا راز فاش ہو گیا

زیاد بن عمر کی مجلس کے بعد ایک نیا انقلاب

(ب) جمعیۃ مسلم نوجوانان لاہور کا یہ اہم جلسہ اُن غدار اور کانپوری خانہ ساز جمعیۃ کے حمایتی اخبارات کی پرزور مذمت کرتا ہے جو آئے دن مسلمانوں کی حقیقی واحد نمائندہ جمعیۃ العلمائے ہند دہلی پر ناروا حملہ کرتے رہتے ہیں۔"

دارالحکومت

دہلی کی فضا کو خراب کرنے کی کوشش

بعض ہندوؤں کی اتحاد سوز روش

معمولی سی بات پر غریب مسلمانوں کو پیٹا گیا

دہلی ۱۵ ستمبر کل چاوڑی بازار کی اناج کی منڈی میں بعض ہندو دوکانداروں نے چند مسلمانوں کو زدوکوب کر کے فساد کی صورت پیدا کر دی تھی مگر حالات پر جلد قابو پا لیا گیا اور ایک مقامی ہندو ناما فرقہ وارانہ فساد کی صورت اختیار نہ کر سکا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ کل دو مسلمان عبدالرحیم اور عبدالرزاق اناج منڈی میں پہونچے اور انہوں نے ایک ہندو چکی والے سے آٹا پیسنے کا نرخ دریافت کیا ۔۔۔

چاندنی چوک کی دو دکانوں میں آتشزدگی

ایک لاکھ روپے کا فلم بچ گیا

دہلی ۱۴ ستمبر کل چاندنی چوک میں رحمت علی کی دو دکان میں آگ لگ گئی جس سے ایک فلم کے سول ایجنٹ گولڈن ٹائیگر اسٹار پکچرز کا دفتر بھی جل گیا لیکن یہ خبر ملی کہ رحمت فلم کمپنی بمبئی کا ایک ڈرامہ "مس ۱۹۳۳ء" جس کی قیمت ایک لاکھ کے قریب ہے بڑی جانفشانی سے بچا لیا گیا۔ اور اس کو ذرا بھی نقصان نہ پہنچا۔

نئی اور پرانی دہلی کے درمیان سڑک

دہلی میونسپلٹی کی مشکلات

دہلی مارکیٹ کا تازہ نرخ

دہلی ۱۶ ستمبر آج دہلی کے بازار میں مندرجہ ذیل اشیاء کا حسب ذیل نرخ رہا: گندم سرخ ۱۵ سیر، گندم سفید ۱۴ سیر ۱۵ سیر تک، گندم شربتی ۱۳ سیر ۱۴ سیر تک، نخود ۔۔۔ ۲۰ سیر تک، جو ۱۸ سیر ۲۱ سیر تک، باجرہ ۱۹ سیر، جوار ۱۹ سیر (فی روپیہ)

چوکیداروں اور گوجروں میں جنگ

دہلی ۔۔۔ ستمبر کل پہاڑی کے قریب نو تیفانڈ پر بیلی کے دو ملازمین گوجروں سے جنگ میں شدید طور پر زخمی ہو گئے ۔۔۔

دہلی میں شدید بارش

سڑکوں پر گھٹنوں گھٹنوں تک پانی

دہلی ۱۵ ستمبر کل شب کے گیارہ بجے سے آج دس بجے صبح تک زبردست اور شدید بارش ہوئی اور ابھی تک اس کا سلسلہ منقطع نہیں ہوا ہے۔ بارش کے ساتھ ہوا بھی بہت تیز چل رہی ہے دہلی کی تمام گلیاں اور سڑکیں زیر آب ہو گئیں ہیں اور اکثر جگہ گھٹنوں گھٹنوں تک پانی چڑھ گیا ہے۔ چاندنی چوک کی دو طرفہ پٹریاں اور سڑک ایک ہو گئیں۔ مکانات کے گرنے کی بھی اطلاع موصول ہوئی ہے ۔۔۔ نہیں ہے۔ تا دم تحریر (۱۰ بجے صبح) بارش کا سلسلہ جاری ہے۔

بغداد میں عراقی قبائل کا ورود

شاہ فیصل کے جنازہ میں شرکت کا ارادہ

تمام برطانیہ میں جھنڈے سرنگوں کر دئے گئے

بغداد ۱۵ ستمبر کل عراق کے تمام مقامات سے شاہ فیصل کے جنازہ میں شرکت کے لئے ہزاروں قبائلی بغداد آئے۔ آج شاہ فیصل کی جنازہ اٹھایا جائے گا۔ لوگ مرحوم کے غم میں بہت پریشان ہیں ۔۔۔

کلکتہ ۱۵ ستمبر آج کلکتہ میں سرکاری عمارتوں پر جھنڈے سرنگوں کئے گئے کیونکہ آج بغداد میں شاہ فیصل کی تدفین ہو رہی ہے۔

شاہ عراق کی تدفین

جنازہ کے ہمراہ بیشمار انسانوں کا ہجوم

بغداد ۱۶ ستمبر برطانی ہوائی بیڑہ میں شاہ فیصل والی عراق کی نعش آج صبح بغداد پہونچ گئی۔ آخری رسم آج دوپہر کے بعد ادا کی گئی اور جنازہ ایک مقبرہ میں دفن کر دیا گیا۔ جنازہ میں برطانوی وزیر طیارہ نے سرکاری طور پر شرکت کی ۔۔۔

نواب محمد مزمل اللہ خاں کا شاندار عطیہ

تعمیر مسجد ندوۃ العلماء کیلئے پانچ ہزار روپے

فوج اور سرحدی قبیلوں میں مڈبھیڑ

بالائی مہمندوں کے جرگہ میں ڈپٹی کمشنر کی شرکت

کونسل آف اسٹیٹ میں کمانڈر انچیف کا بیان

کمانڈر انچیف کا جواب

بالائی مہمندوں کا جرگہ

جرمن سے انگلستان کے یہودیوں کا انتقام

لندن ۱۵ ستمبر بیان کیا جاتا ہے کہ برطانی یہودیوں کے نام سے تمام جرمن اشیاء کے بائیکاٹ پر غور کیا جا رہا ہے کہا جاتا ہے کہ یہ بائیکاٹ ۔۔۔ نومبر سے شروع ہو جائے گا برطانیہ اور آئرلینڈ کی یہودی انجمنوں کے نمائندوں کی کانفرنس اسی غرض سے طلب کی گئی ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ کانفرنس جرمن مال کے بائیکاٹ کا فیصلہ کرے گی۔

کانپور کے فرقہ وارانہ مقدمات واپس لے لئے گئے

ہوانا میں باغیوں نے اطاعت قبول کر لی

گمشدہ کی تلاش

احمد آباد میں آتشزدگی

ہندوستانی تجارت کو برباد کرنا مقصود نہیں

جاپانی وفد کے صدر کا بیان

کلکتہ ۱۴ ستمبر ہز ایکسلنسی ستو زوسا وا سفیر و صدر جاپانی ڈیلیگیشن نے ایسوسی ایٹڈ پریس کو مندرجہ ذیل بیان برائے اشاعت ارسال کیا ہے:۔

جاپان اور ہندوستان کے درمیان ایک طویل عرصہ سے اچھے تعلقات قائم ہیں۔ مجھے ہندوستانیوں کو یہ یقین دلاتے ہوئے خوشی محسوس ہوتی ہے کہ جاپان ہندوستان کے لئے ہمیشہ دوستی اور نیک اعتماد کا کلام بھرتا رہا ہے۔ یہ پہلا موقع ہے جبکہ جاپان نے اس قدر بڑا ڈیلیگیشن ہندوستان کو روانہ کیا ہے۔ ۔۔۔

"جمعیۃ علماء ہند نے سول نافرمانی کو ملتوی کیا ہے بند نہیں کیا"

جمعیۃ علماء کے اسیروں کو رہا کرنے سے حکومت کا انکار

اسمبلی میں معلمین حج اور مولانا اسمٰعیل غزنوی کے معاملہ پر بحث

حکومت کا "نیک مقصد"

جمعیۃ علماء ہند کے سیاسی اسیر

مولانا اسمٰعیل غزنوی کا معاملہ

پان اسلامزم

معلمین حج کا مسودہ قانون

مسودہ کی مدح سرائی

گاندھی جی اور پنڈت جواہر لال کے درمیان خط و کتابت

(سلسلہ صفحہ ۲)

گاندھی جی کا جواب

طریق کار کی درستگی

انفرادی اور اجتماعی سول نافرمانی

خفیہ طریق کار

سر مالکم ہیلی ہندوستان کے آئندہ وائسرائے

پنجاب کی گورنری پر کسی مسلمان کا تقرر

کابل کے برطانوی سفارتخانہ میں قتل

قاتل کو پھانسی کی سزا

شملہ ۱۴ ستمبر کابل سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ برطانوی سفارت خانہ میں جو تین قتل کئے گئے تھے۔ اس سلسلہ میں مبینہ قاتل کو پھانسی کی سزا کا حکم سنا دیا گیا۔

ہزاروں عیسائی مرتد ہو رہے ہیں

نظام عالم کی تباہی کی پیشگوئی

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس

انعقاد کی دشواریاں

سرکاؤس جی اور گاندھی جی کی ملاقات

حکومت پر صلح کیلئے زور ڈالا جا رہا ہے

مسلح حکومتیں تخفیف اسلحہ کا درس نہیں دے سکتیں

تمام حکومتوں سے مساوی سلوک ہونا چاہیئے!!

احمد آباد میں ہندو مسلم تصادم

دو مسلمان زخمی تین ہندوؤں کی گرفتاری

دریائے قندھار پر پلوں کی تعمیر

آئرلینڈ میں برطانی شراب کا بائیکاٹ

رجعت پسندوں کی کانفرنس میں چرچل کی شرکت

اسمبلی میں ایک عجیب گمشدگی

تیسرے درجہ کے کرایہ میں تخفیف

نارتھ ویسٹرن ریلوے کا اعلان

مجلس اقوام سے حکومت عراق کی درخواست

ہنچو کو فوج اور ڈاکوؤں میں مقابلہ

ایک سال تک سول نافرمانی سے باز رہنے کا فیصلہ

ہریجن تحریک سے روکدینے پر زندگی کا خاتمہ کردینے والا برت

پونہ کی مشاورت کے بعد گاندھی جی کا بیان

گاندھی جی کے بیان کا ملخص یہ ہے: "میں کافی عبادت اور غور و خوض کے بعد اس نتیجہ پر پہونچا ہوں کہ مجھے ۳ اگست ۱۹۳۴ء تک تحریک سول نافرمانی میں حصہ لے کر قید کی خواہش نہ کرنی چاہئے میرے اس فیصلہ کا اس مشورہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا جو میں نے پونہ کانفرنس کے بعد ایک بیان میں اہل ملک کو دیا تھا۔ ۳ اگست تک قید سے بچنے کا فیصلہ گو میرے لئے بدقسمتی کا باعث ہے لیکن اس کے سوا اور کوئی چارہ کار نظر نہیں آتا۔ اگر حکومت نے مجھے اب گرفتار کرلیا اور ہریجنوں کی خدمت سے روکدیا تو میں اپنا خاتمہ کردینے والا برت رکھوں گا۔ خواہ مجھے رہا بھی کیوں نہ کردیا جائے"

پونہ ۱۴ ستمبر۔ گاندھی جی نے آج صبح حسب ذیل بیان پریس کو اشاعت کے لئے ارسال کیا ہے:۔

"میرا یہ معمول رہا ہے کہ پبلک کی خدمات سرانجام دیتے ہوئے میں ہمیشہ ...

پنڈت جواہر لال نہرو کا بیان

گاندھی جی کی قیادت کیوں تسلیم کی گئی

دارالمبلغین لکھنؤ کیلئے مخلص علماء کی ضرورت

اس دور فتن میں جب کہ دین مقدس پر ہر چہار طرف سے باطل کی یورش ہے، طاغوتی طاقتیں اس کو مٹانے کی فکر میں ہیں، ملت اسلامیہ کی اشاعت اور امانت الٰہیہ کی حفاظت کے لئے قابل اور مستند مبلغین کی جس قدر ضرورت ہے وہ محتاج بیان نہیں سالہائے گذشتہ میں فتنۂ ارتداد کے موقع پر بہت اسلامی انجمنوں اور تبلیغی اداروں نے قابل ستائش خدمات انجام دیں مگر یہ حقیقت ہے کہ بعض مقامات پر قابل مبلغ نہ ہونے کے باعث خاطر خواہ کامیابی نہ ہو سکی بلکہ جس شخص نے مسلمانوں کی موجودہ حالت کا مطالعہ گہری نظر سے کیا ہے وہ یہ کہنے پر مجبور ہوگا کہ ان کا موجودہ جمود، ان کی بےحسی اور بےعملی کی بڑی وجہ یہی ہے کہ ان میں قابل مبلغ بہت کم ہیں اور جب تک کہ ان میں ذی علم اور وسیع النظر مبلغین کافی تعداد میں نہ ہوں گے ان کی ان مصیبتوں کا خاتمہ ہی نہیں ہو سکتا۔ نہ صحیح طور پر اسلام کی اشاعت ہو سکتی ہے نہ اعداء دین کے حملوں کی مدافعت، اور نہ اصلاح معاشرت، اس کمی کے پورا کرنے کے لئے بعض ہمدردان قوم و ملت اور بعض اکابر امت نے صوبہ متحدہ کے مرکزی شہر "لکھنؤ" میں ایک تبلیغی ادارہ اعلیٰ پیمانہ پر قائم کیا ہے اس ادارہ کا نام "دارالمبلغین" ہے اس دارالمبلغین میں صرف وہ فارغ التحصیل حضرات داخل کئے جاتے ہیں جن کی علمی استعداد قابل اطمینان ہو اور جن کی طبیعت کو تحریر و تقریر سے خاص مناسبت ہو۔

دارالمبلغین ہر طلبہ کو حسب استعداد و قابلیت دس روپیہ سے بیس روپیہ تک وظائف بھی دیتا ہے۔ پہلے بطور امتحان ہر امیدوار کا ایک مہینے کے لئے عارضی داخلہ کیا جاتا ہے اگر اس ایک مہینے کے تجربہ سے ان کی استعداد تحریر و تقریر سے مناسبت قابل اطمینان ثابت ہوئی تو ان کا مستقل داخلہ کرلیا جاتا ہے، اور بصورت دیگر صرف اسی مہینے کا وظیفہ دیکر مجبوراً رخصت کردیا جاتا ہے۔ دارالمبلغین کا نصاب تعلیم دو برس کا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ جو فاضل محنت کے ساتھ اس نصاب تعلیم پر دو سال صرف کردیں گے وہ انشاء اللہ اسلام کے بہترین مبلغ، اور ایک کامیاب مصنف اور مقرر ہوں گے تمام طلبہ کی رہائش کا انتظام دارالمبلغین کی طرف سے کیا جاتا ہے اور طلبہ کے راحت و آرام کا حتی الوسع پورا پورا لحاظ رکھا جاتا ہے۔

آج دارالمبلغین کے افتتاح کو چھ ماہ گذر چکے اور تعلیم پوری جد و جہد کے ساتھ جاری ہے مگر افسوس ہے کہ جن کے لئے یہ سب کچھ انتظامات کئے گئے تھے انہوں نے کماحقہ اس کا خیر مقدم نہیں کیا نہ معلوم ہمارے فضلاء کو کس چیز کا انتظار ہے۔ ضرورت ہے کہ عربی مدارس کے وہ فارغ التحصیل حضرات جن کو اپنی استعداد پر اعتماد ہو اور تحریر و تقریر سے ان کی طبیعت کو مناسبت ہو اور ان تمام باتوں کے ساتھ خدمت دین کا مخلصانہ جذبہ بھی اپنے سینہ میں رکھتے ہوں وہ اس طرف متوجہ ہوں اور "دارالمبلغین" میں داخل ہو کر اپنے کو اسلام کا بہترین مبلغ اور کامیاب مصنف بنائیں۔

یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ دارالمبلغین اپنے مقاصد عالیہ اور مخصوص نوعیت کے لحاظ سے اس وقت ہندوستان کا عدیم المثال ادارہ ہے اور اس کا قیام اس نازک دور میں بظاہر ایک لطیفہ غیبی ہے اس کو غنیمت سمجھئے اور داخل ہو کر مستفیض ہو جیئے۔

نوٹ:۔ امیدوار حضرات کو چاہئے کہ درخواست داخلہ بھیجنے میں جلدی کریں ورنہ بہت ممکن ہے کہ گنجائش نہ رہے اور ہم کو معذرت کرنی پڑے۔ ہر درخواست کے ساتھ نقول اسناد بھی آنی چاہئیں۔

خادم الاسلام و المسلمین منتظم دارالمبلغین پاٹانالہ لکھنؤ

وقف بل اور گولہ باری کے خلاف احتجاج

مورخہ ۲۷ اگست بوقت شب مسلمانان قصبہ جہاں آباد ضلع گیا کا ایک جلسہ زیر صدارت مولانا محمد سراج الدین مدرس اول مدرسہ اسلامیہ جہاں آباد منعقد ہوا جس میں یہ دو ریزولیوشن پاس ہو کر ماسٹر صاحب کے پاس تار روانہ کروئے گئے۔

(۱) سرحد کی گولہ باری سے ہم مسلمانان جہاں آباد بہت بے چین ہیں اس لئے گولہ باری بند کرنے کی پرزور احتجاج کرتے ہیں۔

(د ج) حفاظت اوقاف کے اخراجات حکومت کے ذمہ ہوں جس طرح ۱۸۱۰ء کے ریگولیشن بنگال کے ماتحت ۱۸۶۳ء تک حکومت کے ذمہ تھے۔

یہ مسلمانان ہنیا محلہ کالی باغ کا یہ جلسہ عام حکومت اور ممبران کونسل سے استدعا کرتا ہے کہ جب تک مولوی حسن جان صاحب کے مسودہ قانون اوقاف میں امارت شرعیہ کی تجویز کے مطابق ترمیم نہ ہو جائے ہرگز ہرگز اس کو قبول نہ کریں۔ (نامہ نگار)

اظہار تاسف

انجمن نونہالان اسلام و انبارٹی کے اراکین کا جلسہ روز دوشنبہ ماہ حال (۱۹۳۳ء) حضرت علامہ فاضل اجل مولانا مولوی الحاج محمد عبداللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ صدر مدرس مدرسہ معدن العلوم (عربی مدرسہ) وانمباڑی کے انتقال پر ملال پر اظہار تاسف کے لئے بہ زیر صدارت جناب مولانا مولوی مورخ اسلام محمد ظہیر الدین صاحب منعقد ہوا اراکین کثیر تعداد میں شریک تھے۔ محمد سلام اللہ نے حضرت مرحوم کے انتقال پر ملال کا تذکرہ کرتے ہوئے آپ کی شخصیت پر روشنی ڈالی اور ایک مختصر تقریر میں حضرت کے انتقال کو جنوبی ہند کے مسلمانوں کا عظیم الشان نقصان بتایا اور ذیل کی تجویز پیش کی۔

"اراکین انجمن نونہالان اسلام و انبارٹی کا یہ جلسہ حضرت مولانا مولوی الحاج محمد عبداللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی فقید المثال شخصیت کے انتقال پر ملال پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے آپ کی رحلت کو علاقہ مدراس کے مسلمانوں کا اسلامی نقصان کرتا ہے اور جمیع متعلقین اور خصوصاً طلبائے مدرسہ معدن اسلام کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دست بدعا ہے کہ اللہ پاک مرحوم و مغفور کو اپنے آغوش رحمت میں لے اور جمیع لواحقین و متعلقین کو صبر عنایت کرے۔

اس تجویز کی تائید جناب محمد حبیب صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ایل نے کی بعد دعائے مغفرت جلسہ برخواست ہوا۔

(عبدالشکور جوائنٹ سکریٹری)

جماعت المسلمین لاہور

جماعت المسلمین لاہور جس کا صدر دفتر پہلے "مہند کے" ضلع سیالکوٹ تھا اب لاہور صوبہ پنجاب میں قائم کیا گیا ہے۔ اور تمام ہندوستان میں اس کی شاخیں بنائی جائیں گی۔

"اگر کوئی مسلمان یہ چاہتا ہے کہ فرقہ بندی کے بتوں پرستش سے آزاد ہو جائے تو وہ اس جماعت کا رکن بن سکتا ہے کیونکہ اس جماعت نے تمام ہندوستان کے مسلمانوں میں یکجہتی کے لئے مجاہدانہ قدم اٹھایا ہے۔ کہ وہ تمام قسم کی فرقہ بندی کی زنجیروں سے آزاد ہو کر ایک اور نیک ہو کر صرف مسلمان کہلانے کے مصداق ہوں۔ اس کے حسب ذیل عہدیدار ہیں۔

صدر چودھری رحمت اللہ صاحب ۔ سکریٹری ۔ چودھری نقیر محمد صاحب

دچودھری نقیر محمد سکریٹری جماعت المسلمین دفتر نمبر۳ اسلام ریلوے روڈ لاہور)

"اظہار الحق" انگریزی مفت

حضرت مولانا مولوی رحمت اللہ صاحب مہاجر کی نے عیسائیوں کے رد و ابطال میں ایک مبسوط کتاب "اظہار الحق" کے نام سے تحریر فرمائی تھی جو مصر میں چھپی اور بے حد مقبول ہوئی اور آج تک عیسائیوں کی طرف سے اس کا جواب نہ ہو سکا۔ یہ کتاب عربی میں تھی لیکن سورت کے ایک مخیر اور خادم اسلام مسلمان نے اس کا انگریزی میں ترجمہ کرا کر شائع کردیا جو صاحب اس انگریزی کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیں وہ مندرجہ ذیل پتہ سے مفت منگا سکتے ہیں کتاب ضخیم ہے اس لئے درخواست کنندہ کو ۔ ا آنے کے ٹکٹ برائے محصولڈاک درخواست کے ہمراہ ارسال کردینے چاہئیں پتہ یہ ہے۔

مولوی عبدالرحیم صاحب بن حافظ غلام محمد صادق۔ کتب خانہ صادقیہ نذیر (ضلع سورت)

جبریہ تعلیم نسواں کے خطرناک نتائج

بچھراؤں ضلع مراد آباد کے مسلمانوں کا ایک جلسہ ۱۶ اگست کو جامع مسجد میں منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجاویز منظور ہوئیں ...

جمیعت الانصار صوبہ یوپی کا چھٹا سالانہ اجلاس

بنیا

مولانا عبدالرزاق صاحب کی صحت

برطانوی تجارت کا دوبارہ عروج

مخفی وائرلیس اسٹیشن کا پتہ لگ گیا

درد دل اور غیر جانبداری کا اظہار

قومی مجرموں کی پردہ داری کی ناکام سعی

(از نظام الدین احمد علیگ عظیم آبادی وکیل بتیا)

۱۸ اگست ۱۹۳۳ء کے اتحاد میں جو جناب مولوی محمد شفیع صاحب کا اخبار کا جانشین ہے مولوی منظور حسن وکیل بیگو سرائے کے نام سے ایک مضمون "مصلحت کلی" سرخیوں سے اس پرچہ کے پہلے دو کالم میں شائع ہوا ہے معلوم نہیں کہ یہ مضمون خود ان کا لکھا ہوا ہے یا کسی اور صاحب نے ان کے نام سے لکھا ہے مضمون کے پڑھنے ...

ایک پرانے فتنہ کا اعادہ

مسلم وقف بل

الحدیث کانفرنس کا سالانہ اجلاس

تین پیسے میں ایک سو چوالیس صفحے

رسالہ نظام المشائخ جو چوبیس سال سے ملا واحدی صاحب کی ایڈیٹری میں بڑی دقت کے ساتھ ماہوار نکل رہا ہے ...

منیجر رسالہ نظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ الجامعہ

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

غریبوں کا خدا

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

دونوں مٹھی باندھ کر زور سے دوڑئے

لیکن کدھر؟

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے!

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

نظر نواز خوبصورت حمائل دلکش

دفتر اشاعۃ القرآن بیت الاستغفار امروہہ (یوپی)

بچوں کی ہر بیماری کی شرطیہ دوا

حکیم مسی پرشاد گوواں کی گورنمنٹ ہند سے رجسٹرڈ

بال جیون گھٹی

المشتہر منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر (یوپی)

مفرح عنبرین

مشک عنبر اور جواہرات کا ایک نفیس کیب

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

رحمۃ للعالمین جلد سوم

(مصنفہ قاضی محمد سلیمان صاحب سلمان منصورپوری ریٹائرڈ سیشن جج پٹیالہ)

شائع ہوگئی

منیجر اخبار مسلمان سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

ہندوستان کے ہر یونانی دواخانہ سے زیادہ اعلیٰ مجربات کا خزانہ دواخانہ حکیم جمیل خاں بلیماران دہلی

جس ہے جو زیر سرپرستی مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب خلف الصدق مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم خدمت خلق کر رہا ہے۔ ضرورت اور جملیہ مریض یاد رکھیں۔ منیجر دواخانہ حکیم جمیل خاں دہلی

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

سہ روزہ
الجمعیۃ
دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر
بلال احمد زبیری (بی-اے)

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ (")
ایک کالم (")
½ کالم (")
¼ کالم (")

جلد ۱۸ | دہلی - یوم یکشنبہ ۳ جمادی الثانی ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۴ ستمبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۲۱

معاصرین کے افکار و آراء

سیاسی جماعتوں کا کچا چٹھا (ہند جدید)

الہ آباد کی اتحاد کانفرنس سے پہلے لکھنؤ میں خاص مسلمانوں کی کانفرنس منعقد ...

مسلم لیگ کی خرید و فروخت

وقت کی پہلی ضرورت

پین اسلامزم

مکانات کے کرایہ میں تخفیف

مسلمانوں کا سیاسی انتشار

(مدیر الجمعیۃ دہلی)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

بارگاہ کبریائی میں ایک معصومہ کی دعا

قرطبہ کی چار سہیلیاں علمی مجلس میں

... اسے نماز صبح ادا کی اور اپنے کمرہ میں آکر مطالعہ میں مشغول ہوگئی۔ (باقی آئندہ)

بہترین اور کم قیمت عطریات و خوشبودار تیل خریدنے کیلئے مشکبار پرفیومری سہسوان - یوپی کا نام یاد رکھیے جو ہندوستان بھر میں مشہور ہے فہرست کلاں مفت طلب فرمائیے

مذہبی، علمی و تاریخی کتابیں

خطبات صدارت

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب رح
حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب رح کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے آپ نے جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس منعقدہ پشاور میں جو بے نظیر خطبہ بحیثیت صدر اجلاس پڑھا تھا اس کے متعلق صرف اس قدر کہنا کافی ہے کہ آج تک اس قدر معلومات سیاسیہ اور مذہبیہ سے لبریز کوئی خطبہ جمعیۃ علماء ہند کے پلیٹ فارم پر نہیں پڑھا گیا ہے مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ بے حد ضروری ہے یہ خطبہ صدارت مباحث ذیل پر مشتمل ہے۔

دنیائے ادب کے ماہر مولانا سید سلیمان صاحب ندوی
... کلکتہ میں پڑھا گیا قیمت صرف ۸

حضرت مولانا شاہ معین الدین صاحب اجمیری

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نقشبندی

خطبہ صدارت حضرت مولانا شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ
جو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ۲۹ اکتوبر ۱۹۲۱ء کو پڑھا گیا قیمت ۳

خطبہ صدارت جانشین حضرت شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب

مولانا ابوالکلام صاحب آزاد کا آخری پیغام
جو آپ نے جیل جانے سے ایک روز قبل تحریر فرمایا تھا قیمت ۱

خطبہ صدارت مولانا حسین احمد صاحب مدنی
جو ۳۰ اگست ۱۹۲۹ء کو پاٹودی ہاؤس میں پڑھا گیا قیمت ۱

فتنہ مرزائیت کا صحیح علاج

مرزا غلام احمد قادیانی کے جانشینوں کی طرف سے اسلام کے خلاف جو زہر اگلا جا رہا ہے اور مسلمانوں کے دین کو جس گندم نما جو فروشی سے نقصان پہنچانے کی بد ترین کوشش کی جا رہی ہے جس سے بہت سے بھولے بھالے اور سادہ لوح ناواقف مسلمان لباساتوقات ان کے جال میں پھنس جاتے ہیں لہذا اس فتنہ کے قلع قمع کرنے کے لئے آپ مکتبہ علمیہ کی حسب ذیل کتابیں پڑھ کر مرزائیوں کے دام تزویر سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

دین مرزا کفر خالص
ختم نبوت فی القرآن
نامہ حقانی در کذب مسیح قادیانی
ختم نبوت فی الحدیث
صحائف رحمانیہ
ابطال اعجاز مرزا
حقیقت رسائل اعجازیہ
اطلاع رحمانی
عقائد قادیانی منظوم
حقیقۃ المسیح
مسیح قادیان کی حالت کا بیان

حیات محمود و سفرنامہ اسیر مالٹا

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کرکے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کردیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی ہے اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ایک روپیہ اور جنت کی کنجی کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف دو روپیہ لی جائے گی دونوں حصوں میں کل ۲۱۰۷ احادیث درج ہیں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے۔

سیرۃ الحبیب

اگر آپ دنیا کے مصلح اعظم کے صحیح اور سچے حالات سے واقفیت حاصل کرکے اپنی زندگی کو صحیح طریقہ پر اسلام کی روشنی میں بسر کرنا چاہتے ہیں تو سیرۃ الحبیب کا مطالعہ کیجئے جس کی اردو نہایت سلیس اور شستہ ہے اور مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے بھی اس کی تعریف فرمائی ہے۔ قیمت صرف ۱۲

تعلیم الاسلام

مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کے لئے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی بہترین تصنیف جو گورنمنٹ اسلامی مدارس کا ابتدائی درس میں داخل ہو چکی ہے سوال و جواب کے پیرایہ میں نہایت مختصر طریقہ پر اسلامی معلومات کے دریا کو کوزہ میں بھر دیا ہے اسو کتاب کے چار حصہ اور ایک قاعدہ ہے مکمل سٹ کی قیمت صرف ۱۴

اعجاز القرآن

حضرت شبیر احمد صاحب عثمانی کی معرکۃ الآراء تقریر ہے جس میں آپ نے وحی الٰہی کی ضرورت اس کے مدارج معجزہ اور اس کی حقیقت کی تفصیل بیان فرماتے ہوئے مدلل طور پر بتایا ہے کہ قرآن پاک بذات خود ایک معجزہ اور وحی الٰہی ہے اس کے بعد کسی کو اس میں شبہ کرنے کی گنجائش باقی نہیں رہتی اس کے پڑھنے سے قرآن پاک کے حقائق و معارف کا دروازہ آپ پر کھل جائے گا۔ کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے قیمت ۷

تفسیر مظہری

مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی کی مشہور تصنیف تفسیر مظہری کے پہلے دو پارہ۔ الم وسیقول کی صرف چند جلدیں باقی رہ گئی ہیں عربی زبان میں قاضی صاحب نے قرآن پاک کی بڑی خدمت انجام دی ہے طلباء عربی کو خصوصیت سے فوری توجہ کرنے کی ضرورت ہے اگر غفلت کی گئی تو کف افسوس ملنا پڑے گا۔ قیمت ہر دو پارہ دو روپیہ (۲)

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر

اس کے پڑھنے سے سوانح عالمگیر اور اس کے تدبر ملکی قابلیت اور نظام ملکی کا پورا نقشہ آپ کے سامنے آجائے گا۔ قیمت ۴

صراط مستقیم

یہ اہم اساسی کتاب ہر مسلمان کی رہنمائی کا کافی ذریعہ ہے قیمت صرف ۴

فتاویٰ رشیدیہ

حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے رشد و ہدایات ...

تحفۃ المحبین

دلائل الخیرات

اوراد وظائف کی مشہور اور بہترین کتاب قیمت ۱۰ مجلد ...

علم الکلام

مولانا محمد ادریس صاحب کاندہلوی کی تصانیف کا جو بہترین نمبر ہے جس میں ...

رد کفر

سر توڑ

تردید مذہب آریہ سماج پر غازی محمود دھرمپال کی مشہور تصنیف ہے قیمت صرف ۷

پاک زندگی

ابدی نجات

خاموش تبلیغ

اطلاع: ایک روپیہ سے کم قیمت کی کتاب کے لئے اس کی قیمت کے ٹکٹ پیشگی آنے چاہئیں

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۳ جمادی الثانی ۱۳۵۲ ہجری

پینتیس کروڑ باشندوں کا ملک
بدنصیب ہندستان

۱۹۳۱ء میں ہندوستان کی جو مردم شماری ہوئی تھی اُس کی رپورٹ شائع کر دی گئی ہے اور اس رپورٹ میں مردم شماری سے متعلق بہت سے اہم مسائل پر تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔ یہ رپورٹ پانچ سو صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں متعدد نقشے بھی شامل ہیں جو مختلف حیثیتوں سے مفید معلومات بہم پہنچاتے ہیں۔

کو بھی سامان خوراک بہم پہنچ سکے۔ اور اس کی زمین بندگان خدا پر تنگ نہ ہو۔ اب جو کچھ سوال باقی رہتا ہے وہ یہاں کے مصنوعی حالات کا ہے جو انسانوں کے پیدا کئے ہوئے اور ان ہی کے قبضہ میں ہیں اور جنھوں نے بلاشبہ ہندستان ...

دام تزویر

پٹنہ میں مسلمانوں کو گھیٹنے کے لئے حسب عادت ان لوگوں نے بہت سے دام تزویر ...

پارلیمنٹری کمیٹی کا خط شائع ہونے کے بعد
تمام الزامات کی تصدیق
ملزم کی ہوائیاں

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

[گزشتہ دو اشاعتوں میں نامہ نگار الجمعیۃ کے خطوط میں شائع ہوئے تھے ... "کی عبارتوں اسلامی پریس کے شائع کردہ بیانات اور پارلیمنٹری کمیٹی کے خط کی روشنی میں ثابت کئے جاتے ہیں: —

(۱) مظہر الدین نے لندن جانے کے لئے جو کوشش کی وہ علمائے کا نیور ...

کی نام نہاد مجلس عاملہ میں شہادت کا مسئلہ پیش ہوا ... معلوم نہیں ہو سکتا تھا کہ وہ شہادت بمیدان کربلا میں حضرت امام حسین کی شہادت تھی جس کا مسئلہ پیش ہوا یا پارلیمنٹری کمیٹی کے سامنے علماء کے نمائندوں کی شہادت تھی۔ پارلیمنٹری کمیٹی کے سامنے شہادت دینے کی درخواست کرنے کے متعلق کوئی اطلاع یا کوئی اعلان ملزم نے اس سلسلہ مضامین سے قبل جو میں نے الجمعیۃ میں شروع کیا ہے کسی اخبار میں شائع نہیں کرایا جس سے اس کے ضمیر کی کمزوری کا پتہ چلتا ہے۔

خفیہ ریشہ دوانیاں

اس کے بعد میں نے یہ لکھا تھا کہ دہلی سے شملہ تک خفیہ ریشہ دوانیوں کے ...

تو وہ اصل درخواست مع دستخط کے اپنے اخبار میں شائع کرے اور بتائے کہ اگر اس کے دستخط نہیں تھے تو اور کس کے تھے۔ میرا الزام تو خود اسی کے اس اعتراف سے کہ نام نہاد "مرکزی جمعیۃ علمائے ہند (جدید)" کی طرف سے شہادت کے لئے کوشش کی گئی تھی اور اب تک جاری ہے ثابت ہو جاتا ہے۔ اب وہ اس کے خلاف اگر کچھ کہنا چاہتا ہے تو کہے۔ مگر ظاہر ہے کہ وہ کچھ بھی نہیں کہہ سکتا۔

پائے استحقار سے ٹھکرا دیا

اس الزام کا دوسرا جزو یہ تھا کہ حکومت نے اس درخواست کو پائے استحقار سے ٹھکرا دیا۔ اس کے ثبوت میں مجھے کچھ بھی عرض کرنا نہیں ہے الجمعیۃ کے قارئین پارلیمنٹری کمیٹی کے خط کو جو میں نے شائع کرکے پبلک کی ملک بنا دیا ہے ملاحظہ فرماکر خود ایک نتیجہ پر پہنچ سکتے ہیں۔ اگر اس جواب میں ملزم کی درخواست کو صاف الفاظ میں مسترد نہیں کیا گیا ہے اور آئے دعوت دینے سے انکار نہیں ہے تو پھر کوئی شخص یہ بتائے کہ اس میں اقرار اور ملزم کو دعوت شہادت ...

احمد رضا اور خواجہ غلام السبطین جیسے علماء ہیں۔ خود ملزم کے عالم ہونے میں بھی طبقہ علماء کو کلام ہے اور عرصہ ہوا ہے کہ اسے علماء کی مجلس سے نکال دیا گیا ہے اور اس کے ساتھ کوئی عالم دین نہیں ہے بلکہ وہ مسلم کانفرنس کے بعض اراکین کے نام ہیں جنہیں اس کے اخبار میں اپنا پروپگنڈا کرنا ہے الٹ پھیر کو چھپاتا رہتا ہے۔ ایسی حالت میں نہ تو وہ علماء کی طرف سے کوئی درخواست بھیجنے کا مجاز تھا اور نہ حکومت اس کی درخواست کو کسی طرح قبول کر سکتی تھی۔ مگر اس نے ایسا کیا اور اس کی یہ کارروائی آج عالم آشکارا ہو چکی ہے۔

اخبارات میں کوئی اطلاع نہیں

میرے پہلے الزام کا ایک جزو یہ بھی تھا کہ ملزم نے جس وقت یہ کارروائی کی تو اس کی "کوئی اطلاع اخبارات میں شائع نہیں کرائی"۔ ملزم اس کو غلط بتاتا ہے مگر آج تک اس نے کسی اخبار کا کوئی اقتباس پیش نہیں کیا جس سے یہ ثابت ہو سکتا ہو کہ الجمعیۃ میں جس تاریخ کو انکشاف حقیقت کیا گیا ہے اس تاریخ سے قبل کسی تاریخ کے کسی اخبار میں یہ اطلاع شائع ہوئی کہ ملزم ...

اس پالیسی کو ترک کردے اور آزاد قبائل کو اپنے حال پر چھوڑ دے جائیں تو ہندستان اور افغانستان کی درمیانی سرحد میں کامل امن و سکون قائم ہو سکتا ہے۔

سرحد پر قربانیاں

باسی کڑھی میں اُبال

ایک عرصہ کے بعد نام نہاد مسلم کانفرنس (یا بقول حضرت ناظم جمعیۃ علمائے ہند یوروپین کانفرنس) کی باسی کڑھی میں پھر ابال آیا ہے اور اخبارات میں یہ بیانات نکل رہے ہیں کہ اس کانفرنس کا ایک اجلاس پٹنہ میں منعقد ہونے والا ہے۔ یہ مولانا شفیع داؤدی صاحب کے صوبۂ بہار کا پایۂ تخت ہے اور جہاں سے ان کا انگریزی اخبار "اتحاد" نکلا کرتا ہے۔ اس کانفرنس کا نامۂ اعمال حکومت کی خوشامد ...

"آپ کی جماعت مسلم کانفرنس نہیں بلکہ یوروپین کانفرنس ہے"
"جمعیۃ علمائے ہند آپ کی موجودہ پالیسی کے ساتھ اشتراک عمل نہیں کر سکتی"
مولانا شفیع داؤدی کے خط کے جواب میں حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا مکتوب

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ مرکزیہ علمائے ہند کے نام مولوی محمد شفیع داؤدی سکرٹری مسلم کانفرنس کا حسب ذیل خط موصول ہوا ہے:—

وڈرمیر
سمر ہل۔ شملہ
۱۲ ستمبر ۳۳ء

مکرمی زاد اللہ الطافکم
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بہت دنوں پر یہ عریضہ ارسال خدمت کرنے کی نوبت آئی ہے۔ خدا خدا کرکے آپ صاحبوں نے مراد آباد میں سول نافرمانی کو حذف کرنے کی تجویز پاس کر دی ...

کے نزدیک الحاقی اور یقینی تھے اور جن کے غیر مبدل ہونے کا بار بار اعلان کیا گیا تھا وزیر اعظم کا اعلان ہوتے ہی ان مطالبات کا نیا مطلب بیان کرنا شروع کر دیا گیا۔ پنجاب اور بنگال کی مسلم اکثریت کو امکان کے پردے میں چھپا کر عوام کو سخت مغالطہ دیا گیا۔ بنگال میں ہمیشہ کے لئے یوروپین حکومت کا مضبوط طبقہ برقرار کر دیا گیا ...

عربی و انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

البانیا کے ایک محب وطن کا قتل
سلطان حسن بے دشمنوں سازش کا شکار ہو گئے
البانیا کو آزاد کرانے والا ہیرو

سلطان حسن بے جو کسی وقت البانیا کے وزیر اعظم تھے حال میں سلانیکا میں ایک البانی نوجوان کے ہاتھوں قتل کر دیئے گئے۔ حسن بے البانیا کے محبوب رہنما اور کنگ زوغو کے مشہور حریف تھے۔ ...

جس میں حسن بے نے بے جگری سے مقابلہ کیا۔ آخر کار مجلس اقوام کی مداخلت سے یہ جنگ ختم ہو گئی اور حسن بے کو اپنے گروہ کی قیادت سے ہاتھ اٹھانا پڑا۔ ۱۹۲۴ء تک سر جہدی رہ حکومت کی امداد حسن بے کے دوست کرتے رہے اور آرتھوڈوکس لشپ فان نولی کے اقدام کو کامیابی کے ساتھ روکتے رہے لیکن دسمبر ۱۹۲۴ء میں یوگوسلیویا کی امداد سے زوغو (حال شاہ زوغو) نے آ گیا اور حسن بے کو مجبوراً باری (اٹلی) میں پناہ لینی پڑی۔ کہا جاتا ہے کہ شاہ زوغو پر جو متعدد بار قاتلانہ حملے ہوئے وہ حسن بے کی سازش کا نتیجہ تھے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ حسن بے خود دشمنوں کی سازش کا شکار ہو گئے۔

۱۹۳۱ء میں جب شاہ زوغو پر ویانا میں فائر کیا گیا تو حسن بے کو ویانا سے نکال دیا گیا۔ سال رواں میں جب حسن بے بلقان سے سلانیکا آ رہے تھے کہ ایک البانی نوجوان نے گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون)

مجلس اقوام کا حکومت عراق پر مقدمہ
الشوری قبائل کی مفروضہ ہلاکت کا پروپیگنڈہ
عربی جرائد کی انگریزی اور فرانسیسی اخبارات سے شکایت

شاہ فیصل کو اپنے انتقال سے پہلے الشوری بغاوت کے کامل استیصال کا یقین ہو گیا تھا ...

عراقی اخبارات فرانسیسی اور انگریزی اخبارات کے بہت شاکی ہیں ان کا یقین ہے کہ دنیا کی نظروں میں عراق کو بدنام کرنے کے لئے انگریزی اور فرانسیسی اخبارات نے مبالغہ، جھوٹ اور پروپگنڈہ سے کام لیا ہے اور اس سے ان کا مقصد یہ ہے کہ عراق کے اعتماد کو زائل کیا جائے اور اس کے استقلال کو خطرہ میں ڈال دیا جائے۔ شاہ غازی کو ان نام پروپگنڈہ کا علم ہے اور وہ خوب جانتے ہیں کہ الشوریوں کے پس پردہ کیا گل کھلنے والا ہے۔

معاہدہ وارسلیز میں ایک عجیب و غریب دفعہ
افریقہ کے ایک مسلم حکمراں کے سر کی بعیرتی

وارسلیز کے معاہدہ میں ایک حیرت انگیز دفعہ موجود ہے جس میں جرمنی سے برطانیہ نے مطالبہ کیا ہے کہ وہ افریقہ کے ایک سلطان کی کھوپڑی برطانیہ کے حوالہ کر دے۔ چونکہ اس دفعہ کی تکمیل جرمنی کی طرف سے نہیں کی گئی اس لئے حال ہی میں ... نے ناظم خارجہ سر جان سائمن سے دارالعوام میں سوال کیا کہ معاہدہ کی دفعہ ۲۴۶ میں جس کھوپڑی کی سپردگی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ آیا اس کا ایفاء کیا گیا یا نہیں؟

جس کھوپڑی نے بین الاقوامی شہرت حاصل کر لی ہے وہ افریقہ کے ایک سلطان "مکواوا" کی تھی۔ یہ سلطان جنوبی افریقہ کے جرمنی حصہ کا سردار تھا۔ سات سال تک یہ سلطان اور اس کے پیرو کار جرمنی سے جنگ کرتے رہے۔ ۱۸۹۸ء میں سلطان نے خودکشی کر لی۔

ایک روایت یہ بھی ہے کہ اس کو قیصر کے ایک سپاہی نے قتل کر دیا تھا۔ بہرحال واقعہ کچھ بھی ہو۔ سلطان کا سر کاٹ کر برلن کے عجائب گھر کے لئے روانہ کر دیا گیا۔ سلطان مذکور کے وہاں پیروؤں نے اپنے سردار کے سر کی واپسی کا مطالبہ برابر جاری رکھا اور جب جنوبی افریقہ برطانیہ کے ہاتھ آیا تو ان کا اصرار اور بھی بڑھ گیا اس پر برطانیہ نے ان سے وعدہ کیا تھا کہ وہ جرمنی سے ان کے سردار کا سر واپس دلا دیگا۔ چنانچہ اسی وعدہ کے ایفاء کیلئے معاہدہ وارسلیز میں دفعہ ۲۴۶ رکھی گئی۔ جرمنی نے ابھی تک سلطان کے سر کو واپس نہیں کیا جس پر مجلس اقوام میں بھی سوال اٹھایا گیا تھا۔ دارالعلوم میں مسٹر بالڈون نے سوال کے جواب میں کہا کہ جرمنی سے بار بار کے تقاضے کے باوجود سلطان کے سر کا کوئی سراغ نہیں ملا اور اس طرح ۳۵ سال کا مطالبہ ختم کر دیا گیا۔

زندہ قوموں کے زندہ کارنامے
سکھوں کی انسائکلوپیڈیا شائع ہو گئی

سکھوں نے سالہا سال کی کوششوں کے بعد سکھوں کی ادبیات اور مذہبی روایات پر ایک انسائکلوپیڈیا مدون کی ہے جس کا نام انہوں نے "مہن کوش" رکھا ہے سکھوں کی مقدس کتابوں میں جس قدر علمی الفاظ آئے ہیں۔ ان سب پر ادب اور لغت کی روشنی میں بحث کی گئی ہے۔ ...

امریکہ میں شراب کی بارش
چند دنوں میں ایک کروڑ گیلن شراب خریدی گئی

امریکہ کی ایک سنڈیکیٹ نے مسیرز ولیم اور ایانڈ کمپنی لمیٹڈ گلاسگو کی معرفت ... گیلن شراب خریدی ہے جس کی قیمت ۲۰،۰۰۰،۰۰۰ پونڈ ہے۔ اسی طرح امریکہ کی متعدد فرموں نے گزشتہ پانچ ماہ کے اندر ... کی شراب خریدی ہے۔ ...

جاپان کے شہریوں کا ایک مفید دستور
گھر کے دروازہ پر گھر کے حالات معلوم کرلو

اگر تم جاپان کی سیاحت کرو اور جاپانیوں کے مکانات کی اندرونی حالت کا اندازہ لگانا چاہو تو بغیر کسی تفتیش کے صرف دروازوں سے بہت سی معلومات حاصل کر سکتے ہو۔ جاپان پولیس کے قانون کے مطابق ہر مکان پر لکڑی کا ایک تختہ لگایا جاتا ہے جس پر مکان کا نام اور نمبر لکھا جاتا ہے اسی کے ساتھ ایک اور تختہ آویزاں کیا جاتا ہے جس پر مکینوں کے نام اور مکینوں میں ذمہ دار شخص کے حالات لکھے ہوتے ہیں اور دیکھنے والا فوراً معلوم کر لیتا ہے کہ اس مکان میں کتنے نفوس رہتے ہیں اور ان کی حیثیت کیا ہے۔

جاپانی شہروں میں یہ قاعدہ ہے کہ جو شخص اپنے مکان پر ٹیلیفون لگا لیتا ہے تو وہ فخر سے اس کا اظہار بھی کرتا ہے اور اس کے نمبر دروازہ پر لگا دیتا ہے۔ پھر جو شخص آگ کا بیمہ کر لیتا ہے تو اس مکان پر کمپنی کی طرف سے نشان لگا دیا جاتا ہے اور دیکھنے والا معلوم کر لیتا ہے کہ اس مکان کا بیمہ ہو چکا ہے۔

ان نشانات کے علاوہ پولیس کی طرف سے بھی ہر مکان پر دو تین قسم کی علامات لگائی جاتی ہیں۔ ایک نشان اس بات کا سارٹیفکیٹ ہوتا ہے کہ گھر والوں نے سالانہ صفائی کو پورے طریقہ سے انجام دے لیا ہے۔ دوسرا نشان اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ گھر والوں کی صحت اچھی ہے اور مکان میں کوئی بیمار نہیں۔ پہلے یہ قاعدہ تھا کہ شہر کے ہر اس مکان پر ایک بورڈ لگا دیا جاتا تھا جس میں کنواں ہوتا تھا اور اس پر لفظ "ایدو" لکھ دیا جاتا تھا جس کے معنی ہیں "کنواں" تاکہ آتشزدگی کے موقعہ پر پانی مہیا کرنے میں آسانی ہو لیکن اب شہروں میں آتشزدگی کیلئے مستقل انتظام ہو گیا ہے۔ اسلئے ایسے مکانوں سے بورڈ ہٹا لئے گئے ہیں۔ البتہ شہروں سے باہر کی آبادیوں میں اب تک یہی انتظام ہے۔

ترکی میں ملکی صنعت و حرفت کی حفاظت
غیر ملکی مال کی درآمد پر مزید محصول کا اضافہ

آج کل ترکی میں اقتصادی پروگرام کو بہت زیادہ اہمیت دی جا رہی ہے۔ نیشنل اسمبلی کے سامنے دیگر ضروری امور کے علاوہ خارجی تجارت۔ داخلی بنک۔ سود اور سکہ سازی کے معاملات درپیش ہیں۔ ترکی حکومت ۱۲۰۰۰۰۰ چاندی کے سکے جاری کر رہی ہے جس پر ترکی کی اقتصادیات کا دارومدار ہے۔ ترکی گورنمنٹ نے تجارتی حکومتوں سے گفت و شنید کے بجائے درآمدی مال پر محصول کا اضافہ کر دیا ہے۔ ۱۹۲۹ء سے ترکی حکومت کا یہ دوسرا قدم ہے کہ اس نے غیر ملکی مال کی درآمد پر مزید محصول عائد کر دیا ہے تاکہ مالی استحکام کے ساتھ ساتھ ملکی صنعت و حرفت کو فروغ حاصل ہو اور ترکی غیر ملکی مال کی محتاج نہ رہے۔ ...

سرکاری فوج پر سرحدی قبائل کا حملہ

چار فوجی افسر ہلاک اور ایک زخمی ہوا

شملہ ۲۰ ستمبر - ایک سرکاری اطلاع مظہر ہے کہ پرسوں دو گھنٹہ تک گنڈاؤ کی سڑک، حملہ آوروں کی وجہ سے بند رہی، فوج کے ایک دستہ پر جو ٹیکری اور ٹیک کے کیمپ کے درمیان متعین تھی بکا یک حملہ ہوا۔ اس حملہ میں تین ہندوستانی افسر قتل ہوئے اور ایک زخمی ہوا۔ اسی پنجاب رجمنٹ برگیڈیوں کی ایو بھارتی کی جس سے ایک افسر ہلاک ہوا۔ اس کے بعد بغیر کسی حادثہ کے امدادی کام شروع ہوگیا۔ گولی باری کے مقام مقرر کرنے کے لئے رہنمائی اور تحقیقات اب تک خلاف ہیں کیونکہ سرحدی قبائل کی پشت پر ہیں۔

شملہ ۲۰ ستمبر - اطلاع موصول ہوئی ہے کہ چھوٹی چھوٹی پارٹیوں کے سوا جو فوجی دستوں کی دیکھ بھال کر رہی ہیں سکھا پاک اور تہانی سے تمام لشکر منتشر ہو گیا ہے۔ گزشتہ شب کیمپوں پر کوئی حملہ نہیں ہوا۔ ممکن ہے کہ بادشاہ گل اور ان کے ساتھی حکومت کی شرائط منظور کرنے پر رضامند ہو جائیں۔

ہندوستان میں بم باری کا زور

جیل - ڈاک خانہ اور تھانہ میں بم پھینکے گئے

لاہور ۲۰ ستمبر - کل رات کو دس بجے اسٹیشنری کی ایک دکان میں جو انار کلی کے متصل گلی میں واقع ہے ایک خوفناک بم پھٹ گیا جس سے دکان کا ملازم شدید مجروح ہوا اور بیہوش ہو گیا۔ دکان کے دروازے اڑ گئے اور دیواروں کو شدید نقصان پہنچا۔ ... دکان پر مسلح پولیس تعینات کر دی ہے۔

مدراس ۲۰ ستمبر - خبری دہلی تجربی تھانہ پر بم پھینکنے کے متعلق اطلاع مظہر ہے کہ ... دوسرا اسمبلی میں پھینکا گیا۔ پولیس سرگرمی سے تحقیقات میں مصروف ہے ابھی تک یہ معلوم نہیں ہوا کہ کتنا نقصان ہوا ہے کوئی شخص مجروح نہیں ہوا۔

پچاس اشخاص ہلاک

میکسیکو میں طوفان

میکسیکو ۱۹ ستمبر - میکسیکو خلیج میکسیکو کے ارد گرد ایک شدید طوفان آیا کہ کم از کم پچاس جانیں ضائع ہوئیں۔ ...

سرحدی بم باری پر وائسرائے کی تقریر

مولانا قطب الدین عبدالوالی کا بیان

لکھنؤ میں بچوں کے اغوا کے واقعات

دو فقیروں کی گرفتاری پر پولیس سے تصادم

پان اسلامزم سر اقبال کی نظر میں

سر فضل حسین کی خام خیالی کی تائید

لاہور ۱۹ ستمبر - ایک ملاقات کے دوران میں سر محمد اقبال نے سر فضل حسین کی اس تقریر کے متعلق جس میں پان اسلامزم کا ذکر کیا گیا تھا مندرجہ ذیل خیالات کا اظہار کیا۔ ...

برطانیہ کی آمدنی میں اضافہ

لوکارنو کا معاہدہ ٹوٹ رہا ہے

جرمنی پر معاہدہ کی خلاف ورزی کا الزام

دشمن کا خاندان جلا دیا

سرحدی پٹھانوں کا جوش انتقام

رزرو بینک اور سیاسیات

سوبھاش بابو کی مراجعت ہند

پنڈت جواہر لال نہرو سے ملاقات کا ارادہ

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا مکتوب

فوج اور باغیوں میں جنگ

باغی فوجیں ہوانا روانہ ہوگئیں

وار دھا میں بارش کا قہر

نوجوانوں کیلئے میدان چھوڑ دیا

ملکی فضا پر گاندھی جی کا بیان

پارلیمنٹ اپنے فیصلہ سے انحراف نہیں کر سکتی

لارڈ سالسبری کو جواب

ڈاکٹر انصاری بینیٹ چل بسے

مدنا پور کے مجسٹریٹ کو وسیع اختیارات

ایک رکن اسمبلی کی ناگہانی موت

مجسٹریٹ کے قتل پر جواہر لال نہرو کا اظہار خیال

مسٹر تصدق حسین کا انتقال

دہلی کے قرب وجوار میں سینکڑوں گاؤں تباہ ہوگئے

شاہدرہ اور غازی آباد کی سڑک پر کئی فٹ پانی

فصلوں کی تباہی - دیہاتیوں کی پریشانی اور سیلاب کا دردناک منظر

دہلی ۲۰ ستمبر - آج جمنا کے پل کے نیچے ۴۰ فٹ سے زیادہ پانی ہے صورت حال تشویشناک ہے۔ شاہدرہ کے پاس گونڈہ، گھڑولی اور علی پور وغیرہ نصف درجن گاؤں زیر آب ہیں اور گاؤں میں گردن تک پانی بھرا ہوا ہے۔ کل ڈپٹی کمشنر مسٹر رشید مجسٹریٹ مسٹر اپل ڈسٹرکٹ اور سردار عبدالصمد صاحب مجسٹریٹ سیلاب زدہ علاقوں کا معائنہ کرنے گئے ہوئے ہیں۔ جمنا سے لیکر غازی آباد تک پانی ہی پانی بھرا ہوا ہے اور درجنوں گاؤں زیر آب ہو گئے ہیں ہنڈن ندی کا چڑھاؤ بہت زوروں پر ہے۔ دہلی شاہدرہ اور غازی آباد کے درمیان ایک جگہ سے سڑک ٹوٹ گئی ہے اور باقی سڑک پر کئی فٹ چڑھا ہوا ہے موٹروں اور تانگوں کی آمد و رفت بالکل بند ہے۔

روہتک شہر سے باہر کھیتوں میں کئی فٹ پانی چڑھا ہوا ہے۔ دہلی سے روہتک اور حصار اور روہتک سے بھوانی کی سڑکیں سیلاب کی وجہ سے تباہ ہوگئی ہیں۔ ... ان مواضعات کے چالیس فی صدی مکانات منہدم ہوگئے ہیں۔

... دہلی میں اس موسم میں مجموعی طور پر ... انچ بارش ہوئی ہے اور رجحان ... کا سخت نقصان ہوا ہے۔

روہتک اور شاملی زیر آب ہوگئے

ہزاروں مکانات منہدم - لاکھوں روپے کا نقصان

بارش سے سیلاب عظیم

روہتک ۱۹ ستمبر - ... روہتک میں زبردست بارش ہوئی جس کا اندازہ ... کے قریب کیا جاتا ہے۔ بارش کی زیادتی سے صاحبی ندی میں زبردست سیلاب آ گیا جس کی وجہ سے جھجر اور روہتک دونوں زیر آب ہوگئے، روہتک کی منڈی کی کوٹھیاں زیر آب ہوگئیں اور انٹرمیڈیٹ کالج کی عمارت کے چاروں طرف پانی کھڑا ہوگیا۔ لوگوں نے درختوں پر چڑھ کر پناہ لی۔ ایک سو کے قریب مکانوں کے گرنے کی اطلاع ہے۔ شہر میں خوف و ہراس کا عالم طاری ہے۔

اطلاع ہے کہ ٹیلیفون کی لائن بھی منقطع ہوگئی ہے۔ ... مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

شاملی ۱۹ ستمبر - ... کو چار بجے اچانک آسمان پر ابر چھا گیا۔ ...

خوشخبری - کتاب الحکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں: ...

دار الحکومت

اناج منڈی میں بے گناہ مسلمانوں پر ظلم

بعض ہندوؤں کا خطرناک پروپیگنڈا

قرول باغ کے متعدد مکانات گر گئے

محکمہ نزول اور میونسپلٹی کی بے اعتنائی

ہندوستان میں کھدر کا عروج

ایک سال کے اعداد و شمار

	تیار شدہ	فروخت شدہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]

دہلی میں ساڑھے تین سو مکانات کی تباہی

تازہ بارش کا ہولناک نتیجہ

دودھ میں پانی ملانے والوں کو سزا

ہندوستانی روئی کے مقاطعہ پر اظہار تاسف

جاپانی نمائندہ کا وعدہ

بمبئی میل کو تباہ کرنے کی کوشش

لائن پر لوہے کے ٹکڑے

کاشغر پر تنگانیوں کا دھاوا

دو سو ترکی اور کرغیزی ہلاک

شاہ عراق کی منگنی

سیاسی اور اقتصادی راز

لکھنؤ میں لڑکیوں کی جبریہ تعلیم کی مخالفت

وزیر اعظم مصر مستعفی ہوگئے

الجواب

ہریجن اور مسلمان

آئندہ خطرات سے محفوظ رہنے کا ایک طریقہ

(از حضرت علامہ مولانا محمد میاں صاحب معلم جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مراد آباد)

ہندوستان کی سیاسی ترقیات میں جو دشواریاں پیش آرہی ہیں۔ ان میں سے ایک شودر اقوام کی وہ پستی بھی ہے۔ جس نے چھوت چھات کے عقیدہ کے باعث ان کو جانوروں سے بھی سافل مرتبہ میں ڈال رکھا ہے اور حصولِ آزادی کے موجودہ پُر فریب جال کی موجودگی میں چھوت چھات کا ابلہانہ عقیدہ بلاشبہ برطانیہ جیسی شاطر حکومت کے لئے ۳۵ کروڑ محکوم رعایا کی غلامی کو مستحکم رکھنے میں مزید سہولتیں پیدا کر رہا ہے۔

واقعہ تو یہ ہے کہ شودر اقوام کی پستی کا کلنک سب سے پہلے ہندو آریہ قوم کے ماتھے پر ہے۔ جس نے ہندوستان میں فاتحانہ داخلہ کے وقت مفتوح قبائل کے لئے غلامی کی یہ ذلیل ترین شکل تجویز کی تھی۔ یعنی مساوات تو درکنار رواداری بھی کسی قسم کی نہ ہو۔ البتہ ذلت ہر طرح کی۔ لیکن افسوس یہ ہے کہ مسلمان فاتح جو مفتوح اقوام کے ساتھ مساوات کے عادی رہے ہیں جب ہندوستان میں داخل ہوئے تو انہوں نے ہندو اقوام کے ساتھ مساوات کا برتاؤ تو کیا مگر شودر اقوام کے ساتھ مساوات کے برتاؤ میں وہ کامیاب نہ ہو سکے۔

یہ تو ضرور ہوا کہ دلداری میں کوئی دقیقہ نہیں اٹھا رکھا تھا کہ ان کا نام وہ تجویز کیا جو بڑے سردار کے لئے بولنا چاہئے۔ یعنی مہتر (بڑا سردار) ان کے کسب سے تنفر کو اٹھانے کے لئے لقب دیا گیا "حلال خور"

مگر افسوس نہ معلوم کن وجوہات کی بنا پر اسلام کے ان زریں اصول کی اشاعت شودر اقوام میں نہ ہو سکی جن کا حاصل یہ ہے۔

(۱) رنگ و نسل کی تفریق کے بدون تمام انسان ایک دوسرے کے برابر وہ سب ایک مذکر و مؤنث کی اولاد۔

(۲) بزرگی کا مدار خوف خدا پر ہے۔

(۳) اسلام نے انسان کے دو حصے کر دیئے۔ مسلمان اور کافر۔ ہر مسلمان سب بھائی بھائی۔ کافر سب برابر۔ برہمن ہو یا شودر۔ انگریز ہو یا کرشچن۔ یہودی ہو یا پارسی۔

(۴) انسان پاک۔ اس کا لعاب بھی پاک۔ بھنگی ہو یا چمار برہمن ہو یا کھتری۔

(۵) کافر کی ناپاکی عقیدہ میں ہے کہ خدا کا انکار کرتا ہے۔ یا غیر خدا کو خدا ...

[illegible]

مندرجہ تمام ہندوستان کی سیاسی فضا کو گھیرے گا۔ یعنی

(۱) شودر اقوام کو قدرتی طور پر مسلمانوں سے نفرت۔

(۲) ہندوستان کی غلامی میں اضافہ۔ اور حکومت کے ہاتھ مضبوط کیونکہ جب ہندوؤں کی اونچی جاتیاں ... اقوام کی طرف ملاطفت اور شفقت کا ہاتھ بڑھائیں گی اور اس کے مقابلہ پر مسلمان اسلامی اصول کے برخلاف ان کو اسی طرح ناپاک غیر قابل التفات سمجھتے رہیں گے تو لامحالہ شودر اقوام کو ہندو جاتیوں سے محبت ہوگی مسلمانوں سے نفرت۔ اور جب دو غلام قوموں میں باہمی تنافر پھیلیگا۔ تو اس کا لازمی نتیجہ گورنمنٹ کی قوت میں اضافہ ہوگا جس کی پالیسی کی کامیابی باہمی تفرقہ ہی پر منحصر ہے۔ لیکن یہ یقینی بات ہے کہ اس نقصان کا ذمہ دار گاندھی جی کا اچھوت ادارہ نہ ہوگا بلکہ خود مسلمانوں کی اپنے اسلامی اصول سے غفلت اس کی ذمہ دار ہوگی ... اگر آج ہندوستان کا مسلمان چاہتا ہے کہ ان خطرات سے محفوظ رہے اور وہ یا اس کی نسل ہندوستان کی آزاد سرزمین میں عزت کی زندگی بسر کرے تو اس پر لازم ہے کہ اپنے اسلامی اصول کو ذہن نشین کرتے ہوئے ان کی اشاعت میں انتہائی سرگرمی کام میں لا کر ایک عام محبت اور ملاطفت کا ہاتھ بڑھائے ... ہندوستان کی آزادی کو قریب سے قریب تر کرے۔

سوال ہوگا کہ مسلمانوں کو اس مقصد کی کامیابی کے لئے کونسا لائحہ عمل اختیار کرنا چاہئے مگر اس کے جواب کا غالباً صحیح وقت وہ ہوگا جب کہ کچھ مسلمانان ہند اس پر عمل پیرا ہونے کا تہیہ کر لیں۔

محمد میاں عفی عنہ

ایلسٹرٹیڈ ویکلی کا ناپاک حملہ

مسلمانان ہند میں اضطراب

حکومت بمبئی فوری توجہ کرے

(از مولانا عبد الماجد صاحب قادری بدایونی)

[illegible]

بہار میں جماعت اسلامیہ کے شاندار نتائج

[illegible]

فرانس کے وزیر خارجہ کی وفات

[illegible]

دونوں مٹھی باندھکر زور سے دوڑتے

ڈاکخانہ کی طرف! کیوں کس لئے

... کی کتاب "کام شاستر" مفت طلب فرماکر ملاحظہ کریں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

عراق ریلوے

نجف۔ کربلا معلّےٰ۔ کاظمین اور سامرہ کے مقدس شہروں کی زیارت کیلئے عراق ریلوے کے ذریعہ آرام۔ تیز رفتاری اور بہت ہی سستا کرایہ سے سفر کریں

... جو ۱۵ دن تک کارآمد ہونگے نیچے درج ہیں اور ۵۰ کیلو سامان ہر ٹکٹ کے عوض

	درجہ دوئم	درجہ سوئم
کوپن بک داخل براستہ بصرہ کربلا ... کاظمین سامرہ اور واپسی بصرہ	۴۲-۰-۰	۱۴-۰-۰
کوپن بک براستہ بصرہ کربلا ... کاظمین اور واپسی بصرہ	۳۸-۰-۰	۱۲-۸-۰

تین سال سے کم عمر کے بچوں کو مفت اور بارہ برس سے کم عمر کے بچوں کا نصف کرایہ لیا جاتا ہے

... بندرگاہ میں لوجاتے ہیں جہاں ریلوے کے افسران زائرین کرام کے آرام اور ... انتظام کرنے کے لئے استقبال کرتے ہیں

... کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ عراق کے راستہ سے سفر کریں اور اس طرح سے ایک ... بھی زیارت کے مواقع بھی مل جائیں

... میں سفر کیا جا سکتا ہے دمشق سے جدہ۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کا کرایہ حسب ذیل ہے

درجہ دوئم ۱۹۰-۰-۰ روپیہ — درجہ سوئم بلا خوراک ۹۵-۰-۰ روپیہ

ہندوستان میں عراق ریلوے کے ٹکٹ اور کوپن کی کتابیں بمبئی اور کراچی میں مختلف ایجنٹوں سے خریدے جا سکتے ہیں

[illegible]

... بغداد میں بصرہ کو سفر کرنیوالے زائرین کو جہاز کے کرایہ میں رعایت مل سکتی ہے

تین پیسے میں ایک سوچالیس ۱۴۰ صفحے

منیجر رسالہ نظام المشائخ ... چیلاں دہلی

فلسفہ نماز

ایڈیٹر الجمعیۃ کی رائے

[illegible]

عیسائی مشن بائیبل کو مقبول بنانے کیلئے اس کے نئے ایڈیشن دلفریب صورتوں میں شائع کر رہا ہے مسلمانوں کو تلاوت کا عادی بنانے کیلئے ہم

خوبصورت حمائل

[illegible]

دفتر اشاعت القرآن بیت التنظیم امروہہ یو۔پی

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر



نمک جالینوس

... ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

ہندوستان

کے ہر یونانی دواخانہ سے زیادہ اعلیٰ مجربات کا مخزن: دواخانہ حکیم اجمل خاں بلیماران دہلی ... خلف الصدق مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب ...

منیجر دواخانہ حکیم جمیل خاں دہلی

جمعیۃ طلباء مراد آباد کا جلسہ

جبری تعلیم نسواں کے نتائج

[illegible]

جمعیۃ طلباء مراد آباد کا یہ عام جلسہ گورنمنٹ کے اس قانون کو جو جبری تعلیم نسواں سے متعلق ہے حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے اور میونسپل بورڈ اور ڈسٹرکٹ بورڈ کے ان ممبران سے جنہوں نے اس کے پاس کرنے میں ...

لاہور میں قوم مغل کا اجتماع

تمدنی سلوک کا مطالبہ

[illegible]

(دستخط) عبد الحمید جنرل سکریٹری

ممنونین دار الاصلاح

دار الاصلاح ممنون ہے حسب ذیل ہمدردوں کا جنہوں نے اس کی اپیل پر

[illegible]

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

اپنے کو قبل از وقت بوڑھے ہونے سے بچاؤ

ناقابلِ یقین حیرت میں ڈالنے والا جنگلی جڑی بوٹیوں کا ایک عجیب الاثر مرکب

اکسیر بال سیاہ

قبل از وقت سفید شدہ بالوں کو جڑ سے کالا کرنے اور ہمیشہ کیلئے اس نامراد مرض کا خاتمہ کرنیوالی اکسیری دوا

[illegible]

اطلاع: پنجاب۔ یو۔پی اور ممالک کی پبلک کے بے حد اصرار کرنے سے ہم نے اکسیر ہاؤس کا دفتر بتیاسے لاہور میں منتقل کر دیا ہے اس لئے اب ہر قسم کی خط و کتابت اور جملہ فرمائشیں اس پتہ پر آنی چاہئیں۔

منیجر اکسیر ہاؤس بھسری شاہ۔ لاہور (پنجاب)

اس موسم میں امرت دھارا ہی ٹانک ہے

آجکل سخت گرمی ہے۔ تو ہاضمہ کی خرابی سے۔ بدہضمی متلی۔ قے۔ دست۔ کھانسی۔ زکام۔ بخار تمام خرابیوں کی جڑ ہاضمہ کی گڑبڑ ہے اسکی ٹھیک دیکھ بھال رکھی جائے۔ تو قدرت نے جیسے عجیب عجیب میوے اس موسم میں پیدا کئے ہیں۔ ان سے انسان کی صحت میں خوب ترقی ہونی چاہئے صحت میں ترقی ہو۔ اس لئے آجکل

امرت دھارا

کا استعمال اکثر جاری رکھنا چاہئے۔ کوئی بھی تکلیف ہو جائے۔ اسی پر زور دینا چاہئے۔ نسے دستوں میں انار دانہ کے پانی سے بار بار پینا چاہئے۔ اس کا استعمال ہر قسم کے انفلوئنزا وغیرہ بخاروں سے محفوظ رکھے گا۔ کیونکہ وہ کمال درجہ کی اینٹی سیپٹک بھی ہے۔ ہاضمہ ٹھیک رہے گا۔ تو قدرت کی نعمتوں سے فائدہ ہی فائدہ اٹھائینگے۔ اور آجکل بھی صحت کی ترقی دیکھیں گے

گھر میں رکھئے جیب میں رکھئے۔ بھولئے نہیں۔ صحت روپیہ اور وقت سب کو بچادے گی!

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنے (۲/۸) نصف شیشی ایک روپیہ چار آنے (۱/۴) نمونہ صرف آٹھ آنے (۸/)

احتیاط۔ نقلوں سے بچو۔ کیونکہ سخت دیرینہ امراض میں دھوکا دیکر دکھ و تشویش بڑھاویں گی۔ صحت کے معاملے میں کبھی نقلوں پر اعتبار نہ کرو!

خط و کتابت و تار کا پتہ: امرت دھارا ۴۵ لاہور

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا ڈاکخانہ۔ لاہور

بچوں کی ہر بیماری کی شرطیہ دوا

بال جیون گھٹی

منیجر بال جیون کار خانہ ... دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

غیروں کا خدا

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

رحمۃ للعالمین جلد سوم

شائع ہوگئی

[illegible]

منیجر اخبار مسلمان سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ

ایم۔ اے۔ رفیع تاجر عطر قطب روڈ دہلی سے خالص اور اعلیٰ قسم کی بسی ہوئی تلی کے تیار کردہ خوشبودار تیل اور بازار سے ... عطریات خرید فرمائیے۔

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۱ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
چوتھائی کالم

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
بلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۸ | دہلی۔ یوم پنجشنبہ ۷ رجمادی الثانی ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۸ ستمبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۲۲

معاصرین کے افکار و آراء

مسلمانان بہار ہوشیار! (ہمدم)

انگریزی حکومت اعلان کر چکی ہے کہ وہ مسلم کانفرنس ہی کو مسلمانوں کی ترجمان سمجھتی ہے۔ مسلمانوں کے پاس کوئی قوت نہیں جس کے ذریعہ وہ حکومت کو اس غلط دعوے سے باز رکھ سکیں۔ ہاں مسلمان یہ کر سکتے ہیں کہ مسلم کانفرنس سے اس طرح اعراض کریں کہ تمام دنیا کو معلوم ہو جائے کہ چند سرکاری نوکروں، خطاب یافتوں اور نوکری کے خواہشمندوں کے سوا جمہور بہادر مسلم قوم اس جماعت کو تسلیم نہیں کرتی جس کا مقصد شروع سے یہی رہا ہے کہ موجودہ نظام حکومت کی خدمت کر کے اور اسلامی حقوق کو پامال کر کے اعزاز و مناصب و مال حاصل کیا جائے۔ ...

غلط دعوے سے دستبردار ہو جانا پڑے گا۔ کلکتہ اور دوسرے مقامات کے مسلمان مسلم کانفرنس کو مسترد کر کے اپنی قومی غیرت کا ثبوت پیش کر چکے ہیں۔ اب بہار کے خوددار مسلمانوں کی غیرت کا امتحان ہے اور ہمیں توی امید ہے کہ وہ بھی اس امتحان میں پورے اتریں گے۔

بہار کو اس وجہ سے بھی اجلاس مسلم کانفرنس کے لئے منتخب کیا گیا ہے کہ کونسل و اسمبلی کے انتخابات جلد ہونے والے ہیں اور مولوی محمد شفیع صاحب داؤدی اور ان کے متعلق دوسرے لوگوں کو انتخابات میں کامیابی کے لئے ابھی سے زمین تیار کرنی ہے۔ مسلم کانفرنس کا یہ اجلاس کسی حد تک ان کی اور ان کے یاران طریقت کی مقبولیت کا ایک ذریعہ سمجھا گیا ہے اور اس سے فائدہ اٹھانے کی پوری کوشش کی جائے گی۔

مولوی داؤدی صاحب کے پچھلے "کارنامے" تمام مسلمانوں کو معلوم ہیں۔ سب جانتے ہیں کہ انہوں نے اسمبلی میں کس طرح ہر موقعہ پر حکومت کا ساتھ دیا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ان کا سرحد کا دورہ اور اس دورہ کی رپورٹ، اور اس سلسلہ میں جو کچھ ہوا وہ کبھی تمام مسلمانوں کو یاد ہے اور قیامت تک فراموش نہیں ہو سکتا۔ لیکن اب انتخابات قریب ہیں اور مولوی صاحب مجبور ہیں کہ اپنے آپ کو ذرا پرجوش مسلمان ظاہر کریں، چنانچہ سرحدی بمباری کے سلسلہ میں آپ نے حال ہی میں چند مرتبہ اسمبلی میں اپنی زبان کھولی اور ڈرتے ڈرتے آقاؤں پر کچھ حرف گیری فرمائی تاکہ انتخابات کے موقعہ پر مسلمانوں سے کہہ سکیں کہ دیکھو ہم نے بمباری کی کس طرح مذمت کی تھی۔

وجا لیا تھا۔ ان شرائط پر اس قدر ہنگامہ آرائی اور جدال و قتال کے بغیر بھی صلح ہو سکتی تھی، لیکن سرحد کے عسکری اور سیاسی حکام کو تو قبائل کے علاقہ میں سڑک بنانی مطلوب تھی جس کے لئے یہ سب کچھ کیا گیا۔

حکومت ہند اور جمعیۃ علمائے ہند کے قیدی (مدینہ)

جب سے جمعیۃ علمائے ہند نے سول نافرمانی کو واپس لے لیا ہے اس وقت سے جمعیۃ کے قیدیوں کا مسئلہ خصوصی توجہ کی جولانگاہ بنا ہوا ہے۔ جرائد نے اس سلسلہ میں حکومت کو بہ محل توجہ دلائی ہے اور شاہ مسعود احمد صاحب ایم۔ ایل۔ اے نے بھی اسمبلی میں حکومت سے یہ سوال کیا ہے کہ جبکہ جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ منعقدہ ...

کیوں رہا نہیں کیا گیا جو جمعیۃ کے احکام کی تعمیل میں قید ہوئے ہیں۔

حکومت ہند کے ہوم ممبر سر ہیری ہیگ نے جواباً جو کچھ کہا ہے وہ حکومت کے نقطۂ نظر کی کافی وضاحت نہیں کرتا، اس لئے ابھی یقینی طور پر یہ کہنا مشکل ہے کہ حکومت کیا طرز عمل اختیار کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ ہمارے خیال میں حکومت کے مدبروں کے لئے بہترین طریق کار یہ ہے کہ وہ حالات کی تبدیلی سے استفادہ کریں اور اپنے عامہ کے خوشگوار رجحانات کو اپنی حکمت عملی سے ترقی دیں۔ اگر اس وقت بغیر کسی تاخیر کے جمعیۃ علماء کے قیدیوں کو رہا کر دیا جائے تو اس سے مسلمانوں کے جذبات کی تلخی بہت کافی حد تک کم ہو جائے گی۔ حکومت کا طرز عمل جمعیۃ علمائے ہند کے قیدیوں کے ساتھ بہت افسوسناک رہا ہے اور مسلمانوں نے اس کو محسوس کیا ہے کہ تمام وفاداری کے باوجود مسلمانوں کے خلاف حکومت کے جذبات انتقامی ہیں اور وہ ایذا رسانی کی حد تک پہنچے ہیں۔ آج حکومت کے کارکنوں کے لئے بہترین موقعہ ہے کہ وہ ہوشمندی کے ساتھ مسلمانوں کے خیالات کو اعتدال پر لے آئیں۔ اس مقصد کے لئے جمعیۃ کے قیدیوں کی رہائی ضروری ہے اور اس کے ساتھ یہ بھی لازمی ہے کہ مسلمان سیاسی قیدیوں کے متعلق عام طور پر جو سخت طرز عمل برتا جاتا ہے اس میں تبدیلی کی جائے۔

ہندو خواتین اور ہندو (آزاد)

افسوس ہے کہ ہندو خواتین میں بیداری کے جو نقوش سے بہت علامات جہات پیدا ہو چلے تھے۔ انہیں انسانی کمزوریوں کی آڑ لے کر ختم کیا جا رہا ہے۔ ہندو حقیقی مرض کے علاج کی کوشش نہیں کرتا۔ ...

گاندھی جی کی حکومت سے صلح (الجمعیۃ)

مہاتما گاندھی نے کئی بار حکومت سے صلح کی کوشش کی مگر حکومت نے ... "میں باعزت صلح کا متلاشی ہوں" ... کر دی گئی ہے۔ صلح ہوگی یا نہیں؟ ...

سرحد پر واقعات کی رفتار (زمیندار)

سرحدی قبائل کے علاقہ میں حکومت ہند کی جنگی اقدام و تخاریب کا جو سلسلہ ... غیر محسوس شکل جاری ہے، اس کی رفتار ترقی کی تازہ اطلاعات یہ ظاہر کرتی ہیں کہ واقعات کی رفتار پر سکون ہونے لگی ہے۔ حکومت ہند بالائی مہمندوں کے دو بڑے قبائل سے اپنے حسب منشا شرائط منوانے میں کامیاب ہو گئی ہے۔ ...

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے (از معاون)

انسانی ڈھانچوں کے تہ خانہ میں ازبلا کی اسیری

اسلام سے برگشتہ کرنے کیلئے پادریوں کی آخری کوشش

قرطبہ کے راہب خانہ کا ایک منظر

گزشتہ الجمعیۃ میں بتایا جا چکا ہے کہ ازبلا نے گھر پر خفیہ نماز پڑھی۔ بارگاہ الٰہی میں رقت انگیز دعا کی اور مطالعہ میں مشغول ہو گئی۔ آج آگے ملاحظہ فرمایئے۔

ازبلا مطالعہ میں مشغول ہے۔ ان کی والدہ بھی آج غیر معمولی طور پر غضبناک ہیں ...

اور پادریوں نے گزشتہ دن کی تمام گفتگو اس کے والدین کو سنا دی ہے اور ان کو یقین دلا دیا ہے کہ ازبلا مرتد ہو گئی ہے اور انہیں تفہیم کے تمام دروازے اس پر مسدود ہو چکے ہیں۔ اتنے میں ایک ملازمہ آکر ازبلا کے ہاتھ میں ذیل کا رقعہ دیتی ہے:

جعلی خط

"بہن ازبلا! اس وقت تم سے مجھے ایک ضروری کام ہے۔ مہربانی ہوگی اگر تم فوراً یہاں آ جاؤ۔ ... میں تمہارا انتظار کر رہی ہوں۔ ملازمہ کے ساتھ تم فوراً چلی آؤ۔"

(تمہاری بہن میرانو)

اس رقعہ کا سننا تھا کہ ازبلا چلنے کے لئے فوراً کھڑی ہو گئی۔ ...

راہبوں کی دلچسپ خانقاہ

...

عبادت و ریاضت کو دیکھ کر مرعوب ہو جائے اور راہبوں کی تکلیفیں اس کے ضمیر سے اپیل کرنے میں کامیاب ہوں۔ ازبلا نے بہت غور سے راہبوں کی عبادتوں کو دیکھا۔ ایک شخص ایک گوشہ میں زنجیروں میں جکڑا ہوا پڑا ہے اور ایک دوسرا شخص اس پر کوڑے برسا رہا ہے۔ ازبلا دیکھ کر سہم گئی اور خیال کرنے لگی کہ یہ بھی میری طرح کوئی مجرم ہے مگر بہت جلد معلوم ہو گیا کہ نفس کشی اور شیطانی قوتوں کو مغلوب کرنے کا یہ ایک طریقہ ہے جس کو راہبوں نے رضاکارانہ طور پر خود ہی اختیار کیا ہے۔ ...

راہب کا خطاب

ایک بڑے راہب نے ازبلا سے کہا، ...

دو پادریوں کی عدالت

ازبلا تہ خانہ کے ایک گوشہ میں جا کر بیٹھ گئی۔ تہ خانہ کا یہ حال تھا کہ بیسیوں من ہڈیاں اس میں پڑی ہوئی تھیں اور چاروں طرف انسانی ڈھانچے بھیانک سماں پیدا کر رہے تھے۔ ...

دلچسپ سوال و جواب

پادری: کیا تو مسلمان ہو گئی ہے؟

ازبلا: الحمدللہ۔ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو اسلام جیسی دولت سے مالا مال کیا۔

...

(باقی آئندہ)

بہترین اور کم قیمت عطریات و خوشبودار تیل خریدنے کیلئے مشکبار فیکٹری سہسوان یو پی کا نام یاد رکھیے جو ہندوستان بھر میں مشہور ہے فہرست کلاں مفت طلب فرمایئے

مذہبی، علمی و تاریخی کتابیں

خطبات صدارت

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ ... خطبہ صدارت جمعیۃ علماء ہند پشاور ...

دنیائے ادب کے ماہر مولانا سید سلیمان صاحب ندوی ... کا خطبہ صدارت ... کلکتہ ...

حضرت مولانا شاہ معین الدین صاحب اجمیری ...

[illegible]

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

[illegible]

معجون مددگار غدود [illegible]

ایک ضروری گذارش [illegible]

ملنے کا پتہ:۔ منیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

ایم۔ اے رفیع تاجر عطر قطب روڈ دہلی سے خاص اور اعلیٰ قسم کی بسی ہوئی تلی کے تیار کردہ خوشبودار تیل اور بازار خوشبو کے عطریات خرید فرمائیں!

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ

روزنہ — سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

دہلی

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ ... ششماہی ... سہ ماہی ...

ممالک غیر کے لئے

سالانہ ... ششماہی ...

نمونہ

فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم ۵ ۹ ۱۳

۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) ...

نصف صفحہ ...

ایک کالم ...

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر: بلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۸ | دہلی — یوم سہ شنبہ ۹ شعبان المعظم ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۸ نومبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۳۸

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

اسپین میں قوم بربر کی بغاوت

افریقہ اور اسپین کے والیوں میں تصادم

لیڈر بہن اقوام اور والیوں کی خانہ جنگیوں کا مقابلہ

گزشتہ نمبر میں امیر عقبہ کے انتقال تک کے حالات درج کئے جا چکے ہیں۔ آئندہ آگے ملاحظہ فرمائیے ہم کئی دفعہ اس امر کا اظہار کر چکے ہیں کہ ان کالموں میں ہمارا منشا صرف ان ترقیات کا درج کرنا نہیں ہے بلکہ منشا یہ ہے کہ مسلمانوں میں اس ذریعہ قوت عمل پیدا کی جائے اور ان کو بتایا جائے کہ کس چیز نے ان کو ... کس چیز نے ان کو ذلت کی عمیق ترین گہرائیوں میں گرا دیا ... مسلمانوں کی ترقی اور بہبود کے دو زبردست ذریعے رہے ہیں۔ ایک کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کی اطاعت، دوسرے اتفاق و اتحاد۔ اور جب کبھی مسلمانوں کو ربعت اور پسپائی سے دوچار ہونا پڑا ہے تو اس کے بھی دو ہی سبب تھے۔ کتاب اللہ اور اسلام سے عملی بغاوت یعنی تمسک بالقرآن سے انحراف، دوسرے افتراق و اختلاف اور خانہ جنگیاں۔ عہد اول کے مسلمانوں نے قیصران روم اور اکاسرہ ایران کی سطوت و جبروت کو صرف توحید خالص، عمل صالح اور اتحاد کے بے پناہ ہتھیاروں سے سرنگوں کیا تھا اور اسی وجہ سے وہ معمورۂ ارضی کے دو تہائی حصوں پر چھا گئے تھے لیکن جب بعد کے مسلمانوں نے باہمی بغض و تنافس، بے عملی، بے راہ روی اور انانیت کو اپنا زندگی کا لازمہ بنا لیا تو وہ ترقی کرنے کے بجائے تنزل ہی کی طرف چلے گئے اور ایسے گرے کہ پھر اٹھ نہ سکے۔ یہ بات باور رکھنے کے قابل ہے اور بارہا ان ہی کالموں میں اس کا اظہار بھی کیا جا چکا ہے کہ اسلام اور شوکت و عظمت، خلافت و سلطنت لازم و ملزوم ہیں یعنی اسلام پر عمل کرنے کا لازمی نتیجہ حصول سلطنت ہے کیونکہ ... اللہ تعالیٰ نے مومنین صادقین اور عاملین مخلصین سے بات اچھا اور تمکین فی الارض کا وعدہ فرمایا ہے اور یہ وعدہ سچے مسلمانوں کے لئے ایسا ہی لازم ہے جیسا آفتاب کے لئے روشنی اور حرارت لازمی ہے۔ لہٰذا شکست اور پسپائی خود ہمارے اپنے اعمال کا نتیجہ ہے جو شخص اس کا الزام اسلام پر لگاتا ہے اس سے بڑھ کر نادان اور کوئی نہیں ہو سکتا۔

اسپین کی ترقی اور خوشحالی اور وہاں کی اسلامی حکمرانی کا تذکرہ آپ حال ملاحظہ فرما چکے ہیں لیکن ذرا وہاں کے امراء اور سلاطین کی خانہ جنگیوں کا حال بھی ملاحظہ کیجئے تاکہ آپ کو اس بات کا یقین ہو جائے کہ سلطانان اسپین کے زوال کا سبب خود مسلمان ہی تھے نہ کہ دوسری قومیں۔ ... مسلمان ان واقعات سے کوئی عبرت حاصل کر کے اعتصام بحبل اللہ کی قدر و قیمت پہچانیں۔

مغرب اقصیٰ میں بغاوت

خلیفہ یزید بن عبدالملک کے بعد ہشام بن عبدالملک سریر آرائے سلطنت ہوا۔ ہنوز اس خلیفہ نے امور سلطنت میں تنظیم بھی پیدا نہیں کرنے پائی تھی کہ اسے اطلاع ملی کہ قوم بربر نے مغرب اقصیٰ میں بغاوت کر دی ہے۔ اس بغاوت کو فرو کرنے کے لئے ہشام بن عبدالملک نے پہلے یہ کام کیا کہ عبداللہ گورنر افریقہ کو معزول کر دیا اور اس کی جگہ کلثوم بن عیاض کو افریقہ کا گورنر مقرر کر دیا۔ کلثوم بن عیاض ایک جرار فوج کے ساتھ ملک شام سے افریقہ کو روانہ ہوئے۔ اس وقت افریقہ بلکہ بربر ... نے اپنی حکومت قائم کر لی تھی۔ جب اس نے یہ سنا کہ شام سے میرے سرکوبی کے لئے فوج آ رہی ہے تو اس نے بھی مقابلہ کی ٹھان لی اور میدان میں نکل کھڑا ہوا۔

عربوں اور بربریوں میں جنگ

عربوں نے جب پہلے پہل افریقہ کو فتح کیا تھا تو ان کو بربری قوم سے کوئی خوف نہ تھا کیونکہ اس وقت یہ قوم غیر منظم پراگندہ اور فنون حرب سے ناآشنا اور پست ہمت تھی لیکن عربوں کی تہذیب و تعلیم نے اس قوم کو ہر میدان کے قابل بنا دیا تھا۔ طارق بن زیاد نے مشہور جنگ وادی الکلنہ کو اسی بربری قوم کی بدولت سر کیا تھا۔ الغرض کلثوم بن عیاض اور بربری قوم میں مقابلہ ہوا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عربوں کو شکست اٹھانی پڑی اور امیر اپنی شکست خوردہ فوج کے ہمراہ قلعہ سبطہ میں محصور ہو گیا۔

بربریوں کی شکست

خلیفہ ہشام کو جب عربوں کی شکست اور کلثوم بن عیاض کے محصور ہونے کی اطلاع ملی تو انہوں نے امیر حنظلہ کو شام سے مغرب اقصیٰ روانہ کیا جہاں امیر موصوف نے بربری قوم کو شکستیں دے کر کلثوم کو معہ ان کی فوج کے قلعہ سبطہ سے رہا کرایا۔ ... بغاوت فرو ہو چکی تھی کہ اندلس کے بربریوں نے جو تمام ملک میں پھیلے ہوئے تھے افریقہ کے بربریوں کی حمایت میں بغاوت شروع کر دی۔ اس بغاوت کا حال سن کر خلیفہ ہشام کو یقین ہو گیا کہ آسانی سے یہ شورش ختم نہ ہوگی اس لئے انہوں نے امیر بلج بن بشیر کو افریقہ سے بلایا اور اس سے وعدہ کیا کہ بغاوت فرو ہونے کے بعد اہل شام کو ضیاعات و انعامات دئے جائیں گے۔ چنانچہ امیر بلج نے اندلس میں قدم رکھتے ہی بربریوں کا مقابلہ کرنا شروع کر دیا اور عربی فوج کے ہمراہ بربریوں کا سرحدوں تک تعاقب کر کے ان کو بھگا دیا۔

اسپین میں خانہ جنگی

امیر بلج کو عبدالملک نے پہلے ہی یہ عہد لیا تھا کہ بغاوت فرو ہونے کے بعد تم فوراً افریقہ واپس چلے جاؤ گے ... لیکن بعض وجوہ کی بنا پر اندلس کے عیسائی اور مسلمانوں نے امیر بلج کو اندلس کا والی مقرر کر دیا اور عبدالملک کو قید میں ڈال دیا ... نے عبدالملک کو قتل کرا دیا۔

عبدالملک کے دو بیٹے تھے قطن اور امیہ۔ انہوں نے قرطبہ سے بھاگ کر ان لوگوں میں پناہ لی جو بربری قبائل سے تعلق رکھتے تھے۔ آخر انہوں نے امیر بلج سے جنگ کرنے کے لئے ایک لاکھ فوج جمع کی اور شہر قرطبہ کا محاصرہ کرنے کے لئے چل کھڑے ہوئے۔ امیر بلج نے بھی شہر سے نکل کر ان کا مقابلہ کیا اور شامی فوج نے ان لوگوں کو شکست دیدی۔ اسی جنگ میں امیر بلج کے ایک نیزہ لگا اور وہ گھوڑے سے زمین پر گر پڑے اور دوسرے روز ۱۲۴ھ میں ٹھیک داخلہ اندلس کے گیارہ ماہ بعد انتقال کر گئے۔

رعایائے اندلس کی حفاظت

ان خانہ جنگیوں نے گو مسلمانان اندلس کی حقیقی قوت پر بڑی کاری ضرب لگائی تھی تاہم اندلس کے سیاسی نظم و نسق اور رعایا کی فلاح و بہبود کے سلسلہ میں کوئی فرق نہیں آیا۔ خانہ جنگیوں میں مسلمانوں کو نقصانات برداشت کرنے پڑے مگر عیسائی رعایا کو ایک دن بھی کسی مصیبت کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔

مسلمانوں نے اسپین میں علوم و فنون کے جو چشمے جاری کئے تھے وہ برابر قائم رہے اور اسپین کی یونیورسٹیوں میں یورپ کے طلباء مسلمانوں کے چشمۂ فیض سے برابر شاد کام ہوتے رہے۔ مسلمانوں نے اسپین کو مرکز علوم بنا دیا تھا اور خود شاہان اسلام نے علوم و فنون کی سرپرستی کی تھی۔ شاعری، علم طب، فلسفہ، منطق، ہیئت، علم حساب، علم طبقات، جغرافیہ۔ غرض تمام اصناف علوم میں مسلمانوں نے جو کمال پیدا کیا ان کا اعتراف آج یورپ کو بھی ہے۔ فن تعمیر میں عربوں کو جو دستگاہ حاصل تھی اس کا اندازہ آج بھی قرطبہ، اشبیلیہ، غرناطہ اور سرقسطہ کی شکستہ عمارتوں سے لگایا جا سکتا ہے۔

ایک غلط فہمی کا ازالہ

بعض ناواقف مسلمان مسلمانوں کی خانہ جنگیوں سے مسلمانوں کی ناقابلیت پر استدلال کر بیٹھتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ مسلمانوں نے نہایت غیر منظم حکومت کی اور اپنی نااہلیت کی وجہ سے دنیا میں بدنام ہوئے۔ مقابلہ میں آج یورپ کی ترقی یافتہ قوموں کو پیش کیا جاتا ہے۔

(باقی صفحہ ۴ پر ملاحظہ فرمائیے)

معاصرین کے افکار و آراء

تخفیف اسلحہ کانفرنس نازک مرحلہ پر (مدینہ)

ایک ہندوستانی فیلسوف نے کسی زمانہ میں کتنا اچھا کہا تھا
"صلح ہے ایک مہلت سامان جنگ"

آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ یورپ کی تمام طاقتیں اس یادگار صلح سے جس کی یاد میں گزشتہ ۱۱ نومبر کو چند منٹ کی خاموشی اختیار کر لی گئی تھی جنگی تیاری کا کام لے رہی ہیں۔ تخفیف اسلحہ کانفرنس کا کن امیدوں اور کن توقعات کے ساتھ آغاز ہوا تھا لیکن اس کا انجام کس قدر عبرتناک اور کتنا افسوسناک ہے۔

فرانس، جرمنی سے دست و گریباں ہونے کے لئے آمادہ ہے اور جرمنی فرانس کی طرف غضبناک نگاہوں سے دیکھ رہا ہے۔ جاپان، واشنگٹن اور لندن کے معاہدہ کی رو سے جس بحری طاقت پر قناعت کئے ہوئے تھے۔ اب اس کو قبول کرنے سے انکار کرتا ہے۔ اور برطانیہ اور امریکہ کو دعوت مساوات دے رہا ہے۔ روس اور جاپان کی آویزش کی خبریں قبل از وقت بھی لیکن یہ وقت بھی قریب نظر آ رہا ہے۔ اٹلی اور یونان دونوں ایک دوسرے کو مشتبہ نظروں سے دیکھ رہے ہیں اور دونوں ٹرکی کی دوستی حاصل کرنے میں مصروف ہیں۔ ہر ملک میں جنگی تیاریاں جاری ہیں اور ان کی روداد روزانہ کسی نہ کسی اخبار میں سامنے آ جاتی ہے۔ اس ہنگامہ و شور و فساد میں تخفیف اسلحہ کا خیال، تخفیف اسلحہ کانفرنس کی کامیابی کی خواہش اور تخفیف اسلحہ کا ارادہ کون کر سکتا ہے۔ اگر کوشش کی بھی گئی تو اس کی کامیابی کی ... توقع ہو سکتی ہے۔

۱۱ نومبر کو تخفیف اسلحہ کانفرنس کے ایوانات اشاعت میں خود صدر کانفرنس مسٹر ہنڈرسن نے صاف الفاظ میں یہ ظاہر کر دیا ہے کہ کانفرنس ایسے وقت میں نازک مرحلہ پر پہنچ گئی جس میں فیصلوں کی توقع تھی۔ مسٹر ہنڈرسن کے ان الفاظ کے بعد کانفرنس کی ناکامی میں کوئی شبہ نہیں رہتا۔ صرف ناکامی کے اعلان کا انتظار ہے۔

حسب و نسب کی پوچھا (نقیب)

ایک تعلیم یافتہ سید صاحب کے صاحبزادے کی تقریب نکاح تھی۔ نکاح پڑھانے کے لئے ایک ایسے شخص کو تجویز کیا گیا جو حافظ، عالم ہیں اور مسلمانوں کے مذہبی و ملی خدمت گزار۔ لڑکی کے والد بھی اس تجویز سے متفق تھے مگر اس تقریب کے شرکاء میں ایک گاؤں کے ایک معمر سید صاحب بھی شریک تھے۔ جب ان کو علم ہوتا ہے کہ فلاں عالم صاحب نکاح پڑھائیں گے تو وہ چراغ پا ہوتے ہیں اور کسی طرح ان کو وکیل بالنکاح بنانے پر راضی نہیں ہوئے۔ عدم رضا کی دلیل یہ پیش کی گئی کہ "سید انی کا نکاح جولاہا کیسے پڑھا سکتا ہے" انا للہ و انا الیہ راجعون۔

یہ ہیں اس رسول کی اولاد اور ان بزرگوں کے نام لیوا جنہوں نے اس قسم کے تمام بتوں کو توڑ کر چکنا چور کر دیا ہے، جنہوں نے اس ہندوستان میں برہمنوں کے خود ساختہ مذہبی و مجلسی بیجا تفریق و امتیاز کو مٹا کر تمام انسانوں کو ان چیزوں میں مساوات کی عزت بخشی۔ کیا اس معمر شخص کے خیال کو اسلام سے کوئی تعلق ہے۔ قطعاً نہیں۔ یہ چیز پھر کہاں سے اس گاؤں کے سید کے دماغ میں آئی؟ وہی اپنے پڑوسی اور جواری ہندو بھائیوں کے اثر سے۔ کیا ہمارے سید اس واقعہ میں کوئی درس عبرت ہے؟

ہم تمام سیدوں سے اور خاص کر ان سیدوں سے جو اب تک علم دین اور حضرت رسول کی تعلیمات و سیرت سے واقف ہیں یہ دریافت کرتے ہیں کہ کیا وہ اس برہمنیت کے بت کو توڑنے کی کوشش نہ کریں گے جو لکڑیوں اور پتھروں کے بت سے زیادہ سخت اور زیادہ نقصان رساں ہے اور اسلام کی ترقی کی راہ میں بدترین رکاوٹ ہونے کے علاوہ مسلمانوں کے لئے تباہ کن اور اسلام کے پاک دامن پر بدنما داغ ہے۔

ہندوستان میں نسوانی کانفرنسیں (شیر)

ہمارے ہندوستان میں بھی عورتوں کی کانفرنسیں منعقد ہو رہی ہیں۔ برتھ کنٹرول کے مسئلے چھڑے ہوئے ہیں۔ گاندھی جی ان نوجوان لڑکیوں کو جنہیں مجبوراً کنواری رہنا پڑتا ہے یا جو شادی کرنا نہیں چاہتیں مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنی چھوٹی چھوٹی برادریوں، ذاتوں اور صوبوں سے باہر اپنے لئے مناسب رشتہ کی تلاش کرنے کے لئے نکل جائیں۔ اب تو ایسے لوگوں کی تعداد بھی بڑھ رہی ہے جو ازدواجی زندگی کے بغیر ہی نفسانی خواہشات کو پورا کرنا چاہتے ہیں۔ اور اسے بداخلاقی نہیں سمجھتے ... برتھ کنٹرول کا مسئلہ پیدا کر رہا ہے ... ڈھانے کی کوشش کی جا رہی ہے ... قطعی عاری ہو جائیں ... ان عورتوں کو اس کی فکر کیوں پڑ گئی ہے کہ آبادی بڑھ جائے گی اسے روکنا چاہئے۔

مولانا احمد سعید اور پنڈت جواہرلال (آزاد)

کچھ روز ہوئے ہیں کہ مولانا شفیع داؤدی نے مسلم کانفرنس کے سلسلے میں مولانا احمد سعید سے خط و کتابت کی تھی اور مسلم کانفرنس کے اجلاس پٹنہ میں شرکت کی دعوت ... جواب میں ... کی ضرورت پیش آئی تھی۔ اس مکتوب میں مولانا احمد سعید نے ملی لیگ کے بغیر جن خیالات کا اظہار فرمایا تھا وہ اخبارات میں آ چکے ہیں۔ پچھلے دنوں پنڈت جواہرلال نے بھی ایک ایسا اعلان کیا ہے کہ بلا شبہ آب زر سے لکھنے کے لائق ہے۔ مولانا اور پنڈت جی کے اس مبارک اقدام پر مولانا عبدالحنان ناظم جمعیۃ العلماء پنجاب نے اپنے ایک بیان میں حسب ذیل تبصرہ کیا ہے:-

"ہر قوم پرست اور محب وطن جب نعرۂ حق بلند کرتا ہوا قوم کو قوم پرستی کے صحیح اصول سے آشنا کرتا ہے تو چاروں طرف سے غرض پرست افراد اور ملک و ملت کے دشمن اس پر حملہ کرتے ہیں مگر ان کی منافقہ یورش بھی خوا ہان ملک کے قدموں کو متزلزل نہیں کر سکتی بلکہ وہ اور زیادہ عزم و استقلال، رشجاعت کی چٹان بن جاتے ہیں۔ حضرت مولانا احمد سعید اور پنڈت جواہرلال نہرو کی دو مثالیں ہندوستان کے سامنے ہیں۔ مولانا احمد سعید نے مسلم کانفرنس کی اور پنڈت جواہرلال نہرو نے ہندو مہا سبھا کی حقیقت غیر مشتبہ الفاظ میں ملک و قوم کے سامنے رکھ دی جس پر ملک میں ہلچل سی ہو رہی ہے۔ لیکن حق یہ ہے کہ اس وقت ملک کے فداکاروں اور شیدائیوں کو مولانا احمد سعید اور پنڈت جواہرلال نہرو کی تقلید کرنی چاہئے اور ملک کی سچی خدمت کے لئے تیار ہو جانا چاہئے۔"

مولانا عبدالحنان نے اپنے بیان میں مولانا اور پنڈت جی کے ارشادات کے متعلق جن امور پر روشنی ڈالی ہے وہ حقائق اور واقعات کا جامع و مانع مرقع ہیں اور ہم کہیں گے کہ آسمان حریت کے یہ نیرین ہیں جن کی نور پرورانہ ضو و شعاع وطن دشمنوں کی آنکھوں کو خیرہ و منیرہ کرنے کے لئے کافی ہیں۔

حق تو یہ ہے کہ اس وقت ملک کو ان "نذ عماء" کے آگوں تو توقعات وابستہ ہیں کیا ملک کی توقع پوری ہوگی اور ہماری آرزو برآئے گی؟

مقاطعہ! (ملت)

ہندوستان جب کبھی برطانوی مال کا مقاطعہ کرتا ہے تو اس پر بڑا شور مچایا جاتا ہے لیکن خود انگلستان میں ادھر چند دنوں سے جرمنی مال کے مقاطعہ کی انتھک کوششیں ہو رہی ہیں لیکن ہم دیکھ رہے ہیں کہ اس پر ولایت کا کوئی اخبار ایک حرف بھی زبان سے نہیں نکالتا۔ جرمنی نے یہودیوں کے ساتھ جو کچھ کیا وہ خواہ اچھا ہو یا برا لیکن اگر ہندوستان کے لئے کسی دوسرے ملک کے مال کا مقاطعہ درست نہیں سمجھا جاتا تو جرمنی کے مال کا مقاطعہ کیوں کر جائز ہو جائے گا؟ اگر مقاطعہ کی اس تحریک نے قوت حاصل کی تو ہمیں اندیشہ ہے اہل انگلستان کو سخت پچھتانا پڑے گا۔

بہترین اور کم قیمت عطریات و خوشبودار تیل خریدنے کیلئے مشکبار پرفیومری سہسوان یوپی کا نام یاد رکھئے جو ہندوستان بھر میں مشہور ہے۔ فہرست کلاں مفت طلب فرمائیے

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

فتاویٰ رشیدیہ

حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے رشد و ہدایات اور ان کے تفقہ سے کچھ وہی شخص واقف ہو سکتا ہے جو آپ کی شرف صحبت حاصل ہوا ... آپ کے فیض ... یہ فتاویٰ رشیدیہ تین حصوں میں جمع کیا گیا ہے ... تینوں حصوں کی قیمت ۲؍

تعلیم الاسلام

مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کیلئے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی بہترین تصنیف ... سوال و جواب کے پیرایہ میں ... مکمل سیٹ کی قیمت صرف ...

سیرۃ الحبیب

اگر آپ ... آنحضرت صلعم کے صحیح حالات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی زندگی کو صحیح طریقہ پر اسلام کی روشنی میں ... تو ... حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ... قیمت صرف ۱۲

علم الکلام

... قیمت ...

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر

... قیمت ...

حیات محمود و سفرنامہ اسیر مالٹا

اسلامی دنیا کا کون ایسا انسان ہے جو حضرت شیخ الہند کے نام نامی سے واقف نہیں۔ جن حضرات کو آپ کی زیارت اور فیض صحبت کا موقع ملا ہے ان ہی کے تاثرات ... حضرت شیخ الہند صدر المدرسین دار العلوم دیوبند کے ... مولانا حسین احمد صاحب مدنی ... قیمت ...

تحفۃ المحبین

شائقین زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے بہتر اور کیا مژدہ ہوگا ... قیمت ...

جنت اور دوزخ

پر ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادت مند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا کرتی ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرما دیا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کر کے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کر دیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی ہے اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ۱۰؍ اور جنت کی کنجی کی قیمت ۸؍ ہے لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف ۱۲؍ لی جائیگی دونوں حصوں میں کل ۲۱۰۷ احادیث ہیں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ

اعجاز القرآن

حضرت شبیر احمد صاحب عثمانی کی معرکۃ الآراء تقریر ہے جس میں آپ نے وحی آلہی کی ضرورت اس کے مدارج، معجزہ اور اس کی حقیقت کی تفصیل بیان فرماتے ہوئے مدلل طور پر بتایا ہے کہ قرآن پاک بذات خود ایک معجزہ اور وحی آلہی ہے ... قیمت ۶؍

تفسیر مظہری

مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی کی مشہور تصنیف تفسیر مظہری ... قیمت ...

پاک زندگی

حضرت العلامہ مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کے ان بیش بہا عالمانہ مضامین کا مجموعہ ہے جس میں آپ نے فطرت سلیمہ، حیات طیبہ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر روشنی ڈالی ہے قیمت ۸؍

خاموش تبلیغ

یہ بھی حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کا دلچسپ تبلیغی مضمون ہے ... قیمت ۸؍

صراط مستقیم

یہ نام اسمیٰ کتاب ہر مسلمان کی رہنمائی کا کافی ذریعہ ہے قیمت صرف ایک روپیہ (عہ)

دلائل الخیرات

اوراد و وظائف کی مشہور اور بہترین کتاب قیمت ۱۰؍ مجلد چرمی ایک روپیہ (عہ)

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا ہے بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب حضرت مولانا شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کمال احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی ...

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا اور قرآن شریف آپ مشکل سے ملیگا اس نورانی مجید کی کتابت ایک ایسے ولی خوشنویس سے گراں معاوضہ دیا کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویسوں میں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت الٰہی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زرین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع کی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ خنا شدہ ... قسم دوم خنا شدہ ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

تارکاپتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

الجمعیۃ

روزنامہ — دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ

ششماہی

سہ ماہی

ممالک غیر کے لئے

سالانہ

ششماہی

نمونہ

تاریخہائے اشاعت

بر عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار)

نصف صفحہ

ایک کالم

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر: بلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۸ | دہلی۔ یوم سہ شنبہ ۹ رشعبان المعظم ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۸ رنومبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۳۸

معاصرین کے افکار و آرام

تخفیف اسلحہ کانفرنس نازک مرحلہ پر (مدینہ)

ایک ہندوستانی فیلسوف نے کسی زمانہ میں کتنا اچھا کہا تھا "صلح ہے ایک مہلت سامان جنگ"

آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ یورپ کی تمام طاقتیں اس یادگار صلح سے جس کی یادیں ... گزشتہ ۱۸ نومبر کو جرمنٹ کی خاموشی اختیار کر لی گئی تھی جنگی تیاری کا کام لے رہی ہیں۔ تخفیف اسلحہ کانفرنس کا کن امیدوں اور کن توقعات کے ساتھ آغاز ہوا تھا لیکن اس کا انجام کس قدر عبرتناک اور کتنا افسوسناک ہے۔ ...

[illegible]

مولانا احمد سعید اور پنڈت جواہر لال (الامان)

[illegible]

حسب نسب کی پوجا

[illegible]

مقاطعہ (رہبر)

[illegible]

ہندوستان میں نسوانی کانفرنسیں (خیر)

ہمارے ہندوستان میں بھی عورتوں کی کانفرنسیں منعقد ہو رہی ہیں ... [illegible]

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

اسپین میں قوم بربر کی بغاوت

افریقہ اور اسپین کے والیوں میں تصادم

لیو بن افواج اور اندلس کی خانہ جنگیوں کا مقابلہ

[illegible]

بربریوں کی شکست

[illegible]

اسپین میں خانہ جنگی

[illegible]

عربوں کے اندلس کی حفاظت

[illegible]

عربوں اور بربریوں میں جنگ

[illegible]

ایک غلط فہمی کا ازالہ

[illegible]

(باقی صفحہ ۳ پر ملاحظہ فرمائیے)

بہترین اور کم قیمت عطریات خوشبودار تیل خریدنے کیلئے مشکبار پرفیومری سہسوان یوپی کا نام یاد رکھیے جو ہندوستان بھر میں مشہور ہے۔ فہرست کلاں مفت طلب فرمائیے

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

فتاوی رشیدیہ

حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے رشد و ہدایات اور ان کے تفقہ سے کچھ وہی شخص واقف ہو سکتا ہے جس کو آپ کی شرف صحبت حاصل ہوئی ہو یا حضرت کے سامنے زانوئے تلمذ کر کے آپ کے فیض تصرف اور تفقہ سے بہرہ ور ہوا ہو۔ مگر اب حضرت کے وصال کے بعد ان کی تصنیفات ہی تشنگان علم کی پیاس کو بجھا سکتی ہے مولانا ممدوح کے فتاوی کا مجموعہ فتاوی رشیدیہ تین حصوں میں جمع کیا گیا ہے جس میں تقریباً ہر مسئلہ کو مدلل طریقہ پر بیان کیا گیا ہے ہر مسلمان کو اس کے مطالعہ کی ضرورت ہے تاکہ مذہبی ضرورت سے پوری پوری واقفیت حاصل ہو جائے تینوں حصوں کی قیمت ۴ر

تعلیم الاسلام

مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کیلئے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی بہترین تصنیف جو کثرت سے اسلامی مدارس کے ابتدائی درجوں میں داخل ہو چکی ہے سوال و جواب کے پیرایہ میں ... قیمت ...

سیرۃ الحبیب

[illegible]

علم الکلام

[illegible]

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر

[illegible]

حیات محمود و سفرنامہ اسیر مالٹا

اسلامی دنیا کا کونسا ایسا انسان ہے جو حضرت شیخ الہند کے نام نامی سے واقف نہیں جن حضرات کو آپ کی زیارت اور فیض صحبت کا موقع ملا ہے ان ہی کے قلوب اس کی کچھ قدر کر سکتے ہیں امیر الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی جانشین حضرت شیخ الہند صدر المدرسین دار العلوم دیوبند کے حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے زندگی کے کچھ واقعات مرتب کئے ہیں ... [illegible]

تحفۃ المجیبن

مشتاقین زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے بہتر اور کیا سرمایہ ہوگا کہ خود آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ پر عمل کر کے آپ کی زیارت سے مشرف ہوں لہذا اگر آپ کو رسول اکرم علیہ التحیۃ والاسلام سے سچی محبت ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی تعلیم سے مستفیض ہوں تو تحفۃ المجیبن منگا کر پڑھیے ... [illegible]

جنت اور دوزخ

پر ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا کرتی ہے نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائیگا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کر کے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کر دیا گیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی ہے اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت عمر اور جنت کی کنجی کی قیمت ۸ر ہے لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف عار لی جائیگی دونوں حصوں میں کل ۲۱۰۷ احادیث ہیں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں ... [illegible]

اعجاز القرآن

حضرت شبیر احمد صاحب عثمانی کی معرکۃ الآرا تقریر ہے جس میں آپ نے وحی آلہی کی ضرورت اس کے مدارج معجزہ اور اس کی حقیقت کی تفصیل بیان فرماتے ہوئے مدلل طور پر بتایا ہے کہ قرآن پاک بذات خود ایک معجزہ اور وحی آلہی ہے اس کے بعد کسی کو اس میں شبہ کرنے کی گنجائش باقی نہیں رہتی اس کے پڑھنے سے قرآن پاک کے حقائق و معارف کا دروازہ آپ پر کھل جائیگا کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے قیمت ۶ر

تفسیر مظہری

مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی کی مشہور تصنیف تفسیر مظہری کے پہلے دو پارہ الم سیقول کی صرف چند جلدیں باقی رہ گئی ہیں عربی زبان میں قاضی صاحب نے قرآن پاک کی بڑی خدمت انجام دی ہے طلبا عربی کو خصوصیت سے اس کی توجہ کرنے کی ضرورت ہے اگر غفلت کی گئی تو کف افسوس ملنا پڑے گا قیمت ہر دو پارہ دو روپے (للعہ)

پاک زندگی

حضرت العلامہ مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کے ان بہترین عالمانہ مضامین کا مجموعہ ہے جس میں آپ نے فطرت سلیمہ حیات طیبہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام نہایت آسان اور دلچسپ پیرایہ میں روشنی ڈالی ہے قیمت ۸ر

خاموش تبلیغ

[illegible]

صراط مستقیم

[illegible]

دلائل الخیرات

اوراد و وظائف کی مشہور اور بہترین کتاب قیمت ۱۰ر مجلد چرمی ایک روپیہ (عہ)

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا ہے بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب حضرت مولانا شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عنہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عہ

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی مجید کی کتابت ایک ایسے دہلی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ پر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع کی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حناشدہ ے، قسم دوم حناشدہ عام علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸ر چرم عہ

ملنے کا پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اسلامی ممالک میں شب برات کس طرح منائی جاتی ہے

اسلام کے شفاف چشمہ کو مشرکانہ رسوم سے گندہ نہ کرو

آتشبازی میں مسلمانوں کا ہر سال پچاس لاکھ روپیہ صرف ہوتا ہے

(از ادارہ)

اللہ تعالے جب کسی قوم سے ناراض ہوتا ہے یا اس کو اس کے کئے کی سزا دینا چاہتا ہے تو اس کو مردانہ جوہروں سے خالی کرکے زنانہ اور رذیل بنا دیتا ہے اور اس پر ایسے حاکم کو مسلط کر دیتا ہے جو اس کے سیاہ و سفید کا مالک ...

آسمان کی طرف نگاہیں اٹھا کر اپنی پردہ پوشی کے لئے دست بدعا رہتی ہیں ... لاکھوں کے سرمایہ میں اپنے ہاتھوں آگ لگائی جاتی ہے۔ دوسری طرف نیا ئی و مساکین بھوک سے تڑپ تڑپ کر اور ایڑیاں رگڑ رگڑ کر موت کا لقمہ بن جاتے ہیں۔

والدین کی اہم ذمہ داری

فلسطین کے عربوں کا بے مثال اور تاریخی مظاہرہ

تمام ملک میں مارشل لا کا نفاذ اور مسلسل ہڑتال

شام اور شرق اردن کے عربوں کی فلسطین پر چڑہائی

قبائل کی چڑہائی

عربی اخباروں نے یہ خبر بھی شائع کی ہے کہ شام و لبنان کے فلسطین سے متصل علاقوں میں جو شیوخ قبائل آباد ہیں انہوں نے فلسطین کے انگریز حکام کو الٹی میٹم دیدیا ہے کہ اگر وہ عربوں کو اسی طرح اپنی گولیوں کا نشانہ بناتے رہیں گے تو ہم فلسطین پر چڑہائی کردیں گے اور اپنے بھائیوں کی بندوقوں سے ...

تازہ ترین عربی اخبار فلسطین کی ہولناک خبروں سے لبریز ہیں ... ان خبروں کا لب لباب یہ ہے کہ تمام ملک فلسطین میں عربوں کا جوش آخری حد کو پہنچ چکا ہے اور وہ عزم صمیم کر چکے ہیں کہ کچھ ہی ہو جائے، یہودی سیلاب ہجرت کو روک کر رہیں گے اور برطانیہ کی بیحد نواز پالیسی کو کسی حال میں بھی قبول ...

تمام عرب میں جوش

شرق اردن میں جوش

لبنان میں ہڑتال

عربوں کا ترانہ

انگریزوں کا خوف

حکومت فلسطین کی پالیسی

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(بسلسلہ صفحہ اول)

مگر اس سے بڑھ کر اور کوئی فریب نہیں ہو سکتا کہ آج کا مقابلہ کل سے یعنی چار صدی پیشتر سے کیا جائے۔ آج کا مقابلہ آج سے اور کل کا مقابلہ کل سے کرنا چاہیئے۔ جس زمانہ میں مسلمان اپنی خانہ جنگیوں میں تباہ ہو رہے تھے ذرا اس کا مقابلہ اسی زمانہ کے یورپ سے کیا جائے تو حقیقت حال فوراً منکشف ہو جائے۔ مسلمانوں میں تو آج تک کبھی اتنی خانہ جنگیاں نہیں ہوئیں جتنی یورپ میں برپا ہوتی رہی ہیں۔ بادشاہوں کا قتل۔ خلفاء کا عزل و نصب۔ علماء کی تباہی۔ انسانوں کا نسل کشی کی جانا۔ مذہبی فرقوں کے فسادات و ...

(بحوالہ الجمعیۃ دہلی)

... لگی ان ہی واقعات سے بھری پڑی ہے۔ مسلمانوں کا قصور صرف اتنا تھا کہ انہوں نے خلافت علی منہاج نبوت سے بغاوت کی اور اپنی آراء و خواہش سے نظام حکومت کو چلانا چاہا۔

فرانس اور شام میں معاہدہ ہوگیا

لندن ۲۳ نومبر حکومت فرانس اور حکومت شام کے درمیان جو معاہدہ ہوا ہے اس پر کل دونوں حکومتوں کے نمائندوں نے دستخط کر دئے۔ شام کی پارلیمنٹ نے ابھی اس کی تائید نہیں کی ہے۔ اس معاہدہ کا اس سمجھوتہ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا جو حکومت شام اور عراق پٹرولیم کمپنی کے درمیان ہوا تھا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۹ شعبان المعظم ۱۳۵۲ ہجری

دہلی میں "مسلم لیگ" کا شرمناک اجلاس

مسلمانوں کی نمائندگی کرنے والوں کے کرتوت

وہ مسلم لیگ جو کبھی مسیح الملک حکیم اجمل خاں مرحوم، ڈاکٹر انصاری، مولانا ابوالکلام آزاد، مہاراجہ محمود آباد، مولانا محمد علی مرحوم، مسٹر محمد علی جناح جیسے متین و سنجیدہ ... لائق و فائق مسلم زعماء شریک تھے اور جس کی کارروائیاں خواہ کتنی ہی معتدل اور نرم کیوں نہ ہوں مگر ہمیشہ عزت و وقار اور آئین و دستور کے مطابق ہوتی تھیں اور جس کے ارکین و عہدہ داران میں اخلاق مجالس کے اعتبار سے ... کا احساس ہمیشہ بدرجہ اتم پایا جاتا تھا آج اسی مسلم لیگ کی مٹی دہلی کے چند ننگ اکابر مسلمانوں کے ہاتھوں اس درجہ پلید ہوئی ہے کہ ان کا کوئی اجتماع خالی نہیں جاتا جس میں انتہائی سوقیت اور ابتذال اور حد درجہ ...

کو مخاطب کیا تو سارے ہال میں سنسنی پھیل گئی اور حاجی رشید احمد صاحب جو اپنے خطبہ استقبالیہ کی قرات فرما رہے تھے اس درجہ پریشان و سراسیمہ ہوئے کہ انہوں نے خطبہ صدارت کو پھینک کر اسی طرح ہاتھا پائی شروع کر دی جس طرح چند ماہ قبل صدر لیگ کے خلاف شروع کردی تھی۔ تمام اخبارات کے نمائندے (لنبول اسٹیٹسمین) اس امر پر متفق ہیں کہ حاجی رشید احمد نے خود حملہ کیا اور بغیر کسی وجہ کے انہوں نے تشدد (Violence) کے استعمال کو روا رکھا حالانکہ خود حاضرین میں سے بھی وہ لوگ جو رجعت پسندی ...

اور چند خان بہادروں کو اسٹیج کی زیب و زینت بنا ہوا دیکھ ایک حاجی صاحب کو ہاتھا پائی میں مشغول دیکھا ہے وہ کبھی بھی اس اجلاس کو سچ مچ کی مسلم لیگ کا اجلاس نہیں کہیں گے اور اس کی تمام کارروائیوں کو ہمیشہ مسلمانوں کے لئے ذلت آمیز اور رسوا کن سمجھتے رہیں گے۔

بھائی پرمانند کی پسپائی

پنڈت جواہر لال نہرو کی حقگوئی اور جرأت آمیز صداقت کا اثر آخرکار ہندو قوم پر ہوا اور اس کا خاطر خواہ نتیجہ برآمد ہو رہا ہے۔ جو کانگریسی ہندو لیڈر اور قوم پرور ہندو نوجوان ابھی تک خاموش تھے اور ہندو مہاسبھائیوں کے نہایت ذلیل اور کمینہ حملوں کو جو زیادہ تر کانگریس کی پالیسی اور پنڈت جی کی ذات کے خلاف تھے برداشت کر رہے تھے انہوں نے بھی اپنی مہر سکوت کو توڑ دیا۔ گزشتہ چند دنوں میں احمد آباد، بمبئی، لاہور، دہلی اور دیگر مقامات سے بھائی پرمانند اور ڈاکٹر مونجے اور ہندو مہاسبھا کے متعلق ہندو لیڈروں اور نوجوانوں کے پرزور بیانات شائع ہوئے ہیں جن میں یہ بتایا گیا ہے کہ ہندوؤں کی اکثریت بھائی پرمانند اور ڈاکٹر مونجے کے ساتھ نہیں ہے بلکہ کانگریس کے ساتھ ہے اور پنڈت جواہر لال نہرو کو بیکراں ایثار و اخلاص سمجھتی ہے اور ان کے نقش قدم پر چل کر آزادی ہند کی جدوجہد میں کامیابی حاصل کرنا ہی اپنے لئے سیاسی نجات کا واحد ذریعہ خیال کرتی ہے۔ احمد آباد کے ایک خالص ہندو جلسہ میں بھائی پرمانند کی درگت بنائی گئی، لاہور کے کانگریسی رہنماؤں کی طرف سے پنڈت جی کی حمایت میں آواز بلند کی گئی، دہلی سے جوہریوں کے صدر اور مسٹر شام ناتھ گوئلہ کے ولولہ انگیز بیانات علیحدہ شائع ہوئے اور مسٹر بنگل کشور لکھنؤ وکیل کے مکان پر کانگریسی لیڈروں کے اجتماع نے مہاسبھا کی علیحدہ مذمت کی خصوصیت کے ساتھ بھائی پرمانند کا پنڈت جی کو "بزدل" کہنا اور ڈاکٹر مونجے کے وہ دلآزار حملے جن میں انہوں نے پنڈت جی کے لئے "گاندھی جی کا آوارہ بیٹا" کے الفاظ استعمال کئے ہیں اور اس امر پر تعجب کا اظہار کیا ہے کہ پنڈت مدن موہن مالویہ نے بنارس یونیورسٹی میں ان کی گوشمالی کیوں نہیں کی، ہندو قوم پرور ...

جمعیۃ علمائے ہند کے تیسرے ڈکٹیٹر

حضرت مولانا نورالدین صاحب کی رہائی

ملتان کی اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ حضرت مولانا نورالدین صاحب بہاری ڈکٹیٹر سوم جمعیۃ علمائے ہند جنہیں مسلمانان دہلی کے ایک جلوس کی قیادت کرتے ہوئے گزشتہ سال گرفتار کیا گیا تھا اور دہلی کی عدالت سے دو سال قید سخت کی سزا دی گئی تھی یکم یا ۲ دسمبر ۱۹۳۳ء کو رہا ہو جائیں گے۔ اور ملتان سے دہلی تشریف لائیں گے یہ بھی ممکن ہے کہ حضرت مولانا لاہور میں ایک دن کیلئے اتر جائیں اور اسکے بعد دہلی کا قصد فرمائیں۔ بہرحال حضرت مولانا کی تشریف آوری کے صحیح وقت اور صحیح تاریخ سے مسلمانان دہلی کو بذریعہ اشتہار مطلع کر دیا جائے گا۔

حضرت مولانا نورالدین صاحب بہاری کی ... مذہبی اور قومی و ملی خدمات سے دہلی کے مسلمان کما حقہ واقف ہیں اور ان کے ایثار و قربانی اور ان کے جوش و ولولہ کا ہر شخص معترف ہے۔ جمعیۃ علمائے ہند کے تیسرے ڈکٹیٹر ہونے کے علاوہ حضرت مولانا جمعیۃ کی مجلس عاملہ کے رکن بھی ہیں اور دو سال کی قید کاٹ کر ... اسٹیشن ... دہلی ... مولانا کا استقبال ... کثیر اجتماع ہوگا۔

(کارکنان دفتر جمعیۃ علمائے ہند)

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۹ ؍ شعبان المعظم ۱۳۵۲ ہجری

دہلی میں "مسلم لیگ" کا شرمناک اجلاس

مسلمانوں کی نمائندگی کرنے والوں کے کرتوت

وہ مسلم لیگ جس میں کبھی مسیح الملک حکیم اجمل خاں مرحوم، ڈاکٹر انصاری، مولانا ابوالکلام آزاد، مہاراجہ محمود آباد، مولانا محمد علی مرحوم، مسٹر محمد علی جناح جیسے ذی وجاہت و لائق و فائق مسلم زعماء شریک تھے اور جس کی کارروائیاں خواہ کتنی ہی معتدل اور نرم کیوں نہ ہوں مگر ہمیشہ عزت و وقار اور آئین و دستور کے مطابق ہوتی تھیں ...

کو مخاطب کیا تو سارے ہال میں سنسنی پھیل گئی اور حاجی رشید احمد صاحب جو اپنے خطبۂ استقبالیہ کی قرأت فرما رہے تھے اس درجہ پریشان و سراسیمہ ہوئے کہ انہوں نے خطبۂ صدارت کو چھینک کر اسی طرح ہا ہا ہی شروع کر دی جس طرح چند اہلِ صدر لیگ کے خلاف شروع کر دی تھی۔ تمام اخبارات کے نمائندے ...

جمعیۃ علمائے ہند کے تیسرے ڈکٹیٹر

حضرت مولانا نورالدین صاحب کی رہائی

ملتان کی اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ حضرت مولانا نورالدین صاحب بہاری ڈکٹیٹر سوم جمعیۃ علمائے ہند جنہیں مسلمانانِ دہلی کے ایک جلوس کی قیادت کرتے ہوئے گزشتہ سال گرفتار کیا گیا تھا اور دہلی کی عدالت سے دو سال قید سخت کی سزا دی گئی تھی یکم یا ۲ ؍ دسمبر ۱۹۳۳ء کو رہا ہو جائیں گے۔ اور ملتان سے دہلی تشریف لائیں گے یہ بھی ممکن ہے کہ حضرت مولانا لاہور میں ایک دن کیلئے اتر جائیں اور اسکے بعد دہلی کا قصد فرمائیں۔ بہرحال حضرت مولانا کی تشریف آوری کے صحیح وقت اور صحیح تاریخ سے مسلمانانِ دہلی کو بذریعہ اشتہار مطلع کر دیا جائے گا۔

حضرت مولانا نورالدین صاحب بہاری کی دینی مذہبی اور قومی و ملی خدمات سے دہلی کے مسلمان کما حقہٗ واقف ہیں ...

بھائی پرمانند کی بہتان

... جاری رہے گی جب تک کہ ہندو مہاسبھا اور مسلم کانفرنس جیسی جماعتیں ہندوستان میں موجود ہیں۔

حوادث و احکام

استفتاء

... تحصیل ٹانک ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں کے مسلمان باشندوں نے وعدہ کیا ...

الجواب

استفتاء

الجواب

اسلامی ممالک میں شب براءت کس طرح منائی جاتی ہے

اسلام کے شفاف چشمہ کو مشرکانہ رسوم سے گندہ نہ کرو

آتش بازی میں مسلمانوں کا ہر سال پچاس لاکھ روپیہ صرف ہوتا ہے

(از ادارہ)

اللہ تعالیٰ جب کسی قوم سے ناراض ہوتا ہے یا اس کو اس کے کئے کی سزا دینا چاہتا ہے تو اس کو مردانہ جوہروں سے خالی کر کے زنانہ اور بزدل بنا دیتا ہے اور اس پر ایسے حاکم کو مسلط کر دیتا ہے جو اس کے ساتھ جانوروں کی مانند سلوک کرتے ہیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ مسلمانوں سے ناراض ہے کیونکہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول سے بغاوت کی ہے ...

آسمان کی طرف نگاہیں اٹھا کر اپنی بے پردگی کے لئے دعوت بد دعا بنتی ہیں لاکھوں کے سرمایہ میں اپنے ہاتھوں آگ لگائی جاتی ہے۔ دوسری طرف بیتامیٰ و مساکین بھوک سے تڑپ تڑپ کر اور ایڑیاں رگڑ رگڑ کر موت کا لقمہ بن جاتے ہیں۔

والدین کی اہم ذمہ داری

رمضان المبارک کا مقدمۃ الجیش

مسلمانوں کا اہم ترین فریضہ

اسلامی ممالک کی مثال

فلسطین کے عربوں کا بے مثال اور تاریخی مظاہرہ

تمام ملک میں مارشل لاء کا نفاذ اور مسلسل ہڑتال

شام اور شرق اردن کے عربوں کی فلسطین پر چڑھائی

تازہ ترین عربی اخبار فلسطین کی ہولناک خبروں سے لبریز ہیں ...

قبائل کی چڑھائی

عربی اخبارات نے یہ خبر بھی شائع کی ہے کہ شام و لبنان اور فلسطین سے متصل علاقوں میں جو شیعہ قبائل آباد ہیں انہوں نے فلسطین کے انگریز حکام ...

تمام عرب میں جوش

شرق اردن میں جوش

لبنی ہڑتال

عربوں کا تمرد

انگریزوں کا خوف

میدانِ جنگ کا نقشہ

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

فرانس اور شام میں معاہدہ ہو گیا

آل انڈیا مسلم لیگ کا "شاندار اور مبارک" اجلاس

غازی محمد عثمان صاحب آزاد پر ایک "بہادر حاجی صاحب" کا حملہ

چند حکومت پرستوں اور خان بہادروں کا اجتماع

دہلی ۲۶ نومبر۔ آل انڈیا مسلم لیگ جو قوم پروروں کے فقدان سے حکومت پرستوں اور خان بہادروں کا ایک اکھاڑہ بن کر رہ گئی ہے اس کو حکومت کے اغراض کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے اور مسلمانانِ ہند کی ترجمانی کے ادعا کے ساتھ ان کے ذریعہ وہ کارروائیاں کی جا رہی ہیں جنہوں نے اس کے سر اقتدار کو خاک میں ملا دیا ہے۔ اگرچہ لیگ کا ایک تیسرا اسلامی ... بلاس ... لیگ کا یہ تیسرا اس سالانہ اجلاس دہلی میں منعقد کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اور اعلان کر دیا گیا کہ ۲۵ اور ۲۶ نومبر کو اس اجلاس میں مسلمانوں کے لیڈر مجمع ہو کر مسلمانانِ ہند کی قسمت کا آخری فیصلہ کریں گے۔ اس اعلان کے بعد جو مسلمانوں کے علم و اطلاع اور مشورے کے بغیر شائع کیا گیا تھا مسلمانانِ دہلی میں اس اجلاس کے خلاف سخت جذبات پیدا ہو گئے۔ ...

ایم عبداللہ صاحب کے دستخط سے ایک پوسٹر شہر میں چسپاں ہوا جس میں ... مسلمانوں کو دعوت دی گئی ہے کہ کثیر تعداد میں جمع ہو کر قوم کے لئے متحدہ اور متفقہ سیاسی لائحہ عمل تیار کریں۔ جلسہ عربک کالج میں ہوگا ...

اس سلسلہ میں مسلمانانِ دہلی سے میرا یہ فیصلانہ اپیل ہے کہ اس نازک موقع کی اہمیت کو نظر انداز نہ کیا جاوے۔ مسلمانانِ دہلی کا فرض ہے کہ اپنے دیرینہ رہنماؤں کے مشورہ کے بغیر جو عرصہ دراز سے اہل ملک کی سیاسی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اور مسلمانانِ ہند نے ہمیشہ ان کی آواز پر لبیک کہا ہے۔ ایک انچ قدم آگے نہ بڑھائیں اور اس نام نہاد مسلم لیگ کے دام میں پھنسنے سے بچیں۔

مسلمانانِ دہلی کی بے تعلقی

نام نہاد مسلم لیگ نے ایک گذشتہ جلسہ میں دہلی کے چند افراد کی ایک مختصر سی جماعت نے جس بری طرح سے مسلم لیگ کے وقار پر کاری ضرب لگائی ہے ...

اجلاس کا آغاز

اس پوسٹر کا شائع ہونا تھا کہ داعیانِ اجلاس کے حلقہ میں ہلچل مچ گئی اور کہا جاتا ہے کہ اسی دن شام کو ڈپٹی کمشنر دہلی سپرنٹنڈنٹ پولیس اور کوتوال شہر کے پاس پولیس کی امداد طلب کرنے کے لئے مکاتیب ارسال کئے گئے ... کی شام کو جب اجلاس شروع ہوا تو ایک سب انسپکٹر پولیس اور دو کانسٹبل جلسہ گاہ کے دروازہ پر متعین پائے گئے ...

آل انڈیا مسلم لیگ کا یہ شاندار اجلاس شروع ہوا۔ ابتداء میں قرآن خوانی کے بعد خان صاحب حاجی رشید احمد صدر مجلس استقبالیہ اپنا خطبہ پڑھنے کے ... غازی محمد عثمان صاحب آزاد ... نے جناب صدر سے لیگ کی اس طبقہ کی نمائندہ حیثیت کے متعلق سوال کرنے کی اجازت طلب کی ...

وحشت اور درندگی کا مظاہرہ

... آزاد پر ٹوٹ پڑے اور ان کو پلیٹ فارم سے دھکا دیکر نیچے اتار دیا ... حاجی رشید احمد کی اس طفلانہ اور مجنونانہ حرکت سے متاثر ہو کر نواب ممتاز حسین ... پولیس سب انسپکٹر نمودار ہوئے اور انہوں نے "امن وامان" قائم کیا۔ ...

اس کے بعد خطبہ استقبالیہ پڑھا گیا اور شاہ نادر خاں مرحوم کی شہادت پر اظہارِ تعزیت کی ایک تجویز منظور کی گئی۔

افغانستان میں وزارت مرتب ہوگئی

کوٹکائی اور باجوڑ کے باغی کی اطاعت۔ ڈاک احتساب

پشاور ۵ نومبر۔ اعلیٰ حضرت شاہ محمد ظاہر خاں نے حسب ذیل اصحاب کو کابینہ وزارت کا رکن ہونا منظور فرما لیا ہے:۔

وزیر اعظم سردار محمد ہاشم خاں۔ وزیر جنگ شاہ محمود خاں۔ وزیر حضوری سردار احمد شاہ خاں۔ وزیر معاملات خارجہ سردار فیض محمد خاں۔ وزیر العدلیہ حضرت فضل احمد خاں۔ وزیر تعلیم سردار احمد علی خاں۔ وزیر تجارت اور قائم مقام وزیر مالیہ مرزا محمد خاں۔ وزیر داخلہ ... ڈائرکٹر ... پوسٹ اور ٹیلیگرام سردار رحمت اللہ خاں۔ کل افغان ٹریڈ ایجنٹ کو افغانستان سے کوئی خبر موصول نہیں ہوئی۔ معلوم ہوا ہے کہ تمام خطوط کو سنسر کیا جانا شروع کر دیا گیا ہے۔ پشاور میں آج تاجروں کو جو خطوط موصول ہوئے ہیں ان پر "سنسر شدہ" مہریں لگی ہوئی ہیں۔

کابل سے آج جو لوگ آئے ہیں ان کا بیان ہے کہ اگرچہ نادر شاہ کے قاتل عبدالخالق پر حوالات میں دباؤ ڈالا جا رہا ہے۔ لیکن ابھی تک اس نے اپنے کسی ساتھی کا نام نہیں بتایا۔

نئی دہلی ۵ نومبر۔ کابل سے ایک پیغام مظہر ہے کہ غلام دستگیر اور اس کے رفقاء نے شاہ ظاہر خاں کے دربار میں آکر خود اپنے آپ کو پیش کر دیا ہے اور شاہ موصوف کی اطاعت قبول کر لی ہے۔

اس شخص نے مختلف ناموں سے کوٹکائی اور باجوڑ کے علاقوں میں قبائل کو حکومتِ افغانستان کے خلاف بغاوت برپا کرنے کے لئے آمادہ کرنے کی سعی کی جس کی وجہ سے حکومتِ ہند نے کوٹکائی اور باجوڑی علاقہ پر ہوائی تاخت کرنے کی سبیل نکال لی۔

کیا حکومت فلسطین کے متعلق صحیح بیان دیگی؟

اسمبلی میں شاہ مسعود احمد کے سوالات

نئی دہلی ۲۸ نومبر۔ شاہ مسعود احمد نے اسمبلی میں مندرجہ ذیل سوالات دیا ہے:۔

(۱) فلسطین کے امن پسند غریب عربوں پر گولیاں برسا کر جو ظلم ڈھایا گیا ہے کیا اس کے متعلق حکومت اپنا صحیح بیان دینے کے لئے تیار ہے؟

(۲) کیا حکومت اس امر سے واقف ہے کہ فلسطین میں عربوں پر ظلم و ستم روا رکھنے اور ان کے وطن میں یہودی داخلے سے ان کے حقوق غصب کرنے سے ہندوستان کے مسلمانوں میں سخت ہیجانی ...

(۵) کیا حکومت عظمیٰ کو اس امر سے واقف کرنے کے لئے تیار ہے کہ عربوں کے خلاف حکمت عملی میں فوری ترمیم از حد ضروری ہے۔

(۶) کیا حکومت ہندوستان کے مسلمانوں کا اضطراب دور کرنے کے لئے تیار ہے؟ اگر نہیں تو اس کی کیا وجہ ہے؟

(۷) حکومت ان کروڑوں اسلامیانِ ہند کے لئے اور کیا کرنے کے لئے تیار ہے جن کو شکایات کا موقع دیا گیا ہے؟

پنڈت جواہر لال نہرو نے مضبوط ہتھوڑا استعمال کیا ہے

لاہور کے کانگریسی لیڈروں کا متفقہ بیان

لاہور ۲۷ نومبر۔ ذیل کا بیان لاہور کے کانگریسی لیڈروں کی طرف سے شائع ہوا ہے:۔

ہم مخالف اور نقصان رساں عناصر کے اجتماع کو نہایت تشویش کی نظر سے دیکھتے ہیں کیونکہ قومی ترقی کو زبردست دھکا لگا ہے اور جب الوطنی پر مبنی سرگرمیوں اور سیاسی مفاد میں افسوسناک انتشار پیدا ہو گیا ہے۔ ہمارے لیڈر پنڈت جواہر لال نہرو نے فرقہ پرست اور مخالفانہ عناصر ... بیان مظہر ہے۔ ذکر شاہی انتہائی جبر و تشدد کے باوجود قوم پرستی کو کچلنے میں قاصر رہی ہے یہ ہمارے ہی ہم وطن ہیں جنہوں نے اپنے باہمی تنازعات سے مادرِ وطن کے مقصد کو سخت نقصان پہنچایا ہے ہمارا پختہ خیال ہے کہ ہمارے صوبہ کے تمام محبانِ وطن کو اب جن میں مرد اور عورتیں دونوں شامل ہیں متحد ہو جانا چاہئے اور ہندو مہاسبھا اور اسی قسم کی تمام دیگر انجمنوں کی قومیت سوز اور مخالفانہ سرگرمیوں کی جن میں مسلم لیگ اور سکھ لیگ وغیرہ بھی شامل ہیں مذمت کر کے قوم پرست عناصر کو مستحکم بنانا چاہیے۔

مولانا اسمعیل غزنوی کی گرفتاری

حجاج کی خدمت کرنے کا جرم

بمبئی ۲۸ نومبر۔ مولانا اسمعیل غزنوی کو بمبئی کی پولیس نے آج اس الزام میں گرفتار کر لیا کہ وہ "جہانگیر" جہاز پر بغیر اجازت کے چلے گئے تھے وہ ان عورتوں کو سوار کرانے میں مدد دے رہے تھے جو حج کے لئے جا رہی تھیں۔

مولانا نے اجازت مانگی تھی لیکن انہیں اجازت نہیں ملی چنانچہ انہوں نے ایک دن قبل اپنے ارادے سے پولیس کو مطلع کر دیا۔

مولانا کو ۵ سو روپے کی ضمانت پر رہا کر دیا گیا ہے کل وہ پولیس کی عدالت میں حاضر ہوں گے۔

مولانا نور الدین سابق ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کی رہائی

لاہور میں مولانا کا خیر مقدم کیا جائے گا

لاہور ۲۷ نومبر۔ ڈاکٹر ستیہ پال تحریر فرماتے ہیں کہ "مولانا نور الدین بہاری سابق ڈکٹیٹر جمعیت العلماء ہند ملتان نیو سنٹرل جیل ملتان سے نکالے گئے یکم دسمبر کو دو سال کی میعاد اسیری ختم کر کے رہا ہونے والے ہیں۔ ملتان سے آتے ہوئے وہ لاہور میں ٹھہریں گے اور ایک پبلک جلسہ میں تقریر کریں گے اور پھر دہلی اور بہار جائیں گے مولانا ایک ممتاز محبِ وطن اور ملک کے سچے خادم ہیں ان کے سینے میں درد بھرا دل ہے اور وہ سچے مسلمان ہیں اور آزادیٔ وطن کے لئے جتنی بہا قربانیاں کر چکے ہیں ان کے ایام اسیری میں ان کی اہلیہ محترمہ ... مفارقت دے چکی ہیں۔ لیکن ان کے پائے استقلال میں لغزش نہیں آئی ڈاکٹر صاحب چاہتے ہیں کہ مولانا کا پرتپاک خیر مقدم کیا جائے۔"

کرنل ویجووڈ کے نام بھائی پرمانند کا تار

نئی دہلی ۲۸ نومبر۔ بھائی پرمانند پریذیڈنٹ ہندو مہاسبھا نے ذیل کا برقی پیغام مسٹر جوشیا ویجووڈ رکن پارلیمنٹ کو بھیجا ہے "ہندو مہاسبھا اور ہندوستان کے باقی ہندو آپ کی اس ہمدردی اور دوستی کا دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جس کا ثبوت آپ نے دارالعلوم میں فرقہ وارانہ فیصلہ کی مذمت اور قرطاس ابیض کی حکمت عملی کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ جن صوبوں میں مسلمانوں کی مستقل اکثریت ہے۔ ان میں قرطاس ابیض کی رو سے ہندوؤں کے ساتھ بے انصافی کی گئی ہے آپ کا یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ فرقہ وارانہ نیابت نے ہندوستان کی اقوام کو قطعی طور پر ایک دوسرے سے علیحدہ کر دیا ہے اور ہندوستان میں ان حالات کے اندر ایک قومیت پیدا نہیں ہوسکتی؟"

انگلستان کے نمک کا اثر

سر محمد یعقوب سفید کاغذ کی حمایت میں

بمبئی ۲۲ نومبر۔ سر اکبر حیدری، لیڈی حیدری اور سر محمد یعقوب اطالوی جہاز سے کل بمبئی پہونچ گئے۔

سر محمد یعقوب نے براعظم یورپ اور اسلامی ممالک کا وسیع دورہ کیا ہے نمائندہ یونائیٹڈ پریس سے ملاقات کے دوران میں انہوں نے کہا کہ میرے سفر یورپ نے مجھے یقین دلا دیا ہے کہ خود مختارانہ جمہوریت بہترین حکمت نہیں ہے۔ میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ ہندوستان کے خاص معاملات اور اس کی مذہبی اور مجلسی روایات کو پیش نظر رکھتے ہوئے سردست خود مختارانہ جمہوریت کو نافذ کرنا انتہائی خطرناک ...

سزائے موت کے خلاف رحم کی درخواست

... سیا گو ... نمبر ... ریسین ... فیصلہ کی اپیل کرنے کا خیال ترک کر دیا گیا ہے۔ ... بہتر ہے کہ سزائے موت کو ... سزا میں تبدیل کر دیا جائے۔ ...

حکومت ہند اور جاپانی تجاویز

نئی دہلی ۲۸ نومبر۔ ... مسٹر ... (نمائندہ جاپان) اور سر جوزف بھور ممبر حکومت ہند ... جاپانی تجاویز میں ...

وزیر اعظم مصر کا استعفیٰ

قاہرہ ۲۲ نومبر۔ صدقی پاشا ... وزیر اعظم ... مستعفی ہو گئے ہیں۔ ...

مسلمانان سرحد اور پنڈت جواہر لال نہرو

حکیم عبدالسلام صاحب کا اعلان

ممتاز سرخ پوش رہنما حکیم محمد عبدالسلام ممبر پراونشل اور ورکنگ کمیٹی صوبہ سرحد و ممبر آل انڈیا جمعیۃ العلماء ہند و کانگریس نے حسب ذیل بیان اشاعت کے لئے پریس کے حوالے کیا ہے:۔ ...

آسام کے کانگریسی کارکنوں کا اخراج

...

ازبک اور ترکستان قبائل میں بے چینی

پشاور ۲۰ نومبر۔ افغانستان کے جنوبی صوبہ میں خوفناک شورش کی افواہیں گرم ہیں اس صوبہ میں زیادہ تر ازبک اور ترکمان قبائل آباد ہیں لیکن افغان کونسل جنرل کی طرف سے ان اطلاعات کی تردید کی گئی ہے۔

کیمبل پور میں بم کا ذخیرہ

...

گاندھی جی کی تقریر

...

قضاء کانفرنس۔ ہریجن تحریک اور داخلہ کونسل پر تبصرہ

فلسطین اور افغانستان کے حالات پر تشویش کا اظہار

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی ایک اخباری نمائندہ سے گفتگو

مجالس قانون ساز میں داخلہ کے متعلق جمعیۃ علمائے ہند اور کانگریس کا فیصلہ کیا ہوگا، گو ابھی تک طے شدہ نہیں ہے تاہم مولانا احمد سعید صاحب نے رائے ظاہر کی۔ ایک اخباری نمائندہ سے فرمایا کہ جمعیۃ کے اکثر اراکین اسکے موید ہیں۔ مولانا نے دیگر مسائل پر بھی اپنے خیالات ظاہر کئے سب سے پہلے آپ سے مسلم کانفرنس کے متعلق سوال کیا گیا اور پوچھا گیا کہ آپ سے اور مولانا شفیع داؤدی سے جو خط وکتابت ہوئی ہے اور اخبارات میں برابر شائع ہو رہی ہے ...

ہیں۔ پست اقوام کی اصلاح اصولاً ایک ایسا فعل ہے جس کو برا نہیں کہا جاسکتا یہ کام ہندو اور مسلمان دونوں ہی کے کرنے کا ہے لیکن گاندھی جی نے اس کو مذہبی حیثیت دے کر مسلمانوں کو اس خدمت سے محروم کر دیا۔ جہاں تک گاندھی جی کا تعلق ہے وہ یقیناً اس دھارمک تحریک میں احتیاط سے کام کرتے ہیں لیکن جہاں تک دوسرے لوگوں کا تعلق ہے میں کہہ سکتا ہوں کہ وہ ہریجن تحریک کو فرقہ وارانہ اصول پر چلا رہے ہیں۔ ...

فلسطین کے متعلق اور تازہ حالات کے متعلق فرمایا کہ جو کچھ ہو رہا ہے وہ عرب کی آزادی ختم کرنے کا پیش خیمہ ہے۔

قضاء کانفرنس کے سلسلہ میں جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ جمعیۃ علمائے ہند نے اس سلسلہ میں جو مطالبات مرتب کئے ہیں اور رسالے شائع کئے ہیں ان مطالبات کو جس حد تک پہونچایا ہے ان کو قضاء کانفرنس سے سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔ گورنمنٹ اس سلسلہ میں ایسے لوگوں کو استعمال کر رہی ہے جن پر مسلمانوں کو اعتماد نہیں ہے۔ اگر گورنمنٹ نے ان خالص اسلامی مطالبات میں قطع و برید کی اور جمعیۃ علماء ہند کے علاوہ کسی دوسری غیر معتمد جماعت کو متعلق کر دیا تو اس سے نہ صرف ایک خالص اسلامی مطالبہ کو سخت نقصان پہونچیگا بلکہ مسلمان ہر قوم کی کارروائی سے ہرگز مطمئن نہ ہونگے۔ ...

جنرل نادر خاں کی شہادت ملت افغانیہ کے لئے مصیبت کبریٰ ہے۔ پھر آپ نے کہا کہ امان اللہ خاں کی واپسی کا میرے خیال میں کوئی امکان نہیں ہے۔

پنڈت مالویہ نے اتحاد کی جو تازہ جدوجہد شروع کی ہے اس سلسلہ میں آپ نے کہا کہ ان کی جدوجہد قابل تحسین ہے اگرچہ کامیابی کی امید نہیں ہے۔ کونسلوں میں اپنی جماعت یا کانگریس کے داخلہ کے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے آپ نے کہا کہ جمعیۃ علماء ہند اور کانگریس کے اکثر افراد کونسلوں میں داخلے کے حامی ہیں لیکن میرے لئے یہ بتانا مشکل ہے کہ جمعیۃ علمائے ہند اور کانگریس کا آخری فیصلہ کیا ہوگا۔

مہاتما گاندھی کے موجودہ دورہ اور سیاسیات سے ان کی علیحدگی پر اظہار خیال کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ گاندھی جی کا ہمیشہ یہ قاعدہ ہے کہ جب ملک کو ان کی رہنمائی کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے تب ہی وہ سیاسیات سے علیحدہ ہو جایا کرتے ہیں۔

کانپور کی قضاء کانفرنس بے نقاب ہوگئی

علامہ سید سلیمان صاحب ندوی کے نام سے فریب دہی کا مظاہرہ

قضاء کانفرنس کی مجلس انتظامیہ کے ایک رکن کا بیان

مولانا محمد خضر صاحب جو کانپور کے مشہور قومی رہنما ہیں انہوں نے قضاء کانفرنس کے متعلق اخبار شیر میں ذیل کا بیان شائع کرایا ہے:۔

نام نہاد قضاء یا تحفظ شرع کانفرنس کی جماعت انتظامیہ میں مجھ غریب کا بھی نام درج تھا کسی انتظامیہ جلسے میں شرکت کی نوبت نہیں آئی کیونکہ اس کا سبب یہی تھا کہ مجھے سراسر اس میں دغا فریب ہی دکھائی دیتی تھی۔ ...

میری شرکت کیسے ہوسکتی تھی کانپور کسی صورت سے اس نام نہاد کانفرنس کے لئے تیار نہیں تھا۔ اس نے ایک پیسہ چندہ دیا نہ کوئی دلچسپی ظاہر کی۔ مگر ان لوگوں کو ضرورت ہی اس کی کیا تھی اوپر کی بارش ہی کیا کم ہے۔ جمعیت العلماء کانپور حضرت مولوی مظہر الدین کی ذات گرامی ہی کا نام ہے۔ واقعی مومن ایک بار دھوکہ کھاتا ہے دوبارہ نہیں۔ خدا اہلِ اسلام مسلمانانِ ہند کو اس بد ترکیب فریب سے بچاوے۔ آمین

غازی خضر محمد خادم کعبہ

قضاء کانفرنس منعقدہ کانپور کی حقیقت

معاصر "صداقت کانپور" کا تبصرہ

پشاور ۷ر دسمبر۔ شہید شاہ نادر خاں مرحوم کے قتل کے سلسلہ میں پولیس نے اپنی تحقیقات مکمل کرلی ہے اور عبدالخالق اور اس کے ساتھیوں کے خلاف مقدمہ کی سماعت بہت جلد شروع ہونے والی ہے۔ دوران تحقیقات میں افغان پولیس ایسے کاغذات اور خطرناک دستاویز برآمد کرنے میں کامیاب ہوگئی ہے جو حکومت کے خلاف تھے۔ ملزم نے اقبال جرم کرلیا ہے۔

دہلی ۷ر دسمبر۔ افغان قونصل جنرل دہلی کو سرکاری طور پر کابل سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ملک کے بنیادی قانون کی دفعہ ۵ کے مطابق شاہ محمد ظاہر خاں نے مجلس شوریٰ ملی میں قومی نمائندوں کے سامنے حلف اٹھایا جس کے الفاظ حسب ذیل ہیں:۔

"میں اللہ تعالیٰ اور مقدس قرآن کے نام پر حلف اٹھاتا ہوں اور حاضر و ناظر خدا کے سامنے عہد کرتا ہوں کہ میں ہمیشہ اسلام اور افغانستان کی آزادی کی حمایت کرونگا اور قوم کے قومی حقوق و مفاد عام کی حفاظت اور افغانستان کی ترقی کیلئے ... کے مطابق حفاظت کرتا رہونگا اور اس ملک کے بنیادی دستور کے مطابق حکمرانی کرونگا۔" معلوم ہوا ہے کہ تمام افغانستان میں امن و امان ہے۔

حکومت ہند کی تجاویز سے جاپان کا اختلاف
آخری فیصلہ کیلئے جاپانی کابینہ کا اجلاس

نئی دہلی ۶ر دسمبر۔ کل شام کو اوساکا سے جو تار موصول ہوا ہے اس کا مفاد یہ ہے کہ جاپانی کارخانہ دار حکومت ہند کی تجاویز کو منظور کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ کارخانہ داروں کا بیان ہے کہ حکومت ہند کی تجاویز ہندوستانی اور جاپانی گفت و شنید میں زبردست روک ہیں اس لئے حکومت جاپان بھی حکومت ہند کی تجاویز کو منظور نہیں کرے گی۔ جاپانی کابینہ کا ایک اجلاس اس ہفتہ کے آخر میں منعقد ہوگا اور دوسرے ہفتہ کے وسط میں آخری تجاویز سے بذریعہ تار جاپانی نمائندوں کو مطلع کردیا جائیگا۔

جرمنی کے وزیر داخلہ کا اعلان
یہودیوں کا اخراج حفاظت خود اختیاری کیلئے تھا

برلن ۶ر دسمبر۔ ڈاکٹر فرک وزیر معاملات داخلہ جرمنی نے ایک بیان شائع کیا ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ جاپان اور ہندوستان میں جرمنی کے خلاف جو یہ پروپیگنڈا پھیلایا جارہا ہے کہ جرمنی میں قومیت کی رو سے دیگر ممالک سے مساویانہ برتاؤ نہیں کیا جاتا تو یہ بالکل غلط ہے جرمنی میں یہودیوں کے خلاف اس لئے کارروائی کی گئی کہ جرمن قوم پر ان کا اقتدار بہت بڑھ گیا تھا اور انہوں نے باہر سے آکر جرمنی کی اقتصادی، مالی، سیاسی اور تمدنی روح پر قبضہ کرلیا تھا۔ اس لئے جرمنی حکومت نے نفرت و حقارت کے بجائے حفاظت خود اختیاری کے لئے یہودیوں کے اخراج کا حکم دیا۔

مسلم قانون کے متعلق وائسرائے کو یاد دہانی

ڈیرہ اسماعیل خاں ۶ر دسمبر۔ ملک خدا بخش خاں ممبر سرحدی کونسل نے وائسرائے ہند کو حسب ذیل تار ارسال کیا ہے:۔

"مسلم قانون کے متعلق میں نے دو ماہ ہوئے جو بل پیش کیا تھا اور جس کے لئے اجازت طلب کی تھی اس کے متعلق ابھی تک کوئی جواب موصول نہیں ہوا ہے براہ مہربانی اسے کونسل کے آئندہ اجلاس میں پیش کرنے کی اجازت دیجئے کیونکہ وہ ایک ضروری اور اہم بل ہے۔"

جمعیۃ علماء ہند کے فتویٰ کے باوجود فلم بند کیگئی
اسمبلی میں سر ہیگ کا نامعقول جواب

نئی دہلی ۷ر دسمبر۔ اسمبلی میں شاہ مسعود احمد صاحب نے دریافت کیا کہ کیا یہ درست ہے کہ ستمبر میں دہلی میں فلم "افسانہ یا شیطان" کی نمائش کے متعلق جمعیۃ علماء ہند کے ارکان نے اس کے خلاف فتویٰ دیا تھا اور اس کے متعلق شائع شدہ ایک پوسٹر مسٹر پول قائم مقام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو بھی دیا گیا تھا لیکن اس کے باوجود فلم کی نمائش بند نہ کی گئی۔ سر ہیگ نے جواب دیا کہ واقعی اس فلم کے خلاف فتویٰ صادر ہوا تھا لیکن مسلمانوں نے اس فلم کو دیکھ کر یہ رائے دی تھی کہ یہ فلم اخلاقی ہے اور اس میں کوئی بات قابل اعتراض نہیں ہے۔

امریکہ میں شراب کے دریا بہہ گئے
صدر جمہوریہ امریکہ کا اعلان

نیویارک ۶ر دسمبر۔ امریکہ میں امتناع شراب کے قانون کا جنازہ نکل گیا اور اب تمام ریاستوں میں قانوناً شراب نوشی جائز ہوگئی ہے ۵ر دسمبر کو تمام امریکہ میں شراب نوشی کی تقریب منائی گئی اور ہوٹلوں، مکانوں، دوکانوں، سنیما اور تھیٹروں میں خوب شراب کے دور چلے اور صرف ایک روز میں کروڑوں پونڈ کی شراب پی لی گئی۔ صدر جمہوریہ امریکہ نے ایک اعلان شائع کیا ہے کہ امتناع شراب نوشی کا قانون منسوخ کردیا گیا ہے اس لئے عام لوگوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ قانون کا ناجائز استعمال نہ کریں۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ اب ہر سال بیس کروڑ گیلن شراب امریکہ میں پی جائے گی۔

آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد

بمبئی ۶ر دسمبر۔ کل سر چمن لال سیتلواڈ کی زیر صدارت بمبئی پریذیڈنسی ایسوسی ایشن کی کونسل کا اجلاس منعقد ہوا جس میں سفید کاغذ میں ترمیم کرانے اور اس پر رائے عامہ کو منظم کرنے کی اسکیم پر غور کیا گیا۔ آل پارٹیز کانفرنس طلب کرنے سے قبل ۹ر دسمبر کو بمبئی اور اطراف کے لیڈروں کی ایک کانفرنس منعقد کی جائے۔ چنانچہ اس فیصلہ کے مطابق ۵۰ سرکردہ لیڈروں کو دعوت نامے بھیجے جارہے ہیں۔

سات ہزار خارج شدہ یہودی فلسطین میں
جرمنی سے ساٹھ ہزار یہودی نکالے گئے

پوٹس ۵ر دسمبر۔ کل ۱۵ ممالک کے نمائندوں کے ایک جلسہ میں لارڈ سسل کو اس کمیٹی کا صدر منتخب کیا گیا جو جرمنی سے خارج شدہ یہودیوں کی امداد کیلئے بنائی گئی ہے مسٹر میکڈانلڈ ہائی کمشنر نے اندازہ لگایا ہے کہ اس وقت تک جرمنی سے ساٹھ ہزار اشخاص جلا وطن کئے گئے ہیں جن میں سے ۵۱ ہزار یہودی ہیں ۲۵ ہزار یہودی فرانس میں جا بسے ہیں۔ تین ہزار انگلستان چلے گئے۔ سات ہزار فلسطین میں اور ۷ ہزار پولینڈ میں جاکر آباد ہوگئے ہائی کمشنر نے کہا کہ یہ مسئلہ بین الاقوامی تعاون سے ہی حل ہوسکتا ہے۔ فلسطین جیسی چھوٹی سی جگہ میں سات ہزار اور انگلستان جیسے وسیع و عریض ملک میں صرف تین ہزار یہودیوں کو آباد کیا گیا ہے!!

مجلس اقوام پر برطانیہ اور فرانس کی حکومت ہے
اٹلی کی گرانڈ کونسل کا فیصلہ

روم ۶ر دسمبر۔ فیسسٹ گرانڈ کونسل نے فیصلہ کیا ہے کہ مجلس اقوام سے اٹلی کی وابستگی اس بات پر مبنی ہے کہ مجلس میں بنیادی اصلاحات کی جو اسکیم رکھی گئی ہے اس کی تکمیل کی جائے۔ اٹلی نے مجلس اقوام میں جن تبدیلیوں کا مطالبہ کیا ہے ان میں سے ایک یہ ہے کہ مجلس اقوام کو جنگی معاہدوں سے آزادی دلائی جائے۔ کیونکہ اس وقت مجلس اقوام پر برطانیہ اور فرانس حکومت کر رہے ہیں۔

برلن کی ایک خبر مظہر ہے کہ جرمنی جدید فرانسیسی حکومت سے تخفیف اسلحہ کے متعلق گفت و شنید کر رہا ہے۔ ہر ہٹلر فرانس سے جلد مفاہمت کرنا چاہتے ہیں۔

امرتسر اور کلکتہ سے ۱۲ قیدیوں کا فرار

امرتسر ۶ر دسمبر۔ کل دو زیر سماعت قیدی کرتارپور ریلوے اسٹیشن کے قریب چلتی گاڑی سے فرار ہوگئے۔ دونوں ملزم ...

کلکتہ ۶ر دسمبر۔ دس زیر سماعت قیدی جنکو ڈاکہ کے الزام میں مختلف مواضعات سے گرفتار کیا گیا تھا علی پور جیل سے فرار ہوگئے۔ ان میں چار قیدی قتل کے الزام میں گرفتار کئے گئے تھے۔

انجمن امداد اسلام دیوبند کی دس سالہ خدمات
صاحب الاستطاعت مسلمانوں سے امداد کی اپیل

دیوبند کی مشہور ترین سرزمین میں تقریباً دس سال سے انجمن امداد الاسلام تبلیغی خدمات انجام دے رہی ہے اور اس نے اب تک جو کچھ کیا اس کا اجمالی تذکرہ سطور ذیل میں درج کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے تاکہ عام اہل اسلام اس سے متعارف ہوکر اس کے مستقبل کو کامیاب بنانے کے لئے کوئی مفید راہ عمل نکالیں ...

...

ماہ رمضان المبارک میں عظیم الشان رعایت
صرف طلباء اور غیر مستطیع حضرات فائدہ اٹھائیں

ان بے شمار درخواستوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے جو الجمعیۃ کے سالانہ چندہ میں رعایت کے متعلق مدارس اسلامیہ کے طلباء اور کتب خانوں کے منتظمین، اور علمی و مذہبی اداروں کے عہدہ داروں اور دیگر غیر مستطیع حضرات کی طرف سے موصول ہوتی رہتی ہیں۔ ادارۂ الجمعیۃ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ آج کی تاریخ سے ماہ رمضان المبارک کے اختتام تک مدارس اسلامیہ کے طلباء اور ایسے اہل ذوق حضرات کو جنہیں الجمعیۃ کے ساتھ دلچسپی ہے اور جو اس کی علمی و مذہبی ہدایات اور اس کے قوم پرورانہ مسلک کو پسند کرتے ہیں مگر اپنی اقتصادی حالت کے باعث پوری قیمت ادا کرنے سے مجبور ہیں رعایتی قیمت پر الجمعیۃ کا سالانہ خریدار بنالیا جائے۔ چنانچہ اس فیصلہ کے مطابق

اعلان

کیا جاتا ہے کہ جو حضرات مذکورہ بالا شرائط کو پورا کرتے ہوں اور اس مدت معینہ کے اندر سال بھر کی خریداری کیلئے درخواست ارسال فرمائیں گے انہیں الجمعیۃ کا سالانہ چندہ بجائے چھ روپیہ (سے ر) کے صرف چار روپیہ بارہ آنے (للعہ) ادا کرنا پڑیگا۔ اس رعایت سے فائدہ اٹھانے والوں کو یہ ملحوظ خاطر رہے کہ وی۔ پی منگانے میں سراسر ان ہی کا نقصان ہے اور اگر وہ اپنے آپ کو اس رعایت کا مستحق سمجھتے ہیں تو انہیں خواہ مخواہ ڈاکخانہ کو چار آنے اپنی جیب سے نہیں دینے چاہئیں بلکہ منی آرڈر کی کوپن پر اپنا نام اور پتہ خوشخط لکھ کر ایک گوشے میں "رعایت" کا لفظ لکھ دینا چاہئے اور للعہ کا منی آرڈر دفتر کے پتہ پر کردینا چاہئے۔ یہ رعایت یکم شوال ۱۳۵۲ھ کو ختم ہوجائیگی اسلئے اس تاریخ سے قبل ہی درخواست بھیجدینی چاہئے۔

مینیجر "الجمعیۃ" بلیماران۔ دہلی

اے مسلم لیگ مسٹر سین گپتا، مسٹر پٹیل، سر علی امام، مسٹر حسن امام اور نواب عبدالرحمٰن کے انتقال پر اپنی دلی ہمدردی کا اظہار کرتی ہے۔

۲۔ لیگ کی رائے میں جمہوری مصالح اس امر کے مقتضی ہیں کہ مخصوص حلقہ ہائے انتخاب بالکل نہ ہوں اور بنگال میں ایوان ثانی بھی نہ رکھا جائے۔

۳۔ بنگال کے آئندہ انتخاب میں حق رائے دہی بالغان اور مخلوط انتخاب پر عمل کیا جائے اور اگر حق رائے دہی بالغان نافذ نہ ہو سکے تو ووٹ دینے والوں کی فہرستیں اس طرح مرتب ہوں کہ مسلمانوں کا تناسب آبادی منعکس ہو سکے۔

۴۔ لیگ کی رائے میں قرطاس ابیض اس لحاظ سے کہ ہندوستان کی کوئی بھی سیاسی جماعت اس سے مطمئن نہیں ہے تسلی بخش نہیں ہو سکتا۔

۵۔ کاشتکاروں سے مطلوبہ لگان میں قانونی طور پر تخفیف کی جائے اور اس میں یہ امر مدنظر ہے کہ صوبہ کی خاص پیداوار جنس کی موجودہ قیمتوں کی نسبت سے تخفیف عمل میں آئے۔

۶۔ حکومت سے درخواست کی جائے کہ وہ سن کے ماہرین ممتاز پبلک حضرات اور بنگال میں سن کی زراعت کرنے والے اصحاب کی مدد سے ایک ایسی اسکیم وضع کرے جس سے سن کی کاشت کرنے والوں کو مناسب قیمتیں مل سکیں اور اس طرح سے آنے والی اقتصادی تباہی سے بنگال کے کاشتکاروں کو بچایا جائے۔

حاجیوں کی خدمت میں چند ضروری گذارشات

(بسلسلہ صفحہ ۳)

ایک ہزار دس روپیہ اور درجہ سوم میں چھ سو روپیہ کی ضرورت ہے حجاز مقدس میں اونٹوں پر سفر کرنے والوں کو پانچسو پچاس روپیہ کی ضرورت ہے جو لوگ زیادہ روپیہ خرچ کر سکتے ہوں ان کو چاہئے کہ وہ بمبئی یا کراچی سے یورپ کے جہازوں پر سوار ہو کر عدن جائیں اور وہاں سے خدیوی یا اٹلی کے جہازوں پر جدہ پہنچ جائیں تاکہ وہ حاجیوں کے جہازوں کی تکالیف سے بچ جائیں۔ مگر اس میں باقاعدہ پاسپورٹ کی ضرورت ...

... مفید ہو نگی میں بہت جلد انشاء اللہ تعالیٰ مفصل گذارشات شائع کرونگا۔ جو سابقہ سالوں کی طرح رسالہ کی صورت میں مفت تقسیم ہوں گی۔

خادم کعبہ۔ اسمٰعیل غزنوی شاہجہاں محل ہوٹل بلٹن روڈ بمبئی

مخلوط انتخاب کا مشروط مطالبہ
بنگال مسلم لیگ کی قرار دیں

بنگال پراونشل مسلم لیگ نے اپنے سالانہ اجلاس میں جو مولوی عبدالکریم ایم۔ ایل سی کی زیر صدارت منعقد ہوا، مندرجہ ذیل اہم قرار دادیں منظور کیں۔

آل پارٹیز کانفرنس کی ضرورت اور مسلم مطالبات کی تاریخ
مسلم کانفرنس اور مولوی شفیع داؤدی کے کارناموں پر تبصرہ

(از مولانا عبدالحامد صاحب قادری بدایونی)

مسلمانوں کی سیاسی گتھی نہ سلجھنے میں سب سے زیادہ ہاتھ خود ان کے اپنے اضطرار اور حوادث کا حائل ہوتا رہا ہے کاش ہم کسی متحدہ نظام عمل کے ساتھ اپنی مساعی میں منہمک رہتے تو ملک کہیں سے کہیں پہنچ جاتا۔

زندہ اقوام کا ہمیشہ یہ دستور رہا ہے کہ وہ اپنی قوم کے حالات پر نگاہ رکھ کر قدم اٹھاتی ہیں اس سے اگر کوئی بشری غلطی بھی ہو جاتی ہے تو اس سے رجوع کر کے اپنی اصلاح کیلئے صحیح راہ عمل اختیار کرنے میں ضد اور ہٹ دھرمی سے کام نہیں لیتیں۔ مسلمانان ہند تحریک خلافت کے سرد اور مضمحل ہو جانے کے بعد جس تشتت و افتراق کی لعنت میں مبتلا ہیں اس کے بدترین نتائج ہمارے ...

مسلم کانفرنس کا اعمالنامہ

مگر للّٰہ بتائیے اس کے اعضاء نے متحدہ گول میز میں اجتماعات وزیر اعظم کے اعلانات سرحدی مظالم اور قرطاس ابیض کے بعد کس عملی قوت کا آغاز و مظاہرہ کیا۔ آہ! جس کانفرنس کا سنگ بنیاد اتحاد اسلامی پر رکھا گیا ہو کیا اس کا ثبوت یہی ہے کہ دہلی اسپیشل اجلاس سے لاہور مسلم کانفرنس تک بانیان و ممبران مسلم کانفرنس کے پیہم توجہ دلانے کے باوجود بیرونی حالات سے متاثر نہوئی بلکہ جس طرح انہوں نے سرحدی رپورٹ کو ہمیشہ کے لئے پردۂ راز میں رکھ دیا اسی طرح ممبران کے ساتھ جبر و اکراہ اور ...

مسلم مطالبات کی تاریخ

... عام و خاص اجتماعات میں ظاہر کیا گیا کہ مسلم کانفرنس مطالبات پر ... کرلے تقریر نہیں ... اور اس کا قدم کسی حالت میں نہ رکے گا بلکہ وہ ہر قربانی پیش کرے گی۔

... کرات جرات یہ نہیں فرمایا کہ تیرہ مطالبات میں ہم اور آپ متحد لیکن مسلم کانفرنس کا بقا ناممکن ہو جائے گا۔ شہر کانفرنس کو یہ بھی یاد ہے کہ صدر ...

عراق ریلوے

نجف اشرف۔ کربلائے معلیٰ۔ کاظمین اور سامرہ کے مقدس شہروں کی زیارت کے لئے عراق ریلوے کے ذریعہ آرام، تیز رفتاری اور بہت سستا کرایہ سے سفر کریں۔ مختلف درجوں کی زیادتی کوپن کی کتابیں جو ۱۵ دن تک کارآمد ہونگی نیچے درج ہیں اور ۵۰ کیلو سامان ہر کتاب کے عوض میں اپنے ہمراہ مزید کرایہ کے بغیر لیجا سکتے ہیں

	درجہ دوئم	درجہ سوئم
کوپن بک (الف) برائے سفر بصرہ سے کربلا، کاظمین، سامرہ سے واپسی بصرہ	للعہ	للعہ
کوپن بک (ب) برائے سفر بصرہ سے کربلائے معلےٰ۔ کاظمین نجف اور واپسی بصرہ	للعہ	للعہ ۱۲

تین سال سے کم عمر کے بچہ کا کرایہ معاف اور بارہ برس سے کم عمر کے بچوں کا نصف کرایہ لیا جاتا ہے بمبئی اور کراچی سے ہر ہفتہ جہاز بصرہ کی بندرگاہ معقل کو جاتے ہیں جہاں ریلوے کے افسران زائرین کے آرام اور زیارت گاہوں کو جانے والی گاڑیوں کا انتظام کرتے ہیں۔ استقبال کرتے ہیں زائرین جو مکہ کی زیارت کرنا چاہتے ہوں ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ عراق کے راستہ سے سفر کریں اور اس طرح سے ایک ہی وقت میں اس ملک کی زیارت گاہوں کی زیارت کے مواقع بھی مل جائیں گے۔ بغداد سے دمشق کو بذریعہ موٹر ۲۴ گھنٹہ میں سفر کیا جا سکتا ہے دمشق سے جدہ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کا کرایہ حسب ذیل ہے

درجہ دوئم	درجہ سوئم بلا خوراک
ما لغ ۱۹	للعہ ۹۵

ہندوستان میں عراق ریلوے کے ٹکٹ اور کوپن کی کتابیں بمبئی اور کراچی میں ایجنٹوں سے خرید کی جا سکتی ہیں

(۱) مولوی محمد باقر صاحب مسافر خانہ حاجی ... بمبئی
(۲) ... بمبئی
(۳) مسٹر ای۔ ای۔ ... بمبئی نمبر ۳
(۴) جیب حاجی ... کراچی
(۵) مسٹر عبدالعلی شیخ ... معرفت میسرز یوسف علی بھائی کریم جی اینڈ کمپنی ... کراچی

ایک ہی جہاز پر ایک سو یا ایک سو سے زائد تعداد میں بصرہ کو سفر کرنے والے زائرین کو جہاز کے کرایہ میں رعایت مل سکتی ہے

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

فتاویٰ رشیدیہ

حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے رشد و ہدایات اور ان کے تفقہ سے کچھ وہی شخص واقف ہو سکتا ہے جس کو آپ کی شرف صحبت حاصل ہوئی ہو یا حضرت کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کرکے آپ کے فیض تصوف اور تلقنہ سے بہرہ ور ہوا ہو مگر اب حضرت کے وصال کے بعد ان کی تصنیفات ہی تشنگان علم کی پیاس کو بجھا سکتی ہے مولانا ممدوح کے فتاویٰ کا مجموعہ فتاویٰ رشیدیہ تین حصوں میں جمع کیا گیا ہے جس میں قریب قریب ہر مسئلہ کو مدلل طریقہ پر بیان کیا گیا ہے۔ ہر مسلمان کو اس کے مطالعہ کی ضرورت ہے تاکہ مذہبی ضروریات سے ... تینوں حصوں کی قیمت ...

تفسیر مظہری

مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور تصنیف تفسیر مظہری ... کی صرف چند جلدیں باقی رہ گئی ہیں عربی زبان میں قاضی صاحب نے قرآن پاک کی بڑی خدمت انجام دی ہے طلباء عربی کو خصوصیت سے فوری توجہ کرنے کی ضرورت ہے اگر غفلت کی گئی تو کف افسوس ملنا پڑے گا قیمت ہر جلد ...

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادت مند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔ حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کرکے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کر دیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی اس کا نام جنت کی کنجی ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ۶ر اور جنت کی کنجی کی قیمت ۸ر ہے لیکن دونوں حصوں کے خریدار سے قیمت صرف ۱۰ر لی جائے گی دونوں حصوں میں کل ۲۱۰ احادیث ہیں بہت سے مخیر حضرات ان کتابوں کو خرید کر مسلمانوں کی اصلاح کے خیال سے مفت تقسیم کرتے ہیں۔ کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے

سیرۃ الحبیب

اگر آپ دنیا کے مصلح اعظم کے صحیح اور سچے حالات سے واقفیت حاصل کرکے اپنی زندگی ... صحیح طریقہ پر اسلام کی روشنی میں بسر کرنا چاہتے ہیں تو سیرۃ الحبیب کا مطالعہ کیجئے جس کی اردو نہایت سلیس اور شستہ ہے اور مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے بھی اس کی تعریف فرمائی ہے قیمت صرف ۱۲ر

تعلیم الاسلام

مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کے لئے حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی بہترین تصنیف جو کثرت سے اسلامی مدارس کے ابتدائی درجوں میں داخل ہو چکی ہے سوال و جواب کے پیرایہ میں نہایت مختصر طریقہ پر اسلامی معلومات کے سمندر کو کوزہ میں بھر دیا ہے اس کتاب کے چار حصے اور ایک قاعدہ ہے مکمل سٹ کی قیمت صرف چودہ آنہ ہے۔

علم الکلام

مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی کی تصانیف کا بہترین مجموعہ جس میں موصوف نے اسلام کی صداقت وجود باری توحید حدوث مادہ ملائکہ فرشتہ وغیرہ مسائل پر مفصل اور مدلل بحث کی ہے ... طلباء کو اس کا پڑھنا نہایت ضروری ہے قیمت ...

دلائل الخیرات

اور ادو وظائف کی مشہور اور بہترین کتاب قیمت ...

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

ممالک محروسہ سرکار عالی میں وائسرائے ہند کا ورود
اعلیٰ حضرت کی تاریخی تقریر اور وائسرائے ہند کا جواب
"یار وفادار" کی خدمات کا اعتراف اور برار کے متعلق اعلان

اعلیٰحضرت نظام دکن فرمانروائے ممالک محروسہ سرکار عالی نے بتاریخ ۲۹ نومبر ۱۹۳۳ء محلہ مبارک میں ہز اکسلنسی لارڈ ولنگڈن وائسرائے بہادر و لیڈی ولنگڈن کی ضیافت کے موقع پر جو تقریر دلپذیر بزبان انگریزی فرمائی تھی اس کا اردو ترجمہ مع جوابی تقریر وائسرائے بہادر ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

تقریر شاہانہ

یور اکسلنسیز، خواتین و حضرات!

لارڈ اور لیڈی ولنگڈن کا آج کی شب خیر مقدم کرنے میں مجھکو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ میں اپنے پرانے دوستوں سے مل رہا ہوں۔ ہز اکسلنسی سے میری شناسائی کی ابتدا اس وقت سے ہے جب کہ ہز اکسلنسی بمبئی اور مدراس کے گورنر تھے۔ بمبئی میں ہز اکسلنسی کی مہمان نوازیوں کی لطف اندوزی اس وقت تک میری یاد میں تازہ ہے۔ اس قدیم دوستی کا رشتہ ... دہلی کے سفر میں اور بھی زیادہ گرہ گیر ہوا جب کہ ہز اکسلنسی سے پھر میں نے ملاقات کی۔ اس طرح نیو وائسرائے کی تقریب کی مسرت اس موقع پر قدیم دوستانہ تعلقات کی تجدید سے دوبالا ہو گئی۔

لارڈ ولنگڈن کا انتخاب وائسرائلٹی کے لئے ہندوستان کی تاریخ کے ایسے نازک زمانہ میں ہوا جب کہ ہندوستان کیلئے بازقیام امان و انتظام کی مستحکم برقراری اور ہندوستان کے مقدرات کو معاملکتی حکومت کے درجہ پر پہنچانے میں رہبری کے لئے جن کی ہندوستان کو سخت ترین ضرورت تھی لارڈ ولنگڈن اوروں کے مقابلہ میں سب سے بہتر نظر آئے۔ ...

اور ملیریا کے حملوں میں کمی کردی ہے اس کے ساتھ اضلاع میں ... مطب قائم کردئے گئے ہیں کہ دیہاتیوں کو طبی امداد حاصل ہو آبکاری کے کاموں میں ترک مسکرات کی ترغیب کی خاطر جدید تنظیم یکسر عمل میں لائی جارہی ہے۔

محکمہ زراعت نے اپنے کاموں میں نمایاں ترقی کی ہے اور کاشتکاروں کی پیداوار کو بازاری دستبرد سے محفوظ رکھنے کے لئے بعض قصبات کے مارکٹوں کو منضبط کیا گیا ہے۔ انڈسٹریل ٹرسٹ فنڈ کے قیام اور عامل کی رہبری مکمل نظر ثانی نے ملک کی صنعتوں میں تقویت پیدا کردی ہے۔ قانون اور نظم امن کے دائرہ میں عدالتی اور کوتوالی محکمے پائندہ ترقی ظاہر کرتے ہیں۔

مجکو خاص طور پر اس بات کی مسرت ہے کہ میرے گھر میں میرے پہلے نبیرہ کی ولادت کا کمال مسرت خیز واقعہ وائسرائے کے قریبی زمانہ میں ظہور میں آیا۔ ہم کو امید ہے کہ یہ نونہال جس کی رگوں میں دو عظیم تاریخی خاندانوں کا خون مخلوط ہے اہل حیدرآباد کے اعلیٰ توقعات اور آرزوں کو پورا کریگا خواتین و حضرات آپ سے اب خواہش کرتا ہوں کہ لارڈ ولنگڈن اور ان کے ساتھ ہز اکسلنسی لیڈی ولنگڈن جو اپنے رتبہ کو دلکش نیکی اور تسخیر قلوب کے ساتھ زینت بخشتی ہیں کے نام کو شریک کرتے ہوئے ان کا جام صحت نوش کریں۔

وائسرائے کی جوابی تقریر

یور اگزالٹیڈ ہائینس، خواتین و حضرات!

...

... اور ارکان و تدبر کی ... کا اعتراف کرتا ہوں۔ معاشی اور ملکی انتظامات ملک کے مصارف میں کسی قسم کی تخفیف یا کسی جدید محاصل کے عائد کرنے کے بغیر زراعت پیشہ طبقوں کے امداد کی خاطر زر مالگذاری میں ایک کروڑ کے اندازہ میں معافیات دیئے۔ ... ریاست عام موازنہ برابر فاضل بجٹ ظاہر کرتا رہا ہے۔ اطمینان بخش موازنوں کو عظیم ترین مالی پست حالی کے سالوں میں پیہم مرتب کرنے کی ذمہ داری ... گورنمنٹ کے رکن مالیہ سر اکبر حیدری کی قابلیت ہے جن کا دوسرا کارنامہ حالیہ آئینی مباحث میں ان کا بہ مقام لندن اہم حصہ لینا ہے جہاں ان کا نام مشہور رہے گا۔

نظام ساگر کا کام

یور اکسلنسی کو یہ معلوم کرنے میں دلچسپی ہوگی کہ اس زمانہ میں نظام ساگر کا کام جو ہندوستان میں دوسرا سب سے بڑا مخزن آب ہے تکمیل کو پہنچا۔ نو سو میل کی طویل سڑکیں اور گذشتہ دو برس میں تین پلوں کا افتتاح عمل میں آیا۔ ریلوے لائینوں میں جدید دو سو میل کا اضافہ ہوا جو عوام کے لئے کھولی گئیں اور نظام گورنمنٹ اسٹیٹ ریلوے کے علاوہ ... کاروبار کو سرکار عالی نے لے لیا ہے سرکار عالی کے محکمہ ریلوے نے ریلوے موٹر سروس کی ابتدا کرنے میں قیادت کی۔ اضلاع کے بڑے بڑے قصبات میں آبرسانی اور ڈرینج کے انتظامات میں اصلاح کرنے کے لئے ایک بورڈ مقرر کیا گیا ہے جس کے سامنے ایک وسیع نظام عمل ہے ممالک محروسہ کے دو سب سے بڑے قصبات کیلئے آبرسانی کے نئے نظام قائم ہو چکے ہیں اور دو قصبات کو چند ہی مہینوں میں مل جائیں گے۔ پایہ تخت میں مجلس آرائش بلدہ نے گنجان محلوں کے ... کا کام جاری رکھا غریبوں کے لئے بارہ سو مکانات بنائے اور نئے شوارع کی تعمیر کی۔ زیر زمین بدرو کا انتظام قریباً مکمل ہو چکا ہے۔ فوج کی اصلاح اور تنظیم جدید کا کام خوب چل رہا ہے یونیورسٹی کی جدید عمارتوں کا کام آغاز اور تین اہم شعبہ جات قانون اور طب کا افتتاح ہو چکا ہے۔

حفظان صحت اور ترک مسکرات

محکمہ طبابت کے انسدادی تدابیر نے پایہ تخت میں شرح اموات چیچک ...

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

نقل کرکے فائدہ کی جگہ نقصان نہ اٹھائیں

شعبان المعظم سے یہ رعایتی سلسلہ جاری ہوتا ہے تاکہ خریدار مناسب وقت میں گھڑیاں منگا کر شروع رمضان المبارک سے کام میں لا سکیں

شاندار موقعہ

رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیے

گیارہ ماہ گذرنے کے بعد خدا کے فضل و کرم سے رمضان المبارک کا مہینہ نصیب ہوتا ہے یہ بھلائیوں اور نیکیوں کا مہینہ ہے اس لئے ہم نے بھی یہی مہینہ اپنے خریداروں کو فائدہ پہنچانے کے لئے انتخاب کر رکھا ہے۔ لہٰذا حسب معمول اعلان کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل گھڑیوں و ٹائم پیسوں کی قیمت میں بیحد رعایت کردی گئی ہے اس رعایت سے ہر شخص خواہ کسی مذہب و ملت کے ہوں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ جلد سے جلد فرمائش بھیجئے ورنہ یہ زریں موقعہ پھر ایک سال بعد آئیگا۔ راقم منیجر

شب چراغ گولڈن رسٹ واچ | خوبصورت اٹھ پہل رسٹ واچ | پائیدار نیو پیٹنٹ رسٹ واچ | حیرت انگیز بغیر سوئیوں کی رسٹ واچ | خوشنما و پائیدار رسٹ واچ



مادر وطن کا آغوش حیات سے پر ہے

زندگی افزا روح پرور جڑی بوٹیوں کے مرکب سے تیار ہونے والی قبض ہضمی اور معدہ کی خرابی دل کی اور رحم کی کمزوری جڑ بنیاد سے نابود کرنے والی مقویات سراج عالم آتنک نگرہ گولیوں کا استعمال کریں۔

قیمت فی ڈبیہ ۳۲ گولیاں صرف ۸ر ۵ ڈبیاں للعہ

آتنک نگرہ گولیاں جام نگر کاٹھیاواڑ

غریبوں کا خدا

بھی وہی ہے جو امیروں کا ہے جس طرح امیر مسلمانوں کے لئے خدا کی کتاب قرآن مجید کی تلاوت ضروری ہے اسی طرح غریبوں کیلئے بھی ضروری ہے لیکن غریب زیادہ ہونے کی وجہ سے قرآن مجید نہیں حاصل کر سکتے اس لئے ان کی آسانی کے خیال سے ایسا قرآن مجید شائع کیا گیا ہے جس کا ہدیہ تو برائے نام ہے لیکن خوبیوں میں بے نظیر ہے یہ نورانی قرآن مجید ہے جسے ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس نے لکھا ہے عالموں اور حافظوں کی ایک جماعت نے صحت کی ہے چھپائی اتنی اچھی کہ موتی کی طرح چمکتا ہے ہر حرف کا اعراب ٹھیک اسی حروف پر لگایا ہوا ہے۔ عورت مرد بچے۔ بوڑھے۔ جوان سب آسانی سے تلاوت کر سکتے ہیں۔ ہدیہ بلا جلد ۸ر مجلد پارچہ ۱۲ر اور مجلد چرمی ... علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مولانا اشرف علی صاحب کے ترجمے کا بھی شائع کیا گیا ہے اور ٹائیٹل نہایت خوشنما رنگین ہے ... علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اسلام کے دشمنوں کے کیمپ میں صف ماتم

تارکاپتہ: الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ
سہ روزہ
دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... ششماہی ... سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... ششماہی ...
نمونہ

تاریخہائے اشاعت
ہر پیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ...
وقت نوٹ ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ ...
نصف صفحہ ...
ایک کالم ...
چوتھائی ...

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۸ | دہلی - یوم چہارشنبہ ۲۴ شعبان المعظم ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۳ دسمبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۴۱

معاصرین کے افکار و آراء

مخلوط تعلیم کی وبا (آزاد)

یورپ کی دیکھا دیکھی اب ہندوستان کی درسگاہوں میں بھی لڑکوں اور لڑکیوں کی مخلوط تعلیم کا رواج عام ہو رہا ہے۔ اور بعض اسلامی اداروں میں جہاں ابھی تک اس نئے طرز تعلیم کے نفاذ کی نوبت نہیں آئی تھی۔ اس کے متعلق غور و خوض کر رہے ہیں۔ چنانچہ ان دنوں اس کی مخالفت اور تائید میں ملک کے ہر گوشہ سے صدائیں بلند ہو رہی ہیں۔

جہاں تک نفس تعلیم کا تعلق ہے اسلام مرد اور عورت میں کوئی تمیز روا نہیں رکھتا۔ تحصیل علم جس طرح مردوں پر فرض ہے۔ اسی طرح عورتوں پر بھی ہے۔ اسلام کی گزشتہ تاریخ پڑھ جائیے تو آپ دیکھیں گے کہ اس کے عہد زرین میں بغداد اور قاہرہ۔ قرطبہ اور غرناطہ میں مسلمان خواتین علم و حکمت، شعر و سخن اور قرآن و حدیث کا درس دیا کرتی تھیں۔ خود مدینہ منورہ میں رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال کے نصف قرن بعد آپ کے نواسے شہید کربلا کی صاحبزادی ... بزرگوں کی تصدیق چاہتا تھا اور ان کے فیصلوں پر ... مسلمہ ہوتا تھا۔

تعلیم کے متعلق تو اسلام کا زاویہ نظر بالکل واضح ہے سوال مخلوط تعلیم کا ہے۔ مخلوط تعلیم کے نتائج ہمارے سامنے ہیں۔ امریکہ میں اس وبا سے ملک کی خانگی اور اخلاقی زندگی ... انگلستان اس معاملہ میں ... ان کے لئے لڑکیوں کی خالص درسگاہیں قائم ہیں۔ ابھی حال میں وہاں کے ماہرین تعلیم نے مطالبہ کیا تھا کہ طبی تعلیم میں طالبات کی شرکت طبی درسوں کی تشریح میں مانع ہوتی ہے اور امریکہ کے ایک پروفیسر کا قول ہے کہ ہمارے کالجوں کے اکثر طلبہ کا امتحانات میں ناکام ہونا مخلوط تعلیم کا نتیجہ ہے۔

علاوہ ازیں مخلوط تعلیم کا اثر نوجوانوں کے اخلاق پر کچھ اچھا نہیں پڑا۔ اور اس کے خلاف خود ہندوستان میں جو حقائق پیش کئے جاتے ہیں اس سے کسی طرح انکار نہیں کیا جا سکتا۔ ہمارے نزدیک اور کچھ نہ سہی تو امریکہ اور یورپ کے تلخ تجربوں کو دیکھتے ہوئے مخلوط تعلیم سے اجتناب کرنا چاہئے۔

ہندو قوم کس کے ساتھ ہے؟ (ملت)

ہمیں پورا یقین ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو نے جو مہم شروع کی ہے وہ اسے آخر تک ختم کر کے چین لیں گے۔ وہ ان لوگوں میں نہیں ہیں جو گرد و نواح کے شور و غوغا سے مرعوب ہو جائیں یا مہاسبھائیوں کی یورش کی وجہ سے اپنا قدم پیچھے ہٹا لیں۔ البتہ اس سلسلہ میں بہت سے ہندو لیڈر اور بہت سے ہندو اخبارات یقیناً بے نقاب ہو جائیں گے۔ اس لئے کہ جس وقت سے پنڈت جی نے فرقہ پرستی کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے، متعدد "قوم پرست" حضرات سخت پریشان نظر آ رہے ہیں اور وہ مختلف طریقوں سے پنڈت جی کی مخالفت میں مہاسبھا کی تائید کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مگر ٹھیک ان حضرات کے بہا نہ سا تھ ہم دیکھ رہے تھے کہ ہندو نوجوانوں کی بہت بڑی تعداد پنڈت جی کی پرزور تائید کر رہی ہے اور دنیا کے سامنے یہ آشکارا ہو رہا ہے کہ ہندو قوم کا سمجھدار طبقہ حقیقتاً پنڈت جی کے ساتھ ہے نہ کہ ان مہاسبھائیوں کے ساتھ جو اب تک قیادت اور لیڈری کے مدعی تھے۔ بہر حال جہاں تک ہندو قوم کا تعلق ہے صرف گزشتہ چار پانچ دن کے عرصہ میں یہ اچھی طرح واضح ہو گیا کہ ہندوؤں کی بہت بڑی اکثریت مہاسبھائی ذہنیت سے متنفر ہو چکی ہے اور وہ پنڈت جی کی ہمنوا ہے۔ پنجاب کے سربرآوردہ ہندو لیڈر ... دہلی کے نوجوانوں، صوبۂ متحدہ کے قومی کارکنوں اور اسی طرح ملک کے دیگر حصص سے با اثر ہندو مفکرین پنڈت جی کی پرزور تائید کر رہے ہیں اور اخبارات میں ان کی موافقت کی جا رہی ہے۔ یہ صحیح ہے کہ بعض مہاسبھائی ورنیکلر اخبارات بھائی پرمانند کی تائید کے بہانے ڈھونڈ رہے ہیں لیکن بحیثیت مجموعی ہندو مہاسبھا کے حامیوں کی آواز اس قدر بے اثر ہو چکی ہے کہ پنڈت جی کے نعرۂ حق کے مقابلہ میں وہ کوئی نتیجہ نہیں پیدا کر سکتے۔

موجودہ تہذیب کی خون آشامی (زمیندار)

... ...

آمد و رفت اور نقل و حرکت کے عظیم الشان نظام کے لئے قابل رشک شہرت رکھتا ہے لیکن اس شہرت کا دامن خون آلود نظر آتا ہے۔ سر آرتھر سیکامیل وزیر محکمۂ ٹرانسپورٹ نے اپنی ایک تقریر کے دوران میں کہا کہ اس وقت ملک کے سامنے یہ سوال ہے کہ آیا انسانی زندگی کی قربانی کا سلسلہ جاری رکھا جائے یا موٹروں کی تجارت کا خاتمہ کر دیا جائے۔ ایک سال کے اندر سات ہزار انسانی جانوں کا ضیاع اور ڈھائی لاکھ کے قریب آدمیوں کا زخمی ہونا ایک ایسی المناک حقیقت ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انسانی جسم کے پرزے موٹروں کے پرزوں سے یقیناً زیادہ مقدس ہیں۔ اگر مجلس آئین ساز موٹروں پر پابندیاں عائد نہیں کرے گی تو ہمیں سڑکوں پر ہر روز جو بے حساب آدمیوں کی ہلاکت کا سد باب کرنا ہے۔ ...

تہذیب کی خون آشامی سرمایہ داروں کے نزدیک محض اس لئے جائز سمجھی جاتی ہے کہ اگر موٹر کی تجارت یا اس کی رفتار پر شدید پابندیاں عائد کر دی گئیں تو منافع کی مقدار وہ نہ رہے گی، رفتاری کے لطف میں کمی آ جائے گی۔ خواہ اس کی خاطر خدا کی زمین پہیلی مخلوق کے خون سے لالہ زار ہی ہو جائے۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ انگلستان میں ہر سال موٹروں سے جس قدر آدمی ہلاک ہوتے ہیں ان کی میزان بڑی سے بڑی جنگ کے مجروحین و مقتولین سے بھی زیادہ ہے کیا یورپین تہذیب کے علمبرداروں نے سرمایہ داری کی قربان گاہ پر انسانی خون کی اس بھینٹ کے ہولناک نتائج پر غور کیا ہے؟

جاپان اور ہندوستان (مدینہ)

جاپانی روئی کے تاجروں کی انجمنوں نے جو تازہ بیان شائع کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ہندوستان سے کیا کیا توقعات رکھتے ہیں۔ اور ہندوستان کس طرح ان توقعات کو پورا کر سکتا ہے۔ ان انجمنوں کے خیال کے مطابق جاپانی وفد کو بغیر کسی نتیجہ کے واپس آ جانا چاہئے۔ کیونکہ ہندوستان میں تعاون کی امید نہیں ہے۔

جاپانی انجمنوں نے اپنے اس فیصلے کے ساتھ یہ بات بھی قطعی طور پر طے کر دی ہے کہ ہندوستانی روئی کا بائیکاٹ جاری رکھا جائے۔

جاپانی وفد کے ارکان بغیر کسی اضطراب کے اپنا کام جاری رکھنا چاہتے ہیں یہ لوگ اپنے طریق عمل میں آزاد ہیں اور کسی فیصلہ پر پہنچنا بہتر سمجھتے ہیں کیونکہ ان کے خیال میں ۹۹ فیصدی مسئلہ طے ہو چکا ہے۔ چونکہ ان کو واپسی کا اختیار دیا گیا ہے اس لئے یہ ضروری نہیں کہ وہ واپس ہی چلے جائیں۔

ہم ارکان وفد کو بتانا چاہتے ہیں کہ غیر ملکی مال کے متعلق قومی رائے بالکل جداگانہ ہے۔ تاہم سرکاری نقطۂ نگاہ سے بھی اس قدر کہہ دینا ضروری ہے کہ اگر جاپان اپنی موجودہ حکمت عملی پر مصر رہا تو جاپان کو ہندوستانی بازار سے قوانین کی طاقت پر نکال دیا جائے گا۔ حکومت کا نظریہ خواہ کچھ ہو لیکن اس کو رائے عامہ کے سامنے جھکنا پڑے گا، ہمارے سامنے ایسی تجاویز موجود ہیں جن کے ماتحت ہم جاپان کا حوصلہ کے ساتھ مقابلہ کر سکتے ہیں۔

یورپ کی تقلید کا نتیجہ! (البشیر)

یورپ کی تقلید میں اس زمانہ میں لیڈر بننے کا شوق ہندوستان میں اور بالخصوص مسلمانوں میں بہت کثرت سے پھیل گیا ہے۔ جب تک یورپ کی تقلید سے ہندوستان کے مسلمان علیحدہ رہے اس زمانے تک نیک دل مسلمان خدا کی مخلوق کی اپنی قوم کی اپنے ہمسایوں اور اپنے عزیزوں کی بھلائی کے لئے جو کچھ کوشش کرتے تھے اس کی غرض صرف خدا کی خوشنودی اور ثواب حاصل کرنا ہوتا تھا وہ محلہ والوں اور عزیزوں کے دکھ درد میں شریک ہو جایا کرتے تھے اگر ہمسایہ میں ملنے والوں میں یا عزیزوں میں کوئی بیمار ہوتا تو حکیم کے یہاں جانا اور دوا خرید کر لانا اور تیمارداری کی خدمات مرد اور عورتیں دونوں یکساں انجام دیتے تھے اگر کسی کے یہاں کوئی دوا لانے والا نہ ہوتا تھا تو بازار سے خود جا کر اس کا سودا لا دیتے تھے اور اسی طرح ایک دوسرے کی مدد کرنے کے واسطے تیار رہتے تھے۔ اور کسی پر کوئی مصیبت مصیبت نہ معلوم ہوتی تھی لیکن افسوس ہے کہ آج یہ حالات باقی نہیں رہا۔ لیڈر اگرچہ بہت زیادہ ہو گئے لیکن عام طور پر کوئی لیڈر کسی ہمسایہ یا عزیز کے دکھ درد میں شریک نہیں ہوتے۔ اسی وجہ سے قوم روز بروز مصیبت میں مبتلا ہوتی ہے اور باہمی رنجش اور شکایتیں زیادہ پیدا ہوتی جاتی ہیں۔ ...

اسی طرح ... خوشنودی حاصل کرنے کا خیال روز بروز کم ہوتا جاتا ہے اور جس قدر ہم ...

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

اسپین میں بنو امیہ اور بنو عباسیہ کی آویزش

بنو امیہ کے ۲۴ گورنر جو اسپین پر مامور ہوئے

ایک نئے دعویدار سلطنت کا ظہور

گزشتہ پرچہ میں اسپین کی اسلامی حکومت اور اس کے انتشار و اختلافات کے ... بیان ... ہو چکے ہیں۔

جیسا کہ معلوم ہو چکا ہے اسپین کا تعلق خلفاء بنو امیہ سے تھا جن کا پایہ تخت دمشق تھا۔ ابتدا میں منصب خلافت ایک شرعی اور معزز عہدہ تصور کیا جاتا تھا مگر خلفاء اور ان کے مشیروں کی بدعنوانیوں کے باعث نفس خلافت میں لوگوں کو شکوک و شبہات پیدا ہونے لگے اور لوگوں نے خلافت سے وابستگی کو ایک غیر ضروری چیز سمجھ لیا۔ علاوہ ازیں جب مسلمانوں کی حدود سلطنت نے وسعت اختیار کی تو یہ رشتہ اور بھی کمزور پڑ گیا کیونکہ مرکز کو جس جاذب کشش کی ضرورت تھی اور جس کے باعث سلطنت میں باہمی رشتہ قائم رہتا ہے وہ مفقود ہو چکی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ اسپین میں مختلف والی مقرر ہوئے مگر ان پر خلافت کا براہ راست کوئی اقتدار قائم نہ تھا وہ جو چاہتے سو کرتے اور اس کی اطلاع دمشق کی خلافت کو کر دیتے۔ نوبت با اینجا رسید کہ اسلامی حکومت کا محور مرکز ثقل سے ہٹ گیا اور بنو امیہ کی حکومت میں انقلابات رونما ہونے لگے۔

دمشق میں بنی عباس کے غلبہ اور بنی امیہ کے زوال نے اسپین کی سیاسیات پر بھی اثر ڈالا اور وہاں بھی عباسیوں کے ہاتوں بنو امیہ کا چراغ گل ہو گیا۔ بنی امیہ کے جن خلفاء کے زمانہ میں اندلس فتح ہوا ان کے نام یہ ہیں:-

(۱) ولید بن عبد الملک بن مروان (۲) سلیمان ابن عبد الملک (۳) عمر بن عبد العزیز (۴) یزید بن عبد الملک (۵) ہشام بن عبد الملک۔

اندلس میں بنو امیہ کے گورنر

بنی امیہ کے زمانہ حکومت میں ۲۴ امیر اسپین پر مامور ہوئے جن کے اسمائے گرامی معہ مدت حکومت حسب ذیل ہیں:-

(۱) طارق بن زیاد (فاتح اسپین) شوال ۹۲ھ لغایت جمادی الاولیٰ ۹۳ھ
(۲) موسیٰ بن نصیر (گورنر افریقہ و فاتح اسپین) جمادی الاولیٰ ۹۳ھ لغایت ذی الحجہ ۹۵ھ۔
(۳) عبد العزیز بن موسیٰ بن نصیر ذی الحجہ ۹۵ھ لغایت ذی الحجہ ۹۷ھ
(۴) ایوب بن حبیب اللخمی ۹۷ھ لغایت ذی الحجہ ۹۷ھ۔
(۵) الحر بن عبد الرحمن ثقفی ذی الحجہ ۹۷ھ لغایت ۱۰۰ھ۔
(۶) السمح بن مالک الخولانی رمضان ۱۰۰ھ لغایت ذی الحجہ ۱۰۲ھ۔
(۷) عبد الرحمن بن عبد اللہ غافقی ۱۰۲ھ لغایت صفر ۱۰۳ھ
(۸) عنبسہ بن سحیم کلبی ۱۰۳ھ لغایت شعبان ۱۰۷ھ
(۹) عذرہ بن عبد اللہ فہری ۱۰۷ھ لغایت شوال ۱۰۷ھ
(۱۰) یحییٰ ابن سلمہ کلبی ۱۰۷ھ لغایت ربیع الثانی ۱۰۸ھ
(۱۱) عثمان ابن ابی عبیدہ ۱۰۸ھ لغایت شعبان ۱۰۹ھ
(۱۲) عثمان ابن ابی نسع ۱۰۹ھ لغایت محرم ۱۱۰ھ
(۱۳) حذیفہ بن الاحوص قیسی ۱۱۰ھ لغایت ۱۱۰ھ
(۱۴) ہیثم بن عبد الکلابی ۱۱۱ھ لغایت جمادی الاولیٰ ۱۱۳ھ
(۱۵) محمد بن عبد اللہ اشجعی ۱۱۳ھ لغایت شعبان ۱۱۳ھ
(۱۶) عبد الرحمن غافقی ۱۱۳ھ لغایت رمضان ۱۱۴ھ
(۱۷) عبد الملک فہری ۱۱۴ھ لغایت رمضان ۱۱۶ھ
(۱۸) عقبہ ابن الحجاج ۱۱۶ھ لغایت صفر ۱۲۳ھ
(۱۹) عبد الملک بن قطن فہری ۱۲۳ھ لغایت ذیقعدہ ۱۲۳ھ
(۲۰) بلج ابن القشیری ۱۲۳ھ لغایت شوال ۱۲۴ھ
(۲۱) ثعلبہ ابن سلامۃ عاملی ۱۲۴ھ لغایت رجب ۱۲۵ھ
(۲۲) ابو الخطار بن ضرار کلبی ۱۲۵ھ لغایت رجب ۱۲۶ھ
(۲۳) ثوابہ ابن سلامۃ ۱۲۶ھ لغایت ربیع الثانی ۱۲۹ھ
(۲۴) یوسف بن عبد الرحمن فہری ۱۲۹ھ لغایت ذی الحجہ ۱۳۸ھ

عہد جاہلیت کی سیاسی رسم

جب زمانہ کی یہ تاریخ لکھی جا رہی ہے اس وقت تمام دنیا کے اندر یہ دستور تھا کہ جب کوئی شخص تاج و تخت سنبھال لیتا تھا تو استحکام سلطنت کے خیال سے ان دعویداران سلطنت کے تمام خاندان کو قتل کرا دیا کرتا تھا جو اس کے موافق یا مخالف ہوتے تھے اور کوشش کرتا تھا کہ دعویداران حکومت میں سے ایک فرد بھی زندہ نہ رہنے پائے تاکہ مستقبل کی رقیب و انبوہ سے اس کی حکومت محفوظ رہ سکے موجودہ سیاسیات کا ارتقاء تو اب تمام باغی کو ختم کر چکا ہے اور گو مقابل فریق کو برباد کرنے کے اور اور طریقے ایجاد کر لئے گئے ہیں جو عہد جاہلیت کے کارناموں کو بھی شرماتے ہیں تاہم یہ چیز جو ہم کو آج سے ایک ہزار سال قبل نظر آتی ہے اب موجود نہیں پائی جاتی۔ بہر حال عہد قدیم کے اس طرز عمل سے عربی سلطنتیں بھی مستثنیٰ نہ تھیں اور انہوں نے خلافت کو بے اثر کر دینے کے بعد اس جابرانہ اور ظالمانہ طریق کو بھی فروغ دیا۔

بنی عباس کا سلوک

جب بنو امیہ کی سلطنت ختم ہو گئی اور بنو عباس برسر اقتدار آ گئے تو انہوں نے اسپین میں رہنے والے بنی امیہ کے افراد کو تہ تیغ کرنا شروع کیا جہاں کہیں بنو امیہ کا ایک فرد بھی ملتا وہ فوراً عباسیوں کے ہاتوں قتل کر دیا جاتا۔ قتل و نہب کے اس دوران میں خاندان بنی امیہ کا ایک فرد عبد الرحمن بن معاویہ ... سے اپنے بھائی، بیوی ایک بچہ اور ایک غلام کے ساتھ بھاگ نکلا اور تین روز کے سفر کے بعد اس نے دریائے فرات کے کنارے ایک خطرناک جنگل میں قیام کیا۔

ایک نیا دعویدار سلطنت

ایک روز عبد الرحمن اپنے پیارے بچہ کو کھلا رہا تھا اس سے ... کہ یکا یک بچہ باہر سے خیمہ میں آ کر اپنے باپ کے سینہ سے چمٹ گیا۔ باپ نے بچہ کو بہر چند جدا کرنا چاہا مگر وہ جدا نہ ہوا۔ آخر عبد الرحمن نے خیمہ سے باہر نکل کر بچہ کی سراسیمگی کا حال دریافت کرنا چاہا تو اس نے دیکھا کہ قریب قریب تمام جنگل میں ایک شور بلند ہے اور آس پاس کے قصبات پر عباسیوں کے علم لہرا رہے ہیں۔ عبد الرحمن کا چھوٹا بھائی بھاگا ہوا آیا اور اس نے عبد الرحمن سے کہا کہ بھائی جہاں تک ہو سکے جلد سے جلد یہاں سے بھاگ چلو دیکھو بنی عباس کی فوج قریب ہی آ گئی ہے۔ چنانچہ عبد الرحمن اپنے بچے ... کو لیکر بھاگا اور ایک گاؤں میں جا کر پناہ لی۔ عباسیوں نے عبد الرحمن کے خیمہ کو گھیر کر اس کو تلاش کیا اور ناکام و محروم ہو کر واپس لوٹ گئے۔ یہاڑی پر عبد الرحمن کا غلام ... ایک شخص کے ساتھ پہنچ گیا یہ شخص تمام راستوں سے واقف تھا اس لئے عبد الرحمن نے اس سے رہنما بننے کی درخواست کی لیکن اس شخص نے جا کر عباسیوں سے جاسوسی کی اور تھوڑی دیر کے بعد عباسی فوج پہاڑی کی طرف آتی ہوئی دکھائی دی۔ عبد الرحمن اپنے بھائی لڑکے اور غلام کے ساتھ دیر ... دشمنوں کے آنے سے قبل وہ دریائے فرات پر پہنچ گئے۔ دشمنوں نے عقب سے آواز دی کہ ہم تم لوگوں سے کچھ بھی تعرض نہیں کریں گے تم واپس آ جاؤ لیکن ... نے ... دریا میں ... کود پڑا۔

عبد الرحمن نے اپنے لڑکے کو تو ... اور غلام ... کو ... عبد الرحمن تیرا ... تھا اس لئے وہ ... لیکن اس کے بھائی کی ہمت ٹوٹ گئی اور وہ ... کنارہ سے عباسی فوج نے آواز لگائی کہ تم کو امان دی جاتی ہے ... عبد الرحمن نے بھائی کو بہتیرا سمجھایا کہ ... عباسیوں کی طرف ... گروہ بہت بازی ... واپس ہو گیا۔ اتنے میں عبد الرحمن بھی دوسرے کنارہ پر پہنچ چکا تھا وہ مڑا ... عباسیوں نے اس کے بھائی کا سرتن سے جدا کر دیا۔ بھائی کی عمر کل ۱۳ سال کی تھی۔

(باقی آئندہ)

۱۳ دسمبر ۱۹۳۳ء

الجمعیۃ دہلی

کتاب الحج والزیارۃ

یہ کتاب بمبئی میں بھی اسمعیل ... سے مل سکتی ہے
حافظ محمد زکریا اینڈ برادرز ... (بمبئی)
آغا خان اسکول ... پوسٹ نمبر ۹ بمبئی

سچا مسلمان ہر وقت اللہ تعالیٰ سے یہی دعا مانگتا رہتا ہے کہ اے اللہ مجھکو حج بیت اللہ کی توفیق عطا فرما اور اپنے مقدس گھر کی زیارت سے مشرف فرما۔ اللہ اللہ وہ پاک گھر جو ابراہیم خلیل اللہ کی یادگار ہے۔ اسی گھر کو مسلمانوں کے مولے اور آقا نے ہجرت کے وقت مڑ مڑ کر دیکھتے اور اس کی محبت میں زار و قطار روتے جاتے تھے۔ اسی گھر کی زیارت کے لئے بیتاب و مشتاق حاجی اپنی تمام عمر کا اندوختہ سرمایہ خرچ کر دینے کے لئے تیار ہے۔ مال و دولت۔ بیوی۔ بچوں۔ عزیز اقارب اور تمام تعلقات کو چھوڑ کر اپنے اور پیارے رسول ہاشمی کے محبوب وطن کی طرف شوق میں کھینچا چلا جا رہا ہے ؎

آرزو دارم کہ خاک آن قدم
توتیائے چشم سازم دمبدم

مگر کس قدر افسوس کی بات ہے کہ اس مقدس گھر کی اس قدر بزرگی اور فضیلت اور اس قدر شوق اور ولولہ کے باوجود غریب حاجی کو وہاں کے آداب اور حج و زیارت کے مسائل سے واقفیت نہ ہو۔ تمام عمر حلال روزی کما کر سفر حج کے لئے پیسہ پیسہ کر کے سرمایہ جمع کیا اور اللہ کے گھر کی زیارت کے لئے گھر سے رخصت ہوا مگر مسائل اور آداب حج کی ناواقفیت کی وجہ سے ہر وقت یہ کھٹکا لگا رہا کہ کہیں ایسی کوئی غلطی نہ ہو جائے کہ حج کی صحیح طور پر ادائیگی یا اس کی مقبولیت میں فرق آ جائے اور مال اور ساری محنت ضائع ہو جائے۔ پس جب کہ آپ صاحب نصاب اور دولت مند ہیں اور آپ پر حج بیت اللہ فرض ہے تو اس کی صحیح طور پر ادائیگی کے لئے آپ کو پہلے مسائل حج و زیارت کے جاننے کی ضرورت ہے اس لئے آپ زبان اردو میں بے نظیر کتاب

فتاوے عثمانی معروف بہ

کتاب الحج والزیارۃ

اصل قیمت ۱۲/

رعایتی قیمت تین روپیہ
صرف شعبان و رمضان کیلئے

کو سفر حج میں اپنے ساتھ رکھئے۔ آج تک اردو میں ایسی مفصل اور جامع کتاب لکھی نہیں گئی تھی خدا تعالیٰ اسکے مصنف کو جزائے خیر دے جس نے اس کمی کو پورا کر دیا۔ درحقیقت اردو داں مسلمانوں پر ایک احسان عظیم کیا ہے کہ صاف و سلیس محاورہ اردو میں مسائل حج کو جمع کر دینے کے علاوہ مقامات متبرکہ کے نقشے بھی جا بجا دیدئے ہیں جن کی مدد سے ہر حاجی نہایت آسانی سے مسائل اور ارکان حج کو ٹھیک ٹھیک ادا کر سکتا ہے۔ احرام باندھنے۔ حج اور عمرہ اور افراد۔ تمتع قران کے تمام مسائل ہر ایک کی ادائیگی کے طریقے۔ حج بدل اور ہر مقام پر پڑھنے کی دعائیں۔ غرض کہ تمام ضروریات کا پورا پورا مکمل بیان ہے وطن اور اپنے گھر سے روانگی سے لیکر مکہ معظمہ۔ مدینہ منورہ اور تمام اماکن مقدسہ کی زیارت اور پھر گھر تک واپسی کے تمام ضروریات تفصیل وار اس کتاب میں موجود ہیں اس کتاب کے موجود ہونے ہوئے حاجی کو کسی دوسری کتاب یا کسی شخص سے کچھ دریافت کرنے کی بالکل حاجت نہ ہوگی کتاب کے تمام مسائل کی مکمل فہرست ابتدا میں دیدی گئی ہے کتاب کی ضخامت ... صفحات بڑی تقطیع۔ لکھائی چھپائی عمدہ اصل قیمت ۱۲/ ... محصولڈاک ہے مگر شعبان و رمضان دو مہینوں کے لئے رعایتی قیمت صرف تین روپے لی جائے گی علاوہ محصولڈاک۔

ملنے کا پتہ: حافظ صالح حافظ محمد راندیر ضلع سورت

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین و بزرگان دین کے اسوۂ حسنہ پر عمل کی دعوت ... خطرناک دہریات سے دماغوں کو ہٹا کر صحیح علم و ادب اور مذہب و روحانیت سے آشنا کرنا اور فرق باطلہ کا منانا ... سے ... سالانہ ... نمونہ کا پرچہ ... کے ٹکٹ آنے پر ارسال ہوگا جوابی امور کیلئے ... کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔ منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

عید کی ضروریات کا بہترین کٹ پیس

قلیل سرمایہ سے تجارت کرنے والے بیوپاریوں اور اہل عیال کے پارچہ جات کم خرچ و بالانشین لاگت سے بنوانے والے اصحاب کے لئے نئے خوشنما۔ دلکش ڈیزائن کے سوتی۔ سلکی۔ ریشمی کٹ پیس پارچے اور امریکن سیکنڈ ہینڈ کوٹ جدید کے موقع پر بافقوں بافقہ فروخت ہونے والے ہیں خاص انتظام کیا ہے۔ جس میں زیادہ سرمایہ کی بھی ضرورت نہیں نرخ ارزاں اور مال بالکل تازہ ہے مفصل لسٹ پتہ ذیل سے طلب کیجئے۔

پتہ
ایس رفیق بھائی یعقوب فروشان امریکن سیکنڈ ہینڈ کوٹ و کٹ پیس چیکپ سرکل بمبئی

قلیل سرمایہ سے کثیر منافع ملیگا

امریکن سیکنڈ ہینڈ کوٹ۔ نیا کٹ پیس بمبئی کی پرانی مشہور اور وسیع کاروبار والی فرم سے
منگا کر تجارت کیجئے!
سیزن ... ہے۔ نرخوں میں حیرت انگیز رعایت ہو گئی ہے۔
یہ مردانہ کوٹ ہر ... فروخت ہونے والے ہیں

	درجہ خاص	درجہ اول	درجہ دوم
مردانہ ہاف کوٹ تازہ مال	۵۰ عدد ۹۵ روپے	۵۰ عدد ۷۵ روپے	۵۰ عدد ۶۰ روپے
لڑکوں کے کوٹ ... ۱۵ سال کی عمر تک کے لئے	۶۵ روپے	۵۵ روپے	۵۰ روپے

... مال ... جو تھائی رقم پیشگی آنی چاہئے ... واپسی کے لئے لسٹ طلب کریں۔

امریکن کمرشیل کمپنی (رجسٹری شدہ) بمبئی نمبر ۱

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ منیجر

معجون شباب آور

قوت مردمی اور دل۔ دماغ کی کمزوری کے لئے مشہور دوا ہے
زہریلی اور نشہ کی چیزوں سے بالکل پاک ہے مشک عنبر و زعفران وغیرہ سے بنائی جاتی ہے
تمام ہندوستان میں اس کے بے نظیر فوائد کا اعتراف کیا گیا ہے!
قیمت فی شیشی ...
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی



تار کا پتہ: منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی ... 5778

پانچ سو روپیہ انعام

... سفید بالوں کو ... سیاہ کرتا ہے ...
قیمت فی شیشی ...

بہترین علمی ادبی و تاریخی تصانیف اور رسائل کی اعلیٰ ترین رعایت

علمی لوٹ | نادر موقع

(بتقریب شعبان شریف) میعاد رعایت آخر جنوری ۱۹۳۴ء تک

یہ کتابیں ان کی قیمتوں میں چند روز کے لئے خاص طور پر رعایت کی گئی ہے ہندوستان کے بہترین دل و دماغ رکھنے والے حضرات کی اعلیٰ تصانیف ہیں تمام کتابیں ... امید ہے کہ ... خود اس عام اعلان سے فائدہ اٹھائیں گے بلکہ اپنے عزیزوں کو بھی اس نادر موقع سے فائدہ اٹھانے کی ترغیب دیں گے

مولانا اشرف علی صاحب | تعلیم الدین | سوانح عمری | تفسیر سورۂ یوسف | سیرت امام ... | تاریخ الاسلام | سید امیر علی | دیوان غالب | دیوان ظفر | دیوان ذوق | دیوان داغ | دیوان اکبر | قصص کی کتابیں | طبی کتابیں | مسائل کی کتابیں | عام اسلامی کتابیں | تاریخی کتابیں | مولانا حالی | علامہ شبلی | الفاروق | الغزالی | سیرۃ النعمان | حیات سعدی | حیات جاوید | حیات خسرو | مجموعہ نظم حالی | مسدس حالی | تفاسیر القرآن | ... [illegible]

مزید رعایتیں

(۱) ہر خریدار کو جنتری ۱۹۳۴ء مفت دی جائے گی۔
(۲) پانچ روپیہ کی کتابوں کے خریدار کو ایک درجن نفیس عید کارڈ مفت۔
(۳) دس روپیہ کے خریدار کو ایک عکسی ... مجلد
(۴) بیس روپیہ کے خریدار کو حمائل شریف با ترجمہ
(۵) تیس روپیہ کے خریدار کو حمائل شریف مترجم ...
(۶) سب سے زیادہ قیمت کی کتابیں خریدنے والے کو ایک سنہری رسٹ واچ بطور انعام پیش کی جائے گی۔

پتہ: منگانیکا منیجر قریشی بک ایجنسی (ج) کشمیری بازار لاہور

اشتہار حاضری

مجریہ مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی سررشتہ مرافعہ دیوانی جلسہ دکالت واقع ... نمبر مقدمہ ... بابتہ ۱۳۴۲ف
صیغہ مرافعہ تقسیم اور دلا پانے متروکہ منقولہ و غیر منقولہ نواب محمد اسلام بہاؤ الدین صاحب شیر نواز جنگ معین یار الدولہ بہادر مرحوم بتعین مالیت ... سکہ عثمانیہ

محمد عبد الرحمن وغیرہ مرافع بنام غلام محی الدین خاں وغیرہ مرافعہ علیہ
بنام۔ ... معظم علی خاں عمر ... سال نابالغ ابن ٹھاکر علیم الدین خاں قوم قائم خانی پٹھان پیشہ طالب علم چھوتیا تحصیل بہورتی ضلع حصار صوبہ پنجاب علاقہ عظمت مدار برولایت پدر خود
۵۔ عنایت علیخاں عمر ... سال نابالغ ابن ٹھاکر علیم الدین خاں قوم قائم خانی پٹھان پیشہ طالب علم چھوتیا تحصیل بہورتی ضلع حصار صوبہ پنجاب علاقہ عظمت مدار برولایت پدر خود۔
۶۔ محمود دیا ز عمر ۹ سال بنت ٹھاکر علیم الدین خاں قوم قائم خانی پٹھان پیشہ طالب علم چھوتیا تحصیل بہورتی ضلع حصار صوبہ پنجاب علاقہ عظمت مدار برولایت پدر خود۔
۷۔ ٹھاکر علیم الدین خاں ابن ٹھاکر محمد عبد اللہ خاں عمر ۵۰ سال قوم قائم خانی پٹھان پیشہ زمینداری ساکن صدر۔
۸۔ کلثوم بانو زوجہ محمد عظیم الدین خاں لفٹننٹ مرحوم بنت نواب شیر نواز جنگ بہادر مرحوم عمر ... سال قائم خانی پیشہ خانہ نشینی ساکن نظام محلہ محبوب کی منڈی دیوڑھی نواب شیر نواز جنگ بہادر مرحوم حیدرآباد
سرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان میں بنا راضی تجویز عدالت دار القضا ... مورخہ ... ۱۳۴۱ف عدالت العالیہ میں مرافعہ پیش ہوا ہے بسماعت مرافعہ کیلئے تاریخ پیشی مقرر کر کے تمہارے نام سمن جاری کئے گئے مگر تمہارا پتہ نہ ملنے سے سمن کی تعمیل نہیں ہوئی اس لئے حسب درخواست مرافع بذریعہ اشتہار ہذا تم کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ بتاریخ ۲۵ ربیع ۱۳۴۳ف مطابق ۹ نومبر ۱۹۳۳ء روز چہارشنبہ عدالت العالیہ کے جلسہ دکالت میں حاضر ہو کر پیروی دعوے کرو۔
بصورت غیر حاضری مرافعہ کی سماعت یکطرفہ عمل میں آ کر تجویز صادر کی جائے گی۔

(دستخط) سید فیض حسن

شذرات

مسلم کانفرنس ختم ہوگئی

وہ مسلم کانفرنس جس کی تاسیس ہی غلط بنیادوں پر ہوئی تھی اور جس نے اپنی چار سالہ زندگی میں مسلمانوں کے حقوق و مطالبات کی آڑ لے کر حکومت مسلطہ کی حمایت اور خوشامد کے سوا کوئی خدمت ملی و وطنی انجام نہیں دی۔ اب اپنی موت آپ مر چکی ہے۔ اور مولوی شفیع صاحب کی بے شمار کوششوں کے باوجود بھی خود ان کے صوبہ بہار میں عامۃ المسلمین اس مردہ لاش کو اس درجہ نفرت و حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں کہ حیرت ہوتی ہے۔ گزشتہ موقع پر جب کہ ڈاکٹر شفاعت احمد خاں کی صدارت میں اس کانفرنس کا مضحکہ خیز اجلاس ہونے والا تھا۔ صوبہ بہار سے برابر اس نیم سرکاری و رجعت پسند اجتماع کی مخالفت میں مراسلات موصول ...

ٹالسٹائی کا ایک مضمون شائع کرنے کی بنا پر جو ضمانت طلب کی گئی ہے وہ بھی اسی صورت حال کا نتیجہ ہے۔ اگرچہ یہ امر مسلم ہے کہ ٹالسٹائی جیسے مصنفین و سیاسیین کے مضامین ایک مخصوص علمی و نظری حیثیت رکھتے ہیں اور ان کا تعلق بلا واسطہ عملی سیاسیات کے مقابلہ میں زیادہ تر سیاسی بحث و نظر سے ہوتا ہے مگر یہاں تو اس کا سوال ہی نہیں ہے کہ قانون کس مقصد کے لئے وضع کیا گیا ہے اور اس کا استعمال کس طرح ہو رہا ہے جس مضمون کو مقامی حکام اپنے ذوق و وجدان کے مطابق قابل اعتراض سمجھیں بس وہی قابل اعتراض ہے اور اسی پر ضمانت طلب کی جا سکتی ہے۔ آج کل قوم پرور اخباروں کی جا بجا آزادی خیالی کے باعث سرکاری ذرائع و وسائل سے کھلی امداد نہیں پا سکتے اور جن کا تمام تر دارومدار اپنے خریداروں کی قدردانی اور جذبہ ملی ...

"خلافت" کی اشاعت میں التوا

اتحاد ملین گریز

"ہندوستان" سے ضمانت طلبی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۲۴ شعبان المعظم ۱۳۵۲ ہجری

سر محمد اقبال کا جواب

چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد

پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنے اس مفصل بیان میں جو ہندو مہاسبھا کی رجعت پسندی و فرقہ پرستی کے متعلق تھا اور جس میں ڈاکٹر مونجے اور بھائی پرمانند کی قلعی کھولی گئی تھی کچھ مسلم فرقہ پرستوں کے متعلق بھی کہا تھا اور بالخصوص ان مسلمان مندوبین گول میز کانفرنس کی ذہنیت پر روشنی ڈالی تھی جو حکومت برطانیہ کی عنایت سے مسلمانان ہند کے نمائندے بن کر لندن تشریف لے گئے تھے۔ پنڈت جی کے بیان کا یہ حصہ پڑھ کر "مسلم کانفرنس" کے صدر اور دوسری گول میز کانفرنس کے مندوب سر محمد اقبال کو بھی بہت غیرت آئی اور انہوں نے اس بیان کی تردید میں ایک بیان شائع کرانا مناسب سمجھا جو ایسوسی ایٹڈ پریس کے ذریعہ پنجاب کے انگریزی اخبارات میں بالتفصیل آ چکا ہے اور جس کا ایک غلط سلط ترجمہ بھی (م، ن، س) کے نام سے اولاً انقلاب میں اور اس کے بعد دوسرے اخبارات میں نقل کیا جا چکا ہے بہرحال ہمارے سامنے سر محمد اقبال کا اصل بیان موجود ہے۔ اور ہم چاہتے ہیں کہ اس بیان پر غیر جانبداری اور انصاف کے ساتھ بحث کریں اور پھر دیکھیں کہ سر موصوف نے جو کچھ فرمایا ہے وہ کہاں تک معقولیت لئے ہوئے ہے اور کس حد تک اسلامی غیرت و حمیت کے مطابق ہے۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے اس حقیقت کا اظہار کرنے کے بعد کہ مسلم کانفرنس کے سربرآوردہ ارکین میں سے اکثر سرکاری عہدہ دار، سابق عہدہ دار، وزراء، عہدہ داروں کے امیدوار، نائٹس، خطاب یافتگان، بڑے بڑے زمیندار وغیرہ ہیں، فرمایا تھا کہ

"جب ہندوستان میں اور گول میز کانفرنس میں ہندوستانی مسلمانوں کی رہنمائی کرنے والے ایسے ہیں تو ان رہنماؤں کے رجعت پسندانہ طرز عمل پر کیا تعجب ہے۔ ان کی رجعت پسندانہ پالیسی اس قدر آگے بڑھ گئی ہے کہ لندن میں بہت سے مسلم مندوبین نے لارڈ لائیڈ کو سے اتحاد عمل کرنے کی کوشش کی جو برطانوی پبلک زندگی میں سب سے زیادہ رجعت پسند ہیں ...

پنڈت جواہر لال نہرو کے بیان پر سر اقبال کا نامعقول جواب

گاندھی جی کی پیشکش کا معاملہ

اچھوتوں کی دوستی پر اسلامی حقوق کی قربانی

رجعت پسندی کے الزام کی ناکام تردید

لاہور ۵ دسمبر۔ ڈاکٹر سر محمد اقبال صدر آل انڈیا مسلم کانفرنس نے مندرجہ ذیل بیان بغرض اشاعت دیا ہے۔

مجھے پنڈت جواہر لال نہرو سے ابھی تک ذاتی ملاقات کا اتفاق نہیں ہوا۔ اگرچہ میں ان کے خلوص اور صاف گوئی کا ہمیشہ مداح رہا ہوں۔ مہاسبھا کے لیڈروں کی طرف سے ان پر جو نکتہ چینی کی گئی تھی اس کے جواب میں ان کے بیان سے خلوص کا جو رنگ ظاہر ہوتا ہے وہ آج کل کے سیاست دانوں کی تحریر میں عدیم المثال ہے ...

جنگ آزادی میں شرکت کا سودا

"مخالف قومیت" اور "رجعت پسند"

پنڈت نہرو کی طرف سے ایک اور الزام ہم پر یہ لگایا گیا ہے کہ ہم قومیت کے خلاف ہیں۔ اگر قومیت کے معنی مختلف فرقوں کو آپس میں اس طرح مرکب کرنا ہے کہ ان میں کوئی امتیاز نہ رہے، تو میں یقیناً ایسی قومیت کے خلاف ہوں۔ ان معنوں میں ہندوستان میں قومیت کے سب سے بڑے مخالف مہاتما گاندھی ہیں جن کی اچھوت ادھار کے عملی معنی یہ ہیں کہ اچھوتوں کو دوسرے غیر ہندو فرقوں میں جذب ہونے سے روکا جائے ...

تخفیف اسلحہ کے دعویداروں کا سیاہ کارنامہ

برطانیہ، فرانس اور امریکہ کی جنگی تیاریاں

اسلحہ کے کارخانوں میں رات کو بھی کام ہو رہا ہے

انگلستان کے عرب بچوں کا مستقبل

فلسطین کے مسائل کی گونج بغداد میں

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

امریکہ میں ننگوں کی آبادی

قدرتی لباس کی عام مقبولیت

امریکہ میں تحریک عریانی (ننگ) بہت تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ حال ہی میں حکومت نے ننگوں کی پوری بستی کو اپنے احتساب میں لے لیا اور ننگوں کو مقدمہ کے بعد قید کی سزا دی گئی۔

امریکہ کے اخبارات نے صاف صاف لکھ دیا کہ جب یہ ننگے صف قمار بازی میں مشغول تھے اور کسی جرم کا ارتکاب نہیں کر رہے تھے تو ان کو سزا دینی انصاف ...

بغداد میں نازی پروپگنڈا

زمین سے آفتاب کا بعد

سیرۃ نبوی لکھنے کے لئے کوپار فرانک کا عطیہ

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

سابق سلطان ترکی اپنے وطن کی یاد میں

مصطفیٰ کمال پاشا کے تجدد پسندانہ خیالات پر تبصرہ

بیروت کے جریدہ "النہار" نے ایک فرانسیسی اخبار سے سابق سلطان ترکی خلیفہ عبد المجید کا ایک بیان نقل کیا ہے جس میں سلطان موصوف نے ترکی کی موجودہ سیاست اور مصطفیٰ کمال پاشا کی مغرب پرستانہ حکمرانی پر ایک اجمالی تبصرہ فرمایا ہے اور کمال پاشا کی تجدد پسندی کو ترکی قوم کے لئے مہلک قرار دیا ہے۔

جنیوا میں موتمر اسلامی کا انعقاد

جماعت مسائل اور تجاویز کا مختصر خاکہ

(۶) جو مسلمان یورپ میں لیڈیوں سے شادی کر لیتے ہیں اور اپنے بچوں ...

ماہ رمضان المبارک میں عظیم الشان رعایت

صرف طلباء اور غیر مستطیع حضرات فائدہ اٹھائیں

ان بے شمار درخواستوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے جو الجمعیۃ کے سالانہ چندہ میں رعایت کے متعلق مدارس اسلامیہ کے طلباء اور کتب خانوں کے منتظمین، اور علمی و مذہبی اداروں کے عہدہ داروں اور دیگر غیر مستطیع حضرات کی طرف سے موصول ہوتی رہتی ہیں۔ ادارۂ الجمعیۃ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ آج کی تاریخ سے ماہ رمضان المبارک کے اختتام تک مدارس اسلامیہ کے طلباء اور ایسے اہل ذوق حضرات کو جنہیں الجمعیۃ کے ساتھ دلچسپی ہے اور جو اس کی علمی و مذہبی ہدایت اور اس کے قوم پرورانہ مسلک کو پسند کرتے ہیں مگر اپنی اقتصادی حالت کے باعث پوری قیمت ادا کرنے سے مجبور ہیں رعایتی قیمت پر الجمعیۃ کا سالانہ خریدار بنا لیا جائے۔ چنانچہ اس فیصلہ کے مطابق

اعلان

کیا جاتا ہے کہ جو حضرات مذکورہ بالا شرائط کو پورا کرتے ہونگے اور اس مدت معینہ کے اندر سال بھر کی خریداری کیلئے درخواست ارسال فرمائینگے انہیں الجمعیۃ کا سالانہ چندہ بجائے چھ روپیہ دینے کے صرف چار روپیہ بارہ آنے (لعہ) ادا کرنا پڑیگا۔ اس رعایت سے فائدہ اٹھانے والوں کو یہ امر ملحوظ خاطر رہے کہ وی پی منگانے میں سراسر ان ہی کا نقصان ہے اور اگر وہ اپنے آپ کو اس رعایت کا مستحق سمجھتے ہیں تو انہیں خواہ مخواہ ڈاک خانہ کو چار آنے اپنی جیب سے نہیں دینے چاہئیں بلکہ منی آرڈر کی کوپن پر اپنا نام اور پتہ خوشخط لکھ کر ایک گوشے میں "رعایت" کا لفظ لکھ دینا چاہئے اور للعہ کا منی آرڈر دفتر کے پتہ پر کر دینا چاہئے۔ یہ رعایت یکم شوال ۱۳۵۲ھ کو ختم ہو جائیگی اسلئے اس تاریخ سے قبل ہی درخواست بھیجدینی چاہئے۔

منیجر "الجمعیۃ" بلیماران دہلی

دارالحکومت

جامع مسجد میں مسلمانوں کا جلسہ

حضرت مولانا نورالدین صاحب کی رہائی پر مبارکباد

موجودہ حالات پر مولانا موصوف کا تبصرہ

دہلی ۹ دسمبر بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں مسلمانان دہلی کا زبردست جلسہ زیر صدارت مولانا حکیم کریم بخش صاحب منعقد ہوا۔ مولانا عبدالحلیم صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے مولانا موصوف کی رہائی پر مبارکباد کی تجویز پیش کی جس کی تائید مولانا عبدالرزاق صاحب نے کی اور تجویز منظور ہوئی۔ اس کے بعد حضرت مولانا مولوی نورالدین صاحب نے فرمایا ...

پنڈت جواہر لال نہرو دہلی آرہے ہیں

آزاد پارک میں ایک عام جلسہ ہوگا

دہلی کے قریب مسلح ڈاکہ

دیہاتیوں پر فیر

اخبار نویس مصری خاتون دہلی میں

ناجائز شراب کی برآمد

صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مراجعت

اتحاد کانفرنس لکھنؤ کی مخالفت شروع ہو گئی!

نام نہاد مسلم کانفرنسیوں کا شرمناک رویہ

سر آغا خاں کی امت کا دہلی میں اجتماع

دہلی ۱۱ دسمبر مسلمانوں کے باہمی افتراق اور تشتت کو دور کرنے کے لئے جو مساعی بھی بروئے کار لائی جائیں گی ان کی مخالفت کرنا ان لوگوں کا فرض ہوگا جن کی زندگی مسلمانوں کے اختلافات پر ہی موقوف ہے اور جو یہ نہیں چاہتے کہ مسلمان متحد ہو کر حکومت کو اپنے مطالبات منوانے پر مجبور کر دیں۔ لکھنؤ میں جو اتحاد کانفرنس منعقد ہونے والی ہے اس کے متعلق سنا گیا تھا کہ حکومت پرست طبقہ اس کی سخت مخالفت کرے گا کیونکہ اس کانفرنس کے نتائج میں اس کو اپنی موت نظر آتی ہے اب معلوم ہوا ہے کہ مخالفت شروع ہو گئی ہے۔

کل نام نہاد آل انڈیا مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کا اجلاس ڈاکٹر شفاعت احمد خاں کی صدارت میں منعقد ہوا۔ کمیٹی نے لکھنؤ میں منعقد ہونے والی اتحاد کانفرنس کی شرکت کی مخالفت کی اور اس تجویز کی مزید تعدیل کی جس کے ماتحت سر آغا خاں کو مسلم کانفرنس کے اجلاس کے لئے تاریخ معین کرنے کا اختیار دیا گیا تھا ... سر آغا خاں کانفرنس کی صدارت کریں گے۔ ڈاکٹر شفاعت احمد خاں حال میں لندن سے آئے ہیں جہاں آپ برطانیہ کے مقاصد کی تکمیل کے لئے تشریف لے گئے تھے۔

دہلی میں کانگریسی لیڈروں کی کانفرنس

موٹر لاری والوں میں جھگڑا

ملک معظم برطانیہ کا پیغام

شاہ افغانستان کے نام

فیصدی ملازمتوں کے تعین کا مسئلہ

اسمبلی کے مسلم ارکان کی درخواست

دیہاتیوں پر ڈاکوؤں کے فیر

کراچی میں انقلاب پسندوں کی گرفتاری

اسمبلی میں حکومت کی شکست

لندن میں بنک کی شرح کم کرنے کی تجویز

جاپان نے تجاویز مرتب کر لیں

دہلی کے بائیکاٹ کا ہندوستان پر اثر

سب انسپکٹر پر حملہ

حملہ آور کے جاسے بم کا مسالہ برآمد ہوا

نام نہاد مسلم کانفرنس کا اجلاس ملتوی

ڈائنامائٹ کی ٹکیاں برآمد ہوئیں

لندن میں فرقہ وارانہ تصفیہ کی شرط

سر محمد اقبال کے بیان کی خامیاں

مولانا ابوالکلام آزاد کا اظہار خیال

الہ آباد ۱۰ دسمبر حضرت مولانا ابوالکلام آزاد نے حال ہی میں فرقہ وارانہ تنازعات کے متعلق موجودہ صورت حالات پر گاندھی جی کے ساتھ گفتگو کی ہے۔ دوران ملاقات میں سر محمد اقبال کے اس بیان کی تردید کی کہ انہوں نے گول میز کانفرنس پر فرقہ وارانہ تصفیہ کے لئے گفت و شنید کے دوران میں مسلم نمائندوں سے یہ مطالبہ کیا تھا کہ وہ اچھوتوں کے لئے جداگانہ طریق انتخاب پر سکھ کے مطالبہ کی جو ڈاکٹر امبیدکر نے پیش کیا تھا مخالفت کریں۔

کشمیر میں ۴۸ مسلمانوں کی گرفتاری

دربار کشمیر کا اعلان

گاندھی جی کو ۵۰ ہزار روپیہ ملا

ریزرو بنک کے متعلق ترمیم شدہ مسودہ

سین گپتا کے جنازہ کی فلم ضبط

کسانوں کی جنگ میں پانچ اشخاص ہلاک

نئی اصلاحات ۱۹۳۵ء میں پاس ہوں گی؟

الامان اور اس کے رفقاء کی افتراق انگیزیاں

یوپی کے علماء اور لیڈروں کا اعلان

مدیر اخبار الامان اور ان کے رفقاء جمعیۃ علمائے کانپور کے نام سے جس قسم کی کارروائیاں کر رہے ہیں، ہندوستان کی جماعت علماء اس سے کلیتہً بیزار ہے ... ان افراد کی بدولت عرصہ سے برپا ہے وہ ملت اسلامیہ کے لئے تباہ کن ہے لہٰذا ہم مذہبی و قومی فریضہ سمجھتے ہیں کہ چند ضروری حقائق کا اظہار کر دیں۔

جمعیۃ علماء کانپور کا اجلاس لکھنؤ

جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کا اجلاس

جمعیۃ علماء کانپور کی مجلس استقبالیہ

دہلی میں گاندھی جی کی تشریف آوری

جامعہ ملیہ، برلا مل اور کمپنی باغ میں تھیلیوں کی پیشکش

دہلی ۱۱ دسمبر گاندھی جی کل اتوار کو صبح جی۔ آئی۔ پی ٹرین سے نئی دہلی کے اسٹیشن پر اترے ... آپ کا استقبال کیا ... سپاسنامہ پیش کیا گیا ... شام کو گاندھی جی قرول باغ تشریف لے گئے جہاں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلباء نے ... آپ نے شردھانند آشرم کا معائنہ فرمایا۔

خلافت اور فلسطین کانفرنس لکھنؤ

مسلمانوں کو شرکت کی دعوت

آل انڈیا فلسطین کانفرنس

مقدمہ سازش اندور کی اپیل کا فیصلہ

لنکاشائر میں ہندوستانی روئی کی کھپت

جاپان جنگجو قوم نہیں ہے؟

جرمنی میں ۵ ہزار قیدی رہا

بے ضابطہ بحالی پر دارالعوام میں سوال

بوڑھے کی امیدوں پر پانی پھر گیا!

گاندھی جی کا بائیکاٹ کرو

کلب ہاؤس میں آتشزدگی

چار اشخاص ہلاک بیس گرفتار

افغانستان میں ایک جاسوس کی گرفتاری

مجلس اقوام میں انقلاب پیدا کرنے کی کوشش

مسولینی کے زبردست ارادے

لندن ۱۰ دسمبر اٹلی نے لیگ اقوام کی ازسر نو تنظیم کے متعلق جو اسکیم مرتب کی ہے اس کا مطلب یہ بتایا جاتا ہے کہ اٹلی صرف یہ چاہتا ہے کہ ...

آئرلینڈ کی بغاوت پر ووٹنگ

دارالامراء میں ماتم

تمام دنیا پر جاپان کا اقتصادی حملہ

دارالعوام میں ٹوری ارکان کی سرگرمی

اسپین میں زبردست بغاوت

مکانوں کو آگ لگادی تین ہلاک

بردہ فروشی کا انسدادی قانون پاس

جنیوا کانفرنس کے فیصلوں کی تعمیل

ڈسٹرکٹ احرار کانفرنس بٹالہ
مسلم اکابرین کا عظیم الشان جلسہ

بٹالہ ۱۳ دسمبر ۱۹۳۶ء ڈسٹرکٹ احرار کانفرنس بٹالہ کے سلسلے میں جو کہ ۴-۵ دسمبر کو بمقام بٹالہ میں ہونا قرار پایا ہے۔ کل صاحب صدر منتخب شیخ حسام الدین صاحب بی۔ اے کا جلوس اسٹیشن سے شروع ہوا پبلک گرد و نواح سے سمٹ سمٹ کر کثیر تعداد میں جلسہ کی تحریک کے لئے جمع ہو گئی تھی جلوس میں بھی شرکت کے لئے سب بیتابانہ وقت مقررہ پر اسٹیشن پہنچ گئے جس سے رونق اور بھی دوبالا ہو گئی حاضری کا اندازہ دس ہزار نفوس سے کم نہ تھا۔ اللہ اکبر کے فلک بوس نعروں سے جلوس شروع ہوا جس کی ترتیب ایسی جاذب توجہ اور ... تھی جس کی نظیر ہندوستان بھر میں ملنی دشوار ہے سب سے پہلے گتکے والے کھلاڑی اپنے اپنے کرتب کھلاتے جا رہے تھے پھر سائیکل سوار۔ والنٹیر کور۔ نماز کمیٹی۔ مجلس احرار اسلام قادیان کی منظم جماعتیں نہایت ترتیب سے آراستہ و پیراستہ متعلق تھیں۔ اس کے بعد لاہور کی مجلس احرار اسلام کے والنٹیر نماز کمیٹی ... ہدایانیان محلہ۔ نماز کمیٹی ... کے پرشوکت ... چل رہے تھے۔ پھر اس کے بعد اُن مجاہدین ملت کی جماعت تھی۔ جو تحریک کشمیر میں قید و بند کی سختیاں جھیل کر رہا ہو چکے تھے اس کے بعد گھوڑے سوار نوجوانوں کے دستے تھے اور پھر صاحب صدر کی موٹر تھی جس کے ارد گرد پھولوں کا انبار لگا ہوا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ مولانا حبیب الرحمٰن صاحب صدر مجلس مرکزیہ احرار اسلام ...

مرحوم کی وفات حسرت آیات پر دلی غم کا اظہار کرتی ہے خداوند کریم ان کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

یہ کانفرنس مسٹر وٹھل بھائی پٹیل اور مسٹر سین گپتا کی وفات پر دلی رنج اور ان کے پسماندگان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتی ہے۔

یہ کانفرنس حکومت برطانیہ کی اس یہود نواز اور مسلم آزار حکمت عملی کی پرزور مذمت کرتی ہے جو اس نے جنگ عظیم کے بعد فلسطین میں جاری کر رکھی ہے، اور فلسطین کو وطن یہود بنانا مسلم کشی کے مرادف تصور کرتی ہے۔ اور حکومت برطانیہ کو متنبہ کرتی ہے کہ مسلمانوں کے سر فلسطین میں یہودیوں کو اور اب ہندوستان میں قادیانیوں کے مسلط کرنا انجام کار ان کے لئے مفید ثابت نہ ہوگا۔

یہ کانفرنس اپنی آزادی وطن کے مطالبہ کا اعادہ کرتی ہے جس کے بغیر ہندوستان کے کروڑوں باشندوں کی حالت میں جو اس وقت تنگدستی میں بسر اوقات کر رہے ہیں کوئی ترقی نہیں ہو سکتی اور یہ کانفرنس تمام مسلمانوں کو تلقین کرتی ہے کہ وہ کسی حال میں بھی آزادی کو اس منزل مقصود پر نظر انداز نہ کریں۔

بورڈ آف ٹرسٹیز طبیہ کالج کا جلسہ
اختلافات کے تصفیہ کیلئے سب کمیٹی کا تقرر

ٹرسٹیان آیورویدک و یونانی طبی کالج بورڈ کا یہ جلسہ اُن تمام معاملات ...

حجاز مقدس میں مداخلت کا پہلا قدم
مسلمانان ہند کے لئے لمحہ فکریہ!

جمعیۃ تبلیغ اہلحدیث کلکتہ کا سالانہ جلسہ

قصر کفر و الحاد میں تہلکہ

گھر کا ڈاکو

پھر پچھتائے کیا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت
ذرا غور تو کیجئے

اکسیر ... اکسیر فلکسیر ... اکسیر شاہی نسخہ

امرت دھارا لاہور

رعایت کا مبارک مہینہ
جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھایئے



اعراب فلسطین پر مظالم کیخلاف احتجاج
ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں اضطراب و ہیجان

فلسطین میں برطانیہ کی یہود نواز پالیسی نے جو گل کھلائے ہیں اور اس سلسلہ میں بے گناہ عربوں کا جس طرح خون بہایا گیا ہے اس کے خلاف تمام ہندوستان میں سخت اضطراب پھیل گیا ہے مسلمانوں نے حکومت کی یہود نواز پالیسی کے خلاف زبردست اور موثر آواز بلند کی ہے جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ کھنتولی (ضلع میرٹھ) مولانا محمد صدیق صاحب کی صدارت میں ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں جمعیۃ علماء ہند کی خدمات جلیلہ کا اعتراف کیا گیا اور ایک تجویز میں برطانیہ کی یہود نواز پالیسی کے خلاف سخت احتجاج کیا گیا۔ شہدائے فلسطین کیلئے دعا مغفرت ہو گئی۔ دوسری تجویز میں لڑکیوں کی جبریہ تعلیم کے خلاف احتجاج کیا گیا۔ (نامہ نگار)

وانمباڑی (مدراس) مسلم یونین کی جانب سے مسلمانوں کا ایک جلسہ زیر صدارت مولانا محمد فضل اللہ صاحب پرنسپل جامعہ دار العلوم منعقد ہوا اور ایک تجویز منظور ہوئی جس میں سرزمین فلسطین میں یہودیوں کے بے ضابطہ داخلہ اور حکومت برطانیہ کی یہود نواز پالیسی پر احتجاج کیا گیا اور اعلان بالفور کی استرداد کا مطالبہ کیا گیا۔ (نامہ نگار)

سہراوہ (تحصیل خورجہ) مسلمانوں کے ایک جلسہ میں اعراب فلسطین کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا گیا اور برطانیہ کی پالیسی پر نفرت کا اظہار کیا گیا۔ (نامہ نگار)

لال موہن۔ ایک جلسہ مولوی کریم بخش صاحب کی صدارت میں جامع مسجد ...

گذارش ضروری

عمال بلدیہ توجہ فرمائیں

ہندو ہیڈ ماسٹر کی شرارت

سرحد میں آتشبازی کا جنازہ

انجمن قریشیان اکوڑہ خٹک کے زیر اہتمام ایک جلسہ زیر صدارت سجادہ نشین اکوڑہ منعقد ہوا جس میں آتشبازی کے خلاف حاجی عبد القیوم صاحب مولانا عبد الحق فاضل دیوبند اور مولانا محمود الحسن سکریٹری انجمن تعلیم اسلام پشاور نے بصیرت افروز تقریریں فرمائیں اور یہ تجویز متفقہ منظور ہوئی کہ آتشبازی کا جنازہ نکالا جائے اور اسکو دریائے لنڈہ میں بہا دیا جائے چنانچہ تمام قصبہ کی آتشبازی جمع کی گئی اور دوسرے روز دریا برد کر دی گئی۔

(محمد حسین نائب صدر انجمن قریشیان اکوڑہ خٹک)

آل انڈیا بلوچ کانفرنس کا اجلاس

بلوچستان اینڈ آل انڈیا بلوچ کانفرنس کا دوسرا سالانہ اجلاس زیر صدارت ہز ہائی نس نواب صاحب خیرپور (سندھ) ۲۶-۲۷-۲۸ دسمبر ۱۹۳۶ء کو بمقام حیدرآباد سندھ منعقد ہوگا جس میں بلوچستان اور بلوچیوں کی ترقی اور تحفظ حقوق پر غور و خوض کیا جائیگا۔

(خان عبد الصمد خان اچکزئی گلستان بلوچستان)

میونسپل بورڈ میں کامیابی

جناب مولوی حافظ صبیح الدین صاحب سوداگر اسلحہ صدر بازار میرٹھ کو امسال جدید انتخاب میونسپل بورڈ میں شاندار کامیابی ہوئی ہے ...

بخاری شریف کا ترجمہ مفت

یو۔پی میں آتشبازی اور حلوا خوری کا انسداد

مولانا حاجی محمد الیاس صاحب کی مساعی سے امسال اورنگ آباد۔ سرائے جمیلہ۔ عزیز آباد۔ ببر ... مالکہ۔ بلند شہر۔ اکبرپور۔ کمال پور۔ غیاث پور ... رحانم آباد۔ کرلیہ۔ اچھیجہ۔ بنگلہ۔ سرادو ... وغیرہ قصبات و دیہات کے مسلمانوں نے آتشبازی اور حریہ اور حلوا خوری سے توبہ کی اور آئندہ کے لئے محترز رہنے کا وعدہ کیا نیز قربانی پر جو انات ... مٹھائی چڑھائی اور تقسیم کی جاتی تھی وہ بھی بند کر دی گئی۔

(حاجی عبد الوحید خاں خورجہ)

مولانا مبارک حسین صاحب کا تبلیغی دورہ

مولانا مبارک حسین صاحب ناظم مدرسہ دار العلوم میرٹھ نے یو۔پی۔ بہار اور کلکتہ کا تبلیغی دورہ فرمایا۔ کلکتہ کے گرد و نواح میں مولانا موصوف کی تقاریر ہوئیں لوگوں نے ... بدعت اور الحاد سے توبہ کی بارک پور کے جلسہ میں آپ نے اسلام اور سائنس کے موضوع پر ایک زبردست تقریر فرمائی کہ جدید طبقہ کے اوہام فاسدہ کا حلقہ منہدم ہو گیا۔ آپ نے قادیانی ...

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ الجامعہ

منیجر رسالہ الجامعہ مونگیر

ولفریبی حسن کا راز

دی امپیریل سٹورز ... قصور پنجاب

ڈاکخانہ کے استعمال شدہ معمولی ٹکٹوں ...

پانچ سو روپیہ انعام

مادر وطن کا آغوش بچا سے پہلے ...

آتنک نگرہ گولیاں

اعلیحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تالیف کردہ قرآن مجید کا

غریبوں کا قرآن مجید معرا

ان قرآن مجیدوں کے علاوہ ہر قسم کی حمائل شریف و قرآن شریف معرا و مترجم ملتے ہیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

عید کی ضرورت کا بہترین تحفہ

قلیل سرمایہ سے کثیر منافع ملیگا



معجون شباب آور



دواخانہ ... دہلی

ایم اے رفیع ناجر عطر ... رو ... دہلی کے خاص اور اعلیٰ قسم کی بیل موتی کے تیار کردہ خوشبودار تیل اور پائیدار خوشبو عطریات خرید فرمائیں!!

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

الجمعیۃ

سہ روزہ — دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

ممالک غیر کے لئے

تاریخ چھپائی اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مسئول منیجر: ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

جلد ۱۸ | دہلی یوم شنبہ ۲۷ شعبان المعظم ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۶ دسمبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۴۲

معاصرین کے افکار و آراء

ہندوستانیوں کے اختیار کی بات (البشیر)

باوجود یکہ ہندوستان زراعتی ملک ہے لیکن تعجب کا مقام ہے کہ آج ہندوستان دوسرے ممالک کی زراعتی پیداوار کا مقابلہ کرنے سے قاصر ہے۔ ملک میں اگرچہ عام خواہش سوراج حاصل کرنے کی ہے لیکن بہت سے لوگ سرکاری ملازمتوں کے حصول کے لئے آپس میں لڑتے مرتے ہیں اور اختیارات اور اسمبلی کی نشستوں کے حصول کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں لیکن یاد رکھنا چاہئے کہ جب تک باشندگان ملک ہاتھ کے بنے ہوئے کپڑے اور دوسری چیزوں کا استعمال اپنے اوپر لازم نہ کر لیں گے۔

اس وقت تک نہ ملک اور قوم کے غریب لوگوں کی بیکاری دور ہو سکتی ہے اور نہ ملک کے روز افزوں افلاس میں کمی ہونا ممکن ہے۔ ...

پنڈت جواہر لال نے فرقہ پرستی کے خلاف جو جہاد شروع کیا ہے اس نے ملک میں ایک نئی فضا پیدا کر دی ہے اور یہ فضا فرقہ وارانہ مسئلے کے حل کے لئے یقیناً زیادہ مفید ثابت ہوگی۔ اگر پنڈت جواہر لال فرقہ پرستی کا ... قابل تحسین کوشش کے ساتھ ساتھ ہندو مسلم اتحاد کے لئے کوئی تعمیری سعی شروع کریں تو ہمیں یقین ہے کہ ان کی کوشش کا اسی طرح خیر مقدم کیا جائے گا جس طرح ان کے فرقہ پرستی کے جہاد کا کیا جا چکا ہے۔

ہم اور وہ (رشید)

افسوس ہے کہ مسلمان اجتماعی طور پر اپنی موٹی موٹی ضروریات کا احاطہ ... [illegible]

برطانیہ کی ہوائی طاقت (مدت)

... برطانیہ کے مدبرین تخفیف اسلحہ کانفرنس کے ... مارنے میں مصروف ہیں ... برطانیہ کی ہوائی طاقت کسی سے کسی طرح کم نہ رہے۔ چنانچہ حال ہی میں لارڈ لنڈنڈری نے فرمایا ہے کہ برطانیہ دنیا کی چار بڑی حکومتوں سے فضائی قوت میں بہت پیچھے ہے اور اس لئے برطانیہ ایک بڑے خطرے میں ہے۔ آپ نے فرمایا کہ تخفیف اسلحہ کے سلسلے میں برطانیہ تنہا قربانی نہیں کر سکتی۔

لارڈ لنڈنڈری نے جو کچھ فرمایا وہ بالکل درست اور معقول ہے۔ لیکن لارڈ صاحب کو یہ بھی سمجھ لینا چاہئے کہ اضافہ قوت کی اسکیمیں دوسرے ممالک بھی بنانا اور ان پر عمل کرنا جانتے ہیں۔ برطانیہ کی دیکھا دیکھی وہ بھی اپنی ہوائی قوتوں کو ترقی دینے میں کوشاں ہوں گے اور اس طرح ممالک عالم میں "ترقی کی دوڑ" کا مقابلہ شروع ہو جائے گا۔ اب ظاہر ہے کہ اس دوڑ میں تخفیف اسلحہ کانفرنس غریب پاؤں کے نیچے کچل کر رہ جائے گی۔

"فرقہ وار جنگ کبھی اتحاد پیدا نہیں کر سکی۔ اس جنگ کا نتیجہ ہمیشہ شکست ہوتا ہے اور شکست کے معنی باہمی اعتبار اور اتحاد کا فقدان ہے۔"

ایک اور موقع (اجمل)

ہمارے خیال میں تو اس وقت ہندو مسلم سمجھوتے کے موقع بہ نسبت سال گزشتہ کے کہیں زیادہ ہیں۔ اب یہ بات طے شدہ سی ہو گئی ہے کہ حکومت برطانیہ ہندوستان کے مطالبہ آزادی کو کسی معقول حد تک تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہے ... ایسی حالت میں کوئی وجہ نہیں کہ ہندو اور مسلمان لیڈر پھر ایک بار اس مسئلہ کو آپس میں حل کرنے کی کوشش نہ کریں۔

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

فرار ہونے کے بعد افریقہ میں عبدالرحمٰن کا قیام

اسپین کی دوبارہ فتح اور بغاوتوں کا استیصال

گورنر افریقہ سے تصادم

گزشتہ الجمعیۃ میں عبدالرحمٰن بن معاویہ کے دریا پار ہونے کا واقعہ لکھا جا چکا ہے آج آگے ملاحظہ فرمائیے۔

عبدالرحمٰن ... [illegible]

گورنر افریقہ سے تصادم

... [illegible]

اسپین کو عبدالرحمٰن کی روانگی

... [illegible]

جنگ کی تیاریاں

اسپین میں عبدالرحمٰن کی آمد کا ایک شور بلند تھا اور مسلمانوں کی طرح ہر شخص اس کی آمد کو بھی حیرت و استعجاب کی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔ بالآخر عبدالرحمٰن ساحل اسپین پر اترا ... جاں نثاروں کو جنگ کے قابل بنا دیا۔

قرطبہ پر حملہ

الغرض برسات ختم ہونے کے بعد موسم بہار میں لڑائی کا رنگ جمنا شروع ہوا۔ سب سے پہلے عبدالرحمٰن ...

منہاج خلافت سے اعراض کا نتیجہ

لیکن اس کے ساتھ یہ ضرور یاد رکھنا چاہئے کہ جس حکومت اور سیاست کی بنا خاتم المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم نے ڈالی تھی اور جس منہاج پر فاروق اعظم نے گورنمنٹ آف اسلام کو چلایا تھا اسی بنیاد پر اگر بعد کے خلفاء و سلاطین بھی اپنی سیاست کی تعمیر کرتے تو ... کتاب و سنت سے اور خاص اور منہاج خلافت سے اعراض ہے۔ اگر مسلمان آج بھی باوجود خدا تعالیٰ کے اللہ کی کتاب اور رسول اللہ کے اسوہ حسنہ کی اتباع کو فی شروع کر دیں ...

ضروری گزارش

خریداران الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کے وقت اپنا نمبر خریداری کا (جو کہ آپ کے نام سے پہلے چٹ کے شروع میں لکھا ہوا ہوتا ہے) حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف ہو۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

صحت نما قرآن مجید کا رعایتی اعلان

جو دیدہ زیب، علماء کا پسندیدہ، ۲۷ سطری نہایت صحیح سستا اور مع اختلاف قراءۃ ہے

یہ تمام ہندوستان میں مقبولیت کی نظر سے دیکھا جا رہا ہے اور ہندوستان کے ہر مکتب میں پڑھایا جانے لگا ہے

میرا عرصہ سے خیال تھا کہ ایک ایسا معترا قرآن مجید چھاپا جائے کہ بچے قاعدہ ختم کرنے کے بعد ہی صحیح قرآن مجید آسانی سے پڑھ لیا کریں ... [illegible]

منجانب محمد شفیع الدین اینڈ سنز تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

منزل ۱ — البقرۃ ۲ — ۴۶

مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ
مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةًۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ
اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ
قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ
يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ
فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ① وَلَمَّا
بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا
وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ② فَهَزَمُوْهُمْ
بِاِذْنِ اللّٰهِ ۣ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَ
الْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَاۗءُ ۭ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ
بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ ۙ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ
عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ③ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ
وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ④

یہ صحت نما معریٰ ۲۷ سطری قرآن مجید کے ایک صفحہ کا نمونہ ہے ...

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

تفسیر مظہری — مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی کی مشہور تصنیف تفسیر مظہری کے پہلے دو پارہ الم و سیقول کی صرف چند جلدیں باقی رہ گئی ہیں عربی زبان میں قاضی صاحب نے قرآن پاک کی بڑی خدمت انجام دی ہے۔ طلباء عربی کو خصوصیت سے فوری توجہ کرنے کی ضرورت ہے اگر غفلت کی گئی تو کف افسوس ملنا پڑے گا۔ قیمت ہر دو پارہ (عہ)

سوانح عالمگیر — اس کے پڑھنے سے سوانح عالمگیر اور اس کے تدبر علمی قابلیت اور انکی نظام کا پورا نقشہ آپ کے سامنے آ جائے گا۔ قیمت ۱۴

ابدی نجات — میں آریہ سماج کے بانی دیانند جی کی دس میلاد کے نہایت مدلل اور تحقیقی جواب جو ستیارتھ پرکاش میں نجات کے محدود اور عارضی ہونے پر اعتراض کیا گئے ہیں۔ قیمت ۳

صراط مستقیم — یہ اسم بامسمیٰ کتاب ہر مسلمان کی رہنمائی کا کافی ذریعہ ہے قیمت صرف ایک روپیہ (عہ)

دلائل الخیرات — اوراد و وظائف کی مشہور اور بہترین کتاب قیمت ۱ مجلد چرمی عہ

کتاب الاشارات — اسلام کے مشہور فلاسفر شیخ بو علی سینا کی وہ مشہور عربی تصنیف جو مولوی فاضل کے درسیات میں داخل ہو چکی ہے قیمت ۱۲

خطبہ صدارت — شیخ المحدثین حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب ...

اعجاز القرآن — حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی کی معرکۃ الآراء تقریر جس میں آپ نے وحی الٰہی کی ضرورت اس کے مدارج معجزہ اور اس کی حقیقت کی تفصیل بیان فرماتے ہوئے مدلل طور پر بتایا ہے کہ قرآن پاک بذات خود ایک معجزہ اور وحی آسمانی ہے اس کے بعد کسی کو اس میں شبہ کرنے کی گنجائش باقی نہیں رہتی اس کے پڑھنے سے قرآن پاک کے حقائق و معارف کا دروازہ آپ پر کھل جائے گا۔ کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ قیمت ۱۴

تعلیم الاسلام — ... مفتی محمد کفایت اللہ صاحب ... اسلامی مسائل ... سوال و جواب کے پیرایہ میں ... [illegible]

حیات محمود و سفرنامہ اسیر مالٹا — ... [illegible]

فتاوی رشیدیہ — ... [illegible]

تحفۃ الصبیان — ... [illegible]

علم الکلام — ... [illegible]

سیرۃ الحبیب — ... [illegible]

خاموش تبلیغ — ... [illegible]

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادت مند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرما دیا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا۔ اور کن اچھے اعمال کی بناء پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کر کے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کر دیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعید کے متعلق احادیث ہیں اس کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی ہے اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے ... [illegible]

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۲۷ شعبان المعظم ۱۳۵۲ہجری

سر محمد اقبال کی پیشکش

پنڈت جواہر لال نہرو اور گاندھی جی کا جواب

سر محمد اقبال نے لندن کے واقعات کا حوالہ دینے اور ان پر بحث کرنے کے بعد اپنے بیان میں لکھا تھا کہ -

"مسٹر گاندھی کو آغا خاں کے آج سے دو سال قبل جو پیشکش کی تھی وہ آج بھی اسی طرح موجود ہے - اگر پنڈت جواہر لال نہرو کی قیادت میں ہندو اور کانگریس ان تحفظات پر رضامند ہو جائیں جو مسلمان ایک آل انڈیا اقلیت کی حیثیت سے اپنی حفاظت کے لئے ضروری سمجھتے ہیں تو مسلمان قوم اب بھی اس کے لئے تیار ہوگی کہ جنگ آزادی میں اکثریت والی قوم کے پیچھے لگی ہوئی چلی جائے - لیکن اگر وہ ایسی پیشکش کو منظور نہیں کر سکتے تو انہیں مسلمانوں کو رجعت پسندی کا الزام نہیں لگانا چاہیے"

آل پارٹیز مسلم کانفرنس

پنڈت جواہر لال نہرو پر اتہام

خلافت کمیٹی صوبہ دہلی

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

آل پارٹیز مسلم کانفرنس

منتظمین جمعیۃ علماء ہند کی شرکت

"آتشبازی" اور مسلمان

شذرات

جمعیۃ اقوام کی جدید تنظیم

یمن اور حجاز کی جنگ اور جزیرۃ العرب کا مستقبل

امام یحییٰ کا مکتوب امیر شکیب ارسلان کے نام

عربی اخبارات اس جنگ کی ذمہ داری برطانیہ اور اٹلی پر عائد کر رہے ہیں

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

مصری اخبارات میں خبریں شائع ہو رہی ہیں کہ امام یحییٰ والی یمن اور جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کے درمیان جنگ چھڑ گئی ہے یہاں تک کہ یمنی افواج نے نجران پر قبضہ کر لیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ یمن اور حجاز دونوں عربی اور اسلامی ملک ہیں اور ان کا تصادم نہ صرف اہل عرب کے لئے ہلاکت کا موجب ہے بلکہ تمام عالم اسلامی ان خونریز جنگوں سے مضطرب ہو گیا ہے کیونکہ جزیرۃ العرب میں یہ جنگ صرف عربوں کی جنگ نہیں ہے بلکہ مغرب کی دجالی حکومتوں کا ایک جادو ہے جو عرب پر تسلط جمانے کے لئے پھونکا گیا ہے۔

جنگ کا مبنیٰ اور امام یمن کے مطالبات

جنگ کی خبریں آ رہی ہیں مگر مکہ مکرمہ کا سرکاری اخبار "ام القریٰ" خاموش ہے یمن کے اخبار بھی تقریباً خاموش ہیں اور جنگ کی سرکاری طور پر تصدیق نہیں کرتے - جزیرۃ العرب کے ان دو جلیل القدر اماموں میں جنگ کا باعث یہ ہے کہ امام یمن خلاف قاعدہ سعودی حکومت سے ادریسی علاقوں کی واپسی کا مطالبہ کر رہے ہیں اور عسیر اور تہامہ کو زبردستی حکومت یمن سے ملحق کرنا چاہتے ہیں۔ اس پر بس نہیں بلکہ امام یحییٰ نے حجازی وفد کے سامنے اپنا یہ مطالبہ بھی پیش کر دیا ہے کہ سعودی حکومت شمالی نجران کا حصہ بھی یمن خالی کر دے اور اس کی تیادت و سیاست سے دستبردار ہو جائے - ظاہر ہے کہ امام یمن کے یہ مطالبات سراسر غیر معقول و بین الاقوامی قوانین کے خلاف ہیں

امام یمن کا وعدہ اور احتجاجات کا تسلی بخش جواب

امام یحییٰ اور امیر شکیب ارسلان

یمن کے اخبار "الایمان" کا اعلان

اس جنگ میں مغربی طاقتوں کا ہاتھ ہے؟

بھائی پرمانند کے غیر شریفانہ حملہ کا جواب

ہندو لڑکی کا "اغوا" یا "قبول اسلام"

پنڈت جواہر لال نہرو کی تصریحات

حیدر آباد ۱۰ دسمبر - ایک ہندو لڑکی کے مفروضہ اغوا کے سلسلہ میں بھائی پرمانند اور پنڈت جواہر لال نہرو کے درمیان مندرجہ ذیل خط و کتابت ہوئی ہے: -

دفتر بھائی پرمانند دہلی ۲۴ نومبر ۱۹۳۳ء

مائی ڈیر پنڈت جی! آپ نے احمد آباد میں جو تقریر کی تھی ... کے ذریعہ سے دہلی بھیج دیا گیا۔

جذبات کا اظہار کر دے اور بھائی سے جو بات ہے وہ اسے بتا دینی چاہئے۔ ... آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اس کو کوئی اہمیت نہ دیں - میں اسے ذرہ برابر بھی اہمیت نہیں دیتا -

آپ کا مخلص

جواہر لال

پنڈت جواہر لال نہرو کا جواب

(بسلسلہ صفحہ ۵ کالم ۲)

یہودیوں کے ہاتھ زمینیں فروخت کرنے والے مجرم ہیں

علامہ سید رشید رضا کا فتویٰ

علماء مصر کی تازہ تصنیفات

حجاز میں پٹرول نکالنے کا کام شروع ہو گیا

فلسطین کے تین عربوں کو سزائیں

ریڈیو کے ذریعہ قرآن کریم کی سماعت!

شرق اردن اور فلسطین کو ایک کرنے کا ارادہ

کیا امیر عبداللہ تخت فلسطین کے مالک ہونگے؟

ماہ رمضان المبارک میں عظیم الشان رعایت

صرف طلباء اور غیر مستطیع حضرات فائدہ اُٹھائیں

ان بے شمار درخواستوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے جو الجمعیۃ کے سالانہ چندہ میں رعایت کے متعلق مدارس اسلامیہ کے طلباء اور کتب خانوں کے منتظمین، اور علمی و مذہبی اداروں کے عہدہ داروں اور دیگر غیر مستطیع حضرات کی طرف سے موصول ہوتی رہتی ہیں۔ ادارۂ الجمعیۃ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ آج کی تاریخ سے ماہ رمضان المبارک کے اختتام تک مدارس اسلامیہ کے طلباء اور ایسے اہل ذوق حضرات کو جنہیں الجمعیۃ کے ساتھ دلچسپی ہے اور جو اس کی علمی و مذہبی ہدایت اور اس کے قوم پرورانہ مسلک کو پسند کرتے ہیں مگر اپنی اقتصادی حالت کے باعث پوری قیمت ادا کرنے سے مجبور ہیں رعایتی قیمت پر الجمعیۃ کا سالانہ خریدار بنا لیا جائے چنانچہ اس فیصلہ کے مطابق

اعلان

کیا جاتا ہے کہ جو حضرات مذکورہ بالا شرائط کو پورا کرتے ہونگے اور اس مدت معینہ کے اندر سال بھر کی خریداری کیلئے درخواست ارسال فرمائیں گے انہیں الجمعیۃ کا سالانہ چندہ بجائے چھ روپیہ (ستے ر) کے صرف چار روپیہ بارہ آنے (للعہ) ادا کرنا پڑیگا اس رعایت سے فائدہ اٹھانے والوں کو یہ امر ملحوظ خاطر رہے کہ وی۔ پی منگانے میں سراسر ان ہی کا نقصان ہے اور اگر وہ اپنے آپ کو اس رعایت کا مستحق سمجھتے ہیں تو انہیں خواہ مخواہ ڈاکخانہ کو چار آنے اپنی جیب سے نہیں دینے چاہئیں بلکہ منی آرڈر کی کوپن پر اپنا نام اور پتہ خوشخط لکھ کر ایک گوشہ میں رعایت کا لفظ لکھ دینا چاہئے اور للعہ کا منی آرڈر دفتر کے پتہ پر کر دینا چاہئے۔ یہ رعایت یکم شوال ۱۳۵۲ھ کو ختم ہو جائیگی اسلئے اس تاریخ سے قبل ہی درخواست بھیجدی جائے۔

مینیجر "الجمعیۃ" بلیماران دہلی

حوادث فلسطین پر امام یحییٰ کا تاثر

بجنۃ الدفاع عن فلسطین کے نام جلالۃ الامام یحییٰ والی یمن کا ایک تار موصول ہوا ہے جس میں جلالۃ الامام نے فلسطین کے واقعات پر اپنے رنج و الم کا اظہار فرمایا ہے اور وعدہ فرمایا ہے کہ ان واقعات کے انسداد کے لئے آپ اسلامی عرب سے گفت و شنید کرینگے اور فلسطین کیلئے بہتر تدابیر اختیار کرنے کی کوشش کریں گے۔

نجف اور مکہ مکرمہ کے درمیان سڑک

حکومت عراق نے زائرین حجاج کی سہولت کے لئے نجف اور مکہ مکرمہ کے درمیان سڑک نکالنے کی اجازت دیدی ہے تاکہ حجاج کی موٹریں آسانی سے آمد و رفت کر سکیں حکومت نے انجینیروں کو حکم دیدیا ہے کہ وہ ابتدائی کارروائی کا آغاز کر دیں اور مصارف کا تخمینہ حکومت کے سامنے پیش کریں۔

یہودیوں سے مال خریدنا حرام ہے

فلسطین کے علماء نے ایک فتویٰ صادر کیا ہے جس میں مذکور ہے کہ یہودیوں کا مال و اسباب خریدنا یا ان لوگوں سے خرید و فروخت کا معاملہ کرنا جو یہودیوں کے معاون ہیں مسلمانوں کے لئے حرام ہے۔

عراق کیلئے جنگی طیاروں کی تعمیر

معلوم ہوا ہے کہ حکومت عراق نے برطانیہ کی معرفت بہت سے ہوائی جہاز بنوانے کا آرڈر دیا ہے - یہ ہوائی جہاز نئی طرز کے ہونگے جن میں مشین گنوں کے لئے بھی جگہ ہوگی - یہی جہاز بمباری کا کام بھی انجام دے سکیں گے۔

مقدمہ سازش پنجاب کا فیصلہ سنا دیا گیا

سزائے موت ـ کالاپانی ـ اور سات سات تک کی سزائیں

وائسرائے کی ٹرین کو بموں سے اڑانے اور پولیس افسر کو ہلاک کرنے کے الزامات

لاہور ۱۴ دسمبر ـ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ کل مقدمہ سازش پنجاب کا فیصلہ سنا دیا گیا ـ امرت سنگھ اور گلاب سنگھ کو سزائے موت اور جہانگیر لال اور کندن لال کو عمر قید کی سزا دی گئی اور پانچ اشخاص کو بری کر دیا گیا ...

امام یحییٰ والی یمن نے برطانیہ کو جنگ کا الٹی میٹم دے دیا

حدود یمن پر برطانوی طیاروں کی پرواز اور بمباری کی دھمکی

"اگر ایک بم بھی پھینکا گیا تو برطانیہ کے خلاف اعلان جنگ کر دیا جائے گا"

اسپین میں بغاوت ـ عام جنگ اور خونریزی

خانقاہوں اور گرجا گھروں کو آگ لگا دی گئی

ایکسپریس ٹرین کو بم سے اڑا دیا گیا

یورپ اور امریکہ میں برف باری

دریائے ٹیمز جم گیا ـ سینکڑوں انسان ہلاک

مسلم لیگ کے اجلاس کا مطالبہ

کالج اور یونیورسٹیاں مستقل بیماریاں ہیں

غیر ملکی زبان میں تعلیم کے نقائص

جرمنی میں ایک مفید قانون کا نفاذ

یو پی کونسل میں حکومت کی شکست

لارڈ اروِن اور جارج لانسبری کو حادثہ

بھائی پرمانند ڈھیلے پڑ گئے

تخفیف اسلحہ کانفرنس کا التوا

مکان کی چھت پر بم پھٹ گئے

مشاعرہ بازوں کے جلسہ میں کھلبلی

دہشت انگیزی کے الزام میں ایک نوجوان گرفتار

مسلمانوں کی جنگ میں دو ہلاک

نومبر میں برطانوی مال کی درآمد میں اضافہ

جمعیۃ علماء کانپور کا اجلاس

ڈاک کے تھیلہ پر ڈاکہ

گاڑیوں کا انجن سے تصادم

تحریک سرحد اور پنڈت جواہر لال نہرو

چار نوجوان گرفتار

ایک پروفیسر خاتون گرفتار

تخفیف اسلحہ کانفرنس کی لاش پر احتجاج

ہر قسم کے کھدر پر چنگی معاف

شب برات میں آتش بازی کی برکتیں

طیارہ ٹوٹنے سے ۵ افراد ہلاک

گاندھی جی کی طرف سے سر محمد اقبال کے بیان کا جواب

گول میز کانفرنس کے مطالبات کی تشریح اور اقلیتوں کا مسئلہ

ڈاکٹر انصاری کو بلانے سے مسلم کانفرنسیوں کی پہلو تہی

دہلی میں پنڈت جواہر لال نہرو کی تقریر

بیس ہزار انسانوں کو پیغام حریت

ریاستوں اور فرقہ پرستوں کی شدید مذمت

دار الحکومت

اگر جیل گیا تو وہاں قرآن کریم حفظ کروں گا

طلباء اور مہتمن لیڈروں سے گاندھی جی کی گفتگو

حکومت انقلابی تحریکات کا سر کچل کر رہے گی

کمشنر بردوان کا تہدیدی اعلان

حکومت اور کانگریس کا اجلاس

غیر ملکی طاقت کو کلیم نہیں بنایا جا سکتا!

فلسطین میں مہاجرین کے سیلاب کا انتظام

ایران کے مقابلہ میں برطانیہ کی شکست

جعلی ٹکٹ سے سفر کرنے والا گروہ گرفتار

شہید نادر خاں کے ایک شیدائی کی خودکشی

سیاہ جھنڈیوں والوں کا استقبال

دیہات میں عام لگان کا پروپیگنڈہ

عراق میں اجنبی عہدیداروں کی برطرفی

چار مقامات میں فوجی دستوں کا تعین

دہلی میونسپل انتخاب اور خواتین

مسلمانان انگلستان کیلئے چالیس ہزار روپیہ

بھینس کی ٹکر سے انجن لائن سے اتر گیا

کالجوں کے طلباء نے سڑکوں پر جھاڑو لگائی

گرم تارکول میں گر کر ہلاکت

گاندھی جی آٹھ لاکھ روپیہ وصول کریں گے

مسلمان سب کچھ ہیں مگر موقع شناس نہیں

علمائے ربانی اور علمائے سو میں امتیاز کرو

دین کی حفاظت کے ساتھ ساتھ علم و علماء کا وجود جس قدر ضروری ہے اس کا اندازہ باخبر حضرات خوب کر سکتے ہیں ہندوستان میں مذہبی و ملی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے علماء کا وجود از بس ضروری ہے

(مولانا) حافظ عنایت اللہ ازدہلی

دار العلوم دیوبند میں ایک ملی جلسہ

مدرسہ سعیدیہ عزیزیہ دہلی کا سالانہ جلسہ

مسلمانوں کو ملی ترقی کیلئے میدان عمل

دار العلوم ندوۃ العلماء کی مسجد کی تکمیل

(سید علی نقی ناظم ندوۃ العلماء)

کتاب الحج والزیارۃ

مصفی

طب یونانی کا تازہ کرشمہ

انسان کی زندگی کا دار و مدار خون پر ہے خون اگر خراب ہو گیا ہے تو آدمی کی تندرستی قائم نہیں رہ سکتی ہندوستانی دواخانہ دہلی مصفی ایجاد کر کے تمام ملک کو مقابلہ کی دعوت دیتا ہے اور بلا خوف تردید دعوی کرتا ہے کہ صفائی خون کیلئے مصفی سے بہتر دوا آج تک نہ ایسا پیش کر سکا ہے نہ یورپ مصفی ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے اور مسیح الملک حکیم محمد اجمل خان صاحب کے مشورے سے جدید سائنٹفک طریق پر طیار کیا گیا ہے خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے ہر مرض کی تیر بہدف دوا ہے کھجلی، داد، پھنسیاں وغیرہ حتی کہ سوزاک، آتشک، اور جذام کا زہریلا مادہ بھی اس کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے نابود ہو جاتا ہے۔ اس کی خوراک ایک چائے کا ایک چمچہ ہے بلحاظ نفع مصفی درحقیقت اکسیر کی سی چیز ہے۔

قیمت بارہ خوراک کی شیشی ۱ روپیہ ۴ علاوہ محصول ڈاک۔

ترکیب استعمال:- ایک خوراک صبح اور ایک شام تھوڑے پانی میں ملا کر اور اگر مرض کا حدت زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی سے طلب کیجئے

پانچ سو روپیہ انعام

ڈاکٹری تیسری گانا کا کوکس

ابنوس غلام یا سیکنڈ کا کارخانہ





قلیل سرمایہ سے کثیر منافع

رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھایئے



تمام گھڑیاں اور ٹائم پیس ملنے کا پتہ ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس بازار چاندنی چوک نمبر ۳۱۵ شہر دہلی

اسلام کے دشمنوں کیلئے چیلنج عام

ڈاکٹر کا تار کو

نادر لیٹر سپلائنگ کمپنی تاجہ لاہور (پنجاب)

الجمعیۃ

خوشی ـــ اطمینان ـــ آرام

حاصل کرنے کیلئے کفایت شعاری سب سے ضروری امر ہے

Carlton Trading Co; The Premier House for British & American Cut Piece Goods, Hanuman Building, Elphinstone Circle Fort Bombay.

عید کیلئے سنہری موقعہ

بچت کرنا آپ کا فرض ہے

بمبئی کریسنٹ ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس ۱۲۸ فورٹ بمبئی۔

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ
سہ روزہ
ید اللہ علی الجماعۃ
دہلی

قیمت اخبار
ہندستان کیلئے
ممالک غیر کے لئے

تاریخ اشاعت
ہر مہینے کی ۵ ۹ ۱۳ …

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ … نصف صفحہ … ایک کالم …

مسئول منیجر
بلال احمد بہری (بی اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۸ | دہلی یوم چہارشنبہ ۳ رمضان المبارک ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۰ دسمبر ۱۹۳۳ء | نمبر ۴۳

قلوب کی تطہیر عالم کی تسخیر اور روحانی تکمیل کا مہینہ آ گیا!

قیام حکومت الٰہی اور حصول کمالات کیلئے مسلمان تیار ہو جائیں

رمضان المبارک باہمی سلوک اور غمخواری کا مہینہ ہے!

(از ادارہ)

نبوی خطبہ

خاتم المرسلین رحمۃ اللعالمین آقائے کونین سید الانبیاء صلے اللہ علیہ وسلم نے رمضان المبارک کے ... ایک خطبہ ارشاد فرمایا تھا جو آج بھی احادیث کی کتابوں میں درج ہے ... صحابہ کرام اور مومنین صادقین کو مخاطب کر کے فرمایا: ...

قیام امر الٰہی کی بشارت

وہ مبارک مہینہ ہے جس میں قرآن کریم کا نزول ہوا ... حکومت الٰہی کا اعلان ہوا ...

صبر و استقامت کی روح

روزہ اور تقویٰ

روزہ کی صورت و حقیقت

اعمال کی ترسیدی

معاصرین کے افکار و آراء

وطن یہود اور فلسطین (ہلال)

دنیائے سیاسیات کے اسٹیج پر کتنے ہی ڈرامے ہو چکے ہیں مگر فلسطین کے "وطن یہود" کے ڈرامہ کا پلاٹ بالکل انوکھا اور عدیم المثال ہے۔ برطانیہ کے ایک رکن وزارت لارڈ بالفورنے اس پلاٹ کو تیار کیا اور مجلس اقوام کی تھیٹریکل کمپنی نے اس کو نئے ساز و سامان کے ساتھ اسٹیج کر ڈالا۔ اس پلاٹ میں دنیا کے یہود کے لئے ایک "وطن" فلسطین میں قرار دیا گیا اور صیہونی یہود کے پرانے عقیدہ کے مطابق ان کے لئے ایک ایسا مرکز بنا دیا جہاں سے وہ قریب قیامت میں اپنی طاقت و اثر کو دنیا میں پھیلائیں گے۔ اس ڈرامہ کا نام اگر "وطن یہود" کی بجائے "حلوائی کی دوکان اور دادا جی کا فاتحہ" رکھا جاتا تو زیادہ مناسب تھا ...

کی بنیاد ڈالی تو اس کی حقیقت اچھی طرح ظاہر ہو گئی اور مسلمانوں نے خوب اچھی طرح دیکھ لیا کہ "کھلاڑیوں" کی یہ ٹیم "صرف اس لئے بنائی گئی تھی کہ گول میز کانفرنس کے "میدان" میں یہ حضرات اپنے اپنے جوہر دکھائیں اور نہ جہاں تک اسلام اور مسلمانوں کی خدمت کا تعلق ہے وہ تو اس سے ظاہر ہے کہ ان حضرات کے دلوں میں اسلام کے ادا مر و نواہی کا کتنا احترام ہے ...

آئرلینڈ آزاد ہو گا (حقیقت)

سیاسی گورکھ دھندا (منبر)

بنگالی کے نتائج (تیر)

آغاخانی غلط فہمی

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

حیات محمود سفرنامہ اسیر مالٹا

اسلامی دنیا کو خوب اچھا یہ حال ہے جو حضرت شیخ الہند کے نام نامی سے واقف نہیں جن حضرات کو آپ کی زیارت اور فیض صحبت کا موقع ملا ہے انہی کے قلوب اس کی کچھ قدر کر سکتے ہیں اسیر الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی جانشین حضرت شیخ الہند صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند نے حضرت کی زندگی کے کچھ صحیح واقعات مرتب کر کے سفر اور اسارت مالٹا اور مطالب انگریز کا مکمل نقشہ کھینچ کر رکھا ہے اس کتاب کے پڑھنے سے آپ کو حضرت شیخ الہند کے حالات زندگی کے علاوہ اور بہت سے علمی گوشوں پر عبور حاصل ہو گا مسلمانوں کیلئے اس کا مطالعہ از حد ضروری ہے صرف چند نسخے باقی رہ گئے ہیں اس کی قیمت ... صرف ۱۲ میں ملیگا۔

فتاویٰ رشیدیہ

حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے رشد و ہدایات اور ان کے تفقہ سے کون سا ایسا شخص واقف ہو سکتا ہے جس کو آپ کی شرف صحبت حاصل ہوئی ہو یا حضرت کے سامنے زانوئے ادب تلمذ کر کے آپ کے فیض ... فتاویٰ رشیدیہ تین حصوں میں جمع کیا گیا ہے جس میں قریب قریب ہر مسئلہ کو مدلل طریقہ پر بیان کیا گیا ہے ... قیمت ...

تحفۃ المحبین

مشتاقین زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے بہتر اور کیا موقع ہوگا کہ خود آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ پر عمل کر کے آپ کی زیارت ...

پاک زندگی

تعلیم الاسلام

مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کیلئے حضرت العلام مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی بہترین تصنیف جو کثرت سے اسلامی مدارس کے نصاب درس میں داخل ہو چکی ہے سوال و جواب کے پیرایہ میں نہایت مختصر طریقہ پر اسلامی معلومات کے دریا کو کوزہ میں بھر دیا ہے اس کتاب کے چار حصہ اور ایک قاعدہ ہے مکمل سٹ کی قیمت صرف چودہ آنہ ہے (۱۴؍)

اعجاز القرآن

حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی کی معرکۃ الآرا تقریر ہے جس میں آپ نے ... اس کے مدارج معجزہ اور اس کی حقیقت کی تفصیل بیان فرماتے ہوئے مدلل طور پر بتایا ہے کہ قرآن پاک بذات خود ایک معجزہ ... اس کے بعد کسی کو اس میں شبہ کرنے کی گنجائش باقی نہیں رہتی اس کے پڑھنے سے قرآن پاک کے حقائق و معارف کا دروازہ آپ پر کھل جائیگا کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ قیمت ۶؍

جنت اور دوزخ

ہر ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر مسلمان تمنا رکھتا ہے کہ دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرما دیا ہے کہ کن برے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب آلہی میں مبتلا ہو گا اور دوزخ میں ڈال دیا جائیگا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی احادیث کو جمع کر کے ان کا اردو ترجمہ دو حصوں میں شائع کیا ہے جس حصہ میں دوزخ کی وعیدیں متعلق احادیث ہیں اس کا نام دوزخ کا کھٹکا ہے اور جس میں جنت کی بشارت دی ہے اس کا نام "جنت کی کنجی" ہے دوزخ کے کھٹکے کی قیمت ایک روپیہ ... جنت کی کنجی کی قیمت ... تقسیم کرنے میں ... کاغذ کتابت اور طباعت نہایت اعلیٰ ہے۔

تفسیر مظہری

حضرت مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی کی مشہور تصنیف تفسیر مظہری ... عربی زبان میں ... قیمت فی پارہ ...

خطبہ صدارت

شیخ المحدثین حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب ... جمعیۃ علماء ہند کے ... اجلاس منعقدہ پشاور میں ... بحیثیت صدر اجلاس پڑھا تھا ... خطبہ جمعیۃ علماء ہند کے پلیٹ فارم پر نہیں پڑھا گیا ... اس کا مطالعہ بے حد ضروری ہے۔

سوانح عالمگیر

ابدی نجات

صراط مستقیم

علم الکلام

سیرۃ الحبیب

دلائل الخیرات

کتاب الاشارات

خاموش تبلیغ

ردکفر

خطبہ صدارت

علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۲۲، ۲۳، ۲۴ و ۲۵ ستمبر ۱۹۳۲ء ... ترجمہ اردو حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب ... قیمت ...

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا!

قرآن مجید

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا ہے بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب رح حضرت مولانا شیخ سعدی رح اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ اس قرآن شریف مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عنہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عہ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے دہلی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویسوں میں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت مقرر کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں۔ اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الٰہی میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ... قسم دوم حنا شدہ ... علاوہ محصولڈاک ... بلا جلد پارچہ ... چرم ...

ملنے کا پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۲ رمضان المبارک ۱۳۵۲ ہجری

حیات بخش اور تازگی کے ایام نوبہار

رمضان المبارک کی آمد

گزشتہ سالوں کی طرح امسال بھی رمضان المبارک کا مہینہ انقیاد اور روحانیت کی خوشخبری، رضاء الٰہی کی نوید اور اعمال کی برومندی کا پیغام لے کر آ گیا۔ ہاں وہ مبارک ایام آ گئے جن کے دامنوں میں خیر و برکت اور سعادت کے خزانے پوشیدہ ہیں اور جن میں عبودیت اور اخلاص کی پیشکش انسان کو قدوسیان عالم بالا...

جس اخلاق کی درستگی، اعمال کی آراستگی اور خیالات کی پاکیزگی کو زندگی کا نصب العین بنایا جاتا ہے اور تمام مخفی صلاحیتوں کی آبیاری کی جاتی ہے۔

عالمگیر تحریک

رمضان المبارک امت اسلامیہ کی ایک عالمگیر تحریک ہے جو اصلاح نفس، خدمت خلق، تعلیم قرآن اور اشاعت دین کے لئے مخصوص ہے...

روحانی اور سیاسی تاریخ

اصلاح نفس اور خدمت خلق

کالج اور یونیورسٹیاں

یورپ کی اسلحہ بندی

عرب میں جنگ

سر آغا خاں کا وزیر ہند

مرزائیوں کی تازہ اسلامی خدمت

مرزا قادیانی مدعی نبوت کو زمین دوز ہوئے ۲۵ سال گزر چکے ہیں مگر اس کی ذریت ہے آقا کے نقش قدم پر چلنے کی ہمیشہ کوشش کرتی رہتی ہے۔ مرزا علیہ ما علیہ نے باوجود ادعائے نبوت کے جن اخلاق عالیہ کا ثبوت دیا اس کے تصور سے دنیا کے تمام کذاب بھی شرما گئے۔ مرزا کا معاملہ تو اب منتقم حقیقی کے حوالہ ہو چکا ہے لیکن امت مرزائیہ اپنے پیشوا کی سنت کو زندہ کرنے میں برابر مصروف ہے...

برطانیہ کے کارخانوں میں رات دن اسلحہ سازی ہو رہی ہے۔ رشفیلڈ میں اسلحہ کا سب سے بڑا کارخانہ نہ صرف برطانیہ کے لئے متحرک ہے بلکہ مغرب کی متعدد حکومتوں کے لئے بھی اسلحہ تیار کر رہا ہے۔ مسٹر بالڈون نے دارالعوام میں تقریر کرتے ہوئے حال ہی میں فرمایا کہ برطانیہ اندازہ لگائے گا کہ اس کو بری اور بحری طاقتوں میں کس قدر اضافہ کی ضرورت ہے۔

مسٹر آرتھر ہنڈرسن جنیوا میں ایک نیا قدم اٹھانے والے ہیں وہ یہ کہ یا تو جرمنی اپنے اسلحہ میں تخفیف کرے یا برطانیہ کو اپنے اسلحہ میں اضافہ کی "باقاعدہ" اجازت دی جائے۔ برطانیہ کے کمانڈر کنگ نے فوجی محکمہ سے مزید بحری کشتیوں کی تعمیر کا مطالبہ کیا ہے مگر حیرت ہے کہ اس کے ساتھ ہی تخفیف اسلحہ کی کانفرنس کے لئے پھر اٹلی، فرانس اور جرمنی سے گفت و شنید جاری ہے! یہ ہیں وہ مغربی کمالات جن سے ہم غریبوں کو دھوکا بھی دیا جاتا ہے... یورپ کب نجات پائے گا۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اندریں مسئلہ کہ زید کا انتقال ہو گیا اپنے پسماندگان میں ایک لڑکا بالغ اور چار لڑکیاں منکوحہ چھوڑیں۔ لڑکا تین سال سے مفقود الخبر ہے۔ تقریباً ایک سال کے چند آدمیوں نے اس کو دیکھا بھی ہے اور وہ مکان پر نہیں آیا۔ زید نے مرنے سے پہلے کوئی وصیت نہیں کی۔ زید کا ایک حقیقی بھائی... زید نے تقریباً ۲۵ ہزار کی مالیت چھوڑی ہے۔ ازروئے شرع شریف زید کا ترکہ کیونکر تقسیم ہو گا۔ بینوا بالکتاب و توجروا یوم الحساب۔

الجواب

زوجہ	ابن	بنت	بنت	بنت	بنت	اخ حقیقی
۶	۱۴	۷	۷	۷	۷	م

بعد تقدیم ما یقدم علی الارث کے ترکہ زید کا اڑتالیس سہام پر تقسیم کیا جائے گا۔ ان اڑتالیس سہام میں سے چھ سہام زوجہ کو اور سات سات ہر ایک لڑکی کو چار لڑکیوں میں سے، اور چودہ سہام لڑکے کو ملیں گے...

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

جرمنی میں فن طباعت، فوٹو اور بلاک کی زبردست نمائش

لاہوری غلمدیوں کی افتراق انگیز روش، مسجد برلن کے اماموں کی جنگ

(الجمعیۃ کے نامہ نگار خصوصی مقیم برلن کے قلم سے)

نمائش کے ہال

یونیورسٹی برلن نے بہت سے عظیم الشان ہال صرف اس مقصد کے لئے تیار کر رکھے ہیں کہ ان میں ہر قسم کی نمائش ہوا کرے۔ چنانچہ تمام سال یہ سلسلہ جاری رہتا ہے کہ ان ہالوں میں کسی نہ کسی قسم کی نمائش ضرور ہوتی رہتی ہے۔ ان دنوں سنہ ۱۹۳۳ء کی آخری نمائش ... علم الطباعت اور بلاک کے کام کے لئے کی گئی...

ٹائپ رائٹر سے یا ہاتھ سے لکھ کر ... ہاتھ سے چھاپ کر قیمت صرف تین روپے ہے۔ ... چینی، عربی، ہندی، اردو، جاپانی، روسی، فارسی الغرض تمام دنیا کی زبانوں ... کام ہوتے ہیں...

صنعت فوٹو کے عجیب نمونے

فوٹو کی صنعت میں ترقی

بلاک کی صنعت کا ہال

صنعت طباعت کا ہال

ایک نو ایجاد پریس

(باقی مضمون صفحہ پر ملاحظہ فرمائیے)

قلوب کی تطہیر، علم کی تسخیر اور روحانی تکمیل کا مہینہ آ گیا!

(جریدہ صوفیہ اول)

روزہ اور حکم

انابت اور تطہیر قلوب کا مہینہ

رمضان المبارک کے ضروری مسائل

رویت ہلال، احکام سحری و افطاری اور روزہ کے شرائط

(از مولانا مولوی عظمت اللہ صاحب مہتمم جامعہ شرقیہ)

(۱) شعبان کی انتیسویں تاریخ رمضان کا چاند دیکھنے کی کوشش کرنا مسلمانوں پر واجب کفایہ ہے۔ اگر چاند دیکھ لیں تو صبح کو روزہ رکھیں اور اگر نہ دیکھیں تو روزہ نہ رکھیں بلکہ یہ خیال کر لیں کہ شعبان تیس دن کا تھا۔

(۲) رمضان کا چاند دیکھنے والے پر واجب ہے کہ اسی رات اس مقام کے لوگوں کو خبر کر دے بشرطیکہ وہ فاسق نہ ہو، اور اگر فاسق ہو تو واجب نہیں کیونکہ فاسق کی شہادت اکثر مقبول نہیں ہوتی۔ مگر بہتر اس صورت میں بھی یہی ہے کہ اپنے دیکھنے کی خبر بیان کرے، اور اگر کئی شخصوں نے دیکھا ہو تو کسی پر واجب نہیں۔ (در مختار، رد المحتار)

(۳) رمضان کے چاند کے متعلق صرف ایک آدمی کی خبر تین شرطوں سے معتبر ہو جاتی ہے۔ (۱) خبر دینے والا مسلمان، عاقل، بالغ ہو، فاسق نہ ہو۔ (۲) اپنے دیکھنے کی خبر دے۔ (۳) چاند نکلنے کی جگہ غبار یا ابر وغیرہ کی وجہ سے صاف نہ ہو کہ ہر شخص اسکو آسانی سے دیکھ لے۔ پہلی شرط اگر نہ پائی جائے تو اس کا قول معتبر نہ ہو گا، اور اگر دوسری شرط نہ ...

کیا گیا ہو تو روزہ صحیح ہے کیونکہ روزے کے صحیح ہونے میں طہارت شرط نہیں۔

(۳) دل سے روزے کا قصد کرنا۔ اگر کوئی شخص بے قصد بے ارادہ کچھ نہ کھائے اور تمام ان چیزوں سے بچے جن سے روزہ فاسد ہوتا ہے تو اس کا روزہ صحیح نہیں۔

نیت کے مسائل

(۱) رمضان کے ہر روزے میں نیت کرنا ضروری ہے، ایک روز نیت کر لینا تمام روزوں کیلئے کافی نہیں۔

روزے کے فرائض

روزے کے سنن

روزے کے مکروہات

ماہ رمضان المبارک میں عظیم الشان رعایت

صرف طلباء اور غیر مستطیع حضرات فائدہ اٹھائیں

ان بے شمار درخواستوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے جو الجمعیۃ کے سالانہ چندہ میں رعایت کے متعلق مدارس اسلامیہ کے طلباء، اور کتب خانوں کے منتظمین اور علمی و مذہبی اداروں کے عہدہ داروں اور غیر مستطیع حضرات کی طرف سے موصول ہوتی رہتی ہیں، ادارہ الجمعیۃ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ آج کی تاریخ سے ماہ رمضان المبارک کے اختتام تک مدارس اسلامیہ کے طلباء اور ایسے حضرات کو جنہیں الجمعیۃ کے ساتھ دلچسپی ہے اور جو اس کی علمی و مذہبی ہدایت اور اس کے قومی و سیاسی مسلک کو پسند کرتے ہیں مگر اپنی اقتصادی حالت کے باعث پوری قیمت ادا کرنے سے مجبور ہیں، رعایتی قیمت پر الجمعیۃ کا سالانہ خریدار بنا لیا جائے۔ چنانچہ اس فیصلہ کے مطابق

اعلان

منیجر الجمعیۃ بلیماران دہلی

آل انڈیا خلافت اور فلسطین کانفرنس کا اجلاس

تحقیقات کیلئے ایک وفد کو فلسطین روانہ کرنیکی تجویز

وائسرائے ہند کو مسلمانان ہند کے جذبات سے مطلع کیا جائیگا

لکھنؤ، ۱۸ دسمبر۔ کل صبح آل انڈیا خلافت اور فلسطین کانفرنس میں آخری فیصلہ ہوا کہ مسلمانوں کا ایک وفد فلسطین روانہ کیا جائے جو تحقیقات کے بعد فلسطین کے عربوں کے حالات کی بابت ... مسلمانان ہند کو آگاہ کرے اور اس کے بعد معاملات کو لندن کے برطانی وزراء کے روبرو پیش کیا جائے ... وائسرائے ہند سے ملے ... مسلمانان ہند کے جذبات سے آگاہ کرے ... آل انڈیا خلافت کی دوبارہ تنظیم کی جائے ...

کانفرنس میں ہندوستان کے بہت سے سربرآوردہ حضرات نے شرکت کی۔ کانفرنس میں فلسطین کے عربوں کی حالت زار سے بہت زیادہ ... مولانا حفظ الرحمن صاحب نے مسلمانوں کو ہدایت کی ... جب قربانی کا موقعہ آئیگا ...

شاہ نادر خاں شہید کے قاتلوں کے مقدمہ کی سماعت

عبدالخالق اور محمود کو سزائے موت۔ اسحق اور عبداللہ کو عمر قید

عدالت اور سڑکوں پر ہجوم۔ قاتلوں پر عوام کے حملے

نئی دہلی ۱۸ دسمبر۔ قونصل جنرل افغانستان متعینہ دہلی کو کابل سے مندرجہ ذیل تار موصول ہوا ہے۔ کل عدالت شرعیہ کے ارکان کے روبرو شہید شاہ نادر خاں کے قاتل عبدالخالق اور اس کے تین ساتھی عبدالعد محمود اور اسحق کا مقدمہ پیش ہوا۔ مقدمہ کی سماعت صبح ... بجے شروع ہوئی اور ایک بجے دوپہر تک جاری رہی۔ عدالت میں لوگوں کا بے پناہ اژدہام تھا اور اس سڑک پر بھی بکثرت لوگ کھڑے ہوئے تھے جو عدالت کو جاتی ہے۔ عدالت نے عبدالخالق اور محمود کو سزائے موت اور اسحق اور عبداللہ کو عمر قید کی سزا دی گئی۔

سماعت کے دوران میں متعدد بار پبلک نے عبدالخالق اور اس کے ساتھیوں پر حملے کئے لیکن پولیس نے ملزمین کی حفاظت کی۔ پبلک کا مطالبہ تھا کہ چاروں ملزموں کو پھانسی دیجائے مگر پولیس نے اشتعال کو دبا دیا ...

دارالحکومت

ہندو مہاسبھا کی حمایت میں جلسہ

اتحاد کانفرنس سے اغراض و مقاصد پر گفتگو

کانگریسی رہنماؤں کی بے نتیجہ مشاورت

الاؤنس کی بجائے تنخواہ

دہلی میں سرخ پوسٹروں کی بابت

مہاراجہ پٹیالہ نے قاتل کو معاف کر دیا

مسلمانوں سے چھوت چھات پر گاندھی جی کا ارشاد

پنجابی لائبریری کا سالانہ جلسہ

صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند کی روانگی

تحریک دہشت انگیزی ہندو ذہنی تحریک ہے

مجلس مملکت میں ہوم سکریٹری کا بیان

استاد ازل کا رٹا ہوا سبق

وردہ ہندو پر آغا خاں کا ارشاد

سردار پٹیل کی رہائی کا مسئلہ

زائرین بیت اللہ کو اطلاع

جنرل جمال پاشا انصاری کا اعلان

ریزرو بنک کی ۱۳ دفعات منظور

سابق سلطان ترکی ہندوستان آئیں گے

ترکی میں مزدوروں کے متعلق قانون

لاہور کی سڑکوں پر ۱۳ ہلاک اور ۹۰ مجروح

سرکاری ملازم گاندھی جی کے جلسوں میں شریک نہ ہوں

دردانیال میں ترکی اور روسی نمائندوں کا ورود

ترکی کے استحکام پر غازی مصطفٰے کمال پاشا کا اظہار اطمینان

روس اور ترکی میں فوجی گفت و شنید؟

استنبول، ۱۸ دسمبر۔ غازی مصطفٰے کمال پاشا نے حال ہی میں انگورہ کی پارلیمنٹ کا افتتاح کیا ہے جس میں آپ نے تقریر کرتے ہوئے ترکی کی داخلی اور خارجی پوزیشن پر تبصرہ فرمایا اور ترکی کے استحکام پر اطمینان کا اظہار کیا۔ روسی نمائندہ وار اشلوف نے سرکاری طور پر ترکی کی دسویں سالگرہ کی تقریب میں شرکت کی جس پر غازی موصوف نے شاندار الفاظ میں اپنی خوشی کا اظہار فرمایا۔ عصمت پاشا وزیر اعظم ترکی نے ابھی گذشتہ سال ماسکو کا سفر کیا تھا اسی کے جواب میں روسی نمائندہ کا یہ ترکی کا سفر ہے۔ ترکی سیاسی مدبرین افسروں اور روسی نمائندہ سفر کیلئے روانہ ہوگئے ہیں جہاں سے وہ استنبول کیلئے جہاز پر سوار ہوں گے ... باخبر حلقوں میں خیال کیا جاتا ہے کہ روس اور ترکی میں فوجی گفت و شنید ہو رہی ہے ...

چینی افواج نے پانچ ہزار اشتراکیوں کو قتل کر ڈالا

دس سرخ فوجی افسر گرفتار۔ تین روز کی خونریز جنگ

ننگھائی ۱۸ دسمبر ... تین روز تک زبردست جنگ کی جس میں پانچ ہزار سرخ فوج کے سپاہی مارے گئے ... اور دس سرخ فوجی افسر گرفتار کر لئے گئے ہیں۔ چینی افواج نے بارود اور سامان جنگ بھی اپنے قبضہ میں کر لیا ہے۔

روس کو جاپانی حملے کا خطرہ

مشرقی صوبوں میں پیش بندیاں

وسط انگلستان اور امریکہ میں شدید برفباری

درجہ حرارت صفر سے بھی ۴۴ درجے نیچے اتر آیا

چینی قزاقوں نے ریگستان ٹرین پر حملہ کیا

جنگ عظیم سے فلسطین اور عراق کو فائدہ ہوا

امریکہ کو قرضہ جات کی ادائیگی

روس کے ایک قید خانہ میں آتشزدگی

چوکیدار اور قیدی جل کر مر گئے

رود بار انگلستان میں ایک جہاز غرق

"یہودیوں کی شکل سے نفرت ہے"

جرمنی جزیرہ سے یہودیوں کا اخراج

جمہوری لیڈر کو بم سے اڑانے کی کوشش

آئرلینڈ میں جمہوری فوج کا مظاہرہ ممنوع

لینن کا ایک ہزار فٹ بلند مجسمہ!

ملتان میں بھنگیوں کی ہڑتال

جرمنی کی جیل میں خودکشی

کانگریس کے پروگرام میں تبدیلی

مسٹر نریمان کا مکتوب کانگریسی لیڈروں کے نام

شفاعت احمد خاں اور مسلم کانفرنس

اتحاد کے دشمنوں کو شیخ عبدالمجید صاحب کا انتباہ

کانپور میں تلاشیاں اور گرفتاریاں

ڈاکہ کے الزام میں ۱۰ اشخاص گرفتار

انبالہ اور اڑیسہ کے سیلاب زدگان کی امداد

پشاور اور کوہاٹ چھاؤنیوں کے مکانات پر قبضہ

آل پارٹیز کانفرنس کا اجلاس

ریل گاڑیوں کا تصادم ۱۴ اشخاص ہلاک

لندن میں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے مناظر

ایک انگریز لیڈی کا پہلا کارنامہ

شاردا ایکٹ کے ماتحت سزائیں

اسپین میں جدید کابینہ کا انتخاب

برما میں زلزلے کے جھٹکے

آل انڈیا خلافت اور فلسطین کانفرنس کا اجلاس

تحقیقات کیلئے ایک وفد کو فلسطین روانہ کرنیکی تجویز

وائسرائے ہند کو مسلمانان ہند کے جذبات سے مطلع کیا جائیگا

شاہ نادر خاں شہید کے قاتلوں کے مقدمہ کی سماعت

عبدالخالق اور محمود کو سزائے موت۔ اسحٰق اور عبداللہ کو عمر قید

عدالت اور سڑکوں پر ہجوم۔ قاتلوں پر عوام کے حملے

نئی دہلی ۸ ار دسمبر۔ قونصل جنرل افغانستان مقیم دہلی کو کابل سے مندرجہ ذیل تار موصول ہوا ہے۔ کل عدالت شرعیہ کے ارکان کے روبرو شہید شاہ نادر خاں کے قاتل عبدالخالق اور اس کے تین ساتھی عبداللہ محمود اور اسحٰق کا مقدمہ پیش ہوا۔ مقدمہ کی سماعت صبح ۸ بجے شروع ہوئی اور ایک بجے دوپہر تک جاری رہی۔ عدالت میں لوگوں کا بے پناہ اژدہام تھا اور اس سڑک پر بھی بکثرت لوگ کھڑے ہوئے تھے جو عدالت کو جاتی ہے عدالت نے عبدالخالق اور محمود کو سزائے موت اور اسحٰق اور عبداللہ کو عمر قید کی سزا دی گئی۔

سماعت کے دوران میں متعدد بار پبلک نے عبدالخالق اور اس کے ساتھیوں پر حملے کئے لیکن پولیس نے ملزمین کی حفاظت کی۔ پبلک کا مطالبہ تھا کہ چاروں ملزموں کو پھانسی دیجائے مگر پولیس نے اشتعال کو روکا اور کوئی ناگوار حادثہ پیش نہیں آیا تمام افغانستان میں امن وامان ہے اور تمام کام حسب معمول انجام پارہے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ شاہ شہید کی ناگہانی شہادت پر ٹیلیفون کا جو کام رک گیا تھا وہ پھر جاری کر دیا گیا ہے اور کابل وہرات کے درمیان ٹیلیفون کی لائن مکمل ہوگئی ہے۔

دار الحکومت

اتحاد کانفرنس سے اغراض و مفاہمت گفتگو

جمعیۃ علماء ہند دہلی کی سب کمیٹی کا اجلاس

تحریک دہشت انگیزی ہندوؤں کی تحریک ہے

مجلس مملکت میں ہوم سکرٹری کا بیان

استاد ازل کا رٹا ہوا سبق

وردو ہندیر سر آغا خاں کا ارشاد

ہندو مہا سبھا کی حمایت میں جلسہ

کانگریسی رہنماؤں کی بے نتیجہ مشاورت

سر ذلیل بیت اللہ کو اطلاع

جنرل جمال پاشا انفاری کا اعلان

مسٹر پٹیل کی رہائی کا مسئلہ

الاؤنس کی بجائے تنخواہ

اسمبلی کے ممبران کا مطالبہ

دہلی میں سرخ پوسٹروں کی بابت

مہاراجہ پٹیالہ نے قاتل کو معاف کردیا

زرونبک کی ۱۳ دفعات منظور

ترکی میں مزدوروں کے متعلق قانون

سابق سلطان ٹرکی ہندوستان آئیں گے

لاہور کی سڑکوں پر ۱۳ ہلاک اور ۱۴۰ مجروح

مسلمانوں سے چھوت چھات پر گاندھی جی کا ارشاد

صدر ناظم جمعیۃ علماء ہند کی روانگی

پنجابی لائبریری کا سالانہ جلسہ

سرکاری ملازم گاندھی جی کے جلسوں میں شریک نہیں

دردانیال میں ترکی اور روسی نمائندوں کا ورود

ترکی کے استحکام پر غازی مصطفےٰ کمال پاشا کا اظہار اطمینان

روس اور ترکی میں فوجی گفت و شنید؟

استنبول، ار دسمبر۔ غازی مصطفےٰ کمال پاشا نے حال ہی میں انگورہ کی پارلیمنٹ کا افتتاح کیا ہے جس میں آپ نے تقریر کرتے ہوئے ترکی کی داخلی اور خارجی پوزیشن پر تبصرہ فرمایا اور ترکی کے استحکام پر اطمینان کا اظہار کیا۔

چینی افواج نے پانچ ہزار اشتراکیوں کو قتل کر ڈالا

دس سرخ فوجی افسر گرفتار۔ تین روز کی خونریز جنگ

روس کو جاپانی حملے کا خطرہ

مشرقی صوبوں میں پیش بندیاں

روم، انگلستان اور امریکہ میں شدید برفباری

درجہ حرارت صفر سے بھی ۴۴ درجے نیچے اتر آیا

کانگریس کے پروگرام میں تبدیلی

مسٹر نریمان کا مکتوب کانگریسی لیڈروں کے نام

شجاعت احمد خاں اور مسلم کانفرنس

اتحاد کے دشمنوں کو شیخ عبدالمجید صاحب کا انتباہ

چینی قزاقوں نے ٹرین پٹری سے اتاری

متعدد مسافر ہلاک اور مجروح

جنگ عظیم میں فلسطین اور عراق کو فائدہ ہوا

دارالعوام میں مسٹر یوسین کا انکشاف

چوکیدار اور قیدی جیل کر مرگئے

روس کے ایک قیدخانہ میں آتش زدگی

امریکہ کو قرضہ جات کی ادائیگی

برطانیہ نے ۷۵ لاکھ پونڈ ادا کئے

کانپور میں تلاشیاں اور گرفتاریاں

انبالہ اور اڑیسہ کے سیلاب زدگان کی امداد

رودبار انگلستان میں ایک جہاز غرق

جمہوری لیڈر کو بم سے اڑانے کی کوشش

آل پارٹیز کانفرنس کا اجلاس

ریل گاڑیوں کا تصادم ۴ مسافر ہلاک

یہودیوں کی شکل سے نفرت ہے

جرمنی کے جزیرہ سے یہودیوں کا اخراج

آئرلینڈ میں جمہوری فوج کا مظاہرہ ممنوع

لندن میں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے مناظر

ایک انگریز لیڈی کا پہلا کارنامہ

شاردا کے ایکٹ کے ماتحت سزائیں

لینن کا ایک ہزار فٹ بلند مجسمہ

ملتان میں بھنگیوں کی ہڑتال

اسپین میں جدید کابینہ کا انتخاب

برما میں زلزلہ کے جھٹکے

جرمنی کی جیل میں خودکشی

مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

ہندی رسالہ "اسلام" کانپور

انجمن تبلیغ الاسلام ضلع کانپور کا یہ ماہواری رسالہ ہندی بھاشا میں شائع ہوتا ہے:-

ہندی بھاشا میں اسلامی تبلیغی لٹریچر کی اشاعت کی شدید ضرورت محتاج بیان نہیں ہے ہندو قوم کے ہندی داں افراد کے سامنے اسلام کی صحیح تعلیمات رکھنے کی جتنی سخت ضرورت اسوقت ہے اتنی شاید عہد ماضی میں کبھی نہیں ہوئی تھی۔ اگرچہ اسلام کے متعلق مخالفانہ پروپیگنڈا کرنے متعصبانہ اسپرٹ پھیلانے اور اصلی تعلیمات پر پردہ ڈالنے کی پوری کوشش کے باوجود بلفحوائے آیہ مبارکہ "قل جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا" دین فطرت کی تعلیمات حقہ غالب آرہی ہیں لیکن کتنے ہندو بھائی ہوں گے جنہیں خود ہم نے یہ بتانے کی کوشش کی ہو کہ آج جن امور کو مذہبی و معاشرتی اصلاح اور ملکی ترقی کا ضامن ٹھہرایا جارہا اور ٹھہرایا جاسکتا ہے ان کا سرچشمہ اسلام ہے۔

ہمارا نہ صرف تبلیغی بلکہ اخلاقی فرض بھی یہ تھا کہ ہم اپنے ان ہندی وطنی بھائیوں کو اس مذہب کی تعلیمات سے واقف کرتے جو فی الحقیقت ...

اسلام اور عورت

اسلام اور چھوت چھات

مسلمانان مدراس ہوشیار ہو جائیں

مدراس میں ایک وقیع اسلامی جریدہ کی ضرورت

اسلام جس وقت دنیا میں نمودار ہوا تھا اس وقت دنیا کی کل قومیں جہالت کی تاریکی میں گرفتار تھیں آج وہ قومیں جو اپنے آپ کو متمدن اور مہذب کہتی ہیں، انتہا درجہ کی وحشی اور غیر متمدن تھیں لیکن اسلام ہی نے چند صدیوں کے اندر تمام فضائے عالم میں تہذیب و تمدن کی روشنی پھیلادی۔ پھر آج ایسا دور آیا کہ مسلمان اسی حالت کی طرف رجعت قہقری کر رہے ہیں جس سے ان کو محمد مصطفےٰ صلعم نے نکالا تھا۔ آج مسلمان اپنی اقتصادی، علمی، سیاسی، غرض ہر حالت میں دوسری اقوام سے پیچھے اور کمزور ہیں اس ذلت مسلمانوں کی اصلاح کے لئے اخبار سے بہتر کوئی چیز نہیں۔ کیونکہ اس کے ذریعہ ان کی ہر حالتوں کی اصلاح کی جاسکتی ہے۔ ہندوستان کے اندر یوں تو مسلمانوں کے اخبار ہی بہت کم نکلتے ہیں مگر پھر بھی بعض صوبہ اس سے بالکل خالی ہیں۔ مثلاً مدراس ہی کو دیکھئے اتنا بڑا صوبہ ہے لیکن مسلمانوں کا عمدہ اخبار ایک بھی نہیں بڑے بڑے اخبارات جو بھی اس صوبہ سے نکلتے ہیں وہ ہندوؤں کے ہیں۔ اس علاقہ میں ایسے ایسے بھی تاجر موجود ہیں جو خود ذاتی طور پر ایک عمدہ اور اعلیٰ پیمانہ پر اخبار نکال سکتے ہیں اور بڑی بڑی تعلیمیافتہ اعلیٰ دماغ والی مایہ ناز ہستیاں بھی موجود ہیں جو کالجوں اور کونسلوں کے اندر کام کرتی ہیں۔ تاجر لوگ تو تاجر ہی ہیں ان کو سیاسی اغراض سے کچھ زیادہ دلچسپی نہیں ...

دوش بدوش دوسری اقوام کو ترقی کرتے ہوئے دیکھ رہے ہیں کشمکش زندگی ان کے نزدیک موجود ہے وہ یہ دیکھ رہے ہیں کہ دوسری قوموں کے اخبارات کس تعداد میں ... کی آوازیں کس قدر جلد عالم کے اندر شائع ہوتی ہیں لیکن پھر بھی یہ حضرات اس طرف توجہ نہیں کرتے۔ میں مسلمانان مدراس سے بصد ادب اپیل کرتا ہوں کہ خدارا آپ لوگ اس طرف متوجہ ہوں اور تماشا گاہ عالم کو بغور مطالعہ کریں کہ آج دنیا کس طرف جارہی ہے۔ آج زبان کا مسئلہ ہی معرکۃ الآرا مسئلہ ہے۔ ہر ایک قوم اپنی زبان کو زندہ رکھنے کے لئے ہی نہیں بلکہ شب و روز اس کو وسیع اور عالمگیر بنانے میں مصروف ہے لیکن مجھے افسوس کے ساتھ لکھنا پڑتا ہے کہ اس مسئلہ میں ہی ہمارا صوبہ بالکل غافل ہے کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کوئی ہفتہ وار رسالہ یا اخبار اردو زبان میں مدراس سے نکلتا ہے؟ ایک معمولی اخبار دو چھوٹے صفحوں پر نکلتا ہے لیکن یہ توفیق نہیں ہوتی کہ اس کو کچھ وسیع پیمانہ پر نکالا جائے۔ سوائے ولیمہ شادی۔ موت اور دعوت کی خبروں کے اس کے پاس کوئی دوسری خبریں ہوتی ہی نہیں آپ غور فرمایئے کہ کیا ایسے اخبار کی آواز ایک اتنے بڑے صوبہ کیلئے بیکار آواز کہی جاسکتی ہے اور یہ کیا یہ آواز کچھ بھی موثر ہوسکتی ہے اور کیا یہ اخبار صحیح طور پر اردو زبان کی خدمت کرسکتا ہے؟ ہرگز نہیں جب جواب نفی میں ہے تو پھر آپ کیوں نہیں کھڑے ہوتے؟ کیوں نہیں ایک ایسا اخبار نکالتے جو صحیح معنوں میں اخبار کہلانے کا مستحق ہو اور صحیح طور پر اردو زبان کی ترویج کرسکے۔ آپ کے نزدیک "ہندو" اور "مسترن" کی زندہ مثال ...

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

(سلسلہ صفحہ ...)

احمدی مشن برلن میں

احمدی مشن برلن میں جو کچھ کام سرانجام دے رہا ہے اس کا غریب ہندوستانی مسلمانوں کو کیا اندازہ ہوسکتا ہے۔ اور ان بے خبر اور لاعلم مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے لئے یہ احمدی کوشش کرتے رہتے ہیں کہ کس طرح یورپ میں اور خاص طور پر برلن میں یہ مشن کام کر رہا ہے۔ لیکن یہ حضرات جو کچھ مضامین لکھتے ہیں وہ صرف احمدی اخبارات میں شائع کئے جاتے ہیں جس وقت میں نے دیکھا کہ یہ ان مضامین اور رپورٹ وغیرہ کے ذریعہ مسلمانان ہند کو گمراہ کر رہے ہیں تو صدائے احتجاج بلند کیا گیا۔ ان احمدی حضرات کو چاہیے تھا ... کہ ... مضامین کا جو میں نے الجمعیۃ اور زمیندار میں تحریر کئے ہیں یہ جواب دیا جاتا ہے کہ میں اسلام کی جڑوں کو متزلزل کر رہا ہوں۔

برلن میں غلمدیوں کا کارنامہ

میری خطا یہ ہوئی ہے کہ میں نے احمدی مشن کا حقیقت ... انکشاف کردیا ہے ...

... کمال کر ترقی کی بلند سطح پر کھڑا کردے اور قوم کی خلیج پاٹنے والی بلا کا تنیر مقدم کرے اور جس کا نصب العین ... جمعیۃ العلماء کا نصب العین ہو۔

امید ہے کہ علماء سرحد میری اس اپیل پر غور کرتے ہوئے جمعیۃ العلماء سرحد کے جدید انتخاب کے لئے مخلصانہ کوشش کریں گے۔

ضلع دربھنگہ و مظفرپور میں سیلاب کی تباہ کاریاں

زمینداروں کے کسانوں پر مزید مظالم

ناظرین کرام کو معلوم ہوگا کہ بدقسمتی سے اضلاع بہار میں عموماً اضلاع ترہت کے تاکورہ ضلعوں میں خصوصاً کبھی تو کثرت سیلاب اور کبھی انقطاع باراں کی وجہ سے پیداوار نا موافق ہوتی رہی اور گذشتہ سال تو بالکل ہی خشک سالی ہوئی ... کسانوں کے ...

دارالعلوم حنفیہ صوفیہ کا شاندار اجلاس

اپیل دارالاصلاح

محمد عبدالغفار الخیری

ناظم دارالاصلاح قرولباغ دہلی

۳۳۹

آپ کو بہت ثواب ہوگا

"میں نے عرصہ نو سال میں قریب تین سو روپیہ کی ادویات آپ سے منگائی ہونگی۔ بشناٗ اشوگری۔ اکسیر ... سوا وغیرہ وغیرہ ہر ایک مفید ثابت ہوئی۔ اشوگری کے متعلق تو خاص سفارش کرتا ہوں۔ اس نے میرے لڑکے کو موت کے منہ سے بچایا ہے۔ موذی مرض ذیابیطس (ڈایابیٹیز) اشوگری سے ایسے بھاگتا ہے جیسے انسان سانپ سے بھاگتا ہے۔

آپ مہربانی کرکے بندگان خدا پر رحم فرماکر چھوٹے چھوٹے نوٹس چھپواکر ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں کل ملکوں شہروں قصبوں گاؤں اور دیہاتوں میں بٹوایئے۔ اگر آپ ایسا کریں گے تو میں کیا ہر کوئی عین ممنون احسان ہوگا۔ اور آپ کو بہت ثواب ہوگا۔"

حاجی حسینی سروداگر ایچ۔ ایم سرورا اینڈ سنز صدر بازار ناگپور

نوٹ:- ...

خط و کتابت کا پتہ:- امرت دھارا اوشدھالیہ لاہور

دہلی کے مقامی ایجنٹ:- میسرز بہاری لال کھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

دلفریبیٔ حسن کا راز

ڈاکٹر استعمال شدہ ٹکٹوں سے لاکھوں روپے کمایئے

"اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے"

عید کیلئے سنہری موقعہ

مادر وطن کا آغوش

الجامعہ

عید کی ضرورت کا بہترین تحفہ

قلیل سرمایہ سے کثیر منافع

رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھایئے



تمام گھڑیاں اور ٹائم پیس ملنے کا پتہ:- ایس۔ ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس بازار چاندنی چوک دہلی

بال جیون گھٹی

مفت لو

ایم اے رفیع تاجر عطر عطب روڈ دہلی سے خالص اور اعلیٰ قسم کی اپنی بولی تلی سے تیار کردہ خوشبودار تیل اور خوشبودار عطریات خرید فرمائیں!!

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ

دہلی

قیمت اخبار — ہندوستان کیلئے ... ممالک غیر کے لئے ...

نرخنامہ اشتہارات ...

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مسئول: مایر ... بدرالاسلام احمد سعید ...

جلد ۱۰ | دہلی یوم یکشنبہ ... رمضان المبارک ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۴ دسمبر ۱۹۳۳ء

رمضان المبارک کے ضروری مسائل

احکام سحری و افطاری اور روزے کے شرائط

[illegible]

معاصرین کے افکار و آراء

[illegible]

ضروری گزارش

[illegible]

مذہبی علمی و تاریخی کتابیں

تفسیر مظہری مولانا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی رح کی مشہور تصنیف تفسیر مظہری کے پہلے دو پارہ الم وسیقول کی صرف چند جلدیں باقی رہ گئی ہیں عربی زبان میں قاضی صاحب نے قرآن پاک کی بڑی خدمت انجام دی ہے۔ طلبا عربی کو خصوصیت سے فوری توجہ کرنے کی ضرورت ہے اگر غفلت کی گئی تو بعد افسوس ملنا مشکل ہوگا۔ قیمت ہر دو پارہ ...

خطبہ صدارت شیخ المحدثین حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب رح کی ذاتی گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے آپ نے جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس منعقدہ پشاور میں جو بے نظیر خطبہ صدر اجلاس پڑھا تھا اس کے متعلق صرف اس قدر کہنا کافی ہے کہ آج تک اس قدر معلومات سیاسیہ اور مذہبیہ سے لبریز کوئی خطبہ جمعیۃ علماء ہند کے پلیٹ فارم پر نہیں پڑھا گیا۔ مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ بے حد ضروری ہے۔ اس خطبہ کی بہت کم جلدیں رہ گئی ہیں اگر گنجائش ہے تو جلد منگا لیجئے ورنہ پھر اس نایاب خطبہ کا حاصل کرنا بہت مشکل ہو جائے گا۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ نہایت عمدہ ہے ظاہری اور باطنی محاسن کے باوجود قیمت صرف ... محصول ڈاک خریدار کے ذمہ ہوگا۔

سوانح عالمگیر اس کے پڑھنے سے سوانح عالمگیر اور اس کے تدبر علمی قابلیت اور ملکی نظام کا پورا نقشہ آپ کے سامنے آ جائے گا قیمت ...

صراط مستقیم یہ اہم یادگار کتاب ہر مسلمان کی رہنمائی کا کافی ... [illegible]

ابدی نجات [illegible]

کتاب الاشارات [illegible]

دلائل الخیرات [illegible]

خطبہ صدارت [illegible]

تعلیم الاسلام مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کے لئے حضرت العلام مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی بہترین تصنیف جو کثرت سے اسلامی مدارس کے ابتدائی درس میں داخل ہو چکی ہے سوال و جواب کے پیرایہ میں نہایت مختصر طریقہ پر اسلامی معلومات کے دریا کو کوزہ میں بھر دیا ہے اس کتاب کے چار حصہ اور ایک قاعدہ ہے مکمل سٹ کی قیمت صرف چودہ آنہ (۱۴؍) ہے۔

اعجاز القرآن حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی کی معرکۃ الآرا تقریر ہے جس میں آپ نے وحی آلہی کی ضرورت اس کے مدارج معجزہ اور اس کی حقیقت کی تفصیل بیان فرماتے ہوئے مدلل طور پر بتایا ہے کہ قرآن پاک بذات خود ایک معجزہ اور وحی آلہی ہے اس کے بعد کسی کو اس میں شبہ کرنے کی گنجائش باقی نہیں رہتی اس کے پڑھنے سے قرآن پاک کے حقائق و معارف کا دروازہ آپ پر کھل جائیگا۔ کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے قیمت ...

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ کن بُرے اعمال کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور کن اچھے اعمال کی بنا پر مومنوں کو جنت دی جائے گی۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے کافی محنت اور کوشش کے بعد دونوں مضمونوں کی حدیثوں کو جمع کر کے ... [illegible]

سیرۃ الحبیب [illegible]

علم الکلام [illegible]

خاموش تبلیغ [illegible]

روضۃ ... [illegible]

حیات محمود [illegible]

فتاویٰ رشیدیہ [illegible]

تحفۃ الحبیب [illegible]

پاک زندگی [illegible]

ملنے کا پتہ: منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا قرآن مجید

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں بیسیوں قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا ہے بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب رح حضرت مولانا شیخ سعدی رح اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ ... علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی ...

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے دہلی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔ قیمت اسلامی سے آپکو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور بیچ میں شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ... قسم دوم حنا شدہ ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ٦ رمضان المبارک ١٣٥٢ ہجری

آل پارٹیز مسلم کانفرنس

راجہ صاحب سلیم پور اور دیگر حضرات کی مساعی انجاح کے نتیجہ میں گزشتہ ہفتہ مختلف جمعیتوں کا جو نمائندہ اجتماع لکھنؤ میں منعقد ہوا وہ ہر اعتبار سے نہایت کامیاب اور امید افزا تھا اور اس لئے ہم ان تمام جماعتوں کو جو اس اجتماع میں شریک تھیں مستحق مبارکباد سمجھتے ہیں۔ اس کانفرنس کے انعقاد سے قبل بعض حلقوں میں ...

... سمجھنا چاہئے کہ اس وقت جن باتوں پر زیادہ سے زیادہ اتحاد ممکن تھا وہ ہو گیا۔ ہر صحیح اقدام عمل سے قبل اس امر کی ضرورت ہوتی ہے کہ ایک صحیح مقصد متعین کر دیا جائے۔ اگر مختلف الخیال جماعتوں نے مل کر اپنے متحدہ مقاصد کو متعین کر لیا اور ان پر عمل ...

فلسطین کمیٹی کے وفد

مرکزی خلافت کمیٹی کی آل انڈیا فلسطین کانفرنس نے لکھنؤ میں جو قرارداد منظور کی ہے وہ حضرت ... اور درد مند حضرات کیلئے سخت مایوس کن ہے اور حالات تو یہ ہے حکومت فلسطین کے جبر و تشدد اور حکومت برطانیہ کے اس طرز عمل کے بعد جو مسلمانان فلسطین کے مسلسل و پیہم احتجاج اور مظاہروں کے باوجود اب تک جاری ہے اس قسم کی کمزور اور تحفظیسی تجویز منظور کرنا جس سے مسلمانان ہند کے صحیح جذبات کی ہرگز ترجمانی نہیں ہوتی ایک آل انڈیا کانفرنس کے لئے جو اسی غرض کے پیش نظر منعقد کی گئی ہو کسی طرح مناسب نہ تھا۔ پھر اس سے بھی بڑھ کر جو چیز تکلیف دہ ہے وہ اس وفد کا تقرر ہے جسے فلسطین میں تحقیق احوال اور انگلستان میں انصاف طلبی کے لئے بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ کیا اب تک مسلمانان فلسطین کی شکایات ایسی ہیں کہ ان کے خلاف کوئی موثر احتجاج کرنے سے قبل تحقیقات کی ضرورت ہے وہ تمام حالات جو تسلسل و تواتر کے ساتھ اخبارات میں آتے رہے ہیں اور جن کی تصدیق خود لندن کے پریس نے کی ہے اور جن سے ہندوستان کے ذمہ دار مسلم زعماء اور خود مولانا شوکت علی صاحب ذاتی حیثیت میں کماحقہٗ واقف ہیں کسی مزید تحقیق و تفتیش کے محتاج ہیں ہمارے خیال میں ایسا نہیں ہے اور فلسطینوں کے مصائب اب تمام دنیا پر روز روشن کی طرح منکشف ہیں جن کے متعلق کوئی شک و شبہ نہیں کیا جا سکتا۔ اسی طرح یہ سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ کیا مرکزی خلافت کمیٹی کا اعتماد اب تک برطانوی ...

... یہی قوم پرور نہیں ہے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں انہوں نے ایک تازہ بیان شائع کیا ہے اور قوم پرور مسلمانوں کے نیشنلزم کا امتحان کرنے کے لئے ان سے چند سوالات کئے ہیں۔ بھائی پرمانند کے ان سوالوں کا جواب ... نے پوری طرح دیدیا ہے اس لئے ہم فی الحال ان پر بحث کرنا نہیں چاہتے البتہ بھائی پرمانند نے مسلم پریس کے متعلق جو کچھ لکھا ہے اس کی تردید ہم ضروری سمجھتے ہیں۔ بھائی جی فرماتے ہیں:۔

"مسلم پریس کا ایک حصہ بھی ... مسلم پریس ... کمیونل ایوارڈ کی حمایت ... مسلمانوں کا ایک بھی اخبار ایسا نہیں دیکھا جس میں کمیونل ایوارڈ یا مسلم انجمنوں کی فرقہ واری کی مذمت کی گئی ہو۔ ہندو اور مسلمان اخبارات میں یہ عجیب و غریب فرق ہے"

ہم حیران ہیں کہ بھائی پرمانند کی انتہائی ناواقفیت و جہالت کا کس طرح ماتم کریں ...

بھائی پرمانند کی جہالت

مسٹر بیپر کے خلاف متفقہ احتجاج

علماء و زعماء ملت کا عظیم الشان اجتماع

مقاصد اتحاد کی تعیین اور مشترکہ بورڈ کی تشکیل

١٦، ١٧ دسمبر کو لکھنؤ میں آل مسلم پارٹیز کانفرنس کا اجلاس زیر صدارت جناب راجہ صاحب سلیم پور منعقد ہوا جس میں آل انڈیا جماعتوں نے اس متحدہ کانفرنس میں حصہ لیا ان کے نام حسب ذیل ہیں:۔

جمعیۃ علمائے ہند ۔ جمعیۃ علمائے کانپور ۔ آل انڈیا نیشنلسٹ مسلم پارٹی ۔ آل انڈیا خلافت کمیٹی ۔ آل انڈیا مسلم لیگ ۔ آل انڈیا یونٹی بورڈ ...

(٢) آزادی کی جد و جہد میں بھرپور طور پر حصہ لینے کے لئے مسلمانوں کی تربیت اور تنظیم کرنا۔

(٣) مسلمانوں میں باہم نیز مسلمانوں اور دیگر اقوام میں اتحاد کو ترقی دینا۔

(٤) عوام و خواص میں اسلامی عبادات کی تبلیغ ... تعلقات پیدا کرنا۔

(٥) مزدوروں اور ... کی حالت بہتر ...

آئندہ توقعات

صحیح بنیاد

مشترکہ بنیادی مقاصد

خطبۂ صدارت

آل پارٹیز مسلم کانفرنس لکھنؤ کا خطبۂ صدارت

راجہ صاحب سلیم پور کے خیالات

برادران! ... خطبۂ صدارت ... جلسہ کی اہمیت ...

ضرورت وقت

... ہم خود اس ... جو اس وقت ہم جمع ہوئے ہیں ... اتحاد و اتفاق کے لئے مضبوطی کے ساتھ قدم بڑھائیں۔

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

حجاز اور یمن کی جنگ ۔ حجاز میں پٹرول کے چشمے ۔ چینی مسلمانوں کے رسالے ۔ یونان کے مسلمان ۔ مشرقی ترکستان ۔ جدید ترکی کا ایک نیا قدم

حجاز اور یمن کی جنگ!

نقصانِ عظیم کی خبر کی تصدیق نہیں ہوئی

مشرقی ترکستان کے حالات

کاشغر کے ایک تاجر کا بیان

یونان کے موجودہ مسلمانوں کی پستی

مراکش میں جنگ کا سلسلہ جاری ہے

ترکی کے ... مسلمان

چینی مسلمانوں کے جدید رسالے

تاریخ اور تفسیر القرآن کا سلسلہ

حجاز میں پٹرول کے چشمے

یونان میں مساجد اللہ کا حشر

جدید ترکی کا ایک نیا قدم

(باقی ...)

تحفۂ ارشادات — نظم الفرائد معروف بہ ذریعۃ الفرائد — احادیث سید الکائنات

رمضان المبارک ١٣٥٢ھ کیلئے خاص رعایت

ملنے کا پتہ: محمد عاشق الٰہی (مولوی فاضل) میرٹھی ... روڈ (دہلی)

لکھنؤ کانفرنس میں اتحاد بین المسلمین کی بنیاد و اساس

جمعیۃ علمائے ہند کا مسلک آزادی اور متفقہ پروگرام

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ کا اہم بیان

آل پارٹیز مسلم کانفرنس لکھنؤ منعقدہ ۱۶، ۱۷، ۱۸ دسمبر ۱۹۳۳ء کے متعلق حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے حسب ذیل بیان اخبارات کو بغرض اشاعت دیا ہے :-

ایک عرصہ سے اس امر کی سعی جاری تھی کہ مسلمانوں کی مختلف جماعتوں کے درمیان متفقہ مقاصد میں اتحاد عمل کی کوئی صورت پیدا کی جائے چنانچہ اسی کوشش کے سلسلہ میں گزشتہ ماہ چند حضرات کا ایک اجتماع ... لکھنؤ میں ہوا ... اور یہ قرار پایا کہ ۱۶، ۱۷، ۱۸ دسمبر کو ایک آل پارٹیز مسلم کانفرنس منعقد کی جائے جس میں آل انڈیا مسلم جماعتوں کو شرکت کی دعوت دی جائے ... جمعیۃ علمائے ہند کو بھی اس فیصلہ کے مطابق دعوت دی ... [illegible]

... ہر عوام اور یہ خواص کسی فرقہ اور کسی قوم سے تعلق رکھتے ہوں۔ اور مزدوروں اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے متعلق ہر ممکن و قابل عمل تدبیر کو اختیار کرے گا۔ اور اس کے سی یہ ہوگی کہ مزدور اور کسان اپنے مذہبی اختلافات و امتیازات کے باوجود اپنی اقتصادی بہتری اور سیاسی ترقی کے لئے مشترکہ جماعتیں بنائیں اور سیاسی پارٹیوں کی تشکیل صرف قومی اور وطنی وجوہ کی بنا پر ہو۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ مقاصد قومی و ملکی نقطۂ خیال سے نہایت شاندار اور روشن مقاصد ہیں اور اسلام ... اگر عمل بھی لیا گیا تو نتائج نہایت بہتر بر آمد ہوں گے۔

برطانوی فیصلہ

مقاصد کی تشریح و توضیح کے بعد دوسری قرارداد جو اس کانفرنس میں منظور ... [illegible]

وزیر ہند کے خلاف ۳۳ ہزار کی ڈگری

بمبئی ۱۹ دسمبر۔ بمبئی کی سٹی سول جج کی عدالت میں مسٹر ان ڈی ... نے وزیر ہند کے خلاف بمبئی پورٹ ٹرسٹ کے میڈیکل کی آسامی سے برطرف کئے جانے پر ۳۳ ہزار روپیہ کے ہرجانے کا دعویٰ کیا تھا اس مقدمہ کی طویل عرصہ تک سماعت جاری رہی بالآخر عدالت نے مدعی کے حق میں فیصلہ دیدیا اور وزیر ہند کے نام ۳۳ ہزار روپیہ ہرجانہ کی ڈگری معہ خرچہ ... جاری کر دی ... اس مقدمہ کے فیصلہ کا بہت انتظار کیا جا رہا تھا ... عدالت میں کافی مجمع تھا۔

ریلوے کی آمدنی میں اضافہ

نئی دہلی ۱۸ دسمبر۔ تمام ریلوں کی ہفتہ ختمہ ۸ دسمبر کی تخمینی آمدنی ... ایک کروڑ ۱۹ لاکھ روپیہ رہی جو اس سے پہلے ہفتہ کی آمدنی سے ... لاکھ روپیہ زیادہ ہے ... گزشتہ سال کے اسی ہفتہ کی آمدنی اس سے پانچ لاکھ کم تھی ... یکم اپریل سے ۸ دسمبر ۱۹۳۳ء تک کی کل آمدنی کا اندازہ ۷۰ کروڑ ۵۰ لاکھ روپیہ ہے جو گزشتہ سال کے اسی عرصہ کی آمدنی سے ... لاکھ زیادہ ہے ...

کاشغر اور ختن میں ایک اور انقلاب برپا ہونے کی توقع

ترکی اور تنگو لیڈروں کا رویہ۔ ترکی فوج کی از سر نو تنظیم

نئی دہلی ۲۲ دسمبر۔ سرکاری اعلان مظہر ہے کہ کاشغر کی صورت حالات میں کوئی خاص تبدیلی پیدا نہیں ہوئی تنگو لیڈر نے ایک کاشغر کے نئے شہر پر قبضہ کر رکھا ہے اور اس کی فوج کاشغر کے پرانے شہر پر چھاپہ مارا غلہ اور دیگر اشیاء لوٹتا ... پرانے شہر پر ترکی کی مخالف پارٹی کا قبضہ ہے سنکیانگ سے مستند اطلاعات نہیں ملیں۔

علی اخبارات میں مشرقی ترکستان کے ایک فوجی افسر کا مراسلہ شائع ہوا ہے جس میں مذکور ہے کہ ترکستان میں نتیجہ مسلمانوں ہی کی ہے گو آپس کے اختلافات چینی حکومت کے لئے مفید ثابت ہو رہے ہیں ترکی لیڈر نے باہر کی ایک حکومت سے فوجی امداد طلب کی ہے جس کے بعد ترکستان میں ایک اور انقلاب کے برپا ہونے کی توقع ہے۔ گو ترکستان میں سیاسی انتشار حد درجہ کا ہے مگر اس کے ساتھ یہ ضرور ہے کہ چینی حکومت کو بالکل خارج کر دیا گیا ہے اور توقع نہیں کہ آئندہ اسکو استحکام حاصل ہو سکے۔

کاشتکاروں کی امداد کا بل منظور ہوگیا

یوپی کے مقروض کسانوں پر رحم

لکھنؤ ۱۹ دسمبر۔ چھ روز کی مسلسل پر زور بحث کے بعد آج یوپی کونسل نے کاشتکاروں کے امدادی بل کو قانونی شکل دیدی۔ اس ایکٹ کے ذریعہ ان کاشتکاروں کی امداد ہو سکیگی جو ساہوکاروں کے بہت مقروض ہیں۔ اس کی روسے عدالتوں کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ کاشتکاروں کے سابقہ یا آئندہ قرضوں کی قسطیں سود کم کر کے مقرر کر دیں۔ اور جو زمینیں کاشتکار رہن رکھتے ہیں اُن کے چھڑانے کے لئے بھی بہت سہولتیں رکھی گئی ہیں۔ لیکن اس بات کی احتیاط رکھی گئی ہے کہ کاشتکاروں کو جو قرض ملنے کے وسیلے ہیں وہ بند نہ ہوں۔

پنڈت جواہر لال نہرو کی حمایت

بمبئی کے کانگریسی لیڈروں کا بیان

بمبئی ۲۰ دسمبر۔ بمبئی کے مشہور کانگریسی لیڈر سروجنی نائیڈو کے ۔ ایف نریمان سید عبداللہ بریلوی (ایڈیٹر بمبئی کرانیکل) مسٹر کے۔ ایم منشی بھولا بھائی ڈیسائی نے کل ایک بیان شائع کیا ہے جس میں فرقہ پرستی کے متعلق پنڈت جواہر لال نہرو کی تائید کی گئی ہے اور اس بات پر افسوس ظاہر کیا گیا ہے کہ فرقہ پرست قومی اتحاد کی راہ میں روڑے اٹکا رہے ہیں۔

اس بیان میں یہ بھی تحریر ہے کہ یہ فرقہ پرست لیڈر ... بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں اور ... اس طرح پر انہوں نے ایک ایسی خطرناک صورت حالات پیدا کر دی ہے جس کا مقابلہ بڑی جوتی کا زور لگا کر کرنا چاہئے۔

انتخاب کے سلسلہ میں جنگ

مدراس ۱۹ دسمبر۔ ایلور کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ مقامی بورڈوں کے انتخاب کے سلسلہ میں ایلور کے قریب ایک گاؤں میں دو پارٹیوں میں فساد ہو گیا ... ۲۱ اشخاص ... زخمی ہوئے ... اس سلسلہ میں ۲۱ اشخاص گرفتار کر لئے گئے ہیں۔

ڈاکوؤں نے عورتوں کے زیورات رکھوالئے

حیدر آباد سندھ ۱۹ دسمبر۔ شکارپور کے قریب موضع ... میں ... ڈاکوؤں نے ... ساہوکار کے مکان پر زبردست ڈاکہ ڈالا ... ڈاکو بندوقوں اور کلہاڑیوں سے مسلح تھے ... گھر والوں میں سے ایک کے گولی بھی لگی ... ڈاکو عورتوں کے زیورات اور ... تین ہزار کا سامان لے کر فرار ہوگئے۔

ڈاکٹر چوتھرام کو سزا ہوگئی

حیدر آباد سندھ ۲۰ دسمبر۔ مشہور کانگریسی لیڈر ڈاکٹر چوتھرام گڈوانی اور ڈاکٹر ... داس کو کل سٹی مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا گیا جس نے انہیں مجرم قرار دیکر ڈاکٹر چوتھرام کو ۶ ماہ قید محض کی سزا دی اور انہیں "اے" کلاس میں رکھنے کی سفارش کی اور ڈاکٹر ... داس کو ۶ ماہ قید بامشقت کی سزا دی اور ان کے لئے بی کلاس کی سفارش کی ہے۔

صوبجاتی کونسلوں کی میعاد میں توسیع

ناگپور ۱۹ دسمبر۔ کے جدید اطلاعات کے متعلق ناگپور سے جو نازہ ترین اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ان سے پتہ چلتا ہے کہ صوبجاتی کونسلوں کی میعاد میں ایک سال کی مزید توسیع کی جائے گی اور نئی کونسلیں ۱۹۳۵ء ... آزادی کی موجودگی میں ... اپریل ۱۹۳۶ء میں ہوں گے۔

مقدمہ سازش دہلی کے ملزم کی سزا میں تخفیف

دہلی ۲۰ دسمبر۔ مسٹر کپور چند جین سابق ملزم مقدمہ سازش کو تین سال سخت قید کی سزا سیشن عدالت سے ملی قائم رہی تھی آج ہائیکورٹ لاہور میں اس کا اپیل پیش ہوا اپیل کی دلائل سننے کے بعد عدالت نے تین سال کی سزا کو صرف ایک سال کر دیا۔

لاریوں کے تصادم سے ۵ آدمی ہلاک

مدراس ۲۰ دسمبر۔ ... کے قریب دو موٹر لاریوں کے درمیان خوفناک تصادم ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ لاریاں مخالف سمتوں سے آ رہی تھیں دونوں ایک جگہ ٹکرا گئیں۔ پانچ آدمی جن میں دونوں ڈرائیور بھی شامل ہیں فوراً ہلاک ہوگئے۔ دیگر اشخاص شدید مجروح ہوئے۔ لاریاں چکنا چور ہوگئیں۔ مقتولین و مجروحین کو ایک دوسری لاری کے ذریعہ ہسپتال پہنچایا گیا۔

سر آغا خاں کی قیادت تسلیم کرلو

حافظ ہدایت حسین صدر مسلم لیگ کا اعلان

لکھنؤ ۲۲ دسمبر۔ حافظ ہدایت حسین صدر مسلم لیگ نے ملاقات کے دوران میں کہا کہ گو میں اتحاد کا خیر مقدم کرتا ہوں لیکن جو مسلم اتحاد کانفرنس لکھنؤ میں منعقد کی گئی تھی اسکو میں نے کبھی کوئی اہمیت نہیں دی سر آغا خاں ہندوستان آ گئے ہیں اس لئے موقعہ ہے کہ مسلمان ان کی قیادت میں ایک واحد سیاسی جماعت کی تنظیم کریں۔ ہندو مسلم سمجھوتہ کیلئے بھی یہی وقت موزوں ہے۔ فرقہ وارانہ فیصلہ میں تبدیلی کرانے کے متعلق آپ نے کہا کہ اس قسم کی کوشش بے سود ہے اس سے مختلف فرقوں میں اختلافات پیدا ہو جائے گا۔ آپ نے پنڈت جواہر لال نہرو کی مساعی پر اظہار تحسین کیا اور کہا کہ اگر پنڈت جی فرقہ وارانہ حل تجویز کریں تو میں ان کی پوری امداد کرونگا۔

کھیت سے رائفل اور بندوقیں برآمد ہوئیں

کشور گنج ۲۲ دسمبر۔ پولیس نے موضع ٹپنہ کے نزدیک ایک کھیت کھود کر زمین سے ایک رائفل۔ دو بندوق اور ایک ریوالور نکالا ان میں سے ایک بندوق وہ ہے جو نگر کالی کچہری سے ڈاکہ کے دوران میں چوری ہوگئی تھی۔

مسٹر رفیع احمد قدوائی کی گرفتاری

لکھنؤ ۲۲ دسمبر۔ یوپی کے مشہور قومی لیڈر مسٹر رفیع احمد قدوائی الہ آباد پولیس کے وارنٹ کی بنا پر گرفتار کر لئے گئے آپ کی گرفتاری ان اشتہارات کے سلسلہ میں عمل میں آئی ہے جو آپ کے دستخطوں سے دیہات میں تقسیم کئے گئے تھے۔

چار ماہ کیلئے وائسرائے رخصت پر

کلکتہ ۲۰ دسمبر۔ سرکاری اعلان مظہر ہے کہ وزیر ہند نے ایک نجی کام کے لئے وائسرائے ہند کو چار ماہ کی رخصت وتی منظور کر لی ہے آپ مئی سے رخصت پر جائیں گے ... ان کی جگہ قائم مقام ... مدراس کو مقرر کیا ہے۔

ہندو لڑکی کا اغوا اور مسلمانوں کی برأت

حیدر آباد سندھ ۲۲ دسمبر۔ مس لال کرپلانی کی لڑکی کے اغوا کے سلسلہ میں ایک مسلم خاتون اور تین مسلمانوں پر جو مقدمہ چل رہا تھا آج اس کا فیصلہ عدالت میں سنا دیا گیا۔ تمام ملزم بری کر دیئے گئے اور لوگوں نے ان کا جلوس نکالا۔

جعلی ٹکٹوں کے بنانے کے مقدمہ کا فیصلہ

لاہور ۲۲ دسمبر۔ کل اس مشہور مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا گیا جو ریلوے کے جعلی ٹکٹوں کی فروخت کے سلسلہ میں چلایا گیا تھا۔ بچن سنگھ کو ۱۹ سال امر سنگھ کو ۷ سال، سمپورن سنگھ کو ۱۵ سال، راجا سنگھ کو ۵ سال اور دیگر ملزمان کو چار چار اور دو دو سال قید سخت کی سزائیں دیں۔ چار بری کر دیئے گئے۔ جعلی ٹکٹ بنانے کا دفتر جیند ریاست ناقہ میں تھا۔

شمالی آئرلینڈ کی مرکز سے بغاوت

بلفاسٹ ۱۹ دسمبر۔ شمالی آئرلینڈ کی نئی پارلیمنٹ کے پہلے اجلاس میں تقریر پر بحث کے دوران میں لارڈ کریگیون نے کہا کہ اس بات کا فیصلہ کرنا السٹر کے لوگوں کے ہاتھ میں ہے کہ برطانیہ یا امپائر کی طرف ان کا کیا رویہ ہوگا۔ شمالی آئرلینڈ کے لوگ فری سٹیٹ پارلیمنٹ کے آئرش ری پبلک کے غلام بنے رہنے کے لئے تیار نہیں ہیں اور وہ کوئی ڈکٹیٹر شپ برداشت نہیں کر سکتے۔

تبت کے دلائی لاما کا انتقال

نئی دہلی ۲۰ دسمبر۔ لہاسہ سے ایک پیغام مظہر ہے کہ تھنگ ... کیانگ ... تبت کے تاجدار مذہبی پیشوا دلائی لاما تھے۔ آنجہانی دلائی لاما کا عہد حکومت ہنگامہ آرائیوں سے پُر رہا ۱۹۰۴ء میں برطانوی مشن پہنچنے پر آپ لہاسہ چھوڑ کر بھاگ گئے اور پانچ سال تک منگولیا اور چین میں دشت نوردی کرتے رہے ۱۹۰۹ء میں تقریباً ... رہنے کے بعد چینیوں نے ملک چھوڑنے پر مجبور کیا اور آپ ہندوستان میں پناہ گزین ہوئے ۱۹۱۲ء میں آپ پھر اپنے ملک واپس چلے گئے اور چینیوں کو تبت سے باہر نکال دیا۔

ایک مسلم لڑکی کی افسوسناک موت

ایک ہندو ڈاکٹر کی میز پر انتقال

دہلی ۱۹ دسمبر۔ اندر پرستھ گرلز اسکول کی ایک طالبہ مس نثار بیگم دختر مسٹر ضیاء الحق ... نائب تحصیلدار دہلی چاندنی چوک میں ایک ہندو ڈاکٹر کی دوکان پر جبکہ وہ اسکول جا رہی تھی بیہوش اور ٹیکہ لگوانے کے لئے ... ٹیکہ لگوانے کے بعد نامعلوم اسباب کی بنا پر لڑکی کا ڈاکٹر کی میز پر انتقال ہو گیا ... پولیس کو اطلاع دی گئی لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیجد یا گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ لڑکی ڈاکٹر سے اکثر ملاقات کیا کرتی تھی اس واقعہ کو خاص اہمیت دی جا رہی ہے۔

دہلی ۲۰ دسمبر۔ ڈاکٹر ... پولیس سرجن کی رپورٹ مظہر ہے کہ متوفیہ کو کسی قسم کی بیماری نہیں تھی اور اس کا جسم ... کیمیکل اگزامنر لاہور کے پاس بھیجا گیا ہے اس سلسلہ میں پولیس سرگرم تحقیقات ہے۔

پنجاب میں سینکڑوں افراد گرفتار

لاہور ۱۹ دسمبر۔ اتوار کی رات کو پنجاب پولیس نے تمام صوبہ میں ایک عام چھاپہ مارکر جرائم پیشہ اقوام کے سینکڑوں افراد کو کوئی ذریعہ معاش نہ رکھنے کے الزام میں زیر دفعہ ۱۰۹ ضابطہ فوجداری گرفتار کر لیا۔

جرمنی اور فرانس کی گفت و شنید کسی نتیجہ کے بغیر ختم ہوگئی

فرانس میں ۸ اروسی جاسوسوں کی گرفتاری

پیرس ۲۰ دسمبر۔ فرانس کا سرکاری کمیونک مظہر ہے کہ فرانس نے جو تجاویز پیش کی تھیں ان کو جرمنی نے منظور نہیں کیا اس لئے فرانس اور جرمنی کی وہ گفت و شنید جو آٹھ ہفتوں سے ہو رہی تھی بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہوگئی اور جرمنی نمائندہ وطن چلا گیا ہے۔ اب فرانس کی تدبیر یہ ہے کہ جرمنی مال کی درآمد کو روکنے کیلئے کوئی قانون نافذ کیا جائے۔ جرمنی مال کی درآمد بمقابلہ برآمد کے ایک ارب پچاس کروڑ پونڈ زیادہ ہے۔

اس خبر سے فرانس میں سخت اضطراب پھیل گیا ہے کہ پولیس نے ۱۸ اشخاص کو جاسوسی کے الزام میں گرفتار کیا ہے کہا جاتا ہے کہ یہ جاسوس روس۔ امریکہ۔ رومانیہ۔ کناڈا اور یوگوسلیویا کے ہیں۔ پولیس کا خیال ہے کہ جنگ عظیم کے بعد تاریخ میں جاسوسوں کے خلاف یہ مقدمہ بہت ہی اہم ہوگا بیان کیا جاتا ہے کہ جاسوسوں کا یہ گروہ روس کے لئے مخصوص ہے مگر دیگر حکومتوں کو بھی یہ گروہ اطلاعات دیا کرتا تھا۔ اس گروہ میں ایک پروفیسر بھی شامل ہے جو جرمنی تجارت کے وزیر کا ترجمان ہے ایک روسی عورت کا بھی اس گروہ سے تعلق ہے جو اعلیٰ طبقوں میں آمد و رفت رکھتی تھی۔

تین سو اشخاص ہلاک اور دس لاکھ روپے کا نقصان

طوفان باد سے جنوبی ہند میں سینکڑوں مکان گر گئے

مدراس ۱۹ دسمبر۔ جنوبی ہند میں حال ہی میں تباہی خیز آندھی سے مختلف حصوں میں بڑا زبردست نقصان پہنچا ہے۔ مختلف مقامات سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں اُن سے پتہ چلتا ہے کہ ضلع تنجور کے چند مبرم اور شیالی تعلقات میں سینکڑوں افراد ہلاک ہوگئے۔ تعلقہ چند مبرم میں سب سے زیادہ نقصان پہنچا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ تین سو سے زیادہ اشخاص ہلاک ہوگئے، اور انا ملائی یونیورسٹی کی عمارتوں کو ایک لاکھ روپیہ سے زیادہ کا نقصان پہنچا۔ اس کے علاوہ سینکڑوں مکانات گر گئے ہیں، اور سینکڑوں افراد بے گھر ہو گئے ہیں۔ عمارتوں کے علاوہ فصلوں کو زبردست نقصان ہوا ہے۔ تمام نقصان کا اندازہ دس لاکھ روپیہ کا لگایا گیا ہے۔

ریل پٹری سے اُتر گئی

جنوبی ہند میں زبردست آندھی

مدراس ۱۸ دسمبر۔ ڈسٹرکٹ ٹریفک سپرنٹنڈنٹ کو اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ۱۵ دسمبر کو جو نمبر ۱۰ ٹرین مدراس سے روانہ ہوئی تھی وہ زبردست آندھی کے باعث چلام بارم اسٹیشن پر پٹری سے نیچے جا پڑی کہا جاتا ہے کہ معجزانہ طور پر کوئی مسافر زخمی نہ ہوا۔

مدراس سے چلام بارم تک پٹری لائن صاف ہے لیکن نیچے کو ہم سے آگے سلسلہ منقطع ہو گیا ہے۔

تفصیلات سے ظاہر ہوتا ہے کہ انجن کے ساتھ لگی ہوئی گاڑی کے علاوہ تمام ڈبے پٹری سے نیچے اتر گئے خوش قسمتی سے اکثر مسافر عین وقت اسٹیشن پر اتر گئے اور صرف ایک مسافر زخمی ہوا۔ موقعہ پر فوراً ایک ریلیف ٹرین روانہ کی گئی۔ ... بارش کے باعث کہا جاتا ہے کہ ... مجروح ہوئے ہیں۔

حیدر آباد میونسپلٹی نے حکومت کی گرانٹ ٹھکرا دی

کراچی ۱۸ دسمبر۔ حیدر آباد کے کلکٹر نے حیدر آباد میونسپلٹی کو ایک سرکاری مکتوب ارسال کیا تھا جس میں مطالبہ کیا گیا تھا کہ ... داس ... اپنی خدمات سے برطرف کیا جائے ... حکومت کی گرانٹ بند کر دینے کی دھمکی دی گئی تھی۔ آج میونسپلٹی کے اجلاس عام میں اس مسئلہ کو زیر بحث لایا گیا اس پر کہ آیا ڈاکٹر کو اپنے عہدہ پر برقرار رکھا جائے اور اس طرح گرانٹ سے محروم ہو یا ... ملازمت سے سبکدوش کر دیا جائے۔ سرگرم بحث ہوئی ... ڈاکٹر صاحب کا جواب ہو گیا ... لہٰذا بلدیہ نے حکومت کی گرانٹ کی قربانی پر ڈاکٹر صاحب کی خدمت کو برقرار رکھا۔

مفرور کو پناہ دینے پر خاندان گرفتار

جالندھر ۱۸ دسمبر۔ موضع ... کے قریب ایک مفرور ... کی گرفتاری کے سلسلہ میں پولیس نے ایک بوڑھے آدمی کو گرفتار کیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مفرور نوجوان اس شخص کے مکان میں پوشیدہ تھا پولیس نے اس کی بیوی اور دو لڑکیوں کو بھی گرفتار کر لیا ہے۔ ان تینوں کو صدر سب ڈویژنل آفیسر کے سامنے پیش کیا گیا۔ اور ضمانت حاصل کر لی گئی۔

۱۵۶۱ء کی ایک مطبوعہ کتاب

گوا ۱۸ دسمبر۔ ہندوستان میں سب سے پہلی طبع شدہ کتاب اس ماہ کے اخیر میں گوا میں نیلام ہوگی یہ کتاب ہندوستان میں ۱۵۶۱ء میں شائع ہوئی کتاب کا مصنف گارسیا ... ہے۔

کہا جاتا ہے کہ پرتگیزوں نے سب سے پہلے ۱۵۶۱ء میں گوا میں ایک پریس نصب کیا جس سے متعدد علمی کتابیں شائع ہوئیں۔

۷۰ کروڑ پونڈ قمار بازی کی نذر ہوگئے

لندن ۱۸ دسمبر۔ جیمز لیٹن ایک مشہور انگریز نے اپنی تحقیقات کے بعد اعلان کیا ہے کہ انگلستان میں ہر سال ۷۰ کروڑ پونڈ صرف قمار بازی پر اڑا دیا جاتا ہے۔ ان کے اندازہ کے مطابق ۴۰ کروڑ پونڈ گھوڑ دوڑ پر ... کروڑ ... کروڑ گریہاؤنڈ ریس ... پر خرچ کیا جاتا ہے ... سرجیمز کا خیال ہے کہ اس سے ملک کو کوئی نقصان نہیں پہنچ رہا ہے ... کیونکہ تم ... حالت خراب ہو رہی ہے۔

ریلوے پلیٹ فارم پر نماز ادا کرنے پر سزا

نئی دہلی ۲۰ دسمبر۔ مولانا شفیع داؤدی نے اسمبلی میں تحریک التوا کا اعلان کیا اس کا نوٹس دیا ہے تاکہ پبلک اہمیت کے ایک معاملہ پر بحث کی جائے وہ مسئلہ یہ ہے کہ سنٹرل ورکشاپ مونگ سرنیس افسر ... ریلوے لاہور نے ایک شخص کو ریلوے پلیٹ فارم پر نماز ادا کرنے پر سزا دی۔

افغانستان میں فوجی چوکیوں کی تعمیر

پشاور ۲۰ دسمبر۔ افغان حکومت ہندوستان اور افغانستان کے درمیان چار نئی فوجی چوکیاں قائم کر رہی ہے تاکہ شنواری آفریدی اور مہمندوں کو گڑ جیسے ٹیکس کی ادائیگی سے نہ روکے ... یہ چوکیاں ایسی جگہ قائم کی گئی ہیں جہاں مختلف قبیلوں کی سرحد ملتی ہیں۔

ضمیر اور مذہب کے خلاف قانون

اپنے مقدمہ میں ڈاکٹر عالم کی بحث

لاہور ۱۹ دسمبر۔ کل اپنے مقدمہ میں بحث کرتے ہوئے ڈاکٹر عالم نے لاہور ہائیکورٹ کے روبرو کہا کہ عدالت کو یہ دیکھنا چاہئے کہ مجھے کس جرم میں سزا ہوئی تھی، اور آیا اس میں کوئی اخلاقی پہلو تھا، مجھے قانون شکنی میں نہیں بلکہ ... آپ نے کہا اگر ہائیکورٹ ایک ایسے شخص کو جو اپنے ضمیر اور ایمان کے مطابق کام کرتا ہے ایڈووکیٹ کی فہرست میں رکھنا چاہتی ہے اور اگر ایڈووکیٹوں کی فہرست میں رہنے کے لئے ضمیر اور ایمان کی آزادی کو خیر باد کہنے کی ضرورت ہے تو باہر سے ایڈووکیٹ درآمد کرنے پڑیں گے۔

آپ نے کہا کہ میں ایمان اور ضمیر رکھتا ہوں، اور یہ بے ایمانی ہوگی اگر میں یہ نہ کہوں کہ میں نے آرڈیننس کے قانون کی خلاف ورزی اس لئے کی کہ وہ میرے ضمیر کے خلاف تھے ... [illegible]

کانگریس کا پروپیگنڈہ کرنے پر گرفتاریاں

الہ آباد پولیس کی سرگرمیاں

الہ آباد۔ ایک طویل عرصہ کے بعد شہر میں پھر سیاسی چھاپہ مارا گیا۔ قاضی امجد علی ... پولیس چند کانسٹیبلوں کے ہمراہ ... ایک مکان کی تلاشی لی۔

بیان کیا جاتا ہے کہ انہوں نے ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی کی حساب کی کتاب ... ایک ... اور ... دو بھائیوں میں کانگریس پروپیگنڈا کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا۔

شاردا ایکٹ کا نفاذ اور اس کے نتائج

دارالعوام میں وزیر ہند کا بیان

لندن ۱۹ دسمبر۔ کل دارالعوام میں دریافت کیا گیا شاردا ایکٹ کی خلاف ورزیوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے کمسنی کی شادی کی رسم کے متعلق رائے عامہ کو بیدار کرنے کے لئے کیا تدابیر اختیار کی گئی ہیں۔

وزیر ہند سر سیمویل ہور نے جواب دیا مجھے اس بارے میں حکومت ہند کی رپورٹ موصول ہوئی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت ہند اور لوکل حکومتوں نے تحقیقاتی کمیٹی متعلقہ عمر کی سفارشات پر اچھی طرح غور کیا ہے بالعموم ان امر کی حمایت کی جاتی ہے کہ کمسنی کی رسم کے متعلق رائے عامہ کو آگاہ کیا جائے تاہم یہ رائے ہے کہ یہ کام غیر سرکاری ایجنسیوں پر ہی چھوڑ دیا جائے۔

مزید بیان کرتے ہوئے وزیر ہند نے کہا کہ جہاں تک کمیٹی مذکور کی دیگر سفارشات کا تعلق ہے لوکل حکومتیں کمیٹی کا اس خیال سے اتفاق کرتی ہیں کہ اصلاح کی ضرورت ہے گو وہ موقعہ کے مناسب کارروائی بھی کرینگی لیکن فی الحال ان تجاویز کو عملی جامہ پہنایا نا ممکن ہے۔

لاہور میں گداگری کا انسداد

لاہور ۱۸ دسمبر۔ لاہور میونسپلٹی نے شہر کے اندر بھیک مانگنا قانوناً ممنوع قرار دیا اور یہ فیصلہ کیا کہ حکومت پنجاب کی خدمت میں حاضر ہو کر ڈائرکٹر محکمہ صنعت و حرفت کو مجبور کیا جائے کہ فقیروں اور بیکاروں کو کام مہیا کریں اور بچوں کو اصلاحی اسکول میں بھیجدیا جائے۔

دوسری تجویز یہ منظور ہوئی کہ تندرست اور قوی فقرا کو صنعت و حرفت کے مناسب کام سکھائے جائیں اور ... اپاہج فقیروں کے لئے ایک مکان ... تجویز بھی حکومت سے گزارش کی گئی ... کو امداد دے مگر ... ایوان نے مسترد کر دیا۔

ڈاکٹر چوتھرام کی گرفتاری

حیدر آباد (سندھ) ۱۸ دسمبر۔ سندھ کے مشہور کانگریسی لیڈر ڈاکٹر چوتھرام گڈوانی گرفتار کر لئے گئے آپ بغرض صحت کے لئے کلکتہ جا رہے تھے۔ آپ کے ہمراہ ڈاکٹر ... داس ... بھی تھے۔ ان اصحاب کو حیدر آباد سے نکلنے کی ممانعت تھی۔

گرفتاری کے فوراً بعد ان کو مجسٹریٹ کے روبرو پیش کیا فیصلہ کل سنایا جائے گا۔

ڈاکوؤں کا سرغنہ گولی سے اڑا دیا گیا

احمد آباد ۱۹ دسمبر۔ موضع ... کے جنگل میں ... راجکوٹ کے قید خانہ سے بھاگے ہوئے تین مفرور قیدیوں کے درمیان تصادم ہو گیا ... نے گولی چلائی بڑی دیر کے بعد قیدیوں کا سرغنہ جیوا گولی لگ کر ہلاک ہو گیا دوسرا قیدی مجروح ہو کر گرفتار ہوا۔ تیسرا صحیح و سلامت پکڑا گیا۔

قرطاس ابیض میں تبدیلی کرانے کی مہم

آل انڈیا کانفرنس کے انعقاد کا فیصلہ

بمبئی ۲۰ دسمبر۔ قرطاس ابیض کی تجاویز میں ٹھوس تبدیلیاں کرانے کے لئے ایک ملک میں رائے عامہ کو منظم کرنے کی غرض سے بمبئی میں ایک آل پارٹیز کانفرنس منعقد کرنے کی جانب آج ایک نہایت اہم قدم اٹھایا گیا کہ بمبئی پریذیڈنسی ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ایک غیر ضابطہ کانفرنس منعقد ہوئی جس میں ۳۵ لیڈر شامل ہوئے سر چمن لال سیتلواڈ کانفرنس کے صدر تھے۔

تین گھنٹہ کی بحث کے بعد کانفرنس نے جلد از جلد ایک آل پارٹیز کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا۔ مجوزہ پروگرام کے مطابق ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس دو روز میں ہوگا جس میں تفصیلات پر غور کیا جائے گا جس کے بعد تمام ملک کے لیڈروں کے ساتھ خط و کتابت کی جائیگی تاکہ کانفرنس جلد از جلد منعقد کی جا سکے یا نہ۔ کانفرنس کی جانب سے ایک بیان شائع کیا گیا ہے کہ بمبئی میں ایک آل پارٹیز کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ حکومت برطانیہ اور برطانوی پارلیمنٹ پر یہ واضح کر دیا جائے کہ وائٹ پیپر کی تجاویز ملک کے لئے باعث اطمینان نہیں ہیں جلسہ میں منجملہ دیگر اصحاب کے سر گوبند پردھان مسٹر بی۔ جی کھیر کامت مسٹر ایم۔ سی چھاگلا مسٹر جے بی پیٹٹ، مسٹر کے ایف نریمان ... مسٹر جمناداس مہتہ، ڈاکٹر جی ... مسٹر ... مسٹر آر۔ آر باکھلے مسٹر بی۔ این ... وغیرہ شریک ہوئے۔

بنگال کے مطابع اور اخبارات پر آفت

چھاپے خانے اور ضمانتیں ضبط

کلکتہ ۱۸ دسمبر۔ کلکتہ میں ۱۹۳۲ء میں ۲۷ روزانہ ساتھ ہفتہ وار ۹۷ ہفتہ وار ۹ پندرہ روزہ اخبار تھے اور ۲۹۴ ماہوار سالانہ ۶۱ پریس تھے۔ ۱۵ اخبارات کے ایڈیٹران پرنٹرز پبلشرز اور ۱۹ پریسوں کے مالکان کو تنبیہ کی گئی۔

اس سال زیر دفعہ ۱۲۴ الف سات مقدمات ایک مقدمہ زیر دفعہ ۱۵۳ الف تعزیرات ہند اور ۱۹۶ مقدمات پریس ایکٹ کے ماتحت چلائے گئے جن میں سے ایک دفعہ ۱۲۴ الف اور دفعہ ۱۵۳ الف کے مقدمہ میں ملزم بری ہوگئے اور باقی سب کو سزائیں ہوئیں۔

سی آئی ڈی نے تین چھاپے خانے اور چار سائیکلو سٹائل مشینیں ضبط ... قانون پریس کے جرم میں اپنے قبضہ میں لئے ۲۶ پریس ... قانونی ... کے جرم میں ضمانتیں مانگی گئیں اور رسالت اخبارات کی ضمانتیں ضبط کر لی گئیں۔

وابیلا بننے کا مقابلہ

ہمارے قارئین کرام کی توجہ وابیلا بننے کے مقابلہ کی طرف دلائی جاتی ہے جس کی تاریخ مقابلہ ۱۵ جنوری ۱۹۳۴ء تک بڑھا دی گئی ہے۔

ماہ رمضان المبارک میں عظیم الشان رعایت

صرف طلباء اور غیر مستطیع حضرات فائدہ اٹھائیں

ان بے شمار درخواستوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے جو الجمعیۃ کے سالانہ چندہ میں رعایت کے متعلق مدارس اسلامیہ کے طلباء اور کتب خانوں کے منتظمین اور علمی مذہبی اداروں کے عہدہ داروں اور دیگر غیر مستطیع حضرات کی طرف سے موصول ہوتی رہتی ہیں۔ ادارۂ الجمعیۃ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ آج کی تاریخ سے ماہ رمضان المبارک کے اختتام تک مدارس اسلامیہ کے طلباء اور ایسے اہل ذوق حضرات کو جنہیں الجمعیۃ کے ساتھ دلچسپی ہے اور جو اس کی علمی و مذہبی ہدایات اور اس کے قوم پرورانہ مسلک کو پسند کرتے ہیں مگر اپنی اقتصادی حالت کے باعث پوری قیمت ادا کرنے سے مجبور ہیں، رعایتی قیمت پر الجمعیۃ کا سالانہ خریدار بنا لیا جائے۔ چنانچہ اس فیصلہ کے مطابق

اعلان

کیا جاتا ہے کہ جو حضرات مذکورہ بالا شرائط کو پورا کرتے ہونگے اور اس مدت معینہ کے اندر سال بھر کی خریداری کیلئے درخواست ارسال فرمائیں گے انہیں الجمعیۃ کا سالانہ چندہ بجائے چھ روپیہ (۶؍) کے صرف چار روپیہ بارہ آنے (۴؍۱۲) ادا کرنا پڑیگا۔ اس رعایت سے فائدہ اٹھانیوالوں کو یہ امر ملحوظ خاطر رہے کہ وی۔ پی منگانے میں سراسر انہی کا نقصان ہے اور اگر وہ اپنے آپکو اس رعایت کا مستحق سمجھتے ہیں تو انہیں خواہ مخواہ ڈاکخانہ کو چار آنے اپنی جیب سے نہیں دینے چاہئیں بلکہ منی آرڈر کی کوپن پر اپنا نام اور پتہ خوشخط لکھکر ایک گوشہ میں رعایت کا لفظ لکھدینا چاہئے اور ۴؍۱۲ کا منی آرڈر دفتر کے پتہ پر کر دینا چاہئے۔ یہ رعایت یکم شوال ۱۳۵۲ھ کو ختم ہو جائیگی اسلئے اس تاریخ سے قبل ہی درخواست بھیجدینی چاہئے۔

مینیجر "الجمعیۃ" بلیماران دہلی

منتخبہ کمیٹی سے برمی لیڈروں کا مطالبہ

رنگون ۱۹ دسمبر ۔ میاسر ما لیا ڈاکٹر اڈ آل برہاسنگ سمائی کونسل جنرل کونسل آف برمیز ایسوسی ایشن اور آل انڈیا انجمن مخالف علیحدگی نے ایک پیغام خاص سلیکٹ کمیٹی کے صدر ڈاکٹر ۔۔۔ اور مسٹر ۔۔۔ کے نام روانہ کیا ہے جس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ ہندوستان کی مجوزہ فیڈریشن میں برما کو شامل کیا جائے اور اس طرح برمی قوم کی اکثریت کی خواہشات کو پورا کیا جائے۔

چار لاکھ جرمنوں پر آفت

۔۔۔ نامرد بنائے جائیں گے

برلن ۱۹ دسمبر ۔۔۔ گورنمنٹ نے ایک نیا قانون بنایا ہے جس کے مطابق ۔۔۔

بم چلنے کے ۔۔۔

جرمنی سفارتخانہ پر اشتراکیوں کا دھاوا

لنڈ کیوں ۔۔۔ پولیس کی ۔۔۔

سنادان ۔۔۔ دسمبر ۔۔۔ اور لنڈکیوں کے ایک جم غفیر نے ۔۔۔ کرنے کے لئے روانہ ہوا اور جرمن سفیر کے مکان ۔۔۔ جوش نعرے لگائے گئے ۔۔۔ گرد محاصرہ کر لیا ۔۔۔ پولیس آگئی اور اس نے ۔۔۔ سے حملہ کر کے سب کو ۔۔۔ کی کوشش کی ۔۔۔ مجمع کو منتشر کر دیا ۔۔۔

قبل از وقت پھانسی کی ذمہ داری

حکومت پنجاب کا اعلان

لاہور ۱۹ دسمبر ۔ حکومت پنجاب نے حسب ذیل سرکاری اعلان شائع کیا ہے ۔۔۔ قبل از وقت پھانسی ۔۔۔

جواہر لال نہرو ۔۔۔

نہرو ۔۔۔ کی آمد ۔۔۔

ضبط شدہ کتابوں کا قبضہ میں رکھنا جرم نہیں ہے

ہائیکورٹ کا ایک اہم فیصلہ

کلکتہ ۱۸ دسمبر ۔ مسٹر ۔۔۔ پرنٹر اور پبلشنگ ہاؤس کے خلاف ضبط شدہ کتابیں قبضہ میں رکھنے کے الزام میں مقدمہ چلایا گیا تھا ۔۔۔ آج چیف پریذیڈنسی مجسٹریٹ کی عدالت سے بری کر دئے گئے ۔۔۔ ضبط شدہ کتابوں کو قبضہ میں رکھنا جرم نہیں ۔۔۔ کو بری کر دیا۔

مجھے سرمایہ پرستی سے نفرت ہے

اشتراکیت اور پنڈت جواہر لال نہرو

الہ آباد ۱۸ دسمبر ۔ پنڈت جواہر لال نہرو نے ایک بیان شائع کیا ہے۔ جس میں انہوں نے ملک کے اخبارات کا ۔۔۔ اظہار تشکر کیا ہے ۔ انہوں نے سیاسی مسائل کے متعلق ان کے خیالات کو اچھی طرح شائع کیا۔

پنڈت جی رقمطراز ہیں ۔ میرے دہلی کے ۔۔۔ کے متعلق جو خبریں اخبارات میں شائع ہوئی ہیں وہ غلطیوں سے بھری ہوئی ہیں ۔ میں اپنے خیالات کو تحریر اور تقریر ۔۔۔ کے ذریعہ بہت اچھی طرح واضح کر چکا ہوں اب میں اس جگہ پھر یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ فیزم اور کمیونزم کی جانب میرا رجحان ہے ۔۔۔ مجھے سرمایہ پرستی سے سخت نفرت ہے ۔۔۔ میں کمیونزم کے اصولوں کو پسند کرتا ہوں ۔۔۔

اسمبلی میں شرح مبادلہ کی جنگ

تمام ترمیمات مسترد ہوگئیں

نئی دہلی ۱۹ دسمبر ۔ آج اسمبلی میں غیر سرکاری ممبروں کو ریزرو بینک بل کے معاملہ پر دوسری زبردست شکست کھانی پڑی جب کہ شرح مبادلہ کی دفعات کے متعلق مسٹر آر ۔ ایس شرما اور مسٹر راجو کی ترمیمات مسترد ہوگئیں ۔ مسٹر شرما کی ترمیم ۴۵ آراء کے مقابلہ پر ۶۳ آراء سے مسترد ہوئی ۔ مسٹر راجو نے ترمیم پیش کی تھی کہ شرح مبادلہ ۱۶ پنس مقرر کی جائے لیکن یہ ترمیم بھی ۵۰ آراء کے مقابلہ پر ۶۰ آراء سے مسترد ہو گئی۔

سر جارج شسٹر نے جوابی تقریر میں کہا کہ مخالف جماعت کی دلائل لندن ریزرو بینک کمیٹی کی سفارشات کے بالکل مطابق ہیں آپ نے مزید کہا کہ اس وقت شرح مبادلہ تبدیل کرنے کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا۔

گاندھی جی پر بنگال کے ایڈووکیٹ کا الزام

